مقامِ رسول
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

از قلم

فقیر ابو الحسن منظور احمد فیضی غفرلہٗ

ناشر

مکتبہ محمدیہ فیض آباد ڈاکخانہ اوچ شریف
(ضلع بہاولپور)

عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا (القرآن)

وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ

بول بالا ہے ترا ذکر ہے اونچا تیرا

مقام رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

از قلم

ابو الحسن منظور احمد فیضی غفرلہ خادم مدرسہ اسلامیہ عربیہ ... آباد نزد اوچ شریف

ضلع بہاولپور (مغربی پاکستان)

ناشر

مکتبہ محمدیہ فیض آباد ڈاکخانہ اوچ شریف ضلع بہاولپور

(احسن التحریر کلیم رقم والا کلیم آرٹ پریس ملتان) قیمت ... روپے

"نذرانۂ عقیدت"

بارگاہِ سلطان الانبیاء، زیب مقامِ دنیٰ فتدلیٰ، حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء والصلوٰۃ والسلام فی کل حین بعدد معلومات اللہ الاعلیٰ۔ باُمیدِ شفاعت روزِ جزاء

ع

"گر قبول افتد زہے عز و شرف"

★

(فقیر فیضی غفر لہٗ)

•

وَاَحْسَنُ مِنْكَ لَمْ تَرَقَطُّ عَيْنِيْ ... وَاَجْمَلُ مِنْكَ لَمْ تَلِدِ النِّسَاءُ
خُلِقْتَ مُبَرَّأً مِّنْ كُلِّ عَيْبٍ ... كَاَنَّكَ قَدْ خُلِقْتَ كَمَا تَشَاءُ

(حضرت حسان)

مَا اِنْ مَدَحْتُ مُحَمَّدًا بِمَقَالَتِيْ ... لٰكِنْ مَدَحْتُ مَقَالَتِيْ بِمُحَمَّدٍ

(حضرت حسان)

بَلَغَ الْعُلٰى بِكَمَالِهٖ ... كَشَفَ الدُّجٰى بِجَمَالِهٖ
حَسُنَتْ جَمِيْعُ خِصَالِهٖ ... صَلُّوْا عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

(سعدی رحمۃ اللہ علیہ)

عرش است کمین پایہ ز ایوان محمد ... جبریل امین خادم دربان محمد صلی اللہ علیہ وسلم

(شیخ سعدی)

خوبی و شکل و شمائل حرکات و سکنات ... آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری
کس نیست در جہاں کہ ز حسنت عجب نماند ... اے در کمال حسن عجب تر ز ہر عجیب
کسے بہ حسن و ملاحت بیار ما نرسد ... ترا دریں سخن انکار کار ما نرسد
ہزار نقش بر آید ز کلک صنع ولے ... یکے بخوبی نقش نگار ما نرسد

(اشعۃ اللمعات ج ۴ ص ۲۸۳)

شنیدہ ام کہ دیدار تو دیدند بسے ... و لیکن چنانکہ توئی آں چناں ندید کسے
مقام تو محمود نامت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ... بدیں ساں مقامے و نامے کہ دارد
شب معراج عروج تو از افلاک گذشت ... بمقامیکہ رسیدی نرسد ہیچ نبی
ہر کس بقدر خویش بجائے رسیدہ است ... آنجا کہ جائے نیست تو آنجا رسیدہ

(جامی)

ہمہ خلق گویند ثنائے خدا [illegible] — خدا خود بگوید ثنائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مصطفےٰ نورِ جناب [illegible] — آفتابِ برجِ علم من لدن اعنی حضور

معدنِ اسرارِ علام [illegible] — برزخِ بحرینِ امکان و وجوب ؒ

وصفِ او از قدرتِ انسان رست — حاشا للہ ایں ہمہ تفہیم را ؒ

نورِ حق از شرقِ بے مثلی بتافت — عالمے از تابشِ او کامیافت ؒ

دفعتاً برخاست اندر مدحِ او — از زبانہا شورِ لامثل لہ ؒ

زہے عزت و اعتلائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم — کہ ہے عرشِ حق زیرِ پائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ؒ

سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی — سب سے بالا و والا ہمارا نبی ؒ

عرشِ حق ہے مسندِ رفعت رسول اللہ کی — دیکھنی ہے حشر میں عزت رسول اللہ کی ؒ

تیرے تو وصف عیبِ تناہی سے ہیں بری — حیراں ہوں میرے شاہ میں کیا کیا کہوں تجھے ؒ

سبحان اللہ ما اجملک ما احسنک ما اکملک — کتھے مہر علی کتھے تیری ثنا گستاخ اکھیں کتھے جا اڑیاں

(قطب گولڑہ)

ہمچناں آں رازدانِ جزو کل — گرد پائیش سرمہ چشمِ رسل

گفت با امت ز دنیا و شما — دوست دارم طاعت و طیب و نساء

گر ترا ذوقِ معانی راہنماست — نکتۂ پوشیدہ در حرفِ "شماست"

(اقبالؒ)

یعنی آں شمعِ شبستانِ وجود — بود در دنیا و از دنیا نبود

جلوۂ او قدسیاں را سینہ سوز — بود اندر آب و گِل آدم ہنوز

من ندانم مرز و بوم او کجاست

ایں قدر دانم کہ با ما آشناست

(اقبالؒ)

ماخذ کتاب مقال

[illegible]

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف یا مؤلف	فن	زبان
۱	قرآن شریف	کلام اللہ تعالیٰ	مرکز جمیع علوم و فنون	عربی مبین
۲	کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن	ترجمہ از شیخ الاسلام والمسلمین اعلیحضرت مجدد ملت مولانا احمد رضا خان متولد ۱۲۷۲ھ متوفی سنہ ۱۳۴۰ھ		اردو
۳	تفسیر خزائن العرفان	صدر الافاضل مولانا نعیم الدین صاحب مراد آبادی متوفی سنہ ۱۳۶۷ھ	تفسیر	اردو
۴	تنویر المقباس من تفسیر ابن عباس	حضرت عبد اللہ بن عباس صحابی متوفی ۶۸ھ مؤلف محمد یعقوب صاحب قاموس متوفی سنہ ۸۱۶ھ مجد الدین فیروز آبادی	〃	عربی
۵	الدر المنثور فی التفسیر بالماثور	خاتم الحفاظ امام سیوطی متوفی سنہ ۹۱۱ھ	〃	〃
۶	المفردات فی غریب القرآن فی اللغۃ والادب [illegible] القرآن المعروف مفردات امام راغب	علامہ حسین بن محمد امام راغب اصفہانی متوفی سنہ ۵۰۲ھ	〃	〃
۷	مفاتیح الغیب "مشہور" تفسیر کبیر	امام محمد فخر الدین رازی متوفی ۶۰۶ھ	〃	〃
۸	انوار التنزیل و اسرار التاویل "مشہور" تفسیر بیضاوی	ناصر الدین قاضی ابو سعید عبد اللہ بن عمر بیضاوی متوفی ۶۹۲ ۶۸۶ قیل ۶۹۱ سنہ ھ	〃	〃
۹	مدارک التنزیل وحقائق التاویل "مشہور" تفسیر مدارک	امام البرکات عبد اللہ بن احمد نسفی حنفی صاحب کنز الدقائق والمنار متوفی سنہ ۷۰۱ھ ۷۱۰	〃	〃
۱۰	لباب التاویل فی معانی التنزیل "مشہور" تفسیر خازن	ابو محی السنت علاؤ الدین علی بن محمد بغدادی خازن متوفی سنہ ۷۴۱ھ	〃	〃
۱۱	تفسیر ابن کثیر "اتمام المجتہد علیہم [illegible]"	اسماعیل بن کثیر شاگرد و متبع ابن تیمیہ متوفی سنہ ۷۷۴ھ	〃	〃

١٢	تفسیر جلالین	جلال الدین محلی متوفی سنہ ٨٦٤ھ، جلال الدین سیوطی متوفی سنہ ٩١١ھ	تفسیر	عربی
١٣	حواشی جلالین —			
١٤	الاکلیل فی استنباط التنزیل	امام جلال الدین سیوطی سنہ ٩١١ھ	″	″
١٥	ارشاد العقل السلیم الی مزایا الکتاب الکریم "مشہور" تفسیر ابی سعود	امام علامہ ابو سعود محمد بن محمد سکلبی حنفی متولد سنہ ٨٩٦ھ ١٤٩٢ء و متوفی سنہ ٩٨١ھ ٩٨٢ سنہ ١٥٧٤ء	″	″
١٦	تفسیر روح البیان	علامہ شیخ اسمٰعیل حقی آفندی حنفی متوفی سنہ ١١٣٧ھ قیل فی عدد القرآن الحادی عشر "حدائق حنفیہ"	″	″
١٧	الفتوحات الالٰہیہ بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الخفیہ "مشہور" تفسیر جمل	علامہ سلیمان بن عمر الشہیر بالجمل متوفی سنہ ١٢٠٤ھ ١١٩٦	″	″
١٨	حاشیۃ الصاوی علی الجلالین "مشہور" تفسیر صاوی	امام عارف باللہ الشیخ احمد صاوی متوفی سنہ ١٢٤١ھ (جواہر البحار ج ٣ ص ١٩)	″	″
١٩	تفسیر مظہری "انما المحبت"	قاضی ثناء اللہ پانی پتی حنفی متوفی سنہ ١٢٢٥ھ	″	″
٢٠	تفسیر عزیزی —	شاہ عبد العزیز محدث دہلوی متوفی سنہ ١٢٣٩ھ	″	فارسی
٢١	تفسیر حقانی "انما المحبت علیہم لا علینا"	مولوی عبد الحق حقانی متوفی سنہ ھ	″	اردو
٢٢	تفسیر عثمانی ″ ″ ″	مولوی شبیر احمد عثمانی دیوبندی۔		
٢٣	جامع مسانید امام اعظم	امام اعظم ابو حنیفہ کوفی رضی اللہ عنہ متولد سنہ ٨٠ھ متوفی سنہ ١٥٠ھ	حدیث شریف	عربی
٢٤	مسند امام اعظم	″ ″ بروایۃ حصکفی سنہ ھ	″	″
٢٥	مؤطا امام مالک	امام مالک رضی اللہ عنہ متولد سنہ ھ متوفی سنہ ١٧٩ھ	″	″
٢٦	مؤطا امام محمد	امام محمد بن حسن شیبانی متولد سنہ ھ متوفی سنہ ١٨٩ھ	″	″
٢٧	الجامع المسند الصحیح الخ صحیح بخاری شریف	امام محمد بخاری، متولد سنہ ١٩٤ھ متوفی سنہ ٢٥٦ھ	″	″

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	فن	زبان
۲۸	صحیح مسلم شریف	امام مسلم [illegible] متوفی سنہ ۲۶۱ھ	حدیث شریف	عربی
۲۹	سنن ابی داؤد شریف	امام ابو داؤد، متولد سنہ ۲۰۳ھ متوفی ۲۷۵ھ	"	"
۳۰	جامع و سنن الترمذی	امام ابو عیسےٰ ترمذی متوفی سنہ ۲۷۹ / ۲۷۵	"	"
۳۱	سنن النسائی المجتبیٰ، المجتنیٰ	امام احمد بن شعیب نسائی متوفی سنہ ۳۰۳ھ	"	"
۳۲	سنن ابن ماجہ	امام محمد ابن ماجہ متوفی سنہ ۲۷۳ / ۲۷۵ھ	"	"
۳۳	موارد الظمآن الیٰ زوائد ابنِ حبان	امام ابو حاتم محمد بن حبان متوفی سنہ ۳۵۴ھ منتخب زوائد۔ حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الھیثمی متولد ۷۳۵ھ متوفی سنہ ۸۰۷ھ	"	"
۳۴	شرح معانی الآثار "مشہور" طحاوی شریف	امام ابو جعفر احمد بن محمد بن سلمہ الحنفی متوفی سنہ ۳۲۱ھ	"	"
۳۵	شمائل ترمذی شریف	امام ابو عیسےٰ ترمذی۔ متوفی سنہ ۲۷۹ / ۲۷۵ھ	"	"
۳۶	دلائل النبوۃ	امام ابو نعیم احمد بن عبد اللہ اصبہانی متولد سنہ ۳۳۶ھ متوفی سنہ ۴۳۰ھ	"	"
۳۷	کتاب الخراج	امام قاضی ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم حنفی متوفی سنہ ۱۸۲ھ	حدیث شریف و فقہ	"
۳۸	کتاب الشفاء مشہور "شفا شریف"	امام قاضی ابی الفضل عیاض رحمہ اللہ تعالےٰ متولد ۴۹۶ھ متوفی ۵۴۴ھ	حدیث شریف و سیرت	"
۳۹	شرح شفا شریف	علامہ علی قاری حنفی " ۱۰۱۴ھ	"	"
۴۰	نسیم الریاض شرح شفا قاضی عیاض	علامہ شہاب الدین احمد خفاجی حنفی[۱] متوفی ۱۰۶۹ھ	"	"
۴۱	مشکوٰۃ شریف، مشکوٰۃ المصابیح	امام ولی الدین ابی عبد اللہ محمد بن عبد اللہ خطیب بغدادی متوفی ۷۴۰ھ	حدیث شریف	"

[۱] فتاویٰ عبد الحی ج ۱ ص ۱۲ حدائق حنفیہ ص ۴۱۵ ۱۲ منہ و فوائد بہیہ مع التعلیقات ص ۲۴۲

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف یا مؤلف	فن	زبان
۴۲	مرقات المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح	ملا علی قاری حنفی متوفی سنہ ۱۰۱۴ھ	شرح حدیث	عربی
۴۳	اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ	شیخ الاسلام والمسلمین سید المحققین سند المحدثین الشیخ عبدالحق محدث محقق دہلوی الحنفی متولد سنہ ۹۵۸ھ متوفی سنہ ۱۰۵۲ھ	"	فارسی
۴۴	مقدمہ مشکوٰۃ " از لمعات "	"	اصول حدیث	عربی
۴۵	جمع الوسائل شرح شمائل	حضرت علی قاری محدث حنفی متوفی ۱۰۱۴ھ	شرح حدیث	"
۴۶	شرح شمائل	امام عبدالرؤف مناوی متوفی سنہ ۱۰۳۱ھ	"	"
۴۷	المواہب اللدنیہ علی الشمائل المحمدیہ	شیخ الاسلام علامہ ابراہیم بیجوری باجدی متولد ۱۱۹۸ھ متوفی سنہ ۱۲۷۶ھ	"	"
۴۸	الجامع الصغیر فی احادیث البشیر والنذیر	خاتم الحفاظ امام جلال الدین سیوطی متوفی سنہ ۹۱۱ھ	حدیث شریف	"
۴۹	کنوز الحقائق فی حدیث خیر الخلائق	امام عبدالرؤف مناوی متوفی سنہ ۱۰۳۱ھ	"	"
۵۰	فیض القدیر شرح الجامع الصغیر	" " "	شرح حدیث	"
۵۱	السراج المنیر شرح الجامع الصغیر	شیخ علی بن احمد بن محمد عزیزی متوفی سنہ ۱۰۷۰ھ	"	"
۵۲	حاشیۃ الحفنی علی الجامع الصغیر	شیخ الاسلام محمد بن سالم الحفنی متوفی سنہ ۱۰۸۱ھ	"	"
۵۳	الفتح الکبیر فی ضم الزیادۃ الی الجامع الصغیر	حقیقتہً للسیوطی، الممزوج والمرتب العلی الشیخ الفاضل نبہانی متولد ۱۲۶۵ھ م سنہ ۱۳۵۰	حدیث شریف	"
۵۴	مجموع الاربعین اربعین	یوسف بن اسماعیل نبہانی متوفی سنہ ۱۳۵۰ھ	"	"
۵۵	الخصائص الکبریٰ	امام جلال الدین سیوطی متوفی سنہ ۹۱۱ھ	حدیث وسیرت	"
۵۶	کنز العمال شریف	امام علی متقی ہندی حنفی متوفی سنہ ۹۷۵ھ	حدیث شریف	"
۵۷	المواہب اللدنیہ بالمنح المحمدیہ	امام شہاب الدین ابوالعباس احمد بن محمد الخطیب القسطلانی الشافعی متوفی سنہ ۹۲۳ھ	سیرت وحدیث	"

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف یا مؤلف	فن	زبان
۵۸	زرقانی شرح مواہب	الشیخ الا[illegible] محمد بن عبد الباقی الزرقانی المصری متوفی سنہ ۱۱۲۲ھ	سیرت و حدیث	عربی
۵۹	شرح صحیح مسلم للنواوی	امام محی ال[illegible] ابو زکریا یحیی بن شرف الدین النووی الشافعی - متوفی سنہ ۶۷۶ھ	شرح حدیث	"
۶۰	عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری	شیخ الاسلام حافظ امام بدر الدین محمود بن احمد العینی الحنفی متوفی سنہ ۸۵۵ھ	"	"
۶۱	ہدی الساری مقدمہ فتح الباری	شیخ الاسلام حافظ ابو الفضل احمد بن علی ابن حجر العسقلانی متوفی سنہ ۸۵۲ھ	"	"
۶۲	فتح الباری شرح صحیح البخاری	" " " "	"	"
۶۳	تقریب التہذیب	" " " "	اسماء الرجال	"
۶۴	تعقبات سیوطی علی موضوعات ابن جوزی	امام سیوطی متوفی سنہ ۹۱۱ھ		"
۶۵	عجالہ نافعہ -	شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلوی متوفی سنہ ۱۲۳۹ھ	اصول	فارسی
۶۶	کوثر النبی	شاہ محمد عبد العزیز صاحب پرہاروی " صاحب نبراس	"	عربی
۶۷	مدارج النبوت شریف	شیخ الاسلام والمسلمین سید المحققین سند المحدثین الشاہ الشیخ عبد الحق محدث دہلوی حنفی متولد سنہ ۹۵۸ھ متوفی سنہ ۱۰۵۲ھ	سیرت	فارسی
۶۸	مطالع المسرات بجلاء دلائل الخیرات	الشیخ الامام الاوحد محمد المہدی بن احمد فاسی من اہل القرن الحادی عشر متوفی سنہ [illegible]	"	عربی
۶۹	جواہر البحار شریف	قاضی القضاۃ بیروت الامام العلامۃ المحدث یوسف بن اسمعیل نبہانی متوفی سنہ ۱۳۵۰ھ	فضائل	"
۷۰	الجوہر المنظم فی زیارت القبر الشریف النبوی المکرم المنظم	[illegible]	"	"
۷۱	فتاوی حدیثیہ	" " "	فتاوی	"

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف یا مؤلف	فن	زبان
۷۲	کشف الغمہ	[illegible] الشیخ عبدالوہاب شعرانی شافعی متوفی ۹۷۳ھ	حدیث	عربی
۷۳	کتاب المیزان	[illegible]الوہاب شعرانی متوفی سنہ ۹۷۳ھ	فقہ	״
۷۴	الیواقیت والجواہر	״	تصوف	״
۷۵	سعادت الدارین فی الصلوٰۃ علی سید الکونین	امام قاضی القضاۃ یوسف بن اسمٰعیل نبہانی شافعی متوفی سنہ ۱۳۵۰ھ	درود شریف	״
۷۶	وسائل الوصول الی شمائل الرسول	״ ״ ״	شمائل	״
۷۷	قصیدہ بردہ شریف	امام محمد بن سعید بوصیری متولد سنہ ۶۰۸ھ متوفی سنہ ۶۹۴ھ	مدح	״
۷۸	الباجوری علی البردہ	شیخ الاسلام علامہ ابراہیم باجوری متولد ۱۱۹۸ھ متوفی ۱۲۷۶	״	״
۷۹	شرح البردہ	شیخ خالد بن عبداللہ ازہری	״	״
۸۰	شفاء السقام فی زیارۃ خیر الانام	الشیخ الامام الفقیہ المحدث علی بن عبدالکافی تقی الدین السبکی الشافعی متوفی سنہ ۷۵۶ھ	״	״
۸۱	شرح سفر السعادت	متن مجدالدین فیروز آبادی صاحب قاموس متوفی سنہ ۸۱۶ھ / ۸۱۷ شرح شیخ عبدالحق محدث دہلوی ״ سنہ ۱۰۵۲ھ	حدیث و فقہ	فارسی
۸۲	فتح القدیر	امام کمال الدین محمد بن عبدالواحد ابن ہمام الحنفی متوفی سنہ ۸۶۱ھ	״	عربی
۸۳	طحطاوی علی المراقی	علامہ الشیخ سید احمد طحطاوی متوفی سنہ ۱۲۳۱ھ	فقہ	״
۸۴	غنیۃ المستملی "حلبی کبیر" "کبیری" "غنیہ"	امام محقق ابراہیم بن محمد بن ابراہیم حلبی متوفی ۹۵۶ھ	״	״
۸۵	فتاویٰ عزیزی و مقدمہ فتاویٰ عزیزی	شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی متوفی سنہ ۱۲۳۹ھ	״	فارسی
۸۶	درمختار و ردالمحتار	فقیہ محدث محمد بن علی حصنی حصکفی متوفی سنہ ۱۰۸۸ھ / الامام المحقق محمد امین "ابن عابدین" متوفی سنہ ۱۲۵۲ھ	״	عربی
۸۷	فتاویٰ عبدالحی	مولوی عبدالحی لکھنوی متوفی سنہ ۱۳۰۴ھ	״	فارسی
۸۸	شرح فقہ اکبر	متن امام اعظم متوفی سنہ ۱۵۰ھ شرح علامہ علی القاری حنفی متوفی سنہ ۱۰۱۴ھ	عقائد	״
۸۹	عقیدۃ طحاویہ	امام ابوجعفر احمد بن محمد طحاوی حنفی متوفی سنہ ۳۲۱ھ	״	״

زرقانی

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف و مؤلف	فن	زبان
٩٠	مسامرہ شرح مسایرۃ	متن امام ابن ہمام صاحب فتح القدیر ٨٦١ھ شرح محمد بن محمد شریف قدسی متوفی ٩٠٦ھ	عقائد	عربی
٩١	تکمیل الایمان	شیخ المحدثین الشیخ عبد الحق المحدث الدہلوی الحنفی متوفی ١٠٥٢ھ	"	فارسی
٩٢	تمہید شریف ابی شکور السالمی	ابو شکور سالمی حنفی معاصر داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ لاہوری متعلم ٤٦٠ھ اور ٤٧٠ھ کے درمیان	"	عربی
٩٣	قصیدہ بدء الامالی	الشیخ سراج الملت والدین ابو الحسن علی بن عثمان الاوشی الحنفی اوشی فرغانی متوفی سنہ	"	"
٩٤	شرح عقائد نسفی	متن ابو الفضل محمد بن محمد بن محمد البرہان الحنفی النسفی ٦٨٧ھ متوفی ٥٣٦ھ - شرح علامہ سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی حنفی متوفی ٧٩٢ھ وہو غیر صاحب المدارک واللہ اعلم	"	"
٩٥	نبراس	الفواضل فی کل علم و فن العلام العارف خواجہ عبد العزیز صاحب پرہاروی حنفی متوفی ١٢٣٩ھ	"	"
٩٦	مرام الکلام فی عقائد الاسلام	" " " "	"	"
٩٧	تمہید الایمان بآیات القرآن	شیخ الاسلام والمسلمین سیدنا اعلیٰحضرت مولانا احمد رضا خانصاحب حنفی متوفی ١٣٤٠ھ	"	اردو
٩٨	حسام الحرمین	" " " " "	"	"
٩٩	احیاء علوم الدین	حجۃ الاسلام امام محمد بن محمد بن محمد الغزالی الشافعی متوفی ٥٠٥ھ	تصوف و اخلاق	عربی
١٠٠	شرح فتوح الغیب	متن "غوث الثقلین السید الشیخ عبد القادر الجیلانی الحنبلی متوفی ٥٦١ھ شرح الشیخ المحدثین حضرت شیخ عبد الحق المحدث المحقق الدہلوی متوفی ١٠٥٢ھ	"	عربی و فارسی
١٠١	نفحات الانس شریف	عارف باللہ مولانا عبد الرحمن صاحب جامی قدس سرہ السامی الحنفی متوفی ٨٩٨ھ	تاریخ	"

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف یا مؤلف	فن	زبان
۱۰۲	اخبار الاخیار	[illegible] المحدثین سند المحققین شیخ عبدالحق [illegible]ث دہلوی حنفی متوفی سنہ ۱۰۵۲ھ	تاریخ	فارسی
۱۰۳	الرسائل والمکاتیب	״ ״ ״	تصوف	״
۱۰۴	مکتوبات مرزا مظہر جانِ جاناں	شیخ شمس الدین علوی المعروف بہ مرزا مظہر جان جاناں حنفی سنہ ۱۱۹۵ھ	״	״
۱۰۵	صحائف السلوک	شیخ الاسلام خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی چشتی حنفی متوفی سنہ ۷۵۸ھ	״	״
۱۰۶	تذکرۃ الاولیاء	شیخ فرید الدین عطار رحمۃ اللہ تعالےٰ متوفی ۶۲۷ھ	تاریخ	״
۱۰۷	سبع سنابل شریف	حضرت علام عارف باللہ میر سید عبد الواحد بلگرامی حنفی متوفی سنہ ۱۰۱۷	تصوف	״
۱۰۸	شواہد النبوت	عارف باللہ مولانا عبد الرحمٰن جامی حنفی متوفی سنہ ۸۹۸ھ	سیرت	״
۱۰۹	مکتوبات امام ربانی	مجدد شیخ احمد صاحب سرہندی رحمۃ اللہ علیہ حنفی متوفی سنہ ۱۰۳۴ھ	تصوف	״
۱۱۰	انفاس رحیمیہ	العارف الکامل الفاضل مولانا الشیخ الشاہ عبد الرحیم صاحب محدث دہلوی حنفی متوفی ۱۱۳۱ھ	״	״
۱۱۱	شمائل الاتقیاء	الشیخ العارف رکن الدین بن عماد الدین دبیر کاشانی خلد آبادی. متوفی بعد از سنہ ۷۳۲ھ	״	״
۱۱۲	مثنوی شریف	عارف مولانا روم محمد بن محمد حسینی بلخی جلال الدین رومی متوفی سنہ ۶۷۲ھ	״	״
۱۱۳	تکملہ خواجہ گل محمد صاحب	مولانا العارف الشیخ خواجہ گل محمد صاحب احمد پوری متوفی سنہ ۱۲۴۳ھ	•	״
۱۱۴	تذکرۃ الموتیٰ والقبور	مولانا قاضی ثناء اللہ پانی پتی حنفی ״ سنہ ۱۲۲۵ھ		״
۱۱۵	در الثمین فی مبشرات النبی الامین	شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی متوفی سنہ ۱۱۷۶ھ	خواص احادیث	عربی
۱۱۶	کتاب الابریز	اقوال حضرت غوث عبد العزیز دباغ متوفی سنہ ۱۱۳۰ھ مؤلف الشیخ الحافظ احمد بن مبارک	تصوف	״

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف و مؤلف	فن	زبان
۱۱۷	فیوض الحرمین	شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی متوفی سنہ ۱۱۷۶ھ	تصوف	عربی
۱۱۸	شرح قصیدہ ہمزیہ	〃 〃 〃 سنہ ۱۱۷۶	مدح	عربی و فارسی
۱۱۹	قصیدہ اطیب النغم	〃 〃 〃 〃	〃	〃
۱۲۰	سیرت رسول عربی ۔	مولانا نور بخش توکلی متوفی سنہ ۱۳۶۷ھ	سیرت	اردو
۱۲۱	المورد الروی فی المولد النبوی	ملا علی قاری حنفی محدث مکی متوفی سنہ ۱۰۱۴ھ	〃	عربی
۱۲۲	موضوعات کبیر	〃 〃 〃 〃	حدیث	〃
۱۲۳	المصنوع فی احادیث الموضوع	〃 〃 〃 〃	〃	〃
۱۲۴	الحاوی للفتاوی	امام سیوطی سنہ ۹۱۱ھ	ہر فن	〃
۱۲۵	تحفہ اثنا عشریہ	شاہ عبد العزیز محدث دہلوی سنہ ۱۲۳۹ھ	〃	اردو
۱۲۶	بستان المحدثین	〃 〃 〃 〃	تاریخ	〃
۱۲۷	الرسالۃ المستطرفۃ	علامہ محمد بن جعفر کتانی متوفی سنہ ۱۳۴۵ھ	〃	عربی
۱۲۸	حیوۃ الحیوان	علامہ کمال الدین محمد بن موسیٰ دمیری متوفی سنہ ۸۰۸ھ	علم الحیوان	〃
۱۲۹	تحفۃ الاحرار	عارف مولانا عبد الرحمٰن جامی متوفی سنہ ۸۹۸ھ	تصوف	فارسی
۱۳۰	زلیخا	〃 〃 〃 〃	〃	〃
۱۳۱	تواریخ حبیب اللہ	مولانا مفتی عنایت احمد صاحب کاکوروی متوفی بعد سنہ ۱۲۷۶ھ	سیرت	اردو
۱۳۲	منیر العین ۔ الہاد الکاف	اعلیٰحضرت مولانا المجدد احمد رضا خان صاحب متوفی سنہ ۱۳۴۰ھ	اصول حدیث	〃
۱۳۳	حدائق بخشش	〃 〃 〃 〃	نعت	〃
۱۳۴	احکام شریعت	〃 〃 〃 〃	فقہ	〃
۱۳۵	صلوۃ الصفا فی نور المصطفیٰ	〃 〃 〃 〃	عقائد	〃
۱۳۶	الامن والعلیٰ	〃 〃 〃 〃	〃	〃
۱۳۷	الاستمداد ۔	〃 〃 〃 〃	مدح	〃

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف مؤلف	فن	زبان
۱۳۹	مختار الصحاح	[illegible] بن بکر بن عبد القادر الرازی متوفی بعد سنہ ۶۶۰ھ	لغت	عربی
۱۴۰	صراح من الصحاح	ابو الفضل محمد بن عمر بن خالد المدعو بجمال القرشی متوفی سنہ ھ	"	عربی و فارسی
۱۴۱	غیاث اللغات	مولانا محمد غیاث الدین بن جلال الدین	"	"
۱۴۲	منجد	لویس معلوف فرڈینان توتل	"	عربی
۱۴۳	مصباح اللغات	عبد الحفیظ بلیاوی	لغت	اردو
۱۴۴	فیروز اللغات	مولوی فیروز الدین۔	"	"
۱۴۵	حیات شیخ	خلیق احمد نظامی	تاریخ	"
۱۴۶	حدائق حنفیہ	فقیر محمد جہلمی متوفی بعد سنہ ۱۳۰۲ھ	"	"
		(دوسروں کی زبان سے)		
۱۴۷	الصارم المسلول	ابن تیمیہ متوفی سنہ ۷۲۸ھ	عقائد	عربی
۱۴۸	زاد المعاد	ابن قیم شاگرد و متبع ابن تیمیہ " سنہ ۷۵۱ھ	سیرت	"
۱۴۹	مولد رسول	ابن کثیر شاگرد و متبع ابن تیمیہ متوفی سنہ ۷۷۴ھ	"	"
۱۵۰	نیل الاوطار	قاضی شوکانی متولد سنہ ۱۱۷۳ھ م سنہ ۱۲۵۰ھ	شرح احادیث	"
۱۵۱	مسک الختام	میاں صدیق حسن بھوپالی متوفی سنہ ۱۳۰۷ھ	"	فارسی
۱۵۲ ۱۵۳	آب حیات۔ تحذیر الناس	محمد قاسم نانوتوی		
۱۵۴	ترجمہ قرآن مجید	اشرف علی تھانوی متوفی سنہ ۱۳۶۲ھ		اردو
۱۵۵	بہشتی گوہر ضمیمہ بہشتی زیور	" " " "	فقہ	"
۱۵۶	نشر الطیب	" " " " "	سیرت	"

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف و مؤلف	فن	زبان
۱۵۷	فتاوی رشیدیہ	رشید احمد گنگوہی متوفی سنہ ھ	فتاویٰ	اردو
۱۵۸	براہین قاطعہ	خلیل احمد انبیٹھوی ,, سنہ ھ	"	"
۱۵۹	فیض الباری	محمد انور کشمیری متوفی سنہ ۱۳۵۲ھ	شرح حدیث	عربی
۱۶۰	قلمی فتویٰ از دیوبند	مفتی دیوبند	فتویٰ	اردو
۱۶۱	نوادر جامعہ	عبد الحلیم چشتی	تاریخ	"

نوٹ:- (۱) انکے علاوہ باقی کتب کے اسماء جن سے اخذ کیا گیا ہے۔ وہ اس کتاب کے دیکھنے سے معلوم ہوں گے۔

(۲) عجلت اور سخت تدریسی مصروفیت کی وجہ سے ترتیب حسب منشا نہ ہو سکی۔ اور نظر ثانی بھی نہ ہو سکی۔ انشاء اللہ تعالیٰ طبع ثانی میں کوتاہیوں کی اصلاح کر دی جائیگی۔

(۳) اہل علم حضرات سے ملتمس ہوں کہ میری غلطیوں کو نظر انداز کرتے ہوئے اصل عبارات سے محظوظ ہوں۔

ع "والعذر عند کرام الناس مقبول"

فیضی غفرلہ

فہرست کتاب

۷۸۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِمَنْ لَا یُمْکِنُ اِحْصَاءُ نِعْمَاتِہٖ وَعَلٰی مَوَاھِبِہٖ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ لَا یُمْکِنُ حَصْرُ فَضَائِلِہٖ وَعَلٰی مَحَاسِنِہٖ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَئِمَّۃِ الَّذِیْنَ خَاضُوْا فِیْ بِحَارِ فَضَائِلِہٖ فَلَمْ یُدْرِکُوْا قَعْرَ مَحَامِدِہٖ، فَلَا یَعْلَمُہَا اَحَدٌ وَلَا یُمْکِنُ لِاَحَدٍ اَنْ یَّعْلَمَ حَقِیْقَۃَ حَمْدِہٖ تَعَالٰی وَنَعْتَ حَبِیْبِہٖ اِلَّا اللّٰہُ تَعَالٰی لِاَنَّہٗ لَمْ یَعْرِفْہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَحَدٌ کَمَا عَرَفَہٗ رَبُّہٗ کَمَا لَمْ یَعْرِفْہُ تَعَالٰی اَحَدٌ مِثْلَہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

اللہ تعالٰی کی تعریف اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے درود اور سلام کے بعد ناظرین کی خدمت میں عرض ہے۔ کہ مقام رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی عظمت بتانے کے لئے یہ کتاب لکھی گئی ہے۔ تاکہ بے خبر لوگوں کو پتہ چلے کہ مقام رسول صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کتنا بلند و بالا ہے۔ پھر اس کے بعد ان ناشائستہ کلمات سے پرہیز کریں۔ جو گمراہ و بے ادب علماء کی صحبت و تلقین سے حضور کے حق میں کہہ دیتے ہیں۔ اس کتاب کو چار بابوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلا باب:- حضور کے فضائل بے شمار ہیں۔ جتنا مبالغہ سے تعظیم و تعریف کرو کم ہے۔ دوسرا باب بعض خصائص و فضائل سید عالم صلے اللہ علیہ وسلم۔ تیسرا باب حضور کی توہین کرنے والے پر شرعی حکم +

چوتھا باب حُبّ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اہمیت اور اس کے فوائد پہلے باب کے پڑھنے سے معلوم ہوگا۔ کہ تعظیم وتعریف رسول صلے اللہ علیہ وسلم بڑھ چڑھ کے کرنی چاہیئے۔ یہی اہم فریضہ ہے۔ مومن اپنے نبی کی جتنی تعریف کرے تھوڑی ہے۔ کیونکہ حضور کے فضائل اور کمالات کی کوئی حد نہیں۔ اور دوسرے باب کے پڑھنے سے معلوم ہوگا۔ کہ توہین رسول صلے اللہ علیہ وسلم کتنا بڑی چیز ہے۔ اور اس توہین سے دارین کی خواری قبر وحشر کی ندامت ہوگی۔ عذاب علیم وعذاب مہین کے جُوتے پڑیں گے۔ کفر وارتداد کے شرعی فتوے نافذ ہوں گے۔ اور قتل جیسی ضرب کاری کا شرعی حکم جاری ہوگا۔ اور ہمیشہ ہمیشہ دوزخ میں جلنا نصیب ہوگا۔

فالعیاذ باللہ تعالی یہ کتاب آیات قرآنی اور احادیث وآثار، واقوال آئمہ وعلماء اخصار سے مزین ہے۔ مولی کریم اس کتاب کو غافلوں کیلئے سبب تذکیر وعاشقان رسول صلے اللہ علیہ وسلم کے لیئے سبب تسکین قلوب کرے اور اسی کے سبب مولی کریم اس فقیر کو ہمیشہ ہمیشہ حضور کی حاضری میں رکھے۔ اور خاتمہ ایمان پر ہو۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (آمین)

از قلم:- فقیر ابو الحسن منظور احمد نقشبندی غفرلہٗ

٭

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علٰی رسولہ الکریم

باب اوّل

حضور سید المرسلین حضرت محمد مصطفٰے صلے اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلم کی کماحقہٗ تعریف نہیں ہوسکتی۔ جتنا مبالغہ اور غلو سے تعریف کریں حقیقۃً کم ہے۔ کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علمی و عملی خَلقی و خُلقی صورتی و سیرتی حسن وجمال فضائل وکمال محامد و محاسن کا شمار نہیں ہوسکتا۔

فصل اوّل :- چند آیاتِ قرآنیہ سے اس کا ثبوت :

۱۔ اللہ تعالٰی نے فرمایا ہے :- اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ۔ (پ ۳۰ سورۂ کوثر ع ۱)

ترجمہ :- اے محبوب بیشک ہم نے تمہیں بیشمار خوبیاں عطا فرمائیں۔ (کنزالایمان)

اور فضائلِ کثیرہ عنایت کرکے تمام خلق پر افضل کیا۔ حُسنِ ظاہر بھی دیا۔ حُسنِ باطن بھی، نسب عالی بھی، نبوت بھی، کتاب بھی، حکمت بھی، علم بھی، شفاعت بھی، حوضِ کوثر بھی، مقامِ محمود بھی، کثرتِ امت بھی، اعداءِ دین پر غلبہ بھی، کثرتِ فتوح بھی اور بیشمار نعمتیں اور فضیلتیں جنکی نہایت نہیں (تفسیر خزائن العرفان) اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ = "ساری کثرت پاتے یہ ہیں"
(اعلیحضرت)

(اب کون ہے جو ان بیشمار اور بے نہایت فضائل اور خوبیوں کا شمار کر سکے)۔
کوثر کثیر سے مبالغہ کا صیغہ ہے۔ کوثر کے معنی حضرتِ عبداللہ بن عباس
وغیرہ ائمہ تفسیر سے خیر کثیر منقول ہیں۔ (بخاری در منثور خازن و مدارک وغیرہ)
یعنی بہت بھلائی۔ کثیر کی ضد قلیل ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:۔
کَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِیْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً کَثِیْرَةً = بہت سی قلیل جماعتیں کثیر جماعتوں
پہ غالب آئیں جب کثیر قلیل کا مقابل ہے ؎
اب یہ دیکھیں کہ رب کے نزدیک قلیل کی کتنا مقدار ہے۔ کیا رب کا بیان کیا
قلیل ہم شمار کر سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔
قُلْ مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ = تم فرما دو دنیا کا سامان قلیل (تھوڑا) ہے
اب یہ دیکھیں دنیا کا سامان کونسا ہے۔ اور کتنا ہے۔ اناج۔ گندم
جوار، باجرہ، چاول وغیرہ، پھل فروٹ، آم، کھجور، سیب، انگور، تربوز
وغیرہ اشیاء خوردنی پانی، دودھ، لسی۔ چائے وغیرہ پینے کی چیزیں
گھوڑے، اونٹ، خچر، گدھے، ہاتھی، سائیکل، سائیکل موٹر۔ سکوٹر۔ کاریں
جیپیں، رکشے، بسیں، گاڑیاں، ہوائی جہاز وغیرہ سواری کی چیزیں
غرض حیوانات، نباتات جمادات، ہزاروں لاکھوں، کروڑوں، اربوں،
در اربوں چیزیں ہیں۔ جو دنیا کا سامان ہیں۔ اور ہماری شمار سے باہر ہیں
رب نے فرمایا۔ یہ سب قلیل ہیں۔ کثیر نہیں۔ اور جو فضائل و کمالات اور
نعمتیں اور خوبیاں اپنے حبیب کو عطا فرمائیں۔ وہ قلیل نہیں۔ کثیر نہیں
بلکہ کوثر یعنی کثیر در کثیر ہیں۔ جب ربِ اکبر کے ہاں کا قلیل بھی ہماری

شمار سے افزوں ہے۔ پھر اس کے ہاں کا کثیر اور پھر کثیر در کثیر کوثر! اس کا کون شمار کر سکتا ہے۔ اس کا کون حصر کر سکتا ہے۔ کس کی طاقت کہ اس کا احصار اور احاطہ کرے۔ لہٰذا ثابت ہوا۔ کہ حضور کے فضائل کی کوئی حد نہیں۔ لفظِ کوثر کی وسعت پر اتمامِ حجت کے لیے شیخ الاسلام آخر کا حوالہ ملاحظہ ہو۔ "کوثر کے معنی خیر کثیر کے ہیں۔ یعنی بہت زیادہ بھلائی اور بہتری' یہاں اس سے کیا چیز مراد ہے۔ "البحر المحیط" میں اسکے متعلق چھبیس ۲۶ اقوال ذکر کیے ہیں۔ اور اخیر میں اسکو ترجیح دی ہے کہ اس لفظ کے تحت میں ہر قسم کی دینی، دنیوی دولتیں اور حسی و معنوی نعمتیں داخل ہیں۔ جو آپ کو یا آپ کے طفیل امتِ مرحومہ کو ملنے والی تھیں۔ ان بڑی نعمتوں میں سے ایک بہت بڑی نعمت حوضِ کوثر بھی ہے۔" تفسیر عثمانی ص۷۸۸۔

فضائل اور کمالات دو طرح کے ہوتے ہیں۔ ایک علمی دوسرے عملی۔ اللہ تعالیٰ نے حضور کے دونوں کمالوں کو عظیم فرمایا۔ (مثلہ فی المواہب زرقانی ج ۴ ص۲۴۵)

ملاحظہ ہو کمال علمی، سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

۲ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ۚ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا۔ (پ ۵ النساء ع ۱۷ ص۱۱۳)

اور اللہ نے تم پر کتاب اور حکمت اتاری اور تمہیں سکھا دیا۔ جو کچھ تم نہ جانتے تھے۔ اور اللہ کا تم پر بڑا فضل ہے۔

جس ذات بابرکات پر اللہ کا بڑا فضل ہو انکی فضیلت کون شمار کر سکتا ہے۔ کوئی

شمار نہیں کر سکتا۔ اس آیۃ میں حضور کے کمالاتِ علمیہ کو عظیم فرمایا گیا۔

اس پر فریقِ آخر کا حوالہ دیکھو ــــ"

"اس میں ...... بیان ہے ...... اس کا کہ آپ کمال علمی میں جو کہ تمام کمالات سے افضل اور اوّل ہے۔ سب سے فائق ہیں۔ اور اللہ کا فضل آپ پر بے نہایت ہے۔ جو ہمارے بیان اور ہماری سمجھ میں نہیں آ سکتا۔

(تفسیر عثمانی ص ۱۲۴)

کمالات عملی ۳ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ (پ ۲۹ القلم ع ۱) اور بیشک تمہاری خو (خصلت) بڑی شان کی ہے

اس آیت میں حضور کے اخلاق، سیرت کردار کو عظیم فرمایا گیا۔ یعنی حضور کے کمالاتِ عملیہ بھی عظیم ہیں۔

ے

تیرے خُلق کو حق نے عظیم کہا، تیری خَلق کو حق نے جمیل کہا
کوئی تجھ سا ہوا ہے نہ ہوگا شہا تیرے خالقِ حسن و ادا کی قسم
(اعلیحضرت)

جب حضور کے کمالاتِ علمیہ اور عملیہ دونوں کا عظیم ہونا اللہ عظیم و اعظم نے بیان فرمایا۔ اب کون ہے۔ جو ربِ عظیم کے بیان کردہ عظیم کمالات کا شمار کر سکے۔ نیز ام المومنین سے خُلقِ عظیم کی تفسیر میں منقول ہے۔ کہ حضور کا خُلق قرآن ہے (مسند امام اعظم ص ۱۷۲) تو جیسا قرآن کے عجائب غیر محدود ہیں۔ اسی طرح حضور کے فضائل بھی غیر محدود ہوئے۔

لہٰذا کما حقہ، حضور کے فضائل و کمالات کا شمار نہیں ہو سکتا۔ جتنا مبالغہ سے کرو کم ہے۔ (ان دونوں آیتوں کی مزید تفسیر اسی کتاب کے ص ۱۷ پر از شفا اور ص ۳۰ و ۳۱ پر از مدارج، عوارف و مواہب ودقانی

(جمع الوسائل و فیض القدیر ملاحظہ ہو۔)

۴ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

(پ۲۹ القلم ع ۳)

وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ۝ — اور ضرور تمہارے لئے بے انتہا ثواب ہے۔

ثواب بھی تو ایک شرف اور فضیلت ہے۔ اور وہ ہے بے انتہا۔ اب کس کو حضور کی فضیلت کی انتہا مل سکتی ہے۔ اس آیت سے بھی ثابت ہوا۔ کہ فضائل مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام بے شمار اور بے حد و عد ہیں۔ لہٰذا کما حقہٗ سید عالم کی تعریف نہیں ہو سکتی جتنا کرو کم ہے۔

۵ اللہ تعالیٰ کا ارشاد مقدس:۔

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا (پ۱۴ النحل ع ۲) وَقَالَ سَهْلٌ علیہ الرحمۃ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا قَالَ نِعْمَتُهٗ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔ (شفاء شریف ج ۱ ص ۲۸)

اور اگر اللہ کی (وہ) نعمتیں گنو (جو حضور ہی ہیں) تو انہیں شمار نہ کر سکو گے۔ علم و ورع میں بے نظیر امام سہل بن عبداللہ تستری[1] متولد سنہ ۲۰۰ھ متوفی سنہ ۲۸۳ھ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس قول کی تشریح میں فرمایا کہ نعمۃ اللہ سے اللہ کی وہ نعمتیں مراد ہیں۔ جو حضور ہی ہیں۔

[1] الصالح المشہور الذی لم یسمح الدھر بمثلہ علما وورعا ولہ کرامات مشہورۃ نسیم الریاض ج ۱ ص ۱۱۔ امام سہل بن عبداللہ تستری ایسے مشہور صالح ہو گذرے ہیں کہ زمانے نے ان جیسا علم و ورع میں بے نظیر نہ بخشا۔ پھر ایسی فیاضی نہ کی۔ انکی کرامات مشہور ہیں۔ قدانہ کان صاحب الکرامات العالیۃ ولم یکن فی وقتہ لہ نظیر فی المعاملات ولم یزل یشتغل فی الریاضۃ العملیۃ الی ان کان یفطر فی کل یوم علی اوقیۃ من خبز الشعیر بلا ادام فکان یکفیہ لقوتہ درھم واحد فی عام وھو مع ذلک یقوم اللیل کلہ ولا ینام واسلم عند وفاتہ یھود ستیف علی الثمانین لما رأوا الناس اکبرا علی جنازتہ وشاھدوا اقواما ینزلون من السماء یتمسحون بجنازتہ ویصعدون وینزل غیرھم فوجا بعد فوج۔ (شرح شفا للقاری ج ۱ ص ۴۰۵ ۱۲ فیضی)

[2] ضروری تنبیہ: مختلف ذوات پر لفظ واحد کا اطلاق وحدت مفہوم کا مقتضی نہیں۔ بلکہ ایک ہی لفظ کا مفہوم بوجہ اختلاف مصداق و مخاطب مختلف ہو جاتا ہے۔ قرآن شریف میں اس کی سینکڑوں مثالیں ہیں۔ لہٰذا ناظرین عبارت دلال سے ہوشیار رہیں ۱۲ فیضی

نسیم الریاض ج۱ ص۱۴۰ شرح شفا للعلی القاری جلد۱ ص۱۴۰۔ المواہب اللدنیہ ج۱ ص — زرقانی شرح مواہب ج۶ ص۱۸۶) اس آیت سے بھی صاف ثابت ہوا۔ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کمالات کا شمار نہیں ہو سکتا۔

پھر اس کا مطلب یہ نہیں کہ ان کے کمالات کا ذکر چھوڑ دو۔ نہ۔ نہ بلکہ بحکم خداوندی مبالغہ سے ان کی تعظیم و تعریف و ذکر فضائل کئے جاؤ۔ اسی میں فلاح دارین ہے۔ ذکر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم باعث اطمینانِ قلب ہے۔ اور ان کا ذکر پاک عبادت ہے۔ اللہ عزوجل کا ارشاد ہے

ع۶ اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (پ۱۳ رعد ع۴)	خبردار اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان حاصل ہوتا ہے۔

امام قاضی عیاض متوفی ۵۴۴ھ فرماتے ہیں :-

عَنْ مُجَاهِدٍ[1] فِیْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ قَالَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهٖ = شفا شریف ج۱ ص۱۸)	صحابی رسول حضرت عبداللہ بن عباس کے شاگرد خاص تابعی کبیر امام تفسیر حضرت مجاہد متولد ۲۱ھ متوفی ۱۰۲ھ یا ۱۰۳ھ جو تفسیر اور علم میں امام ثقہ تھے، تقریب ج۲ ص۲۲۹) نے اللہ تعالیٰ کے اس قول کی تفسیر میں فرمایا کہ ذکر اللہ سے

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضور کے صحابہ مراد ہیں۔ یعنی حضور اور صحابہ کے ذکر پاک سے دلوں کو اطمینان حاصل ہوتا ہے۔

---

[1] روی عن ابی ھریرۃ وابن عباس عنہ قتادہ وابن عون کان اماما فی القرأۃ والتفسیر حجۃ فی الحدیث قال کان ابن عمر یاخذ لی برکابی ویسوی علی ثیابی اذا رکبت... اخرج لہ الستۃ شرح شفا للقاری ج۱ ص۱۴۰ ومجاہد من کبار التابعین... المفسر الزاہد العابد... وثقۃ المحدثون کما ذکرہ الذھبی تولد ۲۱ھ متوفی ۱۰۲ھ یا ۱۰۳ھ توفی وھو ساجد ملخصاً نسیم الریاض ج۱ ص۱۴۲ ۱۲ فیض غفرلہ

زرقانی شرح مواہب ج ۳ صفحہ ۱۳ شرح شفا للقاری ج ۱ ص ۱۴۲ قال الخفاجی قال السیوطی رواہ عنہ ابن جریر وابن ابی حاتم۔ نسیم الریاض ج ۱ ص ۱۴۲ رواہ عنہ ابن ابی شیبہ وابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم وابو الشیخ " درمنثور سیوطی ج ۴ ص ۵۸ (ملا علی قاری اسکی تشریح کرتے ہیں)

بِمُجَرَّدِ ذِکْرِہٖ وَذِکْرِ اَصْحَابِہٖ فَاِنَّ عِنْدَ ذِکْرِ الصّٰلِحِیْنَ تَنْزِلُ الرَّحْمَۃُ فَیَحْصُلُ بِنُزُوْلِ الرَّحْمَۃِ لِلْقُلُوْبِ الْاِطْمِینَانُ وَالسَّکِیْنَۃُ =

شرح شفا للقاری ج ۱ ص ۱۴۲

محض ذکرِ حضور اور ذکرِ صحابہ سے قلوب مطمئن ہوتے ہیں۔ کیونکہ صالحین کے ذکر کے وقت رحمت نازل ہوتی ہے اور بوقت نزول رحمت دلوں کو اطمینان اور تسکین حاصل ہوتی ہے

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے۔

لَا اُذْکَرُ فِیْ مَکَانٍ اِلَّا ذُکِرْتَ مَعِیْ یَا مُحَمَّدُ فَمَنْ ذَکَرَنِیْ وَلَمْ یَذْکُرْکَ فَلَیْسَ لَہٗ فِی الْجَنَّۃِ نَصِیْبٌ ۔ درمنثور ج ۶ ص ۳۶۴

یعنی اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم جہاں میرا ذکر ہوتا ہے۔ تیرا ذکر (بھی) میرے ساتھ ہوتا ہے۔ جس نے میرا ذکر کیا اور تمہارا ذکر نہ کیا۔ تو جنت میں اس کا کوئی حصہ نہیں۔

ہمارے آقا و مولیٰ کریم رؤف و رحیم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:-

ذِکْرُ الْاَنْبِیَاءِ مِنَ الْعِبَادَۃِ وَذِکْرُ الصّٰلِحِیْنَ کَفَّارَۃٌ (رواہ الدیلمی فی مسند الفردوس عن معاذ) جامع صغیر للسیوطی ج ۲ ص ۱۹ الفتح الکبیر للنبہانی ج ۲ ص ۱۳۰ فیض القدیر للمناوی ج ۳ ص ۵۶۴

انبیاء اور رسولوں کا ذکر کرنا ان کے فضائل بیان کرنا انکی تعریف کرنی اللہ کی عبادت ہے۔ صالحین کا (اللہ کے ولیوں کا) ذکر کرنا ان کے فضائل و کمالات بیان کرنا ان کی تعریف کرنی) گناہوں کا کفارہ ہے یعنی ولیوں کے ذکر سے گناہ مٹ جاتے ہیں۔

(ذِکْرُ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ مِنَ الْعِبَادَۃِ وَذِکْرُ الصّٰلِحِیْنَ کَفَّارَۃٌ) قال الشیخ حدیث حسن لغیرہ۔ السراج المنیر ج ۲ ص ۲۹۹ للعزیزی

جب انبیاء کا ذکر عبادت ہے۔ تو سید الانبیاء والمرسلین حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کتنا بڑی عبادت ہوگی۔ دیوبندیوں کے حکیم الامت نے لکھا ہے۔ "حضور کی مدح خود طاعت ہے" نشر الطیب ص
فلہذا فقیر ذکر مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم کرتا ہے۔ اور قرآن پاک و احادیث سے حضور کے ادب اور تعظیم کا بیان کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔ اور بارگاہِ نبوت کی سچی تعظیم کرنے کی توفیق عطا فرماوے۔ (آمین)

ادب تعظیم رسول صلی اللہ علیہ وسلم

مسلمان بھائیوں سے عاجزانہ دست بستہ عرض ہے پیارے بھائیو!
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ — اللہ تعالیٰ آپ سب حضرات کو اور آپ کے صدقے میں اس ناچیز کثیر السیأت کو دینِ حق پر قائم رکھے۔ اور اپنے حبیب محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سچی محبت، دل میں سچی عظمت دے۔ اور اسی پہ ہم سب کا خاتمہ کرے۔

آمین یا ارحم الراحمین

ہمارا مولیٰ کریم اللہ عزوجل فرماتا ہے:۔

ع۱ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا ۙ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ۭ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا (پ۲۶ سورۃ الفتح ع۱)	اے نبی بیشک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر و ناظر اور خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا تاکہ اے لوگو تم اللہ اور اسکے رسول پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم و توقیر کرو۔ اور صبح شام اللہ کی پاکی بیان کرو۔

مسلمانو! دیکھو دینِ اسلام بھیجنے قرآن مجید اتارنے کا مقصود ہی ہمارا مولےٰ تبارک و تعالیٰ تین باتیں بتاتا ہے۔

اوّل یہ کہ لوگ اللہ و رسول پر ایمان لائیں۔ دوم یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم کریں۔ سوم یہ کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں رہیں۔

مسلمانو! ان تین جلیل باتوں کی حسین و جمیل ترتیب تو دیکھو سب میں پہلے ایمان کو فرمایا۔ اور سب میں پیچھے اپنی عبادت کو اور بیچ میں اپنے پیارے حبیب صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم کو اس لئے کہ بغیر ایمان تعظیم بکار آمد نہیں۔ بہت سے نصاریٰ ہیں کہ نبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم و تکریم اور حضور پر سے دفع اعتراضات کافرانِ لئیم میں تصنیفیں کرچکے لکچر دے چکے۔ مگر جب کہ ایمان نہ لائے کچھ مفید نہیں۔ کہ یہ ظاہری تعظیم ہوئی۔ دل میں حضور اقدس صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

۱؎ والاکثر والاظہر ان ھذا فی حقہ صلی اللہ علیہ وسلم من الشفا جواہر البحار ج ۱ ص ۱۳	ف نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم مدار ایمان و مدار قبول اعمال ہے۔

کی سچی عظمت ہوتی تو ضرور ایمان لاتے۔ پھر جب تک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سچی تعظیم نہ ہو عمر بھر عبادتِ الٰہی میں گذارے سب بے کار و مردود ہے۔ بہت سے جوگی اور راہب ترکِ دنیا کرکے اپنے طور پر ذکر و عبادتِ الٰہی میں عمر کاٹ دیتے ہیں بلکہ ان میں بہت وہ ہیں۔ کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کا ذکر سیکھتے اور ضربیں لگاتے ہیں۔ مگر از انجا کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم نہیں۔ کیا فائدہ اصلاً قابل قبول بارگاہِ الٰہی نہیں۔ اللہ عزوجل ایسوں ہی کو فرماتا ہے۔

وَقَدِمْنَآ اِلٰی مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰہُ ھَبَآءً مَّنْثُوْرًا ○ | جو کچھ اعمال انہوں نے کیے ہم نے سب برباد کر دیے۔

ایسوں ہی کو فرماتا ہے:—

عَامِلَۃٌ نَّاصِبَۃٌ ○ تَصْلٰی نَارًا حَامِیَۃً ○ | عمل کریں مشقتیں بھریں۔ اور بدلہ کیا ہوگا یہ کہ بھڑکتی آگ میں داخل ہوں گے۔

والعیاذ باللہ تعالیٰ۔ مسلمانو! کہو محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم مدار ایمان و مدار نجات و مدار قبول اعمال ہوئی یا نہیں۔ کہو ہوئی اور ضرور ہوئی۔ (از ملفوظات اعلیحضرت)

امام قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ و رضی اللہ تعالیٰ عنہ مذکورہ آیت کی تفسیر میں ارقام فرماتے ہیں۔ نیز علامہ شہاب الدین خفاجی حنفی مصری شرح شفا میں فرماتے ہیں:—

(قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ) مَعْنٰی تُعَزِّرُوْہُ تُجِلُّوْہُ) اَلْاِجْلَالُ

اِفْعَالٌ مِنَ الْجَلَالِ وَهُوَ التَّنَاهِيْ فِيْ عِظَمِ الْقَدْرِ وَ لِذَا خُصَّ بِاللّٰهِ تَعَالٰی فَقِيْلَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ كَمَا قَالَهُ الرَّاغِبُ (وَقَالَ الْمُبَرِّدُ) شَيْخُ التَّفْسِيْرِ وَالْعَرَبِيَّةِ (تُعَزِّرُوْهُ) تُبَالِغُوْا فِيْ تَعْظِيْمِهٖ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَهُوَ مُوَافِقٌ لِمَا قَالَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا وَلَيْسَ اَخَصَّ مِنْهُ كَمَا تُوُهِّمَ (شفا شریف ج ۲ ص ۲۹) نسیم الریاض ج ۳ ص ۳۸۷ واقرء القاری شرح للشفا صفحہ مذکور۔

حضور کے صحابی حضرت عبداللہ بن عباس نے تعزروہ کا معنی تجلوہ کیا۔ (حضور کی تعظیم کرو) تجلوہ اجلال باب افعال سے ہے۔ جس کا مجرد جلال ہے۔ جلال کے معنی بلند رتبہ ہونے میں انتہا کو پہنچنا اسی لئے یہ رب سے خاص ہے۔ پس کہا جاتا ہے۔ ذوالجلالِ وَالاکرام۔ جیسا کہ یہ بات امام راغب نے کی۔ امام مبرد نے کہا جو تفسیر اور عربیہ کا شیخ ہے۔ کہ تعزروہ کا معنی یہ ہے۔ کہ حضور کی تعظیم میں مبالغہ کرو۔ امام مبرد کی یہ تفسیر ابن عباس کے قول کے موافق ہے۔ یہ تفسیر اس قول سے خاص نہیں۔ جیسا وہم کیا گیا ہے۔

لہ اور چونکہ کتاب الشمائل امام ترمذی رحمہ اللہ کی اور کتاب الشفاء قاضی عیاض رحمہما کی اس باب میں جامع تر اور ضابطہ تر تھی۔ اس لئے ہم نے انہی دو کتابوں سے ایسے مضامین منتخب کئے۔ جو طالب راغب کو دوسری کتابوں سے بے نیاز کر دیں۔ اور جن سے مہجور دل کو تسلی ہو سکے۔
نشر الطیب للتھانوی ص ۱۰۳/۱۰۴ یہ حوالہ انما للحجۃ نقل ہوا ۱۲ منہ۔

ف قرآن شریف کا حکم کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم میں مبالغہ کرو۔

نیز امام قاضی عیاض انہی الفاظِ قرآنیہ کی تشریح کرتے ہیں۔

وَیُعَزِّرُوْہُ اَیْ یُجِلُّوْنَہٗ وَقِیْلَ یَنْصُرُوْنَہٗ وَقِیْلَ یُبَالِغُوْنَ فِیْ تَعْظِیْمِہٖ وَیُوَقِّرُوْہُ اَیْ یُعَظِّمُوْہُ (شفا شریف ج ۱ ص ۴۲)

ویعزروہ یعنی حضور کی تعظیم کریں۔ اور بعض نے کہا کہ حضور کی مدد کریں۔ اور بعض نے کہا کہ حضور کی تعظیم میں مبالغہ کریں۔ ویوقروہ یعنی حضور کی تعظیم کریں۔

علامہ جلال الدین محلی ارقام فرماتے ہیں :—

وَیُعَزِّرُوْہُ یَنْصُرُوْہُ وَقُرِیَٔ بِزَایَیْنِ مَعَ الْفَوْقَانِیَّۃِ وَیُوَقِّرُوْہُ اَیْ تُعَظِّمُوْہُ وَضَمِیْرُھُمَا لِلّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ تفسیر جلالین ص ۴۲۳ مطبوعہ دہلی

اور مدد کریں اللہ ورسول کی تعزروہ کی قراءت بھی ہے۔ اور تعظیم کرو اللہ ورسول کی۔ یہ دونوں ضمیریں تعزروہ اور توقروہ کی اللہ ورسول کی طرف لوٹتی ہیں۔

کمالین میں ہے :—

قَالَ الْبَغَوِیُّ وَھَاتَانِ الْکِنَایَتَانِ رَاجِعَتَانِ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھٰھُنَا وَقْفٌ۔ (حاشیہ ۲ جلالین شریف ص ۴۲۳)

امام بغوی نے فرمایا۔ یہ دونوں ضمیریں نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف لوٹتی ہیں۔ (اور اگلی ضمیر تسبحوہ والی رب کی طرف لوٹتی ہے۔ لہذا یہاں توقروہ پہ وقف ہے (چنانچہ قرآن میں علامت ط مرقوم ہے)

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ ارقام فرماتے ہیں :—

اَخْرَجَ ابْنُ جَرِیْرٍ وَّابْنُ الْمُنْذِرِ وَابْنُ اَبِیْ حَاتِمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا فِیْ قَوْلِہٖ وَیُعَزِّرُوْہُ یَعْنِی الْاِجْلَالَ

وَيُوَقِّرُوْهُ يَعْنِيْ التَّعْظِيْمُ يَعْنِيْ محمدًا صلى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔
(تفسیر درمنثور ج ۶ ص [illegible])

امام ابن جریر و ابن منذر اور ابن ابی حاتم نے اخراج کیا۔ کہ عبداللہ بن عباس صحابی رسول سے اللہ کے اس قول وتعزروہ کی تفسیر میں منقول ہے۔ یعنی تعظیم کریں۔ اور وتوقروہ کے معنی بھی تعظیم کریں۔ یعنی حضور کی (صلی اللہ علیہ وسلم)

علامہ عارف باللہ تعالیٰ الشیخ احمد صاوی مالکی حاشیہ جلالین میں ارقام فرماتے ہیں

وَيُؤْخَذُ مِنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ اَنَّ مَنِ اقْتَصَرَ عَلٰى تَعْظِيْمِ اللّٰهِ وَحْدَهٗ اَوْ عَلٰى تَعْظِيْمِ الرَّسُوْلِ وَحْدَهٗ فَلَيْسَ بِمُؤْمِنٍ بَلِ الْمُؤْمِنُ مَنْ جَمَعَ بَيْنَ تَعْظِيْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَتَعْظِيْمِ رَسُوْلِهٖ وَلٰكِنَّ التَّعْظِيْمَ فِيْ كُلٍّ بِحَسْبِهٖ فَتَعْظِيْمُ اللّٰهِ تَنْزِيْهُهٗ عَنْ صِفَاتِ الْحَوَادِثِ وَوَصْفُهٗ بِالْكَمَالَاتِ وَتَعْظِيْمُ رَسُوْلِهٖ اِعْتِقَادُ اَنَّهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ حَقًّا وَصِدْقًا لِكَافَّةِ الْخَلْقِ بَشِيْرًا وَنَذِيْرًا اِلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ مِنْ اَوْصَافِهِ الْحَمِيْدَةِ وَشَمَائِلِهِ الْمَرْضِيَّةِ صاوی علی الجلالین ج [illegible]

اس آیت تعزروہ وتوقروہ سے ثابت ہوا کہ جو صرف تعظیم خدا کرے یا صرف تعظیم رسول کرے وہ مومن نہیں بلکہ مومن وہ ہے۔ جو تعظیم خدا و تعظیم مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم) دونوں کرے۔ لیکن ہر ایک کی تعظیم اس کی شان کے مطابق ہے پس اللہ تعالیٰ کی تعظیم رب کو صفات حوادث سے منزہ بتانا اور وصف کمالات سے موصوف ماننا ہے۔ اور تعظیم رسول یہ ہے کہ یہ اعتقاد رکھنا کہ حضور اللہ کے سچے رسول ہیں تمام مخلوق کیلئے خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے ہیں۔ علاوہ ازیں حضور کے عالی قدر اوصاف اور پسندیدہ خصائل کا معتقد ہو۔

اَوْجَبَ عَلَيْنَا تَعْظِيْمَهٗ وَتَوْقِيْرَهٗ وَنُصْرَتَهٗ وَمَحَبَّتَهٗ وَالْاَدَبَ مَعَهٗ فَقَالَ تَعَالٰى اِنَّا اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا (الاٰیۃ) (جواہر البحار ج ۳ ص ۲۵۱ عن الامام السبکی)	امام سبکی نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیۃ انا ارسلنٰک ...... الخ سے ہم پر حضور کی تعظیم اور توقیر اور حضور کی مدد اور محبت اور حضور کا ادب لازم وضروری قرار دیا ۔

الامام العلامۃ قدوۃ الامۃ وعلم الائمۃ ناصر الشریعۃ ومحی السنۃ علاء الدین علی بن محمد بن ابراھیم البغدادی المعروف بالخازن ارقام فرماتے ہیں :۔

اَلْکِنَایَاتُ فِیْ قَوْلِهٖ وَیُعَزِّرُوْهُ وَیُوَقِّرُوْهُ رَاجِعَةٌ اِلَی الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهَا تَمَّ الْكَلَامُ فَالْوَقْفُ عَلٰى وَيُوَقِّرُوْهُ وَقْفٌ تَامٌّ (تفسیر خازن ج ۴ ص ۱۳۶ مطبوعہ مصر)	ضمیریں (مفعول کی) اللہ تعالیٰ کے اس قول ویعزروہ ویوقروہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف لوٹتی ہیں ۔ اور یوقروہ پر کلام تمام ہوئی ۔ اسپر وقف وقف تام ہے ۔

قاضی ثناء اللہ نے لکھا ہے

قَالَ الْبَغَوِیُّ تَمِیْمُ تُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ رَاجِعَاتٌ اِلٰی رَسُوْلِهٖ وَضَمِیْرُ وَتُسَبِّحُوْهُ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰى وَاسْتَجْوَدَهُ الزَّمَخْشَرِیُّ (الْمُعْتَزِلِیُّ) بِکَوْنِهٖ مُسْتَلْزِمًا لِانْتِشَارِ الضَّمَائِرِ قُلْنَا لَا بَاْسَ بِهٖ عِنْدَ قِیَامِ قَرِیْنَةٍ تَعْدِمُ اللَّبْسَ (تفسیر مظہری ج ۹ ص ۶/۵)	امام بغوی نے فرمایا تعزروہ وتوقروہ کی ضمیریں رسول اللہ کی طرف لوٹتی ہیں ۔ اور تسبحوہ کی ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹتی ہے زمخشری معتزلی نے اسکو بجید سمجھا ۔ کیونکہ انتشار ضمائر لازم آتا ہے ۔ قاضی ثناء اللہ نے کہا ہم جواب دیتے کہ انتشار ضمائر میں کوئی حرج نہیں ۔ جبکہ قرینہ موجود ہو اور التباس نہ ہوتا ہو ۔

علامہ عارف اسمٰعیل حقی حنفی آیت مَا کَانَ لَکُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰہِ کے ماتحت لکھتے ہیں :- (احزاب)

وَالْحَاصِلُ اَنَّہٗ یَجِبُ عَلَی الْاُمَّۃِ اَنْ یُّعَظِّمُوْہُ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَیُوَقِّرُوْہُ فِیْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ فِیْ حَالِ حَیَاتِہٖ وَبَعْدَ وَفَاتِہٖ فَاِنَّہٗ بِقَدْرِ اِزْدِیَادِ تَعْظِیْمِہٖ وَتَوْقِیْرِہٖ فِی الْقُلُوْبِ یَزْدَادُ نُوْرُ الْاِیْمَانِ (تفسیر روح البیان ج ۷ ص ۶۳)

اور خلاصہ کلام یہ ہے کہ حضور کی حیاتِ دنیاوی کی حالت میں اور بعدِ وفات بھی غرض ہر حالت میں حضور کی تعظیم و توقیر امت پر لازم اور ضروری ہے۔ کیونکہ دلوں میں جتنا حضور کی تعظیم بڑھے گی اتنا نورِ ایمان بڑھے گا۔ صلے اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم۔

ابنِ تیمیہ اسی آیت یُعَزِّرُوْہُ سے استنادًا لکھتا ہے:-

اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی اَمَرَ بِتَعْزِیْرِہٖ وَتَوْقِیْرِہٖ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ فَقَالَ وَتُعَزِّرُوْہُ وَتُوَقِّرُوْہُ (الصارم المسلول) (جواہر البحار ج ۳ ص ۲۲)

بیشک اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعظیم اور توقیر کا حکم فرمایا۔ چنانچہ فرمایا وَتُعَزِّرُوْہُ وَتُوَقِّرُوْہُ (قرآن) حضور کی بڑائی بیان کرو اور حضور کی تعظیم کرو۔

نیز ابنِ تیمیہ نے لکھا ہے:-

اِنَّا نَسْفِکُ الدِّمَاءَ وَنَبْذُلُ الْاَمْوَالَ فِیْ تَعْزِیْرِ الرَّسُوْلِ وَتَوْقِیْرِہٖ وَرَفْعِ ذِکْرِہٖ وَاِظْہَارِ شَرَفِہٖ وَعُلُوِّ قَدْرِہٖ (الصارم المسلول ص ۲۰۲)

ہم (مسلمان) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بڑائی بیان کرنے میں اور حضور کی تعظیم میں اور آپ کے ذکر کو بلند کرنے میں اور آپ کے شرف کو ظاہر کرنے میں اور علو قدر و منزلت میں اپنے خون بہاتے ہیں۔ اور اپنے تمام اموال

نیز اسی ابن تیمیہ نے لکھا ہے :-

اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی فَرَضَ عَلَیْنَا تَعْزِیْرَ رَسُوْلِہٖ وَتَوْقِیْرَہٗ وَتَعْزِیْرُہٗ نَصْرُہٗ وَمَنْعُہٗ وَتَوْقِیْرُہٗ اِجْلَالُہٗ وَتَعْظِیْمُہٗ وَذٰلِکَ یُوْجِبُ صَوْنَ عِرْضِہٖ بِکُلِّ طَرِیْقٍ ۔

(الصارم ص ۲۰۹)

تحقیق اللہ تعالیٰ نے ہم مسلمانوں پہ حضور کی تعزیر اور توقیر فرض کی ۔ حضور کی تعزیر حضور کی نصرت و امداد کرنا ہے ۔ اور آپ سے منع کرنا ہے (ہر ایذا کو) اور حضور کی توقیر حضور کی تکریم اور تعظیم کرنا ہے اور یہ واجب کرتی ہے اسکو کہ ہر طریق سے حضور کی عزت کی حفاظت کیجائے ۔

نیز ابن تیمیہ نے لکھا ہے :-

اَمَّا اِنْتِہَاکُ عِرْضِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاِنَّہٗ مُنَافٍ لِدِیْنِ اللّٰہِ بِالْکُلِّیَّۃِ فَاِنَّ الْعِرْضَ مَتٰی اُنْتُہِکَ سَقَطَ الْاِحْتِرَامُ وَالتَّعْظِیْمُ فَسَقَطَ مَا جَاءَ بِہٖ مِنَ الرِّسَالَۃِ فَبَطَلَ الدِّیْنُ فَقِیَامُ الْمِدْحَۃِ وَالثَّنَاءِ عَلَیْہِ وَالتَّعْظِیْمِ وَالتَّوْقِیْرِ لَہٗ قِیَامُ الدِّیْنِ کُلِّہٖ وَسُقُوْطُ ذٰلِکَ سُقُوْطُ الدِّیْنِ کُلِّہٖ الصارم ص ۲۱۱

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بے عزتی (بے ادبی) بالکل دین اللہ کے منافی ہے کیونکہ جب بے عزتی ہوئی تو احترام اور تعظیم کا سقوط ہوا ۔ تو جو کچھ حضور پیغام لائے وہ گر گیا تو کل دین باطل ہو گیا ۔ پس حضور کی مدح ، ثنا اور تعظیم اور توقیر کے قیام سے کل دین کا قیام ہے ۔ اور ان چیزوں کے ساقط ہونے سے کل دین کا سقوط ہے ۔

ابو محمد عبدالحق حقانی اسی آیت کے ماتحت لکھتا ہے :-

"اور اللہ اور اس کے رسول کی عزت و توقیر کرو۔ رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم و ادب فرض ہے۔ ذرا بھی کوئی توہین کرے گا۔ فیضِ رسالت سے ابد الآباد محروم رہیگا۔"

(ملخصاً تفسیر حقانی ج ۶ ص ۲۸۵)

شبیر احمد عثمانی دیوبندی حاشیۃ القرآن میں لکھتا ہے :-

"تعزروہ اور توقروہ کی ضمیریں اگر اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہوں تو اللہ کی مدد کرنے سے مراد اس کے دین اور پیغمبر کی مدد کرنا ہے" اور اگر رسول کی طرف راجع ہوں تو پھر کوئی اشکال نہیں۔"

(حاشیہ ۵ ص ۶۶۴)

۲ مسلمانو! ہمارا اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے :-

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ پ ۲۶ الحجرات ع ۱

اے ایمان والو! اللہ اور اسکے رسول سے آگے نہ بڑھو۔ اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ سنتا جانتا ہے

یعنی تمہیں لازم ہے۔ کہ اصلاً تم سے تقدیم واقع نہ ہو۔ نہ قول میں نہ فعل میں کہ تقدم کرنا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے آداب و احترام کے خلاف ہے۔ بارگاہ رسالت میں نیاز مندی و آداب لازم ہیں۔ (خزائن العرفان) اس سے چند مسئلے معلوم ہوئے۔ ایک یہ کہ حضور کی بے ادبی حق تعالیٰ کی بے ادبی ہے۔ کہ ان حضرات نے حضور پر پیش قدمی کی۔ تو فرمایا گیا۔ کہ اللہ و رسول پر پیش قدمی نہ کرو۔ دوسرے یہ کہ

راستہ چلنے، بات کرنے، کسی چیز میں بھی حضور سے آگے بڑھنا منع ہے۔ کیونکہ یہاں لَا تُقَدِّمُوا مطلق ہے۔

امام قاضی عیاض شفا شریف میں اور علامہ علی قاری اور علامہ شہاب الدین خفاجی اس کی شرح میں فرماتے ہیں۔

واللفظ للقاری وللخفاجی مثلہ الاماشاء اللہ

(وَنُهِيَ) (عَنِ التَّقَدُّمِ بَيْنَ يَدَيْهِ بِالْقَوْلِ وَسُوْءِ الْاَدَبِ بِسَبْقِهِ بِالْكَلَامِ

(اور اللہ تعالٰی نے (اس آیت میں) قولاً فعلاً حضور کے سامنے پہل کرنے سے منع فرمایا ہے

عَلٰى قَوْلِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَغَيْرِهٖ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ وَهُوَ اخْتِيَارُ ثَعْلَب

یہ تفسیر حضرت ابن عباس وغیرہ کے قول پر ہے۔ اور یہی شیخ اللغۃ والعربیۃ علامہ محدث۔ امام ثعلب متوفی سنہ ۲۹۱ھ کے نزدیک مختار ہے۔

(قَالَ سَهْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ) التُّسْتَرِيُّ (لَا تَقُوْلُوْا قَبْلَ اَنْ يَّقُوْلَ) اَيْ لَا تَبْتَدِءُوْا بِالْكَلَامِ عِنْدَهٗ (وَاِذَا قَالَ فَاسْتَمِعُوْا وَاَنْصِتُوْا) اُسْكُتُوْا وَالْمَعْنٰى اَنَّهٗ يَجِبُ الْاِسْتِمَاعُ عِنْدَ كَلَامِهِ الَّذِيْ هُوَ الْوَحْيُ الْخَفِيُّ كَمَا يَجِبُ اِسْتِمَاعُ الْقُرْاٰنِ الَّذِيْ هُوَ الْوَحْيُ الْجَلِيُّ وَفِيْهِ اِيْمَاءٌ اِلٰى ... اٰيَةِ هٰذَا الْاَدَبِ عِنْدَ ...

امام سہل بن عبداللہ تستری نے (اس آیت کی تفسیر میں فرمایا) کہ حضور کے فرمانے سے پہلے نہ بولا کرو۔ یعنی حضور کے ہاں کلام کی ابتداء نہ کرو۔ جرأت نہ دکھاؤ۔ اور جب آپ فرمادیں تو خوب توجہ سے سنو اور خاموش رہو۔ معنی یہ ہے کہ بوقت کلام پاک (حدیث شریف) ما، جو کہ وحی خفی ہے (اس کا سننا واجب ہے۔) جیسا کہ قرآن شریف کا سننا واجب ہے جو کہ وحی جلی ہے۔ اور اسی کو یہاں بتانا ہے۔

الحدیثِ المرویِّ عنہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال المصنف (ونُہوا) اصحابہ واحزابہ (عن التقدم) ای المبادرۃ (والتعجل بقضاء امرٍ) ای بحکم شیءٍ (قبل قضائہ فیہ وان یفتاتوا) افتعال من الفوت ای یسبقوہ (بشیءٍ) ای منفردین برأیہم دونہ فی تصرفہم (فی ذٰلک من قتالٍ او غیرہ من امر دینہم الا بامرہ ولا یسبقوہ) ای ولو فی امر دنیاہم والمعنی ان یکونوا تابعین لہ فی جمیع قضایاہم من امور دنیاہم واخراہم (والی ھٰذا) ای المعنی المذکور (یرجع قول الحسن) ای البصری (ومجاہد والضحاک والسدی والثوری) ای یوافق قول ھٰؤلاء ذٰلک المقال فی المآل ثم وعظہم ای نصحہم اللہ

اس بات کی طرف کہ حضور کی حدیث کے سماع کے وقت بھی اسی ادب کی رعایت ہو۔ (مصنف امام قاضی عیاض نے فرمایا کہ) حضور کے اصحاب اور گروہ کو اس بات سے منع کیا گیا۔ کہ کسی شئی کے حکم میں حضور کے فیصلہ دینے سے پہلے خود نہ فیصلہ کر بیٹھیں اور یہ نہ ہو کہ بغیر حضور کے صرف اپنی رائے کے سبب کسی چیز میں حضور سے سبقت کریں۔ فیصلہ کرنے میں قتال ہو یا غیر قتال ہو اپنے دین کے معاملہ میں مگر یہ سب کام حضور کے امر سے طے پائیں۔ ان میں سے کسی کام میں حضور سے سبقت نہ کریں۔ اگرچہ دنیا کا معاملہ ہو۔ معنی یہ ہے کہ اپنے تمام فیصلوں اپنے دنیاوی اور اخروی امور میں حضور کے تابع ہوں۔ اسی معنی مذکور کی طرف امام حسن بصری امام مجاہد اور سدی و ثوری کا قول رجوع کرتا ہے۔ انجام میں ان لوگوں کا قول قول مذکور کے موافق ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے انکو نصیحت کی

(وحذّرهم مخالفته ذلك تعالٰی واتقوا اللّٰہ ان اللّٰہ سمیع) باقوالکم (علیم) باحوالکم (قال الماوردی اتقوہ یعنی فی التقدم ای بشی من القول والفعل بین یدیہ قبل ان یحدث منہ مھلک الیہا۔۔۔ وقال السلمی اتقوا اللّٰہ فی اھمال حقہ وتضییع حرمتہ انتہی) وفی نسختہ صحیحۃ (ان اللّٰہ سمیع لقولکم علیم بفعلکم) انتہی شرح ملخصا شرح شفا یعلی القاری علی ہامش نسیم الریاض

اور اس حکم کی مخالفت سے ڈرایا۔ چنانچہ فرمایا۔ کہ "اللّٰہ سے ڈرو۔ بے شک اللّٰہ تعالیٰ تمہاری باتوں کو سننے والا ہے تمہارے حالات کو جاننے والا ہے۔ امام ماوردی نے فرمایا (کہ معنی یہ ہے) اللّٰہ سے ڈرو یعنی اس بات میں کہ حضور کے میلان کے بغیر کسی شے کی طرف تم قولاً فعلاً پہل نہ کر بیٹھو۔ سلمی نے فرمایا۔ کہ اس آیت کے معنی یہ ہیں۔ کہ حضور کے حق میں کوتاہی کرنے سے اور حضور کی عزت وعظمت کے ضائع کرنے میں اللّٰہ سے ڈرو۔ بیشک اللّٰہ تمہاری بات کو سننے والا ہے۔ تمہارے کام کو جاننے والا ہے

۳۲۰ ص ۳۸۵/۳۸۶ - و شفا شریف ج ۲ ص ۳۰

امام احمد قسطلانی مواہب اللدنیہ شریف میں اور علامہ زرقانی اس کی شرح میں ارقام فرماتے ہیں :۔۔۔

قال اللّٰہ تعالیٰ یاایھا الذین اٰمنوا لا تقدموا بین یدی اللّٰہ ورسولہ) وجہہ تضمنہا الادب

اللّٰہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اے ایمان والو اللّٰہ اور اس کے رسول سے آگے نہ بڑھو۔ اس آیت کے متضمن ادب رسول

أَنَّ النَّهْيَ عَنِ الشَّيْءِ أَمْرٌ بِضِدِّهٖ وَطَلَبَ التَّاخُّرِ وَهُوَ ادَبٌ (فَمِنَ الْأَدَبِ أَنْ لَا يَتَقَدَّمَ بَيْنَ يَدَيْهِ) لَا عِنْدَهٗ سَوَاءٌ كَانَ تِجَاهَهٗ أَوْ عَنْ يَمِينِهٖ أَوْ يَسَارِهٖ أَوْ خَلْفِهٖ (بِأَمْرٍ وَلَا نَهْيٍ وَلَا اِذْنٍ وَلَا تَصَرُّفٍ) دَائِمًا وَمُ عَلٰى ذٰلِكَ (حَتّٰى يَأْمُرَهُوَ وَيَنْهٰى وَيَاذَنَ كَمَا اَمَرَ اللّٰهُ بِذٰلِكَ فِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ) وَفِي ابْنِ عَطِيَّةَ قَالَ ابْنُ زَيْدٍ مَعْنٰى لَا تُقَدِّمُوْا لَا تَمْشُوْا بَيْنَ يَدَيِ الْعُلَمَاءِ فَاِنَّهُمْ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ هٰذَا ظَاهِرٌ فِيْ اَنَّ مَعْنَاهُ لَا تَتَقَدَّمُوْا حِسِّيًّا = (وَهٰذَا) النَّهْيُ عَنِ التَّقَدُّمِ (بَاقٍ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَمْ يُنْسَخْ) سَوَاءٌ كَانَ التَّقَدُّمُ حَقِيْقَةً اَوْ حُكْمًا (فَالتَّقَدُّمُ بَيْنَ يَدَيْ سُنَّتِهٖ) (بَعْدَ) وَفَاتِهٖ كَالتَّقَدُّمِ بَيْنَ

ہونے کی وجہ یہ ہے۔ کہ ایک شے سے منع کرنا اس شی کے خلاف کا حکم ہوتا ہے۔

اور اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں حضور سے پیچھے رہنے کو طلب کیا ہے اور یہ ادب ہے تو یہ بات ادب ہے کہ حضور کے ہاں پہل نہ ہو حضور کے سامنے دائیں بائیں پیچھے کسی صورت میں پہل نہ ہو۔ نہ امر میں نہ نہی میں نہ اجازت میں اور نہ تصرف میں اس پر ہمیشگی کی جائے۔ حتیٰ کہ خود حضور حکم فرما دیں اور روکیں۔ اور اجازت دیں۔ جیسا کہ اللہ نے اس آیت میں اسی کا حکم دیا ہے۔ اور ابن عطیہ میں ہے کہ ابن زید نے کہا کہ "لَا تُقَدِّمُوْا" کا یہ معنی ہے۔ کہ حضور کے آگے نہ چلو! اور اسی طرح علماء کے آگے بھی نہ چلو۔ کیونکہ علماء انبیاء کے وارث ہیں۔ یہ ظاہر ہے اس بات میں کہ یہاں تقدم سے مراد تقدم حسی ہے۔ اور یہ نبی سے پہل کی نہی قیامت تک باقی ہے۔ منسوخ نہیں عام اس سے کہ تقدم حقیقی ہو یا حکمی۔ تو حضور کی پردہ پوشی کے بعد حضور کی

ﮩ سنت سے پہل کرنا ایسا ہی ہے جیسا کہ حضور کی حیات ظاہری میں

(حاشیہ:) بالکسر دالفتح والفتح اتم

(حاشیہ:) یعنی جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ... [illegible]

يدا بيد في حياته لا فرق بينهما
عند ذي عقل سليم. وقد علم
ان التقدم اعم من كونه حقيقة
او حكما فلا يرد انه ينتهي
بوفاته صلى الله عليه وسلم
(قال مجاهد) عند البخاري في
تفسير لا تقدموا (لا تفتاتوا)
اي لا تسبقوا (بشيء على رسول
الله صلى الله عليه وسلم) بل امهلوا
وامتنعوا عن العمل فيه بشيء
(حتى يقضيه الله على لسانه)
فلتمرّوا به (وقال الضحاك
لا تقضوا امرا دون رسول الله
صلى الله عليه وسلم وقال غيره
لا تامروا حتى يامر ولا تنهوا حتى
ينهى وانظر ادب لصديق رضي الله عنه
معه عليه الصلوة والسلام في
الصلوة ان تقدم بين يديه
كيف تاخر روى مالك الشيخان

حضور کے سامنے پہل کیجائے۔ ان
دونوں تقدموں میں صاحب عقل سلیم
کے نزدیک کوئی فرق نہیں۔ اور یقیناً
یہ بات معلوم ہو چکی کہ تقدم عام
ہے۔ چاہے۔ حقیقی ہو یا حکمی۔ پس
یہ اعتراض وارد نہ ہوگا۔ کہ یہ نہی حضور
کی پردہ پوشی پر ختم ہوگئی۔ بخاری میں
ہے۔ کہ امام مجاہد نے لاتقدموا کی تفسیر میں فرمایا
کہ کسی چیز میں حضور سے سبقت نہ کرو۔
بلکہ اسے چھوڑے رہو۔ اور اس میں ہر
طرح عمل کرنے سے باز رہو۔ حتیٰ کہ اللہ
تعالیٰ حضور کی زبان پہ اُس کا فیصلہ
کرے۔ پھر اُس پہ عمل کرو۔ حضرت
ضحاک نے فرمایا۔ کہ حضور علیہ السلام کے بغیر ( )
کسی معاملہ کا فیصلہ نہ کرو۔ اور ان کے
غیر نے فرمایا۔ کہ تم امر نہ کرو جب حضور امر
کریں۔ تم نہ روکو جب تک حضور نہ روکیں
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ادب حضور کے ساتھ
کہ نماز میں باوجود مقدم ہونے کے کیسے پیچھے ہٹ

مِنْ طَرِيْقِهٖ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ
بْنِ سَعْدٍ اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ذَهَبَ اِلٰى بَنِيْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ وَحَانَتِ
الصَّلٰوةُ فَجَاءَ الْمُؤَذِّنُ اِلٰى اَبِيْ بَكْرٍ
فَقَالَ اَتُصَلِّيْ لِلنَّاسِ فَاُقِيْمَ قَالَ نَعَمْ
فَصَلّٰى اَبُوْ بَكْرٍ فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
وَالنَّاسُ فِي الصَّلٰوةِ فَتَخَلَّصَ حَتّٰى
وَقَفَ فِي الصَّفِّ فَصَفَّقَ النَّاسُ
وَكَانَ اَبُوْ بَكْرٍ لَا يَلْتَفِتُ فِيْ صَلٰوتِهٖ
فَلَمَّا اَكْثَرَ النَّاسُ مِنَ التَّصْفِيْقِ
اِلْتَفَتَ اَبُوْ بَكْرٍ فَرَاٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَشَارَ اِلَيْهِ
اَنِ امْكُثْ مَكَانَكَ فَرَفَعَ اَبُوْ بَكْرٍ
يَدَيْهِ وَحَمِدَ اللّٰهَ عَلٰى مَا اَمَرَهٗ بِهٖ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ذٰلِكَ
ثُمَّ اسْتَاْخَرَ حَتَّى اسْتَوٰى فِي الصَّفِّ
وَتَقَدَّمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى
بِالنَّاسِ ثُمَّ انْصَرَفَ فَقَالَ يَا اَبَا بَكْرٍ
مَا مَنَعَكَ اَنْ تَثْبُتَ اِذْ اَمَرْتُكَ

آئے۔ امام مالک اور بخاری ومسلم ابی حازم
کے طریق سے سہل بن سعد سے راوی ہے کہ
حضور بنی عمرو بن عوف کی طرف گئے
اور نماز کا وقت قریب ہوگیا۔ موذن
حضرت ابو بکر کے ہاں گیا۔ عرض کی۔ کہ
آپ لوگوں کو نماز پڑھائیں تو میں تکبیر
کہوں۔ حضرت ابو بکر نے فرمایا ہاں۔
تو حضرت ابو بکر لوگوں کو نماز پڑھانے لگے۔ حضور
اس حالت میں تشریف لائے کہ لوگ نماز میں تھے
تو حضور وہاں سے منتقل ہوئے۔ یہاں تک کہ
صف میں کھڑے ہوگئے تو لوگوں نے تالیاں بجائیں حضرت
ابو بکر نماز میں دوسری طرف توجہ نہ کرتے
تھے۔ جب لوگوں نے اکثر تالیاں بجائیں
حضرت ابو بکر متوجہ ہوئے۔ تو حضور کو
دیکھا۔ حضور نے ابو بکر کو اشارہ فرمایا
کہ اپنی جگہ رہو۔ تو ابو بکر نے اپنے
دونوں ہاتھ اٹھائے اور حضور کے امر پر
اللہ کی حمد بجا لائے۔ پھر پیچھے ہٹنے
کی اجازت مانگی۔ حتی کہ صف کے برابر ہو

(فقال) ابوبکر (ماکان لابن ابی قحافۃ) وعبّر بذلک دون ان یقول ماکان لی او لابی بکر تحقیراً لنفسہ (ان یتقدم) وفی روایۃ ان یصلی (بین یدی رسول اللہ) وفی روایۃ ان یؤم النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) ففہم ان مرادہ علیہ السلام ان یؤم الناس وان امرہ ایاہ بالاستمرار فی الامامۃ من باب الاکرام والتنویہ بقدرہ فسلک ہو طریق الادب ولذا لم یردہ صلی اللہ علیہ وسلم اعتذارہ،

انتہی المتن بعینہ

واللہ ملخصاً

(زرقانی علی المواہب ج ۲ صہ ۲۴۷ ۲۴۸)

★

اور حضور آگے بڑھے - اور لوگوں کو نماز پڑھائی - پھر جب نماز سے فارغ ہوئے فرمایا اے ابو بکر تجھے کس چیز نے منع کیا کہ تو اپنی جگہ امامت پر ثابت رہتا جبکہ میں نے تجھے حکم دیا تھا - تو حضرت ابو بکر نے جواباً عرض کیا ابو قحافہ کے بیٹے کیلئے (یعنی مجھے یہ لائق نہ تھا (کہ حضور کے آگے ہو) اور تو اضعاً ابن ابی قحافہ کہا - یہ نہ کہا کہ مجھے لائق نہ تھا الخ یا کہا کہ ابو بکر کو یہ لائق نہ تھا - اور ایک روایت میں ہے کہ آگے نماز پڑھائے اور دوسری روایت میں ہے کہ حضور کی امامت کرائے - اس سے معلوم ہوا کہ حضور کی مراد یہ تھی - کہ ابو بکر لوگوں کو نماز پڑھائے - اور بیشک حضور کا امر حضرت ابو بکر کو، کہ امامت کرائے ہے! عزت دینے اور مرتبہ بلند کرنے کی غرض سے تھا - حضرت ابو بکر نے طریق ادب اختیار کیا - اسی لئے حضور نے ان کا عذر رد نہ فرمایا

قدوۃ الامۃ وعلم الائمۃ ناصر الشریعۃ ومحی السنۃ العلامۃ الخازن فرماتے ہیں:۔۔۔

قَوْلُہٗ تَعَالٰی عَزَّوَجَلَّ (یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ) مِنَ التَّقْدِیْمِ اَیْ لَا یَنْبَغِیْ لَکُمْ اَنْ یَّصْدُرَ مِنْکُمْ تَقْدِیْمٌ اَصْلًا وَقِیْلَ لَا تُقَدِّمُوْا فِعْلًا بَیْنَ یَدَیْ اَمْرِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَلَا نَھْیِھِمَا وَقِیْلَ لَا تَجْعَلُوْا لِاَنْفُسِکُمْ تَقَدُّمًا عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَفِیْہِ اِشَارَۃٌ اِلَی احْتِرَامِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالْاِنْقِیَادِ لِاَوَامِرِہٖ وَنَوَاھِیْہِ (وَاتَّقُوا اللّٰہَ) اَیْ فِیْ تَضْیِیْعِ حَقِّہٖ (اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌ) اَیْ لِاَقْوَالِکُمْ (عَلِیْمٌ) اَیْ بِاَفْعَالِکُمْ۔ انتہی ملخصاً (تفسیر لباب التاویل) المعروف تفسیر خازن ج ۴ ص ۱۶۳ / ۱۶۴)

اللہ تعالیٰ کے اس قول "یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ" کا مطلب یہ ہے کہ اے مومنو! تمہیں یہ لائق نہیں کہ تم سے کسی قسم کی تقدیم ظاہر ہو۔ اور بعضوں نے کہا کہ مطلب یہ ہے۔ کہ اللہ و رسول کے سامنے کسی فعل کی تقدیم نہ کرو یعنی یہ ہوا کہ اللہ و رسول کے امر و نہی سے قبل کوئی فعل مقدم نہ کرو۔ اور بعضوں نے کہا اس کا مطلب یہ ہے کہ حضور کی بارگاہ میں اپنے نفوس کیلئے تقدم مقرر کرو۔ اور اسمیں اشارہ ہے حضور کے احترام کیطرف اور حضور کے اوامر و نواہی کی فرمانبرداری کی طرف حضور کے حق کو ضائع کرنے میں اللہ سے ڈرو بے شک اللہ تعالیٰ تمہاری باتوں کو سننے والا ہے۔ تمہارے کاموں کو جاننے والا ہے

۴ بین یدی اللہ ورسولہ [illegible] تقدموا بین

امام فخرالدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :۔

اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی لَمَّا بَیَّنَ مَحَلَّ النَّبِیِّ وَعُلُوَّ دَرَجَتِہٖ بِکَوْنِہٖ رَسُوْلَہُ الَّذِیْ یُظْهِرُ دِیْنَہٗ وَذَکَرَہٗ بِاَنَّہٗ رَحِیْمٌ بِالْمُؤْمِنِیْنَ بِقَوْلِہٖ رَحِیْمًا قَالَ لَا تَتْرُکُوْا مِنْ اِحْتِرَامِہٖ شَیْئًا لَا بِالْفِعْلِ وَلَا بِالْقَوْلِ وَلَا تَغْتَرُّوْا بِرَاْفَتِہٖ وَانْظُرُوْا اِلٰی رِفْعَۃِ دَرَجَتِہٖ ...... حَتّٰی قَالَ بَعْدَ ذِکْرِ اَقْوَالٍ فِیْ سَبَبِ النُّزُوْلِ .... وَالْاَصَحُّ اَنَّہٗ اِرْشَادٌ عَامٌّ یَشْمَلُ الْکُلَّ وَمَنْعٌ مُطْلَقٌ یَدْخُلُ فِیْہِ کُلُّ اِثْبَاتٍ وَتَقَدُّمٍ وَاسْتِبْدَادٍ بِالْاَمْرِ وَاِقْدَامٍ عَلٰی فِعْلٍ غَیْرِ ضَرُوْرِیٍّ مِنْ غَیْرِ مُشَاوَرَۃٍ ..... حَتّٰی قَالَ .... کَاَنَّہٗ

...... بے شک اللہ تعالیٰ نے جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا محل و مقام بیان کیا۔ اور حضور کے درجہ کی بلندی بیان کی۔ اسطرح کہ وہ ایسے رسول ہیں۔ کہ ان کا دین غالب ہوگا۔ اور اپنے قول رحیما سے۔ یہ ذکر کیا کہ حضور مومنوں کے لئے رحیم ہیں فرمایا حضور کے احترام میں قولاً فعلاً کسی چیز کو ترک نہ کرو۔ اور حضور کی مہربانی سے مغرور بھی نہ ہونا اور حضور کے بلند رتبہ کی طرف نظر کرنا اصح بات یہ ہے کہ یہ ارشاد عام ہے سب کو شامل ہے اور منع مطلق ہے۔ اس میں ہر اثبات اور تقدم اور امر میں اپنے آپکو ترجیح دینا اور بغیر مشورہ کے غیر ضروری فعل میں اقدام کرنا یہ سب کچھ داخل ہیں .... گویا کہ اللہ سے تعالیٰ فرمایا

لہ نقل ہٰذہ العبارۃ العلامۃ الجمل الی من غیر مشاورۃ وفیہ لفظ اثبات بدل اثبات ۱۲ تفسیر جمل ج ۴ ص ۱۷۳ ۱۲ منہ

تعالیٰ یقول لا ینبغی ان یصدر
منکم تقدیم اصلا ..... حتی
قال ..... فتقدیرہ لا تقدموا
انفسکم فی حضرۃ النبی صلی اللہ
علیہ وسلم ای لا تجعلوا لانفسکم
تقدما ورأیا عندہ ...... حتی
قال ...... ذکر اللہ اشارۃ الی
وجوب احترام الرسول علیہ
الصلوٰۃ والسلام والانقیاد
لاوامرہ وذلک لان احترام
الرسول صلی اللہ علیہ وسلم
قد یترک علی بعد المرسل
وعدم اطلاعہ علی ما یفعل
برسولہ فقال بین یدی اللہ
ای انتم بحضرۃ من اللہ
تعالیٰ وھو ناظر الیکم وفی
مثل ھذہ الحالۃ یجب احترام
رسولہ (تفسیر مفاتیح الغیب المشتہر
بالتفسیر الکبیر ج ۷ ص ۵۸۱/۵۸۲)

یہ لائق نہیں کہ تم سے کسی قسم کی
تقدیم ظاہر ہو۔ تو تقدیر عبارت
یوں ہوگی۔ لا تقدموا انفسکم فی
حضرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعنی
حضور کے ہاں اپنے نفسوں کے لئے
تقدم اور صاحب بصیرت ہونا نہ
کرو ...... اس آیت میں اللہ کا
ذکر ...... اشارہ ہے
طرف واجب ہونے احترام رسول
کے اور طرف تابعداری حضور کے
اوامر کی ۔ یہ اسلئے کہ کبھی احترام
رسول (قاصد) اسلئے ترک کیا جاتا
ہے۔ کہ مرسل (بھیجنے والا) دور
ہے۔ وہ اسپہ مطلع نہیں کہ جو کچھ اس
کے رسول (قاصد) سے کیا جائے
تو اللہ نے فرمایا۔ بین یدی اللہ یعنی
تم اللہ کے سامنے ہو۔ اور وہ تمہاری
طرف دیکھنے والا ہے۔ ایسی حالت
میں تو احترام رسول واجب ہے۔

عارفِ واصل فاضل کامل شیخ علامہ اسمٰعیل حقی حنفی آفندی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :۔

فَیَکُوْنُ التَّقَدُّمُ بَیْنَ یَدَیِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ مُنَافِیًا لِلْاِیْمَانِ (وَقَالَ) وَالظَّاھِرُ اَنَّ الْاٰیَۃَ عَامَّۃٌ فِیْ کُلِّ قَوْلٍ وَفِعْلٍ وَلِذَا حُذِفَ مَفْعُوْلُ لَاتُقَدِّمُوْا لِیَذْھَبَ ذِھْنُ السَّامِعِ کُلَّ مَذْھَبٍ مِمَّا یُمْکِنُ تَقْدِیْمُہٗ مِنْ قَوْلٍ اَوْ فِعْلٍ مَثَلًا اِذَا جَرَتْ مَسْئَلَۃٌ فِیْ مَجْلِسِہٖ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ لَاتَسْبِقُوْہُ بِالْجَوَابِ وَاِذَا حَضَرَ الطَّعَامُ لَاتَبْتَدِئُوْا بِالْاَکْلِ قَبْلَہٗ وَاِذَا ذَھَبْتُمْ اِلٰی مَوْضِعٍ لَاتَمْشُوْا اَمَامَہٗ اِلَّا لِمَصْلَحَۃٍ دَعَتْ اِلَیْہِ وَنَحْوُ ذٰلِکَ مِمَّا یُمْکِنُ فِیْہِ التَّقْدِیْمُ قِیْلَ لَایَجُوْزُ تَقَدُّمُ الْاَصَاغِرِ عَلَی الْاَکَابِرِ اِلَّا فِیْ ثَلَاثَۃِ مَوَاضِعَ

اللہ عزوجل و رسول صلے اللہ علیہ وسلم سے پہل کرنا ایمان کے منافی ہے۔ اور ظاہر یہ ہے کہ آیت عام ہے ہر قول اور فعل کو شامل ہے۔ اسی عموم کے لئے لاتقدموا کے مفعول کو حذف کیا۔ تاکہ سامع کا ذہن ہر طرف جائے۔ قول یا فعل (وغیرہ) جس جس چیز میں تقدیم ممکن ہے مثلاً جب حضور کی مجلس میں کوئی مسئلہ جاری ہو۔ جواب دینے میں سبقت نہ کرو۔ اور جب طعام حاضر ہو کھانے میں حضور سے پہل نہ کرو۔ جب کسی طرف چلو تو حضور کے آگے نہ چلو۔ ہاں مگر کسی مصلحت کا تقاضا ہو۔ اور اسطرح اور چیزیں ہو ہیں جن میں تقدیم ممکن ہے کہا گیا ہے۔ کہ چھوٹے بڑوں سے آگے نہ بڑھیں۔ سوائے تین جگہ کے۔

إذا ساروا ليلاً أو رأوا خيلاً أي
جيشاً أو دخلوا سيلاً أي ماءً
سائلاً وكان في الزمان الأول
إذا مشى الشاب أمام الشيخ يخسف
الله به الأرض ويدخل في النهي
المشي بين يدي العلماء فإنهم
ورثة الأنبياء دليله ما روي
عن أبي الدرداء رضي الله عنه
قال رآني رسول الله صلى الله
عليه وسلم أمشي أمام أبي بكر
رضي الله عنه فقال تمشي أمام من
هو خير منك في الدنيا والآخرة
ما طلعت شمس ولا غربت على
أحد بعد النبيين والمرسلين
خير وأفضل من أبي بكر رضي
الله عنه كما في كشف الأسرار
وأكثر هذه الروايات يشعر
بأن المراد بين يدي رسول الله
وذكر الله لتعظيمه والإيذان

(۱) جب رات کو سیر کریں - (۲) یا جب
لشکر کو دیکھیں - (۳) یا جب سیلاب
میں داخل ہوں۔ پہلے زمانہ میں تو
یہ تھا کہ جب نوجوان کسی شیخ بزرگ
کے آگے چلتا۔ اللہ تعالیٰ اس کو
زمین میں دھنسا دیتا۔ علماء کے آگے
چلنا بھی اسی آیۃ کی نہی سے منع
ہے۔ کیونکہ علماء انبیاء کے وارث
ہیں۔ اور اسکی دلیل وہ روایت ہے
جو حضرت ابو الدرداء سے کی گئی ہے
فرمایا کہ مجھے حضور نے دیکھا۔ کہ میں
حضرت ابوبکر کے آگے چل رہا تھا۔
حضور نے فرمایا تو اس کے آگے چلتا
ہے جو دنیا و آخرت میں تجھ سے
بہتر ہے۔ انبیاء اور رسل کے بعد کسی
ایسے شخص پر نہ سورج طلوع ہوا نہ غروب
جو ابوبکر سے بہتر اور افضل ہو رضی اللہ عنہ
اور اکثر روایات اس بات کی طرف اشارہ
کرتی ہیں۔ کہ یہاں مراد صرف حضور کی ذات پر
تقدم ہے۔ اور ذکر خدا تو حضور کی تعظیم کیلئے

بجلالته مجلبة هذه حيث
ذكر اسمه تعالى توطئة و
تمهيدا لذكر اسمه عليه السلام
ليدل على قوة اختصاصه عليه
السلام من ربه العزة وقرب منزلته
من حضرته تعالى -

ہوا - اور اللہ تعالیٰ کے اس حضور کی
قدر و منزلت بتانے کے لئے وہ
اسطرح کہ اللہ تعالےٰ کا نام حضور
کے اسم کے لئے بطور توطیۃ اور بطریق
تمہید ذکر کیا گیا - تاکہ دلالت کرے
حضور کی اپنے رب سے قوی خصوصیت
اور اس کی جناب میں قرب منزلت پر

(وقال) ومن شروط المؤمن
ان لا يرى رأيه وعقله و
اختياره فوق رأي النبي والشيخ
ويكون مستسلما لما يرى فيه
مصلحة ويحفظ الأدب في
خدمته وصحبته ومن ادب
المريد ان لا يتكلم بين
يدي الشيخ فانه سبب
سقوطه من اعين الاكابر

اور مومن کے لئے شرط ہے۔ کہ
اپنی رائے اپنی عقل اور اپنا اختیار
کو حضور اور شیخ کی رائے کے اوپر
نہ سمجھے۔ اور بصورت مصلحت سر
خم کرے۔ اور ان کی خدمت اور
صحبت میں ادب کو ملحوظ رکھے۔
اور مرید کے ادب سے ہے۔ کہ
شیخ کے آگے بات نہ کرے۔ کیونکہ
یہ چیز اکابر کی آنکھوں میں گر
جانے کا سبب ہے۔

قَالَ سَهْلٌ لَا تَقُولُوا قَبْلَ اَنْ يَّقُوْلَ فَاِذَا قَالَ فَاقْبَلُوا مِنْهُ مُنْصِتِيْنَ لَهٗ مُسْتَمِعِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوا اللّٰهَ فِيْ اِهْمَالِ حَقِّهٖ وَتَضْيِيْعِ حُرْمَتِهٖ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ لِمَا تَقُوْلُوْنَ عَلِيْمٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَا تَطْلُبُوْا وَرَآءَ مَنْزِلَتِهٖ مَنْزِلَةً فَاِنَّهٗ لَا يُوَازِيْهِ اَحَدٌ بَلْ لَا يُدَانِيْهِ ۔

(تفسیر روح البیان ج ۵ صفحہ ۶۶ / ۶۶)

امام سہل تستری نے فرمایا۔ حضور کے ارشاد سے قبل نہ بولو۔ جب آپ فرمائیں خاموشی سے کان لگا کر اسے کان لگا کر اسے قبول کر لو۔ حضور کے حق کو ترک کرنے میں اور عزت کے ضائع کرنے میں اللہ سے ڈرو۔ بے شک اللہ سنتا ہے۔ جو کہتے ہو جانتا ہے جو کرتے ہو۔ بعض نے اس کی تفسیر میں کہا۔ کہ حضور کے مقام سے اوپر کوئی مقام طلب نہ کرو۔ اسلئے کہ حضور کا موازی کوئی نہیں۔ بلکہ درجہ اور منزلت میں قریب بھی کوئی نہیں۔

علامہ سلیمان جمل ارقام فرماتے ہیں :—

اَلْمُرَادُ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَذُكِرَ لَفْظُ اللّٰهِ تَعْظِيْمًا لِلرَّسُوْلِ وَاِشْعَارًا بِاَنَّهٗ مِنَ اللّٰهِ بِمَكَانٍ يُوْجِبُ اِجْلَالَهٗ وَعَلٰى هٰذَا فَلَا اِسْتِعَارَةَ وَاِلَيْهِ يَمِيْلُ كَلَامُ الشَّيْخِ الْمُصَنِّفِ اه كرخی

تفسیر جمل ج ۴ صفحہ ۱۷۱ وذکر الصاوی الی قوله فلا استعارة (تفسیر صاوی ج ۴ صفحہ ۹۰)

مراد بین یدی اللہ و رسولہ سے صرف بین یدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے لفظ "اللہ" تو تعظیم رسول کیلئے ذکر ہوا۔ اور اس بات کا اشعار کرنے کیلئے کہ حضور اللہ تعالیٰ کے ہاں ایسے مقام پر ہیں کہ انکی توقیر و تعظیم کرنا واجب ہے اس صورت پر کوئی استعارہ نہیں شیخ مصنف کی کلام اسی طرف مائل ہے۔

ع۳ مسلمانو! ہمارا رب کریم ارشاد فرماتا ہے :-

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ أَنْ تَحْبَطَ أَعْمَالُكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تَشْعُرُونَ ○ إِنَّ الَّذِينَ يَغُضُّونَ أَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ امْتَحَنَ اللَّهُ قُلُوبَهُمْ لِلتَّقْوَىٰ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ عَظِيمٌ ○

(پ ۲۶ الحجرات ع اول)

اے ایمان والو! اپنی آوازیں اونچی نہ کرو۔ اس غیب بتلانے والے (نبی) کی آواز سے اور ان کے حضور بات چلا کر نہ کہو جیسے آپس میں ایک دوسرے کے سامنے چلاتے ہو۔ کہ کہیں تمہارے عمل برباد نہ ہو جائیں اور تمہیں خبر نہ ہو۔ بیشک وہ جو اپنی آوازیں پست کرتے ہیں رسول اللہ کے پاس وہ ہیں جن کا دل اللہ نے پرہیزگاری کیلئے پرکھ لیا ہے۔ ان کے لیے بخشش اور بڑا ثواب ہے۔

معلوم ہوا۔ کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی ادنیٰ بے ادبی بھی کفر ہے۔ کیونکہ کفر ہی سے نیکیاں برباد ہوتی ہیں۔ جب ان کی بارگاہ میں اونچی آواز سے بولنے پر نیکیاں برباد ہوتی ہیں۔ تو دوسری بے ادبی کا ذکر ہی کیا ہے۔ آیت کا مطلب یہ ہے۔ کہ ان کے حضور چلا کر نہ بولو۔ انہیں عام القاب سے نہ پکارو۔ جن سے ایک دوسرے کو پکارتے ہو۔ اے چچا ابا۔ بھائی۔ بشر۔ اے محمد نہ کہو۔ رسول اللہ، شفیع المذنبین کہو۔ اس آیت میں حضور کا اجلال واکرام وادب واحترام تعلیم فرمایا گیا اور حکم دیا گیا۔ کہ ندا کرنے میں ادب کا پورا لحاظ رکھیں۔ جیسے آپس میں

ایک دوسرے کو نام لے کر پکارتے ہیں۔ اس طرح نہ پکاریں۔ بلکہ کلمات ادب و تعظیم و توصیف و تکریم و القاب عظمت کے ساتھ عرض کرو جو عرض کرنا ہو۔ کہ ترکِ ادب سے نیکیوں کے برباد ہونے کا اندیشہ ہے۔

اِمْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى کے جملہ سے معلوم ہوا۔ کہ دل کا تقویٰ حضور کے ادب سے حاصل ہوتا ہے۔ (اللہ نصیب کرے)

خاتم الحفاظ

امام اجل شیخ المشائخ علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

قَوْلُهٗ تَعَالٰى (لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ) اَلْاٰيَاتَ فِيْهَا مِنْ خَصَائِصِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْرِيْمُ رَفْعِ الصَّوْتِ عَلَيْهِ وَالْجَهْرِ لَهٗ بِالْقَوْلِ وَفَسَّرَهٗ مُجَاهِدٌ بِنِدَائِهٖ بِاسْمِهٖ اَخْرَجَهُ ابْنُ اَبِيْ حَاتِمٍ وَنِدَائِهٖ مِنْ وَّرَاءِ الْحُجُرَاتِ وَاسْتَدَلَّ بِهِ الْعُلَمَاءُ عَلَى الْمَنْعِ مِنْ رَفْعِ الصَّوْتِ بِحَضْرَةِ قَبْرِهٖ وَعِنْدَ قِرَاءَةِ حَدِيْثِهٖ لِاَنَّ حُرْمَتَهٗ مَيِّتًا كَحُرْمَتِهٖ حَيًّا

(الاکلیل ص ۱۹۶ مطبوعہ مصر)

اللہ تعالیٰ کا قول " لا ترفعوا اصواتکم " ان آیات میں حضور کے بعض خصائص کا ذکر ہے۔ " کہ حضور پہ آواز بلند کرنا حرام ہے اور حضور سے چلّا کے بولنا بھی حرام ہے امام مجاہد نے اسکی تفسیر یوں کی۔ کہ حضور کو نام لیکر پکارنا (جیسے یا محمد یا احمد) منع ہے (ابن ابی حاتم) اور باہر سے پکارنا بھی منع ہے، علماء کرام نے اس سے یہ استدلال کیا۔ کہ حضور کی مزار کے قریب آواز بلند کرنا منع ہے، اور قراۃ حدیث شریف کے وقت بھی آواز بلند کرنا منع ہے۔ اسلئے کہ حضور کی عزت و عظمت بعد پردہ پوشی کے ایسے لازم ہے جیسے دنیاوی حیات میں تھی

امام قسطلانی مواہب اور علامہ محمد زرقانی اس کی شرح میں ارقام فرماتے ہیں :-

(رُوِیَ اَنَّ اَبَا جَعْفَرَ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ) ثَانِی الْخُلَفَاءِ مِنْ بَنِی الْعَبَّاسِ (نَاظَرَ مَالِکًا) اَلْاِمَامُ فِیْ مَسْئَلَۃٍ فَرَفَعَ صَوْتَہٗ (فِیْ مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَہٗ مَالِکٌ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ لَا تَرْفَعْ صَوْتَکَ فِیْ ھٰذَا الْمَسْجِدِ فَاِنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ اَدَّبَ قَوْمًا فَقَالَ لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَکُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ اَلْاٰیَۃَ وَمَدَحَ قَوْمًا[۳] فَقَالَ اِنَّ الَّذِیْنَ یُنَادُوْنَکَ مِنْ وَّرَاءِ الْحُجُرَاتِ اَلْاٰیَۃَ وَاِنَّ حُرْمَتَہٗ مَیِّتًا کَحُرْمَتِہٖ حَیًّا - اِذْ ھُوَ حَیٌّ فِیْ قَبْرِہٖ فَیَجِبُ اَنْ یُّرَاعٰی بَعْدَ مَمَاتِہٖ مَا کَانَ لَہٗ فِیْ حَیَاتِہٖ (فَاسْتَکَانَ) خَضَعَ وَذَلَّ (لَھَا) اَیْ لِھٰذِہِ الْمَقَالَۃِ وَالْمَوْعِظَۃِ (اَبُوْ جَعْفَرٍ)

روایت کی گئی ہے کہ خلفاء بنی عباس کے دوسرے خلیفہ ابوجعفر نے کسی مسئلہ میں امام مالک سے مسجد نبوی میں مناظرہ کیا اور اپنی آواز کو اونچا کیا ۔ تو امام مالک نے اس سے فرمایا ۔ کہ اس مسجد شریف میں اپنی آواز بلند نہ کر ۔ اسلیئے ۔ کہ اللہ تعالیٰ نے لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی فرماکر ایک قوم کو یہ ادب سکھایا ہے ۔ کہ اپنی آوازیں حضور کی آواز پر بلند نہ کرو ۔ اور ایک قوم کی مدح کی ہے ۔ چنانچہ فرمایا ۔ کہ بیشک وہ لوگ جو حضور کے ہاں اپنی آوازیں پست کرتے ہیں وہ ہیں ۔ جن کا دل اللہ نے پرہیزگاری کیلئے پرکھ لیا ۔ ان کیلئے بخشش اور بڑا ثواب ہے (قرآن) اور اللہ تعالیٰ نے ایک قوم کی مذمت کی چنانچہ فرمایا بیشک وہ لوگ جو تمہیں حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں ۔ وہ اکثر لا یعقل ہیں اور حرمت

۳ فقال ان الذین یغضون اصواتہم الآیۃ و ذم قوما

۲ حضور کی حرمت بعد از پردہ پوشی ایسے لازم ہے جیسے حالت حیات میں تھی ۔ اسلئے کہ آپ قبر میں زندہ موجود ہیں ۔

(زرقانی شرح مواہب ج ۶ صفحہ ۲۴۹ / ۲۵۰

وذکر ھذہ القصۃ نحوہ الامام القاضی عیاض فی الشفاء ج ۲ صفحہ ۳۵)

لہذا بعد از پردہ پوشی ان حقوق کی رعایت لازم ہے۔ جن کی رعایت دنیاوی زندگی میں کیجاتی تھی۔ (خلیفہ ابوجعفر امام مالک کے اس ارشاد پاک کے سامنے جھک گیا۔

علامہ اسمٰعیل حقی حنفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

فکرہ بعضھم رفع الصوت عند قبرہ علیہ السلام لانہ حی فی قبرہ (وقال) وکرہ بعضھم رفع الصوت فی مجالس الفقہاء تشریفا لھم اذھم ورثۃ الانبیاء قال سلیمان بن حرب ضحک انسان عند حماد بن زید وھو یحدث بحدیث عن رسول اللہ فغضب حماد وقال انی اری رفع الصوت عند حدیث رسول اللہ وھو میت کرفع الصوت عندہ وھو حی ددوا منتفع من الحدیث ذلک الیوم وحاصلہ ان فیہ کراھۃ الرفع عند الحدیث وعند المحدث انتھی کلامہ (تفسیر روح البیان ج ۵ صفحہ ۶۴)

حضور کی مزار پاک کے قریب آواز بلند کرنے کو علماء کرام نے مکروہ بتایا۔ اسلئے کہ حضور مزار میں زندہ ہیں۔ اور بعض علماء نے مجلس فقہاء میں رفع صوت کو مکروہ بتایا۔ انکی عزت کیلئے کیونکہ وہ انبیاء کے وارث ہیں۔ سلیمان بن حرب نے فرمایا کہ کوئی شخص حماد بن زید کے ہاں ہنسا جبکہ وہ حدیث پاک بیان کررہے تھے۔ تو حضرت حماد غضبناک ہوگئے اور فرمانے لگے کہ حضور کی پردہ پوشی کے بعد حضور کی حدیث پہ آواز بلند کرنا ایسا ہے۔ کہ حضور کے قرب میں بحالت حیات دنیاوی رفع صوت کیا جائے۔ تو وہ کھڑے ہوگئے اور اس دن بیان حدیث سے رک گئے۔ خلاصہ اس کا یہ ہے۔ کہ حدیث کی قرأت کے وقت اور محدث کے ہاں آواز بلند کرنا مکروہ ہے۔

ابن کثیر شاگرد ابنِ تیمیہ لکھتا ہے :-

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ هَذَا أَدَبٌ ثَانٍ أَدَّبَ اللهُ تَعَالَى بِهِ الْمُؤْمِنِينَ أَنْ لَا يَرْفَعُوا أَصْوَاتَهُمْ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوْقَ صَوْتِهِ (تفسیر ابن کثیر ج ۴ صفحہ ۲۰۵)

یا یہا الذین آمنوا لاترفعوا الآیۃ اے ایمان والو! اپنی آوازیں حضور کی آواز پہ بلند نہ کرو۔ یہ دوسرا ادب ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے مومنوں کو اس ادب کی تعلیم دی ہے۔ کہ حضور کی مجلس میں اپنی آوازیں حضور کی آواز پہ بلند نہ کریں۔

(قال تعالیٰ) واذکروہ کما ھداکم ای اذکروا محمدا صلی اللہ علیہ وسلم بتعظیم وتوقیر (جواہر البحار جلد ۳ صفحہ ۲۶۴ عن الامام الجزائری)

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ اُن کو یاد کرو جیسا کہ اللہ نے تمہیں ہدایت کی ہے۔ یعنی حضور کا ذکر تعظیم اور توقیر سے کرو۔

(شعر لابن الفارض) ؎

ولا تقربوا مال الیتیم اشارۃ
لکف ید صدت لہ اذ تصدت

ولاتقربوا مال الیتیم الا بالتی ھی احسن ھذہ الآیۃ اشارۃ منہ تعالیٰ لارواح الاولین من الانبیاء والمرسلین وغیرھم من ورثتھم العارفین المقربین

یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس آیت ولاتقربوا میں سب اولین انبیاء و مرسلین اور مقربین کی ارواح کیلئے اشارہ ہے کہ وہ مقام محمدی کو حاصل نہیں کرسکتے اور نہ اس تک پہنچ سکتے ہیں جبکہ ان میں سے کسی نے اپنا ہاتھ اس مقام کو حاصل کرنے کے لئے بڑھایا۔ جو حضور سے مختص ہے۔

الی یوم الدین اذا مد احد منہم ید الرحمانیۃ لنیل ھذا المقام المحمدی الذی اختص بہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نبیا فانہ لاینال ذالک ولایصل الیہ (جواہر البحار جلد ۳ صفحہ ۲۹۵، ۲۹۶)

علاوہ ازیں بہت سی آیات ہیں۔ جنہیں بارگاہِ نبوت کی تعظیم اور حضور کے ادب کی تعلیم دی گئی ہے۔[۴] ان آیات سے بعض کی کچھ تفصیل فقیر کی کتاب "انوارالقرآن" میں لکھی ہوئی ہے۔ انوارالقرآن کا تیسرا و چوتھا باب اسی مضمون میں آیاتِ قرآنیہ سے مزیّن و پُر ہے۔

(فصل دوم)

اب اسی بارہ میں چند حدیثیں و آثارِ صحابہ درج کرتا ہوں۔

امام قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ شفا شریف میں ارقام فرماتے ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ عَادَۃِ الصَّحَابَۃِ فِیْ تَعْظِیْمِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَتَوْقِیْرِہٖ وَاِجْلَالِہٖ	فصل۔ حضور کی تعظیم و توقیر میں صحابہ کی عادات۔ (باقی صفحہ ۵۶ پر لکیر کے نیچے دیکھیے)

[۴] امام سبکی رحمۃ اللہ تعالیٰ بعض آیات تعظیم و آداب بالنبی صلے اللہ علیہ وسلم کے نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں۔ ولا سبیل الی ان یستوعب ھٰہنا الآیات التی تدل علی ذٰلک وما فیہا من التصریح والاشارۃ الی علو قدر النبی صلے اللہ علیہ وسلم ومرتبتہ ووجوب المبالغۃ فی حفظ الادب معہ صلے اللہ علیہ وسلم۔ جواہر البحار جلد ۳ صـ ۲۵۲ اس بات کی طرف کوئی راستہ نہیں کہ ان سب آیات کو گھیر لیا جائے۔ جو تعظیم وادبِ نبی پر دلالت کرنے والی ہیں۔ اور نہ ان آیات کو گھیرا جا سکتا ہے۔ جن میں صراحۃً اور اشارۃً حضور کے علو قدر اور مرتبہ ※

※ اور حضور کے ساتھ حفاظت ادب میں مبالغہ کے واجب ہونے کا بیان ہے۔ امام سبکی فرماتے ہیں (باقی صفحہ ۵۶ کے شروع میں دیکھیں

ومن تامل القرآن کلہ وجدہ طافحاً بتعظیم عظیم لقدر النبی صلی اللہ علیہ وسلم جواہر البحار جلد ۳ ص ۲۵۱ جس نے کل قرآن میں تامل کیا تو وہ سارے قرآن کو حضور کے مرتبہ کی تعظیم عظیم سے مملو پائے گا۔

۴ پھر ابن شماسۃ المہری سے روایت کرتے ہیں ——— کہ :—

قَالَ حضرنا عمرو بن العاص فذکر حدیثاً طویلاً فیہ عن عمرو قَالَ وما کان احد احب الیّ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا اجل فی عینی منہ وما کنت اطیق ان املاء عینی منہ اجلالاً لہ ولو سُئِلتُ[1] ان اصفہ ما اطقت لانی لما کن املاء عینی منہ۔ وروی الترمذی عن انس

یعنی انہوں نے فرمایا۔ کہ ہم صحابی رسول حضرت عمرو بن عاص کے پاس حاضر ہوئے۔ تو انھوں نے ایک لمبی حدیث ذکر کی۔ اسی میں حضرت عمرو سے روایت ہے فرمایا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے[2] بڑھکر میری آنکھوں میں کوئی زیادہ جلیل القدر نہ تھا۔ اور حضور کے اجلال (دبدبہ) کی وجہ سے میل نہ آنکھیں حضور کے حسن و جمال سے پر نور کر سکتا تھا۔

ترمذی شریف میں ہے مناقب ابی بکر ۱۲

[1] (ولو سُئِلتُ) وفی نسخۃ ولو شئت (ان اصفہ) ای اذکر نعت ظاہر خلقہ (ما طقت) ای ما قدرت لعدم احاطتی باوصافہ ۔ شرح شفا لعلی القاری الحنفی علی ہامش نسیم الریاض جلد ۳ ص ۳۹۱ ۔ (ولو شئت ان اصفہ بحلیتہ (ما اطقت) وقدرت لعدم احاطۃ علمی بہ[ای لا اقدر ان اصفہ] خفاجی نسیم الریاض ج ۳ ص ۳۹۱

[2] بڑھکر مجھے کوئی زیادہ محبوب نہ تھا۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
كَانَ يَخْرُجُ عَلٰى اَصْحَابِهٖ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ
وَالْاَنْصَارِ وَهُمْ جُلُوْسٌ فِيْهِمْ
اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ فَلَا يَرْفَعُ اَحَدٌ
مِنْهُمْ اِلَيْهِ بَصَرَهٗ اِلَّا اَبُوْبَكْرٍ وَ
عُمَرُ فَاِنَّهُمَا كَانَا يَنْظُرَانِ اِلَيْهِ
وَيَنْظُرُ اِلَيْهِمَا وَيَتَبَسَّمَانِ اِلَيْهِ
وَيَتَبَسَّمُ لَهُمَا وَرَوٰى اُسَامَةُ
بْنُ شَرِيْكٍ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ
اَصْحَابُهٗ حَوْلَهٗ كَاَنَّمَا عَلٰى
رُؤُسِهِمُ الطَّيْرُ عـه وَفِيْ حَدِيْثِ
صِفَتِهٖ [illegible] اِذَا تَكَلَّمَ اَطْرَقَ
جُلَسَاؤُهٗ كَاَنَّمَا عَلٰى رُؤُسِهِمْ

اور اگر مجھ سے سوال کیا جائے۔ کہ حضور
کی وصف بیان کر۔ (یا اگر میں چاہوں
کہ حضور کی وصف یعنی حلیہ پاک ظاہر
خلقت کی نعت و تعریف بیان کروں)
تو مجھ میں اسکی طاقت نہیں۔ (یعنی
مجھ میں یہ قدرت نہیں کیونکہ میرا علم حضور
کے اوصاف کو محیط نہیں۔ حضور کے
اوصاف میرے احاطہ میں نہیں۔
(خفاجی قاری) اسلئے کہ میری آنکھیں حضور
کے حسن سے نہیں بھریں (رج کے نہ دیکھا)
سے امام ترمذی حضرت انس سے راوی ہیں کہ حضور
اپنے اصحاب مہاجرین و انصار کے ہاں تشریف
لاتے اور وہ بیٹھے ہوئے ہوتے ان میں ابوبکر
اور عمر بھی ہوتے تو ان سب صحابہ سے کوئی حضور
کی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھتا سوائے ابوبکر و
عمر کے صرف یہ دو حضور کی طرف دیکھتے اور

صہ هذا الحديث رواه الاربعة (ترمذی، نسائی، ابوداؤد، ابن ماجه) وصححه
الترمذی، نسیم الریاض جلد ۳ صفحہ ۳۹۲ قد روی عنه (لبعض اسامة بن شريك) اصحاب السنن الاربعة
وصححه الترمذی، شرح شفا لقاری جلد ۳ صفحہ ۳۹۲

الطَّیرُ۔ وَقَالَ عُروَۃُ بنُ مَسْعُودٍ حِینَ وَجَّھَتْہُ قُرَیشٌ عَامَ القَضِیَّۃِ اِلٰی رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَرَاٰی مِنْ تَعْظِیمِ اَصْحَابِہٖ لَہٗ مَا رَاٰی وَاَنَّہٗ لَا یَتَوَضَّاءُ اِلَّا ابْتَدَرُوْا وَضُوْءَہٗ وَکَادُوْا یَقْتَتِلُونَ عَلَیْہِ (لحرصھم علی التبرک بما مسہ علیہ الصلوٰۃ والسلام)

(بیدہٖ نسیم ج۳ ص۳۹۳)

وَلَا ...... یَبْصُقُ بُصَاقًا وَلَا یَتَنَخَّمُ نُخَامَۃً اِلَّا تَلَقَّوْھَا بِاَکُفِّھِمْ فَدَلَکُوْا بِھَا وُجُوْھَھُمْ

حضور انکی طرف دیکھتے یہ حضور کو دیکھکر تبسم کرتے حضور ان سے مسکراتے۔

(۳) حضرت اسامہ سے روایت ہے کہ میں حضور کے پاس آیا۔ حضور کے ارد گرد صحابہ تھے۔ ایسے ادب سے بیٹھے تھے کہ ایسا معلوم ہوتا کہ ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہیں (بالکل نہ ہلتے تھے)

(۴) اور حضور کی صفت والی حدیث میں ہے جب آپ کلام فرماتے حاضرین مجلس اپنے سر جھکا لیتے گویا کہ ان کے سروں پر پرندے ہیں

(۵) عروۃ بن مسعود نے کہا جب کفار قریش نے اسے معاہدے والے سال حضور کی طرف بھیجا اور اس نے صحابہ کو حضور کی اعلیٰ درجہ کی تعظیم دیکھا۔ (جس کا مکمل بیان نہیں ہو سکتا چند کا ذکر یہ ہے) کہ جب بھی حضور وضو فرماتے تو صحابہ کرام اس مستعمل پانی کو بغرض (تبرک) حاصل کرنے کیلئے جلدی کرتے اور اس پانی کے حاصل کرنے کیلئے کٹ مرنے پر تیار ہو جاتے۔ اور حضور جب بھی تھوک مبارک ڈالتے یا ناک پاک سے رینٹ مبارک ڈالتے تو صحابہ اپنے ہاتھوں پر لیکر

عــه [illegible] العکری والماوردی فی ص۱۹۳ [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] ص۲۲۳ [illegible] فی [illegible] شرح الشفا للقاری [illegible] ص۲۵ [illegible] بخاری [illegible]

عــه [illegible] ص۱۲ [illegible] الامام احمد [illegible] علیہ وسلم [illegible]

الریاض الحضاع ص۳۹۲ (ماربی) لے مما لا یکاد یستقصی شرح شفا للقاری جلد۳ ص۳۹۲

وَلِجَسَادِهِمْ وَلَا تَسْقُطُ مِنْهُ شَعْرَةٌ اِلَّا ابْتَدَرُوْهَا تَبَرُّكًا بِهَا

اسے اپنے چہروں پہ ملتے اور تبرکًا اپنے جسموں پر ملتے اور جب بھی حضور کا کوئی بال مبارک گرتا اسکو حاصل کرنے میں جلدی کرتے۔ اور جب آپ

وَاِذَا اَمَرَهُمْ بِاَمْرٍ ابْتَدَرُوْا اَمْرَهٗ وَاِذَا تَكَلَّمَ خَفَضُوْا اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَهٗ وَمَا يُحِدُّوْنَ اِلَيْهِ النَّظَرَ تَعْظِيْمًا لَهٗ فَلَمَّا رَجَعَ اِلٰى قُرَيْشٍ قَالَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ اِنِّيْ جِئْتُ كِسْرٰى فِيْ مُلْكِهٖ وَقَيْصَرَ فِيْ مُلْكِهٖ وَالنَّجَاشِيَّ فِيْ مُلْكِهٖ وَاِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ مَلِكًا فِيْ قَوْمٍ قَطُّ مِثْلَ مُحَمَّدٍ فِيْ اَصْحَابِهٖ فَفِيْ رِوَايَةٍ اِنْ رَاَيْتُ مَلِكًا قَطُّ يُعَظِّمُهٗ اَصْحَابُهٗ مَا يُعَظِّمُ مُحَمَّدًا اَصْحَابُهٗ وَقَدْ رَاَيْتُ قَوْمًا لَا يُسْلِمُوْنَهٗ اَبَدًا

کسی بات کا حکم فرماتے فوراً انجام دیتے اور جب کلام فرماتے اپنی آوازیں پست کر دیتے۔

اور تعظیماً حضور کی طرف ٹکٹکی باندھ کے نہ دیکھتے یعنی گھور گھور کے نہ دیکھتے (جب عروہ یہ منظر دیکھکر قریش کے پاس واپس آیا) تو کہنے لگا۔ اے گروہ قریش میں نے کسریٰ، قیصر، نجاشی ہر ایک کو اپنی اپنی مملکت اور سلطنت و دبدبہ شاہی میں دیکھا۔ اللہ کی قسم میں نے ایسا کوئی بادشاہ کسی قوم میں نہ دیکھا جیسا حضور کو آپکے صحابہ میں دیکھا۔ اور ایک روایت میں یوں ہے۔ کہ میں نے ہرگز ایسا بادشاہ نہ دیکھا کہ جسکے

عہ هذا بعض من حديث طويل رواه البخاري۔ نسيم ج ۳ صفحہ ۳۹۰ رواه البخاري علی قاری شرح للشفا ج ۳ صفحہ ۳۹۰ بخاری شریف جلد اول جز ۱۱ صفحہ ۳۷۹ بتغییر یسیر و مفصلاً و ۱۲ باب الشروط في الجهاد والمصالحة مع اهل الحرب وكتابة الشروط مع الناس بالقول كتاب الشروط ۱۲ منہ

لہ یعنی الصحابۃ ۱۲ نسیم۔ ٹہ (لا یخذلونہ ۱۲ قاری)

[Margin notes, handwritten:] تبرکاً بہا ۱۲ نسیم جلد ۳ صفحہ ۳۹۰ ۔ ۱۲ منہ ؛ [illegible]

وعن انس لقد رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم والحلاق يحلقه واطاف به اصحابه فما يريدون ان تقع شعرة الا في يد رجل[عہ] ومن هذا الباب ما اذنت قريش لعثمن في الطواف بالبيت حين وجهه النبي صلى الله عليه وسلم اليهم في القضية ابى وقال ما كنت لافعل حتى يطوف به رسول الله صلى الله عليه وسلم وفي حديث طلحة ان اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم قالوا لاعرابي جاهل سله عليه الصلوة والسلام عمن قضى نحبه وكانوا يهابونه

(۶) حضرت انس سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور حجام آپ کے بال مبارک مونڈ رہا تھا۔ اور حضور کے اردگرد حضور کے صحابہ پھر رہے تھے۔ ہر بال مبارک کسی نہ کسی مرد کے ہاتھ ہی میں واقع ہوتا۔ (۷) اور ایسی تعظیم صحابہ سے ہے۔ وہ واقعہ کہ قریش نے حضرت عثمان کو بیت اللہ کے طواف کی اجازت دی جبکہ معاہدہ کے موقعہ پر حضور نے عثمان کو انکی طرف متوجہ کیا تو حضرت عثمان نے طواف بیت اللہ سے انکار کردیا اور فرمایا کہ جبتک حضور طواف نہ کریں گے میں طواف نہ کروں گا (۸) حدیث طلحہ میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے ایک لاعلم اعرابی سے کہا کہ تو حضور علیہ الصلوۃ والسلام

عہ حرصاً على التبرك بآثاره صلى الله عليه وسلم (نسیم الریاض ج ۳ صفحہ ۳۹۲) ۱۲ منہ

عہ ای تعظیم الصحابۃ له عليه الصلوة والسلام ۱۲ نسیم۔ سہ رواه الترمذی ۱۲ نسیم

للعہ ای وفی بنذره القتال والثبات حتی استشهد ۱۲ منہ

وَيُوَقِّرُونَهُ فَسَأَلَهُ فَأَعْرَضَ
عَنْهُ إِذْ طَلَعَ طَلْحَةُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا مِمَّنْ قَضَى
نَحْبَهُ (۹) وَفِي حَدِيثِ قَيْلَةَ فَلَمَّا
رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
جَالِسًا الْقُرْفُصَاءَ أُرْعِدْتُ مِنَ
الْفَرَقِ وَذٰلِكَ هَيْبَةً لَهُ وَتَعْظِيمًا
(۱۰) وَفِي حَدِيثِ الْمُغِيرَةِ كَانَ أَصْحَابُ
رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
يَقْرَعُونَ بَابَهُ بِالْأَظَافِيرِ =
(۱۱) وَقَالَ الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ لَقَدْ
كُنْتُ أُرِيدُ أَنْ أَسْأَلَ رَسُولَ اللهِ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْأَمْرِ
فَأُؤَخِّرُ سِنِينَ مِنْ ..... هَيْبَتِهِ

(رواہ ابو یعلی وصححہ ۱۲ نسیم)

(شفا شریف ج ۲ ص ۳۲/۲۳ ص ۳۴)

سے پوچھ کہ کس نے اپنی منت پوری
کی۔ یعنی جنگ میں ثابت قدم رہ کر
شہید ہوا۔ اور صحابہ کرام حضور سے
خوف کرتے (یعنی ان پہ حضور کی ہیبت
طاری رہتی تھی) اور حضور کی کمال تعظیم
کرتے۔ (لہٰذا خود حضور سے نہ پوچھا
بلکہ ایک بے خبر اعرابی سے سوال کرایا۔)
چنانچہ صحابہ کے کہنے کے مطابق اس اعرابی
نے حضور سے سوال کیا۔ تو حضور نے اس سے
اعراض کیا۔ جب حضرت طلحہ ظاہر ہوئے
تو فرمایا یہ ہے انہیں سے جنہوں نے
اپنی منت پوری کی۔ (۹) حدیث قیلہ
(بنت مخرمۃ عنبریہ صحابیہ) میں ہے
کہ میں نے جب حضور کو اکڑوں بیٹھے دیکھا
(یعنی ہاتھوں کو ٹانگوں کے گرد باندھے ہوئے)
میں شدت خوف سے لرز گئی کانپ گئی۔ یہ
حضور کی ہیبت اور تعظیم کی وجہ سے ہوا۔

(۱۰) حدیث مغیرہ میں ہے۔ کہ حضور کے صحابہ (کمال ادب واحترام کی وجہ سے) حضور کا دروازہ ناخنوں سے کھٹکھٹاتے تھے۔ (۱۱) حضرت براء نے فرمایا۔ کہ میں ارادہ کرتا کہ حضور سے فلاں امر کے متعلق پوچھوں۔ لیکن حضور کی ہیبت کی وجہ سے کئی سال سوال کو مؤخر کرتا۔

امام اوحد و امجد علامہ محمد مہدی بن احمد بن علی بن یوسف فاسی رحمۃ اللہ علیہ معتمد علماء احناف، مطالع المسرات میں ارقام فرماتے ہیں۔

وَقَدْ نَبَّهَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى خَاصِّيَّتِهِ الَّتِيْ لَمْ يَعْلَمْهَا عَلَى الْحَقِيْقَةِ إِلَّا اللّٰهُ بِقَوْلِهِ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ "يَا اَبَا بَكْرٍ وَالَّذِيْ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ لَمْ يَعْلَمْنِيْ حَقِيْقَةً غَيْرُ رَبِّيْ" فَاعْرِفْ ذٰلِكَ وَمِنْ اَجْلِ هٰذِهِ الْفَضِيْلَةِ سَأَلَ اُولُو الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ كَاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى اَلْحَقَّ جَلَّ وَعَلَا اَنْ يَّجْعَلَهُمْ مِنْ اُمَّتِهٖ هٰذَا! انتہی کلامہ

(مطالع المسرات ص ۱۲۹) ونقل عنہ فی جواہر البحار ج ۲ ص ۱۹۷۔

اور حضور نے اپنی اُس خاصیت پر جسکو حقیقۃً آپکے سوا کوئی نہیں جانتا، اپنے اس قول سے تنبیہ فرمائی۔ "اے ابو بکر قسم اس ذات کی جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا۔ مجھے حقیقۃً میرے رب کے سوا کوئی نہیں جانتا۔" اسکو جان اور اس کی معرفت حاصل کر اور اسی لئے اولو العزم رسولوں نے (جیسے ابراہیم اور موسیٰ علیہما الصلوٰۃ والسلام نے) اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ اللہ ہمیں حضور کی امت سے بنائے اسکو پکڑ خوب یاد رکھ۔

لہ وقال الامام عبد القادر الجزائری۔ فانہا (الحقیقۃ المحمدیۃ) بحر لا ساحل لہ ولھذا اورد فی الخبر عنہ صلے اللہ علیہ وسلم لا یعلم حقیقتی غیر ربی وقال العارف الکبیر (ای الشیخ عبد السلام صاحب صلوۃ المشیشیہ فیہا) اعجز الخلائق فلم یدرکہ منا سابق ولا لاحق یعنی العلم بحقیقتہ صلے اللہ علیہ وسلم۔ (جواہر البحار ج ۳ ص ۳۶۰)۔

۔۔ بارہ انبیاء نے تمنا کی کہ کاش ہم حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی امت سے ہوتے۔ سبع سنابل شریف ص ۱۵ اول نسیم الریاض ج ا ص ۲۳۲ تمنا موسیٰ۔ حضرت ابراہیم و موسیٰ و عیسیٰ صلوات اللہ وسلامہ علیہم نے عرض کیا

لے اللہ تعالیٰ ہمیں محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت سے کر۔ تذکرۃ الاولیاء ص ۱۰۰ شیخ عطار رحمۃ اللہ نقلہ عن ابی یزید البسطامی رحمۃ الباری۔

علامہ ملا علی قاری نے لکھا ہے :

وَلِذٰلِکَ تَقَدَّمَ فِی قَوْلِ مُوسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِی مِنْ اُمَّۃِ اَحْمَدَ

اسی لئے موسیٰ علیہ السلام کے قول میں گزرا کہ اے اللہ مجھے حضور کی امت سے بنا۔

(جمع الوسائل فی شرح الشمائل لعلی القاری ج ۲ صفحہ ۱۸۲) (مدارج النبوۃ للشیخ عبدالحق محدث دہلوی ج ۲ صفحہ ۹۲ از نور الدین ۱۲۶، ۱۲۰)

جواہر البحار شریف ج ۱ صفحہ ۲۴ و دلائل النبوۃ لابی نعیم صفحہ ۳۱ بارہ انبیاء نے تمنا کی کہ کاش ہم حضور کی

زاد المعاد لرئیس المتحرفین ابن القیم علیٰ حاشیہ زرقانی علی المواہب ج ۱ صفحہ ۶۹ - جواہر البحار ناقلا

عن فتوحات الشیخ الاکبر ج ۱ صفحہ ۱۲۶ بارہ نبیوں نے تمنا کی۔ ناقلا عن الشیخ الاکبر ج ۱ صفحہ ۱۲۷ جواہر البحار ج ۱ صفحہ ۱۳۳ عن الاندلسی

جواہر البحار ج ۲ صفحہ ۲ نقلا عن المواہب - جواہر البحار ج ۲ صفحہ ۲۳۴ عن روح البیان فی التفسیر ......

جواہر البحار جلد ۳ صفحہ ۲۲ عن المحدث الشامی ج ۴ صفحہ ۲۰

؎ چوں اشانش نگاہ موسیٰ کرد۔ شدن از امتش تمنا کرد۔ (بدائع منظوم صفحہ ۲)

علامہ امام بدرالدین محمود عینی حنفی عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری ہیں۔

حدیث ۵ (جو بخاری شریف ج ۱ صفحہ ۳۷۹ میں بھی معمولی سی تبدیلی الفاظ کے ساتھ موجود ہے) کی شرح کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

فِیْہِ طَہَارَۃُ النُّخَامَۃِ وَالشَّعْرِ الْمُنْفَصِلِ وَالشَّافِعِیَّۃُ یَحْکُمُوْنَ بِنَجَاسَۃِ الشَّعْرِ الْمُنْفَصِلِ وَفِیْہِمْ مَنْ بَالَغَ حَتّٰی کَادَ اَنْ یَّخْرُجَ مِنَ الْاِسْلَامِ فَقَالَ وَفِی شَعْرِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَجْہَانِ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ تَعَالٰی مِنْ ہٰذَا الضَّلَالِ = وَفِیْہِ التَّبَرُّکُ بِآثَارِ الصَّالِحِیْنَ مِنْ اَشْیَاءِ الطَّاہِرِ

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رینٹ ناک اور جو بال بدن سے جدا ہو وہ پاک ہے۔ اور شافعیہ بدن سے جدا بال پر نجاست کا حکم لگاتے ہیں اور انہیں سے بعض نے تو اتنا مبالغہ کیا۔ کہ قریب ہے کہ وہ اسلام سے نکل جائے۔ چنانچہ یہ کہا۔ کہ حضور کے بال میں دو وجہیں ہیں (طہارت، نجاست) نعوذ باللہ تعالیٰ۔ اللہ کی پناہ اس گمراہی سے اور اس حدیث میں صالحین کے آثار اور اشیاء طاہرہ حاصل کرنے سے تبرک کا حصول کرنے کا ثبوت ہے

عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری ج ۲ صفحہ ۱۵

[illegible handwritten marginal notes]

حافظ الدنیا حافظ ابن حجر عسقلانی اسی حدیث کے ماتحت لکھتے ہیں :-

وَفِیْهِ طَهَارَةُ النُّخَامَةِ وَالشَّعْرِ الْمُنْفَصِلِ وَالتَّبَرُّكُ بِفَضَلَاتِ الصَّالِحِیْنَ الطَّاهِرَةِ
فتح الباری شرح صحیح بخاری ج ۵ ص ۳۵۹

اس حدیث میں ریزش اور جدا بال کی طہارت کا ثبوت ہے۔ اور صالحین کے فضلات طاہرہ سے تبرک حاصل کرنے کا ثبوت ہے۔

امام قاضی عیاض رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارقام فرماتے ہیں۔

فصل - وَاعْلَمْ اَنَّ حُرْمَةَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ مَوْتِهٖ وَتَوْقِیْرَهٗ وَتَعْظِیْمَهٗ لَازِمٌ كَمَا كَانَ حَالَ حَیٰوتِهٖ اَیْ لِاَنَّهُ الْاٰنَ حَیٌّ یُرْزَقُ فِیْ عُلُوِّ دَرَجَاتِهٖ وَرِفْعَةِ حَالَاتِهٖ
شرح شفا لعلی القاری الحنفی ج ۳ ص ۳۹٦
وَذٰلِكَ عِنْدَ ذِكْرِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَذِكْرِ حَدِیْثِهٖ وَسُنَّتِهٖ وَسَمَاعِ اِسْمِهٖ وَسِیْرَتِهٖ وَمُعَامَلَةِ اٰلِهٖ عِتْرَتِهٖ وَتَعْظِیْمِ اَهْلِ بَیْتِهٖ وَصَحَابَتِهٖ قَالَ اَبُوْ اِبْرَاهِیْمَ التُّجِیْبِیُّ وَاجِبٌ عَلٰی كُلِّ مُؤْمِنٍ مَتٰی ذَكَرَهٗ اَوْ ذُكِرَ عِنْدَهٗ اَنْ یَّخْضَعَ وَیَخْشَعَ وَیَتَوَقَّرَ وَیَسْكُنَ مِنْ حَرَكَتِهٖ وَیَاْخُذَ فِیْ هَیْبَتِهٖ وَاِجْلَالِهٖ

فصل۔ جان کہ بے شک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعظیم اور توقیر بعد پردہ پوشی کے لازم ہے۔ جیسا کہ حالت حیات دنیاوی میں تھی۔ اسلئے کہ اب بھی حضور زندہ ہیں۔ بلند درجات اور رفیع حالات میں رزق دیے جاتے ہیں۔ اور یہ تعظیم و توقیر حضور کے ذکر کے وقت اور ذکر حدیث اور سنت کے وقت اور نام پاک کے سننے کے وقت حضور کی سیرت کے سنتے وقت اور حضور کی آل اور عترت کے معاملہ کے وقت لازم ہے۔ اور اہل بیت اور اصحاب کی تعظیم کرنا۔ امام ابو ابراہیم تجیبی نے فرمایا ہر مومن پر واجب ہے کہ جب حضور کا ذکر کرے یا اسکے سامنے حضور کا ذکر کیا جائے تو خضوع اور خشوع کرے اور باوقار ہو جائے اور حرکت سے سکون کرے اور حضور کی ہیبت اور جلال میں

بِمَا كَانَ يَأْخُذُ بِهٖ نَفْسَهٗ (اَیْ یُکَلِّفُھَا
وَیُلْزِمُھَا - نسیم) لَوْ کَانَ بَیْنَ یَدَیْہِ
وَیَتَاَدَّبُ بِمَا اَدَّبَنَا اللّٰہُ بِہٖ
(مِثْلُ قَوْلِہٖ تَعَالٰی لَا تَجْعَلُوْا دُعَاءَ
الرَّسُوْلِ بَیْنَکُمْ اَلْخ وَ لَا تَرْفَعُوْا
اَصْوَاتَکُمْ وَغَیْرُہٗ نسیم) قَالَ
القاضی) ....
اَبُوالْفَضْلِ وَھٰکَذَا کَانَتْ سِیْرَۃُ
سَلَفِنَا الصَّالِحِ وَاَئِمَّتِنَا الْمَاضِیْنَ
رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ ۔ ثُمَّ ذَکَرَ
الْمُنَاظَرَۃَ الْمَذْکُوْرَۃَ اَعْنِیْ مُنَاظَرَۃَ
اَبِیْ جَعْفَرٍ بِمَالِکٍ ۔
وَقَالَ (اَبُوْ جَعْفَرٍ الْخَلِیْفَۃُ
الثَّانِیْ مِنَ الْعَبَّاسِیَّۃِ لِلْاِمَامِ
مَالِکٍ) یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ اَسْتَقْبِلُ
الْقِبْلَۃَ وَاَدْعُوْ اَمْ اَسْتَقْبِلُ
رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَسَلَّمَ فَقَالَ وَلِمَ تَصْرِفُ
وَجْھَکَ عَنْہُ وَھُوَ وَسِیْلَتُکَ

شروع ہو۔ جیسا کہ اپنے نفس کو ان باتوں
کا مکلف بناتا۔ اگر حضور اس کے علی الاعلان
سامنے ہوتے۔
اور اللہ تعالیٰ کی تعلیم ادب کے مطابق
متادب ہو جاتے (جیسے کہ لا تجعلوا
دعاء الرسول اور لا ترفعوا اصواتکم
وغیرہ آیات میں حکم ادب ہے (امام قاضی)
ابوالفضل عیاض صاحب کی کتاب
شفا نے فرمایا۔ ہمارے سلف الصالحین
اور گذشتہ ائمہ کا یہی طریقہ تھا (کہ بوقت
ذکر حضور کمال متادب ہو جاتے) پھر خلیفہ
ابوجعفر اور امام مالک کا گذشتہ مناظرہ ذکر کیا۔
خلیفہ ابوجعفر عباسی نے امام مالک سے
عرض کی اے ابو عبداللہ (یہ امام
مالک کی کنیت ہے) کہ حضور کے روضہ پر
دعا کے وقت قبلہ کی طرف منہ کروں
یا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف
امام مالک نے فرمایا کہ اپنا چہرہ ان سے
کیوں پھیرتا ہے جو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ

وَ وسیلَتِ اَبِیْکَ آدَمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ[۱] اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ[۲] اِسْتَقْبِلْہٗ[۳] وَاسْتَشْفِعْ بِہٖ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی فِی الْاِجَابَۃِ فَاِنَّہٗ شَفِیْعٌ لَا یُرَدُّ مَنْ تَوَسَّلَ بِہٖ اِلَیْہِ۔ نسیم ج ۳ ص ۳۹۸ وَقَالَ الْقَارِیُّ اَیْ اُطْلُبْ شَفَاعَتَہٗ۔ وَسَلْ وَسِیْلَتَہٗ فِیْ قَضَاءِ مُرَادَاتِکَ وَاَدَاءِ حَاجَاتِکَ

۱۲ شرح علی الشفا ج ۳ ص ۳۹۸

کی طرف ۔ تیرا وسیلہ ہیں، اور تیرے ماں باپ آدم علیہ السلام کا بھی وسیلہ ہیں اور تمام لوگوں کا وسیلہ ہیں ابلکہ تو ان کی طرف رخ کر (قبلہ کی طرف پیٹھ کر) اور اللہ تعالی کی بارگاہ میں اجابت دعا کے لئے ان کی سفارش طلب کر کیونکہ حضور شفیع ہیں جس نے حضور سے توسل کیا وہ رد نہ کیا جائے گا ملا علی قاری نے اس کی شرح یوں کی کہ حضور کی شفاعت طلب کر اور اپنی مرادوں کے پورا ہونے اور ادا حاجات میں حضور کو وسیلہ بنا

فَیُشَفِّعُکَ اللّٰہُ اَیْ یَقْبَلُ اللّٰہُ بِہٖ شَفَاعَتَکَ لِاَمْرِکَ وَلِغَیْرِکَ وَفِیْ نُسْخَۃٍ فَیُشَفِّعُہٗ اَیْ فَیَقْبَلُ شَفَاعَتَہٗ فِیْ حَقِّکَ وَیَعْفُوْ عَنْ ذَنْبِکَ بِوَسِیْلَۃِ نَبِیِّکَ (ملا علی قاری)

تو اللہ تعالے ان کے سبب سے تیرے لئے ان کی سفارش قبول فرمائے گا اور ایک نسخہ میں ہے "فیشفعہ" یعنی اللہ تعالی تیرے حق میں انکی شفاعت قبول کریگا، اور ان کے وسیلے سے تیرے گناہ معاف کریگا (شفا ص ۳۵ ج ۲)

---

[۱] وسائر الانام شرح شفا للعلی قاری ج ۲ ص ۳۴

[۲] اشارۃ الی ان الداعی اذا قال اللھم انی استشفع الیک بنبیک یا نبی الرحمۃ اشفع لی عند ربک استجیب

[۳] حنفیوں کے نزدیک بھی یہی سنت ہے کہ بوقت زیارت بوقت دعا روضہ شریف کیطرف منہ ہو اور قبلہ کو پشت ہو

لہ ۔ نسیم الریاض ج ۳ ص ۳۹۸ (۱۲)

جامع مسانید الامام الاعظم جلد اول ص ۵۲۳ طحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۴۴۹ فتح القدیر جلد ۲ ص ۳۳۶ مسند امام اعظم طبع نور محمد ص ۱۲۶)

قَالَ اللّٰہُ تعالیٰ ۔ وَلَوْ اَنَّھُمْ اِذْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ (الآیہ)

کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ ولو انھم الایۃ یعنی گنہگار بعد از گناہ تیرے پاس حاضر ہو کر گناہ کی معافی مانگیں اور حضور بھی ان کی سفارش کر دیں تو اللہ تعالیٰ کو منظور توبہ کرنے والا رحیم پائیں گے (قرآن)

علامہ شہاب الدین خفاجی حنفی مصری ارقام۔۔۔ فرماتے ہیں۔

وَقِیْلَ فِیْ قَوْلِہٖ وَسِیْلَۃَ اَبِیْکَ اٰدَمَ اَنَّ اٰدَمَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ السَّلَامُ لَمَّا اَکَلَ مِنَ الشَّجَرَۃِ ثُمَّ نَدِمَ قَالَ یَارَبِّ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ صلی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا غَفَرْتَ لِیْ فَقَالَ اللّٰہُ کَیْفَ عَرَفْتَ مُحَمَّدًا صلی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ۔ فَقَالَ لِاَنِّیْ رَاَیْتُ عَلٰی قَوَائِمِ الْعَرْشِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ فَعَرَفْتُ اِنَّکَ لَمْ تُضِفْ لِنَفْسِکَ اِلَّا اَحَبَّ الْخَلْقِ اِلَیْکَ فَقَالَ صَدَقْتَ یَا اٰدَمُ اِنَّہٗ لَاَحَبُّ الْخَلْقِ

امام کے قول "وسیلہ ابیک آدمؑ" کی یہ تفسیر بھی بتائی گئی۔ کہ آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جب اس درخت ممنوعہ سے کچھ کھایا پھر نادم ہوئے عرض کی اے رب حضور کے صدقہ میری مغفرت فرما۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو فرمایا تو نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو کیسے پہچانا؟ عرض کی میں نے عرش کے پاؤں پہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ دیکھا تو میں جان گیا کہ تو نے اپنے ساتھ نہیں ملایا مگر ایسے کو جو تمام مخلوق سے تجھے زیادہ محبوب ہے اللہ نے فرمایا اے آدم تو نے سچ کہا بیشک وہ تمام مخلوق سے مجھے زیادہ پیارا

اِلیٰ وَلَوْلَاہُ مَا خَلَقْتُکَ۔ (وَھُوَ حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ رَوَاہُ الْحَاکِم)

ہے اگر وہ نہ ہوتے تو میں تجھے پیدا نہ کرتا۔ یہ حدیث صحیح ہے اسے حاکم نے روایت کیا

نسیم الریاض شرح شفاء قاضی عیاض للخفاجی ج ۳ ص ۲۹۸ ومدارج النبوۃ لفخر المحدثین وامام المحققین الشیخ عبدالحق المحدث الدہلوی ج ۲ ص ۳ ۔ وتفسیر خزائن العرفان الصدرالا فاضل علی ہامش القرآن ۔ تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۱۹۷ بحوالہ تفسیر عزیزی وتفسیر خزائن العرفان وتفسیر روح البیان نے طبرانی، حاکم ابونعیم۔

جواہر البحار ج ۲ ص ۲۲ عن روح البیان ج ۳ ص ۳۳ ازابن حجر وجواہر ج ۴ ص ۳۲ از خلاصۃ الوفا للسمہودی ص۔ جواہر البحار شریف ج ۱ ص ۱۲ ناقلا عن الشفا۔ شفا شریف ج ۱ ص ۱۳۷ بحوالہ ابن حجر ج ۱ ص ۶ ، ۲۷ ، نسیم الریاض ج ۲ ص ۲۲۳ شرح شفا لعلی القاری ج ۲ ص ۲۲۳ و ص ۲۲۴ الجوہر المنظم از ابن حجر ص ۶۱ شفا شریف ج ۱ ص ۱۳ و شرح شفا للخفاجی والقاری ج ۲ ص ۲۲۴ ، ۲۲۵ ، ۲۲۶ رواہ البیہقی والطبرانی ۴۲

اور بیہقی کی روایت از سیدنا فاروق اعظم وعلی المرتضیٰ مذکورہ واقعہ درج کیا۔ نیز یہ لکھا کہ ابن منذر کی روایت میں یہ کلمات ہیں اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِجَاہِ مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَکَرَامَتِہٖ عَلَیْکَ اَنْ تَغْفِرَلِیْ خَطِیْئَتِیْ۔ تفسیر ازہری ضمیمہ پارہ اول ص ۸ بحوالہ ابن منذر والبدایہ والنہایہ لابن کثیر ص ۸۳ وطبری ص ۱۸۸ ، تفسیر درمنثور للامام السیوطی ص ۵۸ بحوالہ طبرانی صغیر، حاکم۔ ابونعیم۔ وبیہقی کلاہما فی الدلائل۔ وابن عساکر عن عمر بن خطاب مرفوعا، تفسیر عزیزی ص ۱۸۳ ج ۱ بحوالہ معجم، صغیر و حاکم و ابونعیم و بیہقی المستدرک ابن عساکر ج ۲ ص ۳۵ ص ۴۱۵ ج ۲ از زرقانی شرح مواہب ص ۶۲ جلد ۱ امام قاضی عیاض رحمۃ اللہ فرماتے ہیں۔

وَقَالَ مَالِکٌ وَقَدْ سُئِلَ عَنْ اَیُّوْبَ

امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

۴۲ اخرجہ الحاکم والبیہقی والطبرانی فی الصغیر والونعیم وابن عساکر عن عمر بن الخطاب خصائص کبری شریف

[illegible]

السختیانی ما حدثتکم عن
احد الا وایوب افضل منه
قال وحج حجتین فکنت ارمقه
ولا اسمع منه غیر انه کان اذا
ذکر النبی صلی الله علیه
وسلم بکی حتی ارحمه فلما رأیت
منه ما رأیت واجلاله
للنبی صلی الله علیه وسلم
کتبت عنه وقال مصعب
بن عبد الله کان مالک اذا
ذکر النبی صلی الله علیه
وسلم یتغیر لونه وینحنی
حتی یصعب ذالک علی جلسائه
فقیل له یوما فی ذالک فقال
لو رأیتم ما رأیت لما انکرتم
علی ما ترون ولقد کنت
اری محمد بن المنکدر وکان
سید القراء لا نکاد نسئله
عن حدیث ابدا الا یبکی حتی

(امام ابوبکر ایوب سختیانی بصری
تابعی سید الفقہا والمحدثین متوفی ۱۳۱ھ
کے مرتبہ اور مقام کے متعلق سوال کیا
گیا۔ امام مالک نے فرمایا میرے سب وہ
اساتذہ اور مشائخ جن سے میں تمہیں حدیث
بیان کرتا ہوں۔ ان سب سے افضل
امام ایوب ہیں۔ امام مالک نے فرمایا
کہ انہوں نے دو حج کئے ہیں۔ میں ان کو
دیکھتا تھا۔ ان کی کثرت سکوت حال خاموشی
کی وجہ سے ان سے میں کچھ نہ سنتا تھا
سوائے اس کے کہ وہ جب وہ حضور
صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرتے ہوئے
روتے ہیں کثرت بکاء کی وجہ سے ان پہ رحم
کرتا رہیں میں نے جب ان سے دیکھا جو
کچھ دیکھا اور ان سے نبی پاک کی تعظیم
کو دیکھا تو میں نے ان سے حدیث
اور علم سیکھنا شروع کر دیا۔ مصعب
بن عبداللہ نے فرمایا کہ امام مالک
جب حضور کا ذکر کرتے تو آپ کا رنگ

رحمة، ولقد كنتُ
آتي جعفر بن محمد وكان
كثير الدعابة فاذا ذكر
عنده النبي صلى الله عليه
وسلم اصفر وما رأيته
يحدث عن رسول الله صلى
الله عليه وسلم الا طهارة
ولقد كان عبد الرحمن بن
القاسم يذكر النبي صلى
الله عليه وسلم فينظر الى
لونه كانه نزف منه
الدم وقد جف لسانه
في فمه هيبة لرسول الله صلى
الله عليه وسلم ولقد
كنت آتي عامر بن عبد الله
بن زبير فاذا ذكر عنده
النبي صلى الله عليه
وسلم بكى حتى لا يبقى في
عينيه دموع ولقد

تبدیل ہو جاتا ۔ اور جھک جاتے تھے
حتی آپ کے جلسا شاگردوں پہ یہ
بات سخت گذرتی ۔ ایک دن ان سے
اس بارہ میں بات کی گئی فرمایا کہ اگر
تم دیکھتے جو کچھ میں نے دیکھا
ہے تو جو کچھ مجھ سے دیکھتے ہو اس
پہ انکار نہ کرتے میں محمد بن منکدر
کو دیکھتا تھا ۔ آپ سید القراء تھے
کہ جب بھی اُن کے سے حدیث پوچھتے
وہ محبتاً یا اجلالاً وادباً) رونا شروع
کر دیتے ۔ یہاں تک ہم ان کی شدت د
بکار کو دیکھ کر نرم دل ہو جاتے ان پہ
مہربان ہو جاتے اور میں امام جعفر صادق
کو دیکھا کرتا تھا (باوجودیکہ) آپ بہت خوش طبع
سے تھے ۔ جب ان کے ہاں حضور کا
ذکر ہوتا تو ہیبت اور اجلال نبی کی وجہ
سے آپ کا رنگ زرد ہو جاتا وہ ہمیشہ
طہارت پہ حدیث بیان فرماتے تھے یعنی
کبھی بھی بے وضو حدیث نہ بیان کرتے

رَأَيْتُ الزُّهْرِيَّ وَكَانَ مِنْ
أَهْنَأَ النَّاسِ وَأَقْرَبِهِمْ فَاذَا ذُكِرَ
عِنْدَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فَكَأَنَّهُ مَا عَرَفَكَ
وَلَا عَرَفْتَهُ وَلَقَدْ كُنْتُ
آتِي صَفْوَانَ بْنَ سُلَيْمٍ وَكَانَ
مِنَ الْمُتَعَبِّدِيْنَ الْمُجْتَهِدِيْنَ
فَاِذَا ذُكِرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكٰى فَلَا
يَزَالُ يَبْكِيْ حَتّٰى يَقُوْمَ
النَّاسُ عَنْهُ وَيَتْرُكُوْهُ
وَرُوِيَ عَنْ قَتَادَةَ اَنَّهُ
كَانَ اِذَا سَمِعَ الْحَدِيْثَ
اَخَذَهُ الْعَوِيْلُ وَالزَّوِيْلُ [1]
وَلَمَّا كَثُرَ عَلٰى مَالِكٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم حضور علیہ
الصلوٰۃ کا ذکر کرتے۔ پھر ان کے رنگ
کی طرف دیکھا جاتا تو ایسے معلوم ہوتا
کہ گویا کہ ان سے تمام خون بہ گیا ہے
خون کا قطرہ نہیں بچا یعنی رنگ سفید
پڑ جاتا اور زبان ان کے منہ میں خشک
ہو جاتی یہ سب کچھ حضورؐ کی ہیبت سے
ہوتا تھا۔ اور میں عامر بن عبداللہ کے ہاں
آتا تو جب ان کے سامنے حضور نبی کریم
صلی اللہ علیہ کا ذکر پاک ہوتا روتے رہتے
یہانتک کہ انکی آنکھوں میں آنسوں باقی نہ
رہتے اور میں نے امام زہری کو دیکھا جو
معاشرہ میں سب سے لطف اور محبت
میں سب سے اقرب تھے۔ تو جب ان کے
سامنے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم
ذکر ہوتا تو ایسا معلوم ہوتا کہ وہ تجھے نہیں
جانتے اور تو انہیں نہیں جانتا۔ کمال
دہشت اور حیرت سے یہ کیفیت ہوئی
ہوتی اور میں صفوان بن سلیم کے پاس

[1] العویل صیاح مع البکاء ۱۲ الزویل صوت الصدر بالبکاء ۱۲

حاضر ہوتا جو مجتہدین اور عابدین سے
تھے جب وہاں ذکر نبی پاک ہوتا روتے
ہی رہتے یہاں تک کہ لوگ ان سے
اُٹھ جاتے اور ان کو روتا ہوا چھوڑ
جاتے۔ حضرت قتادہ سے روایت
کی گئی ہے کہ جب وہ حدیث سنتے
چیخ و پکار گریہ وزاری کرنے لگتے

....

اَلنَّاس قِيْلَ لَهٗ
لَوْ جَعَلْتَ مُسْتَمْلِيًا
يُسْمِعُهُمْ فَقَالَ
قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى

اور جب امام مالک کے ہاں
طالبان حدیث کا ہجوم ہو گیا امام
مالک سے کہا گیا کہ آپ ایک مبلغ مقرر
کریں وہ آپ سے قریب بیٹھ کر حدیث
سن کر لوگوں تک پہنچائے کتنا اچھا ہوتا
آسانی ہو جاتی۔ فرمانے لگے اللہ تعالیٰ
کا فرمان ہے

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْ
فَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ
وَحُرْمَتُهٗ حَيًّا وَّمَيِّتًا سَوَاءٌ
شفا شریف ج ۲ ص ۳۵/۳۶ ج ۲ ص ۳۷۔

اے ایمان والو اپنی آوازیں حضور کی
آواز پر بلند نہ کرو۔ قبل از پردہ پوشی
اور بعد از پردہ پوشی حضور کی عزت
وعظمت اور آپکا احترام برابر لازم ہے

عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْن قَالَ اخْتَلَفْتُ اِلٰى اِبْنِ مَسْعُوْدٍ سَنَةً فَمَا سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اِنَّهٗ حَدَّثَ يَوْمًا فَجَرٰى عَلٰى لِسَانِهٖ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ عَلَاهُ كَرْبٌ حَتّٰى رَأَيْتُ الْعَرَقَ يَتَحَدَّرُ عَنْ جَبْهَتِهٖ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ اَوْ فَوْقَ ذَالِكَ مَا دُوْنَ ذَالِكَ اَوْ مَا هُوَ قَرِيْبٌ مِّنْ ذَالِكَ۔ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَتَرَبَّدَ وَجْهُهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَقَدْ تَغَرْغَرَتْ

عمرو بن میمون سے روایت ہے فرمایا کہ میں ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس ایک سال تک آتا جاتا رہا تو میں نے ان سے یہ کبھی فرماتے نہ سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہاں مگر ایک دن انہوں نے حدیث بیان کی اور بے ساختہ ان کی زبان پر قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جاری ہوا اور آپ پر کافی غم اور حزن طاری ہوا۔ میں نے دیکھا آپ کی پیشانی سے پسینہ بہہ رہا تھا۔ پھر فرمایا لفظاً و معنیً اس طرح حضورؐ نے فرمایا۔ جیسا میں نے روایت کیا۔ انشاء اللہ تعالیٰ یا اس سے کچھ زائد یا اس سے کچھ یا اس سے قریب فرمایا تھا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ آپ کا چہرہ تبدیل ہوگیا۔ اور روایت میں ہے کہ آنسوؤں سے آنکھیں ڈبڈبا

ؔ ہزار بار بشویم دہن بمشک و گلاب
ہنوز نام تو گفتن کمال بے ادبی ست

عَيْنَاهُ وَانْتَفَخَتْ اَوْدَاجُهٗ

اور آپ کی گردن کی رگیں پھول گئیں

شفا ج۲ ص۳۷، نسیم الریاض ج۳ ص۴۰۲ وعلی ہامشہ شرح شفا لعلی قاری ج۳ ص۴۰۲ جواہر البحار ج۲ ص۱۰۲ ناقلاً عن الامام ابی عبداللہ محمد بن ابی الفضل قاسم الرجاع المتوفی ۹۴۰ھ ونحوہ فی سنن ابن ماجہ ص۷ باب التوقی فی الحدیث

وَقَالَ مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ كَانَ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ اِذَا حَدَّثَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ وَتَهَيَّأَ وَلَبِسَ ثِيَابَهٗ ثُمَّ يُحَدِّثُ فَسُئِلَ عَنْ ذَالِكَ فَقَالَ اِنَّهٗ حَدِيْثُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُطَرِّفٌ كَانَ اِذَا اَتَى النَّاسُ مَالِكًا خَرَجَتْ اِلَيْهِمُ الْجَارِيَةُ فَتَقُوْلُ لَهُمْ يَقُوْلُ لَكُمُ الشَّيْخُ تُرِيْدُوْنَ الْحَدِيْثَ اَوِ الْمَسَائِلَ فَاِنْ قَالُوا الْمَسَائِلَ خَرَجَ اِلَيْهِمْ وَاِنْ قَالُوا الْحَدِيْثَ دَاخَلَ

مصعب نے فرمایا کہ امام مالک کا یہ دستور تھا کہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے حدیث پاک بیان کرتے، تو وضو کرتے کنگھا وغیرہ کرکے تیار ہوتے اور مخصوص کپڑے پہنتے پھر حدیث بیان فرماتے اس اہتمام کے متعلق آپ سے سوال کیا گیا، تو فرمایا یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے مطرف نے فرمایا جب لوگ امام مالک کے پاس حاضر ہوتے، لونڈی ان کی طرف جاتی اور ان سے کہتی کہ شیخ امام مالک فرماتے ہیں حدیث پاک سننے کا ارادہ ہے یا مسائل فقہی پوچھتے ہیں اگر وہ جواب دیتے کہ مسائل پوچھتے ہیں آپ فوراً باہر تشریف لاتے، اور اگر وہ کہتے کہ

مغتسلة واغتسل وتطيب
ولبس ثيابا جددا و
لبس ساجه وتعمم و
وضع على راسه رداءه
وتلقى له منصة
فيخرج فيجلس عليها وعليه
الخشوع ولا يزال يبخر
بالعود حتى يفرغ من
حديث رسول الله صلى
الله عليه وسلم قال غيره
ولم يكن يجلس على تلك
المنصة الا اذا حدث عن
رسول الله صلى الله عليه
وسلم . قال ابن ابى اويس
فقيل لمالك فى ذالك فقال
احب ان اعظم حديث
رسول الله صلى الله
عليه وسلم ولا احدث
به الا على طهارة متمكنا

حدیث پاک کے لئے آتے ہیں تو آپ
غسل خانہ میں داخل ہوتے اور غسل
کرتے خوشبو لگاتے اور نئے کپڑے
پہنتے اور جبہ پہنتے اور عمامہ باندھتے
اور اپنے سر پہ چادر اوڑھتے۔ اور
آپ کے لئے تخت بچھایا جاتا تو پھر
تشریف لاتے اور اس پہ بیٹھتے اس
حالت میں کہ آپ پہ خشوع طاری
ہوتا۔ اور حدیث پاک سے فراغت
تک خوشبو کی دھونی دیتے رہتے
مطرف کے غیر کی روایت ہے کہ آپ
اس تخت پر بغیر بیانِ حدیث کے
تشریف نہ رکھتے۔ ابن ابی اویس
نے کہا کہ اس بارہ میں امالک سے
بات چیت کی گئی۔ فرمایا کہ مجھے یہ
پسند ہے کہ میں حضور کی حدیث
کی تعظیم .... کردں
اور پاک صاف ہو کر تمکین و وقار کے ساتھ
حدیث بیان کروںگا۔

قَالَ وَكَانَ يَكْرَهُ أَنْ يُحَدِّثَ
فِي الطَّرِيْقِ أَوْ هُوَ قَائِمٌ أَوْ
مُسْتَعْجِلٌ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ
بْنُ الْمُبَارَكِ كُنْتُ عِنْدَ مَالِكٍ
وَهُوَ يُحَدِّثُنَا فَلَدَغَتْهُ
عَقْرَبٌ سِتَّ عَشْرَةَ مَرَّةً
وَهُوَ يَتَغَيَّرُ لَوْنُهُ وَ
يَصْفَرُّ وَلَا يَقْطَعُ حَدِيْثَ
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنَ
الْمَجْلِسِ وَتَفَرَّقَ عَنْهُ النَّاسُ
قُلْتُ لَهُ يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ
لَقَدْ رَأَيْتُ مِنْكَ الْيَوْمَ
عَجَبًا قَالَ نَعَمْ إِنَّمَا
صَبَرْتُ إِجْلَالًا
لِحَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
إِنَّ هِشَامَ بْنَ الْغَازِي
سَأَلَ مَالِكًا عَنْ حَدِيْثٍ

بیان کروں۔ ابن ابی اویس نے فرمایا
کہ امام مالک راستہ میں یا کھڑے ہو
کے یا جلدی میں حدیث بیان کرنے
کو نکہ وہ جانتے تھے۔ امام عبداللہ
بن مبارک نے فرمایا کہ میں امام
مالک کے ہاں تھا۔ اور وہ ہمیں حدیث
پڑھا رہے تھے آپ کو ۱۶ مرتبہ بچھو
نے کاٹا اور آپ کا رنگ تبدیل ہو
گیا اور زرد ہو گیا لیکن حدیث
رسول اللہ صلی اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کو قطع نہ کیا۔ جب آپ مجلس
سے فارغ ہوئے اور لوگ آپ سے
جدا ہو گئے۔ میں نے کہا اے ابو
عبداللہ میں نے آج آپ سے عجیب
بات دیکھی۔ فرمایا ہاں میں حدیث
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم
کی خاطر صبر کر کے بیٹھا رہا۔ ہشام
بن انصاری نے امام مالک سے حدیث
پوچھی اس حالت میں کہ وہ کھڑے

وَهُوَ وَاقِفٌ نَحْوَ سَبْعِ عِشْرِيْنَ سَوْطًا ثُمَّ أَشْفَقَ عَلَيْهِ فَحَدَّثَهُ عِشْرِيْنَ حَدِيْثًا فَقَالَ هِشَامٌ وَدِدْتُ لَوْ زَادَنِي سِيَاطًا وَيَزِيْدُنِي حَدِيْثًا

شفا شریف ص۲ ج ۲ ۳۸، ۳۹، ۴۰

وَرُوِيَ صَفِيَّةُ بِنْتُ نَجْدَةَ قَالَتْ كَانَ لِأَبِي مَحْذُوْرَةَ قُصَّةٌ فِي مُقَدَّمِ رَأْسِهِ إِذَا .... فَعَدَ وَأَرْسَلَهَا أَصَابَتِ الْأَرْضَ فَقِيْلَ لَهُ أَلَا تَحْلِقُهَا فَقَالَ لَمْ أَكُنْ بِالَّذِي أَحْلِقُهَا وَقَدْ مَسَّهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ وَرُئِيَ ابْنُ عُمَرَ وَاضِعًا يَدَهُ عَلَى مَقْعَدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمِنْبَرِ ثُمَّ وَضَعَهَا عَلَى وَجْهِهِ

تھے تو امام مالک نے اس کو بیس کوڑے لگائے۔ پھر اس پہ شفقت کی اور اس کو بیس حدیثیں سنائیں تو ہشام نے کہا کہ مجھے یہ بات پسند تھی کہ مجھے کوڑے زیادہ لگاتے اور حدیثیں زیادہ سناتے۔ صفیہ بنت نجدہ سے روایت ہے کہ فرمایا کہ ابو محذورہ کے لئے سر کے اگلے حصہ میں بالوں کا گچھا تھا جب بیٹھتے اور اسے لٹکاتے تو زمین تک پہنچتا۔ ان سے کہا گیا کہ اسے منڈواتے کیوں نہیں فرمایا میں ان بالوں کو نہیں منڈاتا جن کو حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے اپنے ہاتھ سے مس کیا۔ حضرت ابن عمر کو دیکھا گیا کہ منبر رسول کی نشست گاہ نبی پہ ہاتھ رکھکر اپنے منہ پہ ملتے۔ اسی لئے امام مالک مدینہ منورہ میں جانور پہ سوار

ما اقبل علی الجبهة من شعر الراس ۱۲

وَلِهٰذَا كَانَ مَالِكٌ رَحِمَهُ اللّٰهِ لَا يَرْكَبُ بِالْمَدِيْنَةِ دَابَّةً وَكَانَ يَقُوْلُ اَسْتَحْيِيْ مِنَ اللّٰهِ اَنْ اَطَأَ تُرْبَةً فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَافِرِ دَابَّةٍ وَقَدْ حَكَى اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيُّ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ فَضْلُوَيْهِ الزَّاهِدِ وَكَانَ مِنَ الْغُزَاةِ الرُّمَاةِ اَنَّهُ قَالَ مَا مَسَسْتُ الْقَوْسَ بِيَدِيْ اِلَّا عَلٰى طَهَارَةٍ مُنْذُ بَلَغَنِيْ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ الْقَوْسَ بِيَدِهٖ وَقَدْ اَفْتٰى مَالِكٌ فِيْمَنْ قَالَ تُرْبَةُ الْمَدِيْنَةِ رَدِيَّةٌ يُضْرَبُ ثَلٰثِيْنَ دُرَّةً وَاَمَرَ بِحَبْسِهٖ (شفا شریف ص۴۲)

وَحُكِيَ اَنَّ جَهْجَاهَانِ الْغِفَارِيَّ اَخَذَ قُضَيْبَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

نہ ہوتے اور فرماتے ہیں اللہ سے شرماتا ہوں اس بات میں کہ اس پاک مٹی کو اپنی سواری کے کھروں سے روندوں جس مٹی میں حضور آرام فرما ہیں۔ ابو عبد الرحمٰن سلمی نے احمد بن فضلویہ سے حکایت بیان کی دجو بہترین غازی اور بہترین تیر انداز تھے) انہوں نے فرمایا میں نے اس مخصوص کمان کو کبھی بے وضو ہاتھ نہیں لگایا۔ جب سے مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ حضور نے اس کمان کو اپنے ہاتھ میں لیا تھا۔ امام مالک نے اس شخص کے متعلق فتویٰ دیا جس نے مدینہ شریف کی مٹی کو ردّی کہا کہ اسے تیس کوڑے لگائے جائیں، اور اس کے قید کرنے کا حکم دیا۔ اور حکایت بیان کی گئی ہے کہ جہجاہ غفاری نے حضرت عثمان سے حضور کا عصا لیا اور گھٹنے پر رکھ کر توڑنے لگا تو لوگوں

عبد الحق محدث دہلوی حنفی نے "اشعۃ اللمعات کی ج ۱ ص۱۲۳ پر ذکر کیا۔ ۱۲ منہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ يَدِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ دَتَّنَا وَلَهُ لِيَكْسِرَهُ عَلٰى رُكْبَتِهِ فَصَاحَ بِهِ النَّاسُ فَأَخَذَتْهُ الْآكِلَةُ فِي رُكْبَتِهِ فَقَطَعَهَا وَمَاتَ قَبْلَ الْحَوْلِ۔ (شفا شریف ج ۲ ص ۴۹)

کی چیخیں نکل گئیں۔ تو اتنی بے ادبی کی وجہ سے اسے گھٹنے میں آکلہ کا مرض پیدا ہو گیا۔ اس نے گھٹنہ کاٹ ڈالا۔ اور ایک سال سے پہلے پہلے مرگیا۔

حضرات اب ائمہ اہلسنت وعلماء دین وملت کے وہ اقوال ذکر کرتا ہوں جن میں اس بات کی تصریح ہے کہ محمودِ خلق وممدوحِ خالق حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ (صلوٰۃ اللہ تعالیٰ وسلامہٗ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ کل طرفۃ عین بعدد معلومات اللہ تعالےٰ) کی جس قدر تعظیم وتعریف کی جائے کم ہے کما حقہٗ تعظیم وتعریف ممکن نہیں۔ مبالغہ سے تعریف کرو۔

(۱) ناظرین آپنے اسی رسالہ کے ص ۴۹ پہ اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد پڑھا " اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ " اے محبوب بے شک ہم نے تمہیں بیشما خوبیاں عطا فرمائیں۔

(۲) اور ص ۷۱ پہ اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد پڑھا۔ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا یعنی اے محبوب اللہ کا فضل تم پہ بے نہایت ہے

(۳) اور ص ۲۲ پہ اللہ تعالےٰ کا ارشاد پڑھا کہ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ اور اے محبوب بے شک تم خلقِ عظیم کے مالک ہو۔ یعنی غیر متناہی اخلاق حسنہ کے مالک ہو (کما ھو مستفاد من کلام ام المومنین اظہرہ صاحب۔ العوارف

ونقلہ الامام القسطلانی فی التحفۃ المحدث الدہلوی وغیرھم کما سیأتی تفصیلاً
۔ الفیضی ۱۲

۲۳ پ
منکہ ہر صفحہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد پڑھا کہ اے محبوب ضرور تمہارے لئے
بے انتہا ثواب ہے اور اِنۡ تَعُدُّوۡا نِعۡمَتَ اللّٰہِ لَا تُحۡصُوۡھَا
کی تفسیر ص۲۲ پ حضرت سہل سے گذری کہ اس آیت میں یہ فرمایا گیا ہے
کہ حضور کے فضائل اور نعم کا شمار نہیں ہو سکتا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ
کا یہ فرمان ہوا جو کہ ص۲۹ پ گذرا کہ اے ایمان والو حضور کی تعظیم میں مبالغہ
کرو اور ط۶ پ حضور کا یہ ارشاد گذرا کہ "اے ابو بکر! اللہ کی قسم مجھے
حقیقتہً میرے رب کے سوا کسی نے نہ جانا" اور ص۵۶ پ حضور
کے پیارے صحابی حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ عقیدہ
پڑھا کہ انہوں نے فرمایا، "اگر مجھ سے تعریف مصطفیٰ کے متعلق
پوچھا جائے یا اگر میں حضور کی تعریف بیان کروں تو
مجھ میں طاقت نہیں کہ حضور کی پوری تعریف کر سکوں میں کما حقہ
حضور کی تعریف بیان کرنے سے عاجز ہوں۔ کیونکہ حضور کے
اوصاف میرے علم میں غیر محاط ہیں۔ صلی اللہ علیہ وسلم
بقدر حسنہ وجمالہ واوصافہ وخصالہ وجودہ ونوالہ۔
سرِ دست اور چند آثار و احادیث ملاحظہ ہوں۔ تاکہ مسئلہ
کی بنیاد قرآن و احادیث سے ذہن میں راسخ ہو جائے اور پھر
اقوال ائمہ کے سمجھنے میں آسانی ہو۔

لہ حضور کا فرمان علیہ الصلوٰۃ والسلام ۲ اثر عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ، وصف حضور میں حضرت عمرو کا عقیدہ ۱۲

امام قسطلانی متوفی ۹۲۳ھ مواہب میں اور علامہ زرقانی اس کی شرح میں فرماتے ہیں۔

۲ وَفِي الْاَثَرِ اَنَّ خَالِدَ بْنَ وَلِيْدٍ خَرَجَ فِيْ سَرِيَّةٍ مِنَ السَّرَايَا فَنَزَلَ بِبَعْضِ الْاَحْيَاءِ فَقَالَ لَهٗ سَيِّدُ ذٰلِكَ الْحَيِّ صِفْ لَنَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَمَا اِنِّيْ اُفَصِّلُ فَلَا (لِعَجْزِيْ عَنِ التَّفْصِيْلِ) لِاَنَّ صِفَاتِهٖ لَا يُمْكِنُ الْاِحَاطَةُ بِهَا فَقَالَ الرَّجُلُ اَجْمِلْ (اَيْ اُذْكُرْهَا مُجْمَلَةً) فَقَالَ الرَّسُوْلُ بِقَدْرِ الْمُرْسِلِ (اَيْ حَالَةٍ تَلِيْقُ بِهٖ وَهُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهٗ لِتَبْلِيْغِ اَحْكَامِهٖ فَمِنْ لَازِمِهٖ اَنَّهٗ بَالِغُ الْغَايَةِ فِيْ كُلِّ مَا تُصُوِّرَ فِيْهِ مِنْ كَمَالٍ دُوْنَ مَا ثَبَتَ لَهٗ

اثر میں ہے کہ (صحابی رسول) حضرت خالد بن ولید (سیف اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) فوج کے دستوں میں سے ایک دستہ میں (جنگ کے لئے) تشریف لے گئے تو بعض قبیلوں میں اترے تو اس قبیلہ (و بستی) کے سردار نے حضرت خالد رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ ہمیں (حضرت) محمد (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) کی تعریف سنا۔ تو حضرت خالد نے فرمایا کہ میں حضور کی تعریف مفصل طور سے بیان کر دوں ایسا تو نہیں ہو سکتا۔ اس لئے کہ میں تفصیل بیان کرنے سے عاجز ہوں۔ کیونکہ حضور علیہ السلام کے (حسن و جمال و کمالات و) صفات کا احاطہ نہیں ہو سکتا۔ (ممکن بھی نہیں)۔ تو اس قبیلہ کے سردار نے کہا چلو حضور کی

فَاِنَّ الْمَلِكَ اِذَا بَعَثَ رَسُوْلًا
لِقَضَاءِ مَا يُرِيْدُ اِنَّمَا
يُرْسِلُ مَنْ يَعْتَمِدُ عَلٰى
ذٰلِكَ بِحَيْثُ يَكُوْنَ ذَا مَرْتَبَةٍ
شَرِيْفَةٍ وَتَصَرُّفٍ تَامٍّ
(ذَكَرَهٗ اِبْنُ الْمُنِيْرِ) نَاصِرُ الدِّيْنِ
اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَلْجُذَامِيُّ
الاسكندرانيّ العَلَّامَةُ الْمُتَبَحِّرُ
فِي الْعُلُوْمِ صَاحِبُ التَّصَانِيْفِ
العديدة قَالَ الْعِزُّ
بن عَبْدِ السَّلَامِ دِيَارُ
مِصْرَ تَفْتَخِرُ بِرَجُلَيْنِ فِي
طَرَفَيْهَا اِبْنِ دَقِيْقِ الْعِيْدِ
بِقُوْصَ وَاِبْنِ الْمُنِيْرِ بِالاسكندرية
(فِي اسراء الاسراء) سَمَّاهُ
الْمُقْتَفِي كِتَابٌ نَفِيْسٌ فِيْهِ
فَوَائِدُ جَلِيْلَةٌ وَ
اِسْتِنْبَاطَاتٌ حَسَنَةٌ"

مواہب و شرح الزرقانی ج ۲ ص ۱۷۴

تعریف مجمل طور پہ بیان کر دو۔ تو
حضرت خالد نے فرمایا رسول (قاصد
کی قدر و منزلت) مرسل بھیجنے والے
کی قدر و منزلت پہ ہوتی ہے اب
کونسی حالت حضور کے لائق ہو گی
جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم ہیں۔ یعنی اللہ تعالیٰ جن کو
بھیجنے والا ہے اور یہ اللہ تعالیٰ
کے بھیجے ہوتے ہیں۔ جن کو اللہ تعالیٰ
اپنے احکام کی تبلیغ کے لئے بھیجا تو
اس کے لوازمات سے ہے کہ حضور
انتہائی مقام پہ پہنچے تو ہر وہ کمال جو
جو حضور میں متصور کریں وہ متصور
کمال اس سے کم ہے جو حضور کے لئے
ثابت ہے۔ کیونکہ بادشاہ جب
اپنے ارادہ کو پورا کرنے کے لئے
کوئی قاصد بھیجتا ہے تو ایسا بھیجتا
ہے جو کام کرنے پہ قادر ہو شریف
مرتبہ والا اور تصرف والا ہو اس

ارشاد صحابی کو صاحب تصانیف عدیدہ تمام علوم میں متبحر علامہ ناصر الدین ابن منیر۔ احمد بن محمد جذالی اسکندری نے اپنی نفیس کتاب " اسرار الاسرار " میں ذکر کیا ہے جس کا نام مقتفیٰ رکھا۔ اس میں جلیل فائدے ہیں اور حسین استنباط ہیں۔ ابن منیر ایسی بزرگ ہستی ہیں کہ امام عز بن عبد سلام فرماتے ہیں کہ زمین مصر اپنے میں دو ہستیوں پہ فخر کرتی ہے ایک ابن دقیق العید قوص والے اور دوسرے ابن منیر اسکندریہ والے۔

ونقل اثر خالد عن ابن منیر۔ الامام المناوی۔ فیض القدیر جلد ۲ ص ۵ جواہر البحار جلد ۲ ص ۵۔ ناقلا عن المواہب۔ و جلد ۲ ص ۱۶۴ نقلا عن المناوی اطیب البیان ص ۱۳۱۔

اس اثر صحابی سے ظاہر ہوا کہ صحابی رسول کی نظر میں اوصاف سید دو عالم کا احاطہ وحصر ممکن نہیں ہر کمال حضور کے لئے ثابت بلکہ ہر کمال متصورہ سے فزوں۔ جب سیف اللہ جیسی شخصیت توصیف سید دو عالم کما حقہ سے عاجز ہے تو ما وشما کس قطار میں خاک ایسے منہ میں جو کہتے ہیں کہ حضور کی تعریف بڑے بھائی کی سی کرنی چاہیئے بلکہ اس میں بھی اختصار۔ (العیاذ باللہ تعالیٰ)

۳۰ وَقَدْ قَالَ عَلِیٌّ	حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ
کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْہَہٗ یَقُوْلُ	وجہ الکریم نے فرمایا کہ جب حضور
نَاعِتُہٗ لَمْ اَرَ قَبْلَہٗ	علیہ الصلوٰۃ السلام کی مدح وثنا
وَلَا بَعْدَہٗ مِثْلَہٗ	اور تعریف بیان کرنے والا

صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (شمائل ترمذی باب خلقہ صلے) اے یَقُوْلُ ذَالِکَ عِنْدَ الْعِجْزِ عَنْ وَصْفِہٖ

مکمل وصف پاک بیان کرنے سے عاجز آتا تو کہتا کہ میں نے حضور کی مثل نہ حضور سے پہلے دیکھا اور نہ بعد میں۔

زرقانی ج۴ ص۲۷ و ج۱ ص۳۰ شفا شریف ج۱ ص۵۱ شرح شفا للخفاجی وللقاری الحنفیین ج۱ ص۳۳۴ قال الخفاجی فیہ قال الطیبی رحمہ اللہ تعالیٰ اے ناعتہ یقول ذالک عند العجز عن وصفہ مولانا علی قاری حنفی اس اثر علی رضی اللہ عنہ کے ماتحت فرماتے ہیں۔ (یَقُوْلُ نَاعِتُہٗ) اَیْ وَاصِفُہٗ عِنْدَ الْعُجُزِ عَنْ وَصْفِہٖ مرقات ج۱۱ ص۳۸۴ نیز فرمایا۔

(یَقُوْلُ نَاعِتُہٗ) اَیْ وَاصِفُہٗ اِجْمَالًا عِجْزًا عَنْ بَیَانِ جَمَالِہٖ وَکَمَالِہٖ تَفْصِیْلًا لَمْ اَرَ قَبْلَہٗ وَلَا بَعْدَہٗ مِثْلَہٗ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ اِذْ لَیْسَ فِی النَّاسِ مَنْ یُمَاثِلُہٗ فِیْ جَمَالٍ وَلَا فِی الْخُلُقِ مَنْ یُشَابِہُہٗ عَلٰی وَجْہِ الْکَمَالِ (بَلْ فِیْ سَائِرِ الْخَلْقِ (الفیضی) ۱۲) (جمع الوسائل شرح شمائل ج۱ ص۲۸، ۲۹)

حضور کی تعریف کرنے والا حضور کے جمال اور کمال کے تفصیلی بیان سے عاجز آکر اجمالاً یوں کہتا ہے کہ میں نے حضور جیسا نہ حضور سے قبل دیکھا نہ حضور کے بعد اس لئے کہ تمام لوگوں میں ایسا کوئی نہیں جو جمال میں حضور کے مماثل ہو اور نہ مخلوق میں ایسا ہے جو علی وجہ الکمال حضور سے مشابہ ہو۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ حضور کی تعریف کرتے کرتے آخر میں اعتراف عجز کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

۴ لَمْ اَرَ قَبْلَهٗ وَلَا بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (رواہ الترمذی) وَقَالَ هٰذَا حدیث حسن صحیح
مشکوٰۃ شریف ج۲ شمائل ترمذی باب خلقہ صا

میں نے نہ حضور سے پہلے حضور جیسا دیکھا نہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نیز مولا علی فرماتے ہیں۔ لَمْ اَرَ قَبْلَهٗ وَلَا بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ت فیہ کر کنز العمال ج۷ ص۱۱ و ذکرنا فع بن جبیر عنہ لَمْ اَرَ قَبْلَهٗ وَلَا بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ ابن جریر ت فیہ ۶، کر کنز العمال ج۷ ص۱۱

فَهٰذِهٖ فَذْلَكَةٌ مُشْتَمِلَةٌ عَلٰی اِظْهَارِ الْعِجْزِ عَنْ غَايَةِ وصفه وَنِهَايَةِ نَعْتِهٖ
(مرقات شرح مشکوٰۃ ج ۵ ص ۳۸۳)

پس یہ رب مثلیت کا بیان، ایسا خلاصہ ہے جو حضور کی غایت وصف اور نہایت نعت سے اظہار عجز پہ مشتمل ہے۔

۵ قَالَ عَلِیٌّ رَبِّمَطَالِبَة حبر مِّن الیَهُوْدِ فِی الیَمَنِ، لَمْ اَرَ قَبْلَهٗ وَلَا بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ فصدق حبر من الیهود بمطابقته مِنْ کتب السالفة واسلم

حضرت علی نے فرمایا جب کہ یمن میں آپ سے یہودی عالم نے رسول اللہ علیہ السلام کا استفسار کیا میں نے حضور جیسا نہ حضور سے پہلے دیکھا نہ بعد میں تو اس یہودی عالم نے اس کی (یعنی حضور کی بے مثلیت وغیرہ کی) تصدیق کی کہ کتب گذشتہ سے یہ اوصاف مطابقت دکھاتے ہیں اور مسلمان ہو گیا

کر۔ کنز العمال ج ۷، ص۱۰۹، ۱۱۰ والیضا عن علی، لم ار قبلہ ولا بعدہ مثلہ۔ ابن جریر
ق فیہ کر کنز العمال ج ۷ ص ۱۱۱ و ص ۱۱۲ رواہ الدورقی ایضا رواہ الترمذی۔ و
ہشام بن عمار فی البعث والکجی۔ ق۔ فی الدلائل۔ کنز العمال ج ۷ ص ۱۱۲ ایضاً
ط رحم۔ والعدنی وابن بنیع۔ ت و قال حسن صحیح وابن ابی عاصم وابن
جریر، حب، ک، ق فی الدلائل۔ ص۔ کنز العمال ج ۷ ص ۱۱۲، ۱۱۳

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

۶ بِأَبِیْ وَ اُمِّیْ لَمْ اَرَ قَبْلَہٗ وَلَا بَعْدَہٗ اَحَدًا مِثْلَہٗ (کر۔ کنز العمال ج ۷ ص ۱۱۳)

میرے ماں باپ حضور پہ قربان میں نے نہ حضور سے پہلے حضور جیسا دیکھا نہ حضور کے بعد، حضور بے مثل تھے

نیز حضرت ابو ہریرہ کی مسند میں یہ جملہ ہے

۷ لَمْ اَرَ بَعْدَہٗ مِثْلَہٗ رواہ ابن عساکر کنز العمال ج ۷ ص ۱۰۰

میں نے حضور کے بعد حضور جیسا نہ دیکھا۔

۸ عَنْ قَتَادَۃَ عَنِ النَّبِیِّ اَوْ جَابِرٍ لَمْ یُرَ بَعْدَہٗ مِثْلَہٗ رویانی کنز العمال ج ۷ ص ۱۰۵

حضرت قتادہ حضرت انس یا حضرت جابر سے روایت ہے کہ حضور کے بعد حضور جیسا نہ دیکھا گیا۔

۹ عَنِ النَّبِیِّ لَمْ اَرَ قَبْلَہٗ وَلَا بَعْدَہٗ مِثْلَہٗ (کر کنز العمال ج ۷ ص ۱۰۷، ۱۰۸)

حضرت انس سے روایت ہے کہ میں نے حضور سے قبل حضور جیسا دیکھا نہ حضور کے بعد (حضور بے مثل تھے)

علامہ قاری اس کی شرح فرماتے ہیں۔

اے مُمَاثِلاً وَمُسَاوِیًا لَہٗ[1]	یعنی کوئی ایسا نہیں جو تمام مراتب
فِیْ جَمِیْعِ مَرَاتِبِ الْکَمَالِ	کمال اور خلقا و خُلقا تمام احوال میں
خَلْقًا وَخُلُقًا فِیْ کُلِّ الْاَحْوَالِ	حضور کے مماثل اور برابر ہو اور یہ ایسا
وَھٰذَا فَذْلَکَۃُ شَاھِدَۃٌ	خلاصہ ہے جو حضور کے مراتب صفت
بِعَجْزِہٖ عَنْ مَرَاتِبِ وَصْفِہٖ	اور مناقب نعت سے عاجزی پر شاہد
وَمَنَاقِبِ نَعْتِہٖ (مرقات ج ۵ ص ۳۷۹)	ہے رکہ ان کے بیان سے عاجزی ہے)

۱۰ حضرت حسن بن علی فرماتے ہیں

سَئَلْتُ خَالِیْ ھِنْدَ بْنَ اَبِیْ	میں نے اپنے ماموں ہند[2] بن ابی ہالہ سے
ھَالَۃَ وَکَانَ وَصَّافًا[1]	حضور کا وصف پوچھا۔ آپ مبالغہ سے
(شمائل ترمذی باب خلقہ ص ۲)	حضور کا وصف بیان کرتے تھے

۱۱ حضرت خارجہ بن زید بن ثابت سے روایت ہے فرماتے ہیں۔

فَقَالُوْا حَدِّثْنَا اَحَادِیْثَ رَسُوْلِ اللّٰہِ	ایک گروہ میرے والد حضرت زید بن
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ	ثابت کی خدمت میں آیا اور کہنے لگا
قَالَ مَاذَا اُحَدِّثُکُمْ اِلَخ	ہمیں حضور کی احادیث سنا۔ آپ نے
(شفا شریف ج ۱ ص ۱۲۱)	فرمایا کون کونسی حدیث سناؤں۔

شمائل ترمذی باب خلقہ صلی اللہ علیہ وسلم ص ۲۵ اس کے حاشیہ پہ ہے

اے اَیْ شَیْءٍ اُحَدِّثُکُمْ کَاَنَّھُمْ	یعنی میں تم سے کون کونسی چیز بیان

[1] والوصاف صیغۃ مبالغۃ جمع الوسائل ج ۱ ص ۳۳ [2] حضرت ہند حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے اخیافی بھائی تھے۔ اور حضور کے ربیب تھے [3]

[3] (زرقانی و مناوی) جمع الوسائل ج ۱ ص ۳۳

طَلَبُوْا مِنْهُ الْإِحَاطَةَ بِأَحْوَالِهٖ فَتَعَجَّبَ مِنْ ذَالِكَ (رہ مش ۳ھ)

کردوں گویا کہ انہوں نے حضور کے احوال کا احاطہ طلب کیا تھا تو اس سے تعجب کیا۔

علامہ علی قاری اس کی شرح میں فرماتے ہیں

أَيْ أَيَّ شَيْءٍ أُحَدِّثُكُمْ وَكَأَنَّهُمْ طَلَبُوْا مِنْهُ الْإِحَاطَةَ بِأَحْوَالِهٖ وَأَفْعَالِهٖ وَأَقْوَالِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَعَجَّبَ مِنْ ذَالِكَ وَاسْتَنْكَرَ الْوُقُوْفَ عَلٰى مَاهُنَالِكَ وَلٰكِنْ مِنْ قَوَاعِدِ الْمُقَرَّرَةِ أَنَّ مَا لَا يُدْرَكُ كُلُّهٗ لَا يُتْرَكُ كُلُّهٗ أَفَادَهُمْ لِبَعْضِ ذَالِكَ (جمع الوسائل ص ۱۵۱ ج ۲)

یعنی کونسی چیز تم سے بیان کردوں گویا کہ انہوں نے ان سے حضور کے احوال اور افعال اور اقوال کا احاطہ طلب کیا تھا تو اس سے آپ نے تعجب کیا اور حضور کے سب احوال و اوصاف شریفہ سے واقف ہونے سے انکار کیا (یعنی کون احاطہ کرسکتا ہے) لیکن یہ مقررہ قواعد سے ہے کہ جب کل کا احاطہ نہ ہو سکے تو سب کو نہ چھوڑ دیا جائے۔ اس لئے ان سے حضور کے بعض اوصاف بیان فرمائے۔

۱۲ وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ مَا رَأَيْتُ شَيْئًا أَحْسَنَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ نے فرمایا کہ میں نے حضور سے زیادہ حسین کسی کو نہ دیکھا (حضور کا اتنا نورانی چہرہ تھا کہ گویا

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ الشَّمْسَ تَجْرِیْ فِیْ وَجْھِہٖ وَاِذَا ضَحِکَ یَتَلَاْلَاُ فِی الْجُدُرِ (شفا شریف ص۵۱ ج ۱

معلوم ہوتا تھا کہ گویا سورج حضور کے چہرہ میں جاری ہے اور جب آپ مسکراتے تو دیواروں پہ چمک پڑتی (وہ روشن ہو جاتیں یعنی نورانی شعاعیں نمودار ہوتیں

وشرح شفا للخفاجی۔ رواہ احمد، والترمذی۔ وابن حبان شرح شفا للقاری ص۳۳۸ ج ۱

۳۴؎ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ حضور کی تعریف کرتے کرتے آخر میں فرماتے ہیں

مَارَأَیْتُ شَیْئًا قَطُّ اَحْسَنَ مِنْہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (شمائل ترمذی باب خلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ص۱

میں نے کوئی چیز حضور سے زیادہ حسین نہیں دیکھی (بلکہ سب چیزوں سے زیادہ حسین حضور علیہ الصلوٰۃ السلام تھے۔

صحابہ کرام حضور کی تعریف میں مبالغہ کرتے کرتے آخری بات حضور کی بے مثلیت بیان کر کے حضور کی کما حقہ تعریف کرنے سے عجز کا اعتراف کرتے ہیں۔ جب صحابہ کرام حضرت ابوہریرہ حضرت جابر، حضرت انس، حضرت عمرو بن عاص حضرت خالد بن ولید حضرت علی حضرت عمر۔ وغیرہم رضوان اللہ علیہم اجمعین۔ جیسے حضرات کما حقہ حضور کی تعریف نہیں کر سکتے اور حضور کے فضائل کا احاطہ

نہیں کر سکتے تو ہم کون ہیں۔ لہٰذا ہم جتنا حضور کی تعریف و تعظیم میں مبالغہ کریں اتنا تھوڑا ہے کُلُّ غلُوٍ فِی حَقِّہٖ تقصِیرٌ مناوی شرح شمائل ج ۲ باب خلق ص۔

ان مذکورہ آیات شریفہ اور فرمان سید دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم اور تیرہ ۱۳ آثار صحابہ کرام کو ذہن نشین کرنے کے بعد اب ائمہ اہلسنت و علماء دین و ملت کے وہ زریں اقوال طیبہ کلمات شریفہ ملاحظہ ہوں جن سے دلوں کو تسکین و اطمینان حاصل ہوتا ہے اور سینوں میں نور ایمان تاباں ہوتا ہے اور شمع عرفاں درخشاں ہوتی ہے اور جو میری اس تالیف کی اولیں محرک ہیں۔

فصل سوم

اقوال ائمہ کرام و علماء عظام

اس بارے میں کہ حضور کے فضائل و محاسن بے شمار اور غیر متناہی ہیں جتنا مبالغہ اور غلو سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعریف کرو کم ہے۔

۱ شیخ الاسلام حضرت شیخ شرف الدین ابو عبداللہ محمد بن سعید بن حماد بوصیری (متولد ۶۰۸ھ متوفی ۶۹۴، ۶۹۵ھ) رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کا مقدس ارشاد۔

فَهُوَ الَّذِیْ تَمَّ مَعْنَاهُ وَصُوْرَتُهٗ
ثُمَّ اصْطَفَاهُ حَبِیْبًا بَارِئُ النَّسَمِ[۱]

حضور ایسی ذات ہیں کہ ان کا باطن کمالات میں مکمل ہے اور ان کا ظاہر صفات میں مکمل ہے پھر خالق انسان نے انکو اپنا محبوب بنا لیا۔

مُنَزَّهٌ عَنْ شَرِیْكٍ فِیْ مَحَاسِنِهٖ
فَجَوْهَرُ الْحُسْنِ فِیْهِ غَیْرُ مُنْقَسِمِ

حضور سید عالم اپنی خوبیوں میں شریک سے منزہ ہیں سو ان میں جو جو ہر حسن ہے وہ تقسیم نہیں ہونے کا

دَعْ مَا ادَّعَتْهُ النَّصَارٰی فِیْ نَبِیِّهِمْ
وَاحْكُمْ بِمَا شِئْتَ مَدْحًا فِیْهِ وَاحْتَكِمِ[۲]

چھوڑ کر دعویٰ وہ جس کے ہیں نصاریٰ مدعی۔ جو مانو اسے زیبا ہے اللہ کی قسم۔

وَانْسُبْ اِلٰی ذَاتِهٖ مَا شِئْتَ مِنْ شَرَفٍ
وَانْسُبْ اِلٰی قَدْرِهٖ مَا شِئْتَ مِنْ عِظَمٍ[۳]

جو شرف چاہو کرو منسوب اس کی ذات سے۔ کوئی عظمت کیوں نہ ہو ہے منزلت اس کی کم۔

---

[۱] قوله النسم جمع نسمة وهی الانسان ۱۲ منه [۲] قوله واحتکم رای راع الحکمة فی مدحک له صلی الله علیه وسلم۔ علامه باجوری) الاحتکام الاختصام (شیخ خالد) ۱۲ منه [۳] العظم التعظیم ۱۲ منه۔

فَاِنَّ فَضْلَ رَسُوْلِ اللّٰہِ لَیْسَ لَہٗ	حد نہیں رکھتی فضیلت کچھ رسول اللہ
حَدٌّ فَیُعْرِبَ عَنْہُ نَاطِقٌ بِفَمٖ	کی ۔ لب کشائی کیا کریں اہل عرب اہل عجم
	(سیرت رسول عربی ص۶۳۲)

قصیدہ بردہ شریف ص۱۰، ص۱۱ مطبوعہ تاج کمپنی ۔ تفلیہم الشیخ احمد السرہندی وعنہ فی جواہر البحار ج۲ ص۱۹۲

۲- ان اشعار پاک کی تفسیر و تشریح کرتے ہوئے علامہ خالد بن عبداللہ الازہری فرماتے ہیں ۔

اُتْرُكْ مَا قَالَتْہُ النَّصَارٰی	وہ چھوڑ جو نصاریٰ نے بنی عیسیٰ
فِیْ نَبِیِّہِمْ عِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ	بن مریم علیہ وعلی امہا الصلوٰۃ
عَلَیْہِمَا السَّلَامُ اِنَّہٗ اِبْنُ اللّٰہِ	والسلام کے حق میں ابن اللہ
کَمَا اَخْبَرَ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی	کہا ۔ جیسا کہ اللہ تعالےٰ نے
عَنْہُمْ فَاِنَّ نَبِیَّنَا صَلَّی اللّٰہُ	ان سے خبر دی ہے بے شک
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَہٰی عَنْ مِثْلِ	ہمارے نبی کریم صلی اللہ
ذٰلِكَ حَیْثُ قَالَ لَا تُطْرُوْنِیْ	علیہ وسلم نے ایسی چیزوں کے رو کنے سے منع فرمایا ، نہ بڑھاؤ جیسا کہ نصاریٰ
کما اطری النصاری عیسی بے دتصفونی بِذٰلِكَ وَاحْکُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ	نے عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو
لَہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ	بڑھایا ۔ مجھے ان چیزوں (ابن اللہ
بِمَا شِئْتَ مِنْ اَوْصَافِ الْکَمَالِ	ثالث ثلثۃ) سے موصوف نہ کرو اور
اللَّائِقَۃِ بِجَلَالِ قَدْرِہٖ	اس کے بعد جو چاہے اوصاف کمال
وَخَاصِّہِمْ فِیْ اِثْبَاتِ فَضَائِلِہٖ	جو حضور کے جلالت مرتبہ کے لائق

لہ حد ، غایۃ فیعرب ، فیبین ، اثیفصح ، فیظہر ۱۲ منہ

مَنْ شِئْتَ مِنَ الْخُصَمَاءِ وَ	ہوں حضور کی طرف نسبت کرو
اعْزُ اِلٰى ذَاتِهِ الشَّرِيْفَةِ	اور حضور کے فضائل ثابت کرے
مَا شِئْتَ مِنْ شَرَفٍ وَاِلٰى	میں جس خصم سے چاہے جھگڑا کرو
عُلُوِّ قَدْرِهِ الْعَظِيْمِ مَا اَرَدْتَ	اور حضور کی ذات شریفہ کی طرف
مِنَ التَّعْظِيْمِ وَالرِّفْعَةِ فَقَدْ	جس شرف کی چاہے نسبت کر
وَجَدْتَ لِلْقَوْلِ بَابًا وَاسِعًا	اور حضور کے علو قدر کی طرف جس
فَاِنَّ فَضْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ	تعظیم و رفعت کا ارادہ کرے منسوب
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لَهٗ غَايَةٌ	کر۔ کیونکہ ہر بلند سے بلند قول
يُوْقَفُ عِنْدَهَا فَيُبَيِّنُهَا	کے لئے باب واسع پائیگا۔ کیونکہ
نَاطِقٌ بِلِسَانٍ فَمِهٖ فَاَوْصَافُهٗ	حضور کے فضائل کی کوئی انتہا نہیں
لَا تُحْصٰى وَفَضَائِلُهٗ لَا	کہ جہاں رکیں۔ اور بولنے والا اسے
تُسْتَقْصٰى (شرح بردہ للشیخ المذکور	اپنی زبان سے بیان کرے تو حضور
ص۳۲ طبع مصر۔	کے اوصاف کا شمار نہیں کیا جا سکتا
	اور آپکے فضائل کی تہہ تک نہیں پہنچا جا
	سکتا۔

۳۔ شیخ الاسلام شیخ ابراہیم باجوری رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد۔

اُحْكُمْ بِمَا شِئْتَ مِمَّا يَدُلُّ	(اے مسلمان) حکم کر حضور کے حق
عَلٰى شَرَفِهٖ وَعُلُوِّ شَانِهٖ	میں جو چاہے ان کلمات اور اوصاف
وَعَظِيْمِ جَاهِهٖ مِنْ جِهَةِ	سے جو حضور کے شرف اور علو شان

الْمَدْحِ رُتْبَتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ... لَيْسَ لَهٗ غَايَةٌ وَّلَا مُنْتَهٰى لِاَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَزَلْ يَتَرَقّٰى فِي الْكَمَالِ كُلَّ لَحْظَةٍ قَالَ سَيِّدِىْ عَلِيٌّ وَفِيٌّ وَّيُشِيْرُ لِهٰذَا قَوْلُهٗ تَعَالٰى۔ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى۔ لِاَنَّ مَعْنَاهُ الْاِشَارِيَّ وَلَلَّحْظَةُ الْمُتَاَخِّرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ اللَّحْظَةِ الْمُتَقَدِّمَةِ لِاَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَرَقّٰى فِي الْمُتَاَخِّرَةِ اِلٰى كَمَالَاتٍ زَائِدَةٍ عَمَّا تَرَقّٰى اِلَيْهِ فِي الْمُتَقَدِّمَةِ

اور عظیم المرتبہ ہونے پہ بہجت مدح دال ہوں۔ کیونکہ حضور کی نہ غایت ہے نہ منتہیٰ۔ اس لئے کہ حضور ہر لحظہ کمال میں ترقی کر رہے ہیں سیدی علی وفی نے فرمایا اسی بات کی طرف اللہ کا یہ قول اشارہ کرتا ہے (وللاخرۃ خیر لک من الاولیٰ) کیونکہ اس کا اشارتی معنی یہ ہے کہ تمہارا ہر بعد والا لحظہ پہلے لحظہ سے خیر سے بہتر ہے کیونکہ حضور پچھلے لحظہ میں کمالات زائدہ کی طرف ترقی کرتے ہیں۔ بہ نسبت اس ترقی کے جو گذشتہ لحظہ میں تھی۔

(الباجوری طبع مصر ص ۳۲ علی البردۃ)

۴ نیز شیخ الاسلام باجوری کا ارشاد مقدس و عقیدہ مطہرہ۔

اِعْلَمْ اَنَّ مَدْحَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَتَحَاطَهٗ فُحُوْلُ الشُّعَرَاءِ الْمُتَقَدِّمِيْنَ

یقین کر کہ حضور کی مدح کو بڑے بڑے متقدمین شعراء نہ پا سکے اس لئے کہ حضور کے کمالات احصاء در

لِاَنَّ كَمَالَاتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُحْصٰى وَ
شَمَائِلَهٗ لَا تُسْتَقْصٰى
فَالْمَادِحُوْنَ لِجَنَابِهِ الْعَلِيِّ
وَالْوَاصِفُوْنَ لِكَمَالِهِ الْجَلِيِّ
مُقَصِّرُوْنَ عَمَّا هُنَالِكَ
قَاصِرُوْنَ عَنْ اَدَاءِ ذَالِكَ كَيْفَ
وَقَدْ وَصَفَهُ اللّٰهُ فِيْ كُتُبِهٖ
بِمَا يَبْهَرُ الْعُقُوْلَ وَ لَا
يُسْتَطَاعُ اِلَيْهِ الْوُصُوْلُ
فَلَوْ بَالَغَ الْاَوَّلُوْنَ
وَالْاٰخِرُوْنَ فِيْ اِحْصَاءِ مَنَاقِبِهٖ
لَعَجَزُوْا عَنْ ضَبْطِ مَا حَبَاهُ
مَوْلَاهُ مِنْ مَوَاهِبِهٖ وَلَقَدْ
اَحْسَنَ مَنْ قَالَ ۔

اَرٰى كُلَّ مَدْحٍ فِي النَّبِيِّ مُقَصِّرًا
وَاِنْ بَالَغَ الْمُثْنِيْ عَلَيْهِ وَاَكْثَرَا

شمار سے فزوں ہیں اور آپ کے شمائل
کی تہ کو کوئی نہیں پہنچ سکتا۔ تو حضور
کی جناب عالی کی مدح کرنے والے
اور کمال جلی کی وصف کرنے
والے ان کی مدت کے شمار سے
عاجز ہیں۔ اور ان کے ادا سے قاصر
ہیں یہ کیسے قاصر نہ ہوں۔ حالانکہ
اللہ تعالیٰ نے اپنی کتابوں میں
حضور کی ایسی تعریف کی ہے کہ
عقول پہ غالب ہے اور اس تک
پہنچنے کی طاقت نہیں۔ پس اگر سب
اگلے اور سب پچھلے مل جل کر حضور
کے مناقب کے شمار میں مبالغہ
کریں تو ان فضائل و کمالات کے ضبط
کرنے سے عاجز ہوں گے جو مولا کریم
نے حضور کو عطا فرمائے۔ کسی نے کیا خوب کہا
ہیں ہر مدح کو نبی کی شان میں کم دیکھتا
ہوں۔ اگرچہ تعریف کرنے والا
مبالغہ کرے اور اکثر بیان کرے

اِذَا اللّٰہُ اَثْنٰی بِالَّذِیْ ھُوَ اَھْلُہٗ عَلَیْہِ فَمَا مِقْدَارُ مَا تَمْدَحُ الْوَرٰی	اس لئے کے اللہ تعالیٰ نے حضور کی ثنا کی ہے ایسے کلمات سے جس کے حضور اہل تھے تو مخلوق کی تعریف کس شمار میں۔
فَکُلُّ غُلُوٍّ فِیْ حَقِّہٖ تَقْصِیْرٌ وَلَا یَبْلُغُ الْبَلِیْغُ اِلَّا قَلِیْلًا مِنْ کَثِیْرٍ	لہذا ہر غلو حضور کے حق میں تقصیر ہے اور بلیغ تو کثیر سے صرف قلیل تک پہنچتا ہے۔
(حاشیہ الباجوری علی البردہ صلا مطبع مصر)	

۵ حضرت علامہ نور بخش توکلی نقشبندی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ارقام فرماتے ہیں۔

"حضور علیہ الصلوٰۃ السلام کے فضائل و کمالات کا احاطہ طاقت بشری سے خارج ہے" علمائے ظاہر و باطن سب یہاں عاجز ہیں۔ چنانچہ حضرت خواجہ صالح بن مبارک بخاری خلیفہ مجاز خواجہ خواجگان سید بہاؤ الدین نقشبند رضی اللہ تعالیٰ عنہ انیس الطالبین ص۹ میں لکھتے ہیں۔

اجماع اہل تصوف است کہ صدیقیت نزدیک ترین مقامے و مرتبہ ایست بہ نبوت و سخن سلطان العارفین ابو یزید بسطامی است قدس سرہ کہ آخر نہایت صدیقاں اول احوال انبیاء است	صوفیاء کرام کا اس پر اتفاق ہے کہ نبوت کے سب سے زیادہ نزدیک مقام و مرتبہ صدیقیت ہے اور سلطان العارفین ابو یزید بسطامی قدس سرہ کا قول ہے کہ صدیقوں کے مقام کی نہایت نبیوں کے مقام کی ابتدا رہا ہے۔ اور ان کے

واز کلمات قدسیہ ایشاں است
کہ نہایت مقام عامہ مومناں
بدایت مقام اولیاء است و
نہایت مقام اولیاء بدایت
مقام شہیداں است و نہایت
مقام شہیداں بدایت مقام
صدیقاں است و نہایت مقام
صدیقاں بدایت مقام انبیاء
است و نہایت مقام انبیاء
بدایت مقام رسل است و
نہایت مقام رسل بدایت
مقام اولوالعزم است و نہایت مقام اولوالعزم بدایت نہایت
مقام مصطفیٰ است صلی اللہ
علیہ وسلم و مقام مصطفےٰ صلی
اللہ علیہ وسلم را نہایت
پیدا نیست جز حق جل وعلا
کسے نہایت مقام وے را
نداند و در روز ازل مقام
ارواح و بروز میثاق ہم بریں

کلمات قدسیہ میں سے ہے کہ عامہ
مومنین کے مقام کی غایت اولیاء
کے مقام کی ابتدا ہے۔ اور اولیاء
کے مقام کی غایت شہیدوں
کے مقام کی ابتدا ہے اور
شہیدوں کے مقام کی غایت
صدیقوں کے مقام کی ابتدا ہے
اور صدیقوں کے مقام کی غایت
نبیوں کے مقام کی ابتدا ہے اور
نبیوں کے مقام کی غایت اور
رسولوں کے مقام کی ابتدا ہے
اور رسولوں کے مقام کی غایت
اولوالعزم کے مقام کی ابتدا ہے
اور اولوالعزم کے مقام کی غایت
حضرت محمد مصطفےٰ کے مقام کی ابتدا ہے
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ اور
حضرت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم کے مقام کی کوئی انتہا نہیں
حق جل وعلا کے سوا اور کوئی آپکے
مقام کی انتہا نہیں جانتا اور روز

مراتب بود کہ ذکر کردہ شد و در روز قیامت ہم بریں مراتب باشد۔

ازل میں میثاق کے دن روحوں کا مقام ان ہی مراتب پر تھا جو مذکور ہوئے اور قیامت کے دن بھی انہیں مراتب پر ہوگا

سیرت رسول عربی مطبوعہ تاج صفحہ ۶۳۱/۶۳۰ فکانت بدایتہم علیہم السلام نہایت العارفین والسلام جواہر البحار جلد ۲۹۸/۳ از عارف نابلسی وا واز ابویزید۔ عارفین کے مقام کی انتہا انبیا کرام کے مقام کی ابتداء ہے۔ ۱۲ منہ

حضرت بایزید بسطامی (متوفی ۲۶۱ھ) رحمہ اللہ تعالیٰ (طبقات کبریٰ) یوں فرماتے ہیں۔

نہایت حال اولیا بدایت حال انبیا است۔ نہایت انبیا را غایت نیست

اولیا کے حال کی انتہا انبیا کے حال کی ابتدا رہے۔ انبیاء کرام کے نہایت کی غایت نہیں

(تذکرۃ الاولیا شیخ عطار صفحہ ۱۱۱)

۸ شیخ ابوالحسن خرقانی قدس سرہ (متوفی روز عاشورہ ۴۲۵ھ) یوں فرماتے ہیں۔

سہ چیز را غایت ندانستم غایت درجات مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ندانستم وغایت کید نفس۔ ندانستم وغایت

مجھے ان تین چیزوں کی غایت وحد معلوم نہ ہوئی حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے درجات۔ مکرِ نفس۔ معرفت

معرفت ندالستم (نفحات الانس)

(سیرت رسول عربی ص۶۳۲، ۶۳۱)

(تذکرۃ الاولیاء، ص۲۶ شیخ عطار)

۹ شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۶۹۱ھ) رقمطراز ہیں۔

یَا صَاحِبَ الْجَمَالِ یَا سَیِّدَ الْبَشَرِ	اے صاحب جمال اے سید البشر
مِنْ وَجْهِكَ الْمُنِیْرِ لَقَدْ نُوِّرَ الْقَمَرُ	آپ کے روشن چہرہ سے چاند روشن ہے
لَا یُمْكِنُ الثَّنَاءُ كَمَا كَانَ حَقُّهٗ	آپ کی ثنا کما حقہ ممکن نہیں
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر[1]	قصہ مختصر یہ ہے کہ خدا کے بعد آپ ہی بزرگ ہیں

سیرت رسول عربی ص۶۳۲ نور بخش صاحب توکلی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

شرح صدر مصطفوی را خود	حضور کی شرح صدر خود ممکن ہی نہیں
امکان نیست کہ بشرے کما	کہ کوئی بشر کما حقہ تصور کر سکے
ینبغی تصور تواند کرد۔ زیرا کہ	اس لئے حضور کا رتبہ کمال
مرتبہ کمال او خاتمیت ست	خاتمیت ہے جو کسی کو
ہیچ کس۔ را حاصل نیست	حاصل نہیں۔ . . . . .

[1] ہندو شاعر شیشور پرشاد منور لکھنوی کا ایک شعر ہے ے کون شیخ معظم کی جو کرے تردید :: خدا کے بعد اگر ہے تو ذات آپکی ہے :: اُس پر مسلم شاعر فانی مراد آبادی نے یہ حاشیہ لکھا" مراد ہے حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کے اس شعر سے ... بعد از خدا توئی قصہ مختصر۔ ہندو شعراء کا نعتیہ کلام ص۹۵ فیضی ۱۲ منہ

ولنعم ما قیل

یا صاحب الجمال ویا سید البشر
لا یمکن الثناء کما کان حقہ

کیا خوب کہا گیا ہے ۔ یا صاحب الجمال الخ

من وجہک المنیر لقد نور القمر
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

نیز شاہ عبد العزیز دہلوی فرماتے ہیں۔

اما خصوصیات ایشاں کہ بحسب مراتب باطنی بود انوار وتجلیات کہ روز بروز ترقی و تضاعف واحوال ومقاماتیکہ ایشانرا بطفیل اتباع ایشاں تا قیامت حاصل شدہ ومے شود۔ وعلوم ومعارفی کہ بہ ایشاں فیضاں منیما یدلیس حکم غیر متناہی دارد۔ ودریں آیت بہمہ آں چیز ہا اشارہ است (ولسوف یعطیک الآیۃ) ولہذا اعطاء خاص نفرمودہ اند کہ چہ چیز خواہند داد۔

(تفسیر عزیزی پ ۳۰ ص ۱۹/۲۲۲)

بہر حال حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وہ خصوصیات کہ باعتبار مراتب باطنی کے تھیں انوار اور تجلیات جو دن بدن ترقی اور دو چند ہونے ہی تھے۔ اور وہ احوال اور مقامات جو آپ کے امتیوں کو آپ کی اتباع کے طفیل قیامت تک حاصل ہو چکے ہیں یا حاصل ہونگے تو یہ غیر متناہی کا حکم رکھتی ہیں اور اور اس ایت (وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى) میں ان سب چیزوں کی طرف اشارہ ہے اسی لئے عطا کو خاص نہ فرمایا کہ کونسی چیز دیں گے۔

امام قاضی عیاض رحمۃ اللہ ورضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ عنا و

آقا منا اللہ تعالیٰ فی جوارہ (متوفی سنہ ۵۴۴ھ) رقمطراز ہیں۔

وَدُونَهَا مَهَامِهٌ فِيحٌ
يَحَارُ فِيهَا الْقَطَا[1] وَتَقْصُرُ
بِهَا الْخُطَا وَمَجَاهِلُ تَضِلُّ
فِيهَا الْأَحْلَامُ إِنْ لَمْ
تَهْتَدِ بِعَلَمِ عِلْمٍ وَنَظَرٍ
سَدِيدٍ وَمَدَاحِضُ تَزِلُّ
بِهَا الْأَقْدَامُ إِنْ لَمْ تَعْتَمِدْ
عَلَى تَوْفِيقٍ مِنَ اللهِ وَ
تَأْيِيدٍ ۱۲ (شفا شریف ص۳۳ طبع لاہور)

اور یہاں (حقوق مصطفےٰ قدرِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھنے ہیں) ایسے جنگات ہیں کہ بھٹ تیتر بھی ان میں حیران ہو جائے اور قدم کوتاہ کر دے۔ اور ایسے بے نشان مکاابت وجنگلات ہیں کہ ان میں عقلوں کو راہ نہ ملے۔ اگر علم کا جھنڈا اور صواب والی نظر ساتھ نہ ہو تو ایسے پھسلنے کے مقامات ہیں کہ ان میں قدم پھسل جائیں گے اگر اللہ تعالیٰ کی توفیق و تائید کا سہارا نہ ہو۔

[1] قال القاری بفتح القاف مقصور الطیر یضرب به المثل الجھد ایته فیقال ھو اھدی من القطا۔ ملا علی قاری نے فرمایا کہ بلفظ قطا فتح قاف سے ہے اور مقصور ہے۔ ایک ایسا پرندہ ہے کہ کمال ہدایت میں اسکی ضرب المثل بیان یوں کی جاتی ہے کہ فلاں شخص قطا پرندہ سے بھی زیادہ سیدھے راستے کا ماہر ہے اور قطا پرندہ کے متعلق یہ بیان کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے چھوٹے بچوں کو چھوڑ کر دس اور دس دن سے زائد کی مسافت پر پانی طلب کرنے جاتا ہے۔ دس دن کا سفر کر کے پانی پر پہنچکر پھر واپس دس دن کا سفر کر کے اپنے آشیانہ میں صرف طلوع فجر سے طلوع شمس تک کے مختصر وقت پہنچ جاتا۔ آنے جانے میں نہ راستہ بھولتا ہے نہ بھٹکتا ہے ۱۲ فیضی

نیز وہی فخر محدثین امام قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں۔

۲ لَاخَفَاءَ عَلٰی مَنْ مَارَسَ شَیْئًا مِنَ الْعِلْمِ اَوْ خُصَّ بِاَدْنٰی لَمْحَۃٍ مِنْ فَہْمٍ بِتَعْظِیْمِ قَدْرِ نَبِیِّنَا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَخُصُوْصِہٖ اِیَّاہُ بِفَضَائِلَ وَمَحَاسِنَ وَمَنَاقِبَ لَا تَنْضَبِطُ لِزِمَامٍ وَتَنْوِیْہِہٖ مِنْ عَظِیْمِ قَدْرِہٖ بِمَا تَکِلُّ عَنْہُ الْاَلْسِنَۃُ وَالْاَقْلَامُ

(شفا شریف جـ ۱ صـ ۹۸ طبع مصر)

یہ بات اس شخص پہ بالکل مخفی نہیں جس کو ذرہ بھر علم سے لگاؤ ہے یا فہم کے ادنیٰ لمحہ سے مخصوص ہو کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مرتبہ اور شرف کو معظم کیا۔ اور اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی علیہ الصلوٰۃ السلام کو اتنے فضائل ومحاسن اور مناقب سے مخصوص فرمایا کہ ضبط کی جد وجہد کرنے والا حصر نہیں کر سکتا۔ اور اللہ تعالیٰ ہمارے نبی علیہ الصلوٰۃ السلام کے قدر عظیم کو اتنا بلند کیا کہ اس کے بیان کرنے سے زبانیں اور قلمیں عاجز ہیں

۳ نیز امام قاضی عیاض فرماتے ہیں۔

فَمَا ظَنُّکَ بِعَظِیْمِ قَدْرِ مَنِ اجْتَمَعَتْ فِیْہِ کُلُّ ہٰذِہِ الْخِصَالِ اِلٰی مَا لَا یَاْخُذُہٗ عَدٌّ وَلَا یُعَبِّرُ عَنْہُ مَقَالٌ وَلَا یُنَالُ بِکَسْبٍ وَلَا حِیْلَۃٍ

پس تیرا کیا گمان ہے اس ذات علیہ الصلوٰۃ السلام کے مرتبہ عظیم ہونے کے بارے میں جس میں یہ سب خصائل (محمودہ مذکورہ) اور اتنے خصائل ہوں جن کا شمار نہیں ہو سکتا

اِلَّا بِتَخْصِیْصِ الْکَبِیْرِ الْمُتَعَالِ (شفا شریف ص۴۷/۱)	اور نہ قولاً ان کا حصر ہو سکتا ہے اور وہ کمالات بغیر فضلِ خداوندی کے کسب اور حیلہ سے نہیں حاصل کئے جا سکتے۔

نیز ارشادِ امام قاضی عیاض رضی اللہ عنہ

۴ وَکَانَ فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکَ عَظِیْمًا۔ حَارَتِ الْعُقُوْلُ فِیْ تَقْدِیْرِ فَضْلِہٖ عَلَیْہِ وَخَرِسَتِ الْاَلْسُنُ دُوْنَ وَصْفٍ یُّحِیْطُ بِذٰلِکَ اَوْ یَنْتَہِیْ اِلَیْہِ۔ (شفا شریف ص۹۷/۱)	اے حبیب اللہ کا تم پر بڑا فضل ہے۔ اللہ کا جو فضل حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر ہے اس کے اندازہ کرنے عقلیں حیران ہیں۔ زبانیں گنگ ہیں۔ اس وصف سے پہلے جو ان کا احاطہ کرے یا ان تک پہنچے۔

۵ نیز امام قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں۔

وَھِیَ فِیْ کَثْرَتِہَا لَا یُحِیْطُ بِھَا ضَبْطٌ (شفا شریف ج۱ ص۲۱۲) (نسیم الریاض وشرح شفا للقاری ج۲ ص۴۶۰)	حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات اتنی کثرت میں ہیں کہ ضبط ان کا احاطہ نہیں کر سکتی۔

جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے معجزات کا احصاد شمار نہیں ہو سکتا تو حضور کے جمیع مناقب وفضائل اور باقی افعال

وصفات کا کیسے شمار ہو سکتا ہے۔ معجزات تو معجزات حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بقدر حسنہ وجمالہ وجودہ ولنوالہ کی صرف ایک صفت کا بھی احاطہ نہیں ہو سکتا۔ اور اس کی گہرائی تک کسی کو رسائی نہیں

۶۔ امام قاضی عیاض فرماتے ہیں۔

فَصْلٌ وَمِنْ ذَالِكَ مَا اُطْلِعَ عَلَيْهِ مِنَ الْغُيُوْبِ وَمَا يَكُوْنُ وَالْاَحَادِيْثُ فِيْ هٰذَا الْبَابِ بَحْرٌ لَا يُدْرَكُ قَعْرُهٗ وَلَا يُنْزَفُ غَمْرُهٗ	اور حضور کے خصائص وکمالات وفضائل میں سے ایک فضیلت یہ بھی ہے کہ حضور زمانۂ مستقبل کے واقعات اور غیوب پر مطلع کیے گئے۔ اس بارہ میں حدیثوں کا ایسا سمندر ہے۔ جس کی گہرائی کا ادراک نہیں ہو سکتا اور جس کا وافر در وافر پانی فنا نہیں ہو سکتا۔
شفا شریف ص ۲۸۲ ج ۱ شرح شفا للخفاجی والقاری ص ۱۵۰ ج ۳	

ملا علی قاری اس عبارت کی تشریح کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

لَا يُحَاطُ غَايَتُهٗ وَلَا تَفْنٰى نِهَايَتُهٗ۔	حضور کے علم غیب والے سمندر کی غایت کا کوئی احاطہ نہیں کر سکتا۔ اور اسکے نہایت کو فنا نہیں

۷۔ نیز امام قاضی عیاض حضور کے فضائل ومناقب کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ۔

اِلٰى مَا لَا يَحْوِيْهِ مُحْتَفِلٌ وَلَا	آپ کے فضائل اس قدر ہیں کہ

يُحِيْطُ بِعِلْمِهٖ اِلَّا مَانِحُهٗ	اہتمام کرنے والا آپ کے فضائل
ذَالِكَ وَمُفَضِّلُهٗ بِهٖ	جمع نہیں کرتا اور نہ ان کے فضائل
لَا اِلٰهَ غَيْرُهٗ اِلٰى مَا اَعَدَّلَهٗ	کا کوئی احاطہ کر سکتا ہے سوائے
فِى الدَّارِ الْاٰخِرَةِ مِنْ	اللہ تعالٰے کے جو عطا کرنے والا
مَنَازِلِ الْكَرَامَةِ وَدَرَجَاتِ	ہے۔ اور جو فضیلت دینے والا
الْقُدُسِ وَمَرَاتِبِ السَّعَادَةِ	ہے۔ بس وہی محیط ہے جس کے
وَالْحُسْنٰى وَالزِّيَادَةِ الَّتِىْ	سوا کوئی معبود نہیں۔ اور وہ
تَقِفُ دُوْنَهَا الْعُقُوْلُ وَيَحَارُ دُوْنَ	فضائل جو اللہ تعالٰے نے حضور کے
اَدَانِيْهَا الْوَهْمُ (شفا شریف	لئے دار آخرت میں منازل کرامت
ج ۱ ص ۲۹۱ شرح شفا للخفاجی والقاری	اور درجات قدس اور مراتب سعادت
ج ۱ ص ۳۲۲، ۳۲۳)	اور حسنیٰ اور زیادتی مراتب سے

تیار کر رکھے ہیں جو عقلیں ان کے احاطہ سے پہلے رُک جاتی ہیں اور خواص و عوام کے ان فضائل کے ادائل میں حیران ہو جاتے ہیں۔ (ان کا احاطہ) محال ہے۔

(۸) امام قاضی عیاض فرماتے ہیں

تَضَمَّنَتْ هٰذِهِ الْاٰيَاتُ مِنْ	سورۃ نجم کی ابتدائی آیات حضور کے

ل اى اوائلها نضلا عن اقصاها۔ ۱۲ منہ ۲ اى وهم الخواص والعوام۔ قاری ۱۲ منہ ۳ اى من قولہ تعالٰى والنجم اذا هوىٰ الى قولہ لقد اى من آيات ربه الكبرىٰ شرح شفا الملا القاری ج ۱ ص ۲۱۵ منہ ۱۲

نَضْلِہٖ وَشَرَفِہٖ العدَّ مَا یَقِفُ دُوْنَہُ العَدُّ (شفا شریف ص ۳۰ ج ۱ وشرحیہ للخفاجی والقاری ج ۱ ص ۲۱۵)	اتنے فضل اور شرف کثیر یہ متضمن ہیں کہ شمار (گنتی) ان فضائل کے اختتام سے پہلے رک جاتی ہے

العلم الشیٔ الکثیر منہ ۱۲

۹ امام قاضی عیاض ادخلہ اللہ فی الریاض فرماتے ہیں

اِذْ مَجْمُوْعُھَا مَا لَا یَاخُذُہٗ حَصْرٌ وَلَا یُحِیْطُ بِہٖ حِفْظُ جَامِعٍ (شفا شریف ص ۷۹ ج ۱ نسیم الریاض ص ۲ ج ۲ وشرح شفا للقاری)	حضور کے مجموعہ فضائل اتنا ہیں کہ ان کا حصر نہیں ہو سکتا اور محافظ جامع ان فضائل کا احاطہ نہیں کر سکتا۔

۱۰ نیز امام قاضی عیاض رضی اللہ عنہ کا مقدس ارشاد

وَالْاَمْرُ اَوْسَعُ فَمَجَالُ ھٰذَا الْبَابِ فِیْ حَقِّہٖ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُمْتَدٌّ یَنْقَطِعُ دُوْنَ نَفَادِہِ الْاَدِلَّاءُ وَبَحْرُ عِلْمِ خَصَائِصِہٖ زَاخِرٌ لَا تُکَدِّرُہٗ الدِّلَاءُ وَاُنْتَقِیَ مِنَافِیْ ذٰلِکَ بِقُلٍّ مِنْ کُلٍّ وَغَیْضٍ مِنْ فَیْضٍ (شفا شریف ص ۱۱۹ ج ۱)	حضور کے اخلاقِ حمیدہ فضائل مجیدہ۔ کمال عدیدہ کا معاملہ بہت وسیع ہے۔ حضور کے حق میں اس باب کی جولان گاہ لمبی ہے ان کے ختم ہونے سے پہلے ہی ختم ہو جاتی ہیں۔ اور حضور کے خصائص کے علم کا ایسا چڑھا ہوا موجیں مارتا سمندر ہے کہ اس کو ڈول مٹیالہ نہیں کر سکتے (یعنی کسی کے)

نسیم الریاض جلد ۲ ص ۱۶۷ و شرح شفاء للقاری

فہم و ادراک کا ڈول اس کی تہ تک زمین تک نہیں پہنچتا۔ اس لئے نہ مٹی اٹھتی ہے نہ صاف پانی میٹھا ہوتا ہے۔ خلاصہ یہ کہ کسی کو گہرائی معلوم نہیں ہو سکی۔ سب کے فہموں کے ڈول اوپر ہی اوپر ہے اور جو کچھ بیان کیا۔ یہ کل سے قلیل ہے۔ اور زائد سے ناقص ہے۔

۱۱ نیز وہی قائد فن امام قاضی عیاض فرماتے ہیں۔

وَلَمَّا كَانَ مَا كَاشَفَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ذَالِكَ الْجَبَرُوْتِ وَ شَاهَدَهُ مِنْ عَجَائِبِ الْمَلَكُوْتِ لَا تُحِيْطُ بِهِ الْعِبَارَاتُ وَلَا تَسْتَقِلُّ بِحَمْلِ سَمَاعِ اَدْنَاهُ الْعُقُوْلُ رَمَزَ عَنْهُ تَعَالٰى بِالْاِيْمَاءِ وَالْكِنَايَةِ الدَّالَّةِ عَلَى التَّعْظِيْمِ فَقَالَ تَعَالٰى فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰى وَقَالَ تَعَالٰى لَقَدْ رَاٰى مِنْ آيَاتِ رَبِّهٖ

جس کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس جبروت سے مطالعہ فرمایا اور عجائب ملکوت سے مشاہدہ فرمایا۔ جب وہ اسقدر تھا۔ کہ عبارات اس کا احاطہ نہیں کر سکتیں اور عقلیں اس کے ادنیٰ سننے کی طاقت بھی نہیں رکھتیں تو اللہ تعالےٰ نے تعظیم پر دلالت کرنے والے کنایہ سے اشارہ فرمایا۔ چنانچہ فرمایا۔ فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰى۔ پھر جو کچھ ہم نے اپنے مقدس بندہ کی طرف وحی بھیجی بھیجی

الْكُبْرٰى انْحَسَرَتِ الْاَفْهَامُ عَنْ تَفْصِيْلِ مَا اَوْحٰى وَتَاهَتِ الْاَحْلَامُ فِىْ تَعْيِيْنِ تِلْكَ الْاٰيَاتِ الْكُبْرٰى شفا شریف ج۱ ص۳ شرحیہ ص۲۱۷ تا ص۲۲۰)

اور فرمایا کہ" حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے (شب معراج) اپنے رب کی بڑی بڑی آیات کو دیکھا" ما اوحیٰ کی تفصیل سے فہم عاجز آگئے۔ اور آیات کبریٰ کے تعین میں عقل حیران و پریشان ہو کے نیست و نابود ہو چکے ہیں۔

۱۲ حامل لوائے مدح و ثنا امام اہل شہود امام قاضی عیاض رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

ثُمَّ اَعْلَمَهٗ بِمَا لَهٗ عِنْدَهٗ مِنْ نَعِيْمٍ دَائِمٍ وَثَوَابٍ غَيْرِ مُنْقَطِعٍ لَا يَاْخُذُهٗ عَدًّا وَلَا يُمْتَنُّ بِهٖ عَلَيْهِ فَقَالَ وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ. (شفا شریف ج۱ ص۲۲۲ و شرحہ للخفاجی والقاری ج۱ ص۲۲۵ و ج۲ ص۲۲۶)

پھر اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یہ بتایا کہ میرے ہاں آپ کے لئے دائمی نعمتیں ہیں اور غیر متناہی و ختم نہ ہونے والا ثواب ہے جن کا شمار نہیں سکتا۔ اور ان پہ ان چیزوں کی کوئی منت نہیں کہ بتلاتا۔ یا شمار نہیں کرتا۔ بلکہ بے شمار دیتا ہے یا مخلوق سے کوئی ان کا شمار نہیں کر سکتا۔ چنانچہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔"وان لک لاجرا غیر ممنون" بے شک تمہارے لئے ختم نہ ہونے والا ثواب ہے۔

۱۳۔ غبیط اہل السیر فی مدح سید البشر امام حافظ قاضی عیاض فرماتے ہیں۔

تَضَمَّنَتْ ھٰذِہِ الْاٰیَاتُ مِنْ فَضْلِہٖ وَالثَّنَاءِ عَلَیْہِ وَکَرِیْمِ مَنْزِلَتِہٖ عِنْدَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَنِعْمَتِہٖ لَدَیْہِ مَا یَقْصُرُ الْوَصْفُ عَنِ الْاِنْتِھَاءِ اِلَیْہِ۔	سورۃ فتح والی آیات حضور پر جو اللہ کا فضل و ثنا پر مشتمل ہیں۔ اور اللہ کے ہاں حضور کے علو مرتبہ اور حضور کی نعمتوں پر متضمن ہیں۔ جن کی انتہا سے وصف قاصر ہے۔

(شفا شریف صہ ۱۲ ج ۱)

۱۴۔ سید المحدثین قائد المحققین برکت رسول اللہ فی الہند گیارہویں صدی کے مجدد برحق حضرت شیخ اجل شاہ عبدالحق محقق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے نورانی ارشادات عالیہ۔ تولد ۹۵۸ھ متوفی سنہ ۱۰۵۲ھ

(۱) ومجمل اعتقاد درحق سید انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم آنست کہ ہر چیز جز مرتبہ الوہیت وصفات اوست ذات اور اثابت ست وے ہمہ فضائل وکمالات بشری را شامل ووے ہمہ راسخ وکامل	سید الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں مجمل اعتقاد یہ ہے کہ مرتبۂ الوہیت اور صفات خداوندی کے علاوہ جو مرتبہ ہے حضور کی ذات کے لئے ہے اور حضور تمام فضائل اور کمالات بشری کو شامل سب میں راسخ وکامل۔

۱۵- نیز شیخ محقق رحمۃ اللہ تعالےٰ اسباب محبت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم بیان کرتے ہوئے رقم طراز ہیں

(۲) و بدانکہ منشای محبت از مودت حسن است یا احسان و این ہر دو صفت از مخلوق بکمال وتمام منحصر است۔ در ذات سیدِ کائنات کہ اجمل و اکمل خلق است صلی اللہ علیہ وسلم و در حقیقت منحصر و مقصور است در ذاتِ کامل الصفات حضرت واہب العطیات جل جلالہ و آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مرآت جمال و کمال اوست پس احبیت را خواہ نسبت بحضرت عزت کنند یا بحضرت رسالت صلی اللہ علیہ وسلم دارند ہر دو صحیح است در حقیقت ہر دو یکے است (رباعی)	اور جاننا چاہیئے کہ محبت کا منشا اور الفت کا باعث حسن ہے یا احسان۔ اور یہ دونوں صفتیں مخلوقات سے بکمال اور تمام حضور سید الکائنات کی ذات میں منحصر ہیں۔ جو تمام مخلوق سے اجمل و اکمل ہیں۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور حقیقت میں ذات کامل الصفات عطیات کے وہب کرنے والی ذات (اللہ تعالیٰ) میں منحصر اور بند ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کے جمال و کمال کا آئینہ ہیں۔ پس احبیت کی نسبت چاہے اللہ تعالیٰ کی طرف کریں یا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف کریں دونوں صحیح ہیں۔ اور حقیقت میں دونوں ایک ہیں۔
ہم حسن و جمال بے نہایت داری	(رباعی) (یا رسول اللہ) آپ حسن و جمال بے انتہا رکھتے ہیں

ہم جود و کرم بحد غایت داری	اور جود و کرم بھی بے حد رکھتے ہیں
ہم حسن تمام مسلم وہم احسان	حُسن اور احسان دونوں آپ کیلئے مسلّم ہیں
محبوب توئی کہ ہر دو آیت داری	آپ محبوب ہیں کیونکہ محبت کیلئے یہ دونوں باعث ہوتے ہیں

(اشعۃ اللمعات جلد ۳ صفحہ ۴۷۸ ج ۳ صفحہ ۴۷)

۱۶۔ نیز شیخ محقق محدث دہلوی کا ارشاد۔

(۳) وجمع کردہ فضائل اولین و آخرین در سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ واتباعہ اجمعین۔	اللہ تعالیٰ نے اولین اور آخرین کے فضائل حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم وآلہ واصحابہ اتباعہ اجمعین

(اشعۃ اللمعات ج ۲ صفحہ ۲۱۹، ۲۲۰)

۱۷ نیز شیخ محقق و محدث دہلوی کا فرمان۔

(۴) مجال نیست ہیچ یکے را کہ بداند حقیقت قلب مصطفوی را واحوالیکہ عارض میگردد بداں	کسی کو طاقت نہیں کہ حضور کے قلب کی حقیقت کو جانے اور ان احوال کو جو آپ کے دل اقدس پر وارد ہوتے ہیں۔

(اشعۃ اللمعات جلد ۲ صفحہ ۲۳۶)

(۵) برکت رسول اللہ لی الہند شیخ المحدثین سید المحققین شاہ عبدالحق محدث دہلوی کا مقدس ارشاد اور لا تطروني کی وضاحت۔

اطراد مبالغہ بمدح آنحضرت راہ ندارد وہر وصف و کمال کہ اثبات کنند وہر کمالے کہ مدح گویند از	اطرا اور مبالغہ کو تو حضور کی تعریف میں راہ نہیں۔ ہر وصفِ کمال جو حضور کے لئے ثابت کریں۔ اور جس

رتبہ او قاصر است الا اثبات صفت
الوہیت کہ درست نباید
بیت۔ نخواں او را خدا راز
بہر امر شرع و حفظ دیں
دگر ہر وصف کش میخواہی اندر
مدحش انشا کن۔ و بحقیقت ہیچ
یکے جز خدا حقیقت او را ندانند
و ثنائے او نتواند گفت زیرا کہ
او را چنانچہ او ست ہیچکس
جز خدا نشناسد۔ چنانچہ خدا را
چوں او کس نشناخت صلی اللہ
علیہ و آلہ وسلم۔

(اشعتہ اللمعات ص ۹۳، ۹۴)

کمال سے حضور کی مدح کریں۔
حضور کے رتبہ سے قاصر ہے ہاں
صرف صفت الوہیت کا اثبات
درست نہیں (بیت) حضور کو خدا
نہ کہنا شریعت کے امر اور حفظ دین کی
وجہ سے۔ علاوہ ازیں جس وصف کو چاہے
حضور کی مدح میں انشا کرے۔ اور حقیقت
میں کوئی اللہ کے سوا حضور کی حقیقت
کو نہیں جانتا۔ اور حضور کی تعریف
نہیں کر سکتا۔ اس لئے کہ حضور جیسے
ہیں ویسے اللہ کے سوا کوئی نہیں
پہچانتا جیسا کہ اللہ تعالیٰ کو حضور کی
طرح کسی نے نہیں پہچانا۔

۱۸۔ حضرت شیخ محقق حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حسن و جمال کا تذکرہ کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔

(۶) اعضائے شریف و مزاج لطیف
در غایت حسن و جمال و نہایت
اعتدال بود کہ فوق آں تصور نیست
و ہیچ کس یاوے صلی اللہ علیہ

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے
اعضاء شریف اور مزاج لطیف
نہایت ہی حسن و جمال اور نہایت ہی
اعتدال میں تھا جو اس سے بڑھ کر

وسلم در حسن وجمال شریک	مقصود نہیں اور کوئی بھی آپ کے ساتھ
وہمتا نہ بود چنانکہ مے گوید	حسن وجمال میں شریک اور برابر
بیت	نہیں۔ جیسا کہ شاعر کہتا ہے
ہر چہ اسباب جمال است رخ خوب ترا	جتنے بھی اسباب حسن وجمال ہیں آپکے رخ انور کیلئے
ہمہ بہ وجہ کمال است کما لا یخفی	تمام وجہ کمال ثابت ہیں جیسا کہ مخفی نہیں

(اشعۃ اللمعات جلد ۴ ص ۴۸۶)

۱۹ شیخ المحققین شاہ عبد الحق محدث دہلوی حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ کا مقدس ارشاد

(۷) فضائل سید المرسلین صلی اللہ	حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم
علیہ وسلم از حد عدو حصر خارج	کے فضائل حد اور شمار اور حصر سے
است و احاطہ نے کند۔ بداں	خارج ہیں۔ اولین اور آخرین کے
علوم اولین و آخرین ونمی داند	علوم ان کا احاطہ نہیں کر سکتے اور
آں را بکنہ وحقیقت مگر پروردگار	حقیقۃً حضور کو اللہ تعالیٰ کے
عزوجل واتفاق دارند کہ آنحضرت	سوا کوئی نہیں جانتا۔ اور تمام کا
سید اولاد آدم و فاضل ترین	اتفاق ہے کہ حضور اولاد آدم کے
پیغمبر انست صلی اللہ علیہ وسلم	سردار ہیں اور تمام پیغمبروں سے
وعلیہم اجمعین و بعد از وے	افضل ہیں اور آپ کے بعد ابراہیم
ابراہیم خلیل اللہ پس از وے	خلیل اللہ پھر ان کے بعد موسیٰ
موسیٰ کلیم اللہ است و یافتہ	کلیم اللہ افضل ہیں۔ پھر علماء سے اس بات
نشدہ است۔ تصریح از علماء	کی تصریح نہیں ملی کہ حضرت موسیٰ

لعبد از موسیٰ واللہ اعلم
اشعۃ اللمعات ج ۴ ص ۴۶۵

علیہ السلام کے بعد کون افضل ہے۔

(۸) وبحقیقت فضائل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ بداں مخصوص وممتاز است. بسیار ست خارج از حد حصر واحصار
(اشعۃ اللمعات ج ۴ ص ۴۶۹)

اور حقیقت میں حضور کے وہ فضائل حضور سے خاص ہیں۔ اور جن کے سبب حضور ممتاز ہیں وہ فضائل بہت ہیں وہ بے حد ہیں حصر اور شمار سے خارج ہیں۔

(۹) شیخ المحدثین حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی حنفی رحمہ اللہ تعالیٰ کا ایمان افروز بیان شریف

وعصمت خاصۂ انبیاء است صلوٰۃ اللہ وسلامہ علیہم اجمعین واعلیٰ واشرف واتم واکمل واحسن واجمل واہر واقویٰ واجمع و تمامہ اخلاق وخصائل وصفات جمال وجلال خارج از حد وعدد وبیروں از حیطہ ضبط وحصر ذات بابرکات عالی صفات منبع البرکات حضرت سید الکائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عصمت خاصہ انبیاء کا ہے صلوٰۃ اللہ وسلامہ علیہم اجمعین اور اعلیٰ اور اشرف اور اتم اور اکمل اور احسن اور اجمل اغلب، افضل اور اقوی اور بہت جامع تمام اخلاق اور خصائل اور صفات جمال اور جلال کے جو حد شمار سے خارج ہیں اور جو احاطہ ضبط اور حصر سے باہر ہیں۔ ذات بابرکات عالی صفات منبع البرکات حضرت سید الکائنات

کہ ہرچہ در خزانہ قدرت ومرتبہ امکان از کمالات متصور است ہمہ اورا حاصل ست وتمام انبیاء ورسل اقمار آفتاب کمال ومظاہر انوار جمال اوبند وللہ در البوصیری. فیما قال

شعر

وکل ای اتی الرسل الکرام بہا ۔ فانما اتصلت من نورہ بہم ؛ فانہ شمس فضل ہم کواکبہا ؛ یظہرن انوارہا للناس فی الظلم ؛ وکلہم من رسول اللہ ملتمس ؛ غرفا من البحر او رشفا من الدیم ؛ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم : قدر حسنہ وجمالہ وکمالہ وسلم

(مدارج النبوت شریف ج۱ ص۳۲)

صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ثابت ہیں) جو کچھ خزانہ قدرت اور مرتبہ امکان میں کمالات سے متصور ہے اور تمام کے تمام کمالات حضور کے لئے حاصل ہیں۔ اور تمام انبیاء اور رسل حضور کے آفتاب کمال کے چاند اور جمال سید عالم کے مظاہر ہیں۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے امام بوصیری کو کیا خوب کہا۔

ہر معجزہ جو رسولوں نے دکھایا اور جو آیت وہ لائے وہ تو حضور کے نور سے ان تک پہنچیں بیشک حضور فضیلت کا سورج ہیں اور انبیاء تارے ہیں وہ اپنے انوار ظاہر کرتے ہیں لوگوں کے لئے اندھیرے میں۔ اور سب کے سب حضور سے ملتمس ہیں جیسا کہ چلوں میں سمندر سے یا بنی سخت بارش سے۔

(۱۰) نیز محدثوں کے سہارے آسمان تحقیق کے چمکتے تارے۔ نبی کے پیارے گیارہویں صدی کے مجدد وشیخ ہمارے شاہ عبد الحق محدث ومحقق دہلوی کا فرمان مقدس رہبر آن میں معلومات خداوندی کے برابر ان پہ

اللہ تعالیٰ کی رحمتیں نازل ہوں) مولیٰ کریم بطفیل حسن وجمال و خصائص وفضائل نبیٔ رحیم علیہ الصلوٰۃ التسلیم ہم کو انہیں کے عقائد پہ موت دے اور قبر و حشر میں انہیں کے ساتھ رکھے ۔ اٰمین یا رب العالمین)

وحقیقت آں است کہ ہیچ فہم وہیچ قیاس بحقیقت مقام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چنانچہ ہست نہ رسد و ہیچکس اورا چنانکہ اوہست جز خدا نشناسد چنانچہ خدا را چوں وے ہیچکس نشناخت و ہر کہ در درک حقیقت آں تکلم کرد گویا دعویٰ علم متشابہات کرد ما یعلم تاویلہ الا اللہ

حقیقت یہ ہے کہ کوئی فہم اور کوئی قیاس کے مقام کی حقیقت اور حضور کے حال کی کنہ کو جیسا کہ ہے نہیں پہنچ سکتا، اور کوئی جیسا کہ آپ ہیں ۔ جو سوا خدا کے نہیں پہچانتا ۔ جیسا کہ خدا کو ان کی طرح کسی نے نہ پہچانا جو حضور کی حقیقت کے پالینے میں بات کرے گویا کہ متشابہات کے علم کا دعویٰ کیا، حالانکہ اس کی اس نے اس کی تاویل اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

بیت

جز خدا نشناخت کسقدر تو زاں کہ
کس خدا را ہم چو تو نشناختہ وچوں

مقام او ازہمہ بالا تر ست، دریافت آں فوق افہام باشند ۔

اللہ کے سوا آپ کی قدر کو کسی نے نہ پہچانا کہ خدا کو آپ کی طرح کسی نے نہ پہچانا ۔ اور جبکہ حضور کا مقام تمام سے بالاتر ہے اس کا دریافت

بیت

ترا چنانکہ توئی ہر نظر کجا بیند

بقدر دانش خود ہر کسے کند ادراک
در تحقیق معنی عظیم (انک لعلی خلق عظیم)
گفتہ اند کہ عظیم آں ست کہ از حیطہ ادراک بیروں بود۔ اگر محسوس ست از حیطہ ادراک باصرہ بیروں بود چنانکہ جبل بزرگ کہ احساس باصرہ آن را احاطہ نتواند کرد۔ وگر معقول است ادراک عقل بداں محیط نتواند شد چنانکہ ذات و صفات الٰہی تعالیٰ و تقدس پس چوں وے تعالیٰ خلق آنحضرت را عظیم خواندہ و فضلے کہ اورا داد عظیم گفت احاطہ عقل از ادراک کنہ آں قاصر باشد (کچھ آگے فرماتے ہیں) ؎ مصرع

اوبرتر از انست کہ آید بخیال لہ

(مدارج النبوت شریف ج ۱ ص ۳۳)

کرنا بھی فہموں کی اوپر ہوگا بیت آپ
جیسا کہ ہیں ہر نظر کب دیکھ سکتی ہے
ہر ایک اپنی دانش کے مطابق ادراک کرتا ہے (انک لعلی خلق عظیم) والے عظیم کے معنی کی تحقیق میں علماء کرام نے فرمایا کہ عظیم وہ ہے کہ ادراک کے احاطہ سے باہر ہو۔ اگر محسوس ہے تو آنکھ کے ادراک سے باہر ہو جیسا کہ بڑا پہاڑ کہ آنکھ کا احساس اس کا احاطہ نہیں کر سکتا۔ اور اگر معقول ہے تو عقل کا ادراک اس سے محیط نہ ہو جیسا کہ اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات پس جب اللہ تعالیٰ نے حضور کے خلق کو عظیم فرمایا اور جو فضیلت حضور کو عطا کی اس کو عظیم کہا عقل کا احاطہ اس کے کنہ کے ادراک سے قاصر ہے
ہوگا آپ اس سے بلند ہیں کہ خیال میں آئیں

لہ یہ مصرع مدارج النبوت شریف جلد ۱ صفحہ ۳۳ [illegible] ۱۲ فیضی

(٩١) نیز حضرت مولانا شاہ شیخ اجل عبدالحق محدث دہلوی حنفی رحمہ اللہ تعالیٰ کا نورانی و ایمانی بیان۔ ۵

و نیز گفت صاحبؒ عوارف رحمۃ اللہ علیہ کہ دور نیست کہ قول عائشہ کان خلقہ القرآن دراں رمزے غامض و ایمائے خفی بسوئے اخلاق ربانیہ باشد ولیکن احتشام کرد یعنی میخواست عائشہ رضی اللہ عنہا کہ گوید کہ اخلاق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اخلاق الٰہی بود ولیکن احتشام کرد عائشہ حضرت الٰہیہ راکہ گوید تخلق باخلاق اللہ پس تعبیر کرد ازیں معنی بقول خود

صاحب عوارف (شیخ شہاب الدین سہروردی) نے فرمایا کہ یہ بات دور نہیں کہ حضرت عائشہ کا قول کہ کان خلقہ القرآن اس میں ایک گہرا اور مخفی اشارہ ہو اخلاق خداوندی کی طرف لیکن ام المومنین نے شرم کیا یعنی ام المومنین عائشہ نے یہ کہنا چاہا کہ حضور کے اخلاق اخلاق الٰہی تھے یہ چاہا۔ لیکن حضرت عائشہؓ نے اللہ تعالیٰ سے شرم کیا کہ یوں کہیں کہ حضور اللہ تعالیٰ کے اخلاق سے موصوف تھے۔ پس اس معنی اور مطلب کو اپنے

سہ ایضا نقلہ الامام ابن حجر المکی فی شرح الہمزیۃ جواہر البحار ج۲ ص۸۶ ۷۵ انقلا عن المناوی ۱۲ فیضی و ایضًا نقل قولہ الامام القسطلانی فی المواہب۔ زرقانی ج۳ ص۲۷۴ و ایضًا نقلہ القاری جمع الوسائل ج۲ ص۱۵۰ و بعد نقلہ یقول الامام المناوی وبذالک عرف ان کمالات خلقہ لا تتناہی کما ان معانی القرآن ج۲ ص۱۵۰ لا تتناہی و ان التعرض لحصر جزئیاتہا غیر مقدور للبشر۔ آگے فرماتے ہیں انما کان فی اصل خلقتہ۔ فیض القدیر ج۵ ص۱۷۰ ۱۲ فیضی

"کان خلقہ القرآن" از جہت استحیاء سبحات جلال و ستر حال بلطف مقال و ایں از فور عقل و کمال ادب اوست رضی اللہ عنہا[۱] تناہی آں و لبعضی گفتہ اندکہ چنانچہ معنی قرآن غیر متناہی ست۔ ہم چنیں آثار و انوار اوصاف حمیدہ و اخلاق آنحضرتؐ غیر متناہی اند۔ و در ہر حال از احوال متجدد مے شود۔ از مکارم اخلاق و محاسن شیم و آنچہ

ان لفظوں سے تعبیر کیا کان خلقہ القرآن (کہ آپکا خلق قرآن ہے) یہ بسبب جلال اللہ کے انوار سے شرم کرنے اور حال کو لطف مقال چھپانے سے کیا، یہ آپ کے عقل وافر اور کمالِ ادب کی دلیل ہے۔ رضی اللہ عنہا اور اس معنی کو عظمت اخلاق اور ان کما غیر متناہی بیان کرنے میں بہت دخل ہے اور بعض حضرات نے فرمایا کہ کہ جس طرح قرآن کے معنی غیر متناہی ہیں، اسی طرح حضورؐ کے اخلاق اور

و دریں تحقیق او کلام مجید بیان عظمت اخلاق و کرم

[۱] قال القسطلانی فی المواہب کما ان معانی القرآن لا تتناہی فکذالک اوصافہ الجمیلۃ الدالۃ علی خلقہ العظیم۔ لا تتناہی اذ فی کل حالۃ من احوالہ یتجدد لہ من مکارم الاخلاق و محاسن الشیم۔ وما یفیضہ اللہ تعالیٰ علیہ من معارفہ وعلومہ ما لا یعلمہا الا اللہ تعالیٰ فاذن التعرض لحصر جزئیات اخلاقہ الحمیدۃ تعرض لما لیس من مقدور الانسان ولا من ممکنات عاداتہ۔ زرقانی جلد ۴ صفحہ ۲۴۸

[۲] ذکر القاری نحوہ وزاد فی الاخر" وہذا غایت فی الاتساع ونہایت فی الاستطلاع۔ لا یہتدی لانتہائہا بل کل ما یتوہم انہ انتہاؤہا فہو من ابتدائہا۔ جمع الوسائل جلد ۲ صفحہ ۱۵۰ مطبوعہ مصر۔

اضافہ میکند۔ اللہ تعالیٰ بروے
از معارف و علوم کہ نمیداند آں
را جز وے تعالیٰ پس تعرض
بحصر جزئیات اوصاف حمیدہ
وے تعرض است مر چیزے را کہ
نہ مقدور انسان نہ از ممکنات عادیہ
است و ممکن[1] است کہ گفتہ شود
مقصود تشبیہ خلق آنحضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم۔ بقران درانکہ
مشتمل بر آیات متشابہات کہ ممکن
نیست درک و تاویل آں ہمچنیں
ممکن نیست درک حقیقت احوال
شریف۔ چنانکہ بیان یافت واللہ
اعلم۔ (مدارج النبوت شریف ج ۱ ص ۳۲، ۳۳)

آثار اور انوار و اوصاف جمیلہ
بھی غیر متناہی ہیں۔ اور حضور ہر
حالت میں مکارم الاخلاق اور اچھی
عادات میں بڑھ رہے ہیں۔ اور جو کچھ
اللہ تعالیٰ ان پہ معارف اور علوم
کا فیضان کرتا ہے۔ اس کو اللہ تعالیٰ
کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ تو حضور کے
اوصاف حمیدہ کے جزئیات کا حصر
وشمار کرنا ایسی چیز سے تعرض کرنا ہے
کہ جو نہ مقدور انسان ہے اور نہ
ممکنات عادیہ سے ہے۔ (اور بعض
عارفین نے فرمایا) کہ مقصود یہ ہے
کہ حضور کے خلق کو قرآن کی آیاتِ
متشابہات سے تشبیہ دی گئی
ہے۔ یعنی جس طرح متشابہات کی تاویل اور درک ممکن نہیں۔ اسی طرح حضور
کے احوال شریفہ کا درک اور پانا بھی ممکن نہیں جیسا کہ بیان ہوا

(۹) شیخ اجل عبد الحق محقق محدث دہلوی حنفی ادامہ اللہ تعالیٰ فی حرمیم

---

[1] امام قسطلانی نے اس کو قال بعض العارفین سے بیان کیا ہے۔ زرقانی۔ شرح مواہب ج ۴ ص ۲۴۶ ۱۲ منہ

الحبیب الاحد فرماتے ہیں۔

وضابطہ درباب نگاہداشت آداب آنجناب آنست کہ ہرچہ ورای مرتبۂ الوہیت وصفات قدس حق است۔ عزوعلا از ہر کمال منقبت کہ باشد اورا ثابت ست ومحبت ہرکہ وہرچہ منتسب ست بوے از علمای وصلحاء بلاد ودیار وجز آں خصوصاً اکرام مودت اہلبیت وقرابت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔ (مدارج النبوت شریف جلد ۱ ص ۳۰۵)

اور قاعدہ کلیہ اور اٹل فیصلہ حضور کے آداب کی نگاہداشت میں یہ ہے کہ مرتبہ الوہیت اور صفات خداوندی کے علاوہ جو کمال ہے حضور کے لئے ثابت ہے۔ اور محبت ہر اس چیز کی جو حضور سے منسوب ہے علماء اور صلحاء ہوتے۔ بلاد اور دیار ہوتے اور اس کے علاوہ خصوصاً حضور کے اہلبیت اور قرب والوں کا اکرام اور ان سے محبت کرنا۔

(۱۱) نیز شیخ محقق فرماتے ہیں۔

واما کمال حقی کہ بخشیدہ است آں را حق سبحانہ ومخصوص... گردانیدہ است۔ زیادہ از انکہ درک کردہ شود ودریافتہ شود غور آں وشناختہ شود۔ مرآں را غایتے ونہایتے زیراکہ بودسے

اور بہرحال کمال حقی جو اللہ تعالے نے حضور کو بخشا اور حضور کو اس سے مخصوص فرمایا وہ اس سے زیادہ ہے کہ اس کا ادراک ہو سکے اور اس کو دریافت کیا جا سکے۔ یا اس کی نہایت اور غایت معلوم ہو سکے

محمد صلی اللہ علیہ وسلم متحقق
بجمیع اخلاق الہیہ وصفات
ربوبیہ (مدارج النبوت ص۱۲ ج ۲)

اس لئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم
اللہ تعالیٰ کے جمیع اخلاق اور
صفات ربوبیہ سے متحقق تھے۔

(۱۲) نیز شیخ محقق فرماتے ہیں

وچوں قابلیت وے صلی اللہ
علیہ وسلم کل ست وقابلیت
سائر اکوان از مرسلین و
ملائکۃ مقربین وسائر اولیا
وصدیقین ومومنین جزئی قاصر
باشند۔ ہمہ از درک غایت
رفیع وعاجز
از لحوق ایشان منیع وے و
چوں دانستند ودریافتند
ایں معنی را انبیاء واولیاء
نہادند روس۔ خود رابر در
عتبہ عالی وے ونہادند قفاہا
را بہ زمین مذلت نزد مجد
شائل وے۔

مدارج النبوت شریف ص۱۶ ج ۲

چونکہ حضور کی قابلیت کلی ہے اور
تمام اکوان مرسلین اور انبیاء اور
ملائکہ مقربین اور تمام اولیاء
اور صدیقین اور مومنین کی قابلیت
جزئی ہے۔ لہذا وہ سب قاصر ہیں
اس بات سے کہ حضور کی غایت
رفیع کا ادراک کریں۔ اور اس
سے عاجز ہیں کہ حضور کے مرتبہ
کی بلندی سے لاحق ہوں۔ اور
اس معنی کو اولیاء اور انبیاء
سمجھے تو انہوں نے اپنے سر حضور
کی بلند چوکھٹ پر رکھ دیئے
تھے اور حضور محمد شائل کے سامنے زمین
مذلت پہ اپنی گردنیں رکھدیں۔

نیز شیخ کا ارشاد

واحادیث در اکملیت آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم واحاطہ وے بجمیع کمالات صوری ومعنوی اکثر است از انکہ احصار کردہ شود (مدارج النبوت ج۱ ص۷۱)

حضور علیہ الصلوٰۃ السلام کی اکملیت اور جمیع کمالات ظاہری اور باطنی کے احاطہ کے متعلق احادیث شریفہ اس سے زیادہ ہیں۔ کہ ان کا شمار ہو سکے۔

(۱۲) نیز شیخ المحدثین وامام المحققین حضرت شیخ اجل مولانا شاہ عبدالحق محدث دہلوی حنفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

وجمیع کمالات کہ در ذوات مقدسہ انبیاء سابق مودع بود۔ در ذات شریف او بازیادتہا موجود بود۔ آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری ز (تکمیل الایمان ص۱۳)

اور وہ تمامی کمالات جو انبیاء کرام سابقین کی مقدس ذاتوں میں ودیعت رکھے گئے تھے۔ وہ سب کے سب بمع زیادتی حضور کی ذات شریف میں موجود تھے۔ ۶ جو کچھ حسین ہیں باعتبار مجموعہ کے رکھتے ہیں وہ آپ تنہا رکھتے ہیں۔

(۱۳) آسمان تحقیق کے نیر اعظم، زمرۂ محدثین کے امام اعظم ہند میں حضور کی برکت افخم گیارہویں صدی کے مجدد اکرم، سیدنا وسندنا وشیخنا وشیخ مشائخنا۔ امام اہل السنت حضرت شاہ شیخ عبدالحق محقق مدقق محدث دہلوی حنفی رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ ورضی اللہ عنہ وافاض اللہ تعالیٰ

علینا من برکاته وفیوضاته وامانتنا علی عقائدہ واقاضائی نصرتہ فی القبر والحشر
کی ایمان افروز باطل سوز بے مثیل وبے نظیر عبارت شریفہ، طیبہ، منورہ مقدسہ
جس کے پڑھنے سے ایمان میں روح پیدا ہوتی ہے۔ قلب میں تسکین واطمینان
کا دریا موج زن ہوتا ہے اور سینے میں ایمان وعرفان کا آفتاب چمک اٹھتا ہے

وہم چنانکہ شکر وسپاس خالق	اور جس طرح کہ اللہ تعالیٰ کا سپاس اور
موجد ذات از حیطہ امکان	شکر دائرہ امکان اور احاطہ انسان سے
واحاطہ انسان بیرون ست مدح	باہر ہے اس طرح مدح اور ثنا (تعریف)
وثنای سید کائنات واز مجال	سید الکائنات حضور علیہ الصلوٰۃ و
شرح وبیان افزوں وہرچہ	السلام کی شرح اور بیان کی طاقت سے
جز مرتبہ احدیت متعین ست	زائد ہے۔ اور مرتبہ احدیث کے سوا
حقیقت محمدیہ آں راعین وہرچہ	جو کچھ متعین ہے۔ حقیقت محمدیہ اس کو
انوار علوی وسفلی ظاہر ست ہمہ	معین ہے اور ذات احد کے مرتبہ کے
مانند پرتو نور آں اجل مظاہر است،	علاوہ جو کچھ مبہم ہے صفات احمدی اس کے
پس درحقیقت تقصیر از ادراک	بیان کرنیوالے ہیں اور جو کچھ انوار علوی اور سفلی
صفت حق عین عجز از کنہ ذات	سے ظاہر ہے یہ تمام اجل مظاہر حضور کے نور
آں کامل مطلق بود۔ (قطعہ)	سے پرتو ہے پس حقیقت میں صفت حق ؟
حق را بچشم اگرچہ ندیدند لیک نقش	قطعہ:۔ اللہ تعالیٰ کو اگرچہ انہوں
از دیدن جمال محمد شناختند	نے آنکھ سے نہ دیکھا لیکن :۔ اللہ کو جمالِ
اور ابچشم دید و شناختند ازاں	محمدی کے دیکھنے سے پہچان لیا :۔ حضور

سے حضور کے ادراک سے تقصیر عین عجز ہے اس کامل مطلق کی ذات کنہہ سے۔

کہ صورتش غشاوہ معنیش سیاقتند — کو اپنی آنکھوں سے دیکھا تو سہی مگر پہچان
اسلئے نہ سکے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی صورت
کو حقیقت کے لئے پردہ بنا دیا ہے۔

او ندائی ماعبدناک[1] از ذات واجب الوجود بر آرد۔ دیگراں صدائے ماعرفناک[2] نسبت باآں مقصود و مقصد ہر موجود او لا اُحْصِی ثَنَاءً عَلَیْکَ[3] اَنْتَ کَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِکَ گویند۔ دیگراں لَا نَسْتَطِیْعُ صَلٰوۃً عَلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ[4] گویند۔ (قطعہ)

وہ واجب الوجود کی ذات ماعبدناک عرض کرتے ہیں اور دوسرے اس مقصود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور مقصد ہر موجود علیہ الصلوٰۃ کی نسبت ماعرفناک کو بلند کرتے ہیں۔ وہ لا اُحْصِی ثَنَاءً عَلَیْکَ اَنْتَ کَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِکَ کہتے ہیں اور دوسرے لَا نَسْتَطِیْعُ صَلٰوۃً عَلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ کہتے ہیں۔ قطعہ

خیر الوریٰ امام رسل مظہر اتم ÷ او از خدا و ہر چہ جز او منتشی از وے ÷ او جان جملہ عالم وحق جان جاں شمار ÷ حق رابغیر واسطہ ذات او مجو ÷ حق در ازل برابر آئینہ وجود ÷ آئینہ

تمام مخلوق سے افضل، رسولوں کے امام مظہر اتم، وہ خدا سے اور ان کے علاوہ سب ان سے منتشی (نشو ونما پانے والے ہست اور نشہ والے ہیں ÷ وہ

---

[1] قولہ ماعبدناک۔ جملہ احادیث شریف کی طرف سے اشارہ ہے (یعنی اللہ تعالیٰ) ہم نے کما حقہٗ تیری عبادت نہ کی ۱۲ منہ [2] قولہ ماعرفناک یعنی اے حبیب ہم نے آپ کو نہ پہچانا ۱۲ منہ [3] میں نے تیری تعریف کا احاطہ نہیں کیا، تو ایسا ہے جیسا کہ تو نے خود اپنی تعریف کی ہے ۱۲ منہ [4] ہم آپکے درود کی طاقت نہیں رکھتے علیہ الصلوٰۃ والسلام فی کل حین آن بعدد لحظات ۱۲ منہ

حقیقتش آورد روبروئے آئینہ را
مقابل آئینہ چوں نہند، اینجا
لطیفہ است اگر بشنوی نکو از اول
آنچہ در دوم افتند بود بعکس
گردد درست باز ازیں چوں فتند
در وے نقش وجود است نشیند
بایں طریق بشناس ایں دقیقہ
مزن دم بگفتگو۔ در اول باعث
خلقت عالم است و در آخر واسطۂ
ہدایت بنی آدم در باطن مربی ارواح
و در ظاہر متمم اشباح کاسر
ارکان ادیان و دول ناسخ
احکام ملل و نحل فص خاتم وجود نقش
فص معرفت و شہود مقصود و
معتکفان مقصورہ افلاک مقصد
سالکان مطمورۂ خاک متمم مکارم
اخلاق ہیکل کاملان آفاق حاجز
منزلین وجود و عدم۔ برزخ بحرین
حدوث و قدم جامع نسخہ امکان

تمام عالم کی جان ہیں۔ اور حق کو جان جان
گن۔ اللہ تعالےٰ کو ان کی ذات کے واسطے
بغیر تلاش نہ کر۔ اللہ تعالےٰ نے ازل میں
آئینہ وجود کے برابر انکی حقیقت کے آئینہ
کو سامنے لائے آئینہ کو جب آئینہ کے
مقابل رکھتے ہیں۔ یہاں ایک بہترین
لطیفہ ہے۔ اگر تو سنے تو۔ پہلے آئینہ
سے جو کچھ دوسرے آئینہ میں پڑتا ہے وہ
اس کا الٹ ہوتا ہے وہ الٹ درست
ہو جاتا ہے جب اس آئینہ ثانی سے اس
اول میں پڑتا ہے۔ وجود کا نقش اس
طرح ٹھیک بیٹھتا ہے۔ اس دقیقہ یعنی
(باریک نکتہ) کو پہچان اور گفتگو کا دم
نہ مار۔ حضور اول میں پیدائش عالم کا
سبب ہیں۔ اور آخر میں بنی آدم کی ہدایت
واسطہ باطن میں ارواح کی پرورش
کرنے والے۔ ظاہر میں جسموں کے تمام
کرنے والے، دینوں اور دولتوں کے
ارکان کو توڑنے والے۔ ملتوں اور

وو جوب موجب رابطہ طالب و مطلوب عزیز مصر محمدیت۔ ملک مملکتِ احدیت مظہر حقیقت۔ فردانیت مظہر صورت رحمانیت سر مکتوم غیب لاہوت۔ طلسم معلوم گنج جبروت مروح ارواح ملکوتیہ مزین اشباح ناسوتیہ۔ بدایت خط ولایت نہایت دائرہ نبوت مظہر اتم رحمت اعم عقل اول۔ ترجمان ازلی نور انوار سر اسرار ہادی سبل۔ سید رسل نور آشنی۔ سر الہی۔ حبیب اعلیٰ۔ صفی اصفی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

مذہبوں کے احکام کو منسوخ کرنے والے وجود کی انگوٹھی کا نگینہ۔ معرفت اور شہود کے نگینہ کا نقش۔ افلاک کی کوٹھڑیوں کے معتکفوں کے مقصود و خانہ ہائے خاک کے سالکوں کا مقصد مکارم اخلاق کے تمام کرنے والے آفاق کے کاملوں کے مکمل وجود عدم کی دو منزلوں کا پردہ۔ حدوثِ قدم کے دو سمندروں کی رکاوٹ۔ امکان اور وجوب کا جامع نسخہ، طالب اور مطلوب کے رابطہ کا سبب مصر محمدیت کے عزیز۔ مملکتِ احدیت کے بادشاہ، حقیقت فردانیت کے مظہر، صورت رحمانیت کے مظہر، سر غیب لاہوت[1] کے پوشیدہ راز۔ جبروت کے کوزے کے طلسم (عجیب وغریب) معلوم، ارواح ملکوتیہ کو راحت دینے والے اجسام ناسوتیہ (عالم اجسام، دنیا) کو زینت بخشنے والے ولایت کے خط کی ابتدا۔ دائرہ نبوت کی انتہا۔ مظہر اتم۔ رحمت اعم، عقل اول وازل کے ترجمان۔ نوروں کے نور، رازوں کے راز۔ راستوں کے ہادی

---

[1] قولہ لاہوت، ذات الٰہی کا عالم جس میں سالک کو مقام فنا فی اللہ حاصل ہوتا ہے اس لفظ کے مقابل میں مرتبہ صفات کو جبروت اور مرتبہ اسما کو ملکوت کہتے ہیں ۱۲ حنیفی

رسولوں کے سردار۔ بہت روشن و بلند نور۔ بہت مزین۔ خوشنود دراز۔ محبوبِ اعلیٰ۔ نہایت صاف خالص برگزیدہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

قطعہ

شاہ رسل شفیع امم خدا جہ	رسولوں کے بادشاہ۔ امتوں کے شفاعتی
دو کون۔ نور ہدیٰ حبیب خدا	دو جہان کے سردار۔ ہدایت کا نور۔ اللہ
سید انام ؛ مقصود ذات اوست	کے محبوب، تمام لوگوں کے سردار۔
دگر ہا ہمہ طفیل ؛ منظور نور اوست	مقصود تو صرف ان کی ذات ہے باقی
وگرنہ جملگی ظلام ؛ و ہر رتبہ کہ بود	تو سب طفیلی ہیں۔ نور انہیں کا منظور
در امکان بر دست ختم ہر نعمتی	ہے۔ باقی سب اندھیرا ہیں جو مرتبہ بھی
کہ داشت خدا شد بر دست تمام	امکان میں تھا۔ وہ آن پہ ختم ہے
برداشت از طبیعت امکان قدم	خدا کی سب نعمتیں ان پہ تمام ہوئیں
کہ آں۔ اسریٰ بعبدہ است ز	جب آپ نے شب معراج اپنا عالم
المسجد الحرام تا عرصہ وجوب کہ اقصائے	امکان سے قدم اٹھایا۔ سُبْحَانَ
عالم است ؛ کانجا نہ جاست نے	الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا
جہت و نی نشان۔ انام سر بیست	مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ میں اسی طرف
بس تنگرف در بنجا ہیچ ہاں ؛ از	اشارہ ہے۔ اور اس چیز کا اعلان
آشنای عالم جاں بر بس این مقام	ہے۔ اس رات عالم امکان سے چل کر

میدان وجوب تک پہنچے جو مسجد اقصیٰ یعنی عالم کی انتہا ہے وہاں نہ جگہ ہے نہ جہت اور نہ نام و نشان۔ یہاں عجیب پیچیدہ راز ہے۔ خبردار رہ عالم جاں کے

آشنا سے یہ مقام پوچھ"

ابیات

رَسُوْلٌ کَرِیْمٌ حَبِیْبٌ نَبِیْہٗ
رَفِیْعٌ شَفِیْعٌ عَزِیْزٌ وَجِیْہٗ
بَشِیْرٌ نَذِیْرٌ سِرَاجٌ مُّنِیْرٌ
رَحِیْمٌ خَبِیْرٌ عَظِیْمٌ خَطِیْرٌ
رَضِیٌّ وَصِیٌّ تَقِیٌّ نَقِیٌّ
سَخِیٌّ بَہِیٌّ عَلِیٌّ مَلِیٌّ
عَطُوْفٌ رَؤُفٌ کَرِیْمٌ رَحِیْمٌ
عَلِیْمٌ رَحِیْمٌ سَلِیْمٌ کَلِیْمٌ
خَسَفَ الْقَمَرُ بِجَمَالِہٖ
عَجَزَ الْبَشَرُ بِکَمَالِہٖ
نَطَقَ الْحَجَرُ بِجَلَالِہٖ
صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا
کَلَاءُ الْخَلَاءَ بِخَیْرِہٖ
خَرَقَ السَّمَاءَ بِسَیْرِہٖ
مَا سَاغَ ذَاکَ لِغَیْرِہٖ
صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا
شَرَقَ الْمَکَانُ بِنُوْرِہٖ

رسول ہیں۔ کریم ہیں۔
غیب کی خبریں دینے والے ہیں۔ نامور
بزرگ ہیں، اونچی شان والے ہیں شفیع
ہیں، عزیز صاحب جاہ مرتبہ سردار ہیں
خوشخبری دینے والے ڈرانے والے روشن
سراج ہیں، رحیم ہیں بزرگ مرتبہ عظیم بہت
بڑے اپسندیدہ وصیت کئے گئے تقویٰ
کے اعلیٰ مقام والے۔ پاک برگزیدہ سخی
تاباں روشن۔ بلند دولت والے،
مہربان، نہایت مہربان کریم، رحیم ہر
شئی جاننے والے رحیم سلامتی والے
خدا سے ہم کلام ہیں صلی اللہ علیہ وسلم
بقدر اوصافہ۔ چاند ان کے جمال سے
بے نور ہو گیا۔ بشر ان کے کمالات کے
احاطہ اور بیان سے عاجز آ گئے۔ پتھر ان کے
جلال سے بول اٹھے۔ حضور پہ درود سلام
بھیجو۔ خلا کو اپنی خیر سے بھر دیا آسمان
کو اپنی سیر سے پھاڑ دیا۔ یہ کسی کو

سَرَّ الزَّمَانُ بِسُرُوْرِهٖ
نُسِخَ الْمِلَلُ بِظُهُوْرِهٖ
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا
كَشَفَ الشُّبَهُ بِبَيَانِهٖ
رَفَعَ الْعُلٰى بِمَكَانِهٖ
اَكْرِمْ بِرِفْعَةِ شَانِهٖ
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا
فَلْتَهْتَدُوْا لِشَرِيْعَتِهٖ
ثُمَّ اقْتَدُوْا لِطَرِيْقَتِهٖ
فَتَحَقَّقُوْا لِحَقِيْقَتِهٖ
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا
اللھم صلی علی محمد وعلی آل محمد
واصحابہ ۔ (اخبار الاخیار
شریف ص۲ مطبع مجتبائی)

نصیب نہ ہوا۔ حضور پہ درود و
سلام بھیجو۔ مکان کو اپنے نور سے
روشن کیا۔ زمان کو اپنے جھوٹے یا
مہمانی یا فیصل سے خوش کیا۔ اپنے
ظہور سے دینوں کو منسوخ کیا۔ حضور
پہ درود و سلام بھیجو۔ اپنے بیان سے
شک و شبہ کو کھول دیا۔ آپ کے مکان
کے صدقہ میں علو کو بلندی نصیب
ہوئی۔ آپ کی بلندی شان کو تو دیکھ
حضور پہ درود و سلام بھیجو۔ لہذا
حضور کی شریعت سے ہدایت حاصل
کرو اور آپ کے طریقہ کی اقتدا کرو
اور ان کی حقیقت سے متحقق ہو جاؤ
حضور پہ درود و سلام بھیجو۔ اے
اللہ حضور اور آپ کی آل اور اصحاب پہ رحمت کاملہ بھیج۔

نیز شیخ عبدالحق محقق محدث دہلوی حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ کا ارشاد مقدس۔

۱۵۔ بحقیقت حمد خدا و نعت مصطفیٰ
را جز خدا کسے نیارد گفت و گوہر
ایں از راجز دست قدرت حق

تعریف خدا تعالیٰ اور نعت مصطفے
صلی اللہ علیہ وسلم کو حقیقت میں
اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں بیان کر سکتا

نتواند سفت ازانکہ ہیچ احدی اورا چوں خدا نشناسد چنانچہ خدا را چوں وے ہیچ کس نشناخت خداست و بندۂ خداست و بندہ او دیگراں ہمہ طفیلی او یند (مکتوبات شیخ محقق علی ہامش اخبار الاخیار صـ)

اور اس راز کے گوہر کو قدرت کے ہاتھ کے سوا کوئی نہیں پرو سکتا۔ اس لئے کہ کوئی حضور کو خدا کی طرح نہیں پہچانتا۔ جیسا کہ خدا کو حضور کی طرح کسی نے نہ پہچانا۔ خدا ہے اور بندہ خدا خدا ہے اور اس کا بندہ باقی سب اس کے طفیلی ہیں۔

۱۶۔ نیز شیخ محقق کا ارشاد۔ و اما نصیحت لرسول اول محبت و تعظیم و ادب جناب عالی اوست و تبریہ و تنزیہ ساختن عزو جلال او و تمام انبیا صلوٰۃ اللہ و سلامہ علیہم اجمعین از ہر عیب و منقصت کہ نالائق مقام نبوت و رسالت بود و ضابطہ در باب نگاہداشتن ادب آنجناب آنست کہ ہر چہ ورائے مرتبہ الوہیت و صفات قدس حق است عز و علا از ہر کمال و منقبت کہ باشد او را

بہر حال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے نصیحت تو پہلی بات ہے کہ حضور کی محبت اور تعظیم اور ادب ہے اور اللہ تعالیٰ نے آن کو اور سب انبیاءؑ کو ہر عیب اور نقص سے منزہ کیا جو مقام نبوت اور رسالت کے لائق نہ تھا۔ حضور کے ادب کی نگاہداشت میں ضابطہ یہ ہے کہ مرتبۂ الوہیت اور صفات حق کے علاوہ جو کمال اور منقبت ہو وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے ثابت ہے

ثابت است۔ ؎

مخواں اورا خدا از بہر امر شرع
وحفظ دین بد دگر ہر وصف کش
میخواہی اندر مدحش املاکن ؎
(مکتوبات شیخ محقق ص۹۳ ہامش اخبار الاخیار)

حکم شرع اور حفاظت دین کی وجہ سے حضور کو خدا نہ کہنا۔ اس کے علاوہ جو وصف چاہے حضور کی مدح میں املا کر۔

۱۷ نیز شیخ محقق کا بیان ایمان افروز باطل سوز۔

وہب بن منبہ کہ تابعی ثقہ اخباری علامہ صدوق صاحب۔ کتب واخبار بودہ گفت۔ ہفتاد ویک کتاب از کتب قدما خوانده ام و یافتم در جمیع آں کتب کہ حق سبحانہ نداد تمامہ ناس را از آغاز دنیا تا انجام آں از عقل در جنب عقل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مگر مانند ذره از ریگستان دنیا و محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم راجح ترین مردم است۔ در عقل و فاضل ترین ایشاں است در رائی رواہ ابونعیم فی الحلیۃ وابن عساکر[1]

حضرت وہب بن منبہ رجو کہ تابعی ثقہ اخباری علامہ سچے صاحب کتب اور اخبار ہوئے) یعنی مورخ تھے نے فرمایا کہ میں نے کتب قدما سے اکہتر کتابیں پڑھی ہیں۔ ان تمام کتب میں میں نے یہ پایا کہ اللہ تعالیٰ نے ابتدا دنیا سے لے کر اس کے انجام تک تمام لوگوں کو عقل نہ دیا حضور کے عقل پاک کے مقابلہ میں مگر اتنا کہ جتنا ذرہ کو دنیا کے ریگستان سے نسبت ہے اور ۔۔۔ حضور تمام مردوں سے عقل میں راجح ہیں اور رای میں تمام سے فاضل ترین ہیں

[1] ذکرہ الامام القسطلانی۔ فی المواہب زرقانی ص۲۴۸ج۶ شفا شریف ص۵۵ج۱ نسیم الریاض ج۲ ص۲۴۲ زرقانی ج۳ ص۱۳۲ ۱۲ منہ

شفا شریف ص ۵۵ ج ۱ - نسیم الریاض ص ۲۷ ا زرقانی ص ۱۲۱ ج ۳ ۱۲ منہ

اس حدیث کو ابونعیم نے حلیہ میں روایت کیا۔ اور ابن عساکر نے اپنی تاریخ میں روایت کیا۔

فی تاریخہٖ و در عوارف[1] نقل کردہ از بعض علمار کہ عقل ہمہ نہصد جزو است۔ نود و نہ ازاں در محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم است و یک جزو ازاں در تمام مومناں گفت بندہ مسکین رزقہ اللہ الثبات والیقین اگر بے گفتند کہ عقل ہمہ ہزار جزو است نہصد و نود و نہ ازاں در محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و یکے ازاں در تمامہ مردم گنجائش داشت چہ ہرگاہ بے نہایتے او ثابت شد ہرچہ گویند رواست اینجا اگر سینۂ حاسدان بسوزد و دل اہل زیغ بشکند چہ تواں کرد انا اعطیناک الکوثر و ان شانئک

عوارف شریف میں بعض علما سے نقل ہے کہ عقل کے کل سو جزو ہیں ۹۹ حضور میں اور ایک جز تمام مومنوں میں ہے (بندہ مسکین کہتا ہے۔ (شیخ عبدالحق محدث دہلوی) اللہ تعالی اسے ثبات اور یقین کا رزق دے اگر یہ کہتے کہ عقل کے کل ہزار جز ہیں ۹۹۹ حضور میں اور ایک تمام لوگوں میں تو اس کی بھی گنجائش تھی۔ کیونکہ جب حضور کے لئے بے انتہا کمال ثابت ہیں تو پھر جو کچھ کہیں جائز ہے۔ اس جگہ اگر حاسدوں کا سینہ جلے اور اہل زیغ کا دل ٹوٹے تو کیا کریں (اللہ نے فرمایا) اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ۔

[1] زرقانی ص ۲ ج ۸ جواہر البحار ص ۱۸ ج ۱ ۱۲ منہ۔

هوالابتر۔ (ابیات)

شاہ رسل شفیع امم خواجہ دو کون
نور ہدیٰ حبیب خدا سید انامؐ
مقصود ذات اوست دگرہا
ہمہ طفیل۔ منظور نور اوست
دگرہ جملگی ظلام ÷ ہر مرتبہ کہ بود
در امکان بروست ختم۔ ہر نعمتی کہ
داشت خدا شد برو تمام ٌ برداشت
از طبیعت امکان قدم کہ آں۔
اسری بعبدہ ست من المسجد الحرام
تا عرصہ وجوب کہ اقصائی عالم ست
کانجا نہ جاستنے جہت ونے
نشاں نہ نام ÷ سر لیست لبس
شگرف در ینجا کہ ہیچ آں ÷ از
آشنائی عالم جان بپرسا زیں مقام
علیہ افضل الصلوٰۃ واتم التحیۃ
واز کی السلام"
(مدارج النبوت شریف ج ۱ ص ۳۶)

اے محبوب ہم نے تجھے خیر کثیر بے انتہا
بھلائی عطا فرمائی اور بے شک جو تمہارا
دشمن ہے وہی ہر خیر سے محروم ہے
(ترجمہ ابیات) حضور شاہ رسل امتوں
کے شفیع دو جہاں کے سردار۔ ہدایت
کا نور اللہ کے حبیب۔ لوگوں کے سردار
مقصود تو صرف حضور کی ذات
ہے باقی تو سب طفیلی ہیں نظر حضور
کا نور ہے باقی تمام اندھیرا ہیں۔ ہر
مرتبہ جو امکان میں تھا حضور پر ختم
ہے۔ رب کی ہر نعمت حضور پہ تمام ہوئی
طبیعت امکان سے قدم اٹھایا جو وہ
اسریٰ بعبدہ ہے۔ مسجد حرام سے
میدان وجوب تک جو عالم کا منتہا ہے
جہاں نہ جگہ نہ جہت نہ نام و
نشان۔ یہاں بہت عجیب راز
ہے۔ جو عالم جان کے آشنا سے
اس مقام کے متعلق پوچھنا۔

(۱۸) حضرت شیخ اولیاء، فخر العالم متولد شیخ الاولیاء ۹۵۸ھ فخر العالم ۱۰۵۲ھ فخر المحدثین متوفی

الشاہ الشیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ ونور اللہ مرقدہ کا ارشاد

ومراد در تکلم در احوال وصفات
ذات شریف وے وتحقیق آں
حرجے تمام است کہ آں متشابہ
ترین متشابہات است نزد من
کہ تاویل آں ہیچ کس جز خدا نداند
وہر کسے ہرچہ گوید بر قدر و
اندازۂ فہم و دانش خود گوید و
او صلی اللہ علیہ وسلم۔ از فہم و
دانش تمام عالم برتر است
(مصرع) او برتر از انست کہ
آید بخیال :: او را چنانکہ ہست
بجز خدا کسے نشناسد۔ چنانکہ خدا
را چنانکہ باید جز وے کسے نشناخت
(بیت) ترا چنانکہ توئی ہر نظر کجا
بیند :: بقدر دانش خود ہر کسے
کند ادراک :: (شرح فتوح الغیب
صفحہ ۱۴۳)

اور مجھے حضور کے احوال وصفاتِ
ذات اور ان کی تحقیق میں کلام کرنے
میں حرج تمام ہے کیونکہ وہ میرے
نزدیک متشابہات سے متشابہ ترین
ہیں جو ان کی تاویل اللہ تعالیٰ کے
سوا کوئی نہیں جانتا۔ اور جو شخص جتنا
کہتا ہے وہ اپنے قدر اور فہم و
دانش کے اندازہ کے مطابق کہتا ہے
اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام عالم
کے فہم و دانش سے برتر بلند و
بالا ہیں۔ (مصرع) وہ اس سے بلند
ہیں کہ خیال میں آئیں۔ صلی اللہ علیہ
وسلم ان کو جیسا کہ وہ ہیں اللہ تعالیٰ
کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ جیسا کہ خدا کو جیسے
جاننا چاہیئے۔ ان کے بغیر کسی نے نہ
جانا۔ (بیت) آپ کو جیسا کہ آپ
ہیں۔ ہر نظر کب دیکھ سکتی ہے ہر ایک
بقدر دانش اپنی کے ادراک کرتا ہے۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

(۹) نیز انہیں امام اہل شہود و حضور آسمان فنون دینیہ کے آفتاب درخشاں حجۃ المفسرین والمحدثین حضرت شیخ محقق کا ارشاد۔

(حاصل ایں وجہ آنست کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم دائم در ترقی بود۔ و تجلیات انوار متوالی بروے میگذشت۔ بعضی بالای بعض دیگر۔ و بہر تجلی فوق کہ میرسید از وقوف در تجلی تحت استغفار میکرد و چوں تجلیات حق را نہایت نیست۔ ترقیات آنحضرت را نیز نہایت نہ دایں نہ مخصوص ایں نشئاست تا ابد الآباد حال ہم بریں منوال خواہد بود

(حضور ہمیشہ ترقی میں تھے اور اور حضور پہ پے در پے مسلسل تجلیات انوار گذرتے تھے۔ بعض تجلیات بعض اوروں سے بلند ہوتیں، اور ہر اوپر والی تجلی میں جب حضور تو نیچی تجلی میں ٹھہرنے سے استغفار فرماتے۔ اور جب حق تعالے کی تجلیات کی کوئی انتہا نہیں تو حضور کی ترقیات کی بھی کوئی انتہا نہیں۔ اور یہ ترقی اس دنیا سے مخصوص نہیں۔ بلکہ ابد الآباد تک حال کا دستور اور طریق پہ جاری ہے۔

بیت

مرا کمال محبت ترا کمال جمال
دمے مباد کہ نقصان پذیرد ایں دو کمال
(شرح فتوح الغیب ص۲۴۴)

بیت

مجھے کمال محبت تجھے کمال اجمال
نہ وہ لحظہ کہ ناقص ہو یہ دو کمال

(۲۰) نیز شیخ محقق اولیا کے انتہائی مقام کی تشریح کرنے کے بعد فرماتے ہیں

و بعد ازیں مقام نبوت و درجات اوست کہ اولیا را بداں راہ نیست و مقام ولایت اولیا و درجات آں تا اینجا ست (شرح فتوح الغیب ص ۳۴۲)

اور اس کے بعد مقام نبوت اور اس کے درجات ہیں۔ کہ اولیاء کو ان کی طرف راستہ نہیں اور اولیاء کی ولایت کا مقام اور اس کے درجات یہاں تک ہیں۔

(۲۱) نیز شیخ محقق کا ارشاد

پایہ ارفع و مقام اقدس محمدی را کہ ہیچ کس را بدرک و دریافت آں راہ نیست۔

(مدارج النبوت شریف ج ۱ ص ۳)

کسی کو رسول اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے بلند رتبہ اور مقام اقدس کے پالینے اور دریافت کرنے کی طاقت نہیں۔

(۲۲) نیز شیخ محقق کا فرمان مقدس۔

اما وجہ شریف وے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ مرآت جمال الٰہی است و مظہر انوار نا متناہی وے بود (مدارج النبوت شریف ج ۱ ص ۷)

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ شریف اللہ تعالیٰ کے جمال کا آئینہ ہے اور اللہ تعالیٰ کے غیر متناہی انوار کا مظہر ہے۔

(۲۳) نیز شیخ محقق حجۃ احناف کا ارشاد۔

آں حضرت را صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فضائل و کمالات بود کہ مجموع فضائل

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اتنے فضائل اور کمالات ہیں کہ اگر تمام انبیاء

انبیاء راصلوات اللہ علیہم اجمعین ۔ درجنب آں بنہند راجح آید ۔ شرح سفر السعادت ص۱۲)

کرام کے سب فضائل کو جمع کرکے حضور کے فضائل کے پہلو میں رکھیں تو حضور کے فضائل ان پہ راجح آئیں گے۔

(۲۴) نیز شیخ محقق محدث دہلوی فرماتے ہیں ۔

انہام خلائق در کمالات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام حیران و انبیاء ہمہ در ذات وے ۔ کمالات انبیا دیگر محدود و معین است ۔ اما اینجا تعین و تحدید نگنجد و خیال و قیاس را بدرک کمال وے راہ نبود ۔ (مرج البحرین وصل ۱۲)

(۲۵) نیز شیخ محقق حضور کے قلب پاک کی کیفیت کے متعلق فرماتے ہیں ۔

اینجا کہ ادراک ممکن و متوقع نیست علم دریں مقام جز اعتراف بجہل و نارسائی نباشد ایں جا دعویٰ علم جہل است و دریافت جہل عین علم ۔ (مرج البحرین وصل ۱۲")

ایں عین ترقی است در درجات قرب و مشاہدہ تجلیات وایں حالت نہ مخصوص ایں نشات است تا ابد الآباد ایں حال ہم بریں منوال خواہد بود ۔ زیرا کہ تجلیات حق را نہایت نیست (مرج البحرین وصل ۱۲") و آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دائم ترقی در ترقی است و مشاہداتِ او در رنگ تجلیات حق نہایتے ندارد من الازل الی الابد (مرج البحرین وصل ۱۲

قدب مصطفوی کہ حقیقت حال آں را جز خدا کسے نداند، امرج البحرین ۱۲

ہر کسے ہر آنچہ گوید بر حد و اندازۂ معرفت و قیاس خود گوید

چوں مقام او از ہمہ بالاتر است ہر کہ از مقام وے خبر دہد و از حقیقت

حال وے کہ با خدا دارد کشف کند گویا کہ تاویل متشابہات

کردہ باشد۔ مرج البحرین وصل ۱۲ء جزاک اللہ تعالیٰ یا سیدی

خیر الجزاء۔

(۲۶) نیز شیخ الاسلام حضرت شیخ محقق عبد الحق محدث دہلوی کی مخلصانہ عارفانہ نصیحت۔

ومجمل اعتقاد در حق سید کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آنست کہ ہر چہ جز مرتبہ الوہیت است از کمالات وکرامات اثبات کند کائناً ما کان۔

مسلمانوں کا حضور سید الکائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق میں مجمل اعتقاد ہونا چاہیئے کہ مرتبہ الوہیت کے سوا جتنے کمالات اور کرامات ہیں وہ سب حضور کے حق ثابت کرتے ہیں بادا آنچہ باد۔

شعر

دَعْ مَا ادَّعَتْهُ النَّصَارٰی فِیْ نَبِیِّهِمْ ۔ وَاحْکُمْ بِمَا شِئْتَ مَدْحًا فِیْهِ وَاحْتَکِمٖ

اے مسلمانو جو کچھ نصاریٰ نے اپنے نبی کے حق میں کہا کہ عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بیٹے ہیں اللہ کا جز ہیں، یہ تو نہ کہنا۔ اس کے علاوہ جو چاہے حضور کی مدح میں بیان کرو اور مخالف سے جھگڑو۔

وَانْسُبْ اِلٰی ذَاتِهٖ مَا شِئْتَ مِنْ شَرَفٍ ۔ وَانْسُبْ اِلٰی قَدْرِہٖ مَا شِئْتَ مِنْ عِظَمٖ

جو شرف اور بزرگی چاہے آپ کی طرف منسوب کرے اور جو عظمت چاہے آپ کی قدر، مرتبہ کی طرف منسوب کرے۔ (شعر)

مخواں او را خدا از بہر امر شرع و حفظ دین | دگر ہر وصف کش می خواہی اندر مدحش املا کن

حضور کو حکم شرع اور حفاظت دین کی وجہ سے صرف خدا نہ کہنا۔ اس کے علاوہ جس وصف کو تو چاہے حضور کی تعریف میں لکھ۔ (درج البحرین قبل الاختتام صلاۃ تبلیغ)

(۲۷) سند المحدثین والمحققین امام قسطلانی متوفی ۹۲۳ھ رحمۃ اللہ تعالیٰ اور علامہ حجۃ المحققین محمد بن عبد الباقی الزرقانی متوفی ۱۱۲۲ھ رحمۃ اللہ تعالیٰ کے کلمات طیبات (۱) علامہ زرقانی فرماتے ہیں۔

وَلِذَا قَالَ عَلِیٌّ یَقُوْلُ نَاعِتُہٗ	اسی لئے کہ سکان سدرۃ المنتہیٰ کی
اَیْ عِنْدَ الْعَجْزِ عَنْ وَصْفِہٖ	نظریں بھی صرف حجاب تک پہنچیں
لَمْ اَرَ قَبْلَہٗ وَلَا بَعْدَہٗ	اصل حسن وجمال محمدی کو انہوں نے
مِثْلَہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ	کبھی نہ دیکھا۔ مولا علی رضی اللہ عنہ
وَمِنْ ثَمَّ لَمْ یُفْتَتَنْ بِہٖ	نے فرمایا کہ آپ کی تعریف کرنے والا
مَعَ اَنَّہٗ اُوْتِیَ کُلَّ الْحُسْنِ	جب آپ کی تعریف کرنے سے عاجز
کما قال ؎	آتا تو یہ کہتا کہ میں نے حضور سے

پہلے اور حضور کے بعد حضور جیسا نہ دیکھا۔ اور اسی وجہ سے کوئی فتنہ اور مصیبت میں پڑ کر بے عقل نہ ہوا حالانکہ حضور کو کل حسن عطا ہوا۔ جیسا کہ کسی شاعر نے کہا ہے

بجمال تحجبتہ بجلال	جمال کے جلال میں محجوب ہونے کی وجہ
طاب واستعذب العذاب ھناکا	سے یہاں عذاب (جلال) کو لذیذ اور

بیٹھا خوشگوار پایا۔ (زرقانی شرح مواہب ج ۱ ص)

(۲۷) علامہ زرقانی رحمہ اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں ۔

اَلَا هُوَ اَجَلُّ مِنْ اَنْ يُّحِيْطَ بِهٖ	خبردار حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام
وَصْفٌ وَاَشْرَفُ مِنْ اَنْ يَّضُمَّ	اس سے بزرگ و بلند و بالا ہیں کہ
جَوَاهِرَ نَظْمِهٖ اَوْ رَصْفٌ [1]	وصف آپ کے فضائل کا احاطہ
(زرقانی شرح مواہب ج ۲)	کر سکے ۔ اور آپ اس سے اشرف

ہیں ۔ کہ آپ کے جواہر کو نظم جمع کر سکے یا جڑے ہوئے پتھر ۔

(۲۸) امام قسطلانی رحمہ اللہ تعالےٰ کا نورانی بیان ۔ حضور نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی مثل کہنے والو اور نبی سے ہمسری کا دعویٰ کرنے والو اسے غور سے پڑھو [2]

اِعْلَمْ اَنَّ مِنْ تَمَامِ الْاِيْمَانِ	جاننا چاہیئے کہ حضور پہ ایمان لانے

---

[1] رصف پانی بہنے کی جگہ میں ایک دوسرے سے جڑے ہو پتھر ۱۲ منہ [2] میری اس کتاب کے لکھنے کی ایک وجہ یہ ہوئی کہ فقیر بفضل قدیر، وبفیض نبی بشیر، جب تب محرقہ کے اہم مراحل کو طے کر کے بعض معمولی اور آخری مراحل میں تھا تو ایک گستاخ سے یہ بکتے سنا کہ میرا خمیر اور حضرت محمد مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا خمیر ایک ہے میری طینت اور حضور کی طینت میں کوئی فرق نہیں" نعوذ باللہ من ذالک وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ دل کو بہت صدمہ ہوا زبان سے حسب استطاعت ڈانٹا ۔ سمجھایا ۔ اسی وقت سے علماء کرام و ائمہ عظام کی وہ عبارتیں جو پہلے سے ذہن میں تھیں ۔ اور اس وقت آپ کے پر

بہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ	کی تکمیل سے ہے کہ اس بات پہ
اَلْاِیْمَانُ بِاَنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی	ایمان ہو کہ اللہ تعالٰے نے حضور
جَعَلَ خَلْقَ بَدَنِہِ الشَّرِیْفِ	صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
عَلٰی وَجْہٍ لَمْ یَظْہَرْ	بدن شریف کی پیدائش اس طریقہ
قَبْلَہٗ وَلَا بَعْدَہٗ خَلْقُ	پہ کی کہ حضور سے پہلے اور حضور
آدَمِیٍّ مِثْلَہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ	کے بعد کسی آدمی کی خلقت اسطرح
وَسَلَّمَ۔	نہ ہوئی (حضور خلقتاً بے مثل ہیں)

زرقانی علی المواہب ج۴ ص۲۷ جواہر البحار ج۲ ص۳۴ ناقلا عنہ جواہر البحار ج۲ ص۱۶۴ ناقلا عن المنادی۔ وسائل الوصول ناقلا عن المواہب للقسطلانی ص۱۵

(۲۹) امام علی قاری حنفی محدث مکی فرماتے ہیں۔

مِنْ تَمَامِ الْاِیْمَانِ بِہٖ	حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اِعْتِقَادُ اَنَّہٗ لَمْ یَجْتَمِعْ فِیْ	پہ ایمان لانے کی تکمیل ہے یہ اعتقاد
آدَمِیٍّ مِنَ الْمَحَاسِنِ الظَّاھِرَۃِ	رکھنا کہ کسی آدمی کے بدن میں اتنے
الدَّالَّۃِ عَلٰی مَحَاسِنِہٖ الْبَاطِنَۃِ	اور ایسے محاسن ظاہرہ جو محاسن باطنہ
لِغَیْرِہٖ مَا اجْتَمَعَ فِیْ بَدَنِہٖ	پہ دلالت کرنے والے ہوتے ہیں
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جمع الوسائل ج۱ ص۹	جمع ہوئے جتنے اور جیسے حضور

؎۲۲ سامنے پیش ہو رہی ہیں۔ جمع کرنے کا شوق ہوا۔ متعصب عنید کے منہ بند کرنے کے لئے قرآن و احادیث و آثار سے تمہید ما سبق کو لکھنا شروع کر دیا اور دوسری وجہ سنت بوصیری پہ عمل پیرا ہونا تھا و ما توفیقی الا باللہ
۱۲ منہ

کے بدن شریف میں جمع ہیں۔

(۳۰) امام عبدالرؤف مناوی محدث متوفی ۱۰۳۰ھ شمائل میں فرماتے ہیں

وَقَدْ صَرَّحُوا بِاَنَّ کَمَالَ الْاِیْمَانِ اِعْتِقَادُ اَنَّہٗ لَمْ یَجْتَمِعْ فِیْ بَدَنِ اِنْسَانٍ مِنَ الْمَحَاسِنِ الظَّاھِرَۃِ مَا اجْتَمَعَ فِیْ بَدَنِہٖ وَالْمَحَاسِنُ الظَّاھِرَۃُ آیَاتُ الْبَاطِنَۃِ وَ لَا اَکْمَلَ مِنْہُ وَلَا مُسَاوِیَ فِیْ ھٰذَا الْمَدْلُوْلِ وَکَذَا الدَّالِ (شرح شمائل علی ہامش جمع الوسائل ص۹ ج۱)

علماء عظام اور ائمہ کرام نے اس بات کی تصریح کی ہے کہ کمال ایمان یہ ہے کہ یہ اعتقاد ہو کہ کسی انسان کے بدن میں اتنے محاسن ظاہرہ جمع ہوئے جتنا کہ حضور کے بدن شریف میں جمع تھے۔ اور محاسن ظاہرہ محاسن باطنہ کی علامات ہیں۔ محاسن باطنہ (مدلول) اور محاسن ظاہرہ (دال) میں کوئی حضور سے اکمل نہیں بلکہ برابر بھی کوئی نہیں۔

(۳۱) نیز امام محدث مناوی فرماتے ہیں

وَمِنْ تَمَامِ الْاِیْمَانِ بِہٖ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ الْاِیْمَانُ بِاَنَّہٗ سُبْحَانَہٗ خَلَقَ جَسَدَہٗ عَلٰی وَجْہٍ لَمْ یَظْہَرْ قَبْلَہٗ وَلَا بَعْدَہٗ مِثْلُہٗ (فیض القدیر للمناوی ص۷۲ ج۵)

تکمیل ایمان سے ہے یہ ایمان لانا اللہ تعالیٰ نے حضور کے جسد شریف کو اس طرح پیدا کیا کہ ان سے پہلے اور ان کے بعد ان کی مثل ظاہر نہ ہوا صلی اللہ تعالیٰ علیہ آلہ وسلم بقدر حسنہ وجمالہ۔

امام حافظ ابن حجر کا ایمان افروز نورانی بیان

اَنَّهٗ یَجِبُ عَلَیْکَ اَنْ تَعْتَقِدَ	بے شک تیرے اوپر یہ واجب
اَنَّ مِنْ تَمَامِ الْاِیْمَانِ بِهٖ	ہے کہ حضور پر ایمان لانے کی
عَلَیْهِ الصَّلٰوۃُ السَّلَامُ	تکمیل سے ہے یہ ایمان لانا کہ
الْاِیْمَانُ بِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی	اللہ تعالیٰ نے حضور کے بدن
اَوْجَدَ خَلْقَ بَدَنِهِ الشَّرِیْفِ	شریف کی پیدائش کو اس طرح
عَلٰی وَجْهٍ لَمْ یَظْهَرْ قَبْلَهٗ	کیا کہ حضور اولین اور آخرین
وَلَا بَعْدَهٗ فِیْ آدَمِ مِثْلُهٗ	میں بے مثل ہیں۔
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔	

(جواہر البحار ج ۲ ص ۷۹)

نیز وہی امام حافظ ابن حجر مکی فرماتے ہیں۔

وَنَبِیُّنَا مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ	حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وَسَلَّمَ قَدْ بَلَغَ الْغَایَةَ	صورت اور سیرت میں ایسے بلند
الَّتِیْ لَمْ یَصِلْ اِلَیْهَا غَیْرُهٗ	مقام پہ پہنچے کہ ان دونو
فِیْ کَلَامِنْ دِیْنِكَ	چیزوں میں سے کسی میں کوئی
	وہاں تک نہ پہنچا۔

(جواہر البحار ج ۲ ص ۷۹)

امام ابراہیم بیجوری کا ارشاد۔

وَقَدْ صَرَّحُوْا بِاَنَّ مِنْ	علماء اور ائمہ نے اس بات کی تصریح
کَمَالِ الْاِیْمَانِ اِعْتِقَادَ	کی ہے کہ کمال ایمان سے ہے یہ

اَنَّهُ لَمْ یَجْتَمِعْ فِیْ بَدَنِ الْاِنْسَانِ مِنَ الْمَحَاسِنِ الظَّاہِرَۃِ مَا اجْتَمَعَ فِیْ بَدَنِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ (المواہب اللدنیہ علی الشمائل المحمدیہ للبیجوری ص۱۲)	اعتقاد رکھنا کہ اتنے محاسن ظاہرہ کسی انسان کے بدن میں جمع نہ ہوئے جس قدر حضور کے بدن شریف میں جمع ہوئے صلی اللہ علیہ وسلم لقدر حسنہ وجمالہ۔

نیز وہی امام ابراہیم بیجوری فرماتے ہیں۔

وَمِمَّا یَتَعَیَّنُ عَلٰی کُلِّ مُکَلَّفٍ اَنْ یَعْتَقِدَ اَنَّ اللّٰہَ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَوْجَدَ خَلْقَ بَدَنِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی وَجْہٍ لَمْ یُوْجَدْ قَبْلَہٗ وَلَا بَعْدَہٗ مِثْلُہٗ (المواہب اللدنیہ ص۱۲)	اور ان ضروری چیزوں سے جو ہر مکلف پہ لازم ہوتی ہیں۔ ایک ضروری چیز یہ ہے کہ آدمی اعتقاد رکھے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کا بدن شریف اس طرح پیدا کیا۔ کہ حضور سے قبل اور حضور کے بعد ایسے خلقت نہ ہوئی

علامہ زرقانی رحمہ اللہ تعالیٰ امام بوصیری کے اشعار مذکورین میں سے اولین کی شرح کرتے ہوئے ارقام فرماتے ہیں۔

ھُوَ الَّذِیْ کَمُلَ بَاطِنُہٗ فِی الْکَمَالَاتِ وَظَاہِرُہٗ فِی الصِّفَاتِ ثُمَّ اخْتَارَہٗ خَالِقُ الْاِنْسَانِ حَبِیْبًا لَا شَرِیْکَ لَہٗ فِی الْحُسْنِ وَجَوْہَرُہٗ لَا یَقْبَلُ الْقِسْمَۃَ بَیْنَہٗ وَبَیْنَ غَیْرِہٖ زرقانی ج۳ ص۸۲	حضور وہ ذات ہیں جن کا باطن کمالات سے مکمل ہے اور جن کا ظاہر صفات سے مکمل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو ایسا پیدا کر کے پھر اپنا محبوب بنا لیا حسن میں کوئی حضور کا شریک نہیں یعنی آپ

حسن میں وحدہٗ لاشریک لہٗ ہیں اور حضور کا جوہر شریف تقسیم کو قبول نہیں کرتا کہ وہی جوہر حضور میں ہو اور حضور کے غیر میں بھی۔

امام قسطلانی و علامہ زرقانی رحمہما اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں،

فَمَنْ ذَا الَّذِیْ یَصِلُ قُدْرَۃٌ اَنْ یُّقَدِّرَ قَدْرَ الرَّسُوْلِ اَوْ یَبْلُغَ الْاِطِّلَاعَ عَلٰی مَاثُوْرِ اَحْوَالِہٖ الْمَاْمُوْلِ الْمَسْئُوْلِ وَمَنْ لَّا یَصِلُ لِذٰلِکَ کَیْفَ یُمْکِنُہُ التَّعْبِیْرُ عَنْہُ وَھٰذَا تَرَقٍّ فِی النَّفْیِ فَاِنَّہٗ لَمَّا نَفَی الْقُدْرَۃَ عَلَی الذِّکْرِ اَوَّلًا وَلَا یَلْزَمُ مِنْہُ عَدَمُ الْاِطِّلَاعِ لِاِمْکَانِہٖ مَعَ الْعَجْزِ عَنِ الْعِبَارَۃِ تَرَقّٰی نَفْیَ الْاِطِّلَاعِ (ایضاً مواہب اللدنیہ وشرح للزرقانی ج ۴ ص ۱۰۷)	تو کون ہے جس کی طاقت اس قدر ہو کہ حضور کے مرتبہ کا اندازہ لگا سکے یا بیان کر سکے یا حضور کے احوال ماٴمول اور مسئول اور منقول پر مطلع ہو سکے (یعنی کسی میں یہ قدرت نہیں) تو جو ان تک پہنچ ہی نہیں سکتا۔ تو ان کو بیان کیسے کریگا۔ اور یہ نفی میں ترقی ہے۔ بس جب انہوں نے اولاً بیان کرنے پر قدرت کی نفی کی اور اس سے یہ لازم نہ آتا تھا کہ احوال و فضائل پر اطلاع نہ ہو کیونکہ یہ ممکن ہے کہ فضائل پر اطلاع ہو۔ لیکن ان کو بیان کرنے سے عاجز ہو مصنف نے ترقی کرکے اطلاع کی بھی نفی کی کہ کوئی حضور کے جمیع فضائل پر مطلع ہی نہیں

؎ اِسْتِفْھَامٌ اِنْکَارِیٌّ لِلتَّوْبِیْخِ لِمَنْ تَوَھَّمَ وُصُوْلَ قُدْرَتِہٖ اِلٰی مَا اُعْطِیَ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَمَعْنَاہُ النَّفْیُ اَیْ لَا یَقْدِرُ اَحَدٌ (زرقانی ج ۴ ص ۱۰۷) ۱۲ منہ

؎ ای لا یبلغ ۱۲ زرقانی

نیز امام قسطلانی و امام زرقانی فرماتے ہیں۔

وَقَدْ حَكَى الْقُرْطُبِيُّ (الْمُتَوَفّٰى سَنَةَ ۶۷۱ھ) فِي كِتَابِ الصَّلٰوةِ عَنْ بَعْضِهِمْ اَنَّهُ قَالَ لَمْ يَظْهَرْ لَنَا تَمَامُ حُسْنِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِفْقًا مِّنَ اللّٰهِ بِنَا لِاَنَّهُ لَوْ ظَهَرَ لَنَا تَمَامُ حُسْنِهٖ لَمَا اَطَاقَتْ اَعْيُنُنَا رُؤْيَتَهٗ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعِجْزِنَا عَنْ ذٰلِكَ[1]

بعض حضرات سے امام قرطبی متوفی سنہ ۶۷۱ھ نے کتاب الصلوٰۃ میں یہ بات نقل کی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ ہمارے لیے حضور کا مکمل حسن ظاہر نہیں ہوا یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہم پہ نرمی ہے کیونکہ اگر حضور کا تمام حسن ظاہر ہوتا تو ہماری آنکھیں حضور کو نہ دیکھ سکتیں۔ بوجہ ہماری عاجزی کے

[1] نیز علامہ علی قاری حنفی فرماتے ہیں۔

وَمِنْ ثَمَّ نَقَلَ الْقُرْطُبِيُّ عَنْ بَعْضِهِمْ اَنَّهٗ لَمْ يَظْهَرْ تَمَامُ حُسْنِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِلَّا لَمَا اَطَاقَتْ اَعْيُنُ الصَّحَابَةِ النَّظْرَ اِلَيْهِ اھ (جمع الوسائل شرح شمائل ج۱ ص۹)

وَلِذَا نَقَلَ الْقُرْطُبِيُّ اَنَّهٗ لَمْ يَظْهَرْ تَمَامُ حُسْنِهٖ وَاِلَّا لَمَا اَطَاقَتِ الْاَعْيُنُ رُؤْيَتَهٗ (جمع الوسائل کے حاشیہ پر شرح شمائل للمناوی ج۱ ص۹، مثلہ القرطبی فی وسائل الوصول ص۱۵، جواہر البحار ج۲ ص۵ نقلاً عن المواہب)

علامہ بیجوری فرماتے ہیں۔

لَمْ يَظْهَرْ تَمَامُ حُسْنِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِلَّا لَمَا

طَاقَتِ الْاَعْیُنُ رُؤْیَتَہٗ (المواہب اللدنیہ للبجوری صد ۲ا)۔

حافظ ابن حجر مکی فرماتے ہیں

وَمَا اَحْسَنَ قَوْلُ بَعْضِہِمْ لَمْ یَظْہَرْ اَنَا تَمَامُ حُسْنِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَّا لَمَا اَطَاقَتْ اَعْیُنُنَا النَّظْرَ اِلَیْہِ (جواہر البحار ج ۲ صـ ۷۹) ۱۲ فیضی غفرلہٗ۔

وَلَقَدْ اَحْسَنَ الْبُوْصِیْرِیُّ حَیْثُ قَالَ اَیْضًا اَعْیَا الْوَرٰی فَہْمُ مَعْنَاہُ فَلَیْسَ یُرٰی لِلْقُرْبِ وَالْبُعْدِ فِیْہِ غَیْرُ مُنْفَحِمٖ کَالشَّمْسِ تَظْہَرُ لِلْعَیْنَیْنِ مِنْ بُعْدٍ۔ صَغِیْرَۃً وَتُکِلُّ الطَّرْفَ مِنْ اَمَمٍ اَیْ قُرْبٍ لَوْ فُرِضَ ذٰلِکَ لِکِبَرِہَا جِدًّا فَتَکَادُ تَخْطَفُ الطَّرْفَ فَلَوْ لِعَمَہٖ فَلَا تُدْرَکُ بِکَمَالِہَا وَکَذٰلِکَ الْمُصْطَفٰی لَا یُدْرَکُ مَعْنَاہُ فِیْ حَالَتَیِ الْقُرْبِ وَالْبُعْدِ وَاِنْ شُوْہِدَتْ صُوْرَتُہٗ وَہٰذَا

کیا خوب فرمایا امام بوصیری صاحب قصیدہ بردہ نے کہ تمام مخلوق کو عاجز کر دیا۔ حضورؐ کی حقیقت کی معرفت نے تو حضور کے قرب اور بعد میں عاجزی سے خاموش ہونے والے کے بغیر کوئی نظر نہیں آتا۔ حضور سورج کی طرح ہیں کہ وہ دور سے آنکھوں کے لئے چھوٹا معلوم ہوتا ہے۔ اور قرب میں (اگر فرض کر لیا جائے) آنکھوں کو اپنے انوار اور شعاؤں سے عاجز کر دیتا ہے۔ بوجہ بہت بڑے ہونے کے تو قریب ہوتا ہے کہ آنکھوں کو اچکے اور اندھا کر دے، تو بوجہ اسکے کمال کے اسکا

المعنی الذی ذکرہ فی البردۃ مثل قولہ ایضاً فی الہمزیۃ انما مثلوا ای الانبیاء والواصفون صفاتك للناس تمثیلا کما مثل النجوم الماء حیث یری فیہ دون حقیقتہ یعنی ان واصفیہ لم یبلغوا حقیقتہ صلی اللہ علیہ وسلم لانہم لم یحیطوا بہا وانما غایۃ ما وصلوا الیہ تصویر صورہا الحاکیۃ لمبادیہا کما ان الماء لم یحك من النجوم الا مجرد صورہا لا غیر۔

(مواہب زرقانی جلد ۶ ص ۲۴۲)

ادراک نہیں ہوتا۔ اسی طرح حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے معنی کا بھی ادراک نہیں ہو سکتا نہ حالت قرب میں نہ حالت بعد میں۔ اگرچہ آپ کی صورت کا مشاہدہ کیا جائے۔ امام بوصیری کا یہ معنی جو انہوں نے قصیدہ بردہ میں ذکر کیا انکے اس قول کی مثل ہے۔ جو انہوں نے ہمزیہ میں ذکر کیا۔ کہ یا رسول اللہ انبیاء اور مدح کرنے والوں نے لوگوں سے آپ کے صفات کی تمثیل بیان کی۔ جیسا کہ پانی میں ستاروں کی تمثیل نظر آتی ہے تو حقیقت نظر نہیں آتی۔ یعنی حضور کی وصف بیان کرنے والے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حقیقت کو نہ پہنچے کیونکہ انہوں نے اس کا احاطہ نہیں کیا۔ جز این نیست۔ انتہائی چیز کو جہاں تک وصف بیان کرنے والے پہنچے وہ ان کی حقیقت کے مبادی سے حکایت کرنے والے صور کی تصویریں ہے جیسا کہ پانی صرف ستاروں کی محض صورت سے حکایت کرتا ہے۔

امام حجۃ الانام قسطلانی رضی اللہ عنہ کا ارشاد۔

اِجْتَمَعَ فِیْہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ مِنْ صِفَاتِ الْکَمَالِ مَالَا یُحِیْطُ بِہٖ حَدٌّ وَلَا یُحْصِرُہٗ عَدٌّ

(مواہب شریف، زرقانی ج ۴ ص ۲۴۵)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم میں اتنے صفات کمالی مجتمع ہیں کہ نہ حد ان کا احاطہ کر سکتی ہے اور نہ شمار ان کو گھیر سکتی ہے (بے حد اور بے شمار ہیں غیر متناہی ہیں)

علامہ زرقانی حضور کے نام واصل کی تشریح فرماتے ہیں

(اَلْوَاصِلُ) اَلْبَالِغُ فِی النِّھَایَۃِ وَالشَّرْفِ مَالَا یَعْلَمُہٗ اِلَّا اللّٰہُ۔

(زرقانی ج ۳ ص ۱۵۱)

واصل، آپ کا نام۔ اس لئے ہے کہ آپ شرف فضیلت میں اس درجہ کو پہنچے والے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اسکو کوئی نہیں جانتا۔

علامہ خفاجی حنفی فرماتے ہیں

(وَکَانَ فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکَ عَظِیْمًا حَارَتِ الْعُقُوْلُ فِیْ تَقْدِیْرِ فَضْلِہٖ عَلَیْہِ) اَلْمَذْکُوْرِ فِیْ ھٰذِہِ الْاٰیَۃِ اِذْ اَنَّہٗ لَا یُمْکِنُ الْوُقُوْفُ عَلَیْہِ وَلٰکِنْ اَوْصَفَہٗ بِاَنَّہٗ عَظِیْمٌ وَنَکَّرَہٗ وَمَا یَکُوْنُ عِنْدَ اللّٰہِ تَعَالٰی عَظِیْمًا کَیْفَ یَلْحَظُ وَخَرَسَتِ الْاَلْسُنُ دُوْنَ وَصْفٍ یُحِیْطُ بِذٰلِکَ الْفَضْلِ وَمَالَا یُدْرَکُ کَیْفَ

اے حبیب آپ پر اللہ کا فضل غیر متناہی ہے (قرآن) اس فضل کے اندازہ لگانے میں عقلیں حیران ہیں۔ کیونکہ اسپر وقوف غیر ممکن ہے۔ اس لئے کہ اللہ نے اس فضل کو عظیم فرمایا اور عظیم کو نکرہ لائے اور جو اللہ کے ہاں عظیم ہو اللہ کے سوا اس کو کوئی کیسے جان سکتا ہے اور اس فضل کے وصف محیط سے قبل زبانیں گنگ ہیں تو جس فضل کو پایا نہیں جا سکتا

يُوصَفُ وَفِي قَوْلِهِ خَرِسَتْ دُوْنَ سَكَتَتْ وَصَمَتَتْ مُبَالَغَة لِاَنَّهٗ تَقْتَضِيْ سَلْبَ الْقُوَّةِ النَّاطِقَة ثُمَّ تَرَقّٰى فَقَالَ اَوْ يَنْتَهِيْ اِلَيْهِ اَيْ كَيْفَ يُحِيْطُ بِمَا لَمْ يَصِلْ اِلَيْهِ (نسیم الریاض للخفاجی ج ۳ ص)

اس کا بیان کیسے ہوگا اور قاضی عیاض کے خرست (کہ زبانیں گنگ ہیں) فرمانے ہیں بجائے۔ سکتت و صمت (کہ خاموش ہیں) کے زیادہ مبالغہ ہے کیونکہ گونگا ہونا قوت ناطقہ کے سلب کا مقتضی ہے۔ پھر ترقی کر کے فرمایا او ینتھی الیہ (یعنی ان کا احاطہ کیسے ہوسکتا ہے جب کہ ان تک رسائی نہیں

علامہ خفاجی فرماتے ہیں۔

فَاِنَّهٗ لَا تَسَعُهُ الْعُقُوْلُ وَلَا يُحِيْطُ بِهٖ نُطَّاقُ الْبَيَانِ (نسیم الریاض ج ۱ ص)

قدر حضور عقول کی وسعت میں نہیں آسکتا اور نطاق بیان اس کا احاطہ نہیں کر سکتا۔

نیز فرماتے ہیں۔

(لَا يَأْخُذُهٗ عَدٌّ) اَيْ لَا يُعَدُّ لِكَثْرَتِهٖ وَلِعَدَمِ اِطِّلَاعِنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْهُ وَمَعْنٰى لَا يَأْخُذُهٗ لَا يُحِيْطُ بِهٖ اَوْ يَغْلِبُهٗ (نسیم الریاض للخفاجی ج ۱ ص ۲۷۶)

یعنی خصال علیہ السلام بوجہ کثرت فضائل و خصائل سید عالم اور بوجہ ان پہ اطلاع نہ ہونے کے ان کا شمار نہیں ہوسکتا۔ اور ان کا احاطہ نہیں ہوسکتا

وکیل احناف حضرت ملا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ کے ارشادات۔

وَبَيَانُ فَضَائِلِ الْمُخْتَصَّةِ الَّتِيْ لَمْ تَجْتَمِعْ قَبْلَ خَلْقِهٖ فِيْ مَخْلُوْقٍ

حضور کے ان فضائل مختصہ کا بیان جو حضور کی خلقت سے قبل کسی مخلوق

وَمِنَ الْمَعْلُوْمِ اسْتِحَالَةُ وُجُوْدِ مِثْلِهٖ بَعْدَهٗ (شرح شفا علی القاری علی ہامش نسیم الریاض ج۱ ص۳۶۷)	میں جمع ہوتے اور یہ بات یقینی طور پر معلوم ہے کہ حضور کے بعد حضور کی مثل موجود ہونا محال ہے۔

نیز مولانا علی قاری فرماتے ہیں۔

لَمَّا رَأَيْتُ كِتَابَ الشِّفَاءِ فِيْ شَمَائِلِ صَاحِبِ الْاِصْطِفَاءِ اَجْمَعَ مَا صُنِّفَ فِيْ بَابِهٖ مُجْمَلًا مِنَ الْاِسْتِيْفَاءِ لِعَدَمِ اِمْكَانِ الْوُصُوْلِ اِلٰى انْتِهَاءِ الْاِسْتِقْصَاءِ (شرح شفا ج۱ ص۲)	یعنی حضور کے شمائل میں کتاب شفاء جامع اور مجمل تصنیف ہے۔ مجمل اس لئے کہ مکمل شمائل تک پہنچنا غیر ممکن ہے۔

نیز علامہ قاری حنفی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

وَلِذَا قَالَ بَعْضُ الْعَارِفِيْنَ الْخَلْقُ عَرَفُوا اللّٰهَ تَعَالٰى وَمَا عَرَفُوْا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (شرح شفا علی ہامش نسیم ج۱ ص۵۹)	بعض عارفوں نے فرمایا کہ مخلوق نے اللہ کو تو پہچان لیا۔ لیکن حضور کو نہ پہچان سکے۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

نیز علامہ علی قاری حنفی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

اَكْثَرُ النَّاسِ عَرَفُوا اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ وَمَا عَرَفُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ	اکثر لوگوں نے اللہ تبارک تعالیٰ کو تو پہچان لیا۔ لیکن حضور کو نہ پہچانا

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَنَّ حِجَابَ الْبَشَرِيَّةِ عَلٰى اَبْصَارِهِمْ

(شرح شمائل ترمذی للقاری ج۱ ص۹)

صلی اللہ علیہ وسلم اس لئے بشریت کے پردے نے ان کی آنکھوں کو ڈھانپ لیا

نیز حضرت ملا علی قاری فرماتے ہیں۔

هٰذَا اِنَّهٗ لِنَوْعٍ مِّنْ كَرَامَاتِهٖ هُوَ مَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ مَعَ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالْجِنِّ) بَابٌ وَاسِعٌ لَا يُمْكِنُ اسْتِقْصَاؤُهٗ وَلَا يُتَصَوَّرُ اسْتِيْعَابُهٗ۔

(شرح شفا للقاری علی ہامش نسیم الریاض ج۳ ص۲۵۶)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معجزات کا باب اس قدر فراخ ہے کہ اس کی تہ کو پانا ممکن نہیں اور اس کا استیعاب متصور نہیں۔

(وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا) حَيْثُ اَنْعَمَ عَلَيْكَ اِنْعَامًا جَسِيْمًا (حَارَتِ الْعُقُوْلُ) اَيْ دَهِشَتْ وَتَرَدَّدَتْ (فِيْ تَقْدِيْرِ فَضْلِهٖ عَلَيْهِ) اَيْ فِيْ تَقْرِيْرِ اِنْعَامِهٖ لَدَيْهِ وَتَصْوِيْرِ اِحْسَانِهٖ اِلَيْهِ (وَخَرِسَتِ الْاَلْسُنُ) بِكَسْرِ الرَّاءِ اَيْ سَكَتَتْ وَكَلَّتِ الْاَلْسِنَةُ (دُوْنَ وَصْفِ

اے حبیب تم پہ اللہ کا فضل عظیم ہے (قرآن شریف) اس طرح کہ آپ پہ بہت انعام کیا عقلیں اس فضل کے اندازہ لگانے میں دہشت اور تردد میں پڑ کر حیران ہیں یعنی ان کے اُس علم کی تقریر میں اور ان کی طرف احسان کے تصور میں زبانیں خاموش ہیں اور گنگ ہیں۔ ان کے فضل کے احاطہ سے پہلے پہلے۔ یعنی اللہ تعالیٰ

یُحِیْطُ بِذٰلِكَ) اَیْ عَجَزَتْ عَنْ
اَنْ تَنْطِقَ بِمَا یُحْصٰی مِمَّا مَنَّ
اللّٰهُ عَلَیْهِ اَوْ یَنْتَهِیْ اِلَیْهِ) اَیْ
دُوْنَ نَعْتٍ یَخُصُّهُ لِنَبِیِّهٖ
لِاَنَّهُ مَظْهَرُ الْاِسْمِ الْاَعْظَمِ
وَاللّٰهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ
(شرح شفاء للقاری ص ۴۲۸ ج ۲)

نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر احسان جو
کیئے، ان کے بیان کرنے سے عاجز ہیں کہ
اور وہ زبانیں اس سے بھی عاجز ہیں
اس فضل کے حصر کے قبل تک پہنچیں کیونکہ
حضور اسم اعظم کے مظہر ہیں اور اللہ تعالیٰ خوب
جاننے والا ہے (پھر جو محاط ہو وہ اعظم کا
مظہر کیسے ہوگا۔ بلکہ اعظم تو وہی ہوگا جو
محیط ہے

حضرت ملا علی قاری حنفی حضرت براء بن عازب کی حدیث کی تشریح کرتے رقم طراز ہیں

مَا رَاَیْتُ شَیْئًا اَیْ الْمَخْلُوْقَاتِ قَطُّ
اَحْسَنَ مِنْهُ یَحْتَمِلُ الْاِسْتِیْنَافَ
لِبَیَانِ اِجْمَالِ جَمَالِهٖ لِتَعَذُّرِ
تَفْصِیْلِ اَحْوَالِ کَمَالِهٖ وَحَاصِلُهُ
مَا رَاَیْتُ شَیْئًا قَطُّ کَانَ مِثْلَ حُسْنِهٖ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَلْ هُوَ
کَانَ اَحْسَنَ مِنْ کُلِّ حَسَنٍ ... قَدْ
بَالَغَ الصَّحَابِیُّ حَیْثُ قَالَ مَا
رَاَیْتُ شَیْئًا دُوْنَ اَنْ یَقُوْلَ مَا
رَاَیْتُ اِنْسَانًا لِیُفِیْدَ التَّعْمِیْمَ
حَتّٰی یَتَنَاوَلَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ قَالَ

میں نے مخلوقات میں سے کسی چیز کو حضور
سے زیادہ حسین نہ دیکھا اور اس عبارت
میں استیناف کا بھی احتمال ہے کیونکہ احوال کمال
کی تفصیل سے عاجز ہے یہ جمال کا اجمالی
بیان ہو۔ صحابی کے اس قول کا خلاصہ
یہ ہے کہ میں نے کوئی ایسی چیز نہ دیکھی
کہ جس کا حسن حضور کے حسن کا مثل ہو بلکہ
حضور ہر حسین سے احسن ہیں۔ صحابی نے
حضور کی تعریف میں مبالغہ کیا وہ اس
طرح کہ کہا میں نے کسی چیز کو نہ دیکھا یہ
نہ کہا کہ میں نے کسی انسان کو نہ دیکھا تاکہ

الْعِصَامُ وَهٰذَا مِنْ اِظْهَارِ جَمَالِهٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاِبْرَازِ کَمَالِ اِیْمَانِہٖ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ لِاَنَّ ھٰذَا نَوْعُ کَمَالِ مَحَبَّتِہٖ الخ

(جمع الوسائل ص ۱۸، ۱۹ ج ۱)

عموم کا فائدہ ہو۔ یہاں تک کہ چاند اور سورج کو بھی شامل ہو۔ عصام نے فرمایا کہ صحابی کے اس قول میں اظہارِ جمال محمدی کے ساتھ ساتھ اس صحابی کے کمال ایمان کا اظہار بھی ہے کیونکہ ایسی مبالغہ سے تعریف کرنی کمال محبت کی نشانی ہے۔

حضرت ملا علی قاری فرماتے ہیں۔

اِعْلَمْ اَنَّ تَفْصِیْلَ فَضَائِلِہٖ وَتَحْصِیْلَ شَمَائِلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَشَرَفٍ وَکَرَمٍ مِمَّا لَا یُحَدُّ وَلَا یُحْصٰی بَلْ وَلَا یُمْکِنُ اَنْ یُّعَدَّ وَیُسْتَقْصٰی۔

(مرقات شرح مشکوٰۃ ص ۳۵ ج ۵)

اس بات کا یقین کر کہ حضورؐ کے فضائل کی تفصیل اور شمائل کی تحصیل اور شرف وکرم کی تشریح ان چیزوں سے ہے جن کی حد نہیں اور جن کا شمار نہیں بلکہ یہ ممکن بھی نہیں کہ ان کا شمار ہو سکے یا ان کی تہ تک رسائی ہو

نیز مولانا علی قاری حنفی فرماتے ہیں۔

فَاِنَّ فَضَائِلَہٗ غَیْرُ مُنْحَصِرَۃٍ

بے شک حضورؐ کے فضائل بے حد ہیں

(مرقات ص ۵۶۱ ج ۵)

امام محدث محمد عبد الرؤف مناوی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

وَلَمَّا اجْتَمَعَ فِیْہِ مِنْ خِصَالِ الْکَمَالِ وَصِفَاتِ الْجَلَالِ وَالْجَمَالِ

اور جب خصال کمال اور صفات جلال وجمال اس قدر حضورؐ میں

مَا لَا یُحْصُرُہٗ حَدٌّ وَلَا یُحِیْطُ بِہٖ عَدٌّ اثْنٰی اللّٰہُ عَلَیْہِ بِہٖ فِیْ کِتَابِہٖ بِقَوْلِہٖ (وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ الخ) فیض القدیر ج ۵ ص ۱۷	ہیں کہ جن کی حد نہیں اور نہ ان کا احاطہ ہو سکتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں ان الفاظ سے حضور کی تعریف فرمائی کہ وانک لعلی خلق عظیم۔ اور بیشک تم اخلاق (حسنہ) عظیمہ (غیر متناہیہ) کے مالک ہو
نیز امام مناوی فرماتے ہیں لِاَنَّہٗ تَخَلَّقَ بِصِفَاتِ اللّٰہِ تَعَالٰی (فیض القدیر ج ۵ ص ۱۷)	(اس وجہ سے بھی حضور کے صفات کا شمار نہیں ہو سکتا) کہ بیشک حضور صفات خداوندی سے موصوف ہیں

امام مناوی حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کے ماتحت فرماتے ہیں۔

وَمَا رَاَیْتُ شَیْئًا اَیْ اَحَدًا وَعَبَّرَ عَنْہُ بِالشَّیْئِ مُنْکَرًا مُبَالَغَۃً فِی التَّعْمِیْمِ التَّاکِیْدِ وَقَالَ شَیْئًا دُوْنَ اِنْسَانًا لِیَشْمَلَ غَیْرَ الْبَشَرِ کَالشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَعَبَّرَ بِقَطُّ اِشَارَۃً اِلٰی اَنَّہٗ کَانَ کَذٰلِکَ مِنَ الْمَھْدِ اِلَی اللَّحْدِ وَفِیْ ھٰذِہِ الْمُبَالَغَۃِ	حضرت براء (احدًا) کی بجائے (شیئًا منکرہ) لائے۔ تعلیم و تاکید میں مبالغہ کرتے ہوئے۔ کہ میں نے بالکل کسی چیز کو حضور سے زیادہ حسین نہ دیکھا، اور (شیئًا) فرمایا (انسانًا) نہ فرمایا، تاکہ غیر بشر کو بھی شامل ہو جائے جیسے سورج، چاند، اور اس کو قطّ سے تعبیر کیا، اس بات کی طرف اشارہ

مَعَ اِظْهَارِ جَمَالِ الْمُصْطَفٰے اِبْرَازُ	کرنے کو کہ آپ عہد سے لے کر لحد تک
كَمَالِ اِيْمَانِهٖ بِهٖ لِاَنَّ هٰذَا	ایسے ہی تھے۔ اور اس مبالغہ امیز جملہ
نَوْعٌ كَمَالِ الْمَحَبَّةِ الْحَاصِلَةِ	اظہار جمال مصطفوی کے ساتھ ساتھ
مِنْ اِدْرَاكِ الْحَوَاسِ الْبَاطِنَةِ	اظہار کمال ایمان صحابی بھی ہے کیونکہ
وَهُوَ يُدْرِكُ الْاِنْسَانُ مِنْ مَعْنٰى	اس طرح بولنا کمال محبت کی شاخ ہے
مَقَامِ النُّبُوَّةِ وَالرِّسَالَةِ	جو حواس باطنہ کے ادراک سے حاصل
وَمَا قَامَ بِالْمُخْتَصِّ بِهِمَا مِنَ	ہوتی ہے۔ اور وہ ہے جس کو انسان
الْعُلُوْمِ الْمَعَارِفِ وَالرِّيَاضَاتِ	مقام نبوت اور رسالت کے معنی سے
وَالْمُعْجِزَاتِ وَالْكَرَامَاتِ وَحُسْنِ	ادراک کرتا ہے اور ان چیزوں کے
الْاَخْلَاقِ وَالسِّيَاسَاتِ فَاِذَا	ادراک سے جو اس مقام نبوت اور
تَأَمَّلَ الْاِنْسَانُ ذٰلِكَ امْتَلَأَ	رسالت سے مختص ہیں۔ جیسے علوم
قَلْبُهٗ حُبًّا لِاَوْصَافِهِ الْبَاطِنَةِ	معارف، ریاضات، معجزات، کرامات
وَالظَّاهِرَةِ	حسن اخلاق، اور سیاسات۔ جب انسان
(شرح شمائل للمناوی علی ہامش جمع الوسائل صفحہ ۱۸ ج ۱)	ان چیزوں میں تامل اور تفکر کرتا ہے تو

اس کا دل ان اوصاف باطنہ اور ظاہرہ کی وجہ سے محبت سے لبریز ہو جاتا ہے۔

نیز امام مناوی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

وَمَا يَتَعَيَّنُ عَلٰى كُلِّ مُكَلَّفٍ اَنْ	اور ان ضروری مسائل سے جو مکلف
يَّعْتَقِدَ اَنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ	پہ لازم ہوتے ہیں۔ ایک ضروری اور
اَوْجَدَ خَلْقَ بَدَنِ النَّبِيِّ بِوَصْفٍ	لازمی مسئلہ یہ بھی ہے کہ مسلمان یہ اعتقاد

عَلٰی وَجْہٍ لَمْ یَظْھَرْ قَبْلَہٗ وَلَا بَعْدَہٗ مِثْلُہٗ فِیْ آدَمِیٍّ وَسِرُّ ذٰلِکَ مَا سَبَقَ اَنَّ مَحَاسِنَ الذَّاتِ دَلِیْلٌ عَلٰی مَا یَکْمُنُ فِیْھَا مِنْ بَدَائِعِ الْاَخْلَاقِ وَجَلَائِلِ الصِّفَاتِ وَالْمُصْطَفٰی بَلَغَ الْغَایَۃَ الَّتِیْ لَمْ یَرْتَقِیْ فِیْ کُلٍّ مِّنْ ذٰیْنِکَ (شرح شمائل للمناوی ج ۱ ص ۲۳)

رکھے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور کے بدن شریف کی خلقت کو اس طرح بنایا کہ حضور سے پہلے اور بعد میں کسی آدمی کی خلقت اس طرح نہ ہوئی اور اسکا راز وہ ہے جو گذرا کہ محاسن ذات اندرونی اخلاق عجیبہ اور صفات جلیلہ پر دال ہوتے ہیں۔ اور حضور ان دونوں (ظاہری باطنی) کمالوں میں ایسے مقام پہنچے کہ اس سے اوپر ترقی کا نام ونشان نہیں۔

نیز امام محمد عبدالرؤف مناوی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اس جملہ (یقول لم ار قبلہ ولا بعدہ مثلہ) کی تشریح کرتے ہیں۔

وَالْمَعْنٰی مَنْ اَرَادَ اَنْ یَصِفَہٗ وَصْفًا تَامًّا بَالِغًا فَیَعْجِزُ عَنْ وَصْفِہٖ فَیَقُوْلُ (لَمْ اَرَ قَبْلَہٗ وَلَا بَعْدَہٗ مِثْلَہٗ) مَنْ یُّسَاوِیْہِ سِیْرَۃً وَّصُوْرَۃً خَلْقًا وَّخُلُقًا (شرح شمائل ج ۱ ص ۲۸، ۲۹)

اور اس کا معنی اور مطلب یہ ہے کہ جو شخص حضور کے مکمل اور وصف تمام کے بیان کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو آخر عاجز آکر یہی کہتا ہے کہ حضور سے پہلے اور حضور کے بعد میں نے کوئی ایسا نہ دیکھا جو سیرت اور صورت خلق اور خُلق میں حضور کے مثل اور برابر ہو۔

امام مناوی فرماتے ہیں۔

لَا یَقْدِرُ اَحَدٌ عَلٰی وَصْفِہٖ حَقِیْقَۃً — کوئی حضورؐ کے وصف پہ قادر نہیں

کچھ آگے فرماتے ہیں

اِنَّ ھِنْدَ اِنَّمَا وَصَفَہٗ عَلٰی جِھَۃِ التَّمْثِیْلِ تَقْرِیْبًا لِلطَّالِبِ وَاِلَّا فَکُلُّ وَصْفٍ یُعَبِّرُ بِہِ الْوَاصِفُ فِیْ حَقِّہٖ خَارِجٌ عَنْ صِفَتِہٖ وَلَا یَعْلَمُ کَمَالَ حَالِہٖ اِلَّا خَالِقُہٗ (شرح شمائل للمناوی ج۱ ص۳۳)

صحابی ہند نے جو حضور کا وصف بیان کیا یہ بصورت تمثیل ہے۔ طالب کے ذہن کی طرف نقشہ کو قریب کرنے کے لئے ورنہ جو وصف بھی واصف حضورؐ کے حق میں بیان کرے وہ حقیقتاً انکی صفت سے خارج ہیں۔ اور حضورؐ کا کمال حال خالق تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

امام مناوی حضرت زید رضی اللہ عنہ کے اس جملہ فَقَالَ مَا اُحَدِّثُکُمْ کے ماتحت فرماتے ہیں جو انہوں نے حضورؐ کے شمائل و فضائل کے پوچھنے والے کے جواب میں کہا تھا۔

فَاِنَّ شَمَائِلَہٗ لَا یُحَاطُ بِھَا وَاِنِ انْتَھٰی بِھَا الْمُحَدِّثُ اِلٰی اَقْصَی الْغَایَۃِ … فَکُلُّ غُلُوٍّ فِیْ حَقِّہٖ تَقْصِیْرٌ فَلَا یُمْکِنُ اَحَدٌ الْاِحَاطَۃَ بِھَا

بیشک حضورؐ کے شمائل کا احاطہ نہیں ہو سکتا۔ اگرچہ محدث کتنا انتہا کو کیوں نہ پہنچے پس ہر غلو حضورؐ کے حق میں تقصیر ہے (وہ غلو درحقیقت غلو نہیں بلکہ کمی ہے۔ مقام سید عالم

بَلْ وَلَا بِبَعْضِهِمَا مِنْ حَیْثُ الْحَقِیْقَۃِ وَالْکَمَالِ فَافَادَھُمْ بِھٰذَا التَّعَجُّبِ مَا وَقَعَ فِیْ خَاطِرِ ھِمْ مِنْ طَلَبِ الْاِحَاطَۃِ بِھَا (شرح شمائل للمناوی ج ۲ ص ۱۱۱۵م)

اس سے برتر اور بلند و اعلیٰ ہے، تو حضور کے کل شمائل اور فضائل کا احاطہ کسی کے لئے ممکن نہیں۔ بلکہ حقیقتاً بعض کا احاطہ بھی ممکن نہیں تو حضرت زید نے سالکین کے دلی خیال احاطہ اوصاف سید عالم پر تعجب کا اظہار کیا۔

عارف امام ربانی عبدالوہاب شعرانی (متوفی ۹۷۳ھ) رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

وَبِالْجُمْلَۃِ فَاَوْصَافُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْحَسَنَۃُ لَا تُحْصٰی وَلَا تُحْصَرُ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۵۱،۵۲)

اور خلاصہ کلام یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف حسنہ شمار اور حصر سے خارج ہیں۔

نیز امام شعرانی فرماتے ہیں۔

اِعْلَمْ اِنَّ جَمِیْعَ الْکَرَامَاتِ وَالْخَصَائِصِ الْوَاقِعَۃِ فِیْ ھٰذَا الْعَالَمِ مِنْ مُنْذُ خَلَقَ اللّٰہُ تَعَالٰی الدُّنْیَا لِنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِحُکْمِ الْاَصَالَۃِ وَاِنْ وَقَعَ شَیْئٌ مِنْھَا لِخَوَاصِّ الْخَلْقِ فَذٰلِکَ بِحُکْمِ

اس بات پر یقین رکھ کہ اس عالم میں واقع ہونے والی تمام کرامات اور خصائص جب سے اللہ تعالیٰ نے دنیا کو پیدا کیا ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بحکم اصالت ثابت ہیں۔ اور ان میں سے جو کچھ خواص خلق واقع ہوا تو یہ حضور کی وراثت میں

التبعیۃ فی الادث لہ صلی اللہ علیہ وسلم (کشف الغمہ ج ۲ ص ۱۳۱، جواہر البحار ج ۲ ص ۵۳)	بحکم تابعداری ان کو ملا۔

نیز امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

ثم اعلم ان کل ما مال الی لتعظیم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا ینبغی لاحد البحث فیہ ولا المطالبۃ بدلیل خاص فیہ فان ذلک سوء ادب فقل ماشئت فی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی سبیل المدح لاحرج (کشف الغمہ ج ۲ ص ۱۳۱ و جواہر البحار ج ۲ ص ۵۳)	پھر اس بات پر یقین رکھ کہ ہر قول، فعل تقریر، تحریر) وہ چیز جو حضور کی تعظیم کی طرف مائل ہو کسی کو لائق نہیں کہ اس میں بحث کرے اور نہ یہ لائق ہے کہ اس جزئیہ پہ دلیل خاص کا مطالبہ کرے کیونکہ یہ بلاشک وشبہ بے ادبی ہے تو جو جی چاہے حضور کے حق میں بطریق مدح بیان کر۔ اس میں کسی قسم کا حرج نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ جمیع محبیہ خصوصاً علی الشعرانی وامثالہا نی وسلم۔

نوٹ:۔ یہی عبارت میری اس تالیف کا نقش اول اور سنگ بنیاد اور محرک ہے ہر مسلمان اس کو ہر وقت پیش نظر رکھے۔ مولیٰ عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

علامہ نبہانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

فحقیقۃ فضلہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یدرکہا انسان و حسبک انہ صلی اللہ علیہ وسلم	کوئی انسان حضور کے فضل کی حقیقت کا ادراک نہیں کر سکتا۔ تجھے اس قدر کافی ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کے محبوب ہیں اور تمام مخلوق

حبیب الرحمن ونتیجۃ جمیع الاکوان فکل فی حقہ ھو عبد اللہ ورسولہ ثم لا حرج علیک مہما بالغت فلن تبلغ ما یجب لہ علیہ الصلوٰۃ والسلام من الاوصاف الحسان ویرحم اللہ الامام الابوصیری حیث یقول ؎ دع ما ادعتہ (الی) فان فضل رسول اللہ علیہ وسلم الاشعار الثلاثۃ من البردۃ (جواہر البحار جلد ۳ صفحہ ۱)

کا نتیجہ ہیں تو حضور کے حق میں عبد اللہ اور رسول اللہ کے کہنے کے بعد جب بھی جتنا مبالغہ کرے تو تیرے پہ کوئی الزام نہیں کیونکہ تو ہرگز ان اوصافِ حسان تک نہ پہنچے گا. جو حضور کے لئے ثابت ہیں اللہ تعالیٰ امام ابوصیری پہ رحم کرے کیا خوب فرمایا۔

دع ما ادعتہ

سے ۔ تین شعر قصیدہ بردہ والے جو پہلے گذر چکے ہیں۔

نیز شیخ نبھانی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

الذی لیس فوقہ فی الکمال الا اللہ فمہما کانت نعمی لا تخرج عن کونہا من جملۃ مقدورات رب العلمین (جواہر البحار جلد ۱ صفحہ ۲۳)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایسی ذات ہیں کہ ان سے اوپر کمال میں اللہ تعالیٰ ہی ہے. جب یہ بات ہے تو جو کمال بھی حضور کیلئے ثابت کریں وہ رب العلمین کے مقدورات سے خارج نہ ہوگا

امام ابوالحسن ماوردی ۴۵۰ھ حضور کے اخلاق کے متعلق فرماتے ہیں کہ۔

لم تنذر فتحد ولم تحص

وہ قلیل نہیں جو گنے جائیں اور ان کا

نتعد (جواہر البحار ص۹۶ ج۱)	حصر نہ ہوا جو حد لگائے جائیں (یعنی بیشمار اور بے حد ہیں)

نیز امام ابوالحسن ماوردی (متوفی ۴۵۰ھ) حضورؐ کے اقوالی درر و جواہر کے متعلق فرماتے ہیں۔

ولا یاتی علیہ احصاء ولا یبلغہ استقصاء (جواہر البحار ص۱۰۱ ج۱)	نہ ان پہ احصائے شمار آتی ہے اور نہ ان تک انتہا پہنچتی ہے (یعنی نہ انکی انتہا ہے
نیز امام ماوردی فرماتے ہیں	
ھیہات ھیہات ھل یدرک شاو من ھذہ شئ ودون فضائلہ ویسیر من محاسنہ التی لا یحصی لہا عدد ولا یدرک لہا امد۔ (جواہر البحار ص۱۰۳ ج۱)	افسوس افسوس کتنا دوری ہے کیا حضورؐ کے کمالات میں سے کسی کی غایت کا ادراک کیا جا سکتا ہے اور آپ کے ان فضائل میں سے بعض چھوٹے موتیوں اور ان محاسن میں سے کچھ کا ادراک ہو سکتا ہے کہ جن کے عدد کا احصا نہیں اور جن کی غایت کا ادراک نہیں

شیخ اکبر محی الدین ابن عربی (متوفی ۶۳۸ھ) فتوحات شریف میں فرماتے ہیں

فعاین مالا یقدر الخلق قدرہ وایدہ الرحمن بالعروۃ الوثقی (لیلۃ المعراج جواہر البحار ص۱۴۳ ج۱)	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج وہ دیکھا کہ مخلوق اس کے اندازہ لگانے پہ قادر نہیں اور اللہ تعالی نے نے ان کی عروۃ وثقی سے تائید کی

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ایسے ہیں کہ نہ پانے والا ان کو پا سکتا ہے اور نہ لاحق ہونے والا انہیں لاحق ہو سکتا ہے۔ حضور کی وصف بیان کی اس طرح کہ موجوات سے کوئی حضور کو نہیں جانتا سوائے اللہ تعالیٰ کے اسی بارہ میں بعض عارفوں نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قدر

لے الکورۃ البلد ۱۲ ن ۲ے الاللحق، مصحح ۱۲

و منزلت کو سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی نے نہ پہچانا۔

قطب عارف تجانی فاسی رحمہ اللہ تعالے فرماتے ہیں

واما مقام سرہ صلی اللہ علیہ وسلم فلا مطمع لاحد فی درکہ والفرق بین مقام سرہ وروحہ وعقلہ وقلبہ ونفسہ فاما مقام سرہ صلی اللہ علیہ وسلم فہی الحقیقۃ المحمدیۃ التی ہی محض النور الالٰہی التی عجزت العقول والادرکات من کل مخلوق من الخاصۃ العلیا عن ادراکہا وفہمہا ہذا معنی سرہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم البست ہذہ الحقیقۃ المحمدیۃ لباسًا من الانوار الالہیۃ واحتجبت بہا عن الوجود فسمیت روحا ثم تنزلت بلباس آخر من الانوار الالہیۃ فکانت

اور حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے مقام سر کو پانا کسی کے بس کی بات نہیں حضور کے مقام سر مقام روح، مقام عقل مقام قلب مقام نفس ہیں فرق یہ ہے کہ مقام سر تو حقیقت محمدیہ ہے جو محض نور الٰہی ہے۔ ہر مخلوق سے خاص خاص کے بھی عقول وادراک اس کے پانے اور سمجھنے سے عاجز ہیں۔ یہ معنی ہے حضور کے سر کا۔ پھر یہ حقیقت محمدیہ انوار الہیہ کے لباس سے ملبوس ہو کے وجود سے محجوب ہو گئی تو اس کا نام روح رکھا گیا۔ پھر اور انوار الہیہ کے لباس سے ملبوس ہو کے اس نے تنزل کیا[۱] اور اسی سبب محجوب ہو گئی تو اس کا نام قلب ہوا پھر اور لباس انوار الہیہ سے اس نے تنزل کیا اور اس وجہ سے محجوب ہو گئی تو اس

[۱] تو اس وجہ سے اس کا نام عقل ہوا۔ پھر اور انوار الہیہ کے لباس سے اس نے تنزل کیا۔

بسبب ذلك تسمی عقلاً ثم تنزلت — سبب سے اس کا نام نفس ہوا۔
بلباس من الانوار الجبیۃ اخریٰ واحتجبت بہ فسمیت بذلک قلبا
ثم تنزلت بلباس من الانوار الالھیۃ واحتجبت بہ فکانت
بسبب ذلک نفسا۔ (تنبیہ شریف)

اعلم انہ لما خلق اللہ الحقیقۃ المحمدیۃ اودع فیہا سبحانہ وتعالی جمیع ما قسمہ لخلقہ من فیوض العلوم والمعارف والاسرار التجلیات والانوار والحقائق بجمیع احکامہا ومقتضیاتہا ولوازمہا ثم ھو صلی اللہ علیہ وسلم الی الآن یترقی فی شھود الکمالات الالھیۃ مما لا مطمع لغیرہ ولا تنقضی تلک الکمالات لطول الآباد (جواہر البحار ص ۶۵ ج ۳)

جان لے کہ جب اللہ تعالیٰ نے حقیقت محمدیہ کو پیدا کیا تو اس میں وہ تمام چیزیں ودیعت رکھیں جو اپنی مخلوق میں تقسیم کی ہیں۔ جیسے علوم، معارف اسرار، تجلیات انوار، حقائق کے فیوضات بمع، ان کے جمیع احکامات مقتضیات اور لوازمات کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم اب تک کمالات الٰہیہ کے شہود میں ترقی کر رہے ہیں جس میں غیر کیلئے کوئی طمع نہیں۔ اور نہ طول مدت سے یہ کمالات ختم ہونے والے ہیں۔

نیز فرماتے ہیں۔

ثم انہا فی نفسہا ای الحقیقۃ الاحمدیۃ غیب من اعظم غیوب اللہ تعالی فلم یطلع احد

پھر بے شک حقیقت محمدیہ فی نفسہا ایک غیب ہے اعظم غیوب اللہ سے تو اس حقیقت میں جو معارف اور علوم

علی ما فیہا من المعارف العلوم والاسرار والفیوضات و التجلیات والمنح والمواہب والاحوال العلیۃ والاخلاق الزکیۃ فما ذاق منہا احد شیئا ولا جمیع الرسل والنبیین (جواہر البحار ص ۶۵، ۶۶ ج ۳)	واسرار اور فیوضات، تجلیات عطائیں بخششیں اور احوال علیہ اور پاکیزہ اخلاق ہیں۔ ان پہ کوئی مطلع نہیں۔ اور نہ اس سے کسی نے کسی چیز کو چکھا۔ اور نہ تمام رسولوں اور نبیوں نے۔

قطب تجانی فاسی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

فھو عند ربہ صلی اللہ علیہ وسلم فی غایۃ لا یمکن وصول غیرہ الیہا ولا یطلب معہا من غیرہ زیادۃ او افادۃ.. یشہد لذلک قولہ سبحانہ وتعالیٰ ولسوف یعطیک ربک فترضی وھذا العطاء وان ورد من الحق بھذہ الصفۃ السہلۃ المآخذ القریبۃ المتعدد فان لہا غایۃ لا تدرک العقول اصغرھا فضلا عن الغایۃ	حضور علیہ الصلوٰۃ اپنے رب کے ہاں ایسے مقام پہ جلوہ گر ہیں کہ کسی غیر کا اس کی طرف پہنچنا ناممکن ہے۔ اس کے ہوتے ہوئے غیر سے زیادتی اور افادہ کا سوال نہیں کیا جا سکتا۔ اس پہ اللہ تعالیٰ کا یہ قول گواہی دیتا ہے (ولسوف یعطیک ربک فترضی) اللہ تعالیٰ عنقریب تم کو اتنا دے گا کہ تم راضی ہو جاؤ گے اور یہ عطا اگرچہ حق تعالیٰ کی طرف سے اس صفت سہلہ قریبہ قویہ کے انداز میں وارد ہوئی ہے تو یہ تنگ اس کے

التی ھی اکبرھا فان الحق سبحانہ وتعالی یعطیہ من فضلہ علی قدر سعۃ ربوبیتہ ویفیض علی مرتبتہ صلی اللہ علیہ وسلم علی قدر حظوتہ ومکانتہ عندہ وماظنک بعطاء یرد من مرتبۃ لاغایۃ لہا وعظمۃ ذلک العطاء علی قدر تلک المرتبۃ ثم یرد علی مرتبۃ لاغایۃ لہا ایضا وعظمتہ علی قدر وسعہا ایضا فکیف یقدر ھذا العطاء وکیف تحمل العقول سعتہ ولذا قال سبحانہ وتعالی وکان فضل اللہ علیک عظیما۔

(جواہر البحار ج ۲ ص ۲۷)

لیے بھی غایت ہے کہ عقول اس کے اصغر کا بھی ادراک نہیں کر سکتے چہ جائیکہ اس کی غایت کا جو اکبر ہے اس کا ادراک کرسکیں کیونکہ اللہ تعالٰی اپنے فضل سے اپنے حبیب کو اپنی ربوبیت کی فراخی کی مقدار پہ عطا کرے گا اور حضور کے مرتبہ پہ فیضان حضور کی قدر و منزلت کے اندازہ پہ کرے گا۔ تیرا اس عطا پہ کیا گمان ہے۔ جو ایسے مرتبہ سے وارد ہو جس کی کوئی غایت نہیں اور اس عطا کی عظمت اس مرتبہ کے مقدار پہ ہے۔ پھر وارد بھی ایسے مرتبہ پہ ہو کہ جس کی غایت نہیں اور اس کی عظمت اس کی وسعت کے مقدار پہ ہے تو اب اس عطا کا کیسے اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ عقلیں اس کی فراخی کی کیسے متحمل ہوں۔ اسی لیے اللہ تعالٰی نے فرمایا "اے حبیب، اللہ تعالٰی کا آپ پہ بہت بڑا فضل ہے"

شیخ نورالدین ابن الجزار رحمۃ اللہ تعالٰی فرماتے ہیں

ومن اراد استقصاء افعال

اور جو شخص حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام

النبی صلی اللہ علیہ وسلم و
اقوالہ واحوالہ وکمالاتہ
ومعجزاتہ وجعل البحر لہ مدادًا
والاشجار اقلاما وامدہ اللہ
بعمر بحیث یفنی الاقلام والمداد
لفنیا ولم یبلغ ذلک لان فضل
اللہ تعالیٰ واسع ومواھبہ
جزیلۃ وقد اسبغ علی نبیہ
من ھما مالا عین رات ولا
اذن سمعت ولا خطر علی قلب
بشر۔ (جواہر البحار ص۹۳ ج۳)

کے افعال، اقوال، احوال، کمالات
معجزات کے حصر وشمار کا ارادہ کرے
اور ان کے لئے سمندر کو سیاہی کرے
اور درختوں کو قلمیں۔ اور اللہ تعالےٰ
اس کو اتنی لمبی عمر عطا فرماوے کہ فضائل
سید عالم کے احاطہ میں قلمیں اور سیاہی
ختم ہو جائے تو یہ دونوں ختم ہو جائیں
گی۔ لیکن آپ کے فضائل کا احاطہ نہ
ہو سکے گا۔ کیونکہ اللہ تعالےٰ کا فضل
وسیع ہے۔ اور اس کے عطیات بہت ہیں اور
اللہ نے ان دونوں (فضل مواہب)
سے اپنے نبی کو اتنا عطا فرمایا کہ نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا
اور نہ کسی بشر کے دل میں اس کا خیال گذرا۔

امام بدرالدین حسن بن عمر بن حبیب حلبی (متوفی ۷۷۹ھ) فرماتے ہیں۔

یا راغبا فی حصر فضل محمد صلی اللہ علیہ وسلم ؎
خفض علیک ففضلہ لا یحصر ؎
ان تلت مثل الرمل او مثل الحصا ؎
او مثل قطر الغیث قلنا اکثر ؎
(جواہر البحار ص۹۹ ج۳)

اے فضل سید عالم کے حصر وشمار میں
رغبت رکھنے والا اپنے پہ آسانی ونرمی
کر کیونکہ حضور کے فضائل کا شمار نہیں
ہو سکتا۔ اگر تو کہے کہ ریت کے ذروں
کے برابر یا سنگریزوں کے برابر یا بارش

کے قطرات کے برابر ہم کہیں گے آپ کے فضائل اس سے بھی زیادہ ہیں۔

نیز وہی امام بدر الدین فرماتے ہیں۔

واحسن (الله تعالیٰ) مخاطبتہ فی سورۃ نون ووعدہ فیہا باجر غیر ممنوع ولا ممنون واثنی علیہ ثناء یجل ان یحملہ رسول النسیم۔ وبالغ فی التمجید والتاکید۔ بقولہ تعالیٰ (وانک لعلی خلق عظیم) (جواہر البحار ج ۱ ص ۳۶)

اللہ تعالےٰ نے سورہ نون میں حضور سے بہترین باتیں کیں۔ اور اسی میں حضور سے اجر غیر منقطع کا وعدہ کیا۔ اور حضور کی ایسی تعریف کی کہ نسیم کا قاصد اسے نہیں اٹھا سکتا۔ اور اللہ تعالےٰ نے حضور کی بزرگی بیان کرنے اور تاکید کرنے میں اپنے اس قول (وانک لعلی خلق عظیم) سے مبالغہ کیا۔

نیز وہی امام فرماتے ہیں۔

لا یحصی الخاطر اوصافہا ولو اثار الفکر تلہیبہ وکیف لا والله ذو العرش اذ ادبہ احسن تادیبہ تفصیل تفضیلہ لا ینتھی ابدا یا اذا الولاء فخذ اوصافہ جملۃ (جواہر البحار ص ۱۰۵ ج ۳)

دل ان کے اوصاف کا حصر نہیں کر سکتا۔ اگرچہ فکر اس کو روشن کرنا اختیار کرے۔ اور حصر کیسے ہو سکے۔ حالانکہ اللہ تعالےٰ نے آپ کو بہترین ادب سکھایا۔ حضور کی فضیلت کی تفصیل کبھی انتہا کو نہ پہنچے گی۔ اے صاحب ولا مجملاً حضور کے اوصاف بیان کر

نیز وہی امام فرماتے ہیں۔

ایا من یروم الحمد من نعت احمد ؛ افق فهو بحر لا تعد جواهره (جواہر البحار ج۳ ص۱۰۷)

اے تعریف احمد کا ارادہ کرنے والا ہوش میں آ۔ وہ ایسا سمندر ہے جس کے جواہر بے شمار ہیں۔

نیز وہی امام فرماتے ہیں۔

واتحفه من نعمه الظاهرة و الباطنة بما لا یحص ولا یحصی (جواہر البحار ج۳ ص۱۱۱)

اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو اتنی ظاہری باطنی نعمتوں کے تحفے دیئے کہ جن کا حصر واحصا نہیں ہو سکتا۔

نیز وہی امام فرماتے ہیں۔

وسما الی رتب هناك یحار فی اوصافها فکر البلیغ الحاذق (جواہر البحار ج۳ ص۱۱۲)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ایسے بلند مرتبوں کی طرف پرواز کر گئے کہ جن کے بیان کرنے میں بلیغ حاذق کا فکر چکرا جاتا ہے

ومن له فضل ایادیه لا تحصی وهل تحصی دراری النجوم (جواہر البحار ج۳ ص۱۱۵)

آپ صاحب فضل کے قوی اور نعمتوں کا شمار نہیں ہو سکتا۔ کیا روشن ستاروں کا شمار ہو سکتا ہے۔

آیات حق حار کل مورخ فی حصرها ومحدث قصاص (جواہر البحار ج۳ ص۱۲۴)

آپ کے معجزات اتنے ہیں کہ ان کے حصر وشمار میں ہر مورخ، محدث، قصاص حیران ہو گیا۔

والاقلام لا تحصی ما له صلی اللہ علیہ وسلم من التفضیل (جواہر البحار ج۳ ص۱۳۱)

قلمیں آپ کی فضیلت کو نہیں بیان کر سکتیں۔

لله ما افضله من رسلا
حاز علو ماحصاها لاينال
طالب حصر الوصف منه انتهى
من ذالذى يحصى الحصى والرمال
(جواہر البحار جلد ۳ ص ۱۳۲)

سبحان اللہ۔ اللہ تعالیٰ نے حضورؐ کو کیسا افضل رسول بنایا کہ آپ اتنے علوم کے جامع ہوئے کہ ان کا حصر نہیں ہو سکتا۔ اے وصف سید دو عالم کے حصر کا طالب رک جا کون ہے جو سنگریزوں اور ریت کے قطرات کا شمار کر سکے۔

وبالجملة فالادلة على
فضله لاتعد ولا تحصى ....
نعم نعم المقفى ليس تحصى
وتلخيص المقالة فيه اجدى
وفضل البحر لم يدرك وصف
وعد الموج منه ليس يحصى
(جواہر البحار ج ۳ ص ۱۳۶)

خلاصہ کلام یہ ہے کہ آپ کی فضیلت کے دلائل بیحد و عد ہیں
جب مقفی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نعمتوں کا شمار نہیں ہو سکتا تو بات کو مختصر کرنا ہی لائق ہے۔ وصف فضل سمندر کا ادراک نہیں کر سکتی اور اس کی موجوں کا شمار نہیں ہو سکتا۔

نیز وہی امام بدرالدین فرماتے ہیں۔

واتبع السلف الصالح فی تعظیمه
بالغ کما بالغوا فی اجلاله وتکریمه
(جواہر البحار ج ۳ ص ۱۴۳)

اے مخاطب حضور کی تعظیم میں سلف صالحین کی تابعداری کر۔ اور تو بھی حضورؐ کی تعظیم و تکریم میں مبالغہ کر جیسے انہوں نے مبالغہ کیا۔

اذقلت فی مدحک ماقلته

جب میں نے یا رسول اللہ آپ کی

وھو قلیل من کثیر جز یل
ناقبلہ منی واملنی بہ
جائزۃ جائزۃ للجمیل
فضلك لا یحصرہ واصف
ان الدرای حصرھا ستجیل
(جواہر البحار ص ۱۴۶ ج ۳)

مدح میں کہا جو کچھ کہا۔ حالانکہ وہ کثیر سے قلیل ہی ہے۔ تو اسے قبول فرما کر جامع جمیل عطیہ فرمائیں وصف بیان کرنے والا آپ کے فضل کا حصر نہیں کر سکتا۔ روشن ستاروں کا حصر ناممکن ہے۔

امام مقری فرماتے ہیں
لیس لمجدہ حد ولا طرف
(جواہر البحار ص ۱۵۰ ج ۳)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بزرگی کی نہ کوئی حد ہے اور نہ کوئی کنارہ۔

ابن تیمیہ لکھتا ہے۔
واختصہ علی اخوانہ المرسلین
بخصائص تفوق التعداد اما
بعد فان اللہ ھدانا بنبیہ
محمد صلی اللہ علیہ وسلم و
اخرجنا بہ من الظلمات الی
النور وآتانا ببرکۃ رسالتہ
ویمن سفارتہ خیر الدنیا والآخرۃ
وکان من ربہ بالمنزلۃ
العلیا التی تقاصرت العقول

سب رسولوں سے اللہ تعالیٰ نے حضور کو ایسے خصائص سے مختص وممتاز کیا جو شمار سے زائد ہیں۔ اور اللہ تعالےٰ نے ہمیں حضور کے طفیل ہدایت عطا فرمائی۔ اور حضور کے صدقہ سے اندھیروں سے نور کی طرف نکالا۔ اور حضور کی رسالت کی برکت اور سفارت کی سعادت کے سبب ہمیں اللہ تعالیٰ نے دنیا و آخرت کی بھلائی عطا کی۔ حضور اپنے رب کے

والالسنة عن معرفتها ونعتها و
صارت غايتها من ذالك بعد
التناهي في العلم والبيان
الرجوع الى عيها وصمتها.

(الصارم المسلول ص۲ جواہر البحار ج۳ ص۱۹۹)

ہاں ایسے بلند مقام پہ فائز ہیں کہ عقول
اور زبانیں اس کی معرفت اور نعت سے
قاصر ہیں۔ علم و بیان میں انتہا تک
پہنچنے کے بعد انجام یہ ہوا کہ خاموشی اور
عجز کی طرف رجوع ہوا۔

نیز ابن تیمیہ نے لکھا۔

اوجب الله من تعزيره وتوقيره
بكل طريق وايثاره بالنفس
والمال في كل موطن وحفظه
وحمايته من كل موذ

(الصارم المسلول ص۲ جواہر البحار ج۳ ص۱۹۹)

ونصرته

ہر طریق سے اللہ تعالیٰ نے حضور کی
تعظیم و تکریم واجب کی ہے۔ اور ہر
جگہ حضور پہ جان و مال قربان کرنا واجب
کیا ہے۔ اور ہر موذی و گستاخ سے آپ کی
حفاظت لازم و ضروری قرار دی ہے

نیز لکھا۔

لانا لنفسك الى ما و نبذل
الاموال في تعزير الرسول وتوقيره
ورفع ذكره واظهار شرفه
وعلو قدره

(الصارم المسلول ص۲ جواہر البحار ج۳ ص۱۹۹)

ہم مسلمان حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام
کی تکریم و تعظیم میں اور آپ کے ذکر کو
بلند کرنے میں اور آپ کے شرف اور بلندی
مرتبہ کو بیان کرنے میں اپنا خون بہاتے
ہیں اور اپنے اموال خرچ کرتے ہیں۔

نیز لکھا۔

ان الله فرض علينا تعزير رسوله

بے شک اللہ تعالیٰ نے ہم پہ حضور کی تعظیم

وتوقیرہ وتعزیرہ ونصرہ ومنعہ وتوقیرہ واجلالہ وتعظیمہ وذلک یوجب صون عرضہ بکل طریق بل ذلک اول درجات التعزیر والتوقیر

(الصارم المسلول۔ جواہر البحار ص۲۴۶ ج۳)

نیز لکھا۔

توقیر، تکریم۔ نصرت۔ رکاوٹ۔ اور اجلال واکرام فرض کیا ہے۔ اور یہ چیز اس بات کو واجب کرتی ہے کہ بہر صورت وبہر طریق حضور کی ناموس وعزت کی حفاظت کی جائے بلکہ یہ تعظیم کے درجات سے اول درجہ ہے۔

فقیام المدحۃ والثناء علیہ والتعظیم والتوقیر لہ قیام الدین کلہ وسقوط ذالک سقوط الدین کلہ۔

(الصارم المسلول جواہر البحار ص۲۴۵ ج۳)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مدح وثنا اور آپ کی تعظیم وتوقیر کے قیام سے تو کل دین کا قیام ہے اور اس مدح وتعظیم نبوی کے سقوط سے کل دین کا سقوط ہے

امام سبکی رحمہ اللہ تعالیٰ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کچھ معجزات ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں

وغیر ذلک من المعجزات والآیات البینات التی لا تعد ولا تحد

(جواہر البحار ص۲۵۱ ج۳)

اور اس کے علاوہ اور بہت سے معجزات ہیں جو بے حد وعد ہیں۔

عارف نابلسی فرماتے ہیں

(لقول ام المومنین) کان خلقہ القرآن وللشیخ الاکبر قدس

حضرت عائشہ کا فرمان ہے کہ حضور کا خلق قرآن ہے شیخ اکبر نے اپنے ابیات

اللہ سرہ من ابیات یشیر بہا لی قولہا

ہیں اس قول کی طرف اشارہ کیا۔

انا القرآن والسبع المثانی
وروح الروح لا روح الاوانی
فوادی عند محبوبی مقیم
یناجیہ وعندکم لسانی
الی آخرہ

میں قرآن ہوں اور سبع مثانی (سورۃ فاتحہ) ہوں اور اوانی کی روح نہیں بلکہ روح کی روح ہوں۔ میرا دل تو میرے محبوب کے ہاں قیام پذیر ہوکے اس سے سرگوشی کر رہا ہے۔ اور تمہارے پاس تو میری زبان ہے۔

والغرض من ذلک ان السالکین کیفما کانوا وان بلغوا الی اعلی المقامات وارفع الدرجات۔ لا یمکنہم الوصول بالسعی الی العین المحمدیۃ والتحقق بالحقیقۃ الاحمدیۃ فان دون فہم ذالک خرط القتاد فضلا عن التحقق بہ فی مرتبتی الوجود والایجاد

(جواہر البحار ص۳۰۱ ج ۳)

غرض اس سے یہ ہے کہ سالکین جیسے بھی ہوں۔ اور اگرچہ اعلی مقامات اور بلند درجات پہ پہنچ جائیں۔ انہیں عین محمدیہ تک پہنچنا۔ اور حقیقۃ احمدیہ سے تحقق ناممکن ہے۔ کیونکہ اس حقیقت کے فہم سے پہلے خرط قتاد ہے۔ یعنی خاردار درخت پہ ہاتھ پھیرنا ہے جو بہت ہی دشوار ہے نارسائی کے بارہ میں یہ عربی کی ضرب المثل ہے جب فہم ناممکن تو وجود و ایجاد میں اس سے تحقق کیسے ہو سکتا ہے۔

امام ابن حجر مکی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

وفاق علیها بکمالات لا تحصی مفصلة و مجملة

(جواهر البحار ص ۳۲۸ ج ۳)

ان پر حضور اتنے کمالات سے فوقیت لے گئے۔ کہ جن کا نہ تفصیلی شمار ہو سکتا ہے نہ اجمالی۔

امام ابن حجر مکی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

والفضائل التی لا تحصی والشمائل التی لا یمکن ان تستقصی فبالغ واکثر لن تحیط بوصفه واین الثریا من ید المتناول

(جواهر البحار ص ۳۳۳ ج ۳)

حضور کے فضائل کا احصا نہیں ہو سکتا اور آپکے شمائل کا اختتام ناممکن ہے۔ اے مداح مصطفےٰ حضور کی تعریف میں مبالغہ کر اور زیادہ سے زیادہ حضور کی تعریف کر تو ہرگز حضور کے وصف کا احاطہ نہیں کر سکے گا۔ بھلا ثریا تک کیسے ہاتھ پہنچ سکتا ہے،

لم یزل متوقیا فیها الی ما لا نهایة له۔ (جواهر البحار ص ۳۳۶ ج ۳)

حضور ہمیشہ غیر متناہی کمالات میں ترقی کر رہے ہیں۔

علامہ شامی کے بھتیجے احمد عابدین شامی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

لا یمکن وصفه لقصور العبارة عنه ...... قال الامام السبکی فی آخر تائیته یخاطبه صلی الله علیه وسلم

واقسم لو ان البحار جمیعها مدادی واقلامی لها کل غوطة ؛

عبارت کے قصور کی وجہ سے حضور کا وصف ناممکن ہے امام سبکی اپنے قصیدہ تائیہ کے آخر میں حضور سے مخاطب ہیں۔ (اللہ کی قسم) اگر تمام سمندر میرے لئے سیاہی ہو جائیں۔ اور تمام درخت میرے

لماجئت بالمعشاہمی آیت التی
تزید علیٰ عن النجوم المنیرۃ۔
ولقد ابدع سید المداح
الشرف البوصیری بقولہ
فی مدحہ صلی اللہ علیہ
وسلم۔ ان من معجزاتک العجز
عن وصفک اذ لا یحدہ
الاحصاء فحیث جعل من
بعض معجزاتہ صلی اللہ
علیہ وسلم العجز عن الاحاطۃ
بکل فرد من اوصافہ التی
اختصہ اللہ تعالیٰ بہا من
الاخلاق الکریمۃ والفضائل
الجسمیۃ والاوصاف البالغۃ
اقصی ما یمکن البشر الرقی
الیہ فہی لا حد لہا باعتبار
انہ صلی اللہ علیہ وسلم
لا یزال یترقی فی مراتب
القرب فی الحیاۃ و لعدہ

لئے قلمیں ہو جائیں۔ اور حضورؐ کی
تعریف لکھتا ہوں۔ سمندر اور
درختوں کی قلمیں ختم ہو جائیں گی)
لیکن یا رسول اللہ آپ کے ان فضائل
کا دسواں حصہ بھی بیان نہ ہوگا جو
روشن ستاروں سے زائد ہیں۔
سید المداح امام بوصیری نے کیا
خوب کہا۔ بے شک یہ بھی یا رسول اللہ
آپ کے معجزات میں سے ایک معجزہ ہے
کہ آپ کے اوصاف میں سے صرف
ایک وصف کے بیان سے بھی عاجزی
ہے احصا آپ کی ایک وصف کو بھی
نہیں گھیر سکتا۔ امام بوصیری نے
حضورؐ کے بعض معجزات میں سے
ایک یہ معجزہ بیان کیا کہ آپ کے ان
اوصاف سے ایک فرد کا احاطہ بھی
ناممکن ہے کہ جن سے اللہ تعالےٰ
نے حضور کو خاص کیا۔ اخلاق کریمہ
ہوتے فضائل جسمیہ ہوئے اور اپنے

الممات وفی المواقف وفی الجنة
الی ما لا نهایة له ولا انقضا
ثم قال (احمد عابدین) عند قوله
(ابن حجر) (وصاحب الشمائل
التی لا یمکن ان تستقصی)
صلی اللہ علیه وسلم فبالغ
والکثر لن تحیط بوصفه واین
الثریا من ید المتناول کما
روی عن العارف السراج
عمر بن الفارض رضی اللہ عنہ
انه رؤی فی النوم فقیل له
لم لا مدحت النبی صلی اللہ
علیه وسلم بنظم صریحا
فقال اری کل مدح فی النبی
مقصرا وان بالغ المثنی علیه
واکثرا - اذا اللہ اثنی بالذی
هو اهله علیه فما مقدار
ما تمدح الوری قال فی
المواهب رحمه اللہ ابن

اوصاف کثیرہ ہیں کہ جن تک انسان کی
انتہائی ترقی ہے۔ پھر وہی فضائل
وکمالات غیر محدود اور بے حد ہیں
اس اعتبار سے کہ حضورؐ ہمیشہ حیات
دنیاوی میں اور بعد پردہ پوشی کے
اور موقف میں اور جنت میں ان
مراتب قرب میں ترقی کر رہے ہیں جن
کی نہ انتہا ہے نہ اختتام۔ پھر علامہ عابدین
نے امام ابن حجر کے اس قول " صاحب
الشمائل الخ (حضورؐ ان شمائل کے مالک
ہیں جن کا شمار نا ممکن ہے) کے ماتحت
لکھا (حضورؐ کی تعریف میں مبالغہ کرو
تو ہرگز حضورؐ کی وصف کا احاطہ نہ کر
سکے گا۔ ثریا تک متناول کا ہاتھ کیسے
پہنچ سکتا ہے۔ جیسا کہ امام ابن
الفارض سے مروی ہے کہ ان کو نیند میں
دیکھا گیا تو ان سے کہا گیا کہ آپ نے
صراحۃً نظم میں حضور کی مدح کیوں
نہیں کی تو جواب دیا۔ کہ میں ہر مدح

الخطیب الاندلسی حیث
قال ؎

مدحتك آیات الکتاب فما عسی:
یثنی علی علیاك نظم مدیحی:
واذا کتاب الله اثنی مفصحا:
کان القصور قصار کل فصیح:

فلو بالغ الاولون والاخرون
فی احصاء مناقبه وخصائصه
لعجزوا جمیعا عن استقصاء
ماحباه مولاه الکریم من
مواهبه الاحمدیة و
اخلاقه المحمدیة وصفاته
المصطفویة وما مثل من
اراد احصاء فضائله صلی الله
علیه وسلم بمدحه الاکمل
الانسان مدیده لیتناول الثریا
بها واین الثریا من ید المتناول
ولذا قال بعض العارفین
کما فی اوائل شرح الشفاء

کو حضورؐ کی شان میں کم دیکھتا ہوں
اگرچہ تعریف کرنے والا مبالغہ کرے
اور زیادہ بیان کرے۔ اس لئے کہ
اللہ تعالیٰ نے حضورؐ کی عالی شان مدح
کی ہے تو مخلوق کی مدح کا کیا ٹھکانا
مواہب میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ابن
الخطیب اندلسی پر رحم کرے کیا ہی
اچھا کہا۔ جب قرآن شریف کی آیات
آپ کی مداح ہیں تو میری مدحیہ نظم آپ
کی بلندی کی کیسے تعریف کرسکے اور
جب کتاب اللہ نے فصاحت سے
تعریف کی تو اب ہر فصیح کی غایت
قصور ہی ہے اور اگر اولین و آخرین
حضورؐ کے مناقب اور خصائص کے
شمار کرنے میں مبالغہ کریں تو سب
کے سب ؎ کے شمار کرنے سے عاجز
آجائیں گے۔ جو اللہ تعالیٰ نے حضورؐ
کو عطا فرمائے ہیں۔ اس شخص کی
مثال جو حضورؐ کی مدح سے حضورؐ

؎ آپکے ان مواہب احمدیہ اور اخلاق محمدیہ اور صفات مصطفویہ

لعلی ن القاری
(ج ا ص ۵۹ علی ہامش نسیم الریاض فیضی)

کے فضائل کا احاطہ کا ارادہ کرتا ہے اس انسان جیسی ہے جس نے اپنے ہاتھ کو لمبا کیا تا کہ ثریا کو پالے حالانکہ کہاں ثریا (کہکشاں) اور کہاں اس کا ہاتھ۔ اسی

لئے بعض عارفوں نے فرمایا جیسا کہ شرح شفا للقاری کے اوّل میں ہے!

اَلْخَلْقُ عَرَفُوا اللّٰہَ تعالیٰ وَمَا عَرَفُوا مُحَمَّدًا صلی اللہ علیہ وسلم
(جواہر البحار جلد ۳ ص ۳۴۹ و ۳۵۰)

خلق نے اللہ تعالیٰ کو پہچانا لیکن حضور کو نہ پہچانا

وَظَهَرَ لَهٗ مِنَ الْمُعْجِزَاتِ الْجَلِيلَةِ مَا لَا يُحْصٰی (جواہر از شامی مذکور)

حضور کے اتنے معجزات ظاہر ہوئے کہ جن کا شمار نہیں!

شامی مذکور حضور کی کف شریف کے متعلق لکھتے ہیں:-

قَالَ الْعَلَّامَةُ الدَّاوُدِيُّ وَلَعَمْرِيْ لَقَدْ كَانَ لِهٰذَا الْكَفِّ الشَّرِيْفِ صِفَاتٌ جَمِيْلَةٌ لَا تَدْخُلُ تَحْتَ الْحَصْرِ وَالْعَدِّ وَمُعْجِزَاتٌ كَثِيْرَةٌ خَارِجَةٌ عَنِ الْحَدِّ كَمَا هُوَ مُتَحَقِّقٌ وَمَعْلُوْمٌ لِلْاَوْلِيَاءِ وَالْخُصُوْصِ (جواہر جلد ۳ ص ۳۱۷)

علامہ داودی نے فرمایا مجھے اپنی عمر کی قسم حضور کی ہتھیلی شریفہ کے اتنے صفات جمیلہ ہیں جو حصر اور شمار سے باہر ہیں اور اتنے معجزات کثیرہ ہیں جو بے حد ہیں جیسا کہ یہ بات ہر موافق و مخالف کے نزدیک مسلم ہے!

شَانُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم عَظِيْمٌ وَجَاهُهٗ جَسِيْمٌ وَقَدْرُهٗ لَا يُقْدَرُ
جواہر البحار ج ۴ ص ۹۲ از میر غنی

حضور کی شان عظیم ہے مرتبہ جسیم ہے قدر و منزلت کا کوئی اندازہ نہیں لگایا جا سکتا!

۳۶۹ ص ۳۲۴

ابن زملکانی رحمہ اللہ تعالیٰ چند معجزات ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں

اِلٰی غَیْرِ ذٰلِکَ مِنَ الْخَوَارِقِ الَّتِیْ لَا تُحْصٰی (جواہر البحار ج ۴ ص ۱۲۰)

حضور کے معجزات بے شمار ہیں!

کمال الدین ابن زملکانی فرماتے ہیں

وَاِذَا تَاَمَّلْتَ عُظْمَا[1] الْمُعْجِزَاتِ لِلْاَنْبِیَاءِ وَجَدْتَ لَہٗ صلی اللہ علیہ وسلم مِثْلَ کُلِّ وَاحِدَۃٍ وَّاَحْسَنَ وَاَبْلَغَ وَلَا یَفِیْ بِھٰذِہِ الْعُجَالَۃِ اسْتِقْصَاءُ ذٰلِکَ فَلَوْ فَنِیَتِ الْاَیَّامُ فِیْ حَصْرِ مَنَاقِبِہٖ وَفَضَائِلِہٖ وَخَصَائِصِہٖ لَفَنِیَتْ وَلَمْ یَبْلُغِ الْقَائِلُ نِھَایَۃَ ذٰلِکَ وَمَا قَدَرَہُ النَّاسُ حَقَّ قَدْرِہٖ وَلَا عَرَفُوْا مِنْہُ اِلَّا ظَاھِرًا مِنْ خَبَرِہٖ دُوْنَ حَقِیْقَۃِ اَمْرِہٖ

(جواہر جلد ۴ ص ۱۲)

اور جب تو انبیاء کرام کے اکثر معجزات میں غور و فکر کرے گا تو ان کی طرح بلکہ اُن سے احسن و ابلغ حضور کے لئے بھی پائے گا۔ اس مختصر رسالہ میں اُن سب کا احاطہ نہ ممکن ہے، اگر ایام حضور کے مناقب، فضائل، خصائص کے حصر کرنے میں فنا ہو جائیں تو فنا ہو جائیں گے۔ قائل ان کی انتہا تک نہ پہنچے گا، لوگوں نے کما حقہٗ حضور کی قدر نہ کی اور لوگوں نے نہ پہچانا مگر حضور کی خبر سے صرف ظاہر کو، نہ حضور کے امر کی حقیقت کو!

ھٰذَا الَّذِیْ لَوْ اَرَدْنَا حَصْرَ مُعْجِزِہٖ وَفَضْلِہٖ انْقَطَعَتْ مِنْ دُوْنِہٖ الْکَلِمُ (جواہر البحار ج ۴ ص ۱۲۹)

یہ ایسی ذات ہیں کہ اگر ہم ان کے معجزات اور فضائل کا حصر کرنے کا ارادہ کریں تو ان کے حصر سے پہلے کلمات کی دنیا ختم ہو جائیگی

[1] عظم الشئی اکثرہ ۱۲ منہ

امام عبد اللہ یافعی فرماتے ہیں :

رَأَیْتُ مَقَامًا تَزِلُّ اَقْدَامُ الْعُقُوْلِ فِیْ سِرِّہٖ وَتَضِلُّ اَفْہَامُ الْاَفْکَارِ فِیْ جَلَالِہٖ وَتَخْضَعُ رِقَابُ الْاَوْلِیَاءِ لِہَیْبَتِہٖ وَتَذْہَلُ اَسْرَارُ السَّرَائِرِ فِیْ بَہَائِہٖ وَتَدْہَشُ اَبْصَارُ الْبَصَائِرِ

"میں نے ایسا مقام دیکھا کہ عقلوں کے اقدام اس کے راز میں پھسلتے ہیں فکروں کے افہام اس کے جلال میں گمراہ ہو جاتے ہیں۔ اولیاء کی گردنیں اس کی ہیبت سے جھک جاتی ہیں اور رازوں کے راز اس کے حُسن میں غافل ہو جاتے ہیں اور بصائر کی آنکھیں اس کے انوار کی شعاعوں سے دہشت زدہ ہو جاتی ہیں"۔

لِاَشِعَّۃِ اَنْوَارِہٖ لَا تُسَامِتُہٗ طَائِفَۃُ الْمَلَائِکَۃِ الْکَرُوْبِیِّیْنَ وَالرُّوْحَانِیَّۃِ وَالْمُقَرَّبِیْنَ اِلَّا حَنَتْ ظُہُوْرُہَا عَلٰی ہَیْئَۃِ الرَّاکِعِ تَعْظِیْمًا لِقَدْرِ ذٰلِکَ الْمَقَامِ وَسَبَّحَتِ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ بِاَنْوَاعِ التَّقْدِیْسِ وَالتَّنْزِیْہِ وَسَلَّمَتْ عَلٰی اَہْلِ ذٰلِکَ الْمَقَامِ وَیَقُوْلُ الْقَائِلُ اِنَّہٗ لَیْسَ فَوْقَہٗ اِلَّا عَرْشُ الرَّحْمٰنِ یَتَحَقَّقُ النَّاظِرُ

"جب مقرب فرشتوں کا گروہ اس کے مقابل ہوتا ہے، تو ان کی کمریں اس مقام کی تعظیم کے لئے رکوع کرنے والے کی شکل وصورت پر ٹیڑھی ہو جاتی ہیں اور انواع تقدیس سے اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرنے لگتے ہیں اور اس مقام والے پر سلام بھیجنا شروع کر دیتے ہیں اور کہنے والا کہتا ہے، کہ اب اس کے اوپر عرشِ رحمٰن ہے اور اس کی طرف نظر کرنے والا اس بات کا یقین

اِلَیْہِ اَنَّ کُلَّ مَقَامٍ لِوَاصِلٍ
اَوْحَالٍ لِمَجْذُوْبٍ اَوْ سِرٍّ
لِمَحْبُوْبٍ اَوْعِلْمٍ لِعَارِفٍ اَوْ
تَصْرِیْفٍ لِوَلِیٍّ اَوْ تَمْکِیْنٍ لِمُقَرَّبٍ
مُبْدَؤُہٗ وَمُؤْئِلُہٗ وَجُمْلَتُہٗ وَتَفْصِیْلُہٗ وَ
کُلُّہٗ وَبَعْضُہٗ وَاَوَّلُہٗ وَآخِرُہٗ فِیْہِ
اِسْتَقَرَّ وَمِنْہُ نَشَأَ وَعَنْہُ صَدَرَ
وَبِہٖ کَمُلَ فَمَکَثْتُ مُدَّۃً لَا
اَسْتَطِیْعُ النَّظَرَ اِلَیْہِ ثُمَّ طَوَّقْتُ
النَّظَرَ اِلَیْہِ وَمَکَثْتُ مُدَّۃً
لَا اَسْتَطِیْعُ اَنْ اُسَامِتَہٗ ثُمَّ طَوَّقْتُ
مُسَامَتَۃً وَمَکَثْتُ مُدَّۃً لَا اَسْتَطِیْعُ
اَعْلَمُ بِمَنْ فِیْہِ ثُمَّ بَعْدَ مُدَّۃٍ
عَلِمْتُ بِمَنْ فِیْہِ فَاِذَا فِیْہِ
رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم
(جواہر البحار۔ جلد ۴ صفحہ ۱۹۸، ۱۹۹)

کر لیتا ہے کہ واصل کا ہر مقام یا مجذوب
کا ہر حال یا محبوب کا ہر راز یا عارف
کا ہر علم یا ولی کی ہر تصریف یا مقرّب
کی ہر قدرت اس کا مبداء اور منتہا اور
جملہ اور تفصیل اور کل، اور بعض اور
اوّل، آخر اسی میں قرار پذیر ہے اسی
سے پیدا ہوا اور اسی سے ظاہر ہوا اور
اسی سے مکمل ہوا۔ تو میں وہاں اتنا مدت
ٹھیرا کہ اس طرف دیکھنے کی طاقت نہ
رکھتا تھا۔ پھر میں نے نظر کو ادھر دیکھنے
کا طوق ڈالا اور ایک مدت تک ٹھیرا
رہا۔ اس بات کی طاقت نہ رکھتا تھا کہ
اس کے مقابل ہوں۔ پھر میں یا لمقابل
طوق ڈالے رہا اور ایک مدت تک ٹھیرا
رہا میں اس بات کی طاقت نہ رکھتا تھا کہ
یہ جانوں کہ اس میں کون ہیں۔ پھر ایک مدت
کے بعد میں نے جانا کہ اس میں تو رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ہیں!

امام محقق عبدالکریم جیلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :-

وَ اَمَّا كَمَالُهُ الْحُكْمِيُّ الَّذِيْ قَدْ حَبَاهُ
اللّٰهُ تَعَالٰى بِهٖ فَاَعْظَمُ مِنْ اَنْ
يُدْرَكَ لَهُ غَوْرٌ اَوْ يُعْرَفَ لَهُ
غَايَةٌ اِذْ كَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
مُتَحَقِّقًا بِجَمِيْعِ الْاَخْلَاقِ الْاِلٰهِيَّةِ
قَالَ وَقَدْ اَوْرَدْتُ ذٰلِكَ
صِفَةً صِفَةً وَاسْمًا اسْمًا فِيْ كِتَابِنَا
الْمَوْسُوْمِ بِالْكَمَالَاتِ الْاِلٰهِيَّةِ
فِي الصِّفَاتِ الْمُحَمَّدِيَّةِ۔

(جواہر البحار جلد سوم صد ۲۱۵)

اور حضور کا کمال حکمی جو اللہ تعالیٰ نے
حضور کو عطا فرمایا ہے وہ اس سے
بلند و بالا ہے کہ اس کی گہرائی کا ادراک
کیا جائے یا اس کی غایت کو جانا جائے
اس لئے کہ حضور جمیع اخلاق الٰہیہ سے
متحقق تھے۔ امام جیلی نے فرمایا میں
نے اس سے ایک ایک صفت اور
ایک ایک اسم کا ذکر اپنی کتاب کمالات
الالٰہیہ فی الصفات المحمدیہ میں وارد
کیا ہے۔

امام محقق عبد الکریم جیلی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں :۔

(مَكَارِمُ اَخْلَاقِهٖ) وَهِيَ لَا تُحْصٰى
كَثْرَةً بَلْ وَاللّٰهِ اِنَّ كُلَّ مَا وَرَدَ
عَنْهُ مِنْ مَكَارِمِ الْاَخْلَاقِ الَّتِيْ
لَهُ هِيَ كَالْقَطْرَةِ اِلَى الْبَحْرِ بِا
لنِّسْبَةِ اِلٰى مَا لَمْ يُرْوَ وَلَمْ يُحْكَ
عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ
لَهُ حَقِيْقَةً وَتَحْقِيْقًا فَمَا وَرَدَ كَبِيْرٌ
فِيْ جَنْبِ مَا لَمْ يُرْوَ وَعَلٰى اَنَّ مَا

کثرت کی وجہ سے حضور کے مکارم
اخلاق کا احصا نہیں ہو سکتا۔ بلکہ اللہ
کی قسم جو کچھ حضور کے مکارم اخلاق
سے بیان کیا جاتا ہے اس کی مثال
ایک قطرہ کی ہے۔ سمندر کی طرف
نظر کرتے ہوئے۔ بہ نسبت ان مکارم
کے جو حضور سے بیان نہ ہوئے حالانکہ
وہ غیر مروی مکارم جو سمندر کی طرح ہیں

وَ لَا یَجْمَعُهٗ هَیْکَلٌ سِوَاهُ وَلَمْ یُحِطْ بِهٖ اَحَدٌ غَیْرُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ عَلِمْتَ بِذٰلِكَ كَمَالَهُ الْخُلُقِیَّ وَ اَمَّا كَمَالُهُ الْحَقِّیُّ الَّذِیْ قَدْ حَبَاهُ اللّٰهُ بِهٖ فَاَعْظَمُ مِنْ اَنْ یُدْرِكَ لَهٗ غَوْرٌ اَوْ یُعْرَفَ لَهٗ غَایَةٌ اِذْ كَانَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُتَحَقِّقًا بِجَمِیْعِ الْاَخْلَاقِ الْاِلٰهِیَّةِ۔

(جواہر البحار جلد ۴ صہ ۲۲۵)

حضور کے لیے حقیقتاً اور تحقیقاً ثابت ہیں، تو جو کچھ وارد ہوا، وارد نہ ہونے والے کے پہلو میں ایک ذرہ ہے۔ علاوہ ازیں کہ جو کچھ وارد ہوا اس کو بھی حضور کے سوا کسی ہیکل نے جمع نہ کیا اور حضور کے سوا کسی نے ان کا احاطہ نہ کیا۔

اس بیان سے تونے حضور کا کمالِ خلقی جان لیا۔ باقی رہا حضور کا کمالِ حقی جو اللہ نے حضور کو عطا فرمایا تو وہ اس سے بلند ہے کہ اس کی گہرائی معلوم ہو سکے یا اس کی غایت کا پتہ چلے۔ اس لئے کہ حضور جمیع اخلاقِ الٰہیہ میں متحقق تھے۔

نیز فرمایا۔

لَا خِلَافَ عِنْدَ الْمُحَقِّقِیْنَ اَنَّهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُتَّصِفٌ مُتَحَقِّقٌ بِجَمِیْعِ الْاَسْمَاءِ الْحُسْنٰی وَالصِّفَاتِ الْعُلْیَا

جواہر البحار ج ۴ صہ ۲۲۶

محققین کے نزدیک اس بات میں بالکل خلاف نہیں ہے کہ بے شک حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم جمیع اسماء حسنیٰ اور صفات علیا سے متحقق اور متصف ہیں!

اِعْلَمْ اَنَّ الْقُرْآنَ كَلَامُ اللّٰهِ غَيْرُ مَخْلُوْقٍ وَ كَلَامُهٗ سُبْحَانَهٗ صِفَتُهٗ لِاَنَّ الْكَلَامَ صِفَةُ الْمُتَكَلِّمِ وَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا كَانَ خُلُقُهُ الْقُرْآنَ تَعْنِي النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم فَمَا اَعْرَفَهَا بِهٖ اُنْظُرْ كَيْفَ جَعَلَتْ صِفَةَ اللّٰهِ تَعَالٰى خُلُقًا لِمُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم لِاِطِّلَاعِهَا مِنْهُ عَلٰى حَقِيْقَةِ ذٰلِكَ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِي الْقُرْآنِ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ وَهُوَ عَلَى الْحَقِيْقَةِ قَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى فَانْظُرْ اِلٰى هٰذَا التَّحَقُّقِ الْعَظِيْمِ بِصِفَاتِ اللّٰهِ تَعَالٰى حَيْثُ اَقَامَهٗ مَقَامَهٗ فِيْ صِفَاتِهٖ وَ اَسْمَائِهٖ وَمَقَامُ الْخَلِيْفَةِ مَقَامُ الْمُسْتَخْلِفِ۔

(جواہر البحار جلد ۴ صہ ۲۲۶)

نیز فرمایا۔

جان لے کہ قرآن کلام اللہ غیر مخلوق ہے۔ اور اللہ کا کلام اللہ کی صفت ہے اس لئے کہ کلام متکلم کی صفت ہوتی ہے۔ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا ہے۔ حضور کا خلق قرآن تھا۔ کیا خوب پہچانا۔ دیکھ صدیقہ نے کیسے صفت خداوندی کو حضور کا خلق بنایا۔ کیونکہ صدیقہ ان کی طرف اس حقیقت پر مطلع تھیں اور اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں فرمایا ہے کہ قرآن رسول کریم کا قول ہے۔[۵] دیکھ یہ کیسے صفات اللہ سے متحقق ہونے کا روشن بیان ہے۔ اس طرح کہ اپنی صفات اور اپنے اسماء میں حضور کو اپنا قائم مقام کیا۔ اور خلیفہ کا مقام مستخلف کا مقام ہوا کرتا ہے

۵ حالانکہ وہ حقیقت میں اللہ تعالیٰ کا قول ہے

فَلَهٗ اَجْرُ جَمِيْعِ الْخَلْقِ بَلِ الْكُلُّ فِيْ مِيْزَانِهٖ بَلِ الْكُلُّ قَطْرَةٌ مِّنْ بَحْرِهٖ لِاَنَّهُ الْاَصْلُ وَهُمُ الْفَرْعُ۔

(جواہر البحار جلد ۴ صـ ۲۲۸)

تمام مخلوق کا اجر حضور کے لئے ثابت ہے بلکہ کل کا کل حضور کے میزان میں ہے، بلکہ کل کا کل حضور کے سمندر (ناپید اکنار) سے ایک قطرہ ہے، اس لئے کہ حضور اصل ہیں اور ساری مخلوق فرع ہے!

نیز فرمایا:۔

ظُهُوْرُهٗ عِنْدَ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى فَوْقَ الْعَرْشِ حَيْثُ لَا اَيْنَ وَلَا كَيْفَ۔

(جواہر البحار جلد ۴ صـ ۲۳۸، ۲۳۹)

اللہ کے نزدیک حضور کا ظہور عرش کے اوپر ہے جہاں نہ این ہے نہ کیف!

نیز فرمایا:۔

لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يَّرٰى فِيْهِ اَحَدًا مِّنَ الْاَنْبِيَاءِ وَالْاَوْلِيَاءِ

(جواہر، جلد ۴ صـ ۲۲۸)

حضور کو آخری محل میں نہ انبیاء سے کوئی دیکھ سکتا ہے اور نہ اولیاء سے

؎ اُوْتِيْتَ مِنْ فَضْلِ الْمُهَيْمِنِ مِنْحَةً
مَا تَسْتَطِيْعُ تَخُطُّهَا الْاَقْلَامُ
اَنْتَ الَّذِيْ حَارَ النُّهٰى فِيْ وَصْفِهٖ
وَتَوَهَّمَتْ فِيْ حُسْنِهِ الْاَحْلَامُ

(جواہر جلد ۴ صـ ۳۴۹)

(یا رسول اللہ) اللہ کے فضل سے آپ کو اتنا عطا ہوا کہ اس کو قلمیں نہیں لکھ سکتیں، آپ وہ ہیں کہ عقول جن کی وصف میں حیران ہوئے اور دانا جس کے حسن میں سرگرداں ہوئے۔

شاہ ولی اللہ کا بیان :۔

میگوید فقیر ولی اللہ عفی عنہ کہ مدح سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم ونشر مناقب آنحضرت وذکر دلائل نبوت آنجناب بے شبہ سبب برکات و موجب درجات ست!

(شرح قصیدہ الطیب النغم صا)

فقیر ولی اللہ کہتا ہے کہ حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح اور آپ کے مناقب کی اشاعت اور دلائل نبوت کا ذکر کرنا بلا شبہ سبب برکات و موجب درجات ہے!

نیز شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے ہیں :۔

بَدِیْعٌ کَمَالٍ فِی الْمَعَانِی فَلَا امْرَاءٌ یَکُوْنُ لَهٗ مِثْلًا وَلَا بِمُقَارِبٍ

یعنی بے نظیر است کمال او در جمیع اوصاف پس نیست ہیچ مردے مانند او و نیست ہیچ مردے نزدیک باو (قصیدہ بائیہ مسمی بقصیدہ الطیب النغم مع شرح صث)

تمام اوصاف میں حضور کا کمال بے نظیر ہے، تو کوئی مرد نہ حضور کی مثل ہے اور نہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے قریب!

نیز شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی کا بیان :۔

وَلٰکِنَّنِیْ مَلْتَذُّمَا عَنَّ حِبُّ[1] أَصَابَهٗ غَلِیْلُ الْهَوٰی فِی الْاَکْرَمِیْنَ الْاَطَایِبِ

بزرگوں اور پاکوں کی مدح میں اس عاشق کی بندش زبان

---

[1] الصب العاشق ۱۲

یعنی نیست ملامت کردہ شدہ زبان بند
شدن عاشقی کہ رسیدہ باشد او را سوزش
عشق در مدح بزرگان و پاکان۔ و در این
بیت اشارتست بختم سخن و عجز
ادائے مدح کہ لائق آنجناب باشد
بدو سبب یکے آنکہ عشق مقتضی سکوت
است دیگر آنکہ مدح بزرگان و پاکان
را پایانی نیست۔
(قصیدہ اطیب النغم بمع شرح
صد ۲۳)

تو ایسی ملامت نہیں جس کو
عشق کی سوزش پہنچی ہوئی
ہو !

(۲) اس بیت میں اس بات کی
طرف اشارہ ہے کہ سخن کو ختم کرنا اور
اس مدح کی ادائیگی سے عاجز آنا جو حضور
کے لائق ہو۔ دو وجہ سے ہے، ایک یہ کہ عشق
خاموشی کا تقاضا کرتا ہے۔ دوسری وجہ
یہ ہے کہ بزرگوں اور پاک لوگوں کی
مدح کی کوئی انتہا نہیں !

ہیچکس را بلوغ بہ مبلغ اخلاق
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ممکن نہ۔

کسی شخص کے لئے یہ ممکن نہیں کہ
وہ حضور کے اخلاق کو پہنچے۔

(شرح قصیدہ ہمزیہ صد ۲۵ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی)

شاہ صاحب قصیدہ ہمزیہ اور اس کی شرح میں فرماتے ہیں:۔

وَإِنْ تَمْدَحْ رَسُوْلَ اللّٰہِ يَوْمًا
فَحَاذِرْ أَنْ تُقَصِّرَ فِي الثَّنَاءِ
وَحَاشَا أَنْ تَقُوْلَ لَهُ الْمَعَالِي
بِكُلِّ الْمَعَالِي وَالْعَلَاءِ
كَرِيْمٌ إِنْ تَجَمَّعَتِ الْمَعَالِي

ترى فى جنبه مثل الهباء

واگر مدح کنی پیغامبر خدا را از رے پس احتیاط بکن از انکہ تقصیر کنی در ثنائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خدا پناہ دہد ترا از انکہ گوئی آنحضرت را است بلند قدر یہا کہ ایں تقصیر ست در مدح دے صلی اللہ علیہ وسلم بلکہ حق سخن آنست کہ با آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم متقوم است انواع بلند قدر یہا مفصلاً و تمام بلند قدری مجملاً۔ آں کریم است کہ اگر جمع شوند ہمہ بلند قدر یہا دیدہ شود آں غربی ہا در پہلوی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مانند غبار۔

(ہمزیہ و شرح ص $\frac{۲۹}{۳۰}$)

اگر تو کسی دن حضور کی مدح کرے تو اس بات سے احتیاط کرنا کہ تعریف میں قصور نہ ہونے پائے۔ خدا تعالےٰ تجھے اس بات سے پناہ دے کہ تو کہے حضور کے مراتب بلند ہیں۔ کیونکہ یہ حضور کی تعریف میں قصور ہے۔ بلکہ حق سخن یہ ہے کہ بلند قدری کے اقسام حضور سے متقوم ہیں یعنی مفصلاً اور تمام بلند قدری اجمالاً۔ حضور ایسے کریم ہیں کہ اگر سب بلندی مراتب جمع ہوں۔ وہ سب خوبیاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں مثل غبار نظر آئیں گی!

نیز شاہ ولی اللہ صاحب رقمطراز ہیں:۔

"حقیقت معالی متقوم بذات اوست صلی اللہ علیہ وسلم پس مدح کامل آنحضرت[1] صلی اللہ علیہ وسلم جمیع شد اخلاق فاضلہ چنانکہ جمہور مادحان میگویند۔"

(شرح ہمزیہ ص $\frac{۳۰}{۳۱}$)

[1] اگر گوئیم در ذات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔ [سلہ] ہمچنیں در نسخہ مطبوعہ است و مناسب عبارت ایں است "پس مدح کامل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایں نیست الخ" ۱۲ فیضی

نیز شاہ ولی اللہ صاحب لکھتے ہیں :-

"وَآخِرُ مَا لِمَادِحِہٖ اِذَا بَاءَ، اَحْسَنَ الْعَجْزُ عَنْ کُنْہِ الثَّنَاءِ

و آخر حالتی کہ ثابت است مادح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

وقتیکہ احساس کند نارسائی خود را از حقیقت ثنا"

(شرح قصیدہ ہمزیہ صـ۳۳)

امام ابراہیم بیجوری فرماتے ہیں :-

فَلَا یَعْلَمُ اَحَدٌ حَقِیْقَۃَ وَصْفِہٖ اِلَّا خَالِقُہٗ صلی اللہ علیہ وسلم (المواہب صـ۱۹)	"حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حقیقت وصف اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا"

امام محی الدین ابوزکریا یحییٰ بن شرف نووی شافعی متوفی ۶۷۶ھ

فرماتے ہیں :-

وَلَا یَصِحُّ الْاِیْمَانُ اِلَّا بِتَحْقِیْقِ اِعْلَاءِ قَدْرِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَمَنْزِلَتِہٖ عَلٰی قَدْرِ کُلِّ وَالِدٍ وَوَلَدٍ وَمُحْسِنٍ وَمُفَضِّلٍ وَمَنْ لَمْ یَعْتَقِدْ ھٰذَا اَعْتَقَدَ مَا سِوَاہُ فَلَیْسَ بِمُؤْمِنٍ ھٰذَا کَلَامُ الْقَاضِیْ۔ (نووی شرح صحیح مسلم جلد ا صـ۴۹)	ایمان صحیح نہیں ہوتا مگر قدر نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بلند کرنے سے اور ہر والد اور اولاد اور محسن اور مفضل کے قدر و مرتبہ پہ آپ کی منزلت کے بلند کرنے سے جو اس بات کا معتقد نہ ہوا اور اس کے ماسوا کا اعتقاد رکھا وہ مومن نہیں یہ قاضی عیاض کی کلام ہے)

حضرت شیخ فریدالدین عطار رحمۃ الغفار (متولد ۵۱۳ھ متوفی ۶۲۹ھ) فرماتے ہیں :-

؎ مہدیٔ اسلام ہادی سبل ۔ مفتیٔ غیب و امام جزو کل صلی اللہ علیہ وسلم
خواجۂ کہ ہرچہ گویم بیش بود ۔ وز ہمہ چیز از ہمہ در پیش بود

(منطق الطیر ص۱۵)

در پناہ اوست موجود یکہ ہست ۔ در رضائے اوست مقصود یکہ ہست
دعوتش فرمود بہر خاص و عام ۔ نعمت خود را بر و کردہ تمام

(منطق الطیر ص۱۷)

وصف او در گفت چوں آید مرا ۔ چوں عرق از شرم خوں آید مرا
او فصیح عالم و من لال او ۔ کے توانم داد شرح حال او
وصف او کے لائق ایں ناکس ست ۔ واصف او خالق عالم بس است
انبیاء در وصف او حیراں شدہ ۔ سر شناساں نیز سرگرداں شدہ

(منطق الطیر ص۲۰)

شرف الحق والملۃ والدین مصلح الاسلام والمسلمین شیخ شرف الدین مصلح الدین سعدی شیرازی متوفی ۶۹۱ھ فرماتے ہیں :-

؎ در نعت او زبان فصاحت کجا رسد ؛ خود پیش آفتاب چہ رونق دہد سہا[1]

(کلیات سعدی ص۱۳)

؎ ندانم کدامیں سخن گویمت ۔ کہ والاتری زانچہ من گویمت
چہ وصفت کند سعدیٔ ناتمام ۔ علیک الصلوٰۃ اے نبی والسلام

(بوستان ص۵)

[1] نام ستارہ ۱۲ ف

حضرت مولانا عارف عبدالرحمٰن جامی قدس سرہ السامی حنفی متوفی ۸۹۸ھ
فرماتے ہیں :-

معراج ؎

قدم زنگ حدوث و از جان او شست
دہ جیب آلائش امکان او شست

یکے ماندہ ہم از قید یکے پاک
ز لبیاری برون و ز اندکے پاک

بدیدہ آنچہ از دیدن برون بود
مپرس از ما ز کیفیت کہ چون بود

نہ چندے گنجد نہ آنجا و نہ چونے
فرو بند از کمی لب و ز فزونے

شنید آنگہ کلامے بے نے با آواز
معانی در معانی راز با راز

نہ آگاہی از و کام و زبان را
نہ ہمراہی بد و نطق و بیان را

زود کش گوش جان را با دو رشت
ز حرفش دست دل را کوتہ انگشت

بپایں فہم بر بالائے او تنگ
سمند وہم در صحرائے او لنگ

ز گفتن برترست آں و ز شنیدن
زبان زیں گفتگو باید بریدن

منہ جامی ز حد خود برون پا
وزیں دریائے جانفرسا برون آ

دریں مشہد ز گویائے مزن دم
سخن را ختم کن و اللہ اعلم

(زلیخا ص ۱۵)

"نعت سوم نبی از بعضی معجزات وے کہ از حد و عد متجاوز است و نطاق نطق از احاطۂ آں عاجز۔ صلی اللہ علیہ وسلم" (تحفۃ الاحرار ص ۲۱ جامی)

حد ثنایش بجز خدا کہ شناسد
من کہ و اندیشۂ ثنائی محمد

لیس کلامی یفی بنعت کمالہ
صل الٰہی علی النبی و آلہ (کلیات جامی ص ۵۴)

سلطان الہند حضرت خواجۂ خواجگان حضرت خواجہ سید معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ فرماتے ہیں :- ؎

؎ از فلک بگذر کہ فوق العرشش منزل گاہ اوست
چوں کند عزم سفر ایں خواجۂ عالی جناب

سرّ ما اوحیٰ نگنجد در ضمیر جبرئیل | کشف اسرار لدنی کے کند ام الکتاب!
در مقام لی مع اللہ از کمال اتصال | از خدا نبود جدا ہمچو شعاع از آفتاب

(دیوان خواجہ اجمیری ص۵)

حضرت خواجہ غلام حسن صاحب شہید ملتانی متوفی ۱۲۶۵ھ فرماتے ہیں :- ؎

حسن چوں بدل آگاہ دیدم | محمد خود جمال اللہ دیدم

(دیوان حسن ص۵۷)

گرچہ پایانی ندارد قُربِ تو | اِجتَذِب قَلبِی اِلیٰ ما منتہیٰ

(دیوان حسن ص۱۰)

در حضرت ایشاں نبود بار ملک را | جبریل نہ شد واقف اسرار محمد

(دیوان حسن ص۴۳)

در وصف کمالات اہل عرفاں | گفتند ہمہ کہ ما عرفناک
قدر تو فزوں ز وسع اوہام | مدح تو بروں ز حد ادراک

(دیوان حسن ص۶۶)

ذات حق باہمہ صفات کمال | ظاہر از مظہر رسول اللہ

کمالِ حُسن ازل راست مظہرِ اعلیٰ　　جمالِ رُوئے نکوئے تو یا رسُول اللہ

(دیوانِ حسن ص۱۰)

شیخ الاسلام اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں صاحب متوفی ۱۳۴۰ھ فرماتے ہیں ؎

کوئی کیا جانے کہ کیا ہو　　عقلِ عالم سے ورا ہو

کنزِ مکتومِ ازل میں　　دُرِّ مکنونِ خدا ہو

سب جہت کے دائرے میں　　شش جہت سے تم ورا ہو

(حدائق بخشش ص۴۹)

حاجی امداد اللہ مہاجر مکّی فرماتے ہیں ؎

ہے وہ آئینہ جمالِ ذوالجلال　　محرم خلوت سرائے لایزال

(مثنوی تحفۃ العشاق ص۸) (کلیات امدادیہ)

کس سے ہو وے نعت ختم المرسلین　　جز بذاتِ پاک ربّ العالمین

ذاتِ احمد ہے وہ بحرِ بیکراں　　جس کا اک قطرہ ہے یہ کون و مکاں

(غذائے روح ص۳ کلیاتِ امدادیہ)

محمّد ہے ممدوح ذاتِ خدا　　محمّد کا ہو وصف کس سے ادا

محمّد سا مخلوق میں کون ہے　　اسی کا طفیل ہے یہاں جو کچھ ہے

(جہاد اکبر ص۱۱ کلیات امدادیہ)

حضرت مولانا محمّد یار فریدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں ؎

محمّد مصطفےٰ ثانی ندارد　　ندارد در تمام جہان ثانی ندارد

محمد ظریف صاحب فیضی حضوری فرماتے ہیں دامت برکاتہ العالیہ

؎ تواں در بلاغت بسحباں رسید — نہ در کنہ بے چون جاناں رسید

(شعر سعدی بتغیر ما)

؎ جتنا کسی نے تیری بڑھ چڑھ کے وصف کی ہے
سچ ہے کہ اب تک اس میں بیشک رہی کمی ہے

آگے لگا یہ خیال تھا کہ دو تین ائمہ کے وہ چند اقوال ذکر کروں گا۔ جن میں اُنہوں نے تصریح کی ہے کہ حضور کی تعریف میں مبالغہ کرو، جتنا کرو تھوڑی ہے ہم سے حضور کی تعریف کما حقہٗ نہیں ہو سکتی۔ لیکن شوق و محبت سے اتنا لمبا رسالہ ہو گیا۔ ابھی سمندر سے ایک قطرہ بیان نہیں ہوا۔ دفتر کے دفتر سامنے موجود ہیں۔ رسالہ لمبا ہونے کی وجہ سے ترک کرتا ہوں۔ بھلا اس محبوب رب کی تعریف کوئی کیسے کر سکتا ہے۔ جس کا نام مُحَمَّدٌ یعنی بار بار تعریف کیا ہوا۔ جواہر البحار جلد ۲ ص ۲۵۶ ناقلا عن الجمل۔ جمع الوسائل جلد ۲ ص ۱۸۱ نیز دیکھو زرقانی بحث اسماء، حاشیہ جمع الوسائل۔ نسیم الریاض و شرح قاری الشفا باب اسماء، مطالع المرات۔ نووی شرح مسلم۔ مسک الختام)، جن کا مقام محمود (یعنی تعریف کیا ہوا)، جس کے ہاتھ میں لواء الحمد یعنی تعریف کا جھنڈا۔ اب جس کے اوپر حمد قدم کے نیچے حمد خود سراپا محمد۔ اب اس کی تعریف کیسے ہو سکتی ہے۔ مسلمانو! جس کی ہمیشہ ہمیشہ خدا تعریف کرے اس کی اور کوئی کیسے تعریف کر سکتا ہے؟ دیکھو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:-

ان اللہ وملٰئکتہ یصلون علی النبی۔	اللہ اور اس کے فرشتے اس نبی غیب کی خبریں دینے والے پہ
(قرآن شریف سورہ احزاب)	درود بھیجتے ہیں!

رب کا درود کیا ہے؟ سنو!

قال ابو العالیۃ صلوٰۃ اللہ ثناءٗ علیہ عند الملائکۃ	حضرت ابو العالیہ نے فرمایا کہ اللہ کا درود یہ ہے۔ ملائکہ کے سامنے
(صحیح بخاری جلد ۲ ص۷۰۶۔ شفا شریف جلد ۲ ص۵۱۔ فتاویٰ حدیثیہ لابن حجر مکی ص۱۶۱)	حضور کی تعریف کرنا

تو اب ہم کیسے کما حقہٗ حضور کی تعریف کر سکتے ہیں ۔

دفتر تمام گشت بپایاں رسید عمر ⁂ ما ہمچناں در اوّل وصفِ تو ماندہ ایم

مذکورہ عبارات کے لکھتے وقت خیال آیا کہ حضور کے کچھ معجزات اور بعض خصائص ذکر کروں تاکہ مقامِ رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام واضح و ممتاز ہو۔ لیکن اب رسالہ لمبا ہو چکا ہے۔ اب معجزات کا ذکر تو نہیں کرتا اگر خدا نے توفیق بخشی تو معجزات میں علیحدہ رسالہ لکھوں گا فی الحال بعض کتابوں کے نام بتا دیتا ہوں جو چاہے ان کی طرف رجوع کرے۔ دلائل النبوۃ للبیہقی و ابی نعیم۔ شفا شریف لقاضی عیاض۔ مواہب لدنیہ للقسطلانی خصائص کبریٰ سیوطی۔ مدارج النبوۃ شیخ عبد الحق محدث دہلوی۔ جواہر البحار نبہانی۔ حجۃ اللہ علی العالمین فی معجزات سید المرسلین نبہانی۔ الکلام المبین فی معجزات سید المرسلین لقاضی عنایت احمد صاحب صاحب علم الصیغہ۔ جامع المعجزات وغیرہ

ہاں، چند خصائص ضرور ذکر کرتا ہوں۔ ازالۂ شبہات اور لطیفہ کے بعد دوسرا باب بکمں ذکر خصائص میں ہے۔

شبہات اور اُن کا قلع قمع

۱۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ یا اھل الکتاب لا تغلوا فی دینکم (پ۶ نساء ۱۷۱ و مائدہ ۷۷) "اے کتاب والو! اپنے دین میں غلو نہ کرو" ۔۔۔ ان آیتوں میں غلو کی نہی ہے۔

جواب۔ ان آیات میں نداو خطاب یہود اور نصاریٰ دونوں کو ہے۔ چنانچہ قاضی بیضاوی تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں،

(یا اھل الکتاب.....) الخطاب للفریقین غلت الیھود فی حط عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام حتی رموہ بانہ ولد من غیر رشدۃ والنصاریٰ فی رفعہ حتی اتخذوہ الٰھاً۔

(تفسیر مدارک التنزیل اسرار التاویل ۱۳۲ مصر)

یعنی یا اہل الکتاب..... الخ میں خطاب یہود، نصاریٰ دونوں کو ہے۔ یہود کا غلو تو یہ ہے کہ وہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تنقیص کرتے ہوئے ان کو ولد الزنا کہتے اور جانتے ہیں (نعوذ باللہ) اور نصاریٰ کا غلو یہ ہے کہ انہیں معبود ٹھہراتے ہیں۔

دکوۃنی ص ۱۲۲، تفسیر ابو سعود جلد ۳ ص ۶۳۲، تفسیر مفاتیح الغیب ج ۳ ص ۶۲۵ تفسیر مدارک ج ۱ ص ۱۹۱ و ۲۱۴۔ تفسیر خازن ج ۱ ص ۱۹۱ و ۷۷۔ تفسیر روح البیان ج ۲ ص ۸۲۔ تفسیر جلالین ص ۱۰۱، تفسیر صاوی ج ۱ ص ۲۲۶/۲۵۹ تفسیری مظہری جلد ۲ ص ۲۸۹ و

ج ۲ ص ۱۶۰/۱۶۱، لفظ غلو زیادتی اور کمی دونوں میں مستعمل ہے۔ چنانچہ قاضی ثناء اللہ نے لکھا ہے:

الغلو التجاوز عن الحد بالافراط۔ او التفریط تفسیر مظہری ج ۲ ص ۱۶۰

ونحوہٗ فی تفسیر ابی سعود علی ھامش الکبیر جلد ۳ ص ۵۰۲۔

ان دونوں چیزوں کو ذہن نشین کرنے کے بعد ان آیات کا مطلب یہ ہوا۔ اے یہودیو! نبی اللہ کی توہین اور تنقیص کر کے غلو نہ کرو۔ اور اے نصرانیو! نبی اللہ کی تعریف میں حد سے بڑھ کر انہیں خدا یا خدا کا بیٹا، یا خدا کا تیسرا حصہ کہہ کر غلو نہ کرو!

اور یہی تو اہل سنّت کہتے ہیں کہ نبی اللہ کی توہین و کمی کر کے غلو کرنا بھی ممنوع ہے۔ جیسا کہ نبی اللہ کی تعریف میں ایسا زیادتی والا غلو ممنوع ہے۔ کہ نبی اللہ کو اللہ کہا جائے۔ یا اللہ تعالیٰ کا جزء یا شریک کہا جائے (نعوذ باللہ تعالیٰ) پس یہی غلو ممنوع ہے کہ ان کو خدا یا خدا کا شریک یا خدا کا جزء یا بیٹا کہا جائے۔ یا اتحاد و حلول کا قول کیا جائے۔ تعالی اللہ عن ذلک۔ اس کے علاوہ ان کی تعریف میں جتنا بظاہر غلو و مبالغہ کیا جائے وہ درحقیقت نہ غلو ہے نہ مبالغہ، بلکہ وہ جائز ہے اور ہم اس کے مامور ہیں:

۷ اسمٰعیل دہلوی نے تقویۃ الایمان ص ۱۶ میں لکھا ہے کہ

"مشکوٰۃ کے باب المفاخرۃ میں لکھا ہے کہ رزین نے ذکر کیا کہ انس نے نقل کیا کہ فرمایا پیغمبر خدا نے، کہ بے شک میں نہیں چاہتا

کہ بڑھا دو تم مجھ کو زیادہ اُس مرتبہ سے کہ اللہ نے بخشا ہے مجھ کو سو میں تو یہی محمد ہوں بیٹا عبداللہ کا کہ اللہ کا بندہ ہی ہوں اور اس کا رسول! ؎

جواب ۱۔ صاحب تقویۃ الایمان نے مسئلہ امکان (ووقوع) کذب کو سامنے رکھ کر اپنے رب کی سنت ادا کرتے ہوئے اس حوالہ میں دروغ گوئی سے کام لیا ہے، مشکوٰۃ شریف کے باب المفاخرۃ میں یہ حدیث موجود نہیں۔ اگر کسی میں ہمت ہے تو دکھادے۔

۲ بر تقدیر ثبوت حدیث مذکور۔ ہم مانتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ابن عبداللہ ہیں، عبداللہ ہیں، رسول اللہ ہیں۔ حضور اللہ نہیں، اللہ کا جز و شریک و حصہ نہیں۔ اور جتنا مرتبہ اللہ تعالیٰ نے اُنہیں بخشا ہے۔ ہم اس سے انہیں بڑھاتے۔ اگر اُس مرتبہ سے بڑھاتے تو حضور کو خند لگتے۔ باقی یہ بات بھی ذہن نشین رہے۔ کہ جتنا مرتبہ اللہ تعالیٰ نے اُنہیں بخشا ہے۔ ہم سب ل کے اس کے احاطہ اور ادراک اور شمار اور بیان سے عاجز ہیں۔ حضور سے الوہیت کی نفی کرتے ہوئے جتنا مبالغہ اور غلو سے حضور کی تعریف کریں۔ ان کو ان کے موہوبہ مرتبہ سے بڑھانا تو در کنار کما حقہٗ موہوبہ مرتبہ کا بیان بھی نہ ہو سکے گا۔ اگر کسی میں ہمت ہے تو اللہ تعالیٰ نے انا اعطینٰک الکوثر (بے شک ہم نے آپ کو۔ ہر خیر کثیر۔۔۔۔ عطا فرمائی ہے۔ ترجمہ تھانوی صاحب) جتنی چیزیں حضور کو عطا کردینے کی خبر دی ہے۔ ان کو شمار کردے۔

؎ جیسا کہ آیات قرآنیہ اور احادیث اور اقوال آئمہ سے گزر چکا ہے ؎ فرما کر

سوال ۲۳: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدح و ثنا و تعریف و تعظیم میں مبالغہ ناجائز ہے کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا لا تطرونی کما اطرت النصاریٰ ابن مریم فانما انا عبد اللہ ورسولہ[1] "مجھے ایسا نہ بڑھاؤ جیسا کہ نصاریٰ نے عیسیٰ ابن مریم کو بڑھایا سوائے اس کے نہیں کہ میں اللہ تعالیٰ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں"۔

اس شبہ کے متعدد جوابات ہیں۔ بعض الزامی اور بعض تحقیقی ہیں۔ فنقرر

جواب ۱: جب اللہ تعالیٰ کے ازلی کلام قرآن شریف میں حکیم خداوندی آچکا و تعزروہ و توقروہ۔ (حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم میں مبالغہ کرو) علاوہ ازیں اور بہت سی آیات اس موضوع پر پیش ہوئیں اور ہمارا اصل مدعا آیاتِ قرآنیہ سے ثابت ہے۔ احادیث و آثار و اقوالِ آئمہ تو بطور شواہد پیش ہوئے، تو قرآن شریف کے مقابلہ میں حدیث کو پیش کرنا کہاں کا انصاف ہے۔ خبر واحد کتنا اعلیٰ درجہ کی صحیح ثابت ہو جائے تو نہایت کار یہ ہے۔ کہ وہ ظنی دلیل ہے۔ مفید گمان ہے مفید علم نہیں۔ اس سے عقائد قطعیہ ضروریہ کا ثابت کرنا انتہا درجہ کی جہالت ہے۔ ہمارا مسئلہ کہ مبالغہ سے حضور کی توقیر و تعظیم ہو۔ صاف قرآن شریف سے ثابت ہے۔ ہمارے مولیٰ حاکم مطلق کا ضروری حکم ہے۔

---

[1] متفق علیہ (قیل فیہ تامل ۱۲ مرقات) مشکوٰۃ ص۴۱۶ باب المفاخرۃ۔ شمائل ترمذی ص۲۴، بخاری جلد اص۴۹۰ وجلد ۲ ص۱۰۰۹ ۱۲۔ فیضی

جواب ۲: ۱۔ اس حدیث کی سند میں (بروایۃ حمیدی (بخاری جلد ۱ ص ۲۹،

بروایۃ احمد بن منیع وسعید بن عبدالرحمٰن مخزومی۔ شمائل ص ۲۲) سفیان بن عیینہ

ہے۔ آخر عمر میں ان کا حافظہ تبدیل ہو گیا تھا۔ تقریب جلد ۱ ص ۳۱۲ ۔۔۔ تو جب

تک یہ معلوم نہ ہو کہ یہ حدیث انہوں نے آخر عمر سے قبل بیان کی ہے احتجاج

موقوف ہے۔

۲۔ نیز سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ تعالیٰ مدلس ہے (کوثر النبی ص ۳۰، تقریب

جلد ۱ ص ۳۱۲) ابن حزم[1] نے کہا کہ ہم سفیان بن عیینہ کے ہاں بیٹھے ہوئے تھے

کہ سفیان نے کہا عن الزھری۔ سائل نے کہا کیا تجھ سے زہری نے بیان

کیا؟ سفیان خاموش ہو گئے۔ پھر کہا قال الزھری تو اس سے کہا

گیا کیا تو نے یہ روایت زہری سے سُنی تو سفیان نے جواب دیا کہ نہیں نے

زہری سے سُنا اور نہ اُس سے جس نے زہری سے سُنا (کوثر النبی ص ۳۰) خیال

رہے کہ اس حدیث کو بھی سفیان زہری سے روایت کر رہے ہیں اور تدلیس

اتنا سخت عیب ہے کہ شعبہ نے فرمایا کہ تدلیس جھوٹ کا بھائی ہے اور فرمایا کہ

مجھے تدلیس زنا سے زیادہ مبغوض ہے۔ سلیمان نے فرمایا کہ مدلس اور مفتری

کذاب کا ایک ساتھ حشر ہو گا۔

المدلس مجروح مردود الروایۃ مطلقاً عند قوم (کوثر النبی ص ۳۰) | محدثین کی ایک جماعت کے نزدیک مدلس مجروح ہے مطلقاً اس کی روایت مردود ہے!

[1] اگر یہ ابن حزم ظاہری متوفی ۴۵۶ھ ہے تو پھر سفیان متوفی ۱۹۸ھ کا ہم زمان ہونا محل نظر ہے اگر کوئی اور ہے مثلاً ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم متوفی ۱۲۰ھ تو فلا اشکال ۱۲۔ فیضی

۳۔ نیز اس حدیث کی سند میں (فی روایۃ عبد العزیز بن عبد اللہ۔ بخاری ۱۰۹)
ابراہیم بن سعد ہے جس میں کلام کی گئی ہے (تقریب جلد ۱ ص ۳۵) امام محدث یحییٰ
بن سعید کے نزدیک یہ ضعیف ہے۔ (ہدی الساری لابن حجر جلد ۲ ص ۱۱۴)

۴۔ یہ حدیث معنعن ہے۔ امام مسلم کے نزدیک ہمعصر ہونا شرط ہے۔
امام بخاری و علی بن مدینی کے نزدیک ہم عصر ہونے کے ساتھ ملاقات بھی شرط
ہے۔ حضرت ابو مظفر سمعانی کے نزدیک تو طول صحبت شرط ہے۔ ابو عمرو
دوانی نے کہا اس کا معروف الروایۃ ہونا واجب و ضروری ہے۔ بعض محدثین
کے نزدیک تو جب تک اتصال بیان نہ ہو حدیث منقطع ہے (کوثر النبی ص ۱۶۰ و
نووی شرح مسلم جلد ۱ ص ۲۱):

اذا امکن التلاقی ولم یثبت فانہ لا یغلب علی الظن
الاتصال فلا یجوز الحمل علی الاتصال ویصیر کالمجہول
فان روایتہ مردودۃ لا للقطع بکذبہ او ضعفہ بل
للشک فی حالہ (نووی شرح مسلم جلد ۱ ص ۲۱) وذھب بعض اھل
العلم انہ لا یحتج بالمعنعن مطلقاً لاحتمال الانقطاع۔
(نووی جلد ۱ ص ۲۱)

ہمارے امام، امام اعظم رضی اللہ عنہ کے نزدیک تو صحت حدیث کی شرائط
سے یہ شرط بھی ہے کہ محدث کے منہ سے سنے، پھر اسے یاد کرلے پھر بیان
کرے ورنہ نہیں۔

عن ابی حنیفۃ انہ قال لا یحل للرجل ان یروی الحدیث

الا اذا سمعه من فم المحدث فیحفظه ثم یحدث بہ
اخرجه الحاکم النیسابوری فی المدخل ص۱۵

معترض جب تک مذکورہ چیزیں نہ بیان کرے، اُس وقت تک اس کا استدلال تمام نہیں۔ اگر کوئی کہے یہ صحیح بخاری کی حدیث ہے اور اس کی سب حدیثیں صحیح قابلِ احتجاج و استدلال ہیں اور صحیح بخاری اصح الکتب بعد کتاب اللہ ہے۔ جواباً عرض ہے کہ یہ دعوٰے نہ آیت قرآنی سے ثابت ہے نہ صحیح حدیث نبوی سے، نہ اجماعِ اُمت سے، اگر ان سے ثابت ہے تو هل من مبارز۔ بخاری پرستوں کو معلوم ہونا چاہیئے کہ یہ دعوی کرنے والے بعض محدثین غیر معصوم انسان ہیں۔ اور صحیح بخاری کی بعض احادیث پر جرح وطعن کرنے والے اور اس کے راویوں کو مجروح کہنے والے بھی آئمہ حدیث سے ہیں۔ جو اس کی تفصیل دیکھنا چاہے وہ فقیر کی تقلید والی کتاب دیکھے دماغ ٹھکانے لگ جائے گا، مذکورہ یا لاجرح نقل کرنے کے بعد کہنا ہوں آمنا بکل ما جاء بہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ اس جواب کا اکثر حصہ معترضین کے ذوق کے مطابق ہے۔ "طابق النعل بالنعل" تاکہ ان حضرات کو پتہ چلے کہ "جیسی کرنی ویسی بھرنی"۔ وہ لوگ بغض نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام میں آکر شان و مناقب و فضائل سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحیح حدیثیں کو بلا تحقیق بیک جنبش قلم موضوع وضعیف گردانتے ہیں اور فضائل میں وارد ہونے والی مستند ضعیفوں کو موضوع پکار اُٹھتے ہیں سے

ذکر روکے فضل کاٹے نقص کا جویاں رہے ٭ پھر کہے مردک کہ ہوں اُمت رسول اللہ کی

جواب ۳۔ اگر اس حدیث کا مطلب وہی ہے جو معترض نے پیش کیا تو اتنے صحابہ کرام اور آئمہ عظام جنہوں نے فرمایا کہ کما حقہٗ حضور کی تعریف نہیں ہو سکتی۔ آپ کی تعریف میں مبالغہ کرو، جتنا مبالغہ اور غلو سے کرو گے وہ کم ہے۔ کیا یہ حضرات اس حدیث سے بے خبر تھے۔

جواب ۴۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تواضعاً فرمایا خصوصاً آخری جملہ (عینی جلد ۱۶ ص ۲۷، شفا شریف ج ۱ ص ۹، نسیم الریاض جلد ۲ ص ۹۸) شمائل میں اس کا ترجمۃ الباب بیّن شاہد ہے۔ اگرچہ ہر کمال غیر متناہی بمعنی لا تقف عند حد والا عبدہٗ ورسولہٗ ہی میں ہے۔ فافہم۔

جواب ۵۔ اس حدیث میں مطلقاً مبالغہ اور اطراء کی نہی نہیں، بلکہ ایسے مبالغہ کی نہی ہے۔ جو نصاریٰ کے مبالغہ کی طرح ہو۔ یعنی عبداللہ کو اللہ یا ابن اللہ یا اللہ تعالیٰ کا نمبر اجزء وغیرہ کہا جو عبد کی عبدیت کا انکار کر کے اس کو معبود کہنا اور سمجھنا ہے۔ مخلوق کو خالق، حادث کو قدیم، ممکن کو واجب کہنا ہے (العیاذ باللہ تعالیٰ) اور اہل سنت وجماعت علی الاعلان کہتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام خالق نہیں، معبود نہیں، اللہ نہیں، اللہ کا جزء نہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ کے عبد مقرب اور اس کے پیارے رسول و محبوب ہیں اور آپ کے لئے ہر وصفِ کمال جو ممکن ہے وہ ثابت ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مقدس عبدیت کا اقرار کرتے ہوئے اور آپ سے الوہیت کا انتفا کرتے ہوئے آپ کی جتنا تعریف کرو، تعظیم میں غلو کرو، ثنا میں بزعم خود جتنا تجاوز کرو، مبالغہ کرو، وہ درحقیقت مبالغہ نہ

ہو گا۔ تجاوز عن الحد نہ ہو گا۔ ایسی مدح کے بعد بھی مقام رسول اُس سے بے شمار مراتب وراء الوریٰ ہے۔

شیخ المحدثین سید المحققین شاہ عبدالحق محدث محقق مدقق دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ عنہ اسی حدیث کی شرح میں ارقام فرماتے ہیں:

واطراء مبالغہ بمدح آنحضرت دانند و ہر وصف کمال کہ اثبات کنند و ہر کمالے کہ مدح گوید از رتبۂ او قاصر است الا اثبات صفت الوہیت کہ درست نیاید بیت

مخواں او را خدا از بہر شرع و حفظ دیں دگر ہر وصف کش میخواہی اندر مدحش انشا کن

و بحقیقت ہیچ یکے جز خدا حقیقت او ندانند و ثنائے او نتوانند گفت زیرا کہ او را چنانچہ اوست ہیچ کس جز خدا نشناسد چنانکہ خدا را چوں او کس نشناخت صلی اللہ علیہ وسلم

(اشعۃ اللمعات جلد ۴ ص ۹۳/۹۴)

اطراء اور مبالغہ کو حضور کی تعریف میں راستہ نہیں ملتا۔ حضور کے لئے جو وصف کمال ثابت کریں اور جس کمال سے آپ کی تعریف کریں۔ آپ کے رتبہ سے قاصر ہے۔ مگر صفت الوہیت وہ نہ مناسب ہے۔ امر شرعی و حفاظت دین کے سبب آپ کو خدا نہ کہنا۔ اس کے علاوہ جو وصف تو چاہے آپ کی تعریف میں بیان کرنا۔ حقیقت میں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی حضور کی حقیقت کو نہیں جانتا اور نہ کوئی حضور کی تعریف کر سکتا ہے اس لئے کہ حضور کو جیسے کہ ہیں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں پہچانتا، جیسا کہ خدا کو حضور کی طرح کسی نے نہ پہچانا۔

اسی حدیث کی شرح میں حضرت علامہ علی قاری حنفی فرماتے ہیں کہ:

(لا تطرونی کما اطرت النصاریٰ
ابن مریم) ای مثل اطرائهم
ایاه مفهومه ان اطراءه
من غیر جنس اطرائهم جائز و
لله در صاحب البردة حیث
قال ؎
دع ما ادعته النصاریٰ فی نبیهم
واحکم بما شئت مدحا فیه واحتکم
... (فانما انا عبده) ای
الخاص فی مقام الاختصاص
وهو فی الحقیقة افضل مدح
عند الفاضل الکامل
(مرقات شرح مشکوٰۃ جلد ۹ ص ۶۵۶/۶۵۷)

اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ مجھے
اس طرح نہ بڑھاؤ جیسا کہ نصاریٰ نے
عیسیٰ علیہ السلام کو بڑھایا۔ اس کا مفہوم یہ ہے
کہ حضور کو ایسا بڑھانا جو نصاریٰ کے بڑھانے
کی جنس سے نہ ہو تو وہ بڑھانا جائز ہے
اللہ تعالیٰ جزا دے صاحب قصیدہ بردہ
کو کیا خوب فرمایا۔ صرف وہ بات نہ کہنا
جو نصاریٰ نے اپنے نبی کے حق میں کہی۔
اس کے علاوہ جو چاہے آپ کی تعریف
میں بیان کر اور مخالف سے جھگڑ۔
سوائے اس کے نہیں کہ میں اللہ تعالیٰ کا مقام
اختصاص میں خاص بندہ ہوں حقیقت میں
فاضل کامل کے نزدیک یہ بہترین مدح ہے

نیز علامہ علی قاری حنفی اسی حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں:

(وفیه اشعار بان ماعدا نعت
الالوهیة ووصف الربوبیة
یجوز ان یطلق علیه صلی الله
تعالیٰ علیه وسلم والی هذا النهج

اور اس حدیث میں اس بات کی طرف
آگاہ کرتا ہے کہ نعت الوہیت اور وصف
ربوبیت کے علاوہ ہر مدحیہ اطرائیہ چیز
کا اطلاق حضور پر جائز ہے اور اسی

اشار صاحب البردة بقوله ؎

دع ما ادعته النصاریٰ فی نبیهم
واحکم بما شئت مدحاً فیه واحتکم

هذا او قوله انما انا عبد الله[له] تقصر
القلب اے لست شیئاً مما قالت
النصاریٰ او القصر فیه اضافی
فلا ینافی ان له اوصافا من
الکمال غیر العبودیة والرسالة
منها انه سید ولد آدم والله
تعالیٰ اعلم وما احسن قول
ابن الفارض ؎

اری کل مدح فی النبی مقصرا
وان بالغ المثنی علیه واکثرا
اذا الله اثنی بالذی هو اهله
علیه فما مقدار ما یمدح الوریٰ

ولقد احسن من قال
من ارباب الحال ؎

چیدہ برگزیدہ خلاصہ کی طرف صاحب
قصیدۂ بردہ نے اپنے اس شعر "دع ما
ادعته الخ" میں اشارہ کیا ہے۔ اس کو
خوب یاد رکھنا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام
کا یہ قول انما انا عبد اللہ قصر قلب
کے لئے ہے۔ یعنی نصاریٰ نے جو کچھ کہا
ان سے میں کچھ نہیں (نہ اللہ نہ ابن اللہ نہ
ثالث ثلاثہ) یا اس میں قصر اضافی ہے
تو یہ اس بات کے منافی نہیں کہ حضور
کے لئے عبودیت اور رسالت کے علاوہ
اور اوصاف کمال ثابت ہیں۔ جیسے ان
سے یہ کہ حضور اولاد آدم کے سردار ہیں
اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔ ابن الفارض
نے کیا اچھا کہا ہے میں ہر مدح کو حضور
کے حق میں کم دیکھتا ہوں۔ اگرچہ تعریف
کرنے والا مبالغہ کرے اور زیادہ بیان
کرے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے ایسی تعریف

له شنه فی شرح الشمائل للمناوی ج ۲ ص ۱۲۹ - ۱۲ منه

ما ان مدحت محمدا بمقالتی

بل قد مدحت مقالتی بمحمد

اقول ویکفی فی مدحه صلی الله علیه وسلم اجمالاً انه محمد یحمده الاولون والآخرون وانه احمد من حمد واحمد من حمد وانه المقام المحمود ذا اللواء الممدود والحوض المورود والشفاعة العظمی فی یوم مشهود وآدم ومن دونه تحت لوائه فلا یستغنی احد عن حمده وثنائه ثم هذا الحدیث من باب تواضعه حیث اقتصر امره علی مجرد الرسالة والعبودیة نظرا الی کمال نعوت ربه من الالوهیة والربوبیة فهو لیس من قبیل التنزل عمن هو دونه بل من باب تعظیم من فوقه۔

گئی ہے جس کے حضور اہل تھے۔ تو اب مخلوق کی تعریف کس شمار و قطار میں۔ اور ارباب حال سے جس نے یہ کہا اُس نے بھی اچھا کہا میں اپنے مدحیہ کلمات سے حضور کی تعریف نہیں کرتا۔ بلکہ حضور کے نام نامی اسم گرامی سے اپنے کلمات کی مدح کرتا ہوں۔ میں کہتا ہوں۔ اجمالاً حضور کی مدح میں اتنا کافی ہے کہ آپ محمد ہیں صلی اللہ علیہ وسلم۔ اگلے اور پچھلے آپ کی مدح کرتے ہیں، اور کرتے رہیں گے۔ آپ حمد سے احمد ہیں آپ حمد سے احمد ہیں حضور کے لئے ہی مقام محمود ہے اور لمبا جھنڈا ہے اور قیامت میں حوض کوثر اور شفاعت عظمیٰ آپ کے لئے ہے۔ حضرت آدم اور غیر آدم سب آپ کے جھنڈے کے نیچے ہوں گے کوئی آپ کی تعریف سے مستغنی نہ ہوگا۔ پھر یہ حدیث باب تواضع سے ہے اس حیثیت سے کہ حضور نے اپنا معاملہ

کہ محض رسالت اور عبودیت پر بند کیا اپنے رب کے کمال نعوت الوہیت اور ربوبیت کی طرف نظر کرتے ہوئے	(جمیع الوسائل لعلی القاری جلد ۲ صـ ۱۲۹/۱۳۰)

یہ اپنے سے نیچے سے تنزّل کے قبیل سے نہیں، بلکہ اپنے سے اوپر والے کی تعظیم کے باب سے ہے۔

حافظ ابنِ حجر فرماتے ہیں:

ابن تین نے فرمایا لا تطروني کا معنی یہ ہے۔ میری مدح نصاریٰ کی مدح کی طرح نہ کرنا۔ بعض نصاریٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کے بارہ میں یہ غلو کیا کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ ساتھ ان کو بھی خدا مانا اور بعض نے کہا کہ وہی اللہ ہیں اور بعض نے کہا ابن اللہ ہیں!	وقال ابن التين معنى قوله لا تطروني لا تمدحوني كمدح النصارىٰ حتى غلا بعضهم في عيسىٰ فجعله الهاً مع الله وبعضهم ادعى انه هو الله وبعضهم ابن الله۔ (فتح الباری جلد ۱۲ صـ ۱۲۴)

ان کے گھر کی گواہی

حضور کا قول لا تطروني الخ حدیث میں قرآن جیسی تشدید (سختی) نہیں اور اگر	قوله لا تطروني كما اطرت النصارىٰ عيسىٰ ابن مريم الخ

مطبوعہ: پنجاب پریس لاہور

فالحديث له يشدد فيه
تشديد القرآن وعد قولهم
من باب الاطراء فقط لامكان
التاويل فيه بادعاء وحدة
الوجود وغيره (فائدة) واعلم
انه لا حجر في وحدة الوجود
فيمكن ان يكون كذلك۔

(فيض الباري للكشميري الديوبندي
ج ۴ ص ۴۲۸ ملخصاً)

قال الامام البوصيري ؎
دع ما ادعته النصارى.....
الى..... ناطق بقمع الاطراء
الذي نهى عنه صلى الله عليه
وسلم هو ان يدعوا الالوهية
فيه كما ادعاها النصارى
في المسيح عليه السلام ولذلك
قال صلى الله عليه وسلم لا تطروني
كما اطرت النصارى ابن مريم
عيسى ولم يوجد احد ادعى

قول کو صرف باب اطراء سے شمار کیا
کیونکہ اس میں تاویل ممکن ہے۔ وحدۃ
الوجود وغیرہ کا دعویٰ کر کے۔

فائدہ۔ یقین کر کہ وحدۃ الوجود
(کے قول کرنے) میں کوئی رکاوٹ
نہیں۔ تو ممکن ہے کہ ایسے ہو!

امام بوصیری نے فرمایا ؎ دع ما
ادعته الخ اور وہ اطراء (مبالغہ)
جس سے حضور نے روکا وہ یہ ہے کہ
حضور میں الوہیت کا دعویٰ کریں
جیسا کہ نصاریٰ نے حضرت مسیح
علیہ السلام میں کیا تھا۔ اسی لیے حضور
نے فرمایا کہ مجھے ایسا نہ بڑھاؤ جیسا کہ
نصاریٰ نے عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام
کو بڑھایا۔ اور ایسا کوئی نہ پایا گیا کہ
حضور کے کمال فضائل اور اتنے

منہ جو دیکھیں اتنے کمالوں پہ تیری یکتائی ۔ اور بنے کسی کو نہ وحدت وجود کا انکار : قصائد قاسمی ص ۶
لہٰذا تو تو شاید خفت

فیہ الالوھیۃ صلی اللہ علیہ وسلم مع کمال فضائلہ وکثرۃ معجزاتہ الی الغایۃ التی لم توجد فی احد من خلق اللہ تعالیٰ حمایۃ من اللہ لہ	معجزات کثیرہ جو مخلوق سے کسی میں نہ پائے گئے، کے باوجود جس نے حضور کو خدا کہا ہو۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حمایت ہے۔ تائید ایزدی ہے!

(جواہر البحار شریف جلد ۲ صفحہ ۳۱۶ من جواہر الزرقانی)

لطیفہ جب یہ بات پایۂ ثبوت تک پہنچ چکی ہے کہ حضور سید عالم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم وتعریف میں غلو درحقیقت یہ ہے کہ حضور کے لئے صفت الوہیت ثابت کی جائے اور صرف یہی غلو ممنوع ہے۔ اس کے علاوہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مدح وتعظیم میں جتنا مبالغہ ہو، جتنا غلو ہو، وہ غلو ومبالغہ بحکم خدا جل جلالہ وبفرمان سید الانبیاء وبارشادات صحابہ وائمہ واولیاء وعلماء موجب قرب خداوندی ہے۔ اور باعث برکت وسبب ثواب ہے۔ ایسا غلو اگرچہ کتنا ہی سخت ہو، وہ درحقیقت غلو نہیں، بلکہ صورتاً غلو ہے اور حقیقتاً قصور ہے۔ مقام سید عالم کا کروڑواں حصہ بھی نہیں۔ باوجود اتنی وضاحت اور صراحت کے پھر بھی دشمنان نبوت وگستاخان بارگاہ رسالت عاشقان نبوت ومداحان رسالت کے حق میں غالی کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ چلو اب ہم بھی دعا کرتے ہیں کہ اے ہمارے اللہ ہمیں غالی کہا جاتا ہے بطفیل سید عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام

ہیں حقیقتہً اپنے مال خالی کر اور ہم جب مریں تو تیرے نزدیک خالی ہوں اور اٹھیں تو بھی خالی ہوں۔ اس معنی سے خالی ہوں، جس معنی سے حضور نے اپنے عاشق کو خالی فرمایا۔

تشبیہ۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے عاشق صادق کو خالی فرمایا۔

"حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرد دیہاتی جس کا نام زاہر تھا۔ دیہات سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ میں ہدایا تحفے، نذریں پیش کیا کرتا تھا۔ جب وہ شخص واپس جانے کا ارادہ کرتا، تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس کو شہری اشیاء د سامان عطا فرماتے تھے۔ حضور نے فرمایا۔ زاہر ہمارا دیہاتی ہے اور ہم اس کے شہری ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس سے پیار تھا۔ حالانکہ وہ حضرت زاہر بظاہر حسین نہ تھے۔ ایک دن وہی زاہر اپنا سامان بیچ رہے تھے کہ اچانک حضور اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کے پیچھے سے اس سے معانقہ کیا اور اس کی آنکھوں پہ ید الٰہی[1] ہاتھ رکھ دیئے۔ وہ دیکھ نہ سکا کہ کون ہیں تو وہ کہنے لگا

---

[1] حضرت مرزا مظہر جان جاناں رحمۃ اللہ علیہ نے قاضی ثناء اللہ پانی پتی صاحب تفسیر مظہری کے مرشد ہیں نے مولا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے متعلق کہا۔ "نہ انگشت ید الٰہی امیر المومنین حیدر" مکتوبات صفحہ ۱۲۔ النعیمی غفرلہ

کون ہے مجھے چھوڑ دے (کون ہے مجھے چھوڑ دے) جب اس زاہر نے توجہ کی تو تاڑ گیا کہ محبوب رب کی ذات بابرکات ہے جب اسے معلوم ہوا کہ حضور ہیں تو (تبرک ولذت حاصل کرنے کی غرض سے) اپنی پیٹھ حضور کے سینے (وحی کے گنجینے سے جدا نہ کرے تو حضور نے اس کی نیلامی شروع کر دی (حضور نے فرمایا۔ اس غلام کو کون خرید کرتا ہے۔ تو زاہر نے عرض کیا، یا رسول اللہ، اگر آپ نے مجھے بیچا تو اللہ کی قسم مجھے کم قیمت (کھوٹا) پاؤ گے۔ (بوجہ حسین الصوت نہ ہونے کے) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے اس پیارے سے فرمایا کہ تو عند اللہ کم قیمت نہیں بلکہ تو عند اللہ غالی[له] (بھاری قیمت والا) ہے۔" (شمائل ترمذی ص ۱۷)

مسلمانو! سنو، دعا کرو کہ اس زاہر پیارے کے صدقے میں ہم بھی عند اللہ غالی ہوں۔ اب دشمن بیٹھا عالم لاکھ مرتبہ ہمیں غالی کہے کوئی حرج نہیں۔ اے سنیو! حضور کی تعریف و تعظیم میں غلو و مبالغہ کرو کیونکہ یہی اللہ عزوجل کا حکم ہے اور پیچھے گزرا کہ کل غلو فی حقہ تقصیر ہر غلو حضور کی شان میں تقصیر ہے۔ جتنا غلو کرو تھوڑا ہے۔ ہم محبوب رب کے حق میں غلو کریں گے تو عند اللہ غالی ہوں گے!

له انت عند اللہ غال ۱۲ الفیضی غفر لہ

باب دوم

میرے آقا و مولیٰ نبی کریم رؤف رحیم حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے

بعض خصائص و فضائل

میرے آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص کو علمائے اہلسنت نے آٹھ قسموں میں تقسیم کیا اور ان کی تفصیل یہ ہے:-

(۱) وہ خصائص جو دنیا میں حضور کی ذات میں موجود تھے (۲) وہ خصائص جو دار دنیا میں حضور کی شریعت اور امت میں ہیں (۳) وہ خصائص جو آخرت میں حضور کی ذات سے تعلق رکھتے ہیں (۴) وہ خصائص جو آخرت میں حضور کی امت کے ساتھ خاص ہیں (۵) جو واجبات حضور کے ساتھ خاص ہیں بعض میں دیگر انبیاء بھی شریک ہیں (۶) حضور کی تکریم و تعظیم کے لئے جو چیزیں خاص حضور پر حرام ہیں (۷) جو مباحات حضور سے خاص ہیں (۸) جن کرامات و فضائل سے حضور مختص ہیں۔

یہ تقسیم اور جو خصائص کشف الغمہ سے نقل ہوں گے۔ عارف باللہ امام

عبدالوہاب شعرانی مصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی کتاب کشف الغمہ جلد ۲ صہ ۴۳
میں سیدنا وشیخنا وشیخ مشائخنا خاتم الحفاظ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ
کے خط سے منقول ہیں۔ فقیر ان آٹھ قسم کے خصائص میں سے بعض خصائص
کا ذکر کرے گا۔ مولیٰ کریم توفیق عطا فرمائے۔

فائدہ۔ خیال رہے کہ امام سیوطی اور امام شعرانی ہر دو فریق یعنی علماء
اہلسنت اور فریق مخالف (جو دن رات بے عیب حضور کے نقص وعیب
کے متلاشی ہیں) کے نزدیک مسلّم پیشوا و مقتدا و امام ہیں۔ مزید اطمینان کے
لئے فریق مخالف کے مسلّم پیشوا یعنی محمد انور کشمیری دیوبندی کی گواہی پیش
کرتا ہوں۔ ملاحظہ ہو:

نقل عن السیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ
انہ رآہ صلی اللہ علیہ وسلم اثنین
وعشرین مرۃ وسألہ عن احادیث
ثم صححہا بعد تصحیحہ صلی
اللہ علیہ وسلم الخ
(فیض الباری جلد ۱ صہ ۲۰۴)

ترجمہ امام سیوطی سے نقل کیا گیا کہ اس
نے بائیس مرتبہ جاگتے ہوئے حضور
صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی، اور
حضور سے بہت سی حدیثوں کے متعلق پوچھا
کہ یا رسول اللہ یہ آپ کی حدیث ہے یا
نہیں۔ حضور کے صحیح فرمانے کے بعد امام
سیوطی نے ان احادیث کی تصحیح کی!

یہ کشمیری صاحب کا وہم ہے یا قوتِ حافظہ کا زور ہے کہ ۷۵ کو ۲۲
بنا دیا۔ حالانکہ امام سیوطی نے بوقتِ ضرورت جب اس نعمتِ عظمیٰ کا اظہار کیا
تو ۷۵ مرتبہ دیکھنے کی بات کی۔ خدا جانے اس اظہار کے بعد کتنی مرتبہ کرم ہوا؟

ملاحظہ ہو عارف صمدانی قطب ربانی امام شعرانی رحمہ اللہ تعالیٰ کتاب المیزان جلد اول ص۴۸ پر رقمطراز ہیں :-

رایت ورقة بخط الشیخ جلال الدین
السیوطی عند احد اصحابه
وهو الشیخ عبد القادر الشاذلی
مراسلة لشخص سأله فی شفاعته
عند السلطان قایتبای .
رحمه الله تعالیٰ اعلم یا اخی اننی
قد اجتمعت برسول الله صلی الله
علیه وسلم الی وقتی هذا خمس
وسبعین مرة یقظة ومشافهة
ولولا خوفی من احتجابه صلی الله
علیه وسلم عنی لسبب دخولی
للولاة لطلعت القلعة وشفعت
فیک عند السلطان وانی
رجل من خدام حدیثه صلی الله
علیه وسلم احتاج الیه فی تصحیح
الاحادیث التی ضعفها المحدثون
من طریقهم ولاشک ان نفع

امام شعرانی فرماتے ہیں کہ میں نے امام
سیوطی کے خط کا ایک ورقہ اس کے
اصحاب میں سے ایک صاحب یعنی
شیخ عبد القادر شاذلی کے پاس دیکھا
جو مراسلہ تھا اس شخص کے لئے جس
نے آپ سے بادشاہ قایتبای کے پاس
سفارش کا سوال کیا تھا (وہ مراسلہ جو یہ
بدیں مضمون تھا) جان لے اے بھائی
کہ اس وقت تک میں ۷۵ مرتبہ عالم
بیداری میں بالمشافہ حضور صلی اللہ علیہ
وسلم کی زیارت سے مستفیض ہوا اگر حکام
کے پاس جانے کی وجہ سے حضور کی زیارت
کی محرومی کا خوف نہ ہوتا تو میں قلعہ شاہی
میں داخل ہوتا اور بادشاہ کے ہاں
تیرے حق میں سفارش کرتا اور میں خدام
حدیث سے ایک مرد ہوں ۔ ان احادیث
کی تصحیح کے بارہ میں حضور کا محتاج ہوں

ذلک الرجحی من نفعہ	جن کو محدثین نے اپنے طریقہ پر ضعیف کر دیا اور بے شک یہ تفخ تر سے نفع سے بہت زیادہ ہے!

نیز علامہ نبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے یہی عبارت اپنی کتاب "سعادت دارین" کے صہ ۳۸۴ پر نقل کی ہے۔ اب امام شعرانی کے متعلق کشمیری صاحب کی گواہی سنیئے!

والشعرانی رحمہ اللہ تعالیٰ ایضاً کتب انہ رآہ صلی اللہ علیہ وسلم وقرأ علیہ البخاری فی ثمانیۃ رفقۃ معہ ثم سماھم وکان واحد منھم حنفیا و کتب الدعاء الذی قرأ عند ختمہ (فیض الباری جلد ۱ صہ ۲۰۴)	امام شعرانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی لکھا ہے کہ انہوں نے حضور کو عالم بیداری میں دیکھا۔ اور آٹھ ساتھیوں کے ساتھ حضور پر ساری بخاری شریف پڑھی۔ ایک ساتھی حنفی تھا اور امام شعرانی نے وہ دعا بھی لکھی ہے جو حضور نے بخاری شریف کے ختم کے وقت پڑھی۔

اب اس گواہی سے فریق مخالف کو مزید اطمینان ہو گیا کہ جن دو اماموں کا نام اوّلاً آیا وہ کیسے جلیل القدر ہیں۔

خصوصیت ع ۱

۱۔ سب نبیوں سے احتیٰ کہ حضرت آدم سے بلکہ سب مخلوق سے پہلے حضور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے۔ (کشف الغمہ للامام شعرانی جلد ۲ صہ ۳۴ مطبوعہ مصر) نسیم الریاض جلد ۲ صہ ۲۸۳، سیرت رسول عربی صہ ۶۴۳، مرقات ج ۱ صہ ۱۳۹۔

۲۔ حضور باعتبار حقیقت کے اول انبیاء ہیں۔ کشف الغمہ للشعرانی جلد ۲ صفحہ ۴۳
ومدارج النبوۃ جلد ۲ صفحہ ۳، جواہر البحار جلد ۱ صفحہ ۱۱۳/۱۱۴، مدارج النبوۃ شیخ عبدالحق
محدث دہلوی جلد ۲ صفحہ ۲ ومدارج النبوۃ جلد ۱ صفحہ ۲ جواہر البحار جلد ۱ صفحہ ۳،
صحائف السلوک صحیفہ ۲۹ صفحہ نقطب الاقطاب وغوث الاغواث ناصر الحق
والدین حضرت خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی۔ نسیم الریاض ج ۲ صفحہ ۲۷۵،
جواہر البحار جلد ۱ صفحہ ۲۲۵، ناقلا عن الکمالات الالٰہیۃ فی الصفات
المحمدیہ للشیخ عبد الکریم الجیلی۔ اشعۃ اللمعات جلد ۴ صفحہ ۴۲۷
للشیخ المحقق علی الاطلاق۔ عبد الحق المحدث الدہلوی المحنفی
رضی اللہ عنہ۔ جواہر البحار جلد ۴ صفحہ ۲۷ ناقلا عن الشیخ عبد اللہ
الرومی المتوفی ۱۰۵۴ھ۔ زرقانی جلد ۱ صفحہ ۴۹۔ مواہب اللدنیہ نقلہ الزرقانی
فی شرحہ جلد ۱ صفحہ ۲۷، مدارج النبوۃ جلد ۲ صفحہ ۶۰۹/۶۱۰، جواہر البحار جلد ۳ صفحہ ۲۵۵
عن عبد القادر الجزائری المتوفی سنہ ۱۳۰۰ھ، مدارج النبوۃ جلد ۱ صفحہ ۱۱۵۔ تفسیر
عزیزی پ ۳۰ صفحہ ۲۱۹۔ سیرت رسول عربی صفحہ ۴۳۔ جواہر البحار جلد ۱ صفحہ ۲۲۵/۲۲۶۔
امیر ابن الحاجب۔ جواہر البحار جلد ۱ صفحہ ۲۲۵ از جیلی جلد ۱ صفحہ ۲۶۴ از سبکی۔
جواہر البحار جلد ۱ صفحہ ۳۔ حضور جیسا کبھی اول جواہر البحار منقول از شیخ اکبر جلد ۱
صفحہ ۱۲۷ و ۱۲۸۔ جواہر البحار جلد ۲ صفحہ ۹ ناقلا عن المواہب نبوت حقیقیہ
اولا عطا حضور اول خلقاً۔ اولیت بالاحادیث جواہر البحار جلد ۲ صفحہ ۲۲۳
از نابلسی۔ اولیت پر احادیث صحیحہ جواہر البحار جلد ۲ صفحہ ۴۴۔ حضور اول
آخر ظاہر باطن اس پہ دلائل از خفاجی۔ جواہر البحار جلد ۲ صفحہ ۲۱۶۔

نوٹ:۔ ضرورت تو نہیں کہ ایسے معتمدین ائمہ کے حوالہ کے بعد مزید تائیدیں نقل کی جائیں لیکن قوم نذر ہو چکی ہے۔ لہٰذا حتی الوسع ہر خصوصیت و فضیلت کے بعد قرآن و حدیث اور مزید حوالہ جات ائمہ اہل سنت سے مزین کرتا جاؤں گا اور کہیں کہیں اتمام حجت کے لیئے فریق مخالف کے پیشواؤں سے بھی نقل پیش کروں گا! وما توفیقی الا باللہ تعالیٰ

حضور کے اوّل مخلوق ہونے پر پہلی قرآنی دلیل

مسلمانو! ہمارا مولیٰ کریم ارشاد فرماتا ہے:

ھو الاوّل و الآخر والظاھر والباطن ج وھو بکل شئ علیم (پ۲۷ الحدید ع۱)	وہی (اللہ و رسول) اول وہی آخر وہی ظاہر وہی باطن اور وہی سب کچھ جانتا ہے۔

شیخ المحدثین امام المحققین برکۃ رسول اللہ فی الہند شیخ عبد الحق محدث دہلوی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں:

ایں کلمات اعجاز سمات ہم مشتمل بر حمد و ثنائے الٰہی ست تعالیٰ و تقدس کہ در کتاب مجید خطبہ کبریای خود بداں خواندہ و ہم متضمن نعت و وصف حضرت رسالت پناہی ست صلی اللہ علیہ وسلم (مدارج النبوۃ جلد اول)	یہ کلمات اعجاز کی علامت والے (یعنی پانچ صفتیں (۱) اول (۲) آخر (۳) ظاہر (۴) باطن (۵) اور ہر چیز کو جاننا) حمد و تعریف خدا پہ بھی مشتمل ہیں، اس لئے کہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے اپنی کبریائی کا خطبہ انہی کلمات سے پڑھا، اور نیز یہ

کلمات دپانچ صفات حضور کی نعت و تعریف بھی ہیں۔"

یعنی حضور سب سے اوّل ہیں باعتبار پیدائش کے، اور سب نبیوں سے آخر باعتبار تشریف آوری کے۔ اور حضور کے انوار ظاہر ہیں اس طرح کہ تمام کو گھیرے ہوئے ہیں۔ اور حضور کے انوار نے تمام جہان کو روشن کر دیا۔ کوئی ظہور حضور کے ظہور کے مثل نہیں اور کوئی نور حضور کے نور کی مثل نہیں۔ اور باطن (پوشیدہ) ہیں۔ حضور کے اسرار کہ کسی کو حضور کی حقیقت معلوم نہ ہو سکی اور تمامی حضور کے کمال و جلال کے نظارہ میں حیران و خیرہ رہ گئے۔ اور حضور ہر چیز جاننے والے ہیں۔ ذات الٰہی کی شانیں اور صفات حق کے احکام اور اسماء افعال و آثار کے جاننے والے ہیں اور تمامی علوم ظاہر و باطن اوّل آخر سب کا حضور نے احاطہ کر لیا، سب کو گھیر لیا۔ (مدارج جلد ۱ صلہ)

قال الامام عبد القادر الجزائری ؒ ھو (صلی اللہ علیہ وسلم) الانسان الازلی وھو الاول والآخر والظاھر والباطن وھو بکل شیئ علیم کما ان الحق تعالیٰ لہ ھذہ الصفات

(جواہر البحار جلد ۳ صلہ ۲)

عارف باللہ حاضر بارگاہ رسول اللہ علامہ شیخ یوسف بن اسماعیل النبھانی رحمۃ اللہ علیہ سلطان العارفین امام العلماء المحققین والاولیاء المکاشفین سیدی شیخ اکبر محی الدین ابن العربی المتوفی ۶۳۸ھ کی کتاب مستطاب فتوحات مکیہ کے دسویں باب ص ۱۴۳ سے ناقل:

فهو صلی اللہ علیہ وسلم الاول والآخر والظاھر والباطن وھو بکل شئی علیم فانہ قال اوتیت جوامع الکلم وقال رأیت ربہ ضرب بیدہ بین کتفی فوجدت بردا انا ملہ بین ثدیی فعلمت علم الاولین والآخرین فحصل لہ التخلق والنسب الالٰھی من قولہ تعالیٰ عن نفسہ ھو الاول والآخر والظاھر والباطن وھو بکل شئ علیم۔

(جواہر البحار شریف جلد ۱ صہ ۱۱۳)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم اول ہیں اور آخر ہیں اور ظاہر ہیں اور باطن ہیں اور حضور ہر چیز کے جاننے والے ہیں۔ حضور نے فرمایا کہ میں جامع کلمات دیا گیا۔ اور حضور نے اپنے رب سے یہ بیان فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا قدرت والا ہاتھ میرے دو کندھوں کے درمیان رکھا تو میں نے اس کے قدرتی پوروں کی ٹھنڈک اپنے سینے میں محسوس کی تو میں نے اولین اور آخرین کے علم کو جان لیا تو حضور کو اللہ تعالیٰ کے اس قول سے تخلق اور نسبت حاصل ہو گئی کہ وہ اول ہے ۴ اور ظاہر ہے اور پوشیدہ ہے اور وہ ہر چیز کے جاننے والا ہے!

اوّل آخر، ظاہر باطن کا اطلاق حضور پہ

(نسیم الریاض و شرح شفا لعلی القاری جلد ۲ صہ ۴۲۴ / ۴۲۵)

؎
ہم پس و ہم پیش اند عالم توئی
سابق و آخر بیک جا ہم توئی

(شیخ عطار منطق الطیر صہ ۲)

۴ اور آخر ہے

حضور کے اوّل مخلوق ہونے پر دوسری قرآنی دلیل

مسلمانو! ہمارا ربّ کریم ارشاد فرماتا ہے:

وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِیْمَ وَمُوْسٰى وَعِیْسَى ابْنِ مَرْیَمَ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّیْثَاقًا غَلِیْظًا ۝ لِّیَسْــٴَـلَ الصّٰدِقِیْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابًا اَلِیْمًا ۝

(پ ۲۱ الاحزاب ع ۱)

اور اے محبوب یاد کرو جب ہم نے نبیوں سے عہد لیا تم سے اور نوح اور ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ بن مریم سے اور ہم نے ان سے سخت عہد لیا تاکہ سچوں سے ان کے سچ کا سوال کرے اور اس نے کافروں کے لئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

قرآن کا ترجمہ و تفسیر حضور کی حدیث سے:

عن ابی هریرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی قوله تعالیٰ "واذ اخذنا من النبیین میثاقهم" قال کنت اول النبیین فی الخلق وآخرهم فی البعث۔ رواه ابو نعیم فی دلائل النبوة ص ۱۱ ج ۱ - ذکره السیوطی

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس فرمان خداوندی "واذ اخذنا من النبیین میثاقهم" کی تفسیر میں فرمایا کہ میں تمام انبیاء علیہم السلام سے پیدائش میں مقدم ہوں، اول ہوں اور مبعوث ہونے میں آخر ہوں۔ امام سیوطی نے اتنا اور ذکر

له فی المقاصد "کنت اول النبیین فی الخلق وآخرهم فی البعث" من حدیث

(باقی برصفحہ ۲۷۰)

وقال اخرجه ابن ابی حاتم فی تفسیرہ وابو نعیم فی الدلائل وزاد فی آخرہ فبدا بہ قبلھم۔ (خصائص الکبری جلد ۱ صـ۳)	کیا۔ پس اسی لئے رب کریم نے انبیاء سے پہلے حضور سے شروع کیا (یعنی پہلے منک فرمایا) بعد میں ومن نوح وابراہیم وموسیٰ الخ فرمایا

جواہر البحار جلد ۱ صـ۱۲ ناقلاً عن الشفا۔ نسیم الریاض للخفاجی الحنفی المصری ج ۲ صـ۲۲۴۔ وشرح شفا علی القاری الحنفی علی ھامشہ ج ۲ صـ۲۲۴ مرقاۃ شرح مشکوٰۃ لملا علی القاری الحنفی ج ۵ صـ۳۶۹ (شفا شریف) ج ۱ صـ۲۰۰/۲۰۱ رواہ ابن ابی حاتم والدیلمی وابو نعیم وغیرھم عن ابی ھریرۃ مرفوعاً بلفظ کنت اول النبیین فی الخلق وآخرھم فی البعث۔ زرقانی شرح مواھب اللدنیہ

بقیہ حاشیہ صـ ۲۶۹

سعید بن بشیر ولہ شاھد فی تاریخ البخاری وغیرہ وصححہ الحاکم بلفظ "کنت نبیا وآدم بین الروح والجسد" اما الذی اشتہر بلفظ کنت نبیا وآدم بین الماء والطین فلم نقف علیہ بھذا اللفظ فضلاً عن زیادۃ وکنت نبیا ولا آدم ولا ماء ولا طین وقد قال شیخنا[۱] ان الزیادۃ ضعیفۃ والذی قبلھا قوی" تذکرۃ الموضوعات للعلامۃ محمد طاھر الفتنی المتوفی ۹۸۶ھ صـ۸۶ وکذا ذکرہ العلامۃ ملا علی القاری الحنفی المجدد للمائۃ الحادی عشر (کما افادہ مولانا عبد الحی اللکھنوی فی فتاواہ) مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ج ۵ صـ۳۶۲ ذکر ھذا الحدیث کنت نبیاً وآدم بین الماء والطین۔ الشیخ المحقق علی الاطلاق المحدث عبد الحق الدھلوی الحنفی فی اشعۃ اللمعات ج ۴ صـ۴۷۲ وکذا ذکرہ العارف الجامی قدس سرہ السامی "شواھد النبوۃ صـ۱" ۱۲ الفیضی

[۱] ای العسقلانی ۱۲ الفیضی غفرلہ

ج ۵ ص۲۴۲- شفا شریف ج ۱ ص ۳۷ نقله عن قتادة مرفوعا۔ نسیم الریاض شرح شفا ج ۱ ص ۲۵۰ و شرح شفا لعلی القاری ج ۱ ص ۲۵۰ - جواهر البحار از ابونعیم ج ۱ ص ۶۸- جواهر البحار ج ۱ ص ۲۸ از خصائص الکبریٰ سیوطی۔

قاضی ثناء اللہ پانی پتی ارقام فرماتے ہیں:

وقدم النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الذکر تعظیما له واشعارا بما اخبر عنه صلی اللہ علیہ وسلم حیث قال کنت اول الناس فی الخلق وآخرهم فی البعث رواہ ابن سعد عن قتادة مرسلا ورواہ البغوی متصلا عن قتادة عن الحسن عن ابی هریرة وقال قال قتادة وذلک قول اللہ عزوجل واذ اخذنا من النبیین میثاقهم ومنک ومن نوح الآیة فبدأ به صلی اللہ علیہ وسلم قبلهم وروی ابن سعد و ابونعیم فی الحلیة عن سہل بن الفجر بن سعد عن ابی الجدعاء

حضور کی تعظیم کے لئے اس آیت میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکر پہلے کیا اور اس بات کی طرف اشارہ کرنے کے لئے جس کی حضور نے خبر دی کہ میں پیدا ہونے کے لحاظ سے تمام لوگوں سے اول ہوں اور تشریف لانے کے اعتبار سے آخر ہوں۔ اس حدیث کو سعد نے قتادہ سے مرسلاً روایت کیا ہے اور بغوی نے قتادہ عن ابوہریرہ سے متصلاً روایت کیا ہے اور کہا کہ قتادہ نے فرمایا کہ اسی کا بیان اللہ تعالیٰ کے اس قول واذ اخذنا من النبیین میثاقہم ومنک ومن نوح الآیۃ میں ہے کہ انبیاء کرام سے پہلے حضور کا ذکر کیا۔ اور ابن سعد اور ابونعیم نے حلیہ میں میسرۃ

والطبرانی فی الکبیر عن ابن عباس بلفظ کنت نبیا و آدم بین الروح والجسد۔

(تفسیر مظہری ج ۷ ص ۲۸۱)

ابو نعیم حاکم سے اور طبرانی کبیر میں ابن عباس سے بدیں الفاظ روای ہے کہ میں اس وقت بھی نبی تھا جب کہ آدم علیہ السلام روح اور جسد کے درمیان تھے۔

علم الآئمہ ناصر الشریعتہ محی السنتہ علامہ خازن رحمتہ اللہ علیہ اسی آیت کے ماتحت ارقام فرماتے ہیں:

وقدم النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الذکر تشریفا لہ وتفضیلا ولما روی البغوی[۱] باسنادہ الثعلبی عن ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال کنت اول النبیین فی الخلق وآخرھم فی البعث قال قتادۃ وذلک قول اللہ واذ اخذنا من النبیین میثاقھم ومنک ومن نوح فبدأ بہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ (تفسیر خازن ج ۳ ص ۴۵۳)

اس آیت میں حضور کا ذکر پہلے کیا حضور کی تعظیم اور فضیلت کے لئے اور اس وجہ سے بھی کہ امام بغوی نے باسناد ثعلبی ابوہریرۃ سے روایت کیا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ میں پیدائش میں انبیاء سے اول ہوں اور تشریف آوری میں اُن سے آخر ہوں۔ حضرت قتادہ نے فرمایا اسی کا بیان اللہ تعالیٰ کے اس قول مبارک میں ہے واذ اخذنا الخ اسی لئے پہلے حضور کا ذکر کیا۔

ابن تیمیہ گمراہ کا پورا پورا متبع شاگرد ابن کثیر لکھتا ہے۔ خیال رہے کہ ابن کثیر کے حوالے اتمام حجت کے لئے پیش کرتا ہوں فریق آخر اس کو بہت مانتا ہے۔

[۱] معالم التنزیل ج ۵ ص ۱۹۲ مع خ ف

قال ابن ابی حاتم حدثنا ابوزرعة الدمشقی حدثنا محمد بن بکار حدثنا سعید بن بشیر حدثنی قتادة عن الحسن عن ابی ھریرة رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی قول اللہ تعالیٰ (واذ اخذنا من النبیین میثاقھم ومنک ومن نوح) الآیۃ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم کنت اول النبیین فی الخلق وآخرھم فی البعث فبدأ بی قبلھم .... وقد رواہ سعید ابن ابی عروبة عن قتادة بہ مرسلا وھو اشبہ . ورواہ بعضھم عن قتادة موقوفا واللہ اعلم (تفسیر ابن کثیر جلد ۳ ص ۴۶۹)

ابن ابوحاتم ۔ ابوزرعۃ ۔ محمد بن بکار سعید بن بشیر ۔ قتادۃ ۔ حسن ۔ ابوہریرۃ حضور سے اللہ تعالیٰ کے اس قول واذ اخذنا ۔ الآیۃ میں راوی ہیں کہ حضور نے فرمایا کہ میں خلقاً اول انبیاء ہوں اور بعثاً ان سے آخر ہوں اسی لئے میرا ذکر ان سے پہلے کیا ۔ اور اس حدیث کو سعید بن ابی عروبہ نے قتادہ سے مرسلاً روایت کیا ۔ وہ بہت مشابہ ہے ۔

اور بعض نے اسے قتادہ سے موقوفاً روایت کیا ہے ۔ واللہ اعلم

اسی آیت کے ماتحت امام سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ نے درج ذیل احادیث نقل فرمائیں:

(۱) واخرج ابن مردویہ عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال

اذ ابن مردویہ ابن عباس سے مخرج کہ ابن عباس نے فرمایا ۔ عرض کیا گیا۔

قیل یا رسول اللہ متی اخذ میثاقک قال و آدم بین الروح والجسد

یا رسول اللہ آپ کا میثاق کب لیا گیا فرمایا جبکہ آدم روح اور جسد کے درمیان تھے۔

(عن ابی ھریرۃ قال سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم متی وجبت لک النبوۃ قال بین خلق آدم و نفخ الروح فیہ جواہر امام ابونعیم - جواہر البحار ج ۱ ص ۱۔)

۲۔ واخرج ابن سعد قال قال رجل للنبی صلی اللہ علیہ وسلم متی استنبئت قال و آدم بین الروح والجسد حین اخذ منی المیثاق

۲۔ ابن سعد نے اخراج کیا۔ کہا کہ ایک مرد نے حضور سے کہا کہ کب آپ سے خبر طلب کی گئی۔ فرمایا کہ جب مجھ سے وعدہ لیا گیا تو آدم علیہ السلام روح اور جسد کے درمیان تھے۔

۳۔ واخرج البزار والطبرانی فی الاوسط وابونعیم فی الدلائل عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قیل یا رسول اللہ متی کنت نبیا قال و آدم بین الروح والجسد

۳۔ بزار اور طبرانی اوسط میں اور ابونعیم دلائل میں ابن عباس سے راوی و مخرج کہ ابن عباس نے فرمایا۔ عرض کی گئی یا رسول اللہ آپ کب نبی تھے فرمایا کہ میں اس وقت بھی نبی تھا، جبکہ آدم علیہ السلام روح اور جسد کے درمیان تھے (یعنی پیدا نہ ہوئے تھے)

۴۔ واخرج احمد والبخاری

۴۔ امام احمد اور بخاری تاریخ میں

فی تاریخه والطبرانی والحاکم وصححه وابونعیم والبیهقی معا فی الدلائل عن میسرة الفخر رضی الله عنه قال قلت یارسول الله متی کنت نبیا قال وآدم بین الروح والجسد۔

اور طبرانی اور حاکم بافادہ صحت اور ابو نعیم اور بیہقی دونوں دلائل میں میسرہ سے راوی ہیں۔ کہا کہ میں نے عرض کی یارسول اللہ آپ کب نبی تھے۔ فرمایا اس وقت کہ آدم روح اور جسد کے درمیان تھے۔

۵۔ واخرج الحاکم وابونعیم والبیهقی عن ابی هریرة رضی الله عنه قال قیل للنبی صلی الله علیه وسلم متی وجبت لک النبوة قال بین خلق آدم ونفخ الروح فیه۔

۵۔ حاکم، ابونعیم، بیہقی حضرت ابوہریرہ سے راوی ہیں کہ حضرت ابوہریرہ فرماتے ہیں۔ حضور سے عرض کی گئی۔ کب سے آپ کے لئے نبوت ثابت ہے۔ فرمایا کہ ابھی آدم علیہ السلام کی پیدائش مکمل نہ ہوئی تھی (کہ میرے لئے نبوت ثابت ہے)

۶۔ واخرج ابونعیم عن الصنابحی قال قال عمر رضی الله عنه متی جعلت نبیا قال وآدم منجدل فی الطین۔

۶۔ ابونعیم صنابحی سے راوی فرماتے ہیں کہ حضرت عمر نے کہا کہ آپ کب سے نبی ہیں۔ فرمایا اس وقت سے کہ آدم علیہ السلام گارے میں لتھڑے تھے۔

۷۔ واخرج ابن سعد عن ابی الجدعاء رضی الله عنه قال

۷۔ یعنی ابن سعد ابن ابی الجدعاء سے مخرج ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے

قلت یا رسول اللہ متی جعلت نبیا قال وآدم بین الروح والجسد

عرض کی یا رسول اللہ آپ کب سے نبی بنے۔ فرمایا آدم کی خلقت سے پہلے!

۸۔ واخرج ابن سعد عن مطرف بن عبد اللہ بن الشخیر رضی اللہ عنہ ان رجلا سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ متی کنت نبیا قال وآدم بین الروح والطین۔

۸۔ یعنی ابن سعد مطرف سے مخرج کر ایک مرد نے حضور سے سوال کیا آپ کو نبوت کب سے ملی۔ فرمایا کہ جب آدم علیہ السلام روح اور گارے کے درمیان تھے!

۹۔ واخرج ابن ابی شیبۃ عن قتادۃ رضی اللہ عنہ قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا قرأ واذ اخذنا من النبیین میثاقہم ومنک ومن نوح قال بدئ بی فی الخیر وکنت آخرہم فی البعث

۹۔ یعنی ابن ابی شیبہ قتادہ سے راوی ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جب واذ اخذنا الخ پڑھتے فرماتے بھلائی میں مجھ سے ابتداء کی گئی اور میں ان انبیاء سے تشریف لانے میں آخر ہوں!

۱۰۔ واخرج ابن جریر عن قتادۃ رضی اللہ عنہ واذ اخذنا من النبیین میثاقہم ومنک ومن نوح قال ذکر انا ان نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول

۱۰۔ ابن جریر قتادہ سے راوی ہیں۔ واذ اخذنا الآیۃ۔ فرمایا کہ ہمارے لئے یہ ذکر کیا گیا ہے کہ حضور فرمایا کرتے تھے کہ میں پیدائش میں اول انبیاء ہوں اور بعثت میں آخر ہوں

كنت اول النبيين فى الخلق و آخرهم فى البعث ۔

۱۱۔ و اخرج الحسن بن سفيان وابن ابی حاتم وابن مردویه وابونعیم فی الدلائل والدیلمی وابن عساکر من طریق قتادة عن الحسن عن ابی هریرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم فی قول الله تعالیٰ واذ اخذ نا من النبیین میثاقهم الآیة قال کنت اول النبیین فی الخلق وآخرهم فی البعث فبدی بہ قبلهم ۔ (تفسیر درمنثور ج ۵ ص ۱۸۴)
مطالع المسرات صفحہ ۳۴

۱۱۔ حسن بن ابی سفیان ۔ ابن ابی حاتم ابن مردویہ ۔ ابونعیم دلائل میں ۔ دیلمی اور ابن عساکر بطریق قتادہ حسن سے وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اللہ تعالیٰ کے اس قول (واذ اخذنا الآیۃ) میں راوی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں خلقت میں اول انبیاء ہوں ۔ اور بعثت میں ان سے آخر ہوں ۔ اسی لئے ان سے پہلے میرا ذکر ہوا ۔

۱۲۔ قال علیه الصلوٰة والسلام کنت اولهم خلقا وآخرهم بعثا (تفسیر روح البیان جلد ۵ ص ۶۶)

حضور کی اولیت پر تیسری قرآنی دلیل

مسلمانو ! ہمارا مولیٰ کریم ارشاد فرماتا ہے :

قل اننی هدانی ربی الی صراط | تم فرماؤ بے شک مجھے میرے رب

مستقیم دینا قیما ملة ابراھیم حنیفا وما کان من المشرکین قل ان صلوٰتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العالمین لا شریک له وبذلک اُمرت وانا اول المسلمین۔ (پ ۸ الانعام ع ۲۰۔ آخری رکوع)	نے سیدھی راہ دکھائی ٹھیک دین ابراھیم کی ملت جو ہر باطل سے جدا تھے۔ اور مشرک نہ تھے۔ تم فرماؤ۔ بے شک میری نماز اور میری قربانیاں اور میرا جینا اور میرا مرنا سب اللہ کے لئے ہے۔ جو رب سارے جہان کا اس کا کوئی شریک نہیں۔ مجھے یہی حکم ہوا ہے اور میں سب سے پہلا مسلمان ہوں!

صدر الافاضل مولانا سید نعیم الدین صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ارشاد فرماتے ہیں:

"اولیت یا تو اس اعتبار سے ہے کہ انبیاء کا اسلام ان کی اُمت پر مقدم ہوتا ہے۔ یا اس اعتبار سے، کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اول مخلوقات ہیں تو ضرور اول المسلمین ہوئے"۔ (تفسیر خزائن العرفان)

القرآن حجة من کل الوجوه[۱]	قرآن ہر وجہ سے حجت ہے۔

علامہ سلیمان جمل رحمۃ اللہ علیہ امام قرطبی سے ناقل ہیں:

فان قیل اولیس ابراھیم	اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ کیا ابراہیم

[۱] کما فی التفسیر الکبیر وشرح المواھب للزرقانی وغیرھا النھیدة الزکیة شمول الاسلام ص۱ للاعلٰی سیدنا اعلیحضرت ۱۲ النعیمی عفی عنه

والنبيون قبله قلنا عنه جوابان احدهما انه اولهم من حيث انه مقدم عليهم فی الخلق وفی الجواب یوم الست بربکم ثانیهما انه اول المسلمین من امته ملته اه (تفسیر الفتوحات الالٰہیہ) جلد ۲ - ص ۱۱۷	علیہ السلام اور دیگر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام حضور سے پہلے (مسلمان) ہیں ہم کہیں گے اس کے دو جواب ہیں، ایک یہ کہ حضور سب انبیاء سے اوّل ہیں اس حیثیت سے کہ پیدائش اور الست بربکم کے جواب میں حضور ان سب پر مقدم ہیں، دوسرا جواب یہ ہے کہ حضور اپنے دین والوں سے اول المسلمین ہیں۔

عارف باللہ علامہ شیخ احمد صاوی رقمطراز ہیں:

قوله وانا اول المسلمين... واستشكل بانه تقدمه الانبياء واممهم فاجاب المفسر (ای السیوطی) بان الاولية بالنسبة لامته، واجيب ايضا بان الاولية بالنسبة لعالم الذر فهی حقيقية حاشية الصاوی علی الجلالین ج ۲ ص ۵۹	ان کا قول وانا اول المسلمین۔ حضور کے اول مسلمین ہونے پر یہ اشکال پیش کیا گیا کہ حضور سے تو انبیاء اور ان کی اُمتیں پہلے ہو گزری ہیں (لہٰذا حضور اول مسلمین کیسے ہوئے) تو مفسر سیوطی نے جواب دیا کہ حضور کی اولیت اپنی اُمت کی بہ نسبت ہے اور یہ جواب بھی دیا گیا ہے کہ حضور کی اوّلیت عالم ذر کی بہ نسبت ہے تو یہ اولیت حقیقتاً ہے

علامہ اسمٰعیل حقی حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ رقمطراز ہیں:-

ص- ثانیہما

وانا اول المسلمین یعنی اول من
استسلم عند الایجاد لامر کن و
عند قبول فیض المحبۃ بقولہ
یحبہم ویحبونہ مالاستسلام
للمحبۃ فی قولہ یحبونہ دل
علیہ قولہ علیہ السلام
اول ما خلق اللہ نوری کذا
فی التاویلات النجمیۃ

(تفسیر روح البیان)

جلد ٢ صہ ٢٣٨/٢٣٩

وانا اول المسلمین یعنی امر کن کے ایجاد
کے وقت اور اللہ تعالیٰ کے اس قول
کے فیض محبت کے قبول کے وقت پہلا
فرمانبردار میں ہوں اور اللہ تعالیٰ کے
اس قول یحبونہ میں محبت کے لئے
پہلا فرمانبردار میں ہوں۔ اس پر حضور
کے قول مبارک اول ما خلق اللہ نوری
(سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرے نور کو
پیدا کیا) نے دلالت کی ہے۔ تاویلات
نجمیہ میں ایسا ہے۔

وانا اول المسلمین عند الایجاد
لامر کن کما قال اول ما خلق اللہ
نوری۔

(تفسیر نیشاپوری ٨/٥٥)

بحوالہ مقیاس نور۔

امر کن کی ایجاد کے وقت میں پہلا
مسلمان ہوں، جیسا کہ حضور نے فرمایا
سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرے
نور کو پیدا کیا!

اشارۃ الی تقدم روحہ و
جوہرہ علی جمیع الکون فی الحضرۃ
حین خاطبہ بالرسالۃ والولایۃ
والمحبۃ والخلۃ فانقاد فی اول

اول مسلمین میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام
کے روح اور جوہر شریف کے تمام عالم
پر مقدم ہونے کی طرف اشارہ ہے۔
جبکہ حضرت الوہیت میں اللہ تعالیٰ نے

الاول الازلی الابدی تعالی اللہ عما یقولون الظالمون علوا کبیرا اشارالی ماذکرنا قولہ علیہ السلام کنت نبیا (وآدم بین الماء والطین) وقولہ علیہ السلام اول ماخلق اللہ نوری۔	اُن سے رسالت اور ولایت اور محبت اور خلت سے خطاب کیا۔ تو مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو ازلی ابدی اوّل الاول میں برگزیدہ فرمایا۔ اللہ تعالیٰ ظالموں کی بات سے بہت بلند تر ہے۔ ہمارے مذکور کلام کی طرف حضور کے قول کنت نبیا الخ کہ میں نبی تھا (اور آدم علیہ السلام پانی اور گارے میں تھے) اور حضور کے قول کہ "اولاً اللہ نے میرا نور بنایا" نے اشارہ کیا۔

(تفسیر عرائس البیان $\frac{1}{238}$ بحوالہ مقیاس نور)

حضور کی اوّلیت پر چوتھی قرآنی دلیل

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

قل انی امرت ان اکون اول من اسلم ولاتکونن من المشرکین (پ الانعام ع)	تم فرماؤ، مجھے حکم ہوا ہے کہ سب سے پہلے گردن رکھوں۔ اور ہرگز شرک والوں میں سے نہ ہونا۔
فہو اول المسلمین علی الاطلاق (تفسیر صاوی ج ۲ ص)	حضور علی الاطلاق بغیر کسی قید کے اول مسلمین ہیں

اس آیت سے بھی حضور کا سب سے اول ہونا ظاہر ہے۔

پانچویں قرآنی دلیل

ہمارا رب ارشاد فرماتا ہے :۔

وامرت لان اکون اول المسلمین (پ ۲۴، زمر ع ۲)	اور مجھے حکم ہے کہ میں سب سے پہلے گردن رکھوں!"

چھٹی قرآنی دلیل

ہمارا رب فرماتا ہے :

قل ان کان للرحمن ولد فانا اول العابدین (پ ۲۵ زخرف ع ۷)	تم فرماؤ بفرضِ رحمٰن کے، کوئی بچہ ہوتا تو سب سے پہلے میں پوجتا!

جو اول نہ ہو وہ اول العابدین کیسے ہو سکتا ہے، فلہذا حضور سب سے پہلے ہوئے۔

ساتویں قرآنی دلیل

ہمارا مولیٰ کریم فرماتا ہے :۔

الم نشرح لک صدرک (پ ۳۰ الانشراح ع ۱)	یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا نہیں کھولا ہم نے آپ کے لئے ابتداء کو
الم نشرح لک صدرک ـــ وصدر الشی ایضًا اولہ ففی التعبیر بہ ایماء الی انہ اول الرسل وجوداً لما انہ آخرھم	الم نشرح لک الخ صدر الشی شے کے اول کو کہا جاتا ہے، یہاں صدر کے لفظ کو استعمال کرنا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ آپ تمام رسولوں سے

شہود اً علی ما ورد اوّل ما خلق اللہ نوری او روحی، وکنت نبیا و آدم بین الماء والطین“
شرح بدأ الامالی لعلی القاری ص۳۵ بحوالہ مقیاس نور

اوّل ہیں جیسا کہ آپ کا ظہور آخر میں ہوا آپ نے فرمایا سب سے پہلے اللہ نے میرے نور کو پیدا فرمایا، یا میری روح کو پیدا فرمایا اور میں نبی تھا۔ اُس وقت جب حضرت آدم پانی اور مٹی کے درمیان تھے!

احادیث سے ثبوت

کہ سب سے اوّل حضور ہیں
صلی اللہ علیہ وسلم

۱۔ حدیث قدسی کہ سب سے اوّل حضور ہیں:

اخرج البزار وابو یعلی وابن جریر ومحمد بن نصر المروزی فی کتاب الصلوٰۃ وابن ابی حاتم وابن عدی وابن مردویہ والبیہقی فی الدلائل عن ابی ھریرۃ فی قولہ سبحان الّذی اسریٰ الخ ... حدیث طویل..... فقال لہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔ الرب عزوجل... وجعلتک اول

اللہ تعالیٰ کے اس قول سبحان الّذی اسریٰ الخ میں حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے کہ (شب معراج) اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ میں نے تمہیں بلحاظ پیدائش کے اوّل انبیاء کیا، اور باعتبار بعثت کے اُن سے آخر کیا۔۔۔ اور تمہیں فاتح (اول) و خاتم (آخر) کیا۔

النبیین خلقا و آخرھم بعثا...

وجعلتک فاتحا و خاتما ۔ (انتھی بقدر الضرورۃ)

(تفسیر در منثور جلد ۴ صـ۱۴۴ و صـ۱۴۶ ۔ خصائص کبریٰ شریف جلد ۱ صـ۱۷۵ ۔ تفسیر ابن کثیر جلد ۳ صـ۲ ۔ تفسیر ابن جریر ج ۱۵ صـ۲۰ ۔ شفا شریف ج ۱ صـ۱۴۷ ۔ شرح شفا للخفاجی والقاری جلد ۲ صـ۲۵۶ ، زرقانی ج ۵ صـ۲۴۲ ۔

۲۔ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ۔ شیخ محقق فرماتے ہیں :

در حدیث وارد شدہ کہ اول ماخلق اللہ نوری (صحیح)	حدیث صحیح میں آیا کہ حضور مجسم نور اول عالم نے فرمایا سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے جو چیز پیدا کی وہ میرا نور تھا !

مدارج النبوۃ لفخر المحدثین وامام المحققین الشیخ عبد الحق المحدث الدہلوی رحمۃ اللہ علیہ وانما ابہاج ۲ صـ۲ و مدارج النبوۃ جلد ۱ صـ۲ معارج النبوۃ صـ۵ و صـ۱۸۲ ، تفسیر روح البیان جلد ۲ صـ۳۳ ، تفسیر روح البیان جلد ۲ صـ۲۳۹ ۔ تفسیر نیشاپوری جلد ۸ صـ۵۵ ، تفسیر عرائس البیان للشیخ الاکبر جلد ۱ صـ۲۳۸ ۔ شرح بدأ الامالی لملا علی القاری صـ۲۵ ۔ مرقات شرح مشکوۃ لملا علی القاری جلد ۱ صـ۱۴ جواہر البحار شریف جلد ۲ صـ۱۹۱ از مکتوبات امام ربانی ۔ جواہر البحار جلد ۲ صـ۲۳ از الیواقیت شعرانی ۔ جواہر البحار جلد ۲ صـ۱۹۶ از فاسی ۔ جواہر البحار جلد ۲ صـ۲۲ از روح البیان ۔ زرقانی شرح المواہب اللدنیہ جلد ۱ صـ۴۶ ۔ معائنہ السلوک صـ۱۴ صحیفہ صـ۲۹ صـ۷ لقطب الاقطاب وغوث الاغواث ناصر الحق والدین حضرت

خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ۔ صحائف[18] السلوک صحیفہ ۲۸ صفحہ ۱۰۶ صحائف السلوک[19] صحیفہ ۲۲ صفحہ ۹۶۔ جواہر البحار[20] جلد ۲ صفحہ ۳۰۳ عن الندفانی۔ شرح[21] شفا لعلی القاری الحنفی جلد ۲ علی ہامش نسیم الریاض صفحہ ۲۴۴۔ شرح[22] شفا للقاری جلد ۲ صفحہ ۴۱۶۔ شواہد[23] النبوۃ للعارف الجامی قدس سرہ السامی صفحہ ۶۔ صلوٰۃ[24] الصفا فی نور المصطفیٰ لشیخ الاسلام والمسلمین سیدنا اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ صفحہ ۴۔ بعضوں نے کہا کہ یہ حدیث تاریخ[25] خمیس اور سر[26] الاسرار للغوث الاعظم میں بھی ہے۔ واللہ اعلم۔ صلوٰۃ[27] الصفا فی فیوض الحرمین شاہ ولی اللہ دہلوی حنفی صفحہ ۹۷ مطبوعہ دیوبند۔ الیواقیت[28] والجواہر جلد ۲ صفحہ ۲۰ للشعرانی۔ تواریخ[29] حبیب اللہ للعلامۃ القاضی المفتی محمد عنایت احمد صاحب صفحہ ۳ (جو تھانوی صاحب کے معتمد مستند ہیں)، نشر الطیب صفحہ ۲ صفحہ ۱۹ صفحہ ۲۲۵ صفحہ ۸۲۔ مکتوبات[30] امام ربانی شیخ احمد صاحب سرہندی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ جلد سوم مکتوب ۱۲۲ صفحہ ۲۲۱ صفحہ ۲۲۳۔ انفاس[31] رحیمیہ صفحہ ۱۳ شاہ[32] عبدالرحیم صاحب والد شاہ ولی اللہ۔ جواہر[33] البحار جلد ۱ صفحہ ۲۰ بتغییر یسیر۔ جواہر البحار جلد ۳ صفحہ ۳۵۴ از احمد عابدین۔

علامہ شامی کا بھتیجا۔ جواہر[34] البحار جلد ۴ صفحہ ۱۴۹ الحدیث المشہور از علی ددہ رضی اللہ عنہ۔ جواہر[35] البحار جلد ۴ صفحہ ۱۷۱۔ الحدیث الحسن از علی ددہ۔ جواہر[36] البحار جلد ۴ صفحہ ۱۷۸، از ددہ۔ جواہر[37] البحار جلد ۴ صفحہ ۲۷۱۔ اس[38] حدیث کو الشیخ الامام الاوحد الامجد محمد مہدی ابن احمد بن علی بن یوسف الفاسی رضی اللہ عنہ نے نقل کیا اور اخیر میں اتنا جملہ اور زیادہ نقل کیا ہے۔

ومن نوری خلق کل شیء	اور میرے نور سے ہر چیز کو پیدا کیا!

ت دسمبر ۲۹۰ پر،

مطالع المسرات ص ۲۳۱/۱۲۹ و استشهاد منہ مطالع المسرات ص ۱۰۶ - موضوعات قاری ص ۹۹ استفادا ً

اتمام حجت

"شیخ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ نے اول ما خلق اللہ نوری کو نقل کیا ہے کہ اس کی کچھ اصل ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم - بندہ رشید احمد گنگوہی عفی عنہ [رشید احمد]

فتاویٰ رشیدیہ جلد ۲ ص ۱۳۴"

محدث ابن جوزی نے "المیلاد النبوی" مولوی ذوالفقار علی دیوبندی نے "عطر الوردہ شرح قصیدہ بردہ" مولوی حسین احمد دیوبندی نے الشہاب الثاقب اور پیشوائے غیر مقلدین و دیوبند مولوی اسمٰعیل دہلوی نے رسالہ "یک روزہ" میں اول ما خلق اللہ نوری کو بلا انکار بطور حجت و دلیل نقل کیا ہے۔ بحوالہ دعائے مصطفیٰ جلد ۷ ص ۱۷ ، ۲۲ ربیع الثانی ۱۳۸۵ھ ص ۶ کالم ۳

---

۳ - امام اجل سیدنا امام مالک رضی اللہ عنہ کے شاگرد اور امام اجل سیدنا امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے استاذ اور امام بخاری و امام مسلم کے استاذ الاستاذ حافظ الحدیث احد الاعلام عبدالرزاق ابوبکر بن ہمام نے اپنے مصنف میں حضرت سیدنا و ابن سیدنا جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما سے روایت کی :

میں نے عرض کی، یا رسول اللہ میرے	قال قلت یا رسول اللہ بابی

شیٔ خلقہ اللہ تعالیٰ قبل الاشیاء

قال یا جابر ان اللہ تعالیٰ قد خلق قبل الاشیاء نور نبیک من نورہ فجعل ذلک النور یدور بالقدرۃ حیث شاء اللہ تعالیٰ ولم یکن فی ذلک الوقت لوح ولا قلم ولا جنۃ ولا نار ولا ملک ولا سماء ولا شمس ولا قمر ولا جن ولا انسی [1]۔

(الحدیث بطولہ)

کہ سب سے پہلے اللہ عزوجل نے کیا چیز بنائی۔ فرمایا اے جابر بے شک بالیقین اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات سے پہلے تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نور اپنے نور سے پیدا فرمایا۔ وہ نور قدرت الٰہی سے جہاں خدا تعالیٰ نے چاہا دورہ کرتا رہا۔ اس وقت لوح و قلم۔ جنت و دوزخ، فرشتگان۔ آسمان۔ زمین سورج، چاند۔ جن۔ آدمی۔ کچھ بھی نہ تھا۔

[1] و ما بعدہٗ فلما اراد اللہ تعالیٰ ان یخلق الخلق قسم ذلک النور اربعۃ اجزاء فخلق من الجزء الاول القلم ومن الثانی اللوح ومن الثالث العرش ثم قسم الجزء الرابع اربعۃ اجزاء فخلق من الاول حملۃ العرش و من الثانی الکرسی ومن الثالث باقی الملائکۃ ثم قسم الرابع اربعۃ اجزاء فخلق من الاول السموٰت ومن الثانی الارضین ومن الثالث الجنۃ والنار ثم قسم الرابع اربعۃ اجزاء فخلق من الاول نور ابصار المؤمنین ومن الثانی نور قلوبھم وھی المعرفۃ باللہ ومن الثالث نور انسھم وھو التوحید لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ الحدیث۔

[1] صفحہ ۲۹۰ پر

یہ حدیث امام بیہقی نے بھی دلائل النبوۃ میں بنحوہٖ روایت کی ہے۔

امام قسطلانی رضی اللہ عنہ المواہب اللدنیہ میں، علامہ محمد بن عبد الباقی الزرقانی رحمۃ اللہ تعالیٰ اس کی شرح میں مذکورہ حدیث کو نقل کیا زرقانی جلد ۱ صـ۴۶۔ مطالع المسرات للامام الفاسی صـ۲۲۰/۲۲۱، افضل القراء لابن حجر المکی صـ خمیس لعلامہ دیار بکری۔ مدارج النبوۃ میں شیخ محقق نے اسی حدیث سے استناد کیا۔ ج ۲ صـ ۱۵۰۔ جواہر البحار شریف ج ۴ صـ۲۷۶/۲۷۷

پر یہ حدیث جابر بالفاظ متقاربہ عارف باللہ شیخ عبد اللہ علم بیتوی رومی شارح فصوص متوفی سنہ ۱۰۵۴ھ سے مکمل منقول ہے اور وہ محقق سے ناقل یہ حدیث جابر مکمل اکمل تبغیر ما۔ دیکھو جواہر البحار جلد ۲ صـ۲۰۴ از میر غنی۔ فریق مخالف کے گھر کی گواہی نشر الطیب صـ۶ للتھانوی۔ فتوحات احمدیہ شیخ سلیمان جمل صـ۵۔ مدح خیر البریہ لابن حجر المکی صـ۱۵۔ مجموع الاربعین اربعین من احادیث سید المرسلین للمحدث الکبیر الشیخ الامام یوسف بن اسماعیل النبہانی رحمہ اللہ تعالیٰ صـ۳۶۷، زرقانی شرح مواہب جلد ۱ صـ۴۷۔

جامع المعجزات صـ۳، المورد الروی فی المولد النبوی للعلامۃ الامام علی القاری الحنفی صـ۲۳، جواہر البحار جلد ۳ صـ۲۵۵/۲۵۷ و صـ۲۸۱ و صـ۲۹۴ من جواہر عبد القادر الجزائری۔ فتاوی حدیثیہ لابن حجر المکی صـ۵۱/۵۲، جواہر البحار صـ۲۳۶ ج ۱ از جبلی۔ جواہر البحار جلد ۲ صـ۹۱ از ابن حجر مکی۔ جواہر البحار جلد ۲ صـ۲۰۰ از فاسی، جواہر البحار جلد ۲ صـ۳۲۳ از نابلسی و صـ۳۲۵، جواہر البحار جلد ۳ صـ۱۱ عن الصاوی۔ وفیہ انہ فی شرح الشمائل للسلیمان جمل صـ وفی شرح البرقہ

للتفتازانی ص ۔ جواہر البحار جلد ۳ صہ ۳۵۴، ۴۹۱ از احمد عابدین شامی کا بھتیجا ہے

آنچہ اول شد پدید از جیب غیب ؛ بود نورِ پاک او بے ہیچ ریب
بعد ازاں آں نورِ عالی زد علم ؛ گشت عرش و کرسی و لوح و قلم
نور او چوں اصل موجودات بود ؛ ذات او چوں مطلع ہر ذات بود
(منطق الطیر شیخ عطار رحمۃ اللہ علیہ الغفار صہ ۱۶)

تو اصل وجود آمدی از نخست ؛ دگر ہرچہ موجود شد فرع تست
(بوستانِ سعدی صہ ۹)

۴۔ و فی حدیث عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا عمر اتدری من انا انا الذی خلق اللہ عزو جل اول کل شیٔ نوری فسجد للہ فبقی فی سجودہ سبعمائۃ عام فاول کل شیٔ سجد للہ نوری ولا فخر۔ یا عمر اتدری من انا انا الذی خلق اللہ العرش من نوری والکرسی من نوری واللوح والقلم من نوری والشمس والقمر ونور الابصار من نوری والعقل

یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا، اے عمر! تو مجھے جانتا ہے میں کون ہوں۔ میں وہ ہوں جو سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرے نور کو پیدا فرمایا۔ تو میرے نور نے اللہ تعالیٰ کو سجدہ کیا۔ سات سو سال سجدہ میں رہا تو سب سے پہلے جس نے اللہ تعالیٰ کو سجدہ کیا وہ میرا نور تھا یہ بات میں فخر سے نہیں کہتا۔ اے عمر! کیا تو مجھے جانتا ہے، میں کون ہوں

لہ (صفحہ ۲۹۰ پر)

من نوری ونور المعرفة فی قلوب المومنین من نوری ولا فخر (جواہر البحار جلد ۲ صہ ۲۴۵ از عارف سید عبدالرحمن عیدروس)	میں وہ ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے عرش کو میرے نور سے بنایا اور کرسی کو میرے نور سے بنایا اور لوح وقلم کو میرے نور سے بنایا اور شمس و قمر اور آنکھوں کے نور کو میرے نور سے پیدا فرمایا اور عقل

کو میرے نور سے پیدا فرمایا، مومنوں کے دلوں میں نورِ معرفت کو میرے نور سے پیدا فرمایا۔ یہ (بات میں) فخراً نہیں کہتا!

؎ خورشید کہ آفاق جہاں زو شدہ روشن ۞ یک ذرۂ نوراست ز انوار محمد (دیوان جامی)

۵ ۔ وفی حدیث ابن القطان کنت نوراً بین یدی ربی قبل آدم باربعة عشر الف عام الخ	ابن القطان کی حدیث میں ہے (حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا) کہ میں پیدائش آدم علیہ السلام سے پہلے چودہ ہزار سال اپنے رب کے سامنے نور تھا!

(جواہر البحار جلد ۳ صہ ۲۹۴ از عارف نابلسی از ابن حجر مکی۔ جواہر البحار جلد ۲ صہ ۲۱۹ از مغربی۔ جواہر البحار جلد ۲ صہ ۳۵۷ از احمد عابدین شامی و صہ ۴۹۱ و جلد ۲ صہ ۲۰۹ از میر غنی)

" وفی احکام ابن القطان (الحافظ الناقد ابی الحسن علی بن محمد

لہ ان الفضت الانوار جمع نور وہی حسیة ومعنویة فالحسیة بجمیع انواعہا منفلقة من نوره ومنفجرة من کمال بطونه وظهوره صلی اللہ علیہ وسلم (جواہر البحار جلد ۲ صہ ۲۰۹ ۱۲ ارف)

بن عبد الملک الحمیدی الکنانی الفاسی سمع ابا ذر الخشنی وطبقته وکان من ابصر الناس بضاعة الحدیث واحفظهم لاسماء رجاله واشدهم عنایة فی الروایة معروفا بالحفظ والاتقان.... ومات سنة ثمان عشرة وستمائة - زرقانی) فیما ذکرہ بن مرزوق (عرف بالخطیب - زرقانی) عن علی بن الحسین عن ابیه عن جدہ (علی کرم الله وجهه) ان النبی صلی الله علیه وسلم قال کنت نوراً بین یدی ربی قبل خلق آدم باربعة عشر الف عام ولا ینافی ما ان نورہ مخلوق قبل الاشیاء..... لان نورہ خلق قبل الاشیاء - زرقانی)

(زرقانی شرح المواہب جلد ۱ ص۴۹)

۶- عن ابی هریرة قال قالوا یا رسول الله (صلی الله علیه وسلم) متی وجبت لك النبوة قال وآدم بین الروح والجسد

رواہ الترمذی (ج ۲ ص۲۰۱ ابواب المناقب باب ما جاء فی فضل النبی صلی الله علیه وسلم)

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے، فرمایا کہ صحابہ نے عرض کی، یا رسول اللہ کب سے آپ کیلئے نبوت ثابت ہے۔ فرمایا اس وقت سے ثابت ہے کہ آدم علیہ السلام ابھی روح اور جسم کے درمیان تھے یعنی ابھی ان کی پیدائش نہ ہوئی تھی کہ میں نبی تھا۔

وصححه شرح شفا للخفاجی والقاری جلد ۲ ص۲۰۱ - شفا شریف ج ۱ ص۱۳۱، جواہر البحار ج ۱ ص۴۹، مشکوٰۃ شریف ج ۲ ص۵۱۳ باب فضائل سید المرسلین صلی الله علیه وسلم فصل ثانی، اشعة اللمعات

ج ۳ ص ۲۷۲، المورد الروی للقاری ص ۱۷، "کنت نبیا و آدم فی الروح والجسد"[۴] یہ حاصل معنی احادیث واردہ ہے۔ اشعۃ اللمعات جلد ۴ ص ۲۷۲، نقلہ بہذہ الالفاظ الشیخ الاکبر جواہر البحار ج ۱ ص ۱۱۵۶، ص $\frac{۱۲۸}{۱۲۹}$، جلد ۱ و ص $\frac{۱۲۱}{۱۲۳}$، جواہر البحار جلد ۱ ص $\frac{۱۵۲}{۱۷۴}$ از رازی ۳۴ جواہر البحار جلد ۳ ص ۵۳ از تیجانی۔ ملا علی قاری حنفی فرماتے ہیں ورد من قولہ علیہ السلام "کنت نبیا و آدم بین الماء والطین" وہو ما ان قال بعض الحفاظ لم نقف علیہ بہذا اللفظ لکن جاء معناہ فی طرق صحیحۃ۔ المورد الروی فی المولد النبوی ص ۱۶

۷۔ عن میسرۃ الضبی قال قلت یا رسول اللہ متی کنت نبیا فقال و آدم بین الروح والجسد۔ رواہ احمد والبخاری فی تاریخہ وابونعیم فی الحلیۃ وصححہ الحاکم۔ والطبرانی۔

(المورد الروی للقاری ص ۱۷، مواہب شرح للزرقانی جلد ۱ ص ۱۵۶)

۸۔ وروی فی التشریفات عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم سأل جبریل علیہ السلام کم عمرت من السنین قال واللہ لا ادری غیر ان کوکبا فی الحجاب الرابع یظہر فی کل سبعین الف سنۃ مرۃ رأیتہ اثنین وسبعین

تشریفات میں حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریل علیہ السلام سے سوال کیا کہ تو نے عمر کے کتنے سال گزارے۔ جبریل علیہ السلام نے جواب دیا، اللہ کی قسم سوائے اس کے میں کچھ نہیں جانتا کہ اللہ تعالیٰ کے نورانی حجابات سے چوتھے پردہ میں

۴ واخرج الحاکم والبیہقی وابونعیم نحوہ عن ابی ہریرۃ واخرج البزار والطبرانی فی الاوسط وابونعیم عن ابن عباس نحوہ واخرج ابونعیم عن انس نحوہ واخرج ابن سعد عن ابن ابی الجدعاء نحوہ واخرج ابن سعد عن مطرف بن عبداللہ بن الشخیر نحوہ واخرج ابن سعد عن عامر۔ الخصائص الکبریٰ للسیوطی ج ۱ ص ۳

الف مرة فقال النبي صلی اللہ علیہ وسلم یا جبریل وعزة ربی انا ذلك الکوکب۔

(جواہر البحار جلد ۲۔ ص۴۰۳ از میر غنی) روح البیان

ستر ہزار سال کے بعد ایک دفعہ نوری تارا ظاہر ہوتا تھا۔ میں نے اُسے بہتر ہزار مرتبہ دیکھا ہے۔ حضور نے فرمایا۔ اے جبریل! میرے رب کی عزت کی قسم وہی تارا میں ہی ہوں۔

ج ۳ ص۱۶۷ زیر آیت لقد جاءکم رسول من انفسکم۔ سیرت حلبیہ ج۱ ۔

خصوصیت ۳

سید عالم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وسلم حسی و حقیقی نور ہیں۔

شفا شریف ج ۱ ص۳۰۶ ۔ نسیم الریاض ج ۳ ص۲۲ والقاری فی شرحہ ص۳۰۶ ۱۳۴

جواہر البحار ج ۱ ص۱۶ از امام حکیم ترمذی نیز امام محدث حکیم ترمذی فرماتے ہیں۔

فاین ما حل ببقعة اضاءت تلك البقعة بنوره

جواہر البحار ج ۱ ص۱۶

یعنی زمین کے جس خطہ پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام قدم رکھتے وہ ٹکڑا آپ کے نور سے روشن ہو جاتا۔

ع اہل نور و بیت نور و بلد نور

جائیکہ آمد محمد گرد نور

پہلی قرآنی دلیل:۔ قد جاءکم من اللہ نور و کتاب مبین

پ ۶ المائدہ ع ۳

بے شک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور آیا (یعنی حضور) اور روشن کتاب

اس آیت میں نور سے مراد حضور کی ذات بابرکات علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات[1] ہے۔ شفا شریف ج ا ص ۱۹۷/۱۴ ۔ تنویر المقیاس من تفسیر ابن عباس ص ۷۲ خازن ومدارک ج ا ص ۴۴۱ ۔ تفسیر ابی سعود حنفی بر حاشیہ کبیر ج ۳ ص ۵۴۳ تفسیر کبیر ج ۳ ص ۵۶۶ ۔ تفسیر بیضاوی شریف ص ۱۱۱ ۔ تفسیر جلالین ص ۹۷ تفسیر روح البیان ج ۲ ص ۳۲ ۔ تفسیر مظہری ج ۳ ص ۶۷ ۔ تفسیر حقانی ج ۲ ص ۲۱ تفسیر روح المعانی پ ۶ مطبوعہ مصر ص ۸۷ میں ہے "ھو نور الانوار النبی المختار" (علیہ صلوٰۃ الغفار وسلام الستار) مطالع المسرات ص ۲۴۰ جواہر البحار ج ۳ ص ۳۶۱ نسیم الریاض ج ا ص ۱۱۴ شرح شفا للخفاجی والقاری ج ۲ ص ۳۹۹/۴۱۶ و ج ۳ ص ۲۸۲ زرقانی علی المواہب ج ۳ ص ۱۴۹ و ج ۶ ص ۲۳۶ و ص ۲۴۰ جمل ج ۳ ص ۲۲۴ ناقلا عن القرطبی ۔ شمائل الاتقیا لعلامہ رکن الدین المتعلم ۷۲۵ھ ص ۴۲۲ ۔ صحائف السلوک لخواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی صحیفہ ۲۳ ص ۵۱ وصحیفہ ۴۶ ص ۱۹۲ مطبوعہ وص ۱۰۴ غیر مطبوعہ قلمی وصحیفہ ۲۷ ص ۱۰۵

وسمی نورا لانہ ینور البصائر ویھدیھا للرشاد ولانہ اصل کل نور حسی ومعنوی	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نام نام (اس آیت میں) نور رکھا گیا۔ اس لیے کہ حضور عقول کو روشن کرتے ہیں۔ اور ان کو رشد کے لئے ہدایت کرتے

[1] یہ قول کہ نور اور کتاب دونوں سے مراد قرآن ہے۔ امام رازی فرماتے ہیں ھذا ضعیف یہ ضعیف ہے۔ تفسیر کبیر ج ۳ ص ۵۶۶ ۱۲ ف

تفسیر صاوی ج ۱ ص ۲۳۹

ہیں۔ اور اس لئے کہ آپ ہر نور حسی اور معنوی کی اصل ہیں۔

علامہ فاسی فرماتے ہیں۔

ونورہ صلی اللہ علیہ وسلم الحسی والمعنوی ظاہر واضح لامع للابصار والبصائر لانہ وقد سماہ اللہ تعالیٰ نوراً فقال سبحانہ قد جاءکم من اللہ نور وکتاب مبین

مطالع المسرات ص ۲۲

حضور کا نور حسی اور معنوی ظاہر ہے واضح ہے آنکھوں اور عقلوں کے لئے چمکنے والا ہے۔ ظاہر ہے بے شک اللہ تعالیٰ نے آپ کا نام نور رکھا چنانچہ فرمایا قد جاءکم من اللہ نور وکتاب مبین

علامہ علی قاری حنفی فرماتے ہیں۔

وای مانع من ان یجعل النعتان للرسول صلے اللہ علیہ وسلم فانہ نور عظیم لکمال ظہورہ بین الانوار و کتاب مبین حیث انہ جامع لجمیع الاسرار ومظہر للاحکام والاحوال والاخبار

شرح شفا علی ھامش نسیم ج ۱ ص ۱۱۴

اور کون سی رکاوٹ ہے اس بات سے کہ دونوں نعتیں یعنی نور اور کتاب مبین رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے ہوں۔ بے شک حضور نور عظیم ہیں۔ بوجہ ان کے کمال ظہور کے انوار میں اور حضور کتاب مبین ہیں اس حیثیت سے کہ آپ جمیع اسرار کے جامع ہیں۔ اور احکام و احوال و اخبار کے مظہر ہیں۔

دوسری قرآنی دلیل ۔ ٢

مثل نورہٖ کمشکوٰۃ فیھا مصباحؕ المصباح فی زجاجۃ ط الزجاجۃ کانھا کوکب دری یوقد من شجرۃ مبارکۃ زیتونۃ لاشرقیۃ ولاغربیۃ یکاد زیتھا یضیئُ ولولم تمسسہ نار ط نور علے نور ط یھدی اللہ لنورہٖ من یشاء ط

(پ ١٨ النور ع ٥)

اس محمد عربی صلے اللہ علیہ وسلم کے نور کی مثال ایسی ہے ۔ جیسے ایک طاق کہ اس میں چراغ ہے ۔ وہ چراغ ایک فانوس میں ہے ۔ وہ فانوس ، گویا ایک ستارہ ہے ۔ موتی سا چمکتا روشن ہوتا ہے برکت والے پیڑ زیتون سے جو نہ مشرق کا نہ مغرب کا قریب ہے کہ اس کا تیل بھڑک اٹھے اگرچہ اسے آگ نہ چھوئے ۔ نور پر نور ہے ۔ اللہ اپنے نور کی راہ بتاتا ہے جسے چاہتا ہے ۔

مثل نورہٖ اس نور سے مراد حضور ہیں ۔ صلی اللہ علیہ وسلم ۔
جمع الوسائل شرح شمائل للقاری ج ١ ص ٢٧ ۔ شرح شفا للقاری والخفاجی ج ٢ ص ٤٤٩
اشعۃ اللمعات ج ١ ص ۔ جواہر البحار ج ١ ص ٦ از شفا جواہر البحار ج ٢ ص ٣٢٤
از نابلسی ۔ و ج ٣ ص ٣٠٤ از نابلسی ۔ و ص ٣٥٤/٣٥٥ از بھیجا شامی ۔ مطالع المسرات
لسید العلماء المحققین العلامۃ الفاسی رحمہ اللہ تعالٰے ص ١٠٣ تفسیر مظہری ج ٦ ص ٥٢٢
در منثور للسیوطی ج ٥ ص ٤٩/٤٨ تفسیر کبیر ج ٦ ص ٤٠٣ ، تفسیر روح البیان ج ٤ ص ١٤١
تفسیر خازن ج ٣ ص ٣٣٢ ، زرقانی علی المواہب ج ٦ ص ٢٣٨ ، تفسیر حقانی ج ٥ ص ٢٤٤

شمائل الاتقیار للعلامہ رکن الدین المتعلم ۷۲۵ھ ص ۲۲۴، موضوعات قاری ص ۹۹
شواہد النبوت للعارف الجامی قدس سرہ السامی ص ۳ :-

امام قاضی عیاض رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں۔

وقال اللہ تعالےٰ اللہ نور السموات والارض الایۃ :-
قال کعب وابن جبیر المراد بالنور الثانی ھنا محمد صلے اللہ علیہ وسلم وقولہ تعالےٰ مثل نورہٖ ای نور محمد صلے اللہ علیہ وسلم وقال سہل بن عبد اللہ المعنی اللہ ھادی اھل السموات والارض ثم قال مثل نور محمد اذا کان مستودعا فی الاصلاب کمشکوٰۃ صفتہا کذا واراد بالمصباح قلبہ والزجاجۃ صدرہ ای کانہ کوکب دری لما فیہ من الایمان والحکمۃ یوقد من شجرۃ

اللہ تعالےٰ نے فرمایا اللہ نور السموات والارض (پوری آیت) اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔
حضرت کعب اور ابن جبیر نے فرمایا نور ثانی سے مراد حضور ہیں اس کے نور کی مثل یعنی نور محمد کی مثل صلے اللہ علیہ وسلم۔ حضرت سہل تستری نے فرمایا اس آیت کے معنیٰ یہ ہیں کہ" اللہ آسمان اور زمین والوں کا ہادی ہے۔ پھر فرمایا نور محمد کی مثل صلے اللہ علیہ وسلم جب کہ وہ پیٹھوں میں امانت تھا طاق کی طرح ہے۔ یعنی اس کی صفت اس طرح تھی۔ اور مصباح سے مراد حضور کا قلب پاک ہے اور زجاجہ (فانوس) حضور کا سینہ ہے یعنی وہ موتی سا چمکتا روشن ستارہ ہے

مبارکۃ اے من نور ابراھیم علیہ الصلوٰۃ والسلام وضرب المثل بالشجرۃ المبارکۃ وقولہ یکاد زیتھا یضیٔ اے تکاد نبوۃ محمد صلے اللہ علیہ وسلم تبین للناس قبل کلامہ کھذا الزیت۔

اس لئے کہ اس میں ایمان اور حکمت ہے۔ برکت والے درخت یعنی نور ابراہیم سے منور ہے۔ نور ابراہیم کی مثال شجر مبارکہ سے بیان کی گئی اور قریب ہے کہ اس کا تیل بھڑک اٹھے۔ یعنی حضور کی نبوت کلام سے قبل اس تیل کی طرح خود بخود لوگوں کے لئے ظاہر ہو جائے۔

شفا شریف ج ۱ ص ۱۳ ۔ نسیم الریاض وشرح الشفا للقاری ج ۱ از ص ۱۰۸ تا ص ۱۱۳ ۔ زرقانی علی المواہب ج ۶ ص ۲۳۸/۲۳۹

ع ۳

یایھا النبی انا ارسلناک شاھدا ومبشرا ونذیرا وداعیا الی اللہ باذنہ وسراجا منیرا

(پ ۲۲ الاحزاب ع ۶)

اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) بے شک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر ناظر اور خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا اور اللہ کی طرف اسکے حکم سے بلاتا اور چمکا دینے والا آفتاب

اس آیت میں سراج اور منیر حضور صلے اللہ علیہ وسلم کو فرمایا گیا۔

نسیم الریاض ج ۲ ص ۳۹۶ وغیرہ سب تفاسیر۔

خیال رہے کہ سراج سورج کے لئے دیکھو قرآن شریف وجعل فیھا

سراجًا۔ اور منیر قمر کے لیئے ہے۔ وقمرا منیرا (قرآن شریف پ ۱۹ فرقان ع ۱۶ع ۱۶) چونکہ سراج کی ضوفشانی صرف دن کو ہوتی ہے اور قمر منیر کی نور افشانی صرف رات کو تو اللہ تعالےٰ نے اپنے حبیب نور علی نور منور منیر جن کے انوار دن اور رات کو نمایاں ہیں۔ صرف سراج نہ فرمایا اور صرف منیر نہ فرمایا بلکہ سراجا منیرا فرما کر آپ کے انوار کی ہر وقت ضیا باری کی طرف اشارہ فرمایا۔

دن کو اسی سے روشنی شب کو اسی سے چاندنی
سچ تو یہ ہے کہ رخ یار شمس بھی ہے قمر بھی ہے

چوتھی قرآنی دلیل :۔

یریدون ان یطفؤا نور اللہ بافواھھم ویابی اللہ الا ان یتم نورہ ولوکرہ الکافرون :۔ (پ ۱۰ توبہ ع ۵)

چاہتے ہیں کہ اللہ کا نور (حضرت محمد مصطفےٰ) اپنے منہ سے بجھادیں اور اللہ نہ مانے گا مگر اپنے نور کا پورا کرنا
پڑے برا مانیں کافر

یہاں بھی نور سے مراد حضور ہیں صلے اللہ علیہ وسلم تفسیر درمنثور ج ۳ ص ۲۳۱ نسیم الریاض ج ۲ ص ۳۹۶ استناداً ایماءً۔ مطالع المسرات استناداً ص ۱۰۴ :۔ موضوعات علی قاری ص ۹۹ :۔ زرقانی علی المواہب ج ۳ ص ۱۴۹ تحت اسمہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نور اللہ الذی لا یطفأ

پانچویں قرآنی دلیل :۔

یریدون لیطفئوا نور اللہ بافواھھم واللہ متم نورہٖ ولو کرہ الکٰفرون (پ ۲۸ الصف ع)	چاہتے ہیں کہ اللہ کا نور اپنے مونہوں سے بجھا دیں اور اللہ کو اپنا نور پورا کرنا ہے۔ اگرچہ کافر برا مانیں۔

ملا علی قاری نے موضوعات کبیر کے آخر میں فرمایا قرآن کریم میں ہر جگہ نور سے مراد حضور ہیں۔

(بحوالہ نور العرفان لمفتی احمد یار خاں صفحہ ۳۰۵ ھ) وصفحہ ۸۸۲

واللہ اعلم بالصواب

چھٹی قرآنی دلیل :۔

والنجم اذا ھوٰی پ ۲۷ النجم ع آیت ۱	اس پیارے چمکتے تارے محمد کی قسم جب یہ معراج سے اترے (ترجمہ اعلیٰ حضرت)

نجم سے مراد حضور صلے اللہ علیہ وسلم ہیں۔ تفسیر خازن ج ۴ صفحہ ۱۹۰ تفسیر صاوی ج ۴ صفحہ ۱۱۴۔ تفسیر خزائن العرفان لصدر الافاضل صفحہ ۶۲۵/۵۱۹

وقال جعفر بن محمد فی تفسیر والنجم اذا ھوٰی انہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم... ... ھوٰی ا) انشرح من	امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے "والنجم" کی تفسیر میں فرمایا نجم محمد کریم صلے اللہ علیہ وسلم ہیں ھوٰی کے معنی آپ انوار سے کشادہ

الانوار وقال انقطع عن غیر اللہ۔	(سینہ والے) ہوئے اور فرمایا غیر اللہ سے منقطع ہوئے۔

شفا شریف ج ۱ ص ۲۸/۳۳ - شرح شفا للقاری والخفاجی ج ۱ ص ۲۱۴/۲۰۱

تفسیر روح البیان ج ۶ ص ۴ تفسیر مظہری ج ۹ ص ۱۰۳ - المواہب اللدنیہ للقسطلانی ج ۲ ص وشرحہ للزرقانی ج ۶ ص ۲۱۶

ساتویں قرآنی دلیل :-

والفجر ولیال عشر پ ۳۰ الفجر ع ۱	اس صبح کی قسم اور دس راتوں کی قسم۔

فجر سے مراد حضور صلے اللہ علیہ وسلم ہیں۔

وقال ابن عطاء فی قولہ تعالےٰ والفجر ولیال عشر الفجر محمد صلے اللہ علیہ وسلم لان منہ تفجر الایمان :-	حضرت ابن عطاء نے اللہ تعالےٰ کے اس قول والفجر ولیال عشر کی تفسیر میں فرمایا فجر سے مراد حضور ہیں، اس لئے کہ حضور ایمان کا مطلع ہیں۔ ایمان انہیں سے ظاہر ہوا

شفا شریف ج ۱ ص ۲۸ - شرح شفا للخفاجی والقاری ج ۱ ص ۲۰۲

۸ قرآنی دلیل والسماء والطارق وما ادراک ما الطارق النجم الثاقب (پ ۳۰ الطارق ع ۱)	آسمان کی قسم اور رات کو آنیوالے کی قسم اور کچھ تم نے جانا وہ راتکو آنے والا کیا ہے۔ خوب چمکتا تارا

یہاں بھی النجم الثاقب سے مراد نور مجسم سید عالم صلے اللہ تعالےٰ علیہ والہ وسلم کی ذات ہے۔

ان النجم ھنا ایضاً محمد صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم

یہاں بھی نجم سے مراد حضور محمد مصطفےٰ ہیں۔ علیہ الصلاۃ والسلام

شفا شریف ج ا ص ۳۰/۱۹۴ نسیم الریاض وشرح شفا للقاری ج ا ص ۲۱۵ و جلد ۲ ص ۳۹۸ :۔

نویں قرآنی دلیل :۔

والشمس وضحھا والقمر اذا تلٰھا (پ ۳۰ ع ۱۶)

سورج اور اس کی روشنی کی قسم اور چاند کی جب اس کے پیچھے آئے

اس آیت میں شمس سے مراد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا دل انور ہے۔ اور ضحٰے سے مراد نور نبوت کی روشنی اور قمر سے مراد مرشد کامل ہے۔ جیسا کہ

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں۔

والشمس یعنی قسم میخورم بآفتاب کہ مثال دل پیغمبر زمان است وضحھا یعنی وقسم میخورم بشعاع آں کہ مثال اشراق نور نبوت است بر کل مخلوقات والقمر یعنی وقسم میخورم ماہتاب کہ مثال مرشد صاحب طریقہ است وخلیفہ پیغمبر است در حالت غیبت پیغمبر یا بعد مکانی اذا تلٰھا یعنی چوں پیروی آفتاب کند واین شرط برائے آں آوردہ کہ حرمت مرشد مشروط است باتباع نور نبوت و بہ سبب کمال اتباع اورا منصب خلافت

منصب خلافت نصیب شدہ۔ (تفسیر عزیزی پ ۳ ص ۱۸۸)

۱۰ قرآنی دلیل :-

والضحیٰ واللیل اذا سجیٰ (پ ۳۰ الضحیٰ ع ۱)	چاشت کی قسم اور رات کی جب پردہ ڈالے۔

ضحیٰ اشارہ ہے نور جمال مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف اور لیل کنایہ ہے حضور کے زلف عنبریں سے۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی فرماتے ہیں۔

مراد از ضحی روئے پیغمبر است صلے اللہ علیہ وسلم واز لیل موئے اوکہ در سیاہی ہمچوں شب است[۱]	ضحیٰ (چاشت) سے مراد حضور کا چہرۂ انور ہے۔ اور لیل سے مراد حضور کے گیسوئے عنبریں ہیں جو سیاہی میں رات کی طرح ہیں۔ صلے اللہ علیہ وسلم وعلی آلہ بقدر حسنہ وجمالہ۔

تفسیر عزیزی پ ۳۰ ص ۲۱۷، تفسیر کبیر ج ۸ ص ۵۹۶۔ تفسیر روح البیان ج ۴ ص ۷۱۳
تفسیر خزائن العرفان لصدر الافاضل ص ۸۰۷ ۸

---

[۱] بطور جملہ معترضہ مفیدہ شاہ صاحب کی آگے والی تفسیر حبیب بھی ملاحظہ ہو وللآخرۃ خیر لک من الاولیٰ یعنی والبتہ ہر حالت آخر بہتر باشد ترا از معاملت اول تا آنکہ بشریت ترا اصلاً وجود نماند وغلبہ نور حق بر تو علی سبیل الدوام حاصل شود۔ تفسیر عزیزی پ ۳۰ ص ۲۱۷ ۱۲ منہ

باوصفِ رخش والضحٰے گشت نازل ⁂ کہ واللیل سر زلف وخال محمد صلی اللہ علیہ وسلم

دو چشمِ نرگسینش راکہ مازاغ البصر خوانند ⁂ دو زلف عنبرینش راکہ واللیل اذا یغشیٰ

عارف جامی

والشمس کنایت بود از روئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ⁂ واللیل اشارت کند از موے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

(دلی)

اے زلفِ سیاہ عنبرینت واللیل ⁂ دے روئے تو والضحیٰ علیک الصلوٰۃ

دیوان حسن ص۱۳۱ لخواجہ منشی غلام حسن صاحب شہید ملتانی متوفی ۱۲۶۵ھ

والشمس چہ باشد صفتِ وجہ شریفش ⁂ واللیل چہ باشد صفت موئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

دیوان حسن ص۱۴۳

اے کہ شرحِ والضحیٰ آمد جمال روئے تو ⁂ نکتہ واللیل وصف زلف عنبر بوئے تو

دیوان حسن ص۱۵۱

ہے کلام الٰہی میں شمس وضحیٰ ترے چہرۂ نور فزا کی قسم
قسم شب تار میں راز یہ تھا کہ حبیب کی زلفِ دوتا کی قسم

حدائق بخشش اعلیٰ حضرت ص۳۲

احادیث وآثار سے حضور پرنور نور مجسم صلی اللہ علیہ وسلم کی نورانیت کا ثبوت

رحمت عالم نور مجسم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی نورانیت کی کچھ حدیثیں خصوصیت ۱ و ۲ میں ذکر ہو چکی ہیں وہاں دیکھو - ان حدیثوں کے علاوہ کچھ اور حدیثیں یہاں ذکر کی جاتی ہیں ۔

اخرج الدارمی[۱] والترمذی[۲] فی الشمائل (ص۳) والبیہقی[۳] والطبرانی[۴] فی الاوسط وابن عساکر عن ابن عباس قال کان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم افلج الثنیتین اذا تکلم رُئی[۱] کالنور یخرج من بین ثنایاہ
خصائص کبریٰ للسیوطی ج ۱ ص ۶۲
زرقانی علی المواہب ج ۴ ص ۹۵

دارمی - ترمذی شمائل میں - بیہقی طبرانی اوسط میں - ابن عساکر حضرت سیدنا وابن سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے راوی فرمایا حضور رسول انور صلے اللہ علیہ وسلم کے ثنایہ شریفہ (سامنے کے اوپر کے دو دانت اور نیچے کے دو دانت) کشادہ تھے. فاصلہ والے تھے - جب آپ کلام فرماتے تو سامنے کے دانتوں سے نور دکھائی دیتا۔ معلوم ہوا حضور کی نورانیت حسی بھی تھی جو محسوس اور مبصر تھی ۔

۱؎ الجملۃ الشرطیۃ خبر ثان لکان والتقیید بہ لظہور النور الحسی والمعنوی حینئذ
۲؎ جمع الوسائل شرح الشمائل للقاری الحنفی ج ۱ ص ۵۵ ۱۲ ۳؎ بیہقی ۴؎ دری ۵؎ تکمیل فیض القدیر للمناوی ج ۵ ص ۱۲۵ ۶؎ طبرانی

(ت) فی الشمائل (طب) (اے فی الکبیر) وقال الامام المناوی وکذا فی الاوسط والبیہقی عن ابن عباس (صحیح) ۱۲ الجامع الصغیر للسیوطی ج ۲ ص ۹۹، فیض القدیر ج ۵ ص ۔ شرح شمائل ص ۵۵ ج ا للمناوی۔ قال العزیزی فی السراج المنیر ج ۳ ص ۱۱۲ قال الشیخ حدیث صحیح، وسائل الوصول للنبہانی ص ۳۰۔ آخری جملہ شفا شریف ج ا ص ۵، شرحہ للخفاجی والقاری للحنفیین ج ا ص ۳۲۵ وفی شرح الخفاجی" وروی ابن کثیر رحمہ اللہ ،ری ح النور من تنبیہ وہی الاظہر ولذا قیل الکاف زائدۃ (اے فی کالنور یخرج" ۱۲ الحنیفی) ج ا ص ۳۲۵ کنز العمال ج ۷ ص ۲۱ جواہر البحار ج ا ص ۱۷ از شفا

قال الامام الشیخ المحدث عبد الرؤف المناوی رحمہ اللہ تعالیٰ فی شرح ھذا الحدیث "فذلک النور حسی ومن صار الی انہ معنوی وزعم ان المراد الالفاظ علی طریق التشبیہ وانہ اشار بذلک الی انہ لا یقول الا حقا او الی القرآن او السنۃ فقد وھم وما فھم قولہ زکی"

امام الشیخ محدث عبد الرؤف مناوی نے اس حدیث کی شرح میں فرمایا۔ وہ نور حسی تھا (جو نظر آتا تھا) اور جو شخص اس طرف گیا کہ وہ معنوی نور تھا اور یہ گمان کیا کہ بطریق تشبیہ مراد حضور کے الفاظ ہیں۔ اور مناوی نے اس سے اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ حضور حق ہی بولتے ہیں یا قرآن یا سنت کی طرف اشارہ کیا۔ ایسے شخص نے وہم کیا اور ابن عباس کے قول "زکی" کو نہیں سمجھا۔

شرح الشمائل للمناوی علی ہامش جمع الوسائل ج ا ص ۵۵/۵۶

وایضاً قال فی شرح ھذا الحدیث

نیز اسی حدیث کی شرح میں امام مناوی نے فرمایا۔

کانت ذاته الشریفة کلها نوراً ظاهراً وباطناً حتی انه کان یمنح (ای یعطی ۱۲) لمن استحقه من اصحابه سأله الطفیل بن عمرو آیة لقومه وقال اللهم نور له فسطع له نور بین عینیه فقال اخاف ان یکون مثلة فتحول الی طرف سوطه وکان یضیئ فی اللیل المظلم فسمی ذاالنور واعطی قتادة بن النعمان لما صلی معه العشاء فی لیلة مظلمة ممطرة عرجونا وقال انطلق به فانه سیضیئ لك من بین یدیك عشرا او من خلفك عشرا فاذا دخلت بیتك فتری سوادا فاضربه

حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی کل ذات شریفہ ظاہراً باطناً نور تھی یہاں تک کہ حضور پر نور معطی نور۔ مستحقین اصحاب کو نور (حسی) عطا فرماتے تھے۔ حضرت طفیل بن عمرو نے اپنی قوم کے لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کوئی نشانی طلب کی حضور قاسم نور نے کہا "اللھم نور لہ" اے اللہ اس کے لئے نور کر دے۔ تو حضرت طفیل کی آنکھوں کے درمیان نور بلند ہوا۔ فرمایا میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ وہ مثلہ (صورت بگڑا ہوا آفت زدہ) ہو تو وہ نور حضرت طفیل کے کوڑے، چابک کی طرف منتقل ہوا اور اندھیری رات میں وہ چابک روشن رہتا تھا۔ اسی لئے طفیل کا نام ذوالنور نور والا رکھا گیا۔ اور حضرت قتادہ بن نعمان نے جبکہ اندھیری، بارش والی رات

لہ اخرجہ ابونعیم عن ابی سعید الخدری۔ الخصائص الکبریٰ ج ۲ ص ۸۱ ۱۲

یخرج فانہ شیطان
فکان کذالک ومسح وجہ
رجل فمازال علی وجہہ
نورا ومسح وجہ قتادۃ ابن
ملحان فکان لوجہہ بریق
حتی کان ینظر فی وجہہ کما
ینظر فی المرأۃ الی غیر ذالک

فیض القدیر ج ۵ ص ۳ ومنہ فی الجواہر
ج ۲ ص ۱۶۴ - وذکر بعضہ فی الخصائص
ج ۲ ص ۸۱/۸۲ ، والشفا ج ۱ ص ۲۷۶/۲۷۹

میں حضور معطی نور کے ساتھ عشا کی
نماز پڑھی حضور نے ان کو عرجون (کھجور
کے گچھے کی جڑ جو ٹیڑھی ہوتی ہے)
عطا فرمائی اور فرمایا اس کو لے کر
چل دس ہاتھ یا گز (واللہ اعلم)
تیرے آگے اور دس تیرے پیچھے
روشنی ہوگی اور جب تو اپنے گھر
داخل ہوگا تو تو سیاہی دیکھے گا تو تو
اسے مارنا تاکہ وہ نکل جائے بیشک
وہ شیطان ہے تو ایسا ہی ہوا

اور حضور معطی نور نے ایک مرد کے چہرہ پر مبارک نورانی ہاتھ پھیرا تو اس شخص کے چہرہ پر ہمیشہ نور رہا اور حضرت قتادہ ابن ملحان کے چہرہ پہ ہاتھ پھیرا تو ان کے چہرہ میں روشنی اور چمک تھی - یہاں تک کہ ان کے چہرہ میں ایسے دیکھا جاتا جیسے آئینہ میں دیکھا جاتا ہے - علاوہ ازیں اور بہت سے ایسے واقعات ہیں - (ملاحظہ ہو خصائص ج ۲ ص ۸۱)

ص ۲ اذا افتر ضاحکا افتر عن
مثل سنا البرق - شفا شریف ج ۱ ص ۵
ھذا اوراہ البیہقی مسندا ... ای اذا
کشف صلے اللہ علیہ وسلم عن اسنانہ
فی حال ضحکہ ظھر من فمہ وبیاض

یعنی جب نور مجسم صلے اللہ علیہ وسلم
بوقت تبسم اپنے مبارک دانت
ظاہر کرتے تو آپ کے نورانی منہ
مبارک اور منور دانتوں کی سفیدی کا
سے بجلی کی چمک کی طرح چمک ظاہر ہوتی

اسنادلہ لمعات کلمات البرق

(نسیم الریاض ج ا ص ۳۳۴)

امام سیوطی سے عارف ربانی امام شعرانی اور ان سے عارف نبہانی ناقل ہیں رحمہم اللہ

وکان اذا تبسم فی البیت فی اللیل اضاء البیت ۔

جب حضور پر نور مشرق انوار گھر میں رات کے وقت تبسم فرماتے تو گھر کو روشن کر دیتے تھے ۔

کشف الغمہ للشعرانی ج ۲ ص ۱۵ از سیوطی

جواہر البحار ج ۲ ص ۶۶

۳۔ اخرج الطبرانی عن ابی قرصافۃ قال بایعنا رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم انا وامی وخالتی فلما رجعنا قالت لی امی وخالتی یا بنی ما راینا مثل ھذا الرجل احسن وجھا ولا انقی ثوبا ولا الین کلاما ورأینا کان النور یخرج من فیہ

خصائص کبریٰ ج ا ص ۶۲

امام طبرانی ابو قرصافہ سے راوی ۔ حضرت ابو قرصافہ نے فرمایا ہیں اور میری والدہ اور میری خالہ نے حضور سے بیعت کی جب ہم واپس لوٹے مجھ سے میری والدہ اور خالہ نے فرمایا اے پیارے بیٹے ہم نے حضور کی مثل حسین چہرہ والا اور صاف کپڑوں والا اور نرم کلام والا نہ دیکھا اور ہم نے دیکھا آپ کے منہ مبارک سے نور نکلتا تھا ۔

اللہم صل وسلم علی مشرق الانوار ومظہر الانوار ومطلع الانوار

برکتہ رسول اللہ فی الہند شیخ عبدالحق محدث دہلوی حنفی مجدد نے کیا ہی ایمان افروز جملہ ارقام فرمایا ۔

اما وجہ شریف وے صلے اللہ علیہ وسلم
مرأۃ جمال الٰہی است ومظہر
انوار نامتناہی وے بود ۔
مدارج النبوۃ ج ۱ صـ۷

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا چہرہ انور
جمال الٰہی کا آئینہ ہے ۔ اور اس کے
غیر متناہی انوار کا مظہر تھا۔

ودر حدیث ابی ھریرۃ آمدہ
"مارایت شیئاً احسن من
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم..."
..... و در قول وے مارایت
شیئاً ونگفت انساناً یا رجلا
مبالغۃ بیشتر ست کہ خوبی وحسن
وے فائق بر ہمہ اشیا بود

حدیث ابو ہریرہ میں آیا۔ فرمایا میں نے
حضور سے بہتر خوشتر حسین تر کوئی چیز
نہ دیکھی۔ حضرت ابو ہریرہ کے قول
مارایت شیئاً میں (اور یہ نہ فرمایا انساناً
یا رجلاً) بہت مبالغہ ہے کہ حضور
کی خوبی اور آپ کا حسن (صرف
انسان یا مرد کیا بلکہ) ہر چیز پہ فائق تھا

مدارج النبوۃ ج ۱ صـ۷

واخرج ابن عساکر عن عائشۃ
قالت کنت اخیط فی السحر
فسقطت منی الابرۃ فطلبتھا
فلم اقدر علیھا فدخل

ابن عساکر ام المومنین حضرت عائشہ
رضی اللہ تعالٰی عنہا سے راوی وہ
فرماتی ہیں کہ سحر کے وقت سی رہی
تھی تو مجھ سے سوئی گر گئی میں نے اسے

---

[۱] کان الشمس تجری فی وجھہ شفا شریف ج ۱ صـ۱۸ ۔ وسائل الوصول صـ۲۰
شرح شمائل ج ۱ صـ۱۳۴ رواہ الترمذی والبیہقی واحمد وابن حبان وابن سعد
زرقانی ج ۴ صـ۷۳ الخ مکمل وجہ شریف کا بیان ملاحظہ ہو۔ نیز چہرۂ انور اور احادیث
دیکھو جواہر البحار ج ۲ صـ۶ ۱۲ الفیضی غفرلہٗ

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فتبینت الابرۃ بشعاع نور وجہہ فاخبرتہ فقال یا حمیرا الویل ثم الویل ثلاثا لمن حرم النظر الی وجہی

تلاش کیا وہ مجھے نہ مل سکی۔ پھر حضور رسول اکرم نور مجسم صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو آپ کے چہرۂ انور کے نور کے شعاع سے سوئی ظاہر ہو گئی تو میں نے اس کی حضور کو خبر دی فرمایا ہلاکت، ہلاکت، ہلاکت اس کے لئے جس نے نظر کو میرے چہرہ سے محروم رکھا

خصائص کبریٰ شریف ج ۱ ص ۶۲/۶۳ للسیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ۔ شواہد النبوۃ للعارف الجامی ص ۱۳۵ شمائل الاتقیا ص ۲۴۳ ، جواہر البحار ج ۲ ص ۱۴۵/۲۲۶ جواہر البحار ج ۳ ص ۳۰ عن الصاوی۔ وتقریبہ فی میلاد رسول عربی ۴۲۸

ص۵ اخرج الشیخان عن انس قال رأیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یرفع یدیہ فی الدعاء حتی یری بیاض ابطیہ

بخاری، مسلم، حضرت انس سے مخرج فرمایا ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ حضور دعا میں ہاتھ اٹھاتے یہاں تک کر آپ کے بغلوں کی سفیدی دیکھی جاتی۔

الخصائص الکبریٰ للسیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ ج ۱ ص ۶۳ ، بخاری ج ۲ ص ۹۳۸

ع۶ واخرج ابن سعد عن جابر قال کان النبی صلے اللہ علیہ وسلم اذا سجد یری بیاض ابطیہ وقد ورد ذکر بیاض ابطیہ صلے اللہ علیہ وسلم

ابن سعد نے حضرت جابر سے اخراج کیا فرمایا کہ جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم سجدہ کرتے تو آپ کے بغلوں کی سفیدی دیکھی جاتی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بغلوں کی سفیدی کا ذکر

فی عدۃ احادیث عن جماعۃ من الصحابۃ۔

بہت سی احادیث میں صحابۂ کرام کی ایک جماعت سے وارد ہوا ہے

الخصائص الکبریٰ ج ۱ ص ۶۳

امام احمد۔ دارمی۔ حاکم بفتویٰ صحت۔ بیہقی۔ طبرانی۔ ابونعیم نے عقبہ بن عبد سے ایک حدیث لمبی روایت کی جس میں سیدہ طاہرہ طیبہ آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا والدہ ماجدہ سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ بیان مذکور ہے

قالت انی رایت خرج منی نور اضاءت لہ قصور الشام۔

خصائص کبریٰ ج ۱ ص ۶۴

فرماتی ہیں میں نے دیکھا کہ مجھسے نور خارج ہوا۔ جس کی وجہ سے شام کے محلات روشن ہو گئے۔

ع ۸

امام بیہقی۔ طبرانی۔ ابونعیم۔ ابن عساکر۔ عثمان بن ابی العاص سے راوی حضرت عثمان نے کہا کہ میری والدہ آقا کی ولادت کی رات وہاں حضرت آمنہ کے پاس موجود تھیں اور یہ بیان فرمایا۔

قالت (ام عثمان) فما شیٔ انظر الیہ فی البیت الا نور وانی لانظر الی النجوم تدنو حتی انی لاقول لیقعن علی فلما وضعت خرج منھا نور اضاء لہ البیت والدار حتی جعلت لا اری الا نوراً

خصائص شریف ج ۱ ص ۴۵

ام عثمان نے فرمایا کہ اس گھر میں جس چیز کی طرف نظر کرتی وہ منور نظر آتی اور اس رات میں نے دیکھا کہ تارے بالکل قریب آگئے۔ یہاں تک کہ میں کہتی تھی۔ کہ مجھ پہ گر پڑیں گے۔ پھر جب حضرت آمنہ نے حضور کو جنا حضرت آمنہ سے نور ظاہر ہوا جس کی وجہ سے گھر اور دار روشن ہو گئے۔ یہاں تک کہ میں نور ہی نور دیکھتی تھی

۹ اخرج احمد والبزار والطبرانی والحاکم والبیہقی وابونعیم عن العرباض بن ساریة...... وان ام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رأت حین وضعته نورا اضاءت له قصور الشام۔ خصائص شریف ج ۱ ص ۴۶	احمد۔ بزار۔ طبرانی۔ حاکم۔ بیہقی ابونعیم۔ عرباض بن ساریة سے راوی کہ حضور کی والدہ نے جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو جنا تو نور دیکھا جس کی وجہ سے شام کے محلات روشن ہو گئے۔
۱۰ واخرج ابن سعد من طریق ثور بن یزید عن ابی العجفاء عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال رأت امی حین وضعتنی سطع منها نور اضاءت له قصور بصری خصائص شریف ج ۱ ص ۴۶	ابن سعد نے ثور بن یزید کے طریق سے ابو العجفاء سے روایت کی اور وہ حضور سے راوی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ میری والدہ نے جب مجھے جنا تو ان سے نور چمکا جس کی وجہ سے بصری کے محلات منور ہو گئے۔
۱۱ رأت امی حین حملت بی انه خرج منها نور اضاء له قصور بصری من ارض الشام شفا ج ۱ ص ۱۳۶	(نیز فرمایا) میری والدہ نے جب مجھے بطن شریف میں اٹھایا تو انہوں نے دیکھا کہ ان سے نور ظاہر ہوا جس کی وجہ سے زمین شام سے شہر بصری کے محلات روشن ہو گئے۔
ابن کثیر مشدد کا بیان فولدته علیه الصلوٰۃ والسلام	تو حضرت آمنہ نے اس رات شریفہ

فی ھذہ الایۃ الشریفۃ المنیفۃ، فظھر لہ من الانوار الحسیۃ والمعنویۃ ما بھر العقول والابصار، کما شھدت بذالک الاحادیث والاخبار عند علماء الاخیار

بلند قدر میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو جنا تو حضور کے انوار حسیہ اور معنویہ اتنے ظاہر ہوئے جنہوں نے عقلوں اور آنکھوں کو حیران کر دیا جیسا کہ علمائے اخیار کے نزدیک اس احادیث و اخبار گواہی دیتی ہیں۔

مولد رسول اللہ لابن کثیر ص ۱۹

اس قسم کی اور بھی بہت حدیثیں ہیں کہ حضرت آمنہ فرماتی ہیں کہ بوقت ولادت سید عالم نور ہی نور ظاہر ہوا۔ میرے سے نور ظاہر ہوا۔ ایسی حدیث کوئی نظر سے نہیں گزری کہ حضور کی والدہ طیبہ نے یہ ارشاد فرمایا ہو کہ مجھ سے بشر ظاہر ہوا۔ اگرچہ دیگر دلائل سے ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ حضور پر نور نور محض لباس بشری پہن کر تشریف لائے اور آپ صورۃً بشر ہیں۔ بے عیب و پاک وصاف و شفاف بشریت آپ کا اعلیٰ وصف ہے۔ آپ بے مثل بشر ہیں۔ سید البشر ہیں۔ افضل البشر ہیں۔

ؔ امام المحدثین قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ فرماتے ہیں۔ ذکاہ روحا و جسما (شفا شریف ج ۱ ص ۲۸) اللہ تعالےٰ نے حضور کو باعتبار روح اور جسم کے مزکی اور مطہر کیا۔ علامہ شہاب الدین خفاجی حنفی اس کے ماتحت فرماتے ہیں۔ التزکیۃ، التطہیر والتقدیس والتنمیۃ[علہ] والزیادۃ اے خلقہ زائداً کاملاً من سواہ منزھاً عن دنس البشریۃ ومسح العناصر (نسیم الریاض ج ۱ ص ۱۷۸) ۱۲ فیضی غفرلہ

علہ و التنمیۃ

ے خوبی و شمائل میں ہر آن نرالے ہیں ۔:۔ انسان ہیں وہ لیکن انسان نرالے ہیں

محمد بشر لا کالبشر ۔:۔ خالیاقوت حجر لا کالحجر !

بایں ہمہ یہ بھی قرآن ، حدیث سے گذرا کہ ابھی بشریت کا وجود نہ تھا ۔ ابوالبشر حضرت آدم علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام پیدا ہی نہیں ہوئے تھے ۔ حضور صلے اللہ علیہ وسلم پہلے تھے ۔ تو کیا تھے ۔ خود سوچئے ..... نیز آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام صورۃً بشر ہیں حقیقت اور باطن کچھ اور ہے ۔

سلطان الہند حضرت خواجہ اجمیری رضی اللہ عنہ کا عقیدہ کہ حضور صورۃً بشر ہیں

ے بصورت ار البشر آمد ولے از روئے حقیقت
زفرق تا بقدم رحمت خدا است مجسم

دیوان خواجہ اجمیری ص ۴۱

عارف سبحانی اور حضرت شیخ علی ددہ رضی اللہ تعالے عنہ کا عقیدہ کہ حضور صورۃً بشر ہیں ۔

انہ نور محض ولیس للنور ظل وفیہ اشارۃ الی انہ افنی الوجود الکونی الظلی وھو نور متجسد فی صورۃ البشر قیل کذالک الملک اذا تجسد بصورۃ الانسان

حضور نور محض ہیں اور نور کا سایہ نہیں ہوتا (اسی لئے حضور کا سایہ نہیں تھا) اور اس میں اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے وجود کونی ظلی کو فنا کر دیا ۔ اور حضور صورۃ بشری میں متجسد نور ہیں کہا گیا ہے کہ اسی طرح فرشتہ

لا یکون لہ ظل ۔ (جواہر البحار ج ۴ ص ۱۸۲ از شیخ علی وفا)

جب انسانی صورت میں متجلی ہوتا ہے اس کا بھی سایہ نہیں ہوتا ۔

امام قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالٰی کا عقیدہ شفا شریف میں فرماتے ہیں ۔

فاقام بینھم فبینہ مخلوقا من جنسھم فی الصورۃ والبسہ من نعتہ الرأفۃ والرحمۃ " (جواہر البحار ج ۱ ص ۶)

نیز بے عیب بشریت حضور پرنور مجسم صلے اللہ علیہ وسلم کا لباس ہے لباس، پردہ ہے پردہ، ملبوس اور ہوتا ہے لباس اور، پردہ اور ہوتا ہے پردہ نشین اور ۔ سردست چند حوالے لیجئے کہ بشریت سید عالم، حضور انور کا پردہ ولباس ہے ۔

عارف قطب سید ابوالعباس تجانی فاسی کا عقیدہ کہ بشریت حضور کا پردہ ہے ۔

وقد کان صلے اللہ علیہ وسلم قبل النبوۃ من حین خروجہ من بطن امہ لم یزل من اکابر العارفین ولم یطرأ علیہ حجاب البشریۃ الحائل بینہ وبین مطالعۃ الحضرۃ الالھیۃ القدسیۃ ۔

حضور قبل از نبوت والدہ ماجدہ کے بطن مقدس سے ظاہر ہونے کے وقت سے اکابرین عارفین سے تھے ۔ اور آپ پر حجاب بشریت کا طاری ہونا حضرت الوہیت کے مطالعہ سے مانع نہیں ہوا ۔ (جواہر البحار ج ۳ ص ۵۲)

امام المحققین سید المحدثین شیخ عبدالحق محقق محدث حنفی دہلوی رضی اللہ عنہ کا عقیدہ کہ بشریت حضور کا پردہ ہے ۔

آنحضرت بتمام از فرق تا قدم ہمہ نور بود کہ دیدۂ حیرت در جمال باکمال وے خیرہ می شد مثل ماہ و آفتاب تاباں و روشن بود واگر نہ نقاب بشریت پوشیدہ بودے ہیچ کس را مجال نظر وادراک حسن او ممکن نبودے

(مدارج النبوت شریف، ج ۱ ص ۱۰۹ / ۱۱۰)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم سر سے لیکر قدم تک سارے کے سارے نور تھے کہ حیرت کی آنکھ آپ کے جمال باکمال میں خیرہ ہو جاتی۔ حضور چاند اور سورج کی طرح منور اور روشن تھے اور اگر حضور بشریت کا پردہ پہنے ہوئے نہ ہوتے تو کسی کو دیکھنے کی طاقت نہ ہوتی۔ اور آپ کے حسن کا ادراک ممکن نہ ہوتا۔

ملا علی قاری حنفی کا عقیدہ کہ بشریت حضور کا پردہ ہے۔

اکثر الناس عرفوا اللہ عزوجل وما عرفوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لان حجاب البشریۃ غطی ابصارھم

اکثر لوگوں نے اللہ تعالے کو پہچانا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو نہ پہچانا اس لیے کہ بشریت کے پردہ نے ان کی آنکھوں کو چھپا دیا بند کر دیا۔

(شرح شمائل للعلامۃ علی القاری ص ۹)

امام محدث عبدالرؤف مناوی متوفی سنہ ۱۰۰۳ھ حسن نورانیت سید عالم کے بارہ میں ایک وجد آور روح پرور ایمان افروز باطل سوز عبارت ارقام فرمانے کے بعد فرماتے ہیں۔

لکن لابد للشمس من سحاب وللحسناء من نقاب (شرح شمائل ج ۱ ص ۱۷)

لیکن سورج کے لئے ابر ضروری ہے اور حسینوں کیلئے پردہ ضروری ہے

شاہ ولی اللہ اپنے والد مرحوم سے واقعہ نومی کے ناقل کہ والا صاحب سے حضور نے فرمایا۔

جمالی مستور عن اعین الناس غیرۃ من اللّٰہ عزوجل ولو ظھر لفعل الناس اکثر مما فعلوا حین راوا یوسف۔

(درالثمین صـ)

میرا حسن وجمال لوگوں کی آنکھوں سے چھپا ہوا ہے۔ رب تعالیٰ کی غیرت کی وجہ سے اور اگر ظاہر ہو تو لوگ اس سے زیادہ کچھ کریں گے جبکہ یوسف علیہ السلام کو دیکھنے کے وقت کیا تھا۔

اعلیحضرت، عظیم البرکت، قامع بدعت، حامی سنت، مجدد ملت نے کیا خوب فرمایا۔ رضی اللہ تعالےٰ عنہ۔ ؎

حسن یوسف پہ کٹیں مصر میں انگشت زناں
سر کٹاتے ہیں ترے نام پہ مردانِ عرب

اس شعر کے دونوں مصرعوں میں ایک ایک لفظ ایسے تقابل سے ہے کہ مفید تفضیل حضور انور سید عالم صلے اللہ علیہ وسلم ہے۔ (۱) وہاں حسن یہاں نام (۲) وہاں کٹنا کہ عدم قصد پر دال ہے۔ یہاں کٹانا کہ قصد وارادہ بتاتا ہے (۳) وہاں مصر یہاں عرب کہ زمانہ جاہلیت میں اس کی سرکشی و خودسری مشہور تھی (۴) وہاں انگشت یہاں سر (۵) وہاں زناں یہاں مرداں (۶) وہاں انگلیاں کٹیں ایک بار وقوع بتاتا ہے۔ یہاں کٹاتے ہیں کہ استمرار پر دلیل ہے۔ ۱۲ منہ ایضاً۔

فریق مخالف کے گھر کی بنیادی گواہی۔ نانوتوی صاحب کا عقیدہ کہ بشریت حضور کا حجاب ہے۔

؎ رہا جمال پہ تیرے حجاب بشریت ❊ نہ جانا کون ہے کچھ کسی نے جز ستار

حضرت حسان صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ اور علامہ عبد روس۔ اور عارف نبہانی

وانما ستر حسنہ بالھیبۃ والوقار لتستطیع رویتہ الابصار ومع ذالک فقد قال سیدنا حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ لما نظرت الی انوارہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وضعت کفی علی عینی خوفا من ذھاب بصری

(جواہر البحار ج ۲ ص ۳۲ از عبد روس)

اور جز ایں نیست کہ آپ کا حسن ہیبت اور وقار سے پوشیدہ کر دیا گیا۔ تاکہ آنکھوں کو اس کے دیکھنے کی طاقت ہو اور اس کے باوجود بھی بے شک (صحابی رسول) حضرت سیدنا حسان بن ثابت رضی اللہ نے فرمایا کہ جب میں نے حضور کے انوار کی طرف دیکھا تو اپنی آنکھوں پہ ہتھیلی رکھ دی اس خوف سے کہ کہیں میرے دیکھنے کی قوت نہ چلی جائے

امام عبد الکریم جیلی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

فان بشریتہ صلی اللہ علیہ وسلم معدومۃ لا اثر لھا بخلاف غیرہ من الانبیاء والاولیاء فانھم وان زالت عنھم البشریۃ فانما زوالھا عبارۃ عن استتارھا کما تستتر النجوم عند ظھور الشمس فانھا وان کانت مفقودۃ

بے شک حضور کی بشریت معدوم ہے۔ اس کا کوئی اثر باقی نہ رہا بخلاف ہے دیگر انبیا اور اولیا کے کہ اگرچہ ان سے بشریت زائل ہوئی۔ سوائے اس کے نہیں کہ اس کا زوال عبارت ہے پوشیدہ ہونے سے جیسے تارے سورج کے ظہور کے وقت چھپ جاتے ہیں

العين فهى موجودة الحكم حقيقة وبشريته صلى الله عليه وسلم مفقود ۔ اگرچہ عین مفقود ہے۔ لیکن وہ حقیقۃً موجود کے حکم میں ہیں اور حضور کی بشریت تو مفقود ہے۔

(جواہر البحار ج ا ص ۲۵)

خیال رہے کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے انوار اور حسن وجمال پر ایک پردہ نہیں بلکہ کئی پردے ہیں۔

غبیط العالمین مرجع الفاضلین قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین شیخ رکن الدین بن عماد الدین دبیر کاشانی خلد آبادی (جو آٹھویں صدی کے جید عالم وکامل عارف ہیں۔ اور ۷۳۲ھ میں خواجہ برہان الدین کے مرید ہوئے) فرماتے ہیں۔

ہے فرمان شد آں نور را بہفتاد ہزار حجاب بپوشند تا روشنائی ماہ وآفتاب ناپدید نشود شمائل الاتقیا ص ۲۴۲ ۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ فرمان ہوا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نور کو ستر ہزار پردوں میں چھپائیں تاکہ چاند اور سورج کی روشنی چھپ نہ جائے۔

اگر حضور بے پردہ تشریف لاتے تو کسی کو دیکھنے کی تاب تھی۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے ۔

باپردہ ہا چوں آمدی شور قیامت شد عیاں
بے پردہ گر آئی ببر دل سوز د ہمہ کون ومکاں

سنو علامہ عارف الغوث المعظم عبدالعزیز دباغ رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

واعلم ان انوار المکونات کلھا من عرش وفرش وسموات ۔ اور اس بات کا یقین کر لے بے شک تمام موجودات کے تمام انوار عرش

والارضین وجنات وحجب
وما فوقها وما تحتها اذا
جمعت کلها وجدت بعضا
من نور النبی صلی اللہ علیہ وسلم
وان مجموع نورہ صلی اللہ علیہ وسلم
لو وضع علی العرش لذاب
ولو وضع علی الحجب السبعین
التی فوق العرش لتهافتت
ولو جمعت المخلوقات کلها
ووضع علیها ذالک النور العظیم
لتهافتت وتساقطت۔
کتاب الابریز صہ ۲۵۳ مطبوعہ ازھریہ
وجواھر البحار ج ۱ صہ ۱۸۵

اور فرش اور آسمانوں اور زمینوں
اور بہشتوں اور پردوں اور ان کے
اوپر اور نیچے سے ان سب کے انوار
جب تو جمع کرے تو ان سب انوار
کو نور نبی سے بعض (ایک حصہ) پائیگا
اور اگر حضور کا سارا نور عرش پہ رکھا
جائے تو عرش پگھل جائے گا۔ اور
اگر عرش کے اوپر والے ستر حجابوں
پہ رکھا جائے تو وہ ریزہ ریزہ ہوکر
باریک ہباء ان کی طرح اڑنے لگیں گے
اور اگر تمام مخلوق کو جمع کرکے اس پہ
یہ نور عظیم رکھا جائے تو وہ تمام مخلوق
ریزہ ریزہ ہوکر گر جائے گی۔

اسی طرح اگر رب تعالےٰ کی ذات بے پردہ ہو تو سب کچھ جل جائے
دیکھو مشکوٰۃ شریف صہ ۲۱

۱۵ قال علیہ الصلوٰۃ والسلام
ان اللہ تعالےٰ خلق نوری
من نور عزتہ۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا
کہ بیشک اللہ تعالےٰ نے میرے نور
کو اپنی عزت کے نور سے پیدا کیا۔

شمائل الاتقیاء صہ ۳۲۶ للشیخ العارف رکن الدین المتعلم سنہ ۲۱ء

۱۶ اخرج الدارمی والبیھقی
(والترمذی فی الشمائل)

دارمی اور بیہقی نے حضرت جابر
بن سمرۃ سے اخراج کیا۔ انہوں نے

عن جابر بن سمرة قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم فی لیلة اضحیان وعلیه حلة حمراء فجعلت انظر الیه والی القمر فلھو کان احسن فی عینی[1] من القمر

فرمایا میں نے صاف ظاہر بے ابر چاندنی رات میں حضور کو دیکھا اور حضور پر سرخ کپڑا تھا۔ تو میں نے حضور کی طرف اور چاند کی طرف دیکھنا شروع کیا۔ تو حضور میری نظر میں چاند سے زیادہ حسین تھے۔ علیہ الصلوٰۃ والسلام

خصائص کبری للسیوطی ج ۱ ص۷۲ - شمائل ترمذی ص۲ - زرقانی ج ۴ ص۷۶ وسائل الوصول ص۲۱ - شرح شمائل للمناوی والقاری ج ۱ ص۴۶ ۔

یہ جو مہر و ماہ پہ ہے اطلاق آتا نور کا
بھیک تیرے نام کی ہے استعارہ نور کا

(اعلیحضرت)

چاند سے تشبیہ دینا یہ بھی کوئی انصاف ہے
چاند کے منہ پہ چھائیاں مدنی کا چہرہ صاف ہے

۷۲ واخرج البخاری عن کعب بن مالک قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

امام بخاری کعب بن مالک سے راوی فرمایا کہ حضور جب خوش ہوتے آپ کا چہرہ ایسا چمکتا گویا کہ

[1] فی روایته عندی بدل عینی (الفیضی) والتقیید بالعندیة لیس للتخصیص فان ذالک عند کل احد رآه کذالک[1] المواھب علی الشمائل للبیجوری ص۲۲ وکذا فی شرح الشمائل للمناوی والقاری ج ۱ ص۴۶ (ج ۲ ص۱۱۴)

اذا سر استنار وجهه کانه قطعة قمر وکنا نعرف ذالك

وہ چاند کا ٹکڑا ہے۔ ہم اس چمک سے حضور کی خوشی معلوم کرتے تھے

منه ۔ خصائص کبریٰ ج ۱ ص ۶۷ بخاری ج ۱ ص ۵۰۲ زرقانی ج ۴ ص ۷۹

کنز العمال ج ۷ ص ۸۴ ۔ اس کے مناسب روایات جواہر البحار ج ۱ ص ۶۹ وص ۸۰

۱۸ واخرج الدارمی والبیہقی والطبرانی وابو نعیم عن ابی عبیدة قال قلت للربیع بنت معوذ صفی لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالت لو رأیته لقلت الشمس طالعة

دارمی ۔ بیہقی ۔ طبرانی ۔ ابو نعیم ابو عبیدہ سے راوی وہ فرماتے ہیں میں نے ربیع سے کہا میرے لیے حضور کا وصف بیان کر انہوں نے فرمایا اگر تو حضور کو دیکھتا تو ۔ ۔ تو کہتا سورج طلوع ہوا ۔

خصائص کبریٰ ج ۱ ص ۶۷ زرقانی ج ۴ ص ۷۸

۱۹ اخرج البزار والبیہقی عن ابی هریرة قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم ...... اذا ضحك یتلألأ فی الجدر لم ار مثله قبله ولا بعده

بزار اور بیہقی حضرت ابو ہریرہ سے راوی فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب تبسم فرماتے تو دیواروں پہ چمک پڑتی میں نے حضور کی مثل نہ حضور سے پہلے دیکھا نہ حضور کے بعد

خصائص کبریٰ شریف للسیوطی ج ۱ ص ۶۷ ۔ کنز العمال ج ۷ ص ۳۱ ۔ شفا شریف ج ۱ ص ۴۵ ۔ جواہر البحار ج ۱ ص ۱۶ ۔ وسائل الوصول ص ۲۱ ۔ زرقانی ج ۴ ص ۱۸۱ مواہب لدنیہ ج ۱ ص ۱۷۱ ۔ رواہ (رأے یتلألأ فی الجدر) احمد والترمذی وابن حبان ۔ امام قسطلانی یتلألأ فی الجدر کی تفسیر فرماتے ہیں ۔

ای یضئ فی الجدر ...... جمع جدار وهو الحائط ای یشرق نوره علیها

اشراقا کاشراق الشمس علیہا۔ مواہب۔ وشرحہ للزرقانی ج۴ ص۱۸۱

۲؎ حضرت ہند بن ابی ہالۃ رضی اللہ عنہ (حضرت حسن کے خالو اور حضور کے ربیب) فرماتے ہیں۔

یتلألؤ وجھہ تلألؤ القمر لیلۃ البدر۔	حضور نور مجسم کا چہرۂ انور چودھویں رات کے چاند کی طرح چمکتا تھا۔

شمائل ترمذی ص۲۔ زرقانی ج۴ ص۷۸۔ شفا شریف ج۱ ص۵۱/۱۲۱۔ جمع الوسائل للقاری وشرح شمائل للمناوی ج۱ ص۳۲۔ وسائل الوصول ص۱۸۔

اسی حدیث میں کچھ آگے فرماتے ہیں۔

لہٗ نور یعلوہ زرقانی ج۴ ص۹۳۔ کنز العمال ج۷ ص۱۹/۱۰۱	حضور کی جبینِ مبارک کا نور جبینِ مبارک پر یا آپ کی ذات منورہ کا نور ذات انور پر غالب رہتا۔
۳؎ عن ابی اسحٰق قال سال رجل البراء بن عازب اکان وجھہ رسول اللہ مثل السیف قال لا بل مثل القمر صحیح بخاری ج۱ ص۵۰۲۔ فی الشفا ج۱ ص۵۱ لا بل مثل الشمس والقمر حدیث جابر بن سمرۃ ہی روایۃ	ابو اسحاق سے روایت ہے فرمایا کہ ایک مرد نے حضرت براء سے پوچھا کیا حضور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا چہرہ تلوار کی طرح تھا فرمایا نہ بلکہ چاند کی طرح تھا۔ شفا شریف میں ہے "نہ بلکہ سورج اور چاند کی طرح تھا۔

مسلم من زرقانی ج۴ ص۷۶۔ شرح شمائل للمناوی ج۱ ص۴۰۔ کنز العمال ج۷ ص۲۲۔ مشکوٰۃ شریف باب اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم فصل اول

لہ فی قوۃ الضیاء وکثرۃ النور... کان مثل الشمس فی نہایۃ الاشراق والقمر فی الحسن والملاحۃ۱۲

ج۵ ص۳۰۵ مرقات ۱۲ ف

اشعۃ اللمعات ج ۴ ص ۴۸۲/۴۸۳

ثم تشبیہ بعض صفاتہ بالنیرین انما ھو جری علی التمثیل العادی والا فلا شئ یماثل شیئاً من اوصافہ -

پھر حضور کے بعض صفات کو سورج اور چاند سے تشبیہ دینا تمثیل عادی کی طرز پر جاری ہوتا ہے۔ ورنہ کوئی چیز حضور کے اوصاف سے کسی چیز کے مماثل نہیں -

شرح شمائل للمناوی ج ۱ ص ۳۴

شیخ محقق عبد الحق محدث دہلوی کا فرمان مقدس اسی حدیث کی شرح میں

ودر مواہب اللدنیہ میگوید کہ این تشبیہات است کہ مردم بحسب فہم خود ورعایت عرف وعادت کردہ اند والا ہیچ یکے ازیں امور دراہبت وجلالت وحسن و ملاحت بجمال وکمال وے وہیچ چیزے از مخلوقات و محدثات معادل ومشارک صفات خلقیہ وخُلقیہ وے نبود -

مواہب میں امام قسطلانی نے فرمایا یہ ایسی تشبیہات ہیں کہ لوگوں نے اپنے فہم کے مطابق اور عرف اور عادت کی رعایت کرتے ہوئے دی ہیں۔ ورنہ ان چیزوں میں سے کوئی چیز حضور کے جمال وکمال کے حسن خوبصورتی اور جلالت اور حسن وملاحت میں برابر نہیں اور مخلوقات سے کوئی چیز حضور کے صفات خلقیہ اور خُلقیہ کے برابر اور شریک نہیں

نظم

کسے بحسن وملاحت بیار ما نرسد
تراد ریں سخن انکار کار ما نرسد

ہزار نقش بر آید ز کلک صنع ولے
یکے بخوبی ونقش نگار ما نرسد

صلے اللہ علیہ وسلم وعلی آلہ واصحابہ بقدر حسنہ وجمالہ وکمالہ ۔

اشعۃ اللمعات ج ۴ ص ۵۸۳

۲۳۔ اخرج ابونعیم عن ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ قال کان وجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کدارۃ القمر۔

ابو نعیم حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مخرج فرمایا حضور کا چہرہ چاند کے ہالہ کی طرح تھا۔

خصائص ج ۱ ص ۷۲ ۔ زرقانی ج ۴ ص ۷۲، کنز العمال ج ۷ ص ۹۹

۲۴۔ ہمدان کی کسی ایک عورت نے کہا (جس نے حضور کے ساتھ حج کیا تھا) کہ حضور کی تشبیہ

کالقمر لیلۃ البدر لم ار قبلہ ولا بعدہ مثلہ صلے اللہ علیہ وسلم

چودھویں رات کے چاند کی طرح تھی۔ میں نے حضور کی مثل نہ حضور سے پہلے دیکھا نہ بعد میں۔

اخرجہ البیہقی خصائص کبری ج ۱ ص ۷۲ زرقانی ج ۴ ص ۷۸

۲۵۔ عن عائشۃ رضی اللہ تعالٰے عنہا ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دخل علیہا مسرورًا تبرق اساریر وجہہ

صحیح بخاری ج ۱ ص ۵۰۲

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان پہ بحالت خوشی داخل ہوئے تو آپ کے چہرۂ انور کے خطوط بجلی کی طرح چمکتے تھے

۲۶۔ عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال لم یکن لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظل ولم یقم مع شمس (قط) الا غلب ضوءہ

صحابی رسول حضرت عبد اللہ بن عباس نے فرمایا حضور کا سایہ نہ تھا۔ حضور جب بھی سورج کے مقابل ٹھہرتے تو آپ کی روشنی

ضوئها ولا مع سراج (قط) الا غلب ضوءه ضوءه
نسیم الریاض ج ۳ ص ۲۸۲ وهكذا فی زرقانی ج ۴ ص ۲۲ وج ۵ ص ۲۴۹ ۔

سورج کی روشنی پہ غالب رہتی اور جب بھی سراج کے مقابل ٹھہرتے تو آپ کی روشنی سراج کی روشنی پہ غالب رہتی ۔
صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم بقدر انوارہ ۔

ونحوہ فی المواہب اللدنیہ علی
علی الشمائل المحمدیہ للبیجوری ص ۲۳ فی مطبعۃ مصطفےٰ البابی الحلبی بمصر سنہ ۱۳۷۵ھ وص ۳۰ رفی مطبعۃ ثنا قلاعن ابن المبارک وابن الجوزی فی روایۃ لابن المبارک وابن الجوزی عن ابن عباس بزیادۃ لفظ (قط) فی الموضعین ووضع المظہر موضع المضمر الثانی فی الموضعین ۔ دشرح شمائل للمناوی ج ۱ ص ۴۷

۲۷ وکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نوراً فکان اذا مشی بالشمس والقمر لا یظہر لہ ظل

حضور نور تھے ۔ جب سورج اور چاند (کی روشنی) میں چلتے آپ کا سایہ ظاہر نہ ہوتا ۔

وسائل الوصول ص ۲۱ للنبہانی

۲۸ مطالع المسرات میں امام علامہ ابن سبع سے منقول ہے ۔

کان النبی صلے اللہ علیہ وسلم یضیٔ البیت المظلم من نورہٖ
بحوالہ السعید ص ۲۳ شوال سنہ ۱۳۷۹ھ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم تاریک گھر کو اپنے نور سے روشن کر دیتے تھے ۔

۲۹ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اپنی ہر طرف اور اپنے ہر عضو کی نورانیت کی دعا مانگی ہے اور یہ بھی کہا دفی روایۃ)

واجعلنی نورا[1] اے اللہ مجھے سارے کے سارے کو نور بنادے۔

مسلم شریف ج ۱ صہ ۲۶۱/۲۶۲ - ابوداؤد شریف ج ۱ صہ ۱۹۸/۱۹۹ - صحیح بخاری ج ۲ صہ ۹۳۴/۹۳۵ - مشکوٰۃ شریف ج ۱ صہ ۱۰۱ اور حضور مستجاب الدعوات ہیں - بلکہ اللہ تعالیٰ آپ کی خواہش کے پورا کرنے میں جلدی کرتا ہے۔

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عرض کرتی ہیں۔

ما اری ربک الا یسارع فی ھواک

یا رسول اللہ میں حضور کے رب کو نہیں دیکھتی مگر حضور کی خواہش میں جلدی و شتابی کرتا ہوا۔

صحیح بخاری ج ۲ صہ ۷۰۶/۷۶۴ متفق علیہ مشکوٰۃ شریف ج ۲ صہ ۲۸۱

ابوطالب نے حضور سے عرض کی " ان ربک لیطیعک تعالیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام یا عماہ لو اطعتہ لیطیعنک " وانت رواہ ابن عدی " الامن والعلی صہ ۸۲ واللفظ لہ - اخرجہ ابن عدی - والبیھقی وابونعیم خصائص کبریٰ ج ۱ صہ ۱۲۴

بے شک حضور کا رب حضور کی اطاعت کرتا ہے - سید عالم صلے اللہ علیہ وسلم نے (اس کلمہ پر انکار نہ فرمایا بلکہ اور تاکیداً وتائیداً) ارشاد کیا کہ اے چچا اگر تو اس کی اطاعت کرلے تو وہ تیرے ساتھ بھی یوں ہی معاملہ فرمائے گا۔ دلائل النبوۃ لابی نعیم کے صہ ۳۷ پر ہے۔

---

[1] مواہب - زرقانی ج ۴ صہ ۲۲ خصائص کبریٰ ج ۱ صہ ۶۸ شرح شفا للقاری ج ۲ صہ ۴۱۸ جواہر البحار ج ۱ صہ ۲۸۰ ۱۲ یعفی عنہ

بے شک اللہ تعالیٰ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو عطا فرماتا ہے۔ جب مانگیں (اور جو مانگیں)	ان اللہ تعالیٰ یعطیہ اذا سأل

امام قسطلانی امام بدر الدین محمود عینی حنفی سے ناقل

اور میں اس بات میں شک نہیں کرتا کہ بے شک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سب دعائیں منظور ہیں	وانالاشک ان جمیع دعوات النبی صلی اللہ علیہ وسلم مستجابۃ

مواہب لدنیہ ج ۲ ص ۔ زرقانی ج ۸ ص ۲۲۷

اور یہ بات منقول نہ ہوئی کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کوئی دعا مانگی ہو اور وہ منظور نہ ہوئی ہو۔	امام قسطلانی فرماتے ہیں۔ ولم ینقل انہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا بشئ فلم یستجب لہ"

مواہب الدنیہ ج ۲ ص ۔ زرقانی ج ۸ ص ۲۳۷، جواہر البحار ج ۲ ص ۲۳۳

اعلیحضرت مولانا احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

اجابت نے جھک کر گلے سے لگایا
بڑھی ناز سے جب دعائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

اجابت کا سہرا عنایت کا جوڑا
دلہن بن کے نکلی دعائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مولانا حسن رضا خاں فرماتے ہیں۔

مقبول ہیں ابرو کے اشارے سے دعائیں کب تیر کمان دار نبوت کا خطا ہو

بلکہ حضور محبوب خدا مستجاب گر ہیں۔ مثلاً حضرت سعد بن ابی وقاص کو مستجاب الدعوات بنا دیا۔ اخرجہ الترمذی والحاکم وصححہ وغیرہ۔ الخصائص الکبریٰ ج ۲ ص ۱۶۵۔ اگر کوئی یہ شبہ پیدا کرے کہ حضور پہلے نور نہ تھے تو جواباً عرض ہے کہ تھے اس کے بعض دلائل گزرے اور یہ دعا دوام، استمرار، استقامت اور ترقی کے لئے مانگی۔ جیسے اھدنا الصراط المستقیم عمر آخر تک پڑھتے رہے۔ کیا معترض اس دعا کے بعد حضور کی نورانیت کا قول کرے گا۔

نمبر ۳۰ نیز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

ویجعل لی نورا من شعر راسی الی ظفر قدمی	اللہ تعالےٰ میرے لئے نور ظاہر کرے گا۔ سر کے بال سے لیکر قدم کے ناخن تک۔

اخرجہ الطبرانی فی الکبیر وابن ابی حاتم وابن مردویہ عن عقبۃ بن عامر خصائص کبریٰ ج ۲ ص ۲۲۲ ص ۲۲۵۔ وازو در جواہر البحار ج ۱ ص ۳۱۸/۳۲۱

۳۱ خلقت من نور اللہ والمؤمنون من نوری۔	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا میں اللہ تعالےٰ کے نور سے پیدا کیا گیا۔ اور تمام مومن میرے نور سے۔

مکتوبات امام ربانی ج ۳ ص ۲۳۱۔ ومنہ جواہر البحار ج ۲ ص ۱۹۱

اعلیحضرت عظیم البرکت علیہ الرحمۃ کیا خوب فرماتے ہیں۔

تیری نسل پاک میں ہے بچہ بچہ نور کا
تو ہے عین نور تیرا سب گھرانا نور کا

۳۲ انا من نور اللہ والمومنون من نوری۔ مدارج النبوۃ ج ۲ صفحہ ۶۱۰

وفی روایۃ "من فیض نوری" جواہر البحار ج ۴ ص ۱۸۸ - قولہ علیہ الصلوٰۃ والسلام " انا من اللہ والمومنون منی "۔

جواہر البحار ج ۱ ص ۲۴۶ از جیلی۔

۳۳ وفی النہایۃ لابن الاثیر انہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کان اذا سر فکان وجھہ المرأۃ وکان الجدار تلاحظ وجھہ قال والملاحکۃ شدۃ الملاءمۃ ای یری شخص الجدار فی وجھہ صلے اللہ علیہ وسلم

یعنے نہایہ لابن اثیر میں ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جب مسرور ہوتے آپ کا چہرہ آئینہ کی طرح چمکتا تھا - اور دیواروں کا عکس آپ کے چہرۂ انور میں نظر آتا

زرقانی ج ۴ ص ۸۰ مواہب ج ص جمع الوسائل ج ۲ ص ۷ نحوہ شرح شمائل للمناوی ج ۱ ص ۳۴ - مدارج ، ج ۱ ص ۹

۳۴ حضور صلے اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کی چوتھی خصوصیت -

حضور تاریک سایہ سے پاک تھے - آپ کا سایہ نہ تھا - نہ ظل تھا نہ فی من وجہ نبی خصوصیت اور من وجہ دلیل نورانیت - آپ کے سایہ نہ ہونے کی کئی وجوہات بیان کی گئی ہیں - (۱) بعض نے کہا کہ بوجہ نور ہونے کے سایہ نہ تھا - (۲) اور بعض نے کہا حضور ظل الٰہی ہیں - لہٰذا سایہ کے سایہ نہیں ہوتا (۳) بعض نے کہا اس لئے نہیں تھا کہ قدموں کی روندگی نہ ہو - (۴) اور بعض نے کہا کہ سایہ سایہ والے سے زیادہ لطیف ہوتا ہے اور حضور کے جسم سے زیادہ کوئی چیز لطیف نہیں اسی لئے آپ کا سایہ نہیں (۵) بوجہ بے مثلیت سید عالم (۶) تاکہ نجس زمین پہ نہ پڑے وغیرہ - اختصار کو ملحوظ رکھتے ہوئے بعض

ان حضرات کے اسماء درج کر دیتا ہوں جو صراحۃً حضور کے سایہ نہ ہونے کے قائل ہیں۔ اور سلفاً خلفاً کوئی ان کے اس قول کا منکر نہ ہوا بلکہ غیر مصرحین خاموش رہے تو یہ اجماع سکوتی ہے۔ حضور کے سایہ نہ ہونے پر۔ بوقت ضرورت وفرصت اس موضوع پر مفصل تحریر ہو سکتا ہے۔

(۱) سیدنا عثمان غنی ذوالنورین رضی اللہ تعالے عنہ صحابی متوفی ۳۵ھ

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور صحابہ کے سامنے حضور کا بے سایہ ہونا بیان کیا تھا۔ حضور اور صحابہ خاموش رہے۔ تردید نہ کی۔

تفسیر مدارک ج ۳ ص ۳۲۲ علے حاشیہ خازن۔ مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۶۱

تفسیر روح البیان ج ۴ ص ۱۱۲ طبع قدیم تحت آیت ان الذین جاؤا بالافک۔ کتاب الاشارات للرازی ص۔ بحوالہ روح البیان۔

(۲) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالے عنہما صحابی متوفی ۶۸ھ

زرقانی شرح مواہب ج ۴ ص ۲۲۰ شرح شمائل للمناوی ج ۱ ص ۴۷

جمع الوسائل للقاری الحنفی ج ۱ ص ۱۷۶

(۳) حضرت ذکوان[1] تابعی متوفی ۱۰۱ھ خصائص کبریٰ ج ۱ ص ۶۸

زرقانی علی المواہب ج ۴ ص ۲۲۰۔ مدارج۔ ج ۱ ص ۲۱

(۴) حضرت عبداللہ ابن مبارک تابعی متوفی ۱۸۱ھ زرقانی علے المواہب ج ۴ ص ۲۲۰

(۵) محدث حکیم ترمذی متوفی ۲۵۵ھ خصائص کبریٰ ج ۱ ص ۶۸

---

[1] ذکوان اسم رجلین من التابعین وکل منہما ثقۃ احدھما ابو صالح السمان الزیات المتوفی ۱۰۱ھ والاخر ابو عمرو مولی عائشۃ المتوفی بعد المائۃ قبل المائتین ولم یعین ذکوان فی ھذا المقام بل ذکرھا الزرقانی بلفظ "ا ہ ملتقطاً من التقریب ص

ص و شرح المواہب ج ۴ ص ۲۲۰ ۱۲ الفیضی عفی عنہ

زرقانی علی المواہب ج ۴ ص ۲۲۰ - مدارج ج ۱ ص ۲۱

(۶) حافظ رزین محدث متوفی سنہ ۵۲۰ھ زرقانی علی المواہب ج ۴ ص ۲۲۰

(۷) محدث امام ابن سبع متوفی سنہ ھ زرقانی علی المواہب ج ۴ ص ۲۲۰

(۸) امام المحدثین قاضی عیاض متوفی سنہ ۵۴۴ھ شفا شریف ج ۱ ص ۲۴۲ و ص ۲۴۳ فی مطبع و فی آخر ص ۳۰۶ -

(۹) محدث ابن جوزی متوفی سنہ ۵۹۷ھ زرقانی علی المواہب ج ۴ ص ۲۲۰

(۱۰) امام راغب اصفہانی متوفی سنہ ۵۰۲ھ - مفردات امام راغب ص ۳۱۷

(۱۱) امام ابوالبرکات نسفی صاحب کنز الدقائق و منار و تفسیر مدارک متوفی سنہ ۷۱۰ھ - تفسیر مدارک ج ۳ ص ۳۲۳ -

(۱۲) امام قسطلانی شارح بخاری متوفی سنہ ۹۲۳ھ - مواہب ج ۱ ص ۲۸۰ زرقانی ج ۴ ص ۲۲۰ - جواہر البحار ج ۳ ص ۱۲

(۱۳) علامہ امام سبکی رحمہ اللہ تعالٰی متوفی سنہ ۷۴۶ / ۷۵۶ھ، سیرت حلبیہ ج ۲ ص ۹۴

(۱۴) خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی متوفی سنہ ۷۵۷ھ، صحائف السلوک صحیفہ ۲۴ ص ۵۱

(۱۵) علامہ حسین بن دیار بکری متوفی سنہ کتاب الخمیس -

(۱۶) علامہ زرقانی متوفی سنہ ۱۱۲۲ھ، زرقانی شرح مواہب ج ۴ ص ۲۲۰ و جلد ۵ ص ۲۴۹

(۱۷) امام مناوی متوفی سنہ ۱۰۳۱ھ - فیض القدیر للمناوی ج ۱ ص ۱۳۵ و شرح شمائل للمناوی ج ۱ ص ۴۷ علی ہامش جمع الوسائل - جواہر البحار ج ۲ ص ۱۲۸

(۱۸) امام جلال الدین سیوطی متوفی سنہ ۹۱۱ھ انہوں نے اس موضوع پر پورا باب منعقد کیا۔ خصائص کبری ج ۱ ص ۶۸ - انیس الجلیس ص ۱۳۱

(۱۹) صاحب سیرۃ شامی - سیرت شامی

(۲۰) علامہ شہاب الدین خفاجی متوفی ۱۰۶۹ھ - نسیم الریاض ج ۳ ص ۲۸۲

(۲۱) علامہ ابراہیم بیجوری رحمہ اللہ تعالے متوفی ۱۲۷۷ھ

المواہب علی الشمائل للبیجوری ص ۲۴ - فی روایۃ لابن المبارک وابن الجوزی

(۲۲) علامہ ملا علی قاری حنفی متوفی ۱۰۱۴ھ جمع الوسائل شرح شمائل ص ۱۷۶ ج ۱

عن ابن عباس - وشرح شفا للقاری ج ۳ ص ۲۸۲ علے ہامش نسیم الریاض

ذکرہ الترمذی فی نوادر الاصول ...... ونقلہ الحلبی عن ابن سبع

(۲۳) علامہ سلیمان جمل متوفی سنہ ۱۱۹۶ھ - فتوحات احمدیہ شرح ہمزیہ -
جواہر البحار ج ۲ صـ ۱۳۷ للنورہ الحسی -

(۲۴) عارف باللہ السید عبدالرحمٰن العیدروس المتوفی سنہ ۱۱۹۲ھ
وقال یرحم اللہ من قال -
دخل العالم فی ظل الذمی ❖ ماله ظل وللاغیار بھم
جواہر البحار ج ۳ صـ ۱۳۷

(۲۵) شیخ محمد بن احمد متولی مصری شافعی - متوفی سنہ ھ رواہ ابن
سبع والنیسابوری - (جواہر البحار ج ۳ صـ ۱۸۲/۱۸۳

(۲۶) ومنه الامام المقری شریف الدین اسمٰعیل بن المقری الیمنی الشافعی
متوفی سنہ ۸۳۹ھ جواہر البحار ج ۳ صـ ۱۸۲/۱۸۳

(۲۷) والعلامة ابن اقبرص - متوفی سنہ ھ جواہر البحار ج ۳ صـ ۱۸۲/۱۸۳

(۲۸) قاضی القضاۃ محمد بن ابراہیم القنائی المالکی المصری متوفی سنہ ھ
جواہر البحار ج ۳ صـ ۱۸۲/۱۸۳

(۲۹) شیخ علی بن دوہ رضی اللہ عنہ متوفی سنہ ۷۰۱ھ

(۳۰) وامام نیشاپوری متوفی سنہ ھ (جواہر البحار ج ۳ صـ ۱۸۲ ، جواہر البحار ج ۴ صـ ۱۸۲

(۳۱) علامہ امام ابن حجر مکی متوفی سنہ ۹۷۳ھ - افضل القریٰ صـ ۲ -
جواہر البحار ج ۲ صـ ۸۵

(۳۲) علامہ برہان الدین حلبی متوفی سنہ ۱۰۴۴ھ سیرۃ حلبیہ ج ۲ صـ ۲۲۲

(۳۳) علامہ شیخ محمد طاہر صاحب مجمع بحار الانوار متوفی سنہ ۹۸۶ھ
مجمع بحار الانوار ج ۳ صـ ۴۰۵/۴۰۲

(۳۴) علامہ عارف جلال الدین رومی یعنی مولانا روم متوفی سنہ ۶۷۲ھ

مثنوی شریف دفتر پنجم صد ۱۹ طبع نولکشور

(۳۵) شیخ المحدثین حضرت شاہ عبدالحق محقق محدث دہلوی حنفی متوفی ۱۰۵۲ھ - مدارج النبوۃ ج ۱ صد ۱۱۸/۲۱ و ج ۲ صد ۱۶۱

(۳۶) شیخ الاسلام زکریا انصاری رحمہ اللہ تعالے متوفی ۹۲۸ھ جواہر البحار ج ۱ صد ۲۷۹

(۳۷) علامہ سید مرتضی زبیدی متوفی ۱۲۰۵ھ جواہر البحار ج ۲ صد ۳۹۷

(۳۸) امام ربانی شیخ احمد صاحب سرہندی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۱۰۳۴ھ مکتوبات ج ۳ صد ۱۸۷

(۳۹) علامہ بحر العلوم لکھنوی متوفی ۱۲۲۵ھ - شرح مثنوی دفتر پنجم

(۴۰) عارف سبحانی مولانا عبدالرحمن جامی قدس سرہ السامی حنفی متوفی ۸۹۸ھ - زلیخا صد ۱۱ تحفۃ الاحرار صد ۲۱ - سبحۃ الابرار صد ۱۳ - کلیات جامی صد ۱۱/۱۲ کلہم للعارف الجامی - وعزیز الفتاوی دیوبند ج ۸ صد ۲۰۲

(۴۱) علامہ امام عارف اسمٰعیل حقی حنفی صاحب تفسیر روح البیان متوفی ۱۱۲۷ھ (تفسیر روح البیان ج ۴ صد ۱۱۲

(۴۲) عارف ربانی علامہ یوسف نبہانی قاضی القضاۃ بیروت متوفی ۱۳۵۰ھ جواہر البحار ج ۱ صد ۲۷۹ ، صد ۵۸ من الشفا - وسائل الوصول صد ۲۱

(۴۳) مفتی عنایت احمد صاحب کاکوری صاحب علم الصیغہ - تاریخ حبیب الٰہ صد ۱۳ - اس کتاب کی توثیق بہشتی زیور ج ۱ صد ۶ میں موجود ہے -

(۴۴) شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی حنفی متوفی ۱۲۳۹ھ تفسیر عزیزی پارہ عم صد ۲۱۹

(۴۵) عارف علامہ نظامی گنجوی متوفی ۵۹۲ھ ۔ مخزن الاسرار صد ۲۵

(۴۶) عارف شیخ احمد صاوی رحمہ اللہ تعالےٰ صاحب تفسیر متوفی ۱۲۴۱ھ (جواہر البحار ج ۴ صد ۳)

(۴۷) مولانا نور بخش صاحب توکلی رحمہ اللہ تعالےٰ متوفی ۱۳۶۷ھ (سیرت رسول عربی صد ۶۴۷)

(۴۸) عارف ربانی امام عبد الوہاب شعرانی ۔ متوفی ۹۷۳ھ کشف الغمہ ج ۲ صد ۵۱) وجواہر البحار ج ۲ صد ۶۵

(۴۹) قاضی ثناء اللہ پانی پتی حنفی متوفی ۱۲۲۵ھ (تذکرۃ الموتی صد ۳۱

(۵۰) اعلیحضرت عظیم البرکت مولانا احمد رضا خانصاحب رضی اللہ عنہ متوفی ۱۳۴۰ھ مستقل کتاب "نفی الفئی عمن بنورہ انار کل شئی"

(۵۱) مولانا غلام نادر صاحب بھیروی ۔ "اسلام کی کتاب"

(۵۲) مولوی عوض علی محشی تحفۃ الاحرار صد ۲۱

(۵۳) حضرت مولانا محمد یار صاحب مرحوم فریدی ۔ دیوان محمدی صد ۸۸/۲۵

(۵۴) خواجہ گل محمد صاحب احمد پوری رحمۃ اللہ علیہ ۔ (تکملہ سیر الاولیاء صد ۷

(۵۵) مولوی عبد الحی لکھنوی (التعلیق العجیبہ صد ۱۳)

(۵۶) مولوی محمد گھلوی صاحب مرحوم "شرح زلیخا صد ۳۳

(ان کے گھر کی گواہی)

(۱) مولوی رشید احمد گنگوہی ۔ امداد السلوک فارسی صد ۸۵/۸۶ اردو صد ۵۶

(۲) مولوی اشرف علی تھانوی ۔ میلاد النبی ج ۴ المرلیع فی الربیع صد ۵۲ شکر النعمہ صد ۲۰

(۳) مولوی نذیر احمد عرشی مداح علمائے دیوبند و مردود وہابیت "مفتاح العلوم ج ۲ صد ۱۳۶"

(۴) مولوی عزیز الرحمن مفتی دیوبند (عزیز الفتاویٰ ج ۸ صد ۲۰۲)

(۵) مولوی مہدی حسن مفتی دیوبند۔ مولوی جمیل الرحمن نائب مفتی دیوبند

ماہنامہ تجلی دیوبند بابت فروری۔

مارچ ۱۹۵۹ء میں مفتی دیوبند کا فتویٰ بدیں الفاظ منقول ہے....

آنحضرت کا سایہ نہ تھا اور اسی کے ہم معتقد ہیں" سید مہدی حسن مفتی دار العلوم دیوبند۔ الجواب صحیح محمد جمیل الرحمن نائب المفتی بدار العلوم دیوبند (بحوالہ" رضائے مصطفیٰ" جلد ۷ شمارہ ۱۷ ۴ار ربیع الثانی ۱۳۸۵ھ صد ۱/۶ کالم ۲)

مزید برآں یہ کہ ہندو تک اس عدم سایہ والے معجزہ کے قائل ہیں

رغماً علی انوف......... ملاحظہ ہو

۱/۲ تھانوی صاحب نے ایک رسالہ لکھا جس کا اصلی نام "شہادۃ الاقوام علی صدق الاسلام" ہے " المعروف" حقانیت اسلام غیروں کی زبان پر" جو پہلی مرتبہ ۱۳۶۸ھ میں ادارہ اشرف العلوم دیوبند ضلع سہارنپور سے شائع ہوا۔ اس کے صد ۱۴۳ پہ ہے:"

بیاس جی جو مشہور ہندو رشی کی گواہی مولوی عبدالرحمن چشتی کا مزار لکھنؤ میں ہے۔ یہ بڑے پایہ کے صوفی گذرے ہیں انہوں نے بیان کیا کہ ہندوؤں میں ایک کتاب " بھوتک اوتر پران" ہے۔ اس کتاب کے تالیف کرنے والے

بیاس جی مشہور ہندو رشی ہوئے ہیں۔ وہ اس کتاب میں لکھتے ہیں۔ کہ آئندہ زمانہ میں مہامت (یعنی محمد صلے اللہ علیہ وسلم از فیضی) پیدا ہوں گے ان کا نشان یہ ہوگا۔ ان کے سر پر بدلی سایہ کرے گی۔ ان کے جسم کا سایہ نہ ہوگا الخ ۱۲ " یہ کتاب حضور کے ظہور سے پہلے کی معلوم ہوتی ہے۔ سبحان اللہ اہل اسلام تو اہل اسلام اہلسنت تو اہل سنت حضور کے ظہور سے قبل بھی اگلی امتوں اور قوموں میں یہ مشہور تھا۔ کہ حضور بے سایہ ہوں گے۔ صلی اللہ تعالےٰ وسلم علیہ وعلی اصحابہ وآلہ بقدر حسنہ وجمالہ۔

تو ہے سایہ نور کا ہر عضو ٹکڑا نور کا
سایہ کا سایہ نہ ہوتا ہے نہ سایہ نور کا
قد بے سایہ کے سایۂ مرحمت
ظل ممدود رافت پہ لاکھوں سلام

اعلیحضرت

اس فہرست کا اکثر حصہ ضیغم اسلام رازی ذمن شیخ الحدیث استاذی وشیخی سبط النبی الہاشمی حضرت سید احمد سعید کاظمی دامت برکاتہ العالیہ کے فیوضات سے ماخوذ ہے۔ پھر مزید اضافہ ان کی نگاہِ عنایت سے فقیر فیضی کی جستجو کا نتیجہ ہے۔

خصوصیت ۵ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا جسم پاک صاف وشفاف تھا۔ اور کثافتوں سے پاک تھا۔ اتنا کہ دیکھنے والا آپ کے جسم کے اندر سے سورج کو دیکھ لیتا جسم شریف دیکھنے سے مانع نہ ہوتا۔

حضرت علامہ سید مرتضٰی زبیدی رحمہ اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں۔
وکون جسمہ شفافا فلم یقع لہ   یعنی حضور کا جسم شفاف تھا۔ اسی

ظل علی الارض ولم یمنع رائی الشمس مع حیلولتہ جواھر البحار ج۲ ص۲۹۵ للنبہانی	لئے حضور کا سایہ زمین پہ نہیں پڑتا تھا۔ اور اس جسم پاک کے حائل ہونے کے باوجود سورج کو دیکھنے والا سورج کو دیکھ لیتا۔

دیوبندیوں کے مولوی محمد انور کشمیری لکھتے ہیں۔

وفی کنز العمال ان اجساد الانبیاء نابتۃ علی اجساد الملائکۃ واسنادہ ضعیف[1] ومرادہ ان حال الانبیاء علیہم السلام فی حیاتہم کحال الملائکۃ بخلاف عامۃ الناس فان ذالک حالہم فی الجنۃ فلا تکون فضلاتہم غیر رشحات عرق (فیض الباری ج۱ ص۲۵۱)	یعنی کنز العمال میں ایک حدیث ہے کہ انبیاء کے اجساد ملائکہ کے اجساد پر نشو ونما پانے والے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ حیات دنیاوی میں انبیاء کا حال ملائکہ کے حال کی طرح ہے۔ بخلاف عام لوگوں کے کہ ان کا یہ حال جنت میں ہو گا۔ انبیاء کے فضلات شریفہ پسینے کے چند قطرات کے سوا کچھ نہیں ہوتے۔

[1] حدیث ضعیف فضائل ومناقب میں باتفاق محدثین مقبول ومعمول بہا ہوتی ہے۔ فقد اتفق الحفاظ ولفظ الاربعین قد اتفق العلماء ... ولفظ الحرز جواز العمل بہ فی فضائل الاعمال بالاتفاق۔ از فیوضات شیخ الاسلام سیدنا اعلیحضرت (الھاد الکاف ص۱۲) علی جواز العمل بالحدیث الضعیف فی فضائل الاعمال" مرقات ج۱ ص۲۵۳ وحرز ثمین شرح حصن حصین للقاری ص۔ وشرح مشکوٰۃ ابن حجر مکی ص۔ والاربعین للامام نووی ص۔ فتح القدیر لابن ھمام ج۱ ص۲۶۰ کتاب الاذکار شیخ الاسلام ابی زکریا ص، فتح القدیر ج۱ ص۲۰۷ غنیہ ص۔ موضوعات علی قاری ص۱۰۳، تعقبات ص۱۰، مقدمہ شیخ محقق ص۹، التاکید، اعلام المسلمین ج۲ ص۱۵، مسک الختام ص۱، لو عیار مسلم ج۱ ص۵، رسالہ دعا بحرم علی ص، ومظاہر حق ص۔ مزید حوالے وتحقیق کیلئے

اعلیحضرت مجدد دین شیخ الاسلام کی کتاب الاجوبۃ الھادیۃ الکافی عن حکم الضعاف ملاحظہ فرمائیں۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا

ان اجسادنا تنبت علی ارواح اهل الجنۃ ۔ اخرجہ البیہقی عن عائشۃ
خصائص کبریٰ ج ۱ ص ۶۷ ، زرقانی ج ۴ ص ۲۲۹

بے شک ہمارے اجساد اہل جنت کی ارواح پر نشو ونما پاتے ہیں ۔

۱۔ نیز حضور نے ارشاد فرمایا صلی اللہ علیہ وسلم ۔

انا معشر الانبیاء تنبت اجسادنا علی ارواح اهل الجنۃ ۔
اخرجہ ابو نعیم عن لیلی ۔

بے شک ہم گروہ انبیا ہیں ہمارے اجساد اہل جنت کی ارواح پر نمو حاصل کرتے ہیں ۔

خصائص کبریٰ ج ۱ ص ۶۷ ، شرح شفا للقاری علی ہامش نسیم ج ۱ ص ۳۶۱

وقد ذکروا ان جبریل علیہ السلام اخذ طینۃ النبی صلے اللہ علیہ وسلم فعجنہا بمیاہ الجنۃ وغسلہا من کل کثافۃ وکدورۃ فکان جسدہ الطاہر کان من العالم العلوی کروحہ الشریف
تفسیر روح البیان ج ۳ ص ۲۵۵

بلاشک (علمائے کرام نے) ذکر کیا کہ بے شک جبریل علیہ السلام نے حضور کی طینت پاک کو لیا اور اسے جنت کے پانیوں سے گوندا اور اسے ہر کثافت اور کدورت ، میل سے دھویا تو گویا کہ حضور کا پاک جسم آپ کی روح کی طرح عالم علوی سے تھا ۔

خصوصیت ۶ اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نہ ہوتے تو کچھ نہ ہوتا سب کچھ حضور کے سبب پیدا ہوا ۔ اور حضور کے لئے پیدا ہوا ۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۳ ، مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۱۶ سیرت رسول عربی ص ۲۴ ، جواہر البحار از خصائص ج ۱ ص ۲۸۱ ، جواہر از مواہب ج ۲ ص ۱۰ ، جواہر البحار ج ۲ ص ۱۹۰ از شیخ سرہندی و ص ۲۳ از روح البیان

جواہر البحار ج ۳ صفحہ ۵۶/۶۱ از عارف تیجانی - و ج ۲ صفحہ ۲۴۶/۲۹۶ از ابریز و صفحہ ۳۲ از نابلسی -

اعلیٰ حضرت نے فرمایا ہے

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو
جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے

احادیث قدسیہ سے اس کا ثبوت

(۱) لولاک لما خلقت الافلاک[1]

اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے حبیب اگر تم نہ ہوتے تو میں آسمانوں کو پیدا نہ کرتا۔

مکتوبات مجدد سرہندی ج ۳ صفحہ ۲۳۲

صحائف السلوک لخواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ صفحہ ۱۰۵ صحیفہ ۲۶ - جواہر البحار ج ۱ صفحہ ۲۴۷ از امام عبد الکریم جیلی - شرح شفا للقاری ج ۲ صفحہ ۲۲۵ - جواہر البحار ج ۴ صفحہ ۱۴۴ - از شیخ محمد قادری مدنی - جواہر البحار ج ۲ صفحہ ۲۲۵ عن تفسیر روح البیان ج ۳ صفحہ ۸۳۹ تحت آیت و ما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین - جواہر البحار ج ۲ صفحہ ۲۳۵ از تفسیر روح البیان ج ۶ صفحہ ۲۶۷ زیر آیت یاتی من بعدی اسمہ احمد (صف) جواہر البحار ج ۲ صفحہ ۳۷۴ از احمد عابدین جواہر البحار ج ۴ صفحہ ۱۷۲ - از عارف ودہ - غیاث اللغات صفحہ ۳۸۸ ان اللہ تعالیٰ قال لہ فی لیلۃ المعراج لولاک لما خلقت الافلاک -

---

[1] ھذا الحدیث صحیح معنیً ومفھوماً وان لم انظر تخریجہ بھذا اللفظ ھکذا قال القاری فی موضوعاتہ صفحہ ۶۷/۶۸ (بقیہ بر صفحہ ۳۴۳)

جواہر البحار ج ۲ صـ ۲۳۱ از جیلی ،، فیوض الحرمین لشاہ ولی اللہ صـ ۵۲ ،، شرح زلیخا لمحمد گھلوی مطبوعہ لاہور صـ ۱۴ - دریکتا شرح کریما لمولانا حافظ محمد نذیر رامپوری صـ ۱۱ - انیس الجلیس صـ ۱۳۰ الشہاب الثاقب صـ ۴۷

(۲) ولقد خلقت الدنیا واھلھا لاعرفھم کرامتک ومنزلتک عندی ولولاک ماخلقت الدنیا -

(روایۃ ابن عساکر)

(اللہ تعالے نے فرمایا اے حبیب میں نے دنیا اور دنیا والوں کو اس لئے پیدا کیا کہ ان کو تمہاری اس کرامت اور قدر و منزلت سے آگاہ کروں جو میرے ہاں ہے اور اگر تم نہ ہوتے میں دنیا کو پیدا نہ کرتا -

مواہب و شرحہ للزرقانی ج ۱ صـ ۴۳ و ج ۵ صـ ۲۴۲ - صلاۃ الصفا لاعلیحضرت صـ ۱۳ - موضوعات کبیر للقاری الحنفی صـ ۶۸ - خصائص کبریٰ ج ۲ صـ ۱۹۳ وجواہر البحار ج ۱ صـ ۲۸۹ از خصائص - وفی حدیث سلمان عند ابن عساکر قال ھبط جبریل علی النبی صلے اللہ علیہ وسلم فقال ان ربک یقول لک ان کنت اتخذت ابراھیم خلیلا فقد اتخذتک حبیباً وماخلقت خلقاً اکرم علی منک ولقد خلقت الدنیا الخ

جواہر البحار ج ۲ صـ ۲۰۰ از مطالع المسرات فاسی صـ ۲۶۳ وجواہر ج ۲ صـ ۳۴۳ از عبدروس مجموع الاربعین صـ ۸

(۳) قال تعالے لآدم علیہ الصلوۃ والسلام) لولاہ ماخلقتک

اللہ تعالے نے آدم علیہ السلام سے فرمایا اگر حضور نہ ہوتے تو میں تجھے پیدا نہ کرتا

(بقیہ حاشیہ از صـ ۳۴۳) حاشیہ مگ - المصنوع فی احادیث الموضوع صـ ۲۲ - وشرح شفا للقاری الحنفی ج ۱ صـ ۱۲ - الشیفی

زرقانی شرح مواہب ج۱ ص $\frac{62}{44}$ ۔ اشعۃ اللمعات ج۴ ص ۴۶۶ ۔ جواہر البحار ج۱ ص ۴۲ و ص ۲۰۶ از دیرینی ۔ و ص ۲۵۲ از جیلی ۔ شفا شریف ج ص و شرحیہ للقاری والخفاجی ج ص ۔ جواہر البحار ج۲ ص ۱۰۷ عن الشفا شرح البردہ للبیجوری ص ۲۶ "

(۴) لولا محمد ما خلقتک	اگر محمد کریم (صلے اللہ علیہ وسلم) نہ ہوتے (تو اے آدم) میں تجھے پیدا نہ کرتا ۔

رواہ البیہقی ...... ورواہ الحاکم ۔ وصححہ ...... ورواہ الطبرانی زرقانی علی المواہب ج۱ ص $\frac{62}{63}$ وابونعیم وابن عساکر ایضاً ۔ خصائص کبریٰ ج۱ ص ۶ ۔ صلوٰۃ الصفا للمجدد البریلوی ص ۱۳ ۔ شفا شریف ج۱ ص ۱۳۸ وشرحہ للخفاجی والقاری ج۲ ص ۲۲۵ ، قال الحاکم ھذا الحدیث صحیح الاسناد ...... ورواہ البیہقی ایضاً فی دلائل النبوۃ ...... وذکرہ الطبرانی " شفاء السقام للامام السبکی ص ۱۶۲ نشر الطیب ص ۱۱ ۔ زرقانی ج۶ ص ۳۴ وج۵ ص ۱۹۰ ۔ جواہر البحار ج۲ ص ۶۷ ، ص ۱۰۷ از ابن حجر ۔ وج۲ ص ۲۲ عن روح البیان ج۲ ص ۳۳ ۔ جواہر البحار ج۴ ص ۳۲ از خلاصۃ الوفا ۔ جواہر البحار ج۲ ص ۲ از مطالع المسرات فاسی ص ۲۴ ۔ ومولد رسول اللہ لابن کثیر ص ۱۶ ۔ اخرجہ الطبرانی والضیاء وابونعیم فی الدلائل والحاکم ... والبیہقی فی الدلائل ... وابن عساکر عن عمر رضی اللہ عنہ " الاتحافات السنیۃ فی الاحادیث القدسیہ ص ۱۴۱ مجموع الاربعین ص ۸۷ تم

(۶) لولاک ما خلقت سمائی ولا ارضاً ۔ جواہر البحار ج۳ ص ۲۹ عن العماسی	اللہ عزوجل نے فرمایا اے حبیب اگر تم نہ ہوتے تو میں نہ آسمان کو پیدا کرتا نہ زمین کو

جواب شبہ سے[1] (۱) قاسمیت میں عموم ہے۔ کیونکہ یہ مسلمہ اصول ہے کہ ایسی جگہ مفعول، متعلق کا ذکر نہ ہونا، محذوف ہونا مفید عموم ہے۔ دیکھو تلخیص المفتاح صہ ۲۳۔ مختصر المعانی صہ ۱۹۸/۱۷۵۔ مطول صہ ۱۹۵/۱۷۶۔ صہ ۱۷۵ جواہر البحار جزء ۲ صہ ۱۵۱ عن المناوی۔ یہاں اس حدیث پاک میں بھی یعطی المعطی اور قاسم، اقسم کا مفعول مذکور نہیں جو مفید عموم ہے تو اس قانون کی رو سے اس حدیث کا صحیح ترجمہ یہی ہوا کہ "اللہ یعطی اللہ تعالیٰ ہی (ہر شے) عطا فرماتا ہے اور انا اقسم اور میں ہی (ہر شے) تقسیم فرماتا ہوں۔

(۲) شراح محدثین نے بھی اس حدیث کی شرح کرتے ہوئے عطا اور تقسیم میں عموم بیان فرمایا۔

علامہ ملا علی قاری حنفی فرماتے ہیں۔

(فانی انما جعلت قاسما اقسم بینکم) ای العلم والغنیمۃ ونحوھما..... ویمکن ان تکون قسمۃ الدرجات والدرس کانت مفوضۃ الیہ صلے اللہ علیہ وسلم ولا منع من الجمع کما یدل علیہ حذف المفعول لتذھب الفھم کل مذھب ویشرب کل واحد من ذالک المشرب..... بل لوحظ فی معنی القاسمیۃ باعتبار القسمۃ الازلیۃ فی الامور الدینیۃ والدنیویۃ فلست کاحد کم لا فی الذات ولا فی الاسماء والصفات[2] ..... قال الطیبی.....

---

[1] مقام خطابی میں [2] فیضی عفی عنہ [2] حاشیہ مشکوٰۃ صہ ۳۲ [3] المنفی غفرلہ منہ

"..... لانه صلے اللہ علیہ وسلم یقسم بین الناس من قبل اللہ تعالٰے اما لوحی الیہ وینزلھم منازلھم التی یستحقونھا فی الشرف والفضل وقسم الغنائم ولم یکن احد منھم یشارکہ فی ھذا المعنی" (مرقات شرح مشکوٰۃ ج ۴ ص ۵۹۸)

شیخ محقق اس حدیث کا ترجمہ یوں فرماتے ہیں۔

قسمت میکنم میان شما از جانب حق وآنچہ وحی کردہ شدہ است بسوئے من وفرستادہ شدہ برمن از علم وعمل ومیرسانم ہر یکے را آنچہ نصیب اوست ومستحق است مر آنرا ومے کنم ہر کس را درجائے کہ در مرتبہ اوست از فضل وشرف ..... وایں صفت در ہیچ کس جز من وجود ندارد وہیچ کس نمی صفت شریک من بنود" اشعۃ اللمعات ج ۴ ص ۴۴

امام اوحد امجد محمد مہدی فاسی رضی اللہ تعالٰے عنہ رقمطراز ہیں۔ جن سے علامہ شامی رد میں جگہ جگہ استناد کرتے ہیں۔

قال صلے اللہ علیہ وسلم انما انا قاسم واللہ یعطی واخرج الحاکم فی المستدرک عن ابی ھریرۃ یرفعہ " انا ابو القاسم اللہ یعطی وانا اقسم وکان یوصل الی کل احد نصیبہ الذی کتب لہ من الصدقات والمغانم وغیرھا وھو خلیفۃ اللہ فی العالم وواسطۃ حضرتہ

یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ میں ہی تقسیم فرمانے والا ہوں اور اللہ تعالٰے ہی عطا فرماتا ہے۔ امام حاکم مستدرک میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے مرفوعا مخرج کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا میں ابو القاسم ہوں۔ اللہ تعالٰی عطا فرماتا ہے اور میں تقسیم فرماتا ہوں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہر

والمتولی لقسمة مواهبه واعطیاته
(جمع عطاء ۱۲ف) فكل من
حصلت له رحمة فی الوجود
او خرج له قسم من
رزق الدنیا والآخرة والظاهر
والباطن والعلوم والمعارف
والطلعات فانما خرج له
ذلك علی یدیه وبواسطته
صلی الله تعالیٰ علیه وسلم
وهو الذی یقسم الجنة بین
اهلها ولاجل هذا عد ومن
خصائصه صلی الله علیه وسلم
انه اعطی مفاتیح الخزائن

قال بعض العلماء وهی خزائن
اجناس العالم فیخرج
لهم بقدر ما یطلبون فكل
ما ظهر فی هذا العالم فانما
یعطیه سیدنا محمد صلی الله
علیه وسلم الذی بیده المفاتیح
فلا یخرج من الخزائن

ہیک کو اس کا وہ حصہ جو صدقات
اور غنیمت وغیرہ سے مقرر ہو چکا
تھا۔ پہنچاتے رہتے تھے۔ جہان میں
حضور اللہ کے خلیفہ (نائب) ہیں
اور حضرت الوہیت کا واسطہ ہیں
اور اللہ تعالیٰ کی بخششوں اور عطاؤں
کی تقسیم کے متولی ہیں۔ تو جس کسی
کو اس وجود میں کوئی رحمت ملی ہے۔
یا جس کسی کو دنیا اور آخرت، ظاہر
باطن، علوم، معارف، اطاعات سے
جو رزق ملا تو وہ بجز این نیست
اس کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے
ہاتھوں اور آپ کے واسطہ سے ملا
اور حضور ہی ہیں جو مستحقین جنت
میں جنت تقسیم فرماتے ہیں۔ اور
آئمہ کرام نے آپ کے خصائص سے
گنا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو
(اللہ تعالیٰ کے) خزانوں کی چابیاں عطا
کی گئیں۔ بعض علماء نے (صراحۃً)
فرمایا ان خزانوں سے اجناس عالم کے
خزانے مراد ہیں تو حضور ہر ایک کو اس

الا لھیۃ متی الا علی
یدیہ صلی اللہ علیہ وسلم
مطالع المسرات، ص ۲۲۹ مطبوعہ مصر
وزاد العیل درس، وھو معنی
اسم الخلیفۃ وخلیفۃ اللہ
جواھر البحار
جلد ۲
ص ۳۵۴

کی طلب کے مطابق عطا فرماتے ہیں۔
توجو کچھ (یعنی ہر نعمت) اس جہان میں
ظاہر ہوا حضور حضرت محمد مصطفےٰ
صلے اللہ علیہ وسلم کا عطیہ ہے۔ جن
کے پاس (اللہ تعالےٰ کے خزانوں کی)
چابیاں ہیں۔ اللہ تعالےٰ کے خزانوں
سے کوئی چیز کسی کو نہیں ملتی مگر حضور
ہی کے ہاتھوں سے ملتی ہے۔

مسلمانو دیکھا آپ نے حدیث قاسمیت میں کتنا عموم ہے۔ ہر شے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہاتھوں سے تقسیم ہو رہی ہے۔ حضور قاسم مطلق ہیں۔ عالم ربانی عارف صمدانی استاذی سیدی ومولائی ووالدی حضرت قبلہ مولانا محمد ظریف صاحب فیضی دام رضاہ وعلیٰ لامعۃ نے کیا خوب فرمایا ہے۔

قاسم مطلق ہے تو یا رحمت للعالمین
بخشش ورحمت کی دولت آپ کے قدموں میں ہے

ناظرین ایک صاحب کہ جس نے عموم حدیث کو دیکھتے ہوئے یہ جملہ لکھا "کائنات میں آپ قاسم نعم الہی ہیں۔ اس پہ خود حدیث شاہد ہے"۔ اس پہ محرر مذہب دیابنہ یوں برسے ہیں۔ "کونسی حدیث۔ کن الفاظ سے۔ اور کہاں اس میں نعم الہی کا ذکر مگر سچ ہے کہ

ع بے حیا باش ہرچہ خواہی کن

(دل کا سرور ص) طابق النعل بالنعل ان کی خدمت میں گذارش ہے۔" انما انا قاسم واللہ یعطی۔ حذف مفعول ہے۔ حذف مفعول میں۔ مگر تعمیم ہے

کر دمصرع کے بجائے بیت مکمل ملاحظہ فرمادیں ؎

ہیں اصول و شروح رد سیاہی کن

بے حیا باش ہرچہ خواہی کن *

مراد ہے۔ تو جواباً عرض ہے کہ اولاً محدثین حضرات نے حضور کی قاسمیت کے عموم پر نص فرمائی ہے۔ کیا ان کو چودہویں صدی کے ایک چالاک مولوی[1] کے برابر اتنا علم نہیں تھا کہ محدثین نے تو اس حدیث کو مخصوص بابوں میں ذکر کیا ہے۔ اور کسی حدیث کو مخصوص باب میں ذکر کرنا اس کے عموم کے منافی ہے۔ ثانیاً محدثین نے اس حدیث کو صرف باب علم اور باب غنیمت ہی میں ذکر نہ فرمایا بلکہ اور بھی بہت بابوں میں حضور کی قاسمیت والی احادیث موجود و مذکور ہیں۔ اسی لئے تو خصم بہت چالاکی کے باوجود بھی ان چیزوں کی تعیین نہ کر سکا اور ان اجناس کا حصر و احاطہ نہ کر سکا جن سے حضور کی تقسیم کو تعلق ہے "خصم کا جگہ جگہ دو تین اجناس متعلقہ بتقسیم سید عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام ذکر کر کے لفظ "وغیرہ" کا

---

[1] جس کی علمی حالت یہ ہے کہ وہ تحفۃ نصائح کا مؤلف خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی کو گردانتا ہے۔ (راہ سنت ص۲۴۲) تحفۃ نصائح کے ابتدائی اوراق اگر سامنے ہوتے تو اتنا فحش غلطی نہ کرتا یہ تو وہ درسی و مروج کتاب ہے۔ جس کے مؤلف کو تحفہ پڑھنے والے چھوٹے بچے بھی جانتے ہیں۔ ناظرین جب یہ مولوی صاحب ایسی متداول درسی کتاب میں بھی ایسا ہتھکنڈا استعمال کر گیا۔ تو بالائی کتب کے حوالوں عبارتوں اور مؤلفین کے بارہ میں کتنی دیانت سے کام لیا ہوگا۔ یہ آپ خود سوچ لیں ۱۲ منہ

* باقی رہا یہ شبہ کہ محدثین نے اس حدیث کو چونکہ باب علم اور باب غنیمت میں ذکر کیا ہے[2]

[2] لہٰذا اس سے علم اور غنیمت کی تقسیم

برطانا اس کا بین ثبوت ہے کہ حضور صرف میری محدود اجناس کو ہی نہیں تقسیم فرماتے بلکہ اس کے علاوہ اور چیزیں بھی تقسیم فرماتے ہیں۔
ثالثاً کسی آیت اور حدیث صحیح میں وارد ہوا کہ وہ نصوص جن میں عموم ہو۔ کسی خاص باب یا خاص ابواب میں مذکور ہونے کی وجہ سے مخصوص ہو جایا کرتی ہیں۔ ان کا عموم ختم ہو جاتا ہے۔ باقی رہا خصم کا یہ کہنا کہ "رزق تقسیم کرنے والا صرف اللہ تعالےٰ ہی ہے۔ اس میں کسی دوسری ذات اور ہستی کو کوئی دخل نہیں" دل کا سرور صہ ۱۲۲ [1] " تو اس کا جواب یہ ہے کہ ہم بھی باعتبار حقیقت کے رزق (کیا بلکہ ہر چیز کے) تقسیم کرنے والا اللہ تعالےٰ ہی کو مانتے ہیں۔ اور کسی کو اس میں شریک نہیں سمجھتے۔ باقی رہا ماذونی طور پر رزق تقسیم کرنا (فریق مخالف اسی کی نفی کرنا چاہتا ہے) یہ تو حضور سید المرسلین اور فرشتوں کے لیے ثابت ہے۔ ابن [2] تیمیہ مشدد کے شاگرد خاص ابن کثیر کے حوالہ سے یہ حدیث مذکور ہوئی "اللہ یرزق وانا اقسم" اور فالمقسمات امرا کی تفسیر میں کتب تفاسیر سے یہ جملہ مذکور ہوا " الملائکۃ ۔۔۔۔ تقسیم الارزاق اور خود فریق مخالف کے گھر سے یعنی مولوی عثمانی صاحب سے بحوالہ حضرت علی کرم اللہ تعالےٰ وجہہ الکریم یہ گواہی ملی کہ " فرشتے رزق تقسیم کرتے ہیں" ۔ یوں نظر دوڑانہ برچھی تان کر اپنا بیگانہ ذرا پہچان کر

---

[1] دیکھو " دل کا سرور از صہ ۱۲۱ تا صہ ۱۲۲ " ۱۲ فیضی

[2] ابن تیمیہ وابن کثیر وغیرہما سے گریپ کا تعارف: فقیر کی تالیف " تعارف " میں ملاحظہ ہو جو طبع ہو چکی ہے جس کی قیمت ۲۵ ہے ۱۲ فیضی غفرلہٗ۔

ع اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

سنیو ان سے پوچھو کہ عثمانی صاحب سچے یا گکھڑوی صاحب بقول ثانی اول مشرک ہوئے یا نہ یا بقول اول ثانی کا دعویٰ غلط ہوا یا نہ۔

ے من نگویم کہ ایں بکن آں کن مصلحت بین وکار آساں کن

جواب شبہ ۵۴

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تو مامور و ماذون من اللہ ہو کر تقسیم فرماتے ہیں۔ اس محبوب خدا کے تقسیم پہ اعتراض درحقیقت ان کے آمر اور اذن عام دینے والے مولیٰ پر اعتراض ہے۔ جس نے یہ کھلی چھٹی دے رکھی ہے۔ اور جو نبی کی ہر تقسیم اپنے امر اور حکم اور وحی سے کراتا ہے۔ (کیونکہ حضور معصوم ہیں) نیز یہی اعتراض اس وقت یاد نہیں آتا جبکہ اللہ تعالےٰ کو ہر چیز کے تقسیم کرنے والا مانتے ہو۔ یہ مانا کہ اللہ تعالےٰ کسی حکم اور قانون کا پابند نہیں۔ لیکن جو تقسیم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے زیب نہیں دیتی رب قدوس وسبحان کے لئے کیسے سجتی ہے نیز حضور جس کے حکم کے پابند ہیں اس کے حکم اور ارادے کے مطابق تو تقسیم فرماتے ہیں۔ پھر اعتراض کیسا۔ نیز اعتراض اگر حضور کی قاسمیت عامہ کی طرف راجع ہو سکتا ہے۔ تو اس جیسا اعتراض قاسمیت خاصہ اگرچہ صرف تقسیم علم کو ہی لو تو اس کی طرف بھی راجع ہو سکتا ہے۔ تو ما جوابکم فھو جوابنا کاش فریق مخالف کا یہ عیار خصم اپنی کتاب کی ایک دو عبارات پہ نظر کرتا تو یہ اعتراض ہرگز نہ کرتا۔

وہ عبارات یہ ہیں:۔

علامہ عزیزی علامہ مناوی کے حوالہ سے اس کی شرح

کرتے ہوئے لکھتے ہیں -

فلا تشکروا التفاضل ای کونی افضل بعضکم علیٰ بعض فانہ بامر اللہ ......

شرح جامع الصغیر ج ۴ صفحہ ۱۲۷

یعنی اگر میں تم میں سے بعض کو کم اور بعض کو زیادہ دیتا ہوں تو یہ قابل انکار امر نہیں کیونکہ میں خدا کے حکم سے ایسا کرتا ہوں

اور علامہ الحفنی اس کی شرح میں لکھتے ہیں -

اقسم بینکم ما امرنی اللہ بقسمتہ ... (حاشیہ عزیزی ج ۲ صفحہ ۴۳ -

" دل کا سرور صفحہ ۱۲۱

ع چاہ کن را چاہ درپیش

ھکذا ینبغی التحقیق واللہ تعالےٰ ولی التوفیق -

یہ بطور اختصار مخالف کے شبہات کا رد ہے - مافی الصدر والنظر تفصیلی رد یہ لکھنا ہے - لیکن اب حالات اجازت نہیں دیتے - اگر توفیق ایزدی شامل حال رہی تو مخصم کی ساری پونجی کا جائزہ لیا جائے گا -

احادیث عطاء مفاتیح خزائن پر فریق مخالف کے اعتراضات اور ان کے جوابات -

سوال :- قل لا اقول لکم عندی خزائن اللہ (قرآن شریف)

جواب :- (۱) قول اور دعویٰ کی نفی اصل شئے کی نفی کو مستلزم نہیں دعویٰ نہ کرنا اور ہے اصل چیز کا نہ ہونا اور ہے -

(۲) تواضعاً نفی فرمائی (خازن ج ۲ صفحہ ۱۷ - جمل ج ۲ صفحہ ۳۲)

احادیث میں بطور تحدیث نعمت ثبوت ہے -

(۳) خزائن اللہ سے اللہ تعالیٰ کے مقدورات ممنوعہ مراد ہیں۔
مفردات راغب ص ۱۴۶)

(۴) خزائن اللہ محدود و متناہی نہیں جن کا کوئی احاطہ کر سکے تو تمام خزائن غیر محدودہ و غیر متناہیہ کی نفی سے بعض (مثبتہ فی الحدیث) کی نفی نہیں ہوتی۔

سوال:۔ لہ مقالید السموات والارض (پ ۲۴ زمر) (پ ۲۵ شوریٰ)
ان من شئی الا عندنا خزائنہ
و للہ خزائن السموات والارض

جواب:۔ مالک حقیقی کے لئے ذاتی ملکیت کا ثبوت عطا کی نفی کو مستلزم نہیں ورنہ دیا بنہ (فریق مخالف) کی مملوکہ، مقبوضہ چیزیں بنص قرآنی «و للہ ما فی السموات والارض» ان کی ملکیت سے خارج متصور ہوں گی۔

سوال:۔ عطا، مفاتیح خزائن، فتح بلاد سے استعارہ و کنایہ ہے بقول نووی و عزیزی و بحدیث رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام

جواب:۔ جب احادیث کے الفاظ کا معنیٰ و مطلب بالکل صاف و صریح ہے۔ صرف لفظی ترجمہ ہی سے مطلب واضح ہے۔ تو کسی اور کا بیان کردہ معنی اور مطلب (جو احادیث عبارت النص کے صاف صریح ظاہری معنی سے پھیرتا ہے) کیونکر حجت ہو سکتا ہے لہ۔ اور آخر بعض شراح محدثین نے بھی

لہ ھکذا قال خصمنا (دل کا سرور ص ۱۵۲/۱۵۳) ۱۲ منہ

تو صراحۃً مذکورہ احادیث کے صریحی معنیٰ و مطلب کی تائید ہے (عبارات آئمہ کرام عنقریب پیش ہوں گی۔ بعض گذر چکی ہیں) نووی کی عبارت فریق مخالف کے موافق نہیں بلکہ مخالف ہے۔ ارے خدا کے بندے تم جن کے آقا و مولیٰ کے لئے خزائن ارض کی ملکیت نہیں مانتے (بلکہ تمہارا بڑا تو یوں لکھ گیا "جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں" تقویۃ الایمان ص۴۲) امام نووی تو ان کے غلاموں کے لئے خزائن ارض کی ملکیت مان رہے ہیں۔ بغور ملاحظہ ہو "ان امتہ تملک خزائن الارض[1] یہ ہے فی صف المطر وقام تحت المیزاب" غلام تو خزائن ارض کے مالک ان کے آقا فارغ۔ یہی امام نووی ایک مقام پر اسی حدیث کی شرح یوں فرماتے ہیں۔ قال العلماء ھذا محمول علی سلطانہما وملکھا وفتح بلادھا واخذ خزائن اموالھا (نووی شرح مسلم ج۲ ص۲۴۵)

عزیزی کی عبارت تو دیکھی اوپر علامہ حفنی کی شرح حدیث مذکورہ بھی ملاحظہ فرما لیتے تو ہمارے بیان کردہ مطلب جو حقیقت عبارت انفس احادیث کا واضح اور صاف صریح مطلب ہے۔ اس کی تغلیط نہ کرتے۔ ملاحظہ ہو علامہ حفنی فرماتے ہیں

ویحتمل ان المراد جمیع الارض لا خصوص بلاد الکفار ای ان جمیع مافی ایدی الناس ملکہ اللہ ایاہ صلی اللہ علیہ وسلم
ھامش السراج المنیر
ج۱ ص۲۲۵

اعطیت مفاتیح الارض والی حدیث میں اس بات کا بھی احتمال ہے کہ اس سے ساری زمین مراد ہے نہ صرف کفار کے شہر یعنی جو کچھ لوگوں کے ہاتھوں میں (ملکیت ہیں) ہے اس تمام کے تمام کا اللہ تعالےٰ نے اپنے حبیب کو مالک بنا دیا۔

[1] نووی شرح مسلم ج۱ صفحہ ۲۵ ۱۲ منہ

باقی رہا یہ کہنا کہ خود حضور نے حدیث عطاء مفاتیح کی تشریح و تفسیر فتح بلاد سے کی ہے۔ کس حدیث میں کن الفاظ سے اور کہاں اس میں یہ ذکر ہے۔ کہ احادیث عطاء مفاتیح الارض اور مقالید دنیا فتح بلاد سے استعارہ و کنایہ ہیں۔ مگر سچ ہے کہ ع بے حیا باش ہر چہ خواہی کن

اور سچ فرمایا حضور محبوب خدا صلے اللہ علیہ وسلم من کذب علی متعمداً فلیتبوأ مقعدہ من النار (مسلم ج۱ ص۷)

بہر حال احادیث مفاتیح سے مفاتیح حقیقی کی عطا مراد ہے۔ اس مطلب کی تغلیط کرنا الفاظ حدیث اور ائمہ محدثین سے بغاوت کی دلیل ہے۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی حنفی حدیث وانی قد اعطیت مفاتیح خزائن الارض کے ماتحت رقمطراز ہیں۔

واما در خزائن معنوی مفاتیح آسمان و زمین و ملک[1] و ملکوت ست تخصیص زمین ندارد (اشعۃ اللمعات ج۴ ص۵۱۶)	یعنی خزائن معنوی ہیں تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو آسمان، زمین، ملک ملکوت کی چابیاں عطا ہوئیں۔ صرف زمین کی تخصیص نہیں۔

علامہ شہاب الدین خفاجی حنفی حدیث صحیح مفاتیح خزائن الارض اور حدیث، مقالید الدنیا نقل فرمانے کے بعد رقمطراز ہیں۔

---

[1] ملک بالضم ما سوا اللہ از ممکنات موجودہ و مقدرہ و در اصطلاح صوفیہ از عالم شہادت عبارت است چنانچہ ملکوت عالم غیب، از غیاث اللغات ص۴۴۲ فاحفظہ فانہ یفید کما فی مالک الملک تؤتی الملک من تشاء ۱۲ فیضی عفی عنہ

ومثلہ ثابت من طرق عدیدۃ وھذا یدل علی ان اللہ تعالٰی اعطاہ ذالک حقیقۃ۔

نسیم الریاض ج ۲ ص ۱۶۴

(یعنی اور اس کی مثل بہت سے طریقوں سے ثابت ہے۔ اور یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ خزانوں کی یہ عطا عطاء حقیقی ہے (نہ یہ کہ صرف فتح بلاد سے کنایہ ہے)

علامہ علی قاری حنفی فوضعت فی یدی کی شرح کرتے ہیں۔

ای فی تصرفی وتصرف امتی

شرح شفا ج ۱ ص ۱۷۶

یعنی خزانے میرے اور میری امت کے تصرف میں ہیں۔

سوال:- خزانوں کی چابیاں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں پیش تو ضرور ہوئی ہیں، لیکن حضور نے ان کو قبول نہ فرمایا بلکہ رد فرمایا۔

جواب:- اس کا جواب علامہ شہاب الملۃ والدین خفاجی حنفی رحمہ اللہ تعالٰی کی زبانی سنئے

مفاتیح خزائن الارض والی حدیث کے ماتحت رقمطراز ہیں۔

وفی المواہب اللدنیۃ انہا خزائن من اجناس العالم بقدر ما یطلبون فان الاسم الالٰہی لا یعطیہ الا محمد صلی اللہ علیہ وسلم الذی بیدہ مفاتیح الغیب التی لا یعلمہا الا ھو ....

ونقول بان المراد العناصر وما

یعنی مواہب لدنیہ میں ہے کہ ان خزائن سے اجناس عالم کے خزانے مراد ہیں کہ جس قدر لوگ طلب کرتے ہیں۔ تو اسم الٰہی جس کے ہاتھ میں مفاتیح غیب ہیں۔ جن کو ذاتی طور پر اس کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ لوگوں کی مطلوبہ چیزیں

يقول منها وانه لم يقبل ذلك تعسف وكونه صلى الله عليه وسلم لم يقبله ياباه عده خاصية له بل قبله فان عطاء الكريم لا يليق رده نسیم الریاض ج ۲ ص ۲۰۹	تو محمد کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو ہی عطا فرماتا ہے۔ اور یہ قول کہ ان سے عناصر اور ما یتولد من العناصر مراد ہے۔ اور حضور نے ان خزانوں کو قبول نہ کیا۔ یہ تعسف ہے۔ حضور کا اس عطاء خزائن کو اپنی خصوصیات میں گننا عدم قبول کا انکار کرتا ہے۔ بلکہ حضور نے یہ خزانے قبول فرمائے کریم کی عطا کو رد کرنا لائق نہیں۔

علاوہ ازیں الفاظ احادیث " اعطیت فوضع فی یدی۔ فوضعت فی یدی۔ اوتیت وغیرہ " مثلہ پر غور ہو تو یہ اعتراض سرے سے ھباءً منثورا ہو جاتا ہے۔ بطور اختصار یہ جملہ معترضہ مفیدہ دافعہ اعتراضات دیا بنہ بر احادیث قاسمیت، ومفاتیح خزائن ختم ہوا۔ اب آئندہ احادیث کو سابقہ احادیث مثبتہ اختیار فی التکوین لسید عالم صلے اللہ علیہ وسلم سے ملا کر تسلسل قائم کرو بعدہ حضور کے اختیار فی التکوین پہ عبارات آئمہ کرام ومحدثین اعلام پیش ہوں گی۔

(۲۹) عن ثوبان قال رسول الله صلے الله علیه وسلم ...... واعطیت الکنزین الاحمر والابیض۔ رواہ مسلم۔ مشکوٰۃ شریف ج ۲ ص ۵۱۲	حضرت ثوبان رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ مجھے سرخ اور سفید (سونا اور چاندی) دو خزانے عطا فرمائے گئے۔

(۴۰) عن ربیعة بن کعب الاسلمی قال کنت اٰتی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بوضوئہ وبحاجتہ فقال سلنی[1] فقلت مرافقتک (ولفظ المسلم اسئلک مرافقتک) فی الجنة قال او غیر ذلک قلت ھو ذاک قال فاعنی علٰے نفسک بکثرة السجود۔ رواہ النسائی فی کتاب الصلوٰة باب فضل السجود واللفظ لہ ج ۱ ص ۱۷۰ مطبوعہ رحیمیہ مطابق مطبع مجتبائی وج ۱ ص ۱۱۳ مطابق مطبع نور محمد۔ ومسلم فی صحیحہ باب فضل السجود والحث علیہ ج ۱ ص ۱۹۳ (قال القاری فی المرقات ج ۱ ص ۵۵۹ قال میرک ورواہ ابن ماجہ) مشکوٰة شریف باب السجود وفضلہ ج ۱ ص ۸۴ زجاجہ ج ۱ ص ۲۶۹ قال المنذری رواہ الطبرانی فی الکبیر

یعنی حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے۔ فرمایا کہ میں حضور علیہ الصلوٰة والسلام کے لئے وضو کا پانی اور جس چیز کی آپ کو ضرورت ہوا کرتی تھی (مسواک، مصلی وغیرہ) لایا کرتا تھا۔ (تو ایک مرتبہ دریائے رحمت جوش میں آیا) آپ نے فرمایا اے ربیعہ مجھ سے مانگو کیا مانگتے ہو (جو جی میں آئے مجھ سے مانگو) میں تجھے عطا کروں گا۔ انہوں نے کہا حضرت میں تو آپ سے یہی مانگتا ہوں کہ بہشت میں آپ کی رفاقت نصیب ہو۔ آپ نے فرمایا کچھ اور بھی مانگتے ہو حضرت ربیعہ نے کہا بس حضرت یہی مانگتا ہوں۔ آپ نے فرمایا پس تم کثرت سجود سے میری مدد کرو۔

---

[1] سلونی عما شئتم۔ رواہ البیہقی، الترغیب والترہیب ج ۱ ص ۱۵۳۔ ورواہ البخاری ج ۱ ص ۱۹ مسند

ولفظہ "سلنی فاعطیک" الفیضی)

..... ورواہ مسلم وابوداؤد مختصرا ولفظ مسلم .... فقال لی سلنی الحدیث الترغیب والترھیب ج۱ ص ۲۲۹/۲۲۵ مطبوعہ مصر اس حدیث صحیح کے ان الفاظ "سلنی - فاعطیک، اسئلک - مرافقتک فی الجنۃ اوغیر ذلک - اعنی سے عالم سنیت میں ایمان افروز بہار آجاتی ہے۔ لیکن بیچاری وہابیت اپنے مصنوعی دھرم کو گرتا دیکھ کر پگھلنے لگ جاتی ہے۔ محبوس بلی کی طرح اچھلتی ہے۔ کودتی ہے۔ کبھی قشاخیں نکالتی ہے۔ کبھی پنجے مارتی ہے۔ لیکن اس صحیح حدیث کے صاف صریح الفاظوں کی سلاخیں اور مزید برآں علامہ ملا علی قاری اور شیخ محقق کی تشریحانہ الفاظ کی میخیں اس بیچاری کو نکلنے نہیں دیتیں۔ کبھی کہتی ہے کہ صحیح مسلم اور نسائی شریف کے الفاظ کو میں اسلام نہیں تو بدایہ نہایہ کی طرف جاتی ہوں کبھی کہتی ہے کہ شیخ محقق اور ملا علی قاری غیر معصوم شخصیتوں کی لغزشوں کا نام ایمان نہیں یہ علما کی غلطیاں اور لغزشیں ہیں - اری مظلومہ جب آئمہ محدثین کے تشریحانہ وتفسیرانہ کلمات وعبارات لغزشیں ہیں - جو ہزاروں لاکھوں کے مقتدا و مستند ہیں تو تیری کون سنتا ہے۔ جا جہنم میں تیری بات جو ائمہ محدثین اور الفاظ حدیث کے مخالف ہے۔ اس کو ردی کے ٹوکرے میں ڈال کر آگ لگا دے - اس صحیح حدیث پاک کی شرح میں علامہ امام ملا علی قاری حنفی متوفی سنہ ۱۰۱۴ھ رحمہ اللہ تعالیٰ کے ایمان افروز و باطل سوز کلمات طیبات

ویؤخذ من اطلاقہ علیہ الصلوٰۃ والسلام الامر بالسوال لان اللہ تعالیٰ مکنہ من اعطاء کل

یعنی حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے جو مانگنے کا حکم مطلق دیا۔ اس سے مستفاد ہوتا ہے کہ اللہ عزوجل نے

ما ارادمن خزائن الحق
...... وذکر ابن سبع
فی خصائصہ وغیرہ
ان اللہ تعالٰی اقطعہ
ارض الجنۃ یعطی
منھا ما شاء لمن یشآء
مرقات
شرح مشکوٰۃ
ج ۱ ص ۵۵

حضور کو قدرت بخشی ہے۔ کہ اللہ تعالٰی کے خزانوں میں سے جو کچھ چاہیں عطا فرمائیں (پھر لکھا) امام ابن سبع وغیرہ علمائے حضور کے خصائص کریمہ میں ذکر کیا ہے کہ جنت کی زمین اللہ عزوجل نے حضور کی جاگیر کر دی ہے۔ (آپ کے نام الاٹ ہو چکی) اس میں سے جو چاہیں بخش دیں۔

شیخ المحدثین سند المحققین مجدد مائۃ حادی عشر امام شیخ عبدالحق محقق محدث دہلوی حنفی متوفی ۱۰۵۲ھ رضی اللہ تعالٰی عنہ اور مقتدائے وہابیت میاں صدیق حسن بھوپالی غیر مقلد اس حدیث کا معنی اور مطلب بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔

(فقال لی سل) یعنی گفت آنحضرت مرا بطلب ہر چہ میخواہی از خیر دنیا و آخرت ...... واز اطلاق سوال کہ فرمود سل بخواہ وتخصیص نکرد بمطلوبے خاص معلوم میشود کہ کار ہمہ بدست ہمت وکرامت اوست صلے اللہ علیہ وسلم ہر چہ خواہد ہر کرا خواہد باذن پروردگار خود بدہد

یعنی حضرت ربیعہ نے فرمایا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مجھ سے فرمایا دنیا اور آخرت کی جو خیر چاہے مانگ اور اطلاق سوال سے جو فرمایا سل مانگ کسی مطلوب خاص سے تخصیص نہ کی۔ معلوم ہوتا ہے کہ تمام کام حضور کے ہاتھ میں ہیں جو چاہیں جس کے لئے چاہیں اللہ تعالٰی

بیت

فان من جودک الدنیا وضرتہا
ومن علومک علم اللوح والقلم

بیت

اگر خیریت دنیا وعقبیٰ آرزو داری
بدرگاہش بیا وہر چہ میخواہی تمنا کن

اشعۃ اللمعات ج ۱ صـ ۳۹۶
واللفظ لہ ونحوہ فی مسک الختام
شرح بلوغ المرام لبھوپالی ج ۱ صـ ۱۲۱

کے اذن سے عطا فرماتے ہیں۔ دنیا اور آخرت یا رسول اللہ آپ کے جود وسخا سے کچھ حصہ ہے۔ اور لوح وقلم کا علم آپ کے علوم سے کچھ حصہ ہے (اے مسلمان) اگر تو دنیا اور آخرت کی خیریت کی آرزو رکھتا ہے۔ تو حضور کی بارگاہ میں حاضر ہو جو جی میں آئے مانگ۔

---

(۱۴۴) اعلیحضرت امام اہلسنت شیخ الاسلام والمسلمین سیدنا ومولانا الامام احمد رضا خاں رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں۔ اور کیا خوب فرماتے ہیں۔ واقعی کلام الامام امام الکلام" طبرانی[له] معجم اوسط اور خرائطی مکارم الاخلاق میں امیر المومنین مولی علی کرم اللہ تعالےٰ وجہہ الکریم سے راوی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

واخرج[له] بعضہ نحوہ ابن ابی حاتم عن سعید بن عبد العزیز واخرجہ ابن اسحٰق وابن ابی حاتم عن عروۃ بن الزبیر نحوہ۔ تفسیر درمنثور ج ۴ صـ ۳۰۹ اخرجہ الحاکم وصححہ علی شرطہما۔ تفسیر جلالین صـ ۳۱۲ شہ ۹ از کمالین۔ تفسیر جمل ج ۳ صـ ۲۸۱ تفسیر قرطبی ج صـ تفسیر صاوی ج ۳ صـ ۱۴۲۔ واخرج نحوہ بالفاظ مفیدۃ لاعل المنۃ وقاتلۃ للملت الوہابیۃ عبد بن حمید والنسائی وابن ابی حاتم والحاکم وصححہ عن ابی موسیٰ مرفوعًا۔ واخرج نحوہ ابن عبد الحکم فی فتوح مصر عن سماک بن حرب مرفوعًا وفیہ قال موسیٰ لہا "سلی ما شئت فقالت فانی اسئلک ان اکون انا وانت بقیۃ صـ ۲۰۵

سے جب کوئی شخص کچھ سوال کرتا اگر حضور کو منظور ہوتا نعم فرماتے یعنی اچھا اور نہ منظور ہوتا تو خاموش رہتے کسی چیز کو لا یعنی منع نہ فرماتے۔ ایک روز ایک اعرابی نے حاضر ہو کر سوال کیا۔ حضور خاموش رہے۔ پھر سوال کیا سکوت فرمایا پھر سوال کیا اس پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے جھڑکنے کے انداز سے فرمایا، سَلْ مَا شِئْتَ یَا اَعْرَابِیُّ اے اعرابی جو تیرا جی چاہے ہم سے مانگ مولی علی کرم اللہ تعالٰے وجہہ فرماتے ہیں۔ فَغَبَطْنَاهُ قُلْنَا الْآنَ یَسْئَلُ الْجَنَّةَ یہ حال دیکھ کر حضور خلیفۃ اللہ الاعظم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرما دیا ہے جو دل میں آئے مانگ لے، ہمیں اس اعرابی پر رشک آیا ہم نے اپنے جی میں کہا اب یہ حضور سے جنت مانگے گا اعرابی نے کہا تو کیا کہا کہ میں حضور سے سواری کا ایک اونٹ مانگتا ہوں فرمایا عطا ہوا عرض کی حضور سے زاد راہ مانگتا ہوں۔ فرمایا عطا ہوا ہمیں اس کے ان سوالوں پر تعجب آیا۔ سید عالم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا کتنا فرق ہے اس اعرابی کی مانگ اور بنی اسرائیل کی ایک پیرزن کے سوال میں پھر حضور نے اس کا ذکر ارشاد فرمایا کہ جب موسٰی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دریا میں اترنے کا حکم ہوا۔ کنارے دریا تک پہنچے سواری

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۰۴) فی درجۃ واحدۃ فی الجنۃ ویرد علی بصری وشبابی الحدیث واخرج نحوہ عبد بن حمید وابن المنذر عن عکرمۃ موقوفا۔ واخرج نحوہ ابن عبد الحکم من طریق الکلبی عن ابی صالح عن ابن عباس موقوفاً (تفسیر درمنثور ج ۵ صفحہ ۸۸ تحت قولہ تعالٰے واوحینا الی موسٰی ان اضرب بعصاک البحر) تفسیر روح البیان ج ۳ صفحہ ۲۱۳ تحت الحقنی بالصالحین۔ یوسف۔ رواہ ابن ابی حاتم نحو نقل الامام احمد رضا المجدد البریلوی تفسیر ابن کثیر ج ۳ صفحہ ۳۳۵۔ تفسیر جمل ج ۲ صفحہ ۴۸۵ ۱۲ الفیضی عفی عنہ

کے جانوروں کے منہ اللہ عزوجل نے پھیر دیئے کہ خود بخود واپس پلٹ آئے موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عرض کی الٰہی یہ کیا حال ہے۔ ارشاد ہوا تم قبر یوسف کے پاس ہو۔ ان کا جسم مبارک اپنے ساتھ لے لو۔ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو قبر کا پتہ معلوم نہ تھا۔ فرمایا اگر تم میں کوئی جانتا ہو تو شاید بنی اسرائیل کی پیرزن کو معلوم ہو۔ اس کے پاس آدمی بھیجا کہ تجھے یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قبر معلوم ہے۔ کہا ہاں فرمایا تو مجھے بتا دے۔ عرض کی لا واللہ حتی تعطینی ما اسئلک خدا کی قسم میں نہ بتاؤں گی۔ یہاں تک کہ میں جو کچھ آپ سے مانگوں آپ مجھے عطا فرما دیں۔ فرمایا ذلک لک تیری عرض قبول ہے۔ قالت فانی اسئلک ان اکون معک فی الدرجۃ التی تکون فیھا فی الجنۃ پیرزن نے عرض کی تو میں حضور سے یہ مانگتی ہوں کہ جنت میں میں آپ کے ساتھ رہوں۔ اس درجہ میں جس میں آپ ہوں گے۔ قال سلی الجنۃ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا جنت مانگ لے۔ یعنی تجھے یہی کافی ہے۔ اتنا بڑا سوال نہ کر قالت لا واللہ الا ان اکون معک پیرزن نے کہا خدا کی قسم میں نہ مانوں گی۔ مگر یہی کہ آپ (کے) ساتھ ہوں۔ فجعل موسیٰ یرددھا فاوحی اللہ ان اعطھا ذلک فانہ لن ینقصک شیئًا فاعطاھا۔ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اس سے یہی رد و بدل کرتے رہے۔ اللہ عزوجل نے وحی بھیجی موسیٰ وہ جو مانگ رہی ہے تم اسے وہی عطا کر دو کہ اس میں تمہارا کچھ نقصان نہیں۔ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جنت میں اپنی رفاقت اسے عطا کر دی۔ اس نے یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قبر بتا دی۔ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نعش مبارک کو ساتھ لے کر دریا سے عبور فرما گئے۔ اقول و باللہ التوفیق بحمد اللہ تعالیٰ اس حدیث نفیس کا ایک ایک حرف جان وہابیہ کو کیا شہابی ہے۔ اولاً حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم

کا اعرابی سے ارشاد کہ جو جی میں آئے مانگ لے احدیث ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں تو اطلاق ہی تھا۔ جس سے علمائے کرام نے عموم مستفاد کیا۔ یہاں صراحۃً خود ارشاد اقدس میں عموم موجود کہ جو دل میں آئے مانگ لے۔ ہم سب کچھ عطا فرمانے کا اختیار رکھتے ہیں۔ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وبارک علیہ وعلی آلہ قدر جودہ ونوالہ ونعمہ وافضالہ

ثانیاً یہ ارشاد سن کر مولیٰ علی وغیرہ صحابہ حاضرین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا غبطہ کہ کاش یہ عام انعام کا ارشاد اکرام ہمیں نصیب ہوتا حضور تو اسے اختیار عطا فرما ہی چکے اب یہ حضور سے جنت مانگے گا۔ معلوم ہوا کہ بحمد اللہ تعالیٰ صحابہ کرام کا یہی اعتقاد تھا کہ حضور اقدس صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہاتھ اللہ عزوجل کے تمام خزائن رحمت دنیا وآخرت کی ہر نعمت پر پہنچتا ہے یہاں تک کہ سب سے اعلیٰ نعمت یعنی جنت جسے چاہیں بخش دیں صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ثالثاً خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اس وقت اس اس اعرابی کے قصور ہمت پر تعجب کہ ہم نے اختیار عام دیا اور ہم سے حطام دنیا مانگنے بیٹھا۔ پیرزن اسرائیلیہ کی طرح جنت نہ صرف جنت بلکہ جنت میں اعلیٰ سے اعلیٰ درجہ مانگتا تو ہم تو زبان دے ہی چکے تھے۔ اور سب کچھ ہمارے ہاتھ میں ہے۔ وہی اسے عطا فرما دیتے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

رابعاً ان بڑی بی پر اللہ عزوجل کی بے شمار رحمتیں بھلا انہوں نے موسےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خدائی کارخانہ کا مختار جان کر جنت اور جنت میں بھی ایسے اعلیٰ درجے عطا کر دینے پر قادر مان کر شرک کیا تو کیا موسےٰ کلیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو کیا ہوا کہ یہ بآں شان غضب وجلال اس شرک پر

انکار نہیں فرماتے۔ اس کے سوال پر کیوں نہیں کہتے کہ میں نے جو اقرار کیا تھا تو ان چیزوں کا جو اپنے اختیار کی ہوں۔ بھلا جنت اور جنت کا بھی ایسا درجہ یہ خدا کے گھر کے معاملے ہیں۔ ان میں میرا کیا اختیار تو نے نہیں سنا کہ وہابیہ کے امام شہید اپنے قرآن جدید نام کے تقویۃ الایمان اور حقیقت کے کلمات کفر و کفران میں فرمائیں گے۔ کہ انبیا میں اثبات کی کچھ بڑائی نہیں کہ اللہ نے ان کو عالم میں تصرف کی کچھ قدرت دی ہو۔ میں تو میں مجھ سے اور تمام جہان سے افضل محمد رسول اللہ خاتم المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت ان کی وحی باطنی میں اترے گا کہ جس کا نام محمد ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں نعوذا انہیں کے نام سے بیان کیا جائے گا۔ کہ میری قدرت کا حال تو یہ ہے کہ اپنی جان تک کے بھی نفع نقصان کا مالک نہیں تو دوسرے کا تو کیا کر سکوں نیز کہا جائے گا۔ پیغمبر نے سب کو اپنی بیٹی تک کو کھول کر سنا دیا کہ قرابت کا حق ادا کرنا اسی چیز میں ہو سکتا ہے کہ اپنے اختیار کی ہو۔ سو یہ میرا مال موجود ہے۔ اس میں مجھ کو کچھ بخل نہیں۔ اور اللہ کے ہاں کا معاملہ میرے اختیار سے باہر ہے۔ وہاں میں کسی کی حمایت نہیں کر سکتا اور کسی کا وکیل نہیں بن سکتا۔ سو وہاں کا معاملہ ہر کوئی اپنا اپنا درست کرے اور دوزخ سے بچنے کی ہر کوئی تدبیر کرے۔ بڑی بی کیا تم سمجھ گئی ہو دیکھو تو تقویۃ الایمان کیا کہہ رہی ہے۔ کہ رسول بھی کون محمد سید الانبیا صلے اللہ علیہ وسلم اور معاملہ بھی کس کا خود ان کے جگر پارے کا اور وہ بھی کتنا کہ دوزخ سے بچا لینا اس کا تو انہیں عیاذ اپنی صاحبزادی کے لئے کچھ اختیار نہیں۔ وہ اللہ کے ہاں کچھ کام نہیں آسکتے تو کہاں وہ اور کہاں میں، کہاں ان کی صاحبزادی اور کہاں تم کہاں صرف دوزخ سے نجات اور کہاں جنت اور جنت کا بھی ایسا اعلیٰ درجہ بخش دینا بھلا بڑی بی تم مجھے۔ خدا

بنا رہی ہو۔ پہلے تمہارے لئے کچھ امید ہو بھی سکتی تو اب تو شرک کر کے
تم نے جنت اپنے اوپر حرام کر لی۔ افسوس کہ موسےٰ کلیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم
نے یہ کچھ نہ فرمایا۔ اس بھاری شرک پر اصلاً انکار نہ کیا۔

خامساً انکار در کنار اور رجسٹری کردی سلی الجنۃ اپنی لیاقت
سے بڑھ کر تمنا نہ کرو۔ ہم سے جنت مانگ لو ہم وعدہ فرما چکے ہیں۔ عطا کردیں
گے۔ تمہیں یہی بہت ہے افسوس موسٰی علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کیا شکایت
کہ امام الوہابیہ اگرچہ یہودی خیالات کا آدمی ہے۔ جیسا کہ ابھی آخر وصل اول میں
ثابت ہو چکا مگر اپنے آپ کو کہتا تو محمدی ہے۔ خود محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے اس
کے جدید قرآن تقویۃ الایمان کو جہنم پہنچایا۔ ربیعہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے
حضور سے جنت کا سب سے اعلیٰ درجہ مانگا۔ اس عظیم سوال کے صریح شرک
پر انکار نہ فرمایا۔ بلکہ صراحۃً عطا فرمادینے کا متوقع کردیا۔ اب اگر وہ جل
جل کر ان کی توہین نہ کرے ان کا نام سو سو گستاخیوں سے نہ لے تو اور کیا
کرے گیا بیچارہ کلیم کا مردود حبیب کا مارا اپنے جلے دل کے پھپھولے بھی
نہ پھوڑے۔ مثل مشہور ہے کسی کا ہاتھ چلے کسی کی زبان وللہ العزۃ ولرسولہ
وللمومنین ولکن المنافقین لا یعلمون۔

سادساً سب فیصلوں کی انتہا خدا پر ہوتی ہے۔ کلیم علیہ الصلوٰۃ
والتسلیم نے امام الوہابیہ سے یہ رکھائی برتی تو اسے جانے عذر تھی کہ موسےٰ
بدیں خود ما بدیں خود حبیب صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے تقویۃ الایمان کی
یہ صریح تذلیل وتفعیل فرمائی تو اسے آنسوں پونچھنے کو جگہ تھی کہ وہ
نبی امی ہیں۔ پڑھے لکھے نہیں کہ تقویۃ الایمان پڑھ لیتے ان احکام جدیدہ
سے آگاہ ہوتے۔ مگر پورا قہر تو خدا نے توڑا کہ بڑی بی کے شرک اور موسٰی کے

اقرار کو خوب مستحکم و مکمل فرما دیا۔ وحی آئی تو کیا آئی کہ اعطہا ذلک موسیٰ جو یہ مانگ رہی ہے تو اسے عطا کر بھی دو۔ اس کی بخشش فرمانے میں تمہارا کیا نقصان ہے۔ واہ ری قسمت یہ اوپر کا حکم تو سب سے تیز رہا ہے، یہ نہیں فرمایا جاتا کہ موسیٰ تم ہو کون۔ بڑھ بڑھ کر باتیں مارنے والے۔ ہمارے یہاں کے معاملے کا ہمارے حبیب کو تو ذرا بھر اختیار آپ ہی نہیں یہاں تک کہ خود اپنی صاحبزادی کو دوزخ سے نہیں بچا سکتے۔ تم ایک بڑھیا کو جنت بھنٹائے دیتے ہو۔ اپنی گرم جوشی اٹھا رکھو۔ تقویۃ الایمان میں آچکا ہے۔ کہ ہمارے یہاں کا معاملہ ہر شخص اپنا درست کرے، بلکہ علی الرغم الثا یہ حکم آتا ہے کہ موسیٰ تم اسے جنت کا یہ عالی درجہ عطا کر دو اب کہئے یہ بیچارہ کس کا ہو کر رہے۔ جس خدا کے لئے توحید بڑھانے کو تمام انبیا سے بگاڑی دین و ایمان پر دولتی جھاڑی۔ صاف کہ دیا کہ خدا کے سوا کسی کو نہ مان اوروں کو ماننا محض خبط ہے۔ اسی خدا نے یہ سلوک کیا اب وہ بے چارہ ازیں سو ماندہ وزاں سو راندہ سوا اس کے کیا کرے کہ اپنی اکلوتی چھمر توحید کا ہاتھ پکڑ کر جنگل کو نکل جائے اور سر پہ ہاتھ دھر کر چلائے ؎

ما زیاراں چشم یاری داشتیم
خود غلط بود آنچہ ما پنداشتیم

سابعًا پچھلا فقرہ تو قیامت کا پہلا صور ہے۔ فاعطاها موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پیر زن کو وہ جنتِ عالیہ عطا فرما دی والحمد للہ رب الثقلین الامن والعلی شریف از ص ۱۵۷ تا ص ۱۶۲

ج ۲ ص ۵۹ نظر ج ۱۰ ص ۱۸۶ ۱۲ شہ

(۳۲) وعن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مامن نبی الا ولہ وزیران من اھل السماء وزیران من اھل الارض فاما وزیرای من اھل السماء فجبریل ومیکائیل واما وزیرای من اھل الارض فابوبکر وعمر ـ رواہ الترمذی

حضرت ابوسعید خدری سے روایت ہے ـ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہر نبی کے دو وزیر آسمان والوں سے ہوتے ہیں ـ اور دو وزیر زمین والوں سے ہوتے ہیں ـ تو میرے دو وزیر آسمان والوں سے جبریل اور میکائیل ہیں اور میرے دو وزیر زمین والوں سے ابوبکر اور عمر ہیں رضی اللہ تعالےٰ عنہما

(ج ۲ ص ۲۰۸ وقال ھذا حدیث حسن غریب) مشکوٰۃ شریف ص ۵۶۰ ج ۲

وقال القاری ورواہ الحاکم عن ابی سعید والحکیم عن ابی ھریرۃ ـ

مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ج ۵ ص ۵۵ ـ فتح الکبیر ج ۳ ص ۱۲۳

بلاتشبیہ وتمثیل جس بادشاہ کا ایک گورنر مشرقی پاکستان کا ہے اور دوسرا گورنر مغربی پاکستان کا تو اس بادشاہ کی صدارت اور آمریت وحکومت وتصرف دونوں صوبوں کی محیط ہے ـ اسی طرح جس بادشاہ معظم خلیفۃ اللہ اعظم صلے اللہ علیہ وسلم کے دو وزیر آسمانوں کے ہیں اور دو زمین کے اس کی سلطنت وحکومت آسمان وزمین کو محیط ہے اور آسمان وزمین کے ذرہ ذرہ پر ان کا قبضہ وتصرف ہے[لہ] اور ذرہ ذرہ پر ان کی حکومت جاری وساری ہے فللہ الحمد ـ

(۳۳) حضرت بریدہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ

کان النبی صلے اللہ علیہ وسلم یخطب

یعنی حضور صلے اللہ علیہ وسلم خطبہ

[لہ] حضور تو حضور بلکہ آسمان وزمین کا ہر ذرہ تو سلیمان علیہ السلام کے تابع ہے کہ قال تعالیٰ سخر لکم ما فی السمٰوٰت وما فی الارض (قرآن ـ کلمات امدادیہ ص ۲۹) نیز ارواح اولیاء وملائکہ خدا اللہ کے ملک کے مدبر ومتصرف ومنتظم ہیں کہ قال تعالیٰ فالمدبرات امرا (قرآن ـ مشکوٰۃ ص ۵۸۷ ـ کہ ج ۲ ص ۸۶ ـ روحانیت)

الى جذع فاتخذ له منبر فلما فارق الجذع وعمد الى المنبر الذى صنع له جزع الجذع فحن كما تحن الناقة فرجع النبى صلے الله عليه وسلم فوضع يده عليه وقال اختر ان اغرسك فى المكان الذى كنت فيه فتكون كما كنت وان شئت ان اغرسك فى الجنة فتشرب من انهارها وعيونها فيحسن نبتك وتثمر فيأكل اولياء الله من ثمرتك فسمع النبى صلے الله عليه وسلم وهو يقول نعم قد فعلت مرتين فسئل النبى صلے الله عليه وسلم فقال اختار ان اغرسه فى الجنة اخرجه الدارمى (صـ ۵۵) - واخرجه الطبرانى فى الاوسط وابو نعيم مثله من طريق عبد الله بن بريدة عن عائشة به (دلائل النبوة له صـ ۳۴۴-۳۴۵)

کھجور کے تنہ سے ٹیک لگا کر خطبہ دیا کرتے تھے توجب حضور کے لئے ممبر تیار کیا گیا تو آپ نے جب اس تنہ کو چھوڑ کر اس ممبر کا ارادہ کیا جو آپ کے لئے تیار کیا گیا تھا تو وہ تنہ گھبرا کر اس طرح رویا جیسے اونٹنی روتی ہے۔ تو حضور اس کی طرف گئے۔ اس پہ ہاتھ مبارک رکھا اور فرمایا دلے تنہ ان دو باتوں سے ایک چن لے) اگر تو چاہے تو میں تجھے اس مکان میں گاڑھ دوں کہ جہاں تو تھا تو تو ایسا سرسبز وشاداب ہو جائے گا جیسا کہ تھا اور اگر تو چاہے تو میں تجھے جنت میں بو دوں تو تو اس جنت کے نہروں اور چشموں سے سیراب ہوگا۔ اور اچھی طرح اگے گا اور پھل دے گا اور تیرا پھل یعنی کھجور اولیاء اللہ کھائیں گے حضرت بریدہ نے حضور سے سنا کہ آپ نے دو دفعہ فرمایا کہ ہاں میں نے ایسا کر دیا۔ حضور سے پوچھا گیا تو حضور

خصائص کبریٰ ج ۲ ص ۷۵/۷۶ — علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اس
حاشیہ [۱] مولوی اعزاز علی — تنے نے اس بات کو پسند کیا کہ میں
دیوبندی علی نور الایضاح طبع ص ۲۱۳ — اسے جنت میں بو دوں
نور محمد اتماماً للحجۃ

(۳۴) واخرج البغوی وابو نعیم وابن عساکر عن ابی بن کعب قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یخطب الی جذع فصنع لہ منبر فلما قام علیہ حن الجذع فقال اسکن ان تشاء اغرسک فی الجنۃ فیاکل منک الصالحون وان تشاء ان اعیدک رطبا کما کنت فاختار الآخرۃ علی الدنیا۔ (الخصائص الکبریٰ ج ۲ ص ۷۶)

حدیث ۳۳ ۳۴ میں بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مختار اور متصرف ہونے کا واضح ثبوت ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام خشک تنہ کو سرسبز [۵] کر سکتے ہیں (چنانچہ ایسا کر بھی دیا۔ درخت کی سن سکتے ہیں اور اس کو سنا سکتے ہیں۔ اور خاموش کرا سکتے ہیں۔ یہ اختیار فی التکوین کے جلوے ہیں۔ صلے اللہ تعالے علیہ وسلم بقدر تصرفہ۔

(۳۵) حضرت صدیقہ راوی کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔
لو شئت لسارت معی جبال الذھب — اگر ہم چاہیں تو ہمارے ساتھ سونے
رواہ فی شرح السنۃ۔ مشکوٰۃ شریف — کے پہاڑ چلا کریں۔
ج ۲ ص ۵۲۱ - ورواہ ابو نعیم فی دلائل النبوۃ ص ۲۲ وفی روایۃ - فواللہ لو شئت لاجری اللہ معی جبال الذھب والفضۃ - اخرجہ ابن سعد

[۱] دلائل النبوۃ ص ۳۲۳ ۱۲ فیضی عفی عنہ

[۵] وشاداب بنا سکتے ہیں (جنت حضور کا اپنا مملوکہ مقبوضہ باغ ہے اس تک لے تو پہنچا کر خشک تنہ وہاں لگا کر سرسبز

والبیھقی عن ام المومنین - خصائص کبریٰ ج ۲ ص - جواھر البحار ج ۱ ص ۲۹۱

معلوم ہوا حضور مالک و مختار ہیں -

(۲۶) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا -

انی رایت الجنة فتناولت منھا عنقودا ولو اخذته لاکلتم منه ما بقیت الدنیا (بخاری مسلم) مشکوٰۃ باب صلوٰۃ الخسوف ص ۱۲۹

یعنی ہم نے اس گرہن کی نماز میں جنت کو دیکھا اور اس کا ایک خوشہ پکڑا - اگر ہم وہ خوشہ توڑ لیتے تو تم اس کو قیامت تک کھاتے رہتے -

اس سے معلوم ہوا کہ زمین پر کھڑے ہو کر جنت دیکھ لیتے ہیں اور اپنی اس حالت میں مخصوصہ جنت تک زمین سے کھڑے ہو کر ہاتھ مبارک پہنچا کر خوشہ توڑ کر غلاموں کو دنیا میں جنت کے پھل کھلا سکتے ہیں باقی ایسا نہ کیا اپنی مرضی سے نہ کیا رب کی طرف سے تو کوئی رکاوٹ نہ تھی - یہ ہے اختیار و قدرت و تصرف و ملکیت و سلطنت سید عالم صلے اللہ علیہ وسلم -

اسی طرح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے معجزات سے حضور کا تصرف و اختیار و قدرت نمایاں ہے - یہاں سب معجزات کا حصر تو نہیں ہو سکتا - بطور مثال بعض کا ذکر ہوتا ہے -

(۲۷) حضرت جابر کے طعام قلیل کو لعاب مبارک سے کثیر بنا دیا -

(۲۸) پیالہ میں ہاتھ مبارک رکھ کر پیالہ میں پانچ دریا بہا دیئے - (گویا کہ پیالہ مرکز پنجاب رحمت بنا ہوا تھا) [1] -

---

[1] انگلیاں ہیں فیض پر ٹوٹے ہیں پیاسے جھوم کر
ندیاں پنجاب رحمت کی ہیں جاری واہ واہ (اعلیحضرت) ۱۲ ن

(۳۹) کنویں میں تیر ڈال کر اس کا پانی بڑھا دیا۔
(۴۰) ایک بڑھیا کے مشکیزہ سے سب کو سیراب کیا لیکن مشکیزہ ویسے کا ویسا بھرا رہا
(۴۱) استنجا کرنے کے لئے دو درختوں کو پکڑ کر پردہ بنا دیا۔
(۴۲) سرکش گھوڑے پر قدم رکھا ہمیشہ کے لئے وہ مطیع ہو گیا۔
(۴۳) درخت نے جھک کر آپ پہ سایہ کیا۔
(۴۴) سوکھی بکری کے تھنوں سے دودھ کے برتن بھر لئے۔
حدیث ۳۷ تا ۴۴ از مشکوٰۃ شریف باب المعجزات)
(۴۵) حضرت انس کے باغ میں قدم رکھا وہ سال میں دو دفعہ پھلنے لگا
(مشکوٰۃ باب الکرامات)
(۴۶) حضرت عثمان نے حضور سے جنت خریدی، اشتری عثمان...
من رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم الجنۃ۔ رواہ الحاکم
وابن عدی وابن عساکر۔
(۴۷) سورج پر حضور کی حکومت، ایک دفعہ سورج کو غروب ہونے سے
روک دیا" (جب کہ معراج سے واپس تشریف لائے تھے")
(شفا شریف ج ۱ صفحہ ۲۴۲۔ نشر الطیب صفحہ ۹۰)
نیز ایک دفعہ ایام خندق میں بھی سورج کو غروب سے روک دیا۔
(شرح شفا للقاری والخفاجی ج ۳ صفحہ ۱۴)
نیز طلوع سے روک دیا" نسیم الریاض ج ۳ صفحہ ۱۱)
نیز غروب شدہ سورج کو واپس لوٹایا (شفا شریف ج ۱ صفحہ ۲۴۱)
صححہ الطحاوی (مشکل الآثار ج ۲ صفحہ ۸ تا صفحہ ۱۲ فیض)
القاضی عیاض واخرجہ ابن مندہ وابن شاہین من حدیث اسماء

وابن مردویہ من حدیث ابی ھریرۃؓ ..... قال القسطلانی
وروی الطبرانی ایضا فی معجمہ الکبیر باسناد حسن ..... وروی
الطبرانی ایضا فی معجمہ الاوسط بسند حسن عن جابر۔
شرح شفا للقاری ج ۳ ص ۱۳۰ وشرحہ الخفاجی ص ۱۱/۱۲ ج ۳۔ خصائص کبریٰ ص ۸۲/۲۲

(۵۱) چاند پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حکومت (چاند کو اشارے پر
چلاتے تھے۔ کما مرّت فیضی)
دو دفعہ چاند کو انگلی کے اشارے سے چیر دیا (قرآن۔ صحیح بخاری۔
صحیح مسلم عن انس۔ البخاری ومسلم عن ابن مسعود۔ البیہقی عنہ
وابو نعیم ایضا عنہ۔ الشیخان عن ابن عباس۔ مسلم عن ابن عمر
البیہقی وابو نعیم عن جبیر بن مطعم۔ ابو نعیم عن ابن عباس۔
خصائص کبریٰ ج ۱ ص ۱۲۵/۱۲۶۔ شفا شریف ج ۱ ص ۲۳۶)

سورج الٹے پاؤں پلٹے چاند اشارے سے ہو چاک
اندھے نجدی دیکھ لے قدرت رسول اللہ کی!
(اعلیحضرت)

(۵۲) حضور نے حضرت ابو ہریرہ کو چادر میں قوت حافظہ عطا فرمایا۔
صحیح بخاری ج ۱ ص ۲۲ الشیخان خصائص ج ۲ ص ۴۳

(۵۳) حضرت عثمان بن ابی العاص کو لعاب مبارک اور سینہ پہ ہاتھ
مبارک رکھنے سے قوت حافظہ عطا فرمایا (دلائل النبوۃ لابی نعیم ص ۱۴۱/۴)

(۵۴) کھجور کی ٹہنی کو تلوار بنایا (خصائص ج ۱ ص ۲۱۷)۔

(۵۵) حضرت قتادہ کی آنکھ جوڑ دی (خصائص ج ۱ ص ۲۱۷/۲۰۴)۔

(۵۶) ابو ذر کی آنکھ درست کر دی (خصائص ج ۱ ص ۲۱۸)

(۵۷) حضور پر نور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عصا منور کر دیا خصائص ج ۲ صفحہ ۸۰

(۵۸) حضور نے کوڑا منور کر دیا (خصائص ج ۲ صفحہ ۸۰)

(۵۹) حضور نے حمزۃ الاسلمی کی انگلیوں کو منور فرما دیا (خصائص کبریٰ ج ۲ صفحہ ۸۰)

(۶۰) ابونعیم عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مخرج انہوں نے نے فرمایا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہم پر تشریف لائے اور فرمایا ان جبریل اتانی فبشرنی ان اللہ ایدنی بالملائکۃ وآتانی النصر وجعل بین یدی الرعب وآتانی السلطان والملک الحدیث۔ خصائص کبریٰ ج ۲ صفحہ ۱۹۴۔ جواھر البحار ج ۱ صفحہ ۲۹

ترجمہ جبریل میرے پاس آئے اور مجھے خوشخبری دی کہ اللہ تعالےٰ نے فرشتوں سے میری امداد کی اور مجھے نصرت عطا فرمائی اور میرے آگے رعب کیا اور مجھے سلطنت اور ملک عطا فرمایا۔

اختیار فی التکوین میں خلاصہ کلام یہ ہے۔ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور آپ کے صحیح تابعداروں فرمانبرداروں کی زبان کن کی کنجی ہے۔ اس سے بڑھ کر امور تکوینیہ میں اختیار کیا ہو گا۔

ملاحظہ ہو فرمان الٰہی۔ حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

قولہ جل وعلا فی بعض کتبہ "یا ابن آدم انا اللہ الذی لا الہ الا انا اقول لشئ کن فیکون اطعنی اجعلک تقول للشئ کن فیکون" فتوح الغیب شریف مقالہ ۴۶ صفحہ ۱۰۹

شرح فتوح الغیب صفحہ ۱۶۷۔ مقالہ ۱۶ / ۱۳۷

اللہ تعالےٰ کی بعض کتابوں میں اللہ تعالےٰ کا یہ فرمان ہے۔ کہ اے ابن آدم میں اللہ ہوں وہ کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں۔ کسی چیز کے لئے کن فرماتا ہوں وہ ہو جاتی ہے تو میرا فرمانبردار بن جا تجھے ایسا مقام عطا

ھ علی ہامش بہجۃ الاسرار شریف مطبوعہ مصر

فرماؤں گا کہ تو بھی جب کسی چیز کے کیلئے کُن کہے گا وہ فوراً موجود ہو جائیگی

نیز حضرت غوث اعظم اور شیخ محقق فرماتے ہیں رضی اللہ عنہما

(ثم یرد علیك التکوین) بعد ازاں رد کردہ میشود بر تو وسپردہ میشود بتو ہست کردن وپیدا گردانیدن کائنات وتصرف دادہ میشود ترا در عالم بروجہ کرامت و خرق عادت۔

شرح فتوح الغیب

ص ۹۹/۱۰۰

یعنی اے بندے جب تو مقام فنائیت میں پہنچے گا۔ تو تیرے پہ تکوین رد کی جائے گی۔ یعنی فنائیت کے بعد موجود کرنا اور کائنات پیدا کرنا تیرے سپرد کردیا جائے گا۔ اور عالم میں تجھے تصرف کرنے کی طاقت دی جائے گی۔ کرامت اور خرق عادت کے طور پر تو جہان میں تصرف کرے گا۔

نیز رسالہ غوث الاعظم میں ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

الفقیر الذی لہ امر فی کل شئ کن فیکون

شمائل الاتقیاء

ص ۱۷

یعنی فقیر وہ ہے جس کو ہر شئی میں کن فیکون حاصل ہو۔ یعنی جب جس چیز کے متعلق کہے کن (ہو جا) وہ فوراً ہو جائے

ــــ بسم اللہ الرحمن الرحیم از عارف ہمچو کن است از پروردگار تعالیٰ وتقدس اشعۃ اللمعات ج ۲ ص ۲۲۶، جواہر البحار ج ۳ ص ۲۶۲ عن الامیر عبد القادر مطالع المسرات ص ۳۲۳

اب چند حدیثیں ایسی ملاحظہ فرماویں جن میں امام الانبیاء والمرسلین رحمۃ للعالمین

خاتم النبیین مالک کون ومکان سید الانس والجان مختار کل فخر رسل۔ نائب اکبر اللہ اللہ اکبر خلیفۂ اعظم مولائے اعظم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے کن کے جلوے نظر آتے ہیں۔

(۶۱) امام ابن سعد حضرت عمرو بن میمون سے راوی کہ مشرکین نے حضرت عمار بن یاسر کو آگ میں ڈالا تو حضور رحمت عالم صلے اللہ علیہ وسلم ان پہ گذرے حضور حضرت عمار کے سر پہ ہاتھ پھیرتے اور یوں فرماتے تھے۔

یانار کونی بردا وسلامًا علے عمار کما کنت علے ابراھیم	اے آگ عمار پر ایسی سلامتی والی ٹھنڈی ہو جا جیسا کہ تو حضرت ابراہیم پہ ٹھنڈی ہو گئی تھی۔

(خصائص کبریٰ ج ۲ صہ ۸۰)

(۶۲) حضرت عبد الرحمٰن بن ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے۔ فرمایا کہ حکم بن ابی العاص حضور رب عجیب محبوب کے پاس بیٹھتا تو حضور جب کلام فرماتے تو حکم اپنا چہرہ بگاڑتا (تو ایک دن) حضور نے اس سے فرمایا۔

کن کذٰلک فلم یزل یختلج حتی مات	ایسے ہی ہو جا تو مرتے دم تک اس کا چہرہ بگڑا رہا

اخرجہ الحاکم وصححہ والبیھقی والطبرانی (خصائص ج ۲ صہ ۷۹)

(۶۳) حضرت ابن عمر رضی تعالےٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نے ایک دن خطبہ دیا ایک مرد حضور کے پیچھے شکل بگاڑ کر آپ کی نقلیں اتارنے لگا۔ کن فیکون کے مالک صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

كذلك فكن	ایسا ہی ہو جا۔

تو وہ بے ہوش ہو کر زمین پر گر پڑا تو اس کو اس کے گھر اٹھا لے گئے دو ماہ تک بے ہوش رہا پھر جب اسے بے ہوشی سے افاقہ ہوا تو اس کا منہ ویسے ہی بگڑا ہوا تھا۔ جیسا کہ نقل کے وقت تھا۔ اخرجہ البیہقی خصائص کبریٰ ج ۲ ص ۷۹)

(۴۴) حکم بن عاص نے بطور استہزاء حضور کے چلنے کی نقل اتاری تو حضور مالک کن نے فرمایا۔

كن كذلك فكان يرتعش حتى مات	ایسا ہو جا تو مرتے دم تک اس کو رعشہ رہا

جواھر البحار ج ۴ ص ۱۹ عن الغزالی

(۴۵) حضور مالک کل نے ایک عورت کو نکاح کا پیغام دیا۔ اس کے والد نے حضور سے کہا اسے برص کا مرض ہے حالانکہ برص نہ تھا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

فلتكن كذلك فبرصت جواھر البحار ج ۲ ص ۱۹ عن الامام الغزالی	وہ برص والی ہو جائے تو وہ برص میں مبتلا ہو گئی۔

(۴۶) امام عبد الکریم جیلی رضی اللہ عنہ نے حضور کا اسماء الٰہیہ سے ایک ایک اسم سے متصف ہونا ثابت کیا ہے۔ ایک جگہ فرماتے ہیں

واما المصور فانه كان صلى الله عليه وسلم متصفاً بذلك والدليل على ذلك قوله	بہر حال اللہ تعالیٰ کا اسم "مصور" (تصویر بنانے والا) تو حضور بے شک اس اسم سے بھی متصف

للاعرابی کن زیدا فاذا هو زید جواهر البحار جلد ۱ ص ۲۶۰

تھے اور اس پہ دلیل حضور کا وہ قول ہے جو اعرابی کے لئے فرمایا (جو درحقیقت زید نہ تھا-) کہ زید ہو جا تو وہ زید ہو گیا۔

(۶۷) رای النبی صلی اللہ علیہ وسلم راکبا من بعید فقال لہ کن اباذر فکانہ

یعنی حضور نے دور سے ایک سوار دیکھا تو اسے یہ حکم دیا کہ ابوذر ہو جا تو وہ ابوذر ہی ہو گیا۔

(جواہر البحار ج ۱ ص ۲۶۰)

(۶۸) اس قسم کے الفاظ صحیح مسلم میں بھی ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس ایک مرد کو دیکھا تو فرمایا کن اباخیثمۃ فاذا ھو ابوخیثمۃ الانصاری (صحیح مسلم ج ۲ ص ۳۶۱) وغیر ذلک من الاحادیث الکثیرۃ

کیا خوب فرمایا اعلیحضرت امام اہل سنت نے

؎ وہ زبان جس کو سب کن کی کنجی کہیں
اس کی نافذ حکومت پہ لاکھوں سلام

اختتام احادیث پہ پھر قرآن پاک کی ایک آیت سن لیجئے جس میں اس کا ثبوت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بعض بندے جہان میں تصرف کرتے ہیں۔ اور نظام عالم کی تدبیر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

فالمدبرات امرا پ النزعت آیت ۵

قسم ان فرشتوں کی کہ تمام کاروبار دنیا ان کی تدبیر سے ہے۔

یہاں مدبرات امر سے مراد فرشتے ہیں ۔ جو کاروبار عالم کی تدبیر
کرتے ہیں (۱) تفسیر معالم التنزیل ص ۔ تفسیر روح البیان ج ۶ ص ۵۹
تفسیر خازن ومدارک ج ۴ ص ۳۴۹/۳۵۰ ۔ مفردات امام راغب ص ۱۶۴ ۔
تفسیر جلالین ص ۴۸۹ ۔ تفسیر صاوی ج ۴ ص ۲۴۱ ۔ تفسیر مظہری ج ۱۰ ص ۱۸۷
تفسیر بیضاوی ص ۵۸۶ مطبوعہ مصر ۔ تفسیر در منثور ج ۶ ص ۳۱۰/۳۱۱ ۔ عن
علی وابی صالح ومجاھد وقتادۃ وعبدالرحمن بن سابط وابن
عباس ۔ تفسیر ابن کثیر ج ۴ ص ۴۶۶ عن علی ومجاھد
وعطاء وابی صالح والحسن وقتادۃ والربیع بن انس والسدی
رضی اللہ عنہم ۔ تفسیر ابن جریر ج ص ۔ تفسیر ابی سعود ج ۸ ص ۴۸۴
تفسیر کبیر ج ۸ ص ۴۴۸ ملخصاً) اتمام الحجت ملاحظہ ہو اسی آیت کی تفسیر میں مولوی
شبیر احمد عثمانی دیوبندی لکھتے ہیں "یا وہ فرشتے مراد ہوں جو عالم تکوین
کی تدبیر پر مسلط ہیں" حاشیہ کے ص ۷۵۹ ۔

حدیث میں فرمایا القرآن ذو وجوہ رواہ ابونعیم عن ابن عباس مرفوعاً
قرآن شریف متعدد معانی رکھتا ہے ۔ علماء کرام فرماتے ہیں ۔ قرآن عظیم اپنے
ہر معنی پر حجت ہے ۔ اب آیہ کریمہ کے دوسرے معنی ملاحظہ ہوں ۔

(۲) او صفات النفوس الفاضلۃ
حال المفارقۃ فانھا تنزع
عن الابدان غرقا ای نزعا

یا ان آیات میں اللہ عزوجل ارواح
اولیائے کرام کا ذکر فرماتا ہے جب
وہ اپنے پاک مبارک بدنوں سے انتقال

---

۱ و ایمان آرند بعض شتگان اللہ تعالیٰ کہ ...... متصرف اند
در عالم باذن وے تعالیٰ ۔ (اشعۃ اللمعات ج ۱ ص ۷) ۱۲ فیضی

شدید امن اعناق النازع فی القوس فتنشط الی عالم الملکوت وتسبح فیہ فتسبق الی حظائر القدس فتصیر لشرفہا وقوتہا من المدبرات ۔

تفسیر بیضاوی ص ۵۸۶ ۔ تفسیر مظہری ج ۱۰ ص ۱۸۶ واللفظ لہما ونحوہ فی تفسیر مفاتیح الغیب للرازی ج ۸ ص ۴۵۰ ص ۴۵۱

فرماتی ہیں ۔ کہ جسم سے بقوت تمام جدا ہوکر عالم بالا کی طرف سبک خرامی اور دریائے ملکوت میں شناوری کرتی حظیرہ ہائے حضرت قدس تک جلد رسائی پاتی پس اپنی بزرگی وطاقت کے باعث کاروبار عالم کے تدبیر کرنے والوں سے ہوجاتی ہیں ۔

شیخ محقق امام عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں ۔ اولیاء را (بعد از وصال) کرامات وتصرف در اکوان حاصل است وآن نیست مگر ارواح ایشاں را و ارواح باقی ست (اشعۃ اللمعات ج ۱ ص ۷۱۶) ۔

اب تو بحمد اللہ یہ ثابت ہوگیا کہ اولیا کرام بعد انتقال تمام عالم میں تصرف کرتے ہیں ۔ اور کاروبار جہاں کی تدبیر کرتے ہیں ۔ علامہ خفاجی عنایت القاضی وکفایۃ الراضی میں امام غزالی اور امام رازی سے اس معنی کی تائید نقل کرکے فرماتے ہیں ۔

ولذا قیل اذا تحیرتم فی الامور فاستعینوا من اصحاب القبور[۱] ۔

یعنی اسی لئے فرمایا گیا کہ جب تم کاموں میں متحیر ہو تو مزارات اولیا والے سے مدد مانگو ۔

(از افادات مجدد بریلوی رضی اللہ عنہ)

[۱] نقول بزرگیست (فتاوی عزیزی ج ۱ ص ۱۲۱) ۱۲ ت ۔ تفسیر روح البیان ج ۱۰ ص ۵۹۰ ص ۷۶

[۲] وقد ورد فی الحدیث اذا تحیرتم فی الامور فاستعینوا من اہل القبور" ذکرہ الکاشفی فی الرسالۃ العلیۃ وابن الکمال فی الاربعین حدیثا ۔ تفسیر روح البیان ج ۳ ص ۲۳۵ زیر آیت ومانرسل بالآیات الاتخویفا وص ۲۳۸ زیر آیت قال قد اوتیت سؤلک یاموسی ۱۲ منہ

جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے غلاموں (فرشتوں اور ولیوں) کے لئے عالم میں تصرف کرنا اور کاروبار جہان کی تدبیر کرنا ثابت ہے۔ اور وہ شرک نہیں (حالانکہ یہ صفت یعنی بالذات اللہ تعالیٰ کی ہے۔ قال تعالیٰ یدبر الامر) تو ان کے آقا و مولیٰ (جو ہر کمال کا مرکز و مصدر اور اصل ہیں۔ اور ہر نعمت کے قاسم ہیں۔) کے لئے یہ کمال ثابت ہو تو کیوں شرک لازم آتا ہے۔ شرک مقید باقراد و ازمان و امکنہ نہیں ہوا کرتا۔ شرک ہر مکان میں شرک ہی ہوگا۔ اور شرک ہر زمان میں شرک ہی ہوگا اور اگر بعض غیر اللہ کے لئے کسی کمال وصفت کا اثبات شرک ہے۔ تو غیر اللہ کے ہر فرد کے لئے اس کا اثبات شرک ہوگا۔ اور اگر بعض غیر اللہ کے لئے کسی کمال کا اثبات شرک نہیں تو غیر اللہ کے ہر فرد کے لئے اس کا اثبات شرک نہ ہوگا۔ یہ اور بات ہے۔ کہ عدم ثبوت کی وجہ سے اس کے لئے ثابت نہ ہو۔ بہر حال اگر بالفرض اثبات کیا جائے تو شرک ہرگز نہ ہوگا۔ فاحفظہ فانہ یفیدک فی عدۃ مواضع۔

اب حضور مالک کون ومکان متصرف ومدبر دوجہان قاسم نعم رب رحمٰن کے مختار کل ہونے پر عبارات آئمہ ملاحظہ ہوں۔

فضیلت و خصوصیت ۳۰۷ یعنی مسئلہ "مختار کل سید رسل" کے اثبات کے لئے عبارات آئمہ کرام و علمائے عظام

(۱) حجۃ الاسلام امام محمد غزالی (متوفی ۵۰۵ھ) رضی اللہ عنہ کے ارشادات عالیہ۔

لہ جن کو حضور علیہ السلام نے "علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل" کی تفسیر و تائید میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سامنے پیش کیا اور غزالی پر فخر کیا۔ جواہر البحار ج ۲ ص ۲۱۹ عن الامام الخفاجی شرح شفاء ج ۳ نبراس ص ۳۸۸۔ شمائم امدادیہ ص ۳۳۔ تفسیر روح البیان ج ۲ ص ۴۳۷ زیر آیت ولی فیہا مآرب اخریٰ

نیز مدح غزالی "تعریف الاحیاء" علی ہامش الاحیاء۔ اور جامع کرامات ج ۱ ص ۱۸۱ میں ملاحظہ ہو۔

خاتم الحفاظ امام جلال الملت والدین متوفی ۹۱۱ھ ارقام فرماتے ہیں

وکان یحمی صلے اللہ علیہ وسلم بقطع الاراضی (ھذ اللفظ الخصائص وفی الجواھر) وکان صلی اللہ علیہ وسلم یقطع الاراضی الخ۔ ف) قبل فتحھا لان اللہ تعالٰی ملکہ ایاھا یفعل فیھا مایشاء وقد اقطع تمیم الداری وذریتہ قریۃ ببیت المقدس قبل فتحہ وھی فی ید ذریتہ الی الیوم واراد بعض الولاۃ التشویش علیھم فافتی الغزالی بکفرہ قال لان النبی صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کان یقطع ارض الجنۃ فارض الدنیا اولٰی

خصائص کبرٰی ج ۲ ص ۲۴۲

جواھر البحار ج ۱ ص ۳۳۸

یعنی ارض دنیا اور ارض جنت کے مالک حضور صلی اللہ علیہ وسلم زمین فتح ہونے سے پہلے جس کے نام چاہتے الاٹ کر دیتے۔ اس لئے کہ اللہ تعالٰی نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تمام زمین کا مالک بنا دیا ہے۔ اس ارض دنیا میں جس طرح چاہیں تصرف کریں اور بے شک حضور نے بیت المقدس میں ایک بستی فتح ہونے سے پہلے حضرت تمیم داری اور ان کی اولاد کے نام جاگیر کر دی وہ بستی آج تک ان کی اولاد کی ملکیت وقبضہ میں چلی آتی ہے۔ بعض حاکموں نے اس بستی کی ملکیت میں) ان کی اولاد پہ تشویش کا ارادہ کیا تو امام غزالی نے اس حاکم پر کفر کا فتوٰی دیا۔ فرمایا کہ حضور علیہ السلام جنت کی زمین جس کے نام چاہتے جاگیر کر دیتے تو دنیا کی زمین بطریق اولٰی

عنہ۔ ونقلہ الامام القسطلانی (جس کے نام چاہیں، الاٹ کر دیں۔م)

فی المواھب وزاد الزرقانی فی شرحہ مابین القوسین وقال (الغزالی الفیضی) انہ صلے اللہ علیہ وسلم کان یقطع ارض الجنۃ۔

(ماشاء لمن یشاء) فارض الدنیا اولی (ونقلہ من الغزالی ابن العربی فی القانون واقروا فتی بہ السبکی ایضا روی الشافعی والبیہقی عن طاوس موسلا عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم عادی الارض للہ ولرسولہ[1] ثم لکم من بعد ..... المراد ھنا (من عادی الارض - ف) الارض غیر المملوکۃ الآن) زرقانی علی المواھب ج ۵ صـ ۲۴۳ -

(۲) قال الغزالی فی الاحیاء لاجل اجتماع النبوۃ والملک والسلطنت لنبینا صلے اللہ تعالے علیہ وسلم کان افضل من سائر الانبیاء فانہ اکمل اللہ تعالے بہ صلاح الدین والدنیا۔

خصائص کبری للسیوطی ج ۲ صـ ۱۹۴ - جواہر البحار ج ۱ صـ ۲۷ عنہ۔

یعنی امام غزالی نے احیاء العلوم میں فرمایا۔ چونکہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نبوت اور ملک اور سلطنت کے جامع ہیں۔ اسی لئے باقی سب انبیاء سے افضل ہیں بے شک اللہ تعالے نے حضور کے واسطہ اور وسیلہ سے دین و دنیا کی صلاح مکمل فرمائی۔

(۳) شیخ الاسلام امام بوصیری رضی اللہ عنہ (متوفی ۶۹۴ھ / ۶۹۵ھ) فرماتے ہیں۔

؎ فان من جودک الدنیا وضرتھا
ومن علومک علم اللوح والقلم[2]

یعنی دنیا و آخرت (کی ہر نعمت) یارسول اللہ آپ کے خوان سخاوت

[2] نیز فرمایا۔ وکلھم من رسول اللہ ملتمس ؛ غرفا من البحر او رشفا من الدیم ؛ قصیدہ بردہ ۱۲ ف

[1] عن ابی ھریرۃ مرفوعا "اعلموا ان الارض للہ ولرسولہ" متفق علیہ مشکوٰۃ صـ ۳۵۵ ۱۲ منہ
[1] مشکوٰۃ صـ ۲۵۹ باب احیاء الموات الخ ۱۲ منہ

قصیدہ بردہ شریف

سے ایک ذرہ ہے اور لوح و قلم کا سارا علم آپکے علوم غیر متناہی یعنی لایقف عند حد سے ایک قطرہ ہے۔

نوٹ:۔ یہ قصیدہ حضور کی بارگاہ میں مقبول و منظور ہو چکا ہے۔ (شرح للباجوری وخالد ص۴/۵) تھانوی صاحب کے نزدیک بھی قصیدہ بردہ شریف مستند ہے۔ (نشر الطیب ص۴۳)

(۴) امام ربانی احمد بن محمد خطیب قسطلانی رضی اللہ تعالےٰ عنہ (متوفی ۹۲۳ھ) مواہب میں اور علامہ زرقانی (متوفی سنہ ۱۱۲۲ھ) اس کی شرح میں یوں فرماتے ہیں۔

ھو صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم خزانۃ السر (اے محل لاسرارہ تعالےٰ وکمالاتہ) وموضع نفوذ الامر فلا ینفذ امر الامنہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ولاینقل خیر الاعنہ الا بابی من کان ملکا وسیدا وآدم بین الماء والطین واقف اذا رام امرا لا یکون خلافہ ولیس لذاک الامر فی الکون صارف

مواھب وزرقانی ج ۱ ص ۲۸/۲۹ البتیین فتوحات مکیہ باب ۱۲ ص ۱۸۵ جواھر البحار ج ۱ ص ۱۱۳/۱۱۴ عنہ

یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم خزانہ راز الٰہی اور جائے نفاذ امر ہیں۔ کوئی حکم نافذ نہیں ہوتا مگر حضور کے دربار سے صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اور کوئی نعمت کسی کو نہیں ملتی مگر حضور کی سرکار سے صلی اللہ علیہ وسلم سے خبردار ہو میرے ۔۔ باپ قربان ان پر جو بادشاہ اور سردار ہیں۔ اس وقت سے کہ آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام ابھی آب و گل کے اندر ٹھہرے ہوئے تھے۔ وہ جس بات کا ارادہ فرمائیں اس کا خلاف نہیں ہوتا۔ تمام جہان میں کوئی ان کے حکم

جواہر البحار ج ۱ صفحہ ۳/۲

عن المواھب

کو پھیرنے والا نہیں ۔ صلی اللہ علیہ وسلم و آلہ و صحبہ وسلم

کیونکہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا اپنے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کرتی ہیں ۔

ما اری ربک الا یسارع فی ھواک

یا رسول اللہ میں حضور کے رب کو نہیں دیکھتی مگر حضور کی خواہش کے پورا کرنے میں جلدی کرتا ہوا

سے فرمایا گیا۔ یوم لا یخزی اللہ النبی (شیخ فرماتے ہیں) بلکہ اس پر زائد
یوں فرمایا والذین آمنوا معہ خلیل نے فرمایا۔ انی ذاھب الی ربی سیھدین
اور حبیب سے فرمایا ووجدک ضالا فھدی خلیل نے عرض کیا اجعل لی
لسان صدق فی الاخرین اور حبیب سے فرمایا ورفعنا لک ذکرک
خلیل نے عرض کیا واجعلنی من ورثۃ جنۃ النعیم اور حبیب سے فرمایا۔
انا اعطیناک الکوثر خلیل نے عرض کیا واجنبنی وبنی ان نعبد الاصنام
اور حبیب سے فرمایا انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت
ویطھرکم تطھیرا" مدارج النبوہ ج۱ ص ۱۴۳/۱۴۴ ونحوہ فی اللمعات للشیخ
والمرقات للقاری ج۵ ص ۳۶۹ وفیہ، والخلیل محب لحاجتہ الی من یحبہ
والحبیب محب لا لغرض وحاصلہ ان الخلیل فی منزلۃ المرید السالک
الطالب والحبیب فی منزلۃ المراد المجذوب المطلوب"
وہامش مشکوٰۃ ص۸۱۳ الے عن المرقات۔ ونحوہ فی ہامش الترمذی ج۲ ص۲۰۲ لہ

ع۶۰ اللہ تعالیٰ نے حضور کی رسالت پہ قسم اٹھائی۔ مواہب وزرقانی ج۵ ص۲۷۸
کشف الغمہ ج۲ ص۴۴

یٰس والقرآن الحکیم انک لمن المرسلین
حکمت والے قرآن کی قسم بے شک تم رسولوں سے ہو۔

ع۶۱ اللہ تعالیٰ نے حضور کی حیات کی قسم یاد فرمائی۔ مواہب وزرقانی ج۵ ص۲۷۸

کشف الغمہ ج ۲ ص ۲۴۴

فرمان باری ہے۔

لعمرك انهم لفی سكرتهم يعمهون (پ ۱۴ حجر ۲)	اے محبوب تمہاری جان کی قسم بے شک وہ اپنے نشہ میں بھٹک رہے ہیں

۶۲ع اللہ تعالےٰ نے حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے شہر بلکہ خاک قدم کی قسم یاد فرمائی۔ مواہب وزرقانی ج ۵ ص ۲۷۸

اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ (پ ۳۰ البلد ۱)	مجھے اس شہر کی قسم کہ اے محبوب تم اس شہر میں تشریف فرما ہو۔
وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ (پ ۳۰ تین ۳)	اور اس امان والے شہر کی قسم

امیر المومنین حضرت فاروق اعظم عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور محبوب خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے عرض کرتے ہیں۔

بابی انت وامی یارسول اللہ قد بلغت من الفضیلة عنده تعالےٰ ان اقسم بتراب قدمیك فقال لا اقسم بهذا البلد	یا رسول اللہ میرے ماں باپ آپ پہ قربان بیشک آپ اللہ کے ہاں اس فضیلت اور مرتبہ پر پہنچے کہ اللہ تعالےٰ نے آپ کے قدمین شریفین کی خاک پاک کی قسم اٹھائی ہے چنانچہ (قرآن شریف میں) فرمایا لا اقسم بهذا البلد
(نسیم الریاض شرح شفا قاضی عیاض)	

ج ۱ صـ ۱۹۶ فصل ۴) مواہب لدنیہ لامام قسطلانی مقصد سادس صـ زرقانی ج ۶ صـ ۲۳۴۔ مدارج النبوت ج ۱ صـ ۶۵۔ قال المجدد البریلوی نقلہ الامام الغزالی فی الاحیاء وابن الحاج فی المدخل۔ تجلی الیقین صـ ۲۰

۶۳ نیز اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمان اقدس کی قسم اٹھائی ہے۔ مواہب وزرقانی ج ۵ صـ ۲۷۸)

والعصران الانسان لفی خسر (پ ۳۰ عصر)	اس زمانہ محبوب کی قسم بیشک آدمی ضرور نقصان میں ہے۔

حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں۔

ماحلف اللہ بحیاۃ احد الابحیاۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم رواہ ابن مردویہ۔ زرقانی ج ۵ صـ ۲۷۹	اللہ تعالےٰ نے کسی کی حیات کی قسم یاد نہ فرمائی مگر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حیات کی قسم اٹھائی ہے

اعلیحضرت امام اہلسنت مولانا احمد رضا خاں نے کیا خوب کہا ہے۔

؎ وہ خدا نے ہے مرتبہ تجھ کو دیا نہ کسی کو ملے نہ کسی کو ملا
کہ کلام مجید نے کھائی شہا ترے شہر وکلام[1] و بقا کی قسم

۶۴ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم تمام خلق سے افضل و اعلیٰ ہیں۔ حتیٰ کہ تمام رسولوں سے افضل سب فرشتوں سے افضل جبریل امین سے افضل

---

[1] وقیلہ یارب ان ھؤلاء قوم لا یومنون — مجھے رسول کے اس کے کہنے کی قسم ہے کہ اے میرے رب یہ لوگ ایمان نہیں لاتے ۱۲

مواہب وزرقانی ج ۵ ص ۲۸۰ و ج ۶ ص ۱۳۴ ، کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴

مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۲۴/۱۴۳ ، شفا شریف ج ۱ ص ۱۳۱ و ص ۱۳۶

حضرت ابن مسعود سے روایت ہے کہ حضور نے فرمایا صلی اللہ علیہ وسلم

ثم اقوم عن یمین اللہ[1] تعالٰے مقاما یغبطنی الاولون والآخرون ، رواہ الدارمی (مشکوٰۃ باب الحوض والشفاعۃ فصل ۲)

پھر میں اللہ تعالٰے وتقدس کے دائیں ہاتھ کی جانب[1] ایسے مقام پہ کھڑونگا کہ اولین اور آخرین میرے پہ رشک کریں گے ۔

شیخ محقق اس حدیث کے ماتحت فرماتے ہیں ۔

ودریں حدیث دلالت ظاہرست بر فضل پیغمبر ما صلی اللہ علیہ وسلم بر کافہ کائنات از ملائکہ وانبیاء ومرسلین وسائر مقربین صلی اللہ علیہ وآلہ وعلیہم اجمعین ۔ اشعۃ اللمعات ج ۴ ص ۴۰۴ وفی الحدیث (انا سید ولد آدم) دلیل علی فضلہ صلی اللہ علیہ وسلم علی کل الخلق (مرقات ج ۵ ص ۳۵۷/۳۵۸) اشعۃ اللمعات ج ۴ ص ۴۲۶ ۔ نووی شرح مسلم ج ۲ ص ۲۴۵ ۔ جواہر البحار ج ۲ ص ۴۱ ۔ الیواقیت والجواہر ، مبحث ۳۳ للشعرانی ۔ حضور کی افضلیت مطلقہ پہ اجماع ہے معتزلہ (سابقین وہابیہ کما بین فی کتابی "تعارف") بھی اس مسئلہ میں اہل سنت سے متفق ہیں ۔ زمخشری معتزلی اپنے مذہب سے جاہل ہے " زرقانی ج ۵ ص ۲۸۰) جواہر البحار ج ۶ ص ۱۶ ۔ زرقانی ج ۶ ص ۱۳۲

---

[1] جیساکہ اس کی شایان شان ہے یہ متشابہات سے ہے ۱۲ منہ

حضور کی افضلیت مطلقہ پہ اجماع امت ، جواہر البحار ج ۲ ص ۵۳/۵۴ ضرور جواہر البحار ج ۲ ص ۶۷/۶۸ ضرور از ابن حجر و ص ۱۰۷/۱۰۹ از ابن حجر - و ص ۱۴۹/۱۵۰ از مناوی و ص ۱۹۶/۱۹۷ از فاسی و ص ۲۱۲ از خفاجی - اجماع امت ص ۱۶۷ از ابریز - ص ۳۱۱ از زرقانی و ص ۳۴۲/۳۴۴ از عیدروس ضرور بہترین - اجماع امت ص ۳۸۵ از سلیمان جمل - مکمل رسالہ افضلیت جواہر البحار ج ۳ ص ۸۱ از امام ابن الجزار - کتاب الاربعین لاصول الدین للفخر الرازی مسئلہ ۳۳ - ص ۳۶۸ تفسیر کبیر ج ۲ ص ۴۵۱ و ج ۴ ص ۱۲۳ - اعلیحضرت مجدد دین ملت امام اہلسنت مولانا احمد رضا خاں رحمہ اللہ المنان نے اس موضوع پہ ایک کتاب لکھی جس کا نام ہے "تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین" جس میں دس آیتوں اور سوا سو سے زیادہ حدیثوں سے حضور کے افضل الخلق ہونے کا بیان ہے ۔" اسی میں فرماتے ہیں ۔ " حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کا افضل المرسلین و سید الاولین والآخرین ہونا قطعی ایمانی یقینی اذعانی اجماعی ایقانی مسئلہ ہے ۔ جس میں خلاف نہ کرے گا ۔ مگر گمراہ بد دین بندہ شیاطین " تجلی الیقین ص ۲ مطبع مراد آباد

نیز اعلیحضرت فرماتے ہیں ۔

سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی
سب سے بالا و والا ہمارا نبی
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ناظرین فقیر بطور اجمال ایک ایک مسئلہ پہ بہت کچھ نشان دہی کرتا جا رہا ہے عقیل و فہیم ایک ایک مسئلہ پہ مستقل کتاب تیار کر سکتے ہیں ۔ مستفیدین دعا خیر سے یاد فرما دیں اور ناقلین امام قسطلانی و امام سیوطی والا نقشہ نہ جمائیں ۔

کماذکر فی بستان المحدثین للمحدث الدھلوی ۔ العارض والتمس ھوالفیض

۶۵ع حضور کے اجتہاد میں خطا نہیں ۔ مواہب وزرقانی ج ۵ ص ۲۸۱

جواہر البحار ج ۲ ص ۱۶ ۔ مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۶

فریق مخالف کی گواہی " رہا آپ کا اجتہاد ، تو وہ بھی حق اور وحی کی ایک قسم ہے " دل کا سرور ص ۱۳۵ "

۶۶ع میت سے حضور کے متعلق سوال ہوتا ہے " مواہب وزرقانی ج ۵ ص ۲۸۱ کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴ ۔ مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۲۵

کیا میت کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت بھی کرائی جاتی ہے ۔ بعض لوگ کہتے ہیں نہیں اور بعض کہتے ہیں ہاں فقیر کے نزدیک قول اخیر راجح ہے ۔ فقیر نے اس مسئلہ کی تحقیق پہ ایک رسالہ کی بنیاد ڈالی ہوئی ہے ۔ اس سے کچھ بطور اجمال یہاں پیش ہوتا ہے ۔ اقول وباللہ التوفیق میت سے فرشتوں کا حضور کے متعلق لفظ "ھذا کہنا سات صحابہ (انس ۔ جابر ۔ ابوسعید خدری ۔ ابوہریرہ ۔ اسماء ۔ عائشہ صدیقہ ۔ براء ۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم) سے ائمہ محدثین مخرجین نے تعدد طرق سے روایت کیا ہے اور ذا اسم اشارہ سے محسوس مبصر قریب کی طرف اشارہ ہونا یہ اس کا حقیقی معنی ہے اور معہود فی الذہن کی طرف اشارہ ہونا یہ اس کا مجازی معنی ہے ۔ شرح جامی ص ۲۲۳ پر ہے

لہ فی علمی بغیر الاستقراء التام وفوق کل ذی علم علیم ۱۲ منہ

اسماء الاشارة ما وضع لمشار الیہ اے لمعنی مشار الیہ اشارۃ حسیۃ بالجوارح والاعضاء لان الاشارۃ عند اطلاقہا حقیقۃ فی الاشارۃ الحسیۃ ..... ومثل ذالکم اللہ ربکم مما لیست الاشارۃ الیہ حسیۃ محمول علی التجوز" اور کافیہ ص۶۹ پر ہے " ذا للقریب" اے للمشار الیہ القریب - اور جب تک معنی حقیقی پہ عمل ممکن معنی مجازی ساقط ومدفوع ہوا کرتا ہے - متی امکن العمل بہا - (اے بالحقیقۃ) سقط المجاز" نور الانوار شرح منار ص۹۶ - تو ثابت ہوا کہ حضور میت کے قریب ہوتے ہیں - اور میت کے سامنے محسوس ومبصر ہوتے ہیں - یہ حدیث کے لفظ ھذا کا صریح وصحیح وحقیقی معنی ہے - جو لوگ ھذا سے اشارہ ذہنی مراد لیتے ہیں - انہیں اس مجازی معنی کی طرف آنے سے پہلے پہلے "معنی حقیقی کا غیر ممکن، محال، ممتنع ہونا ثابت کرنا ہوگا - اور ہرگز ہرگز یہاں

لہ اس کا ثبوت تو مشکل ہاں اس کا خلاف ثابت ہے " قال الامام الغزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ والرسول علیہ الصلوٰۃ والسلام لہ الخیار فی طواف العالم مع ارواح الصحابۃ لقد رآہ کثیر من الاولیاء الخ تفسیر روح البیان اختتام سورۂ ملک ج۶ ص۳۹۳ خیال رہے کہ امام غزالی ابن حجر اور سیوطی اور قسطلانی سے پہلے کے ہیں - نیز خود امام سیوطی کے فتاویٰ میں ہے - ولا یمتنع رویۃ ذاتہ الشریفۃ بجسدہٖ وروحہ وذلک لانہ صلی اللہ علیہ وسلم وسائر الانبیاء احیاء ردت الیہم ارواحہم بعد ما قبضوا واذن لہم بالخروج من قبورہم والتصرف فی الملکوت العلوی والسفلی" الحاوی للفتاویٰ ج۲ ص۲۵۵ - وزرقانی ج۱ دیوبندیوں کے مولوی محمد انور کشمیری زیر حدیث "من رانی فی المنام فسیرانی فی الیقظۃ" لکھتے ہیں، فالرویۃ فی الیقظۃ متحققۃ وانکارہا جہل" فیض الباری ج۱ ص۲۰۴ ۱۲ الفیضی عفی عنہ -

معنی حقیقی کا محال و ممتنع ہونا ثابت نہیں کر سکتے اب ان حوالوں کی فہرست
ملاحظہ ہو کہ جن میں میت کے لئے دیدار نبوی کی نشاندہی کی گئی ہے
حاشیہ ۲ نسائی ج ۱ ص ۲۸۸ طبع رحیمیہ دیوبند ۔ اشعۃ اللمعات ج ۱ ص ۱۱۵
شرح الصدور ص ۶۰ ۔ مجموعہ فتاوی ج ۲ ص ۲۷ ۔ فتاوی عبد الحی ج ۲ ص ۲۴
فیہ ادعاء بعض مستند دھم) ھذ الرجل قیل یکشف للمیت
حتی یری النبی صلی اللہ علیہ وسلم" ارشاد الساری شرح صحیح
بخاری ج ۳ ص ۳۹۰ للقسطلانی حاشیہ مشکوٰۃ ج ۱ ص ۲۴ ۱۵ ۔
حاشیہ بخاری ج ۱ ص ۱۸۴ ۱۵ ص ۳۲۵ ۔ ملفوظات اعلیحضرت
ابوداؤد ج ۲ ص ۲۹۵ ۔ ترمذی ج ۱ ص ۱۲۵ ۔ ابن ماجہ
ج ۴ ص ۱۰۶ ۔ اعلیحضرت فرماتے ہیں ۔

جان دے دو وعدۂ دیدار پر نقد اپنا دام ہو ہی جائیگا

(حدائق بخشش ج ۱ ص ۱۴۲)

جان تو جاتے ہی جائیگی قیامت یہ ہے
کہ یہاں مرنے پہ ٹھہرا ہے نظارا تیرا (حدائق ج ۱ ص ۵)

وہابی مولوی وحید الزمان مترجم ابوداؤد نے لکھا ہے کہ بعضوں نے کہا آپ کی
صورت مبارک اس کو دکھائی جاتی ہے" ج ۳ ص ۵۱۱ "

ولہ الحمد وعلیہ الصلوٰۃ والسلام اللھم ارزقنا النظر الی وجہ
حبیبک دائما ابدا

۶۷ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پردہ پوشی کے بعد بھی حضور کی ازواج
پاک سے نکاح حرام ہے ۔ مواہب ج ۲ و زرقانی ج ۵ ص ۲۸۱ ۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴

مدارج النبوت ج ۱ ص ۱۲۶ ۔

۶۸ اللہ تعالیٰ پہ حضور کی قسم ڈالنا جائز ہے ۔ مواہب وزرقانی ج ۵ ص ۲۸۲
کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴ ۔ مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۲۶

۶۹ محمد واحمد نام رکھنا بڑا مبارک ہے ۔ دنیا وآخرت میں نافع ہے ۔
مواہب وزرقانی ج ۵ ص ۴۰۱ ۔ مدارج النبوت ج ۱ ص ۱۳۲ ۔

۷۰ نمازی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو نماز میں خطاب[1] کرتا ہے (اور پکارتا[2] ہے) السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ۔ مواہب ج ۱۲ ص ۴۴

حاشیہ [1] جس پہ شاہد علیک کا کاف خطاب ہے ۔ جو واحد مذکر مخاطب کی ضمیر ہے ۱۲

[2] فریق مخالف کے بعض رہنماؤں زجو بزعم خویش علم کے اعلیٰ ٹھیکیدار ہیں ۔ لعد حق یہ ہے کہ نرے جاہل ہیں ۔) سے جب یہ کہا گیا کہ اگر ندا غیر اللہ شرک و ناجائز ہے تو نماز میں ایہا النبی کہکر کیوں حضور کو ندا کی جاتی ہے تو وہ علم کے دعویدار نحو سے بے خبر فرمانے لگے یہ ندا نہیں اس میں کون سا حرف ندائیہ ہے ۔ استہزاءً فرمایا کہ ای حرف ندا ہے یا ھا حرف ندا ہے ۔ حالانکہ ان بے علموں کو اتنا پتہ بھی نہیں کہ ای اور ھا تنبیہ کا ایسے مقامات پہ آنا وہ محض اس لئے ہے تاکہ دو آلۂ تعریف جمع نہ ہوں ایک آلۂ تعریف تو لام تعریف ہوا جو ایہا کے بعد ہے ۔ اور دوسرا آلۂ تعریف ایہا سے پہلے کون سا ہے کہنا پڑے گا ۔ کہ وہ "یا" حرف ندائیہ ہے جو کبھی ملفوظ اور کبھی محذوف ہوا کرتا ہے کافیہ میں ہے " واذا نودی المعرف باللام قیل یا ایہا الرجل" ..... ویجوز حذف حرف النداء (لقیام قرینۃ) .... نحو .... ایہا الرجل اھ ملخصاً ص ۳۰ و ص ۳۳/۳۴
ایہا الرجل کے تحت یوں مرقوم ہے اے یا ایہا الرجل لان صورۃ ایہا یختص بالنداء اھ
ولکن الوھابیۃ قوم جاھلون ۔ ۱۲ الفیضی عفی عنہ ۔

وزرقانی ج ۵ ص ۳۰۸ ۔ مدارج النبوۃ ج ا ص ۱۳۵ ومنہم عون المعبود ج ا ص ۳۶۵ تہذیب الاسماء واللغات للنووی ص نقل عنہ فی جواہر البحار ج ا ص ۲۰۴ ۔

نمازی کو چاہیئے کہ یہ الفاظ سلام بلکہ جمیع الفاظ تشہد بطور حکایت واخبار نہ کہے بلکہ انشاء کا قصد کرے اور نبی کو پکار کر اور خطاب کر کے اپنی طرف سے سلام بھیجے

تنویر الابصار پھر اس کی شرح درمختار پھر اس کے حاشیہ رد المحتار میں ہے

«ویقصد بالفاظ التشھد» (معانیھا مرادۃ لہ علی وجہ «الانشاء» کانہ یحیی اللہ تعالٰی ویسلم علی نبیہ وعلی نفسہ واولیائہ) (لا الاخبار) (عن ذلک) ای لا یقصد الاخبار والحکایۃ عما وقع فی المعراج منہ صلی اللہ علیہ وسلم ومن ربہ سبحانہ[1]

یعنی نمازی الفاظ تشہد کے معانی کا ارادہ کر کے ان کو بطریق انشاء کہے گویا کہ وہ نمازی اپنی طرف سے اللہ تعالٰی کی بارگاہ میں تحیہ پیش کر رہا ہے۔ اور اپنی طرف سے اپنے نبی پر اور اپنے نفس پر اور اولیاء اللہ پر سلام پیش کر رہا ہے۔ ان الفاظ تشہد کے ادا کرتے وقت اس چیز کے خبر دینے اور حکایت کا ارادہ نہ ہو جو شب معراج حضور اور رب سے واقع ہوا صلی اللہ علیہ وسلم (بقیہ حاشیہ)

[1] نیز ان الفاظ تشہد کو بطور انشاء نہ بطور اخبار و حکایۃ کہنے کی شہادت صحیح بخاری کی اس حدیث سے بھی ملتی ہے: "فانکم اذا قلتموھا اصابت کل عبد للہ صالح فی السماء والارض - ج ا ص ۱۱۵ ۱۲ منہ

(ردالمحتار المعروف فتاوی شامی ج ۱ ص ۳۷۷ ونحوہ فی" عالمگیری ج ۱ ص ۳۷ مطبوعہ کانپور، الدر المنتقی ج ۱ ص ۱۰۰ مراقی الفلاح ص ۱۵۵ ومنہم اوجز المسالک ج ۱ ص ۲۶۵ -

حجۃ الاسلام امام محمد غزالی قدس سرہ العالی کا نورانی ارشاد مبارک -

واحضر[عہ] فی قلبک النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم وشخصہ الکریم وقل" سلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللّٰہ وبرکاتہ "

یعنی التحیات پڑھتے وقت جب تو السلام علیک ایھا النبی تک پہنچے تو اپنے دل میں نبی پاک اور آپ کی ذات بابرکات کو حاضر سمجھ اور (پھر) عرض کر سلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللّٰہ وبرکاتہ - اے (غیب کی خبریں دینے والے) نبی آپ پر سلام اور اللّٰہ کی رحمت اور اس کی برکات ہوں -

احیاء علوم الدین ج ۱ ص ۱۵۱ ونقلہ العلامۃ علی القاری الحنفی" مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ج ۱ ص ۵۵۷ -

(فائدہ :-) حضور صلی اللّٰہ علیہ وسلم نمازیوں میں موجود و حاضر ہوتے ہیں - لہذا نمازیوں کو چاہیے کہ حضور پہ سلام پیش کرتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ سید عالم یہاں موجود ہیں - برکۃ رسول اللّٰہ فی الہند

عہ وقال شیخ الشیوخ الامام العارف السہروردی فی عوارف المعارف ج ۲ ص ۱۹۳ علی ہامش الاحیاء " ویسلم علی النبی صلے اللّٰہ علیہ وسلم ویمثلہ بین عینیہ ۱۲ منہ

شیخ اجل شاہ عبدالحق محقق محدث دہلوی حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ ۔ حدیث تشہد کے ماتحت السلام علیک ایہا النبی کے خطاب کی وجہ بیان فرماتے ہیں ۔

آں (صلے اللہ علیہ وسلم) ہمیشہ نصب العینؑ مومناں و قرۃ العین عابدان است در جمیع احوال و اوقات خصوصاً در حالت عبادات و آخر آں کہ وجود نورانیت و انکشاف دریں محل بیشتر و قوی تر است

و بعضے از عرفا گفتہ اند کہ ایں خطاب بجہت سریانؑ حقیقت محمدیہ است در ذرائر موجودات و افراد ممکنات پس آنحضرت در ذات

حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ مومنوں کے سامنے ہیں ۔ اور عابدوں کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہیں ۔ ہر وقت اور ہر حالت میں خصوصاً عبادات کے وقت کیونکہ نورانیت کا موجود ہونا اور انکشاف اس وقت بہت زیادہ اور بہت قوی ہوتا ہے ۔

اور بعض عرفاؑ نے فرمایا کہ یہ خطاب (السلام علیک ایہا النبی) بوجہ جاری ہونے حقیقت محمدیہ کے ہے جو موجودات کے ذرہ ذرہ میں اور ممکنات کے ہر ہر فرد میں جاری وساری ہے ۔ تو حضور

ؑ ولنعم ما قال مولانا محمد یار اوامہ الستار فی جوار حبیبہ المختار ؎

محمد مصطفےٰ ثانی ندارد ٭ نہ دارد شان جسمانی ندارد

جمالش نصب عین مومنانست ٭ خیالش نطفہ زانی ندارد ۔ ۱۲ منہ

ؑ وانہ النور الاعظم الساری فی جمیع الموجودات ۱۲ جواہر البحار ج ۴ ص ۱۲ فیضی

مصلیاں موجود و حاضر است پس مصلی باید کہ ازیں معنی آگاہ باشد وازیں شہود غافل نبود تا بانوار قرب و اسرار معرفت متنور و فائض گردد[1]

نمازیوں کی ذات میں موجود اور حاضر ہوتے ہیں پس نمازی کو چاہیئے کہ اس معنی سے آگاہ ہو اور اس حضور (حاضری) سے غافل نہ ہو تاکہ قرب کے انوار اور معرفت کے رازوں سے روشن اور فیضیاب ہو۔

اشعۃ اللمعات ج ۱ ص ۴۰۱

ونقلہ الشیخ مولانا سراج احمد السرہندی النقشبندی فی شرح الترمذی (شروح اربعہ ترمذی ج ۱ ص ۲۹۷ مطبع نظامی کانپور۔) اتمام حجت کے لئے مزید سنیں۔ یہی عبارت حدیث تشہد کے ماتحت غیر مقلدوں کے پیشوا نواب صدیق خاں بھوپالی نے بھی بتغیر یسیر لکھی ہے (مسک الختام شرح بلوغ المرام ج ۱ ص ۲۵۹/۲۶۰)۔

نیز شیخ عبد الحق محقق محدث دہلوی ارقام فرماتے ہیں۔

ودر بعضے کلام بعضے عرفا واقع شدہ کہ خطاب از مصلی بملاحظہ شہود روح مقدس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وسریان وے در ذراری موجودات خصوصاً در ارواح مصلین ست وبالجملہ دریں حالت از شہود وجود

---

[1] بعینہ یہی عبارت تیسیر القاری شرح صحیح بخاری ج ۱ ص ۲۸۱ مطبع علوی لکھنوی ص ۱۷۲/۱۷۳ باب التشہد فی الآخرۃ میں بھی موجود ہے ۱۲ منہ

وحضور از آنحضرت غافل و ذاہل نباید بود بامید ورود فیوض از روح پر فتوح وے صلی اللہ علیہ وسلم" مدارج النبوت ج ۱ ص ۱۳۵)

امام[1] بدر الملت والدین محمود عینی حنفی، حافظ[2] ابن حجر عسقلانی، امام[3] قسطلانی، علامہ[4] زرقانی، شیخ[5] عبد الحق محدث دہلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور مولوی[6] عبد الحی صاحب لکھنوی اور ان کے والد مولانا[7] عبد الحلیم صاحب سب کے سب بیک زبان حدیث تشہد کی تشریح میں فرماتے ہیں۔

ویحتمل ان یقال علی طریق اھل العرفان ان المصلین لما استفتحوا باب الملکوت بالتحیات اذن لھم بالدخول فی حریم الحی الذی لا یموت فقرت اعینھم بالمناجات فنبھوا علی ان ذلک بواسطۃ نبی الرحمۃ وبرکۃ متابعتہ فاذا التفتوا فاذا الحبیب فی حرم الحبیب

اہل عرفان کے طریقہ پر یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ جب نمازیوں نے التحیات کے ساتھ ملکوت کا دروازہ کھلوایا تو انہیں حی لا یموت کی بارگاہ میں داخل ہونے کی اجازت مل گئی۔ ان کی آنکھیں فرحت مناجات سے ٹھنڈی ہوئیں تو انہیں اس بات پر تنبیہ کی گئی کہ بارگاہ خداوندی میں جو انہیں یہ شرف باریابی حاصل ہوا ہے یہ سب نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت متابعت کا طفیل ہے۔ نمازیوں نے اس حقیقت سے باخبر ہو کر بارگاہ خداوندی میں جو نظر اٹھائی تو دیکھا

حاضرًا فاقبلوا عليه قائلين السلام عليك ايها النبي ورحمة الله وبركاته

کہ حبیب تعالٰی کے حرم میں حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام حاضر ہے۔ حضور کو دیکھتے ہی السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہتے ہوئے حضور کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری ج ۶ ص ۱۱۱۔ فتح الباری شرح صحیح بخاری ج ۲ ص ۲۵۰۔ المواہب اللدنیہ ج ۲ ص ۲۳۔ زرقانی شرح مواہب ج ۷ ص ۳۲۹/۳۳۔ زرقانی شرح موطا ج ۱ ص ۱۹۰۔ مدارج النبوت ج ۱ ص ۳۶۶۔ سعایہ ج ۲ ص ۲۲۷۔ نور الایمان بزیارۃ آثار حبیب الرحمٰن ص
بلکہ یہی عبارت ان کے گھر میں بھی ہے دیکھو فتح الملہم ج ۲ ص ۴۳۔ اوجز المسالک ج ۱ ص ۲۶۵۔

مولوی عبدالحی لکھنوی نے مذکورہ عبارت نقل کر کے کہا۔

وقال والدی العلام واستاذی القمقام ادخله الله فی دار السلام فی رسالته "نور الایمان بزیارة آثار حبیب الرحمٰن" السر فی خطاب التشهد ان الحقيقة المحمدية كانها سارية

میرے والد علام اور استاد قمقام نے (اللہ تعالٰی انہیں دار السلام میں داخل فرمائے) اپنے رسالہ "نور الایمان بزیارۃ آثار حبیب الرحمٰن" میں فرمایا۔
خطاب تشہد یعنی التحیات میں السلام علیک ایہا النبی کہنے کا راز یہ ہے

فی کل وجود وحاضرة فی باطن کل عبد وانکشاف لهذہ الحالة علی الوجه الاتم فی حالة الصلوٰة فحصل محل الخطاب وقال بعض اهل المعرفة ان العبد لما تشرف بثناء اللّٰہ فکانہ فی حریم الحرم الالھی ونور بصیرة ووجد الحبیب حاضرًا فی حرم الحبیب فاقبل علیه وقال السلام علیک ایھا النبی ورحمة اللّٰہ وبرکاته ۔ اھ سعایه ج ۲ صفحہ ۲۲۸/۲۲۷	کہ حقیقت محمدیہ ہر وجود میں جاری وساری اور بندہ کے باطن میں حاضر وموجود ہے ۔ اس حالت کا پورا انکشاف بحالت نماز ہوتا ہے ۔ لہذا محل خطاب حاصل ہوگیا ۔ اور بعض اہل معرفت نے فرمایا کہ بندہ جب ثناء الٰہی سے مشرف ہوا تو اسے حرم الٰہی کے حریم میں داخل ہونے کی اجازت مل گئی اور اسکی بصیرت کو خوب روشن کر دیا گیا ۔ حتی کہ اس نے حرم حبیب میں حبیب کو حاضر پایا فوراً ان کی طرف متوجہ ہوا اور عرض کیا السلام علیک ایھا النبی اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں"

عارف ربانی امام عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ "تشہد کے بیان میں ارقام فرماتے ہیں ۔

سمعت سیدی علیا الخواص رحمه اللّٰہ تعالی	میں نے سیدی علی خواص رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے سنا وہ فرماتے تھے

یقول انما امر الشارع المصلی بالصلوٰۃ والسلام علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی التشھد لینبہ الغافلین فی جلوسھم بین یدی اللہ عزوجل علی شھود نبیھم فی تلک الحضرۃ فانہ لایفارق حضرۃ اللہ تعالٰے ابدًا فیخاطبونہ بالسلام مشافھۃ اھ

شارع (حقیقی) نے (قعدہ) تشہد میں نمازی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام پڑھنے کا حکم صرف اس لئے دیا کہ اللہ تعالٰی کے دربار میں بیٹھنے والے غافلوں کو اس بات پر تنبیہ فرما دے کہ جہاں وہ بیٹھے ہیں اس بارگاہ میں ان کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی تشریف فرما ہیں اس لئے کہ وہ دربار خداوندی سے کبھی جدا نہیں ہوتے۔ پس نمازی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بالمشافہ (رو برو) سلام کے ساتھ خطاب کرتے ہیں۔

کتاب المیزان ج۱ ص۱۵۴ مطبعۃ حجازی بالقاہرہ و ص۱۶۷ مطابق مطبعۃ مصطفی البابی الحلبی ونحوہ فی ص۱۵۳ مطبعہ حجازی و ص۱۶۶ مطبعہ البابی الحلبی۔

شیخ محقق رحمۃ اللہ علیہ فی کل حین وآن بعدد معلومات اللہ تعالٰی۔
فاذا الحبیب فی حرم الحبیب حاضر والی عبارت مواہب لدنیہ شریف سے با ترجمہ نقل فرمانے کے بعد ارقام فرماتے ہیں۔
"وبعضے از ارباب تحقیق گفتہ اند ایں خطاب باعتبار سریان حقیقت محمدیہ ست

در ذرائر موجودات وحضور اوست در باطن وانکشاف ایں حال ست در وقت صلوٰۃ کہ افضل حالات واقرب مقاماتست ھذا" (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۳۶۶ - نیز حجۃ اہل التحقیق وامام اہل التدقیق حضرت شیخ عبدالحق محدث محقق دہلوی فرماتے ہیں :" وبعضے عرفا از ارباب تحقیق گفتہ اند کہ آنحضرت باعتبار سریان حقیقت وے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم در ذرائر موجودات[1] واحاطہ ذات بابرکات وے بسائر ممکنات در ذات مصلی حاضر وشاہد است ودرود صیغہ خطاب رائے بالسلام علیک ایھا النبی در تشہد) در حقیقت بملاحظہ آں حضور وشہود است صلی اللہ علیک یارسول اللہ وسلم" مکتوبات شیخ محقق ص ۳۱۶ علی ہامش اخبار الاخیار)

آئمہ محدثین وعلمائے کاملین کے یہ کلمات طیبات السلام علیک ایھا النبی کے ماتحت بیان کیئے گئے ۔ کہ جن سے حضور کا حاضر وناظر ہونا ثابت ہو رہا ہے ۔ اس مسئلہ حاضر وناظر کے مزید بعض دلائل قاہرہ بطور اجمال ملاحظہ فرمائیں :" اصل دعویٰ جس کو بغور سمجھنے سے مخالف کے اعتراضات رد ہوجاتے ہیں ۔" حضور اکرم روح وحیاۃ واصل عالم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم

---

[1] قال الامام عبدالکریم الجیلی رحمہ اللہ تعالیٰ " فھو صلی اللہ علیہ وسلم سار فی جمیع الموجودات لانہ ھیولی العالم والدلیل علی ذلک ان اللہ تعالیٰ خلق العالم منہ فھو صلی اللہ علیہ وسلم سار فی جمیع الموجودات سریان الحیاۃ فی کل حی فھو حیات العالم"

جواہر البحار ج ۱ ص ۲۵۹ ۱۲ الفیضی عفی عنہ

باعتبار حقیقت محمدیہ کے اور باعتبار اصل موجودات کے اور بوجہ علم ونظر اور نورانیت ونور نبوت وروحانیت کے عالم کے ذرہ ذرہ کے قریب اور حاضر ہیں۔ اور خلق کے ایک ایک ذرہ کو ناظر (دیکھنے والے ہیں) موجودات کے ذرہ ذرہ میں حقیقت محمدیہ جاری[1] وساری ہے۔ جسم مثالی ہزاروں لاکھوں، کروڑوں ہوسکتے ہیں۔ لہذا جسم مثالی سے آن واحد میں متعدد مقامات میں جلوہ افروز ہوتے ہیں۔ جسم بشری وعنصری ایک ہی ہے۔ اس سے ہر جگہ حاضر وناظر ہونے کے ہم دعویدار نہیں۔ ہاں اس جسم پاک سے جہاں چاہیں آئیں جائیں۔ نقل وحرکت آمد ورفت فلاں جگہ تھے اور فلاں جگہ نہ تھے۔ یہ سب جسم بشری وعنصری سے متعلق ہے۔ (جو ہر مسلمان اور کافر کو محسوس مبصر تھا۔) اور اس کے ہر جگہ حاضر ہونے کے ہم مدعی نہیں۔

---

[1] یہ فہم ظاہر میں ہے۔ ورنہ بعض عرفاء محققین تو کچھ اور زیادہ کہتے ہیں۔ ملفوظات اعلیحضرت ج۱ ص ۱۳۸/۱۳۹ میں ہے۔ "عرض حضور اولیا ایک وقت میں چند جگہ حاضر ہونے کی قوت رکھتے ہیں۔ ارشاد اگر وہ چاہیں تو ایک وقت میں دس ہزار شہروں میں دس ہزار جگہ کی دعوت قبول فرما سکتے ہیں۔ عرض مولف۔ حضور اس سے یہ خیال ہوتا ہے کہ عالم مثال سے اجسام مثالیہ اولیا کے تابع ہوجاتے ہیں۔ اس لئے ایک وقت میں متعدد جگہ ایک ہی صاحب نظر آتے ہیں۔ اگر یہ ہے تو اس پر شبہ ہوتا ہے کہ مثل تو شے کا غیر ہوتا ہے۔ امثال کا وجود شے کا وجود نہیں تو ان اجسام کا وجود اس جسم کا وجود نہ ٹھہرے گا۔ ارشاد امثال اگر ہوں گے بھی تو جسم کے ان کی روح پاک ان تمام اجسام سے متعلق ہوکر تصرف فرمائے گی۔ تو اندر رہنے روح وحقیقت وہی ایک ذات ہر جگہ موجود ہے۔ یہ فہم ظاہر میں ورنہ دیکھئے سنابل شریف (حاشیہ باقی ص ۵۳۸ پر)

خذ ھذا فاحفظہ - اللہ تعالٰے کے کلام پاک یعنی قرآن شریف سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حاضر وناظر ہونے کا ثبوت

(۱) ویکون الرسول علیکم [۱] شھیدا ط (پ۲ بقرہ ۱۴۳)	اور یہ رسول تمہارے گواہ (اور تم پہ حاضر وناظر ہیں) دوتینہیں

[۱] قال البیضاوی تحت ھذہ الآیۃ "کان الرسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کالرقیب المھیمن علٰی امتہ" تفسیر بیضاوی علی ہامش القرآن صفحہ ۳۴ ۱۲ منہ

(حاشیہ بقیہ صفحہ ۵۳۷ سے آگے) (سنبلہ ششم قبل از اختتام صفحہ ۹۶/۱ - فیضی) ہیں حضرت سیدی شیخ محمد ابو الفتح قدس سرہ الشریف اکثر اوقات وقت واحد میں دس مجلسوں میں تشریف لے جانا تحریر فرمایا اور یہ کہ اس پر کسی نے عرض کی حضرت نے وقت واحد میں دس جگہ تشریف لے جانے کا وعدہ فرمایا ہے یہ کیونکر ہو سکے گا شیخ نے فرمایا کرشن کنھیا کافر تھا۔ اور ایک وقت میں کئی سو جگہ موجود ہوگیا۔ فتح محمد اگر چند جگہ ایک وقت میں ہوگیا تعجب ہے۔ یہ ذکر کرکے (علامہ عارف باللہ تعالٰے میر سید عبد الواحد بلگرامی قدس سرہ السامی مؤلف سبع سنابل شریف ممدوح علماء دیوبند نے (دیکھو مجلہ جامعہ اسلامیہ بہاولپور شمارہ اول صفحہ ۱۰۱ الخ) فرمایا (خردمند اتوانیر ابر تمثیل حمل مکن یعنی چندار کہ تمثیل ہائے شیخ بچندیں جاہا حاضر شدہ است لا واللہ بلکہ عین ذات شیخ بہرجا حاضر شدہ بود) گیا یہ گمان کرتے ہو کہ شیخ ایک جگہ موجود تھے باقی مثالیں حاشا بلکہ شیخ بذات خود ہر جگہ موجود تھے۔ اسرار باطن فہم ظاہر سے وراء ہیں خوض وفکر بیجا ہے۔ اھ - میرے استاذ مکرم حضرت قبلہ علامہ سید احمد سعید شاہ صاحب کاظمی شیخ الحدیث مدظلہ العالی تسکین الخواطر (ج۱ ص ۱۶/۱ طبع دوم) میں رقم طراز ہیں -

"سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی قوت قدسیہ اور نور نبوت سے یہ امر بعید نہیں کہ آن واحد میں مشرق ومغرب جنوب و شمال تحت وفوق تمام جہات واکنہ بعیدہ متعددہ لاتعد ولاتحصی میں سرکار اپنے وجود مقدس بعینہٖ یا جسم اقدس مثالی کے ساتھ تشریف فرما ہو کر اپنے مقربین کو اپنے جمال کی زیارت اور نگاہ کرم کی رحمت وبرکت سے سرفراز فرمائیں۔" ۱۲ الفیضی غفرلہ

کیا گواہ وہی ہوا کرتا ہے جو نہ موقع میں حاضر ہو نہ واقعات کو دیکھے اور نہ اس کو واقعات کا علم ہو۔ ذرا سوچو تو سہی۔ جو گواہ جس واقعہ کی گواہی دے۔ اصلاً اور حقیقتہً یہ ہے۔ کہ وہ اس واقعہ میں حاضر ہو اور اس کا مشاہدہ کرے اور مجازاً یہ کہ اس کو اس واقعہ کا علم ہو ورنہ اس کی گواہی مردود و قابل رد ہے۔ حضور کس پہ گواہ ہیں "علیکم" امت پر تو ثابت ہوا کہ حضور امت کے جمیع حالات و واقعات پہ حاضر و ناظر ہیں۔ جب تک حقیقی معنی ممکن مجاز کی طرف آنا مشکل اور اگر مجازی کی طرف ابھی جائیں تو علم جمیع احوال امت سے گواہی ثابت اور علمی اعتبار سے پھر بھی حاضر و ناظر ہونا ثابت فاین المفر اس میں مخالفین کے اعتراضات کا بھی جواب ہوگیا جو شاہد اور شہید کا لفظ اوروں کے لئے دکھا کر ان کے حاضر و ناظر ہونے کا قائل کرانا چاہتے ہیں۔ کیونکہ ان کی شہادت کا دائرہ اتنا وسیع نہیں۔ جتنا حضور کی شہادت کا دائرہ وسیع ہے۔ لہذا وہ اپنے متعلقات شہادت کے مشاہد یا عالم اور حضور اپنے متعلقات شہادت کے مشاہد و عالم ہیں۔ بہر حال کماً کیفاً شہادت شہادت اور شہود شہود میں فرق ہے اشتراک لفظی وحدت مفہوم کا مقتضی نہیں ہوا کرتا کما ترضی ورنہ معترضین یہ بتائیں کہ حضور کے لئے بھی شہید کا لفظ ہے اور اللہ تعالےٰ کے لئے بھی شہید کا لفظ ہے - - - - - - - - - - - - تو دونوں کے شہید ہونے میں کماً کیفاً کچھ فرق اگر نہیں تو توحید صاف ہے اور اگر ہے تو جس طرح خالق اور حبیب خالق میں فرق اسی طرح نبی اور امتی

کی شہادت میں فرق ہوگا۔ فاحفظہ" (۲) "شہیداً" کا معنی "حاضر وناظر" ہے۔ دیکھو دیوبندیوں کے تھانوی صاحب کا ترجمہ (آیت ۵۵ سورہ احزاب) "دیوبندیوں کے گھر کی لغت" مصباح اللغات ص ۴۲۶ میں شہد شہوداً کا معنی "حاضر ہونا" لکھا ہے۔ اور شہید کا معنی لکھا "حاضر"..... "وہ ذات جس کے علم سے کوئی چیز غائب نہ ہو" یہ گھر کی گواہی بہت بھاری رہی۔ فللّٰہ الحمد۔

(۲) وجئنا بك علی ھٰؤلاء شہیداً (پ ۵ نساء ۴۱) — اور اے محبوب تمہیں ان سب پر گواہ (اور حاضر وناظر) بناکر لائیں گے

(۳) ویوم نبعث من کل امۃ شہیدا (پ ۱۴ نحل ع ۱۲ ۸۴) — اور جس دن ہم اٹھائیں گے ہر امت میں سے ایک گواہ (وہ اس امت کا نبی ہوگا)

(۴) وجئنا بك شہیداً علی ھٰؤلاء ط (پ ۱۴ نحل ۸۹) — اور اے محبوب تمہیں ان سب پر شاہد (حاضر وناظر) بناکر لائیں گے

آیت ۱ کی تفسیر میں عمدۃ المفسرین فاضل علام عارف باللہ حضرت شیخ اسمٰعیل حقی حنفی اور خاتم المحدثین شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی ارقام فرماتے ہیں۔

لہ:... "لعلمك بعقائدھم" تفسیر بیضاوی ص ۸۷ ۱۲ منہ

عہ روح البیان ج ۴ ص ۶۳۹ ۱۲ منہ لہ

ومعنی شہادۃ الرسول علیھم اطلاعه علی رتبة کل متدین بدینه وحقیقته التی ھو علیھا من دینه وحجابه الذی ھو به محجوب عن کمال دینه فھو یعرف ذنوبھم وحقیقة ایمانھم واعمالھم وحسناتھم وسیاٰتھم واخلاصھم

یعنی وباشد رسول شما بر شما گواه زیرا کہ او مطلع است بنور نبوت بر رتبه ہر متدین بدین خود کہ در کدام درجه از دین من رسیده وحقیقت ایمان او چیست وحجابے کہ بدان محجوب مانده است کدام است پس او میشناسد گناہاں شمارا ودرجات ایمان شمارا واعمال نیک وبد شمارا واخلاص ونفاق شمارا او لہذا شہادت او در دنیا وآخرت به حکم شرع در حق امت مقبول وواجب العمل است

ویکون الرسول علیکم شہیدا

یعنی تمہارے رسول تم پر گواہ ہیں۔ کیونکہ حضور نور نبوت سے ہر دین دار کے اس رتبہ پر مطلع ہیں کہ جس تک وہ پہنچا ہوا ہے اور یہ بھی جانتے ہیں کہ اس کے ایمان کی حقیقت کیا ہے اور اس حجاب سے بھی واقف ہیں کہ جس کی وجہ سے وہ رکا ہوا ہے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تمہارے گناہوں کو اور تمہارے درجات ایمان کو اور تمہارے نیک اور بد اعمال کو اور تمہارے اخلاص ونفاق کو (جو قلبی کیفیات ہیں اور ما فی الصدور کی چیزیں ہیں) جانتے اور پہچانتے ہیں۔ اسی لئے حضور کی شہادت دنیا اور آخرت

ونفاقہم وغیر ذلک بنور الحقؒ
تفسیر روح البیان
ج ا ص ۲۳۰ طبع قدیم

تفسیر عزیزی
پ ۲ ص ۵۱۸
محمدی لاہور

میں بحکم شرع امت
کے حق میں مقبول اور
واجب العمل ہے۔

آیت	ترجمہ
(۵) یایھا النبی انا ارسلنٰک شاھدا (پ ۲۲ الاحزاب ۴۵)	اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) بے شک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر و ناظر (بناکر)
(۶) انا ارسلنٰک شاھدا[1] (پ ۲۶ الفتح ۸)	بے شک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر و ناظر (بناکر)

؎۱ قال العارف العلام الشیخ اسمعیل الحقی الحنفی تحت ھذہ الآیۃ ”فانہ لما کان اول مخلوق خلقہ اللہ کان شاھدا بواحدانیۃ الحق وربوبیتہ وشاھدا بما اخرج من العدم الی الوجود من الارواح والنفوس والاجرام والارکان والاجسام والاجساد والمعادن والنبات والحیوان والملک والجن والشیطان والانسان وغیر ذلک لئلا یشذ عنہ ما یمکن للمخلوق درکہ من اسرار افعالہ وعجائب صنعہ وغرائب قدرتہ بحیث لایشارکہ فیہ غیرہٗ ولذا قال علیہ السلام علمت ما کان وما یکون لانہ شاھد لکل وما غاب لحظۃ ..... فحصل لہ بکل حادث جری علی الانبیاء والرسل والامم فھوم وعلوم ثم انزل روحہ فی قالبہ لیزداد لہ نور علی نور فوجود کل موجود من وجودہ وعلوم کل نبی وولی من علومہ ..... وقال بعض الکبار ان مع کل سعید رقیقۃ من روح النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھی الرقیب العتید علیہ اھ تفسیر روح البیان ج ۵ ص ۲۲۵، ۲۲۶ ملخصًا

بے شک ہم نے تمہاری طرف ایک رسول بھیجے ہیں کہ تم پر حاضر و ناظر ہیں	(۷) انا ارسلنا الیکم رسولا شاھدا علیکم (پ ۲۹ المنزل ۱۵)

ان آیات قرآنیہ کے سمجھنے کے لئے دو باتیں خوب ذہن نشین کر لیں ایک یہ کہ "شاہد" کس سے ماخوذ و مشتق ہے اور اس کا کیا معنیٰ ہے۔ دوسری یہ کہ حضور کس پہ شاہد ہیں۔

(۱) "شاہد" شہود و شہادۃ سے ماخوذ ہے۔ شَهِدَ يَشْهَدُ وَشُهِدَ يَشْهُدُ، شہودا و شہادۃ حاضر ہونا۔ گواہی دینا۔ ان کے گھر کی لغت مصباح ص ۲۶۴

امام اہل اللغۃ والتفسیر امام راغب اصفہانی (المتوفی ۵۰۲ھ) شہود اور شہادۃ کا معنیٰ بیان فرماتے ہیں۔

شہود اور شہادت کا معنیٰ، بصر یا بصیرت کیساتھ مشاہدہ فرماتے ہوئے حاضر ہونا	الشھود والشھادۃ الحضور مع المشاھدۃ امابالبصر اوبالبصیرۃ

(المفردات فی غریب القرآن فی اللغۃ والادب والتفسیر وعلوم القرآن ص ۲۶۹

تو ثابت ہوا کہ شاہد کے معنیٰ "حاضر و ناظر" ہیں۔

(۲) باقی رہا یہ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کس پہ حاضر و ناظر ہیں۔ اگر علم معانی بیان سے مس ہے۔ تو تلخیص و مختصر المعانی و مطول وغیرہ سے معلوم ورنہ مفسرین قرآن کی زبانی سنو کہ حضور کس پہ حاضر و ناظر ہیں۔

آیت ۵ کی تفسیر میں مفسر قرآن، امام علامہ ابو سعود حنفی (متوفی ۹۸۱ھ/۹۸۲ھ) فرماتے ہیں

(یایها النبی انا ارسلناك
شاهدا) علی من
بعثت الیهم تراقب
احوالهم وتشاهد
اعمالهم وتتحمل منهم
الشهادة بما صدر
عنهم من التصدیق
والتکذیب وسائر
ماهم علیه من الهدی
والضلال وتؤدیها
یوم القیامة اداء مقبولا
فیما لهم وما علیهم تفسیر
ارشاد العقل السلیم
الی
مزایا الکتاب الکریم
المشهور
تفسیر ابوسعود - علی هامش
تفسیر مفاتیح الغیب المشهور
تفسیر کبیر ج ۶ ص ۹۰

اے غیب کی خبریں دینے والے
(نبی) بے شک ہم نے بھیجا آپ
کو شاہد (حاضر و ناظر) بنا کر ان
سب پر جن کی طرف آپ رسول
بنا کر بھیجے گئے آپ ان کے احوال
کی نگہبانی فرماتے ہیں۔ اور ان کے
اعمال کا مشاہدہ فرماتے ہیں۔ یعنی
ان سب کے کاموں کو اپنی آنکھوں
سے دیکھتے ہیں اور آپ ان سے
تحمل شہادت فرماتے ہیں۔ یعنی انکے
گواہ بنتے ہیں۔ ان تمام چیزوں پر
جو ان سے صادر ہوئیں۔ تصدیق سے
اور تکذیب سے اور باقی ان تمام چیزوں
سے جن پر وہ ہیں۔ ہدایت اور گمراہی
سے اور آپ اس شہادت کو ادا فرمائیں
گے۔ قیامت کے دن جو ادا مقبول
ہوگی۔ ان تمام باتوں میں جو ان کے
فائدے کے لئے ہوں گی اور ان تمام
باتوں میں جو ان کے نقصان کیلئے ہونگی

۲۔ مفسر قرآن امام علامہ قاضی بیضاوی (متوفی ۶۹۲ھ ۶۸۶ وقیل ۶۹۱ھ) آیت ۵ کی تفسیر میں فرماتے ہیں۔ (شاہداً) علی من بعثت الیھم بتصدیقھم وتکذیبھم ونجاتھم وضلالھم" تفسیر "انوار التنزیل واسرار التاویل" المعروف "تفسیر بیضاوی ص ۴۲۵ علی ہامش القرآن۔ مطبعہ المصطفی البابی الحلبی بمصر) وزرقانی علی المواہب ج ۶ ص ۱۷۴۔ یہی قاضی صاحب آیت ۶ کی تفسیر میں فرماتے ہیں: "شاھدا" علی امتک" تفسیر بیضاوی ص ۵۱۲

مفسر قرآن امام علامہ ابوالبرکات نسفی حنفی صاحب کنز الدقائق ومنار رحمہ اللہ تعالی (متوفی ۷۰۱ھ) آیت ۵ کی تفسیر میں ارقام فرماتے ہیں (شاھدا) علی من بعثت الیھم وعلی تکذیبھم وتصدیقھم اے مقبولا قولک عند اللہ لھم وعلیھم تفسیر مدارک التنزیل علی ہامش الخازن ج ۳ ص ۴۷۲۔ ونحوہ فی روح البیان ج ۴ ص ۶۱۹۔

۳۔ مفسر قرآن امام محی السنۃ علاء الدین خازن رحمہ اللہ تعالی (متوفی ۷۴۱ھ) زیر آیت ۵ فرماتے ہیں۔

شاھدا علی الخلق کلھم یوم القیامۃ" تفسیر لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف خازن ج ۳ ص ۴۷۲

۴۔ مفسر قرآن امام علامہ جلال الدین محلی (متوفی ۸۶۴ھ) آیت ۵ کی تفسیر میں فرماتے ہیں۔

شاھدا علی من ارسلت الیھم" تفسیر جلالین ص ۳۵۵ مطبوعہ نور محمد دہلی

مفسر قرآن علامہ سلیمان جمل رحمۃ اللہ تعالیٰ (متوفی ۱۱۹۶ھ / ۱۲۰۴ھ) اس کے ماتحت فرماتے ہیں۔ (قولہ علی من ارسلت الیھم) ای لتترقب احوالھم وتشاھد اعمالھم وتتحمل الشھادۃ علی ما صدر عنھم من التصدیق والتکذیب وسائر ما ھم علیہ من الھدی والضلال تودیھا یوم القیمۃ اداءً مقبولا فیما لھم وفیما علیھم۔ تفسیر الفتوحات الالھیۃ" المعروف تفسیر جمل ج ۳ ص ۴۴۲۔ علامہ محمود آلوسی حنفی آیت ۵ کی تفسیر میں رقمطراز ہیں۔

(شاھدا علی من بعثت الیھم تراقب احوالھم وتشاھد اعمالھم وتتحمل عنھم الشھادۃ بما صدر عنھم من التصدیق والتکذیب وسائر ما ھم علیہ من الھدی والضلال وتودیھا یوم القیمۃ اداءً مقبولا فیما لھم وما علیھم (تفسیر روح المعانی پ ۲۲ ص ۴۲)

امام فخر الدین رازی (متوفی ۶۰۶ھ) آیت ۵ کی تفسیر میں فرماتے ہیں انہ صلی اللہ علیہ وسلم شاھد علی الخلق" تفسیر مفاتیح الغیب المعروف تفسیر کبیر ج ۶ ص ۲۸۸۔

عن ابن عباس مرفوعا ... شاھدا علی امتک" اخرجہ ابن ابی حاتم والطبرانی وابن مردویہ والخطیب وابن عساکر"۔ (تفسیر در منثور ج ۵ ص ۲۱۶) تفسیر ابن کثیر ج ۳ ص ۴۹۷۔ تفسیر روح البیان ج ۵ ص ۹۲۳ تحت آیت ۳
تفسیر مظہری ج ۷ ص ۳۸۶

ابن تیمیہ کا شاگرد ابن کثیر (متوفی ۷۷۴ھ) رقمطراز ہے۔

(شاھدا)…. علی الناس باعمالھم۔ تفسیر ابن کثیر ج ۳ ص ۴۹۷

مفسر قرآن عارف باللہ تعالیٰ علامہ احمد صاوی علیہ رحمۃ الباری آیت ۵

کی تفسیر میں ارقام فرماتے ہیں۔

(شاھدا) علی من ارسلت الیھم) ای لترقب احوالھم وتکون مشاھدا لما صدر منھم من الاعمال الحسنۃ والقبیحۃ اھ (تفسیر صاوی شریف ج ۳ ص ۲۳۳)

علامہ زرقانی اور امام قسطلانی آیت ۵ کی تفسیر میں فرماتے ہیں۔

(شاھدا علی الوحدانیۃ وشاھدا فی الدنیا باحوال الآخرۃ) ای بما یکون فیھا ذاتا او صفۃ (من الجنۃ والنار والمیزان والصراط وشاھدا فی الآخرۃ باحوال الدنیا و) ذلک بان یشھد للمطیع (بالطاعۃ و علی العاصی (بالمعصیۃ والصلاح) الواقع من المطیع (والفساد) من العاصی۔ زرقانی ج ۶ ص ۱۷۴ ۔

علامہ ملا علی قاری حنفی آیت ۵ کی تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔

(شاھداً) ای علی من بعثتک الیھم" شرح شفا ج ۱ ص ۱۱۴

نیز علامہ مولانا علی قاری حنفی آیت ۵ کی تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

(شاھدا) ای علی ما بعثت الیھم بتصدیقھم وتکذیبھم ونجاتھم وضلالھم یوم القیامۃ۔ شرح شفا ج ۱ ص ۱۴۳)

اتمام حجت" محشر میں بھی امت کی نسبت گواہی دیں گے کہ خدا کے پیغام کو کس نے کس قدر قبول کیا" تفسیر عثمانی ص ۵۵۱ ف ۸

مفسرین اور محدثین کی عبارات منقولہ بالا " شاهدا علی من بعثت الیهم " علی من بعثتک الیهم " علی ما بعثت الیهم " " علی من ارسلت الیهم " سے یہ بات تو ثابت ہو گئی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان سب پر حاضر و ناظر ہیں۔ جن کی طرف آپ رسول بنا کر بھیجے گئے ہیں۔ تو آپ کائنات میں سے کس کس کی طرف رسول بن کر تشریف لائے۔ اس کا بیان خصوصیت و فضیلت ۵۲ میں مذکور ہوا۔ دوبارہ صحیح مسلم شریف کی حدیث سن لیں۔ حضرت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

ارسلت الی الخلق کافۃ — یعنی میں تمام مخلوق کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں۔

مسلم شریف ج ۱ ص ۱۹۹ مشکوٰۃ ج ۲ ص ۵۱۲ مطبوعہ نور محمد

عبارات مذکورہ کو حدیث شریف سے ملایئے اور یوں کہئے کہ

شاهدا علی من ارسلت الیهم وارسلت الی الخلق کافۃ — حضور ان تمام پر شاہد (حاضر و ناظر) ہیں۔ جن کی طرف رسول بنا کر بھیجے گئے ہیں۔ اور وہ ساری مخلوق کی طرف رسول بنا کر بھیجے گئے ہیں۔

لہٰذا نتیجہ یہ نکلا کہ حضور ساری مخلوق پر حاضر و ناظر ہیں۔ جس کو امام رازی اور علامہ خازن نے ان الفاظ سے بیان کیا (کما مر)

انہ شاهد علی الخلق (رازی) شاهدا علی الخلق کلهم (خازن)

فللہ الحمد

؎ در نظر بودش مقامات العباد ؛ زاں سبب نامش خدا شاہد نہاد

ناظرین کرام یہ ہے ہمارا وہ قرآنی عقیدہ کہ جس کی وجہ سے دیوبندی، وہابی

مکتب فکر کے لوگ ہیں اور ہمارے سلف صالحین اور بزرگان دین اور عارفین کاملین اور آئمہ مفسرین وآئمہ محدثین کو مشرک کہتے ہیں۔ اور ابوجہل کے برابر گردانتے ہیں۔

(دیکھو۔ تقویۃ الایمان صـ۸ باب ا مطبوعہ فاروقی دہلی ۱۳۱۳ھ۔ فتاوٰی رشیدیہ ج ا صـ۱۵ و ج ۲ صـ۴۔ بہشتی زیور ج ا صـ ۳۳/۳۴ و فتوٰی ملحقہ بلغۃ الحیران از صـ۲ تا صـ۴۔ تبرید صـ۱۰)

مسلمانو خدارا انصاف کرنا کہ جو مسئلہ صاف صاف قرآن شریف کی آیتوں سے ثابت ہو اس کے ماننے کا نام شرک ہے تو وید کے ماننے کا نام اسلام ہوگا۔ ان لوگوں کو ہمیشہ کفار وہنود سے انس وپیار رہا اور اسلام اور بانی اسلام اور مسلمانوں سے بغض وعناد رہا ہے۔ ملاحظہ ہوں (جنگ آزادی مطبوعہ ملتان۔ تاریخی حقائق مطبوعہ لاہور۔ مکالمۃ الصدرین۔ حیات طیبہ (رضائے مصطفٰے چشلد، شمارہ ۱۲/۱۸ ۱۶ حسینی سبیل نادرست وحرام۔ فتاوٰی رشیدیہ ج ۲ صـ۱۱۳ اور ہندوؤں کی سودی سبیل درست فتاوٰی رشیدیہ ج ۳ صـ۱۱۴۔ طعام پہ فاتحہ پڑھنا بدعت (فتاوٰی رشیدیہ ج ا صـ۱۵۴ و صـ۱۵۰) روایات صحیحہ والا میلاد شریف بھی ناجائز (فتاوٰی رشیدیہ ج ۲ صـ ۱۵۵/۱۵۰ جس محفل میلاد شریف اور عرس میں صرف قرآن خوانی ہوا ور تقسیم شیرینی ہو وہ بھی ناجائز۔ چالیس روزہ روٹی بدعت، گیارہویں بدعت۔ فتاوٰی رشیدیہ ج ۳ صـ۹۴ دیسی کوّا کھانا ثواب، چوہڑے چمار کے گھر کی روٹی ٹھیک۔ فتاوٰی رشیدیہ ج ۲ صـ۱۳۰

ہندو تہوار ہولی دیوالی کا طعام کھلیں اور پوریاں درست ہیں فتاویٰ رشیدیہ جز ۲ ص ۱۲۳۔ اور اس کے علاوہ ان کے اتباع نے اور بہت سے اضافے کئے ہیں۔ جیسے گاندھی اور نہرو پہ سلام کہا گیا اور پڑھا گیا (ادھر حضور علیہ السلام پہ صلوٰۃ وسلام بدعت۔) سچ فرمایا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے۔" یقرؤن القرآن لایجاوز تراقیھم یمرقون من الدین کما یمرق السھم من الرمیۃ..... فیقتلون اھل الاسلام ویدعون اھل الاوثان الحدیث (بخاری ومسلم مشکوٰۃ ص ۳۵)

ناظرین حضور کے حاضر وناظر ہونے کا ثبوت ایک اور آیت قرآنی سے ملاحظہ فرماویں۔

النبی اولیٰ بالمومنین من انفسھم۔ (پ ۲۱ احزاب ع ۱)	نبی مسلمانوں کی جان سے بھی زیادہ ان کے قریب ہیں۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ارقام فرماتے ہیں۔

روئے مبارک سوئے یاران کرد و فرمود الستم تعلمون انی اولیٰ بالمؤمنین من انفسھم نمیدانید شما کہ من نزدیک تر و دوستترم بمومناں از ذاتہای ایشاں چنانکہ در قرآن مجید ہم مذکور است کہ النبی اولیٰ بالمؤمنین	یعنی جب حضور منزل غدیر خم پہ پہنچے صحابہ کی طرف رخ انور کیا۔ اور فرمایا کیا تم نہیں جانتے کہ بے شک میں مومنوں سے بنسبت ان کی جانوں کے زیادہ نزدیک اور زیادہ دوست ہوں۔ جیساکہ قرآن مجید میں بھی مذکور ہے کہ "نبی مومنوں سے

بنسبت ان کی جانوں کے زیادہ نزدیک ہے ۔ صحابہ نے عرض کی جی ہاں یارسول اللہ آپ مومنوں سے بہ نسبت ان کی جانوں کے زیادہ نزدیک اور زیادہ دوست ہیں	من انفسھم ... قالوا بلی گفتند صحابہ آرے تو نزدیک ترین و دوست ترین بمومناں ہستی از نفوس ایشاں (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۴۰۱)

شیخ محقق کے اس بیان سے یہ معلوم ہوا کہ حضور کا مسلمانوں کی جانوں سے بھی زیادہ ان کے نزدیک ہونا (۱) فیصلہ قرآن ہے ۔ (۲) اور فرمانِ محبوب رحمٰن ہے (۳) اور صحابہ کرام کا اقرار و اذعان ہے ۔

نیز شیخ محقق فرماتے ہیں ؛

النبی اولی بالمؤمنین من انفسھم ....

حضور مومنوں سے بنسبت ان کی ذات کے بھی زیادہ نزدیک ہیں ۔	پیغمبر نزدیک تراست بمومناں از ذاتہائے ایشاں ۔

(مدارج النبوت ج ۱ ص ۸۱)

فریق مخالف کے پیشوا مولوی قاسم نانوتوی صاحب لکھتے ہیں ۔

النبی اولی بالمومنین من انفسھم جس کے یہ معنیٰ ہیں کہ نبی زیادہ نزدیک ہے ۔ مومنوں سے بہ نسبت ان کی جانوں کے یعنی ان کی جانیں ان سے اتنی نزدیک نہیں جتنا نبی ان سے نزدیک ہے اصل معنیٰ اولی کے اقرب ہیں ۔ (آب حیات ص ۵۸)

نیز وہی نانوتوی صاحب لکھتے ہیں ۔

"النبی اولی بالمومنین من انفسھم" کو بعد لحاظ صلہ من انفسھم کے دیکھئے تو یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی امت کے ساتھ وہ قرب حاصل ہے کہ ان کی جانوں کو بھی ان کے ساتھ حاصل نہیں۔ کیونکہ اولی بمعنی اقرب ہوا۔ تحذیر الناس صـ۱۰۔

الحمد للہ تعالیٰ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حاضر و ناظر ہونے کا مسئلہ آیات قرآنیہ" ارشادات ربانیہ سے موافق و مخالف کے ترجموں اور تفسیروں سے روز روشن کی طرح ثابت ہوگیا۔ ان مذکورہ آیات کے علاوہ اور بھی بہت سی آیات سے یہ مسئلہ ثابت ہے۔ میں انہیں پہ اکتفا کرتا ہوں ماننے والے کے لئے اس قدر کافی اور ضدی لاتسلم والے کے لئے مکمل قرآن غیر وافی۔ اس موضوع پہ چند حدیثیں ملاحظہ فرمادیں۔

(۱) حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

مامن مومن الا وانا اولی الناس بہ فی الدنیا والآخرۃ۔ اخرجہ البخاری (۱ صـ۳۲۳	کوئی مومن نہیں مگر میں دنیا اور آخرت میں تمام لوگوں کی بنسبت اس سے زیادہ قریب ہوں۔

وابن جریر وابن ابی حاتم وابن مردویہ۔ تفسیر در منثور ج۵ صـ۱۸۲ ج۲ صـ۴۰۵)

ایک اور روایت میں یوں ہے۔

انا اولی بالمؤمنین من انفسھم اخرجہ الطیالسی، وابن مردویہ عنہ تفسیر درمنثور ج ۵ صـ۱۸۲	میں تمام مومنوں سے بنسبت ان کی جانوں کے زیادہ قریب ہوں

(۲) حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرمایا کرتے تھے۔

انا اولیٰ بکل مومن من نفسہ

میں ہر مومن سے اس کی جان کی بہ نسبت زیادہ نزدیک ہوں۔

اخرجہ احمد والبوداؤد وابن مردویہ، در منثور ج ۵ ص ۱۸۲۔

(۳) حضرت بریدۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے راوی کہ آپ نے فرمایا۔

یا بریدۃ الست اولیٰ بالمؤمنین من انفسھم قلت بلی یارسول اللہ

اخرجہ ابن ابی شیبہ واحمد والنسائی۔

تفسیر در منثور ج ۵ ص ۱۸۲

اے بریدہ کیا میں تمام مومنوں سے ان کی جانوں کی بہ نسبت زیادہ قریب نہیں ہوں میں نے عرض کی جی ہاں یارسول اللہ آپ واقعی تمام مومنوں سے ان کی جان سے بھی زیادہ قریب ہیں۔

اولیٰ ولی سے اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔ اور ولی کا معنیٰ البواب الصرف ص ۱۱۲ ہی میں دیکھ لیں۔ "الولی" نزدیک شدن" نزدیک ہونا ص ۹۳ اور ان کی مصباح ص ۹۵۵ پر ہے "ولیاً" قریب ہونا۔ اگر اب بھی میں اس معنیٰ میں مجرم ہوں تو مجھ سے پہلے شیخ محقق اور فریق مخالف کے پیشوا نانوتوی مجھ سے پہلے مجرم ہوں گے۔ یہ تو پڑھا کہ حضور سب کے قریب ہیں۔ اب یہ سنو کہ حضور سے قریب کون ہیں۔ ان کے قرب سے کون مستفیض ہوتے ہیں

عن معاذ بن جبل قال لما
بعثه رسول اللہ صلی اللہ علیه
وسلم الی الیمن خرج معه رسول
اللہ صلی اللہ علیه وسلم یوصیه
ومعاذ راکب ورسول اللہ
صلی اللہ علیه وسلم یمشی
تحت راحلته فلما فرغ
قال یا معاذ انك عسی
ان لا تلقانی بعد عامی
هذا ولعلك ان تمر بمسجدی
هذا وقبری فبکی معاذ جشعا
لفراق رسول اللہ صلی اللہ
علیه وسلم ثم التفت فاقبل
بوجهه نحو المدینة فقال

ان اولی الناس

بی المتقون من کانوا
وحیث کانوا۔
رواہ احمد فی مسندہ
ج ۵ ص ۲۳۵۔ مشکوٰۃ شریف

یعنی حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ
تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول
کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یمن
کی طرف بھیجا تو حضور علیہ الصلوٰۃ
والسلام ان کے ساتھ وصیت
فرماتے ہوئے تشریف لے گئے
معاذ رضی اللہ عنہ سوار تھے۔ اور
حضور ان کی سواری کے نیچے پیادہ
چلتے تھے۔ جب آپ (وصیت سے)
فارغ ہوئے تو فرمایا اے معاذ قریب
ہے کہ تو مجھے نہ ملے گا۔ میرے اس
سال کے بعد اور شاید تو میری مسجد
اور میری قبر پر گذرے۔ یہ سن کر
حضرت معاذ حضور علیہ الصلوٰۃ
والسلام کے فراق کے غم سے رونے
لگے۔ تو آپ نے ادھر سے التفات
کر کے مدینہ طیبہ کی طرف منہ کیا
اور فرمایا کہ میرے بہت قریب
وہ لوگ ہیں۔ جو متقی ہیں جو ہوں

اور جہاں ہوں۔

اس حدیث پاک سے کئی مسئلے معلوم ہوئے۔ (۱) حضور فخر عالم کی تواضع وانکساری (۲) حضور کو اپنے وصال شریف کا علم (۳) اور حضرت معاذ کی زندگی کا علم (۴) اور حضرت معاذ کے مزار شریف پر آنے کا علم (یہ جیسا فرمایا ویسا ہی ہوا) (۵) محبوب خدا کے فراق میں رونا (۶) معاذ کو ارشادات نبویہ کے وقوع کا یقین (۷) متقی لوگوں کا حضور کے قریب ہونا اگرچہ ظاہراً کتنا دور کیوں نہ ہوں (۸) حضور کا حضرت معاذ کو تسلی دینا کہ تو بظاہر یمن میں ہوگا اور باطن میں میرے قریب ہوگا۔ صلی اللہ علیہ وسلم ولنعم ما قیل ؎

گر بمنی در یمنی پیش منی ؛؛ گر بے منی پیش منی در یمنی

شیخ محقق اس حدیث پاک کے ماتحت رقمطراز

ان اولی الناس بی المتقون و فرمود قریب ترین مردم بمن پرہیزگارا نند من کانوا وحیث کانوا ہر کسانے کہ باشند و ہر جا کہ باشند این وصیت و تسلیہ است مر معاذ را کہ باید تقوی ورزی و بر فراق ما غم نخوری چوں از متقیاں باشی بصورت اگر جدا باشی بمعنی با مائی۔ (اشعۃ اللمعات ج ۴ ص ۲۰۶)

معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تو سب کے قریب اور ہر ایک کے نزدیک ہیں۔ مگر ہیں ملائکہ کی طرح پوشیدہ آپ کے قرب اور دیدار سے وہی فیضیاب ہوتے ہیں۔ جن سے بوجہ مجاہدات و ریاضات وکثرت درود شریف کے حجابات دور کر دیئے گئے۔ پھر وہ تقوی کی وجہ سے جمال جہاں آرا

کا مشاہدہ کرتے ہیں ۔ اور آنکھوں کو ٹھنڈا کرتے ہیں ۔ اور قلوب کو تسکین بخشتے ہیں ۔ اور نور ایمان بڑھاتے ہیں ۔ اللھم اجعلنا منھم ۔ اللھم اجعلنی من المتقین لکی ابردنظری واسکن قلبی من رویتہ صلی اللہ علیہ وسلم باقی رہے اندھے نہ دیکھنے والے (یعنی غیر متقی حضور کے قرب سے فیضیاب نہ ہونے والے) تو وہ دو قسم ہیں ۔ ایک تسلیمی اندھے جو آنکھ والوں اور دیدار کرنے والوں کی بات کو تسلیم کرتے ہیں ۔ دوسرے وہ ضدی بدبخت اندھے جو خود تو دیکھ نہیں سکتے ۔ پھر آنکھ والوں کی بات بھی تسلیم نہیں کرتے ۔

امام قرطبی متوفی ـــــہ رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

ان موت الانبیاء انما ھو راجع الی ان غیبوا عنا بحیث لا ندرکھم، وان کانوا موجودین احیاء وذلک کالحال فی الملائکۃ فانھم موجودون احیاء و لا یراھم احد من نوعنا الا من خصہ اللہ تعالیٰ بکرامتہ

اھ ۔ تذکرۃ للقرطبی ص

یعنی انبیاؑ کی پردہ پوشی کا مطلب یہ ہے ۔ کہ وہ ہم (عوام) سے غائب ہوگئے ہم (عوام) ان کا ادراک نہیں کرتے ۔ اگرچہ انبیا کرام اب بھی بعد پردہ پوشی کے موجود ہیں زندہ ہیں ۔ تو یہ ملائکہ کی طرح ہے کہ فرشتے بھی زندہ موجود ہیں ہم میں سے کوئی انہیں نہیں دیکھتا مگر وہ کہ جسے اللہ تعالےٰ نے اپنی کرامت وفضل وکرم سے مخصوص فرمایا۔

تنویر الحلک فی امکان رؤیۃ النبی والملک للسیوطی ص الحاوی للفتاوی للسیوطی ج۲ ص۲۵۱۔

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ بہت سے واقعات واحادیث رویت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم (یقظۃً) نقل کرکے فرماتے ہیں۔

فحصل من مجموع ھذہ النقول والاحادیث ان رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام حیٌّ بجسدہ وروحہ وانہ یتصرف ویسیر حیث شاء فی اقطار الارض وفی الملکوت وھو بہیئتہ التی کان علیہا قبل وفاتہ لم یتبدل منہ شئی وانہ مغیّبٌ عن الابصار کما غیبت الملائکۃ مع کونھم احیاء باجسادھم فاذا اراد اللہ تعالیٰ رفع الحجاب عمن اراد کرامہ برؤیتہ راٰہ علی ھیئتہ التی

یعنی ان نقول اوراحادیث مذکورہ بالا سے یہ ثابت ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلم روح بمع جسد زندہ ہیں اور بے شک آپ زمین کے گوشوں میں اور عالم غیب فرشتوں کے عالم میں عالم الروح میں جہاں چاہتے ہیں سیر فرماتے ہیں۔ اور تصرف فرماتے ہیں۔ اور آپ اسی ہیئت پہ ہیں جس پہ قبل از پردہ پوشی تھے۔ اس ہیئت وشکل وصورت سے کچھ نہ بدلا۔ اور بے شک آپ آنکھوں سے چھپائے گئے ہیں۔ جیسے کہ فرشتے چھپائے گئے ہیں حالانکہ وہ بھی بمع اجساد زندہ ہیں۔ تو جس کو اللہ تعالیٰ

هو علیها لا مانع
من ذلک
ولا داعی
الی التخصیص
برؤیة المثال
الحاوی للفتاوی
ج ۲ ص ۲۵۳
تفسیر روح المعانی
پ ۲۲ ص ۳۴ .

دیدار سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی دولت سے نوازنا چاہتا ہے اس سے پردے ہٹا لیتا ہے تو وہ خوش قسمت حضور کو ان کی اصلی و حقیقی ہیئت و شکل و صورت پہ دیکھتا ہے۔ جسد عنصری کے دیکھنے سے کوئی مانع نہیں اور رؤیۃ جسم مثالی کی تخصیص کی طرف کوئی داعی نہیں ۔

اب ان اولی الناس بی المتقون کے ماتحت واقعات کثیرہ سے چند واقعات ملاحظہ فرماویں کہ متقی لوگ کیسے حضور کے نزدیک ہیں اور آپ کے قرب سے فیضیاب ہوتے رہے ہیں۔

(۱)- امام جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ رحمۃ اللہ علیہ نے ۷۵ مرتبہ جاگتے ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سر کی آنکھوں سے دیکھا اور بہت سی حدیثوں کے متعلق حضور سے پوچھا اور آپ کی تصحیح کے بعد امام سیوطی نے ان کو صحیح کہا۔ جن کو محدثین نے اپنے طریق سے ضعیف کہا تھا۔ کما مرّ (میزان کبریٰ للشعرانی ج۱ ص ۴۴ ۔ مطبعہ حجازی قاہرہ - و ج۱ ص ۴۸ مطابق مطبع مصطفیٰ البابی الحلبی بمصر - سعادت دارین للنبہانی ص ۴۳۷ الفتح القدیر للنبہانی ج ۱ ص ۷ مطبوعہ مصر وایضاً فیہ انہ علیہ الصلوٰۃ والسلام

قال له رضی اللہ تعالیٰ عنہ یقظۃ " یا شیخ الحدیث " وبشرہ بانہ من اھل الجنۃ من غیر عذاب یسبق ۔ و رحمت کائنات (بہت)
وفیض الباری للکشمیری ج ۱ ص ۲۰۴ اس میں ۷۵ کی بجائے ۲۲ مرتبہ کا ذکر ہے ۔)

(۲) امام عبدالوہاب شعرانی متوفی ۹۷۳ھ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ۸ ساتھیوں کے ساتھ صحیح بخاری جاگتے ہوئے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے پڑھی (ان آٹھ میں ایک حنفی تھا) فیض الباری للکشمیری ج ۱ ص ۲۰۴)
وھذا ایضا مر ۔

(۳) امام ابو محمد بن جمرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ احادیث منتخبہ من البخاری کی تعلیقات میں فرماتے ہیں ۔

وقد ذکر عن بعض الصحابۃ ۔قال السیوطی اظنہ ابن عباس رضی اللہ عنھما انہ رای النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی النوم فتذکر ھذا الحدیث ۔ یقول الفیضی یعنی الحدیث الصحیح " وھو ھذا "من رآنی فی المنام فسیرانی فی الیقظۃ"

یعنی صحابہ سے یہ منقول ہے (امام سیوطی فرماتے ہیں ۔ میرے گمان میں یہ حضرت عبداللہ بن عباس کا واقعہ ہے ۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا پھر اس حدیث صحیح کو یاد کیا کہ حضور نے فرمایا ہے ۔ جس نے مجھے نیند میں دیکھا وہ عنقریب مجھے جاگتے ہوئے دیکھے

رواہ البخاری ومسلم وابوداؤد
عن ابی ھریرۃ
والطبرانی من حدیث
مالک بن عبد اللہ
الخثعمی، ومن حدیث
ابی بکرۃ والدارمی من حدیث
ابی قتادۃ۔ وبقی یفکر فیہ ثم
دخل علی بعض ازواج النبی۔
قال السیوطی اظنہا میمونۃ ۔
فقص علیھا قصتہ فقامت
واخرجت لہ مرآتہ صلی اللہ علیہ وسلم
قال رضی اللہ عنہ فنظرت فی المرأۃ
فرایت صورۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ولم ار
لنفسی صورۃ اھ

گا۔ تو حضرت ابن عباس اسی فکر
میں رہے پھر ازواج مطہرات
سرور کائنات میں سے بعض کے پاس
حاضر ہوئے (بظن امام سیوطی وہ
ام المومنین حضرت میمونہ تھیں رضی اللہ
تعالیٰ عنہا) اور ان کو اپنا قصہ
سنایا تو ام المومنین اٹھیں اور حضور
اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم
کا آئینہ مبارک صحابی رسول کو دیا۔
حضور کے صحابی فرماتے ہیں۔ میں نے
جو آئینہ میں دیکھا تو حضور کی صورت
پاک نظر آئی۔ مجھے اپنی شکل وصورت
آئینہ میں نظر نہ آئی۔

تنویر الحلک والحاوی للفتاوی للسیوطی ج ۲ ص ۴۳۸/۴۴۹ مطبعۃ السعادۃ بمصر
سعادت الدارین للنبھانی ص ۴۱۳ ۔

حجۃ الاسلام امام غزالی صوفیہ کے متعلق فرماتے ہیں۔

انہم وھم فی یقظتھم یشاھدون الملائکۃ وارواح الانبیاء
ویسمعون منھم اصواتا۔ ویقتبسون منھم فوائد ثم یترقی الحال

من مشاهدتہ الصور والامثال الی درجات یضیق عنہا نطاق النطق" المنقذ من الضلال للغزالی ص والحاوی للفتاوی للسیوطی ج ۲ ص ۲۶۴ فتاوی حدیثیہ لابن حجر ص ۲۵۵

شیخ اکمل الدین بابرتی حنفی حدیث من رآنی کے تحت شرح مشارق میں فرماتے ہیں۔

ومن حصل الاصول الخمسۃ (الاشتراک[۱] فی الذات او[۲] فی صفۃ فصاعدا او[۳] فی حال فصاعدا او[۴] فی الافعال او[۵] فی المراتب) وثبتت المناسبۃ بینہ وبین ارواح الکمل الماضین اجتمع بہم متی شاء الحاوی للفتاوی للسیوطی ج ۲ ص ۲۶۳

(۴) غوث الثقلین حضرت پیر محبوب سبحانی سیدی الشیخ السید عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ظہر سے قبل (جاگتے ہوئے بغداد شریف میں) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دیکھا آپ نے فرمایا اے پیارے بیٹے تقریر کیوں نہیں کرتے ہیں نے عرض کی اے والد مکرم (سید العرب والعجم) میں عجمی مرد ہوں۔ فصحاء بغداد پر کیسے کلام کروں تو آپ نے فرمایا اپنا منہ کھولو۔ میں نے کھولا تو سات دفعہ حضور نے اس میں اپنا لعاب مبارک ڈالا اور فرمایا لوگوں کو وعظ ونصیحت کرو اور حکمۃ وموعظہ حسنہ سے لوگوں کو رب کے راستہ کی طرف بلاؤ پھر میں ظہر کی نماز پڑھ کے بیٹھا ہی تھا کہ میرے پاس بہت لوگ جمع ہو گئے اور مجھ پہ کلام ملتبس ہو گیا تو میں نے حضرت علی کو اپنے سامنے مجلس میں کھڑا دیکھا آپ نے فرمایا اے

پیارے بیٹے وعظ کیوں نہیں کرتے ہیں نے عرض کی اے والد مکرم مجھ پہ کلام ملتبس ہوگیا۔ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے فرمایا تم اپنا منہ کھولو میں نے اپنا منہ کھولا تو میرے منہ میں حضرت علی نے چھ دفعہ اپنا لعاب مبارک ڈالا میں نے عرض کی سات دفعہ کیوں نہیں پورا فرماتے۔ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ادب کا لحاظ ہے۔ (کہیں برابری نہ ہو) پھر مجھ سے غائب ہوگئے۔ پھر میں نے ان لفظوں سے تقریر شروع کی " غواص الفکر یغوص فی بحر القلب علی درر المعارف فیستخرجها الی ساحل الصدر فینادی علیها ترجمان اللسان فتشتری بنفائس اثمان حسن الطاعة فی بیوت اذن اللہ ان ترفع "

(طبقات الاولیاء للشیخ سراج الدین بن الملقن ص " الحاوی للفتاوی للسیوطی ج ۲ ص ۲۴۳/۲۴۴ ۔ سعادت الدارین للنبہانی ص ۴۲۱ ۔ بہجۃ الاسرار شریف ص ۲۵/۲۶ ۔ فتاوی حدیثیہ لابن حجر تحت سوال ھل تمکن رویۃ النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام فی الیقظۃ ص ۲۵۶ ۔ تفسیر روح المعانی پ ۲۲ ص ۳۳/۳۴ ۔

(۵) شیخ عبدالغفار بن نوح القوصی اپنی کتاب " وحید " میں فرماتے ہیں کہ میں نے مکہ شریف میں شیخ عبداللہ دلاصی رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت کی انہوں نے مجھے بتایا کہ تمام عمر میں میری ایک نماز صحیح ہوئی ہے۔ فرمایا وہ اس طرح کہ میں صبح کی نماز کے لئے مسجد حرام میں تھا۔ جب امام نے تکبیر تحریمہ کہی میں نے بھی تکبیر تحریمہ کہی تو مجھ پہ ایک کیفیت طاری ہوگئی میں نے حضور علیہ الصلوٰۃ

والسلام کو دیکھا آپ بحیثیت امام نماز پڑھا رہے ہیں اور آپ کے پیچھے عشرہ (مبشرہ) ہیں۔ میں بھی ان کے ساتھ نماز پڑھتا رہا یہ ۱۲۷۳ھ کا واقعہ ہے۔ حضور علیہ السلام نے پہلی رکعت میں سورہ مدثر پڑھی اور دوسری رکعت میں عم یتساءلون پڑھی۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے آپ نے یہ دعا مانگی "اللھم اجعلنا ھداۃ مھدیین غیر ضالین ولا مضلین، لا طمعا فی برک ولا رغبۃ فیما عندک لان لک المنۃ علینا بایجادنا قبل ان لم نکن فلک الحمد علی ذلک لا الہ الا انت" جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس دعا سے فارغ ہوئے تو ہمارے ظاہری امام نے سلام پھیرا تو میں نے اس کا سلام سنا پھر میں نے بھی سلام پھیرا۔ الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۲۴۵

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ تَعَالٰی وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی نَبِیِّہِ الْاَعْلٰی کہ میرے استاذ اول و مرشد و شیخ کامل قطب العارفین سید الواصلین والموصلین عدیم النظیر فی العلم والعرفان والتدریس والاحسان والخلق واللمعان سند العشق والوجد محب النبی الاحد حضرت قبلہ سیدی و مولائی فیض محمد الشاہ جمالی قدس سرہ العالی (متوفی ۸ رجب ۱۳۶۴ھ مرقدہ فی قریۃ سندیلہ من مضافات دیرہ غازی خاں یزار و یتبرک و یستفاد و یستفاض منہ) آپ بارہا عالم رویا میں اور جاگتے ہوئے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت سے مستفیض ہوئے اور بہت دفعہ حضور سے مسائل دریافت کئے اور حدیثوں کے متعلق پوچھا۔ ایک دفعہ آپ نے حضور قاسم جنت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

سے جنت کی ٹکٹ مانگی حضور نے فرمایا ابوبکر صدیق سے مہر لگوالاؤ چنانچہ آپ ابوبکر صدیق سے مہر لگوالاتے پھر جنت کی ٹکٹ حاصل کی۔ آپ تو آپ آپ کے بعض مریدوں کو بھی شیخ عبداللہ دلاصی کی جیسی ایک نماز نصیب ہوئی ہے۔ ماہ شوال ۱۳۷۸ھ کا واقعہ ہے جس سال اس فقیر کی دستار بندی ہوئی رازی دوران شیخ الحدیث حضرت قبلہ علامہ سیدی واستاذی سید احمد سعید شاہ صاحب کاظمی مدظلہ العالی کے مدرسہ انوار العلوم ملتان کا سالانہ جلسہ تھا۔ حضرت مرشد کریم قبلہ شاہ جمالی رحیم کے بعض مریدوں نے انوار العلوم کی مسجد میں نماز ادا کرتے ہوئے بحالت تشہد حضور سرور کائنات کو مدرسہ انوار العلوم سے جلسہ گاہ انوار العلوم باغ لانگے خاں کی طرف جاتے دیکھا کہ حضور مبارک ہاتھ کے اشارہ سے لوگوں کو جلسہ کی شمولیت کے لئے بلاتے تھے۔ فللہ الحمد :۔ کاتب الحروف فقیر منظور احمد فیضی ابن استاذ العلماء العارف الکامل حضرت مولانا محمد ظریف صاحب دام رضاہ علی لامعۃ اپنے مرشد کریم حضرت قبلہ شاہ جمالی غریب نواز کی خدمت عالیہ میں عرض کرتا ہے۔ ؎

خواجہ من قبلہ من دین من ایمان من
یک نگاہے گاہے گاہے از طفیل پنجتن
آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کنند!
آیا بود کہ گوشۂ چشم بما کنند

(۶) امام سیوطی فرماتے ہیں کہ کسی ولی کی حکایت بیان کی جاتی ہے کہ وہ کسی

فقیہ کی مجلس میں حاضر ہوئے تو اس فقیہ نے ایک حدیث بیان کی ولی نے اس فقیہ سے فرمایا یہ حدیث باطل ہے۔ فقیہ نے کہا تجھے کیسے پتہ چل گیا کہ یہ حدیث باطل ہے۔ ولی نے فرمایا یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تیرے سر پہ قیام فرما ہیں۔ اور فرما رہے ہیں۔ یہ حدیث میں نے نہیں کہی۔ پھر فقیہ سے بھی پردے ہٹا لیے گئے۔ چنانچہ اس فقیہ نے بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دیکھا (الحاوی للفتاویٰ ج ۲ ص ۲۴۶) سعادت دارین ص ۴۳۷

(۷) حضرت عثمان غنی ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ محاصرہ کے وقت حضور میرے ہاں تشریف لائے اور فرمایا۔

یا عثمان حصروک قلت نعم قال عطشوک قلت نعم فادلی لی دلواً فیہ ماء فشربت حتی رویت حتی انی لاجد بردہ بین ثدیی وبین کتفی فقال ان شئت نصرت علیھم وان شئت

یعنی اے عثمان تمہیں انہوں نے گھیرا ہوا ہے میں نے عرض کی جی ہاں یارسول اللہ حضور نے فرمایا تجھے انہوں نے پیاسا رکھا ہے عرض کی جی ہاں تو حضور نے ڈول لٹکا دیا۔ اس میں پانی تھا تو میں نے سیراب ہو کے پیا یہاں تک کہ میں اس پانی کی ٹھنڈک کو اپنے سینہ میں اور دو کاندھوں کے درمیان محسوس کرتا ہوں۔ پھر حضور نے فرمایا اگر

افطرت عندنا فاخترت ان افطر عنده فقتل ذلك الیوم	تو چاہے تو تیری ان پر امداد کی جائے اور اگر تو چاہے تو ہمارے ہاں افطار کرنا تو میں نے حضور کے ہاں افطار کرنے کو پسند کیا۔ تو اسی دن حضرت عثمان شہید کیے گئے۔

یہ واقعہ حضرت عثمان نے حضرت عبداللہ بن سلام کو بیان فرمایا جب کہ وہ بوقت محاصرہ ان کو ملنے کے لئے گئے۔ اخرجہا الحارث بن ابی اسامۃ فی مسندہ وغیرہ۔ (الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۲۴۸)

دو حدیثیں اور سن لیں اگرچہ وہ نومی واقعے ہیں لیکن میرے موضوع سے کچھ نہ کچھ متعلق ضرور ہیں۔

(۸) امام احمد و بیہقی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ ایک روز میں دوپہر کے وقت حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت سے خواب میں مشرف ہوا۔ میں نے دیکھا کہ سنبل معنبر وگیسوئے معطر بکھرے ہوئے اور غبار آلود ہیں۔ دست مبارک میں ایک خون بھرا شیشہ ہے۔ یہ حال دیکھ کر دل بے چین ہو گیا۔ میں نے عرض کیا اے آقا، قربانت شوم یہ کیا حال ہے فرمایا حسین اور ان کے رفیقوں کا خون ہے۔ میں اسے آج صبح سے اٹھا رہا ہوں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔ میں نے اس تاریخ و وقت کو یاد رکھا جب خبر آئی تو معلوم ہوا کہ حضرت امام اسی وقت شہید کیے گئے۔ مشکوٰۃ شریف

باب مناقب اہل البیت فصل ۳ صـ۵۷۲ ۔ احیاء العلوم للغزالی ج۴ صـ۱۳۱۔ عجیب جدا۔ اخرجہ ابن بنت منیع وابو عمر والحافظ السلفی و فی الذخائر۔ مرقات ج۵ صـ۶۰۹۔

(۹) بی بی سلمٰی سے روایت ہے کہ وہ فرماتی ہیں۔ کہ میں ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں گئی۔ آپ رو رہی تھیں، میں نے عرض کی کس چیز نے آپ کو رلایا فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ کے سر اقدس اور داڑھی مبارک پہ غبار تھی۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ یہ کیا ہے۔ فرمایا شہدت قتل الحسین انفاً ابھی ابھی شہادت حسین پر حاضر ہوا۔ رواہ الترمذی ج۲ صـ۲۱۸ قبل والحاکم والبیہقی۔ قواہ القاری فی المرقات ج۵ صـ۶۰۵۔ مشکوٰۃ شریف باب مناقب اہل البیت فصل ۲ صـ۵۷۰۔ حاضر و ناظر ہونے والے محبوب پہ اور ان کے پیارے نواسے پہ لاکھوں درود وسلام ہوں۔

(۱۰) شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی لکھتے ہیں کہ میرے والد محترم حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ ایک دن وہ بزرگ (جو حافظ قرآن تھے اور لوگوں کے اختلاط سے بچنے کے لئے جنگل کی مسجد میں رہا کرتے تھے) اور حضرت حافظ سید عبداللہ قدس سرہ قرآن شریف کا دور کر رہے تھے۔ کہ عربی شکل کے لوگ سبز پوش فوج در فوج ظاہر ہوئے اور ان کے سردار مسجد کے قریب کھڑے ہو کر اس حافظ و قاری صاحب سے قرآن شریف سنتے رہے

اور فرمایا بارک اللہ تعالیٰ ادیت حق القرآن اللہ تعالیٰ تجھے برکت دے تو نے قرآن شریف کا حق ادا کیا یہ کہکر واپس ہو گئے۔ اس حافظ صاحب کی یہ عادت تھی کہ بوقت تلاوت قرآن پاک آنکھوں کو خوب بند کر لیتے تھے اور کسی چیز کی طرف توجہ نہ کرتے تھے۔ جب حافظ صاحب نے سورۃ ختم کی تو حضرت سید عبداللہ شاہ صاحب سے پوچھنے لگے کہ یہ کون لوگ تھے۔ کہ جن کی ہیبت کی وجہ سے میرا دل کانپتا تھا۔ لیکن عزت قرآن کی وجہ سے میں نہ اٹھا۔ سید صاحب نے فرمایا اس شکل و صورت ولباس کے لوگ تھے۔ جب ان کے سردار پہنچے تو مجھ سے نہ رہا گیا میں توان کی تعظیم کے لیے کھڑا ہو گیا (تعظیمی قیام کیا) سید صاحب فرماتے ہیں۔ کہ ہم یہی باتیں کر رہے تھے۔ کہ ایک اور مرد اسی شکل و وضع کا آیا اور فرمانے لگا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم گذشتہ رات اصحاب کے مجمع میں بیٹھے تھے اور اس جنگل کے رہنے والے حافظ صاحب کی تعریف کر رہے تھے۔ اور فرماتے تھے کل علی الصبح اس کو دیکھیں گے اور اس کا قرآن سنیں گے۔ تو کیا حضور تشریف لائے ہیں یا نہ اگر تشریف لائے تھے تو اب کہاں گئے ہیں۔ جب حافظ صاحب اور سید صاحب نے یہ کلمات سنے دائیں بائیں دوڑے اور کچھ اثر نہ دیکھا۔ شاہ ولی اللہ صاحب کہتے ہیں کہ میرا گمان ہے کہ حضرت والد صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ اس واقعہ کے بعد کافی مدت تک اس جنگل میں خوشبو محسوس ہوتی رہی۔ یہ عالم بیداری کا واقعہ ہے۔ (انفاس العارفین صفحہ ۹ مطبوعہ مجتبائی دہلی)

(۱۱) شاہ ولی اللہ صاحب لکھتے ہیں کہ میرے والد محترم شاہ عبدالرحیم دہلوی فرمایا کرتے تھے۔ کہ ایک دفعہ مجھے بخار چڑھا اور مرض اتنا لمبا ہوا کہ زندگی کی امیدیں ختم ہوگئیں تو اس وقت مجھ پہ غنودگی طاری ہوئی تو اس غنودگی میں شیخ عبدالعزیز ظاہر ہوتے فرمایا اے بیٹے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تیری طبع پرسی کے لئے تشریف لانے والے ہیں اور شاید اس طرف سے آئیں کہ جس طرف تیرے پاؤں ہیں لہذا چارپائی کو بدل لو تاکہ حضور کی طرف پاؤں نہ ہوں۔ اس کے بعد مجھے افاقہ ہوا بولنے کی طاقت نہ تھی۔ حاضرین کو اشارہ کیا کہ میری چارپائی کو بدلو۔ چنانچہ چارپائی کی سمت کو بدلا گیا۔ اس کے بعد حضور تشریف لائے اور فرمایا کیف حالک یابنی اے بیٹے (کل تقی فہو آلی کے تحت فرمایا ورنہ آپ ظاہراً آل رسول نہیں۔ سید نہیں بلکہ فاروقی ہیں۔) تیرا کیا حال ہے اس پیاری گفتار کی حلاوت مجھ پہ ایسی طاری ہوئی کہ وجد اور بکا اور عجیب اضطراب مجھ پہ ظاہر ہوا حضور نے مجھے اس طرح گلے لگایا کہ حضور کی ریش مبارک میرے سر پہ تھی۔ اور آپ کا قمیص مبارک میرے آنسوؤں سے تر ہو گیا اور آہستہ آہستہ اس وجد سے تسکین ہوئی۔ اس وقت میرے دل میں خیال آیا کہ کافی عرصہ سے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے شریف کی آرزو رکھتا ہوں۔ کتنا کرم ہوگا کہ اگر اس وقت کچھ عطا فرمادیں۔ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام میرے اس دل کے بھید پہ مطلع ہو گئے۔ اور اپنی ریش مبارک پر ہاتھ شریف پھیرا اور دو بال مبارک

میرے ہاتھ میں دیئے میرے دل میں آیا کہ کیا یہ دو بال مبارک عالم بیداری میں بھی میرے پاس ہوں گے یا نہ۔ میرے اس راز پہ بھی حضور مطلع ہوگئے اور فرمایا کہ یہ دونوں بال عالم بیداری میں بھی تیرے پاس باقی رہیں گے اس کے بعد صحت کلی اور درازی عمر کی خوشخبری دی تو اس وقت مجھے افاقہ ہوا۔ میں نے چراغ طلب کیا اور وہ بال مبارک میں نے اپنے ہاتھ میں نہ پائے میں مغموم ہوا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف میں نے توجہ کی اونگھ آئی حضور متمثل ہوئے اور فرمایا اے بیٹے میں نے وہ دو بال حفاظت کے لئے تیرے تکئے کے نیچے رکھ دئے ہیں۔ وہاں سے اٹھا لینا مجھے افاقہ ہوا میں نے ان بالوں کو وہاں سے اٹھایا اور ایک جگہ میں نے ان بالوں کو تعظیم سے محفوظ رکھ لیا۔ ان دو بالوں کی خاصیتوں سے ایک خاصیت یہ تھی کہ وہ دونوں ایک دوسرے سے پیچیدہ ہوتے جب درود شریف پڑھا جاتا۔[2] دوسری یہ ہے کہ ایک مرتبہ تین شخصوں نے منکرین سے امتحان طلب کیا میں اس بے ادبی پہ راضی نہ ہوا کہ حضور کے بالوں کا امتحان کرتے رہیں۔ جب مناظرہ لمبا ہوگیا تو وہ منکرین ان بالوں کو باہر دھوپ میں لے گئے۔ فوراً اسی وقت ابر کا ایک ٹکڑا ظاہر ہوا اور ان پہ سایہ کر لیا حالانکہ سورج سخت گرم تھا ابر کا موسم نہ تھا۔ آسمان بالکل صاف تھا۔ ان تین سے ایک نے توبہ کرلی وہ منکر سے مقرب بن گیا کہ یہ واقعی حضور کے بال ہیں۔ اور باقی دو کہنے لگے۔ کہ یہ اتفاقی بات ہے تو وہ دوسری دفعہ بالوں کو باہر لے گئے۔ فوراً ابر ظاہر ہوا اور سایہ کر لیا۔ دوسرے نے بھی توبہ کرلی

[2] ہر ایک ان میں سے جدا جدا کھڑا ہو جاتا۔

تیسرے نے کہا یہ بھی اتفاقی بات ہے۔ وہ تیسری بار دھوپ میں لے گیا فوراً ابر نے سایہ کر لیا پھر اس نے بھی توبہ کر لی۔ ایک اور دفعہ بہت سے لوگ زیارت کرنے کے لیے جمع ہوئے میں نے قفل (تالا) کھولنے کی ہر چند کوشش کی تالا نہ کھلا میں نے توجہ کی (مراقبہ کیا) معلوم ہوا کہ اس مجمع میں فلاں شخص بحالت جنب (ناپاکی) ہے اس کی ناپاکی کی وجہ سے تالا نہیں کھلتا میں نے عیب پوشی کرتے ہوئے حکم دیا کہ سب غسل کر لیں۔ وہ جنب والا مجمع سے باہر گیا تو اسی وقت تالا بآسانی کھل گیا اور ہم نے زیارت کی۔

(انفاس العارفین ص ۱۴۱/۱۴۲ مطبوعہ مجتبائی دہلی)

(۱۲) شیخ عبد الغفار بن نوح قوصی اپنی کتاب "الوحید" میں فرماتے ہیں۔ کہ شیخ ابو یحییٰ کے اصحاب سے ایک بزرگ ابو عبد اللہ اسوانی اخمیم میں مقیم تھے۔ وہ خبر دیتے تھے۔ کہ

انہ یری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی کل ساعۃ	میں ہر وقت حضور کو دیکھتا ہوں

السخاوی للفتاوی ج ۲ ص ۲۶۳ سعادت دارین ص ۴۳۲ مطبوعہ مصر

(۱۳) شیخ ابو العباس مرسی قدس سرہ و رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا

لی اربعون سنۃ ما حجبت عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولو حجب عنی رسول اللہ	یعنی مجھے چالیس سال ہو گئے کہ میں ایک لمحہ کیلئے بھی حضور سے اوجھل نہ ہوا ہر وقت حضور کو دیکھتا ہوں اور اگر پل جھپکنے کے برابر حضور صلی اللہ علیہ وسلم

صلی اللہ علیہ وسلم طرفۃ عین ماعددت نفسی من المسلمین

الطبقات الکبریٰ للشعرانی ج۲ ص۱۴

مجھ سے اوجھل ہو جائیں اور میں حضور کو نہ دیکھوں تو میں اپنے آپ کو مسلمانوں میں شمار نہ کروں۔

جامع کرامات الاولیاء للنبہانی ج۱ ص۵۲۰۔ لطائف المنن للشیخ تاج الدین بن عطاء اللہ ص ، تنویر الحلک فی امکان رؤیۃ النبی والملک ص ۱۳

الحاوی للفتاوی للسیوطی ج۲ ص۲۶۴۔ طبع ثالث مطبعۃ السعادۃ بمصر ۱۳۷۸ھ

سعادت الدارین للنبہانی ص۴۱۹۔ تفسیر روح المعانی پ۲۲ ص $\frac{۳۳}{۳۴}$ ۔

(۱۴) عارف نبہانی امام عبدالوہاب شعرانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

وقد بلغنا عن الشیخ ابی الحسن الشاذلی وتلمیذہ الشیخ ابی العباس المرسی وغیرھما انھم کانوا یقولون لو احتجبت عنا رویۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طرفۃ عین ما اعددنا انفسنا من جملۃ المسلمین، فاذا کان ھذا قول آحاد الاولیاء فالائمۃ المجتھدون اولی

یعنی تحقیقاً ہمیں شیخ ابوالحسن شاذلی اور ان کے شاگرد شیخ ابوالعباس مرسی اور ان کے علاوہ اور بزرگان دین اولیاء کاملین سے یہ بات پہنچی ہے کہ ان کا یہ دعویٰ تھا وہ فرماتے تھے کہ اگر پلک جھپکنے کے برابر بھی ہم دیدار مصطفےٰ سے محجوب ومحروم ہوں تو ہم اپنے آپ کو مسلمانوں میں شمار نہ کریں جب اولیاء اللہ کا یہ دعویٰ ہے تو آئمہ مجتہدین (امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی، امام احمد حنبل

بھذا المقام　　　　　　رضی اللہ عنہم اس مقام کے زیادہ حقدار ہیں

کتاب المیزان ص۱۴ ج۱ مطبوعہ حجازی قاہرۃ ۔ و ج۱ ص۴۴ مطبوعہ مصطفی البابی الحلبی بمصر ۔

(۱۵) چونکہ آئمہ مجتہدین اس مقام کے زیادہ حقدار ہیں ۔ اسی لئے ہمارے امام ، امام اعظم ابو حنیفہ نعمان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کرتے ہیں ۔

واذا سمعت فعنک قولا طیباً
واذا نظرت فما اری الاک

یعنی یا رسول اللہ میں ابو حنیفہ جب بھی سنتا ہوں تو آپ سے قول طیب سنتا ہوں اور جب بھی دیکھتا ہوں تو مجھے تو آپ کے سوا کوئی نظر نہیں آتا بس آپ ہی ہر وقت نظر آتے ہیں ۔

قصیدہ نعمانیہ للمنسوبہ الی الامام الاعظم ابی حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ، مجموعۃ قصائد ص۴۲ مطبوعہ مجتبائی دہلی ۔

(۱۶) ۔ شیخ صفی الدین بن ابی المنصور اپنے رسالہ میں اور شیخ عبد الغفار "الوحید" میں فرماتے ہیں ۔ کہ شیخ ابو الحسن ونانی سے یہ حکایت بیان کی جاتی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ مجھے شیخ ابو العباس طنجی نے خبر دی وہ فرماتے ہیں کہ میں سیدی احمد بن رفاعی کے ہاں (مرید ہونے کی غرض سے) حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا تیرا پیر میں نہیں بلکہ تیرے مرشد شیخ عبد الرحیم ہیں جو قنا میں رہتے ہیں ۔ تو میں نے قنا کا سفر اختیار کیا اور شیخ عبد الرحیم کی بارگاہ میں حاضر ہوا

آپ نے مجھ سے فرمایا کیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت رکھتا ہے میں نے عرض کی نہیں حضور کو نہیں پہچانتا۔ آپ نے فرمایا کہ تو بیت المقدس جاتا کہ تجھے حضور کی معرفت ہو تو حسب الحکم جب میں بیت المقدس پہنچا اور میں نے بیت المقدس میں اپنا پاؤں رکھا تو کیا دیکھتا ہوں۔ کہ

واذا باالسماء والارض والعرش والکرسی مملوءۃ من النبی صلی اللہ علیہ وسلم	سارے آسمان اور سب زمینیں اور عرش اور کرسی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھرے ہوئے ہیں (کوئی جگہ ایسی نظر نہیں آتی جہاں حضور نہ ہوں ہر جگہ حضور ہی حضور نظر آتے ہیں)

تو یہ منظر دیکھنے کے بعد میں واپس شیخ کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ آپ نے فرمایا کیا تو نے اب حضور کو پہچانا ہے حضور کی شان کو دیکھا ہے۔ میں نے عرض کی جی ہاں۔ فرمایا اب تیرا کام مکمل ہوا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت کے بغیر اقطاب نہیں ہو سکتے اور اوتاد اوتاد نہیں ہو سکتے اور اولیاء اولیاء نہیں ہو سکتے (اور معرفت نبی یہی ہے کہ ہر جگہ حضور کے حاضر وناظر ہونے کا مشاہدہ کریں۔ فیضی)'' تنویر الحلک والحاوی للفتاوی کلاہما للسیوطی جلد ۲ ص ۲۵۴ سعادت دارین ص ۴۳۱۔

فریق مخالف کی پیاری تفسیر، تفسیر روح المعانی ۲۲/۲ ص ۳۵ مطبوعہ مصر

آنکھ والا تیرے جلوے کا تماشا دیکھے
دیدۂ کور کو کیا آئے نظر کیا دیکھے

اب ایک دو حوالے خاندان دہلی کے بڑے پیشوا کے دکھاتا ہوں تاکہ ذریت اسماعیل کی بدلگامی کا قافیہ تنگ ہو اور کفر و شرک کی مشین کا منہ بند ہو نہ تسلیم کرتے بنے اور نہ انکار کرتے۔

نہ رائے رفتن نہ روئے ماندن۔

شاہ ولی اللہ صاحب لکھتے ہیں۔

لما دخلت المدینة المنورة وزرت الروضة المقدسة علی صاحبها افضل الصلوٰة والتسلیمات رایت روحه صلی اللّٰہ علیه وسلم ظاهرة بارزة لا فی عالم الارواح فقط بل فی المثال القریب من الحس فادرکت ان العوام انما یذکرون حضور النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم فی الصلوات وامامته بالناس فیها وامثال ذلک من هذه الدقیقة

جب میں داخل مدینہ منورہ ہوا اور روضۂ مقدس رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی زیارت کی تو آپ کی روح مبارک و مقدس کو دیکھا ظاہرا اور عیاں نہ فقط عالم ارواح میں بلکہ عالم مثال میں ان آنکھوں سے قریب ایس میں نے معلوم کیا کہ جو لوگ کہا کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللّٰہ علیہ وسلم نمازیں خود موجود ہوتے ہیں اور لوگوں کو نماز پڑھاتے ہیں۔ اور ایسی باتیں وہ یہی دقیقہ ہے (نوٹ) یہ ترجمہ بھی ان کے گھر کا ہے

فیوض الحرمین لشاہ ولی اللہ ص ۲۷ مطبوعہ رحیمیہ دیوبند مع ترجمہ اردو

نیز دہی شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں۔

ثم توجهت الی القبر الشامخ المقدس مرة بعد اخری فبرز صلی اللہ علیہ وسلم فی رقیقة بعد رقیقة فتارة فی صورة مجرد العظموت والهیبة وتارة فی صورة الجذب والمحبة والانس والانشراح وتارة فی صورة السریان حتی اتخیل ان الفضاء ممتلئ بروحه علیه الصلوٰة والسلام وهی تتموج فیه تموج الریح العاصفة حتی ان الناظر یکاد یشغله تموجها عن ملاحظة نفسه الی غیر ذلک من الروائق

(فیوض الحرمین ص ۲۸)

نیز وہی شاہ صاحب فرماتے ہیں۔

لم یزل صلی اللہ علیه وسلم ولا یزال متوجها الی الخلق مقبلا الیهم بوجهه ......

...... لما کان وجهه

پھر میں متوجہ ہوا روضہ عالیہ مقدسہ کی طرف چند بار تو ظہور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لطافت میں بعد لطافت کے کبھی تو فقط صورت مجرد عظموت وہیبت میں اور کبھی صورت جذبہ ومحبت اور انس وانشراح میں اور کبھی صورت سریان میں حتیٰ کہ میں خیال کرتا تھا کہ تمام فضا بھری ہوئی ہے۔ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی روح مقدس سے اور روح مبارک اس میں موجیں مار رہی ہے۔ مانند ہوائے تیز کے یہاں تک کہ دیکھنے والے کو تموج اور لطافتوں کی طرف نظر کرنے سے باز رکھتا تھا

ہمیشہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم متوجہ ہیں۔ خلقت کی طرف اور منہ کئے ہوئے ہیں ان کی طرف جس وقت آپ متوجہ ہوتے ہیں خلق کی طرف

صلی اللہ علیہ وسلم الی الخلق کان قریباً جداً من ان یرتفع الانسان الیہ بجھد ھمتہ فیغیثہ فی نائبتہ او یفیض علیہ من برکاتہ	تو نہایت قریب ہوتے ہیں کہ انسان اپنی کوشش ہمت سے عرض کرے اور آپ فریاد رسی کریں اس کی مصیبت میں یا اس پر برکتیں افاضہ فرمائیں

(فیوض الحرمین ص۳۰)

ان اولی الناس بی المتقون کی یہ چند جھلکیاں ہیں اس قسم کے عالم بیداری کے سب مشاہدات کا اگر احصا و احاطہ کیا جائے تو کئی دفتر بھی نہ کافی ہوں گے حضور صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے "حاضر و ناظر" ہونے کی دوسری شق یعنی آپ کے "ناظر" ہونے کی چند حدیثیں ملاحظہ ہوں۔ (قوت باصرہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

(۱) ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں۔

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یری فی الظلماء کما یری فی الضوء	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اندھیرے میں ایسے دیکھتے تھے جیسا کہ روشنی میں دیکھا کرتے تھے (یعنی اندھیرے اور روشنی میں یکساں دیکھتے تھے)

اخرجہ ابن عدی والبیھقی وابن عساکر۔ الخصائص الکبریٰ للسیوطی ج ۱ ص ۶۱

عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری للامام العینی ج ۵ ص ۲۵۴۔ باب تسویۃ الصفوف

(۲) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں۔

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	حضور رات کو اندھیرے میں ایسے

یری باللیل فی الظلمة کما یری بالنہار فی الضوء

دیکھا کرتے تھے۔ جیسے کہ دن کو روشنی میں دیکھتے تھے۔ علیہ الصلوٰۃ والسلام

اخرجہ البیہقی ۔ الخصائص الکبریٰ ج ۱ ص ۶۱

(۳) حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

ھل ترون قبلتی ھھنا واللہ ما یخفی علی رکوعکم ولا خشوعکم وانی لاراکم وراء ظہری

رواہ البخاری ج ۱ ص ۱۰۲ [۱]

یعنی تم یہ سمجھتے ہو کہ میرا رخ اس طرف ہے۔ اللہ کی قسم نہ تمہارا رکوع مجھ پہ مخفی ہے اور نہ تمہارا خشوع (جو دل کی کیفیت ہے اور سینہ کا راز ہے) مجھ سے پوشیدہ ہے اور بے شک میں تمہیں اپنی پیٹھ پیچھے دیکھتا ہوں

وفی روایة مسلم عنہ "انی واللہ لابصر من ورائی کما ابصر من بین یدای" وفی روایة مسلم عنہ "ھل ترون قبلتی ھاھنا فواللہ ما یخفی علی رکوعکم ولا سجودکم انی لاراکم من وراء ظہری" صحیح مسلم ج ۱ ص ۱۸۰ ۔ خصائص کبریٰ للسیوطی ج ۱ ص ۶۱ وفی روایة عبدالرزاق فی جامعہ والحاکم وابی نعیم عنہ مرفوعًا "انی لانظر الی

---

[۱] ورواہ مالک وسعید بن منصور ومسلم وابن مردویہ۔ تفسیر درمنثور ج ۵ ص ۹۸ ۱۲ فیضی

ماورائی کما انظر الی مابین یدی" خصائص کبریٰ ج۱ ص ۶۱

(۴) حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

فانی اراکم خلف ظہری

بے شک میں تمہیں اپنی پیٹھ پیچھے دیکھتا ہوں۔

رواہ البخاری وفی روایۃ " فانی اراکم من وراء ظہری "

(صحیح بخاری ج۱ ص ۱۰۰ مشکوٰۃ باب تسویۃ الصف ص ۹۸

وفی روایۃ مسلم عنہ۔ فواللہ انی لاراکم من بعد ظہری "

وفی روایۃ مسلم عنہ۔ فانی اراکم امامی ومن خلفی ثم قال والذی نفس محمد بیدہ لو رایتم ما رایت لضحکتم قلیلاً ولبکیتم کثیراً قالوا وما رایت یارسول اللہ قال رایت الجنۃ والنار

پس بے شک میں آگے بھی دیکھتا ہوں اور پیچھے بھی دیکھتا ہوں پھر فرمایا قسم اس ذات کی کہ جس کے ید قدرت میں میری جان ہے۔ جو میں دیکھتا ہوں اگر تم دیکھو تو ہنسو تھوڑے اور روؤ زیادہ صحابہ نے عرض کی آپ کیا دیکھتے ہیں فرمایا جنت اور دوزخ

صحیح مسلم ج۱ ص ۱۸۰ " خصائص کبریٰ ج۱ ص ۶۱

(۵) حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

انی اراکم من وراء ظہری۔ اخرجہ ابو نعیم۔ خصائص کبریٰ ج۱ ص ۶۱

(۶) امام مجاہد نے اللہ تعالیٰ کے اس قول الذی یراک حین تقوم و تقلبک فی الساجدین کی تفسیر میں فرمایا۔ کان رسول اللہ صلی اللہ یری من خلفہ من الصفوف کما یری من بین یدیہ"

اخرجہ الحمیدی فی مسندہ وابن المنذر فی تفسیرہ والبیہقی۔ خصائص کبریٰ ج ۱ ص ۶۱

وایضاً اخرجہ سفیان بن عیینۃ والفریابی وسعید بن منصور وعبد بن حمید۔ و ابن جریر وابن ابی حاتم وابن مردویہ

(۷) واخرج نحوہ ابن مردویہ عن ابن عباس "تفسیر درمنثور ج ۵ ص ۹۸ ۔ آئمہ کرام اور شراح محدثین فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ دیکھنا سر کی آنکھوں سے حقیقی دیکھنا ہے۔

امام سیوطی فرماتے ہیں۔

قال العلماء ھذا الابصار ادراک حقیقی خاص بہ صلی اللہ علیہ وسلم انخرقت لہ فیہ العادۃ ثم یجوز ان یکون برویۃ عینیہ انخرقت لہ فیہ العادۃ ایضا فکان یری بھما من غیر مقابلۃ ......

وقیل کانت لہ صلی اللہ علیہ وسلم عین خلف ظہرہ یری بھا من ورائہ دائما وقیل کان بین کتفیہ عینان مثل سم الخیاط یبصر بھما لا یحجبھما ثوب ولا غیرہ (خصائص ج ۱ ص ۶۱

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

وردالشرع بظاہرہ فوجب القول بہ قال القاضی قال احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ وجمہور العلماء ھذہ الرؤیۃ رویۃ

بالعین حقیقۃ نووی شرح مسلم ج ۱ صفحہ ۱۸۰)

امام عینی فرماتے ہیں۔

قال احمد و جمہور العلماء ہذہ الرؤیۃ رؤیۃ العین حقیقۃ ولا مانع لہ من جہۃ العقل وورد الشرع بہ فوجب القول بہ۔

عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری ج ۵ ص ۲۵۴/۲۸۱ باب تسویۃ الصفوف وباب الخشوع فی الصلاۃ۔

شاہ ولی اللہ صاحب حدیث " فواللہ ما یخفی علی خشوعکم ولا رکوعکم انی لاراکم من وراء ظہری " رواہ مالک)

کے تحت رقمطراز ہیں۔

اقول الاظہران یقال خلق اللہ تعالیٰ لہ ادراکا یدرک بہ ما لیس فی العادۃ ادراکہ مما قد کان او سیکون ومما ھو غائب عنہ اولیس فی محاذاۃ بصرہ بمنزلۃ رویۃ البصر واللہ اعلم

مسوی عربی شرح موطا ج ۲ ص ۲۹۶

شاہ ولی اللہ مطبوعہ رحیمیہ دہلی

ظاہر نزد فقیر آنست کہ خدا تعالیٰ خلق فرمود ادراکے را در قفائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ میدید باں چیزے را کہ خلاف عادت است ادراک آں از آنچہ سابق بود یا آئندہ میشود و آنچہ پوشیدہ است از چشم او یا آنچہ نیست در برابر بصر او و آں ادراک بمنزلہ رویت بصری بود در حصول علم تام واللہ اعلم

(مصفے شرح فارسی موطا شاہ ولی اللہ ج ۱ ص ۲۹۵/۲۹۶

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

فواللہ انی لاراکم من بعدی (متفق علیہ، صحیح بخاری ج۱ ص۱۰۲	یعنی اللہ کی قسم میں تمہیں اپنے بعد دیکھتا ہوں اور دیکھوں گا۔

صحیح مسلم ج۱ ص۱۸۰) مشکوٰۃ شریف باب الرکوع حدیث ۱ ص۸۲۔

امام عینی فرماتے ہیں کہ امام داودی نے "بعدی" کی تفسیر میں فرمایا۔

یعنی من بعد وفاتی۔ (عمدۃ القاری ج ۵ ص۲۸۱ ونووی ج۱ ص۱۸۰)

یعنی بعد از وفات بھی میں تمہیں دیکھتا رہوں گا۔ ونقد علیہ۔

(۸) حضرت عقبہ بن عامر سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

ان موعدکم الحوض وانی لانظر الیہ وانا فی مقامی ھذا۔ الحدیث	تمہاری ملاقات کی جگہ حوض کوثر ہے۔ اور بیشک میں اس (حوض کوثر) کو اسی جگہ سے دیکھ رہا ہوں

متفق علیہ (صحیح بخاری ج۲ ص۹۷۵ وصحیح مسلم ج۲ ص۲۵۰۔) مشکوٰۃ باب الکرامات کے بعد باب وفاۃ النبی ص۵۴۷۔ خیال رہے کہ حوض کوثر جنت میں ہے اور جنت ساتوں آسمانوں سے اوپر ہے تو جن کی نظر ساتوں آسمانوں کے پار جاتی ہے تو زمین کا کونسا گوشہ ان کی نگاہ سے مخفی ہے کوئی نہیں۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

(۹) حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا

لہ و ج۱ ص۱۲۹ و ص۵۰۹ ۱۲ فیضی بہ عد لفظہ" واللہ لانظر الی حوضی الآن ۱۲ منہ

کما مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فشخص ببصرہ الی السماء ثم قال ھذا اوان یختلس فیہ العلم من الناس حتی لا یقدروا منہ علی شیء ۔	ہم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ تھے کہ آپ نے اپنی نظر آسمان کی طرف اٹھائی اور فرمایا کہ یہ وقت ہے (ما فی المستقبل کو اپنی آنکھ سے دیکھا) جبکہ علم لوگوں سے چھین لیا جائیگا حتی کہ اس پر بالکل قابو نہ پائیں گے

رواہ الترمذی باب العلم ج۲ ص ۔ مشکوۃ کتاب العلم فصل ۲ ص ۳۵

(۱۰) حضرت اسامہ بن زید سے روایت ہے ۔ انہوں نے فرمایا کہ حضور مدینہ پاک کی پہاڑیوں میں سے کسی پہاڑی پر چڑھے پھر فرمایا ۔

ھل ترون ما اری قالوا لا قال فانی اری الفتن تقع خلال بیوتکم کوقع المطر	جو میں دیکھ رہا ہوں کیا تم بھی دیکھتے ہو ۔ عرض کیا کہ نہیں فرمایا میں تمہارے گھروں میں بارش کی طرح فتنے گرتے دیکھتا ہوں

رواہ البخاری ج ص ۔ ومسلم ج ص ۔ مشکوۃ کتاب الفتن فصل ا ص ۴۶۲

(۱۱) حضرت ابوذر سے روایت ہے کہ حضور نے فرمایا ۔

انی اری ما لا ترون واسمع ما لا تسمعون	کہ میں دیکھتا ہوں وہ جو تم نہیں دیکھتے اور سنتا ہوں وہ جو تم نہیں سنتے

الحدیث ۔ رواہ احمد والترمذی وابن ماجہ مشکوۃ باب البکاء والخوف فصل ۲ ص ۴۵۷ والحاکم ۔ الفتح الکبیر ج ۱ ص ۴۵ ۔

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ حضور کی چشم دور بین وغیب بین اندھیرے میں بھی دیکھتی ہے۔ ہمارے رکوع، سجود اور خشوع کو دیکھتی ہے۔ آگے پیچھے برابر دیکھتی ہے، جنت ودوزخ دیکھتی ہے۔ ماکان کو دیکھتی ہے۔ مایکون کو دیکھتی ہے۔ بعد پردہ پوشی کے بھی ہمیں دیکھتی ہے، حوض کوثر کو دیکھتی ہے، سلب علم والے زمانے کو دیکھتی ہے۔ آنے والے فتنوں کو دیکھتی ہے۔ آیئے اب وسعت نظر سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق ایک جامع حدیث پڑھئے۔

(۱۲) حضرت سیدنا وابن سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور سید الرسل عالم کل وناظر کل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم نے فرمایا۔

ان اللہ تعالیٰ قد رفع لی الدنیا فانا انظر الیھا والی ماھو کائن فیھا الی یوم القیامۃ کانما انظر الی کفی ھذہ

بے شک اللہ تعالیٰ نے میرے سامنے ساری دنیا کو پیش فرما دیا ہے تو میں اسے اور جو کچھ اس میں قیامت تک ہونے والا ہے سب کو ایسے دیکھ رہا ہوں جیسے اپنی اس ہتھیلی کو دیکھتا ہوں

صـ۲۳۰ / ۱

رواہ نعیم بن حماد (المتوفی ۲۲۸ھ) اول من جمع المسند "الرسالۃ المستطرفۃ فی کتاب الفتن والملاحم۔ جمع الجوامع للسیوطی ج و ص، المواہب اللدنیہ للامام القسطلانی ج ۲ صـ۱۹۲ وشرحہ للزرقانی ج ۷ صـ ۲۰۴ "کنز العمال

لعلی المتقی طبع قدیم دکن ج ۶ ص ۹۵ ۔ شرح دیوان ابن الفارض للنابلسی ص
وعنہ فی جواہر البحار ج ۳ ص ۳۰۶ ۔ وطبع جدید ج ۱۴ ص ۱۰۵

(تنبیہ) خیال رہے کہ اصحاب تخریج والے آئمہ محدثین اس حدیث پاک کو حضرت ابن عمر سے اپنے اپنے طریق سے روایت کرنے والے تین[1] مخرجین محدثین ہیں ۔ ایک امام نعیم بن حماد (متوفی ۲۲۸ھ) ہیں جن کی روایت ابھی گذری دوسرے
امام طبرانی (متوفی ۳۶۰ھ) ہیں ۔ اور تیسرے امام ابونعیم احمد بن عبداللہ (متوفی ۴۳۰ھ) ہیں ۔ طبرانی اور ابونعیم کی روایت یوں ہے ۔

ان اللہ تعالیٰ قد رفع لی الدنیا فانا انظر الیھا والی ماھو کائن فیھا الی یوم القیمۃ کانما انظر الی کفی ھذہ جلیان من اللہ تعالیٰ جلاہ لنبیہ کما جلاہ للنبین من قبلہ ۔	بے شک بے شک اللہ عزوجل نے ساری دنیا میرے سامنے کی ہے تو میں اسے اور جو کچھ اس میں قیامت تک ہونے والا ہے سب کو ایسے دیکھ رہا ہوں جیسے اپنی اس ہتھیلی کو دیکھتا ہوں اس روشنی کے سبب جو اللہ نے اپنے نبی کے لئے روشن فرمائی جیسے مجھ سے پہلے انبیاء کیلئے روشن کی تھی

[1] فقیر اپنے معلومات کے مطابق کہہ رہا ہے (کذا قال المجدد البریلوی فی الانباء)
ہو سکتا ہے کہ اس سے زیادہ محدثین نے اس کو روایت کیا ہو ۱۲ منہ

رواہ الطبرانی فی الکبیر وابونعیم فی الحلیہ عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ زیادت جامع صغیر للسیوطی ص ـــــ ۔ الفتح الکبیر للنبہانی ج ۱ ص ۳۴۰ ۔ کنز العمال لعلی المتقی طبع قدیم دکن ج ۶ ص ۱۰۵ (طبع جدید ج ۱۲ ص ...) ۔ انباء المصطفیٰ لسیدنا اعلیحضرت ص ۸

علامہ زرقانی نے اس حدیث پاک کی یوں شرح کی ہے ۔

(ان اللہ قد رفع) اے اظہر وکشف (لی الدنیا) بحیث احطت بجمیع مافیہا (فانا انظر الیہا والی ما ھو کائن فیہا الی یوم القیامۃ کانما انظر الی کفی ھذہ) اشارۃ الی انہ نظر حقیقۃ دفع بہ احتمال انہ ارید بالنظر العلم" زرقانی شرح مواہب ج ۷ ص ۲۰۵ ــ ۲۰۴ قال المناوی" وقد تجلی لہ علیہ الصلوٰۃ والسلام الکون کلہ وزویت لہ الارض باسرھا فاری مشارقہا ومغاربہا ۔ فیض القدیر ج ۳ ص ۵۲۱ ۔

حضور تو سید الانام ہوئے آپ کے غلام یعنی اولیا کرام ان کی وسعت نظری کے چند حوالے ملاحظہ ہوں ۔ غوث الثقلین حضرت سیدی محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ۔ ؎

نظرت الیٰ بلاد اللہ جمعاً

کخردلۃ علی حکم اتصال

(قصیدہ غوثیہ ص ـــــ)

بعض نام کے نقشبندیوں کے لئے لمحۂ فکریہ" عارف صمدانی مولانا عبد الرحمن جامی قدس سرہ السامی حنفی نقشبندی (متوفی ۸۹۸ھ) حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند قدس سرہ کا قول نقل فرماتے ہیں کہ

حضرت عزیزان علیہ الرحمۃ والغفران مے گفتہ اند کہ زمین در نظر ایں طائفہ چوں سفرۂ ایست و ما مے گوئیم روئے ناخنے است ہیچ چیز از نظر ایشاں غائب نیست۔

(نفحات الانس شریف فارسی حالات خواجہ بہاؤالدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ صفحہ ۴۳۸ مطبع نولکشور لکھنو)

حضرت عزیزان علیہ الرحمۃ والغفران فرماتے ہیں کہ اس گروہ (اولیاء) کے نزدیک (ساری) زمین ایک دسترخوان ہے۔ اور ہم کہتے ہیں کہ ایک ناخن کے برابر ہے۔ ان کی نظر سے کوئی چیز غائب نہیں

نفحات الانس اردو صفحہ ۴۱۸ مطبوعہ اللہ والے کی قومی دکان لاہور

خلاصہ کلام یہ ہے کہ حدیث ان اللہ قد رفع لی الدنیا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ناظر کل اور عالم کل ہونے پر قطعی الدلالۃ ہے جس کو فریق مخالف کا عیار مؤول بھی تسلیم کرتا ہے۔ ہاں فریق مخالف (تھانوی صاحب سے لیکر عیار مؤول تک) اس حدیث شریف کو رد کرنے کے لئے ایک حربہ استعمال کرتے ہیں۔ وہ یہ ہے۔

سوال :- یہ حدیث ضعیف ہے[1] کیونکہ اس حدیث کے بعد کنز العمال ج ۶ صفحہ ۹۵ میں ہے کہ سند کا ضعیف۔ حدیث ضعیف سے تو عمل بھی

[1] "تسکین الخواطر" ج ۲ صفحہ ۱۲۸ پر حضرت قبلہ شیخ الحدیث علامہ کاظمی صاحب نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے اور علامہ غلام محمود صاحب پپلانوی کا نے نجم الرحمٰن کے صفحہ ۸۵ پر فرمایا یہ حدیث سند صحیح سے مروی ہے ۱۲ منہ

نہیں ثابت ہو سکتا چہ جائیکہ تم لوگ اس سے علم کلی اور حاضر و ناظر کا عقیدہ ثابت کرتے ہو۔

جواب ۱:- مسئلہ علم کلی و حاضر و ناظر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم (جس کو عقائد ظنیہ میں بھی شمار کیا جاسکتا ہے اور ان کے اثبات کے لئے دلیل ظنی کافی ووافی ہوتی ہے۔ کما فی النبراس) تو نصوص قرآنیہ اور احادیث نبویہ صحیحہ سے ثابت ہے۔ یہ حدیث تو بطور مزید تائید پیش کی جاتی ہے نہ یہ کہ سرے سے اس مسئلہ کے ثبوت کے لئے واحد اور صرف یہی حدیث ہے۔ اس حدیث پاک سے کوئی نیا مسئلہ نہیں ثابت کیا گیا بلکہ اس حدیث سے اس مسئلہ کی تائید ہوتی ہے جو آیات قرآنی "انا ارسلناک شاھداً" اور "النبی اولی بالمومنین من انفسھم" اور "جئنابک علی ھؤلاء شہیدا" "عالم الغیب فلا یظھر علی غیبہ احداً الا من ارتضی من رسول" "علمک مالم تکن تعلم" "ونزلنا علیک الکتاب تبیانا لکل شئی" وغیرہا سے ثابت ہے۔ یہ کہاں کا قانون ہے کہ جو مسئلہ قرآن شریف اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہو اس کی تائید میں حدیث ضعیف نہیں پیش کی جاسکتی بلکہ ایسی جگہ کوئی تائیدی حدیث ضعیف بھی آجائے تو اصل مسئلہ جو قرآن اور احادیث صحیحہ سے ثابت تھا وہ بھی قابل رد ہوگا اور باطل ہو جائے گا

افلا تعقلون

جواب ۲:- فقیر ابتداء میں کہہ آیا ہے کہ تین محدثوں نے اس حدیث کا اخراج کیا۔ نعیم بن حماد، طبرانی، ابو نعیم (کذا قال المحدث البریلوی فی الانباء)

"سندہٗ ضعیف" والا جملہ نعیم بن حماد کی روایت سے متعلق ہے جو کنز العمال ج ۶ صـ۹۵ پر ہے یہ فتویٰ "سندہ ضعیف" والا طبرانی اور ابو نعیم کی روایت مندرجہ "کنز العمال ج ۶ صـ۱۰۵ کے بعد نہیں -

ایک ہزار روپیہ نقد انعام

اس شخص کو دیا جائے گا جو یہی جملہ (سندہ ضعیف) کنز العمال میں طبرانی اور ابو نعیم کی روایت کے بعد دکھا دے جو ج ۶ صـ۱۰۵ پر ہے - یہ قیامت تک کوئی نہیں دکھا سکتا - تو جب یہ معلوم ہوا کہ سندہ ضعیف نعیم بن حماد کی روایت سے متعلق ہے نہ طبرانی اور ابو نعیم کی روایت سے تو اگر ایک حدیث کا ایک سند سے ضعیف ہونا اس بات کو کب مستلزم ہے کہ اس کی سب سندیں ضعیف ہیں - مزید معلومات کے لئے الہاد الکاف فی حکم الضعاف کا افادہ یازدہم ملاحظہ ہو-

جواب ۳ :- کسی حدیث کے متعلق ایک محدث کا فتویٰ ضعف اس بات کو مستلزم نہیں کہ وہ حدیث سب محدثین کے نزدیک ضعیف ہو - بسا اوقات یوں ہوتا ہے کہ ایک محدث ایک حدیث کو ایک سند کے اعتبار سے ضعیف کہتا ہے - پھر وہی محدث اسی حدیث کو دوسری سند کے اعتبار سے صحیح کہتا ہے (چنانچہ اس حدیث کے متعلق نعیم کے روایت کے بعد امام علی متقی کا سندہ ضعیف کہنا اور طبرانی اور ابو نعیم کی روایت کو یہاں جمع نہ کرنا اور پھر وہاں علیحدہ ذکر کر کے ان کی روایت کے بعد فتویٰ ضعف نہ دینا اس بات

کی طرف منسوب ہے کہ طبرانی اور ابو نعیم کی روایت ضعیف نہیں بلکہ ان روایتوں سے یہ حدیث صحیح ہے۔ ھکذا قالوا وفیہ مافیہ) اور بسا اوقات یوں ہوتا ہے کہ ایک محدث ایک حدیث کو ضعیف یا موضوع کہتا ہے اور دوسرا محدث اسی حدیث کو صحیح کہتا ہے۔ امام دار قطنی صحیح بخاری کی بہت سی حدیثوں کو ضعیف کہتے ہیں۔ اور بہت سے محدثین صحیح بخاری کی سب حدیثوں کو صحیح کہتے ہیں (دیکھو مقدمہ فتح الباری) ابن جوزی نے بہت سی حدیثوں کو موضوع کہا اور امام سیوطی نے ان کا تعاقب کیا " ملاحظہ ہو" تعقبات سیوطی علی موضوعات ابن جوزی" اور ملاحظہ ہو حدیث" انا مدینۃ العلم وعلی بابھا" کے متعلق بخاری کہتے ہیں۔ "لیس لہ وجہ صحیح" ترمذی کہتے ہیں۔ "منکر" ابن معین کہتے ہیں "کذاب" ابن جوزی نے اسے موضوعات میں ذکر کیا" ذہبی اس کا متبع ہوا۔ ابن حجر مکی اور ابن حجر عسقلانی اور امام سیوطی اور حافظ ابو سعید علائی کہتے ہیں کہ "حسن" ہے اور امام حاکم فرماتے ہیں۔ کہ "صحیح" ہے (فتاویٰ حدیثیہ ص ۲۳ والدرر المنتشرہ ص ۴۹ ص ۵۲)

تو اب آپ اندازہ کریں کہ صرف علی متقی یا امام سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ) یہ کیسے ثابت ہو سکتا ہے کہ اصل حدیث سب محدثین کے نزدیک ضعیف وقابل رد ہے۔ حالانکہ امام قسطلانی (متوفی ۹۲۳ھ) شارح بخاری کا مواہب ہیں اور علامہ زرقانی کا اس کی شرح میں اور امام عارف عبدالغنی نابلسی کا شرح دیوان ابن الفارض ہیں اور علامہ نبہانی کا جواہر البحار ہیں اس حدیث سے حضور کی وسعت علمی پہ استناد کرنا اس بات کا بین ثبوت ہے۔

کہ یہ حدیث قوی ہے اور مقبول و مسلم ہے۔ لائق حجت و قابل استناد ہے

نہ یہ کہ قابل رد ہے۔ کیونکہ اہل علم کے عمل کر لینے سے حدیث قوت پاتی

ہے۔ اگرچہ سند ضعیف ہو۔ (مرقات ج ۲ ص ۱۰۲)

جواب ۴:۔ اور اگر بالفرض تینوں روایتوں کے اعتبار سے

اس حدیث کو سب محدثین کے نزدیک ضعیف مان لیا جائے پھر بھی ہم سنیوں

کا کام چلتا ہے وہ اس طرح کہ یہ حدیث موضوع تو ہرگز نہیں کیونکہ کنز العمال

امام سیوطی کی تین کتابوں "جامع کبیر، جامع صغیر، زیادت جامع صغیر کا مجموعہ

ہے۔ دیکھو مقدمہ کنز العمال، کنز العمال ج ۶ ص ۹۵ پر جو روایت درج

ہے۔ وہ امام سیوطی کی جمع الجوامع سے منقول ہے اور امام سیوطی کی

"جمع الجوامع" (جامع کبیر) کی کوئی حدیث موضوع نہیں جعلی نہیں۔ امام سیوطی

نے جمع الجوامع میں جن کتب حدیث سے حدیثیں نقل فرمادیں۔ ان کتب کو

تین حصوں میں تقسیم فرمایا (۱) ایک وہ کہ جن کتب حدیث کی ہر حدیث صحیح

ہے۔ (۲) دوسری وہ کہ جن کتب حدیث کی حدیثیں بعض صحیح ہیں اور

بعض حسن اور بعض ضعیف۔ طبرانی اور ابو نعیم کی روایات کو اسی قسم میں

شمار فرمایا۔ اور ایسی کتب سے جو ضعیف حدیثیں نقل ہوئیں غالباً اکثر و بیشتر

ان کا ضعیف ہونا بیان فرمایا۔ یہاں یہ بات قابل غور ہے کہ حدیث زیر بحث

کو جب طبرانی اور ابو نعیم سے نقل فرمایا۔ اس کے بعد اس کا ضعف نہ بتایا۔

(۳) تیسری وہ کہ جن کتب حدیث کی حدیثیں ضعیف ہیں ان سے احادیث

نقل کرنے کے بعد ان کے ضعف بتانے کی ضرورت ہی نہیں کیونکہ ان کتب

کی طرف نسبت ہی ضعف کی واضح علامت ہے۔ اس تقسیم سے جمع الجوامع یعنی جامع کبیر کی احادیث کی صحت اور ضعف کا بآسانی پتہ چل سکتا ہے۔ دیکھو (مقدمہ جمع الجوامع۔ ومقدمہ کنز العمال۔ ومقدمہ الفتح الکبیر۔)

شیخ عبد الحق محدث دہلوی فرماتے ہیں۔

"وسیوطی در جمع الجوامع احادیث از کتب کثیرہ آوردہ از پنجاہ متجاوز است مشتمل بر صحاح وحسان وضعاف وگفتہ کہ درو بے حدیثے نیاوردم کہ موسوم بوضع باشد"۔ اشعۃ اللمعات ج۱ ص۸ والمقدمہ للشیخ فی اول المشکوۃ ص۷۔

اور کنز العمال ج۶ ص۱۰۵ طبع قدیم دکن پہ جو طبرانی اور ابو نعیم کی روایت درج ہے وہ زیادت جامع صغیر سے منقول ہے (دیکھو الفتح الکبیر ج۱ ص۳۴۰) اور زیادت کی ترتیب جامع صغیر کی طرح ہے اور زیادت کی احادیث کے حکم میں ہیں۔ (دیکھو مقدمہ زیادۃ۔ وکنز العمال ج۱ ص۶ طبع جدید دکن۔ والفتح الکبیر ج۱ ص۳ مطبوعہ مصر۔ اور جامع صغیر کی کوئی حدیث موضوع نہیں۔ وصنتہ عما تفرد بہ وضاع او کذاب"جامع صغیر ص۳ مطبوعہ مصر۔

علامہ نبہانی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

ولا یخفاک ان انتخابہ (ای انتخاب السیوطی) الجامع الصغیر منہ (ای من جمع الجوامع) ثم انتخابہ الزیادۃ یقتضی انہ لم یذکر فیہ شیئا من الاحادیث الواھیۃ فاذن جل احادیثہما ھی مابین صحیح وحسن

والضعیف قلیل بالنسبة الیهما..... مع ان الحدیث الضعیف یعمل به فی فضائل الاعمال کما هو مقرر" الفتح الکبیر ج ا ص ۵)

اس بیان سے واضح ہوگیا کہ حدیث مذکور" ان اللہ قد رفع لی الدنیا" ہرگز ہرگز موضوع نہیں نہ بروایت نعیم اور نہ بروایت طبرانی وابونعیم۔ باقی رہا ہمارا بسبیل تنزل فریق مخالف کو طبار سا دینا کہ بالفرض بروایت طبرانی وابونعیم حدیث مذکور روایت نعیم کی طرح باتفاق جمیع محدثین ضعیف ہو تو پھر بھی ہمارا مدعا ثابت وہ یوں۔ کہ اصول حدیث کا یہ مسلم قانون ہے کہ حدیث ضعیف تعدد طرق سے قوت پاتی ہے۔ بلکہ حسن بن جاتی ہے۔

مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں ہے" وتعدد الطرق یبلغ الحدیث الضعیف الی حد الحسن وقال ابن الهمام وقول من یقول فی حدیث انه لم یصح ان سلم لم یقدح لان الحجة لاتتوقف علی الصحة بل الحسن کاف" مرقات ج ۲ ص ۱۷۱ آخر فصل الثانی باب مالا یجوز من العمل فی الصلوٰۃ ونحوہ فی آخر الموضوعات للقاری ونحوہ فی فتح القدیر ج ا ص ۲۱۵ وج ا ص ۳۱۸ وکتاب المیزان للشعرانی الفصل الثالث من فصول فی الاجوبة عن الامام ابی حنیفة۔ وصواعق محرقہ لابن حجر، تعقبات للسیوطی باب المناقب حدیث النظر الی علی عبادة، واشعة اللمعات للشیخ ج ا ص ۴ وص ۷ ومقدمہ شیخ ص ۶/۵۔ حدیث ضعیف کے قوت پانے کے لئے بہت طرق کی ضرورت نہیں بلکہ صرف دو دو روایتوں اور طریقوں سے مل کر قوت پا جاتی ہے۔ دیکھو لآلی للسیوطی زیر حدیث

من قبل له ثلثة اولاد وتیسیر شرح جامع صغیر للمناوی تحت حدیث مذکور۔ نیز تیسیر میں ایک حدیث کے متعلق ہے "ضعیف لضعف عمرو بن واقد لکنه یقوی بورودہ من طریقین" اور یہاں تو یہ حدیث ان اللہ قد رفع لی الدنیا دو نہیں بلکہ تین طرق اور تین روایتوں سے ثابت ہے۔ لہٰذا یہ حدیث قوت پا کے مقبول و مسلم ہو کے حسن بن گئی اور حدیث حسن فضائل و مناقب درکنار وہ تو اس سے بڑھ کر احکام میں حلت و حرمت میں بھی قابل احتجاج و لائق استناد ہوا کرتی ہے"
قاضی شوکانی غیر مقلد نے لکھا ہے۔
"ان الحسن یجوز العمل به عند الجمہور" نیل الاوطار ج ۱ ص ۲۲ ونحوہ فی مقدمۃ الشیخ واشعۃ اللمعات وغیرہم۔
جواب ۵ نیز برسبیل تنزل کہتا ہوں کہ بالفرض والمحال مشاہدہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ورؤیته لجمیع العالم کے ثبوت کے لئے اور کوئی آیت و حدیث و حجت شرعی نہ ہوتی اور طبرانی اور ابو نعیم کی روایت بھی نہ ہوتی اور صرف اور فقط وہی روایت نعیم ہوتی کہ جس کے متعلق امام سیوطی یا امام علی متقی کا یہ فتوے مذکور رہوا "کہ سندہ ضعیف" اور یہی فتویٰ صرف انہیں کا نہ سمجھیں بلکہ سب محدثین کا بھی سمجھ لیں تو پھر بھی ہمارا مدعا ثابت اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے تمام دنیا و مافیہا کو دیکھنا یہ ایک منقبت اور فضیلت ہے سید عالم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی۔ اور فضیلت و منقبت ثابت کرنے کے لئے حدیث ضعیف مفرد کافی و وافی ہوا کرتی ہے۔ حدیث

ضعیف فضائل ومناقب میں باتفاق محدثین حجت ہے۔ جن کو اصول حدیث سے مس ہے وہ اس بات سے باخبر ہیں۔ لکن الوھابیۃ قوم جاھلون اس قانون کے چند حوالے ملاحظہ ہوں۔ " وما اشتھر ان الحدیث الضعیف معتبر فی فضائل الاعمال لا فی غیرہا المراد مفرداتہ لا مجموعہا لانہ داخل فی الحسن لا فی الضعیف (مقدمہ شیخ ص۶) ونحوہ قال فی مقدمۃ اشعۃ اللمعات ص۷" امام زکریا نووی اربعین پھر امام ابن حجر مکی شرح مشکوۃ پھر مولانا علی قاری مرقات (ص۵/۸۹ ص۶۴۰ ج۲)
وحرز ثمین شرح حصن حصین میں فرماتے ہیں۔

قد اتفق الحفاظ ولفظ الاربعین۔ قد اتفق العلماء علی جواز العمل بالحدیث الضعیف فی فضائل الاعمال ولفظ الحرز جواز العمل بہ فی فضائل الاعمال بالاتفاق	یعنی بے شک حفاظ حدیث وعلماء دین کا اتفاق ہے کہ فضائل اعمال میں ضعیف حدیث پر عمل جائز ہے۔

امام ابوطالب محمد بن علی مکی فرماتے ہیں۔

الاحادیث فی فضائل الاعمال وتفضیل الاصحاب متقبلۃ محتملۃ علی کل حال مقاطیعھا ومراسیلھا لا تعارض ولا ترد کذلک کان السلف یفعلون (قوت القلوب فصل ۳۱)	فضائل اعمال وتفضیل صحابہ کی حدیثیں کیسی ہی ہوں۔ ہر حال میں مقبول وماخوذ ہیں۔ مقطوع ہوں خواہ مرسل۔ نہ ان کی مخالفت کیجائے نہ انہیں رد کریں۔ آئمہ سلف کا یہی طریقہ تھا۔

مقدمہ امام ابوعمرو ابن صلاح و مقدمہ جرجانیہ و شرح الالفیہ و تقریب النووی اور اس کی شرح تدریب الراوی میں ہے واللفظ لہما۔

یجوز عند اھل الحدیث وغیرھم التساھل فی الاسناد الضعیفة وروایة ماسوی الموضوع من الضعیف والعمل بہ من غیر بیان ضعفہ فی فضائل الاعمال وغیرھا مما لاتعلق لہ بالعقائد والاحکام و ممن نقل عنہ ذلک ابن حنبل وابن مھدی وابن المبارک قالوا اذا روینا فی الحلال والحرام شددنا واذا روینا فی الفضائل ونحوھا تساھلنا اھ ملخصاً

محدثین وغیرہ علما کے نزدیک ضعیف سندوں میں تساہل اور بے اظہار ضعف موضوع کے سوا ہر قسم کی روایت اور اس پر عمل فضائل اعمال وغیرہا امور میں جائز ہے۔ جنہیں عقائد واحکام سے تعلق نہیں۔ امام احمد بن حنبل و امام عبدالرحمن بن مہدی و امام عبداللہ بن مبارک وغیرہم آئمہ سے اس کی تصریح منقول وہ فرماتے ہیں۔ جب ہم حلال و حرام میں حدیث روایت کریں۔ سختی کرتے ہیں اور جب فضائل اور اس کی مثل میں روایت کریں۔ تو نرمی کرتے ہیں۔

شیخ الاسلام زکریا انصاری کتاب الاذکار میں فرماتے ہیں۔

قال العلماء من المحدثین والفقہاء وغیرھم یجوز

محدثین و فقہا وغیرہم علما نے فرمایا کہ فضائل اور نیک بات کی ترغیب

ویستحب العمل فی الفضائل والترغیب والترھیب بالحدیث الضعیف مالم یکن موضوعًا

اور بری بات سے خوف دلانے میں حدیث ضعیف پر عمل جائز ومستحب ہے جبکہ موضوع نہ ہو۔

اس کے علاوہ اس قسم کی بہت عبارات ہیں۔ جن کا حصر کریں تو ایک ضخیم مجلد تیار ہو۔ صرف بعض مزید حوالوں کی نشاندہی کر دیتا ہوں فتح القدیر ج ۱ ص ۲۴۶ و ص ۴۶۷۔ موضوعات کبیر للقاری ص ۷۳ آخر میں ایک حوالہ غیر مقلد کا بھی ملاحظہ کریں۔

احادیث ضعیفہ در فضائل اعمال معمول بہاست" (مسک الختام ج ۱ ص ۵۸۲)

تو محدثین کے ان بیانات کی روشنی میں ثابت ہوا کہ حدیث ان اللہ قد رفع لی الدنیا اگرچہ بالفرض بالاتفاق ضعیف بھی ہو تو پھر بھی اس سے حضور کی فضیلت اور منقبت ثابت ہو کے رہے گی۔ فللہ الحمد۔

جواب ۶ :- مزید بر سبیل تنزل کہتا ہوں۔ اگر بالفرض والمحال اس حدیث ان اللہ قد رفع لی الدنیا کی کوئی ایک سند ضعیف سے ضعیف بھی نہ ہوتی تو پھر بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے رویت دنیا وما فیہا کی ثابت کرنا بجا تھا۔ کیونکہ خدا داد قوت سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا تمام دنیا و ما فیہا کو دیکھنا امر ممکن ہے نہ امر محال و ممتنع۔ اور ہر رتبہ وکمالِ ممکن حضور کے لئے ثابت ہے جیسا کہ اسی کتاب کے باب اول میں آئمہ وعلماء کرام کے اقوال کثیرہ گذرے۔

شیخ عبد الحق محدث دہلوی کا یہ نورانی شعر اسی کتاب کے ص ۱۲۸ پر گذرا ہے

ے ہر رتبہ کہ بود بر امکاں براو ست ختم
ہر نعمتے کہ داشت خدا شد برو تمام

نیز امام شعرانی کی یہ عبارت نورانی اسی کتاب کے صفحہ ۱۶۱ پر گذری ہے
"ثم اعلم ان کل ما مالی تعظیم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لا ینبغی لاحد البحث فیہ ولا المطالبۃ بدلیل خاص فیہ فان ذلک سوء ادب فقل ماشئت فی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی سبیل المدح لاحرج" اور اس قسم کی بیسیوں عبارتیں آئمہ کرام وعلمائے عظام گذر چکی ہیں۔ تو ثابت ہوا کہ بالفرض اس حدیث ان اللہ قد رفع لی الدنیا کا زمین وآسمان میں کہیں نشان نہ ہوتا تو پھر بھی حضور علیہ السلام کے لئے یہ رتبہ وکمال یعنی رویت جمیع دنیا وما فیہا پھر بھی ثابت تھا۔ اگر کوئی کہے کہ آئمہ کے اس قول کا کیا اعتبار کہ ہر ممکن کمال حضور کے لئے ثابت ہے۔ اس کے ثبوت کے لئے قرآن وحدیث سے سند لاؤ تو اس کا جواب ۱ یہ ہے کہ علماء کرام وآئمہ اعلام نے جو کچھ فرمایا ہے۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں فرمایا ہے۔ ہم تم سے وہ قرآن وحدیث زیادہ سمجھتے تھے۔ اور جو کچھ انہوں نے اس قسم کی مخلصانہ عبارتیں دربارہ عظمت سید عالم تحریر کی ہیں یہ کتاب وسنت کی تائید میں لکھی ہیں اور وہ آیات واحادیث وآثار اس کتاب کے باب اول میں مذکور ہو چکی ہیں۔ جواب ۲ جس طرح معترض نے یہ کہا کہ آئمہ کا یہ قول کہ "حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے ہر ممکن کمال ثابت ہے" ناقابل قبول ہے۔ قرآن وحدیث سے دلیل مطلوب ہے،

حالانکہ اس کا ثبوت کتاب و سنت سے گذرا) تو ہم بھی معترض سے پوچھتے ہیں کہ کنز العمال جز ۶ صفحہ ۹۵ اس حدیث ان اللہ قد رفع لی الدنیا کے بعد یہ جملہ "سندہ ضعیف" یہ قرآن شریف کی کونسی آیت ہے کس پارہ اور کس سورہ کی آیت ہے۔ مکی ہے یا مدنی اور اگر یہ قرآن کی آیت نہیں اور یقیناً نہیں تو اتنا بیان فرما دیں کہ یہ ارشاد رسول ہے۔ صحیح بخاری میں ہے یا صحیح مسلم میں کہ حضور نے فرمایا ہو۔ کہ حدیث ان اللہ قد رفع لی الدنیا کی سند ضعیف ہے۔ ایک ہزار روپیہ انعام اس شخص کو دیا جائے گا جو یہ ثابت کر دے کہ "سندہ ضعیف" والا جملہ فرمان خدا ہے یا ارشاد مصطفی ہے۔ جل جلالہ، وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ مسلمانو یہ فتویٰ ضعف نہ آیت ہے۔ اور نہ حدیث بلکہ ایک محدث کا قول ہے۔ ناظرین یہ الٹی منطق سمجھ سے وراء الوریٰ ہے کہ شان مصطفیٰ کے متعلق تو محدثین کے اقوال غیر معتبر قرآن و حدیث سے سند لاؤ اور فرمان مصطفیٰ کی صحت وضعف محدث کی تصحیح و تضعیف پہ ہٹی جب تک محدثین اور آئمہ دین کی بات نہ مانیں اس وقت تک کسی ایک حدیث پہ عمل نہیں ہوسکتا یہ کونسی آیت میں آیا کہ امام علی متقی بلکہ امام سیوطی بلکہ حافظ ابن حجر بلکہ ترمذی بلکہ ابوداؤد بلکہ مسلم بلکہ بخاری بلکہ امام احمد حنبل بلکہ یحییٰ بن معین بلکہ دارقطنی جس حدیث کو صحیح کہہ دیں وہ صحیح ہے۔ اور جس کو ضعیف کہدیں وہ ضعیف ہے۔ ماننا پڑے گا کہ ارشاد آئمہ کے بغیر دین کی گاڑی چل نہیں سکتی۔ افلا تتفکرون۔

جواب ۷۰:۔ جو ضرب کاری ہے بلکہ جان وہابیت پر کوکب شہابی ہے۔

وہ یہ کہ "سندہ ضعیف" یہ جرح مبہم ہے جس میں اس کی تفصیل نہیں کہ نعیم کی یہ روایت کیوں ضعیف ہے۔ اس میں کونسا راوی ضعیف ہے۔ اور اس راوی کی وجہ ضعف کیا ہے۔ کیا اس میں ایسا طعن تو نہیں جو بعض محدثین نزدیک طعن ہی نہ ہو۔ اور جرح وطعن مبہم سے حدیث مجروح نہیں ہوتی بلکہ وہ قابل عمل رہتی ہے۔ دیکھو منار لابی البرکات نسفی صاحب تفسیر مدارک پھر اس کی شرح نور الانوار میں ہے۔

والطعن المبہم من آئمة الحدیث لا یجرح الراوی عندنا بان یقول هذا الحدیث مجروح اومنکر اونحوهما فیعمل به الا اذا وقع مفسرا" بما هو جرح متفق علیه الکل لا مختلف فیه بحیث یکون جرحاً عند بعض دون بعض ومع ذلک یکون الجرح صادراً ممن اشتهر بالنصیحة دون التعصب " نور الانوار صـ۱۹۲ مبحث طعن یلحق الحدیث" وکوثر النبی صـ۱۰۱) انشاء المولیٰ تعالیٰ یہ جوابات معترض کے عذر لنگ کو ایسا ختم کر دیں گے کہ اس کے لئے میدان فرار تنگ ہو جائے گا۔

فریق مخالف

مولوی سرفراز دیوبندی

"یہ حدیث (ان اللہ قد رفع لی الدنیا) طبقہ رابعہ کی ہے۔ جس کے متعلق تمام محدثین کا اتفاق ہے کہ اس طبقہ کی حدیثیں قابل اعتبار نہیں۔

چنانچہ شاہ ولی اللہ صاحب رح (حجۃ اللہ البالغہ ج۱ ص۱۳۶ میں) اور شاہ عبدالعزیز صاحب رح لکھتے ہیں " ایں احادیث قابل اعتماد نیستند - کہ در اثبات عقیدہ یا عملے بآنہا تمسک کردہ شود (عجالہ نافعہ ص۶) تبرید النواظر ص۱۸۴ طبع چہارم بلفظہ -

خویدم علمائے اہلسنت
منظور احمد فیضی

قولہ (اس کا قول) یہ حدیث طبقہ رابعہ کی ہے - اقول (میں کہتا ہوں) یہ سفید جھوٹ ہے یہ دن دہاڑے علمی ڈاکہ ہے - یہ خیانت اور کذب وافترا کی بدترین مثال ہے - یہ جھوٹ کیوں بولا گیا - محض اس لئے کہ ان لوگوں کو احادیث نبویہ کا باغی بنا کر ان کے ایمان کی صفائی کی جائے کہ جن کے پاس عجالہ نافعہ نہیں - آخر وہ جھوٹ بول کر اپنے رب کی سنت کیوں نہ ادا کریں کہ جن کے نزدیک ان کے اللہ کا جھوٹ بولنا ممکن ہو (دیکھو - فتاویٰ رشیدیہ ج۱ ص۱۹ ، براہین قاطعہ ص۲) بلکہ جن کے نزدیک اللہ تعالیٰ کے حق میں وقوع کذب کا قائل بھی سنی مسلمان ہو (قلمی فتویٰ مولوی رشید احمد گنگوہی دیوبندی) ارے شان مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حدیث پاک کو جھوٹ سے رد کرنے والو سنو اور ایسی سنو کہ سن کے سن ہو جاؤ - شاہ ولی اللہ اور شاہ عبدالعزیز صاحب ہی کے قول کے مطابق

ل فقیر کے ہاں جو حجۃ اللہ البالغہ مطبوعہ منیریہ دمشق ہے - اس طبع کے اعتبار سے " طبقات کتب حدیث کی جو بحث ہے وہ ج۱ ص۱۳۲ سے ص۱۳۵ تک ہے - طبقہ رابعہ کا ذکر ص۱۳۵ پر ہے ۱۲ فیضی

اور انہیں "حجۃ اللہ البالغہ" اور "عجالہ نافعہ" ہی کی رو سے یہ حدیث (ان اللہ قد رفع لی الدنیا) طبقہ رابعہ کی نہیں بلکہ طبقہ ثالثہ کی ہے۔ کیونکہ اس حدیث شریف کو طبرانی نے بھی روایت کیا ہے۔ جیسے کہ حوالے گذرے ملاحظہ ہو (زیادت جامع صغیر للسیوطی ص الفتح الکبیر ج ۱ ص ۳۴۰۔ کنز العمال ج ۶ ص ۱۰۵۔ المواہب اللدنیہ ج ۲ ص ۱۹۲۔ اور زرقانی ج ۷ ص ۲۰۴[1]) اور تصانیف طبرانی کو شاہ ولی اللہ اور شاہ عبد العزیز صاحب نے طبقہ ثالثہ میں شمار کیا ہے۔ نہ کہ طبقہ رابعہ میں آنکھوں کے ناخن اتار کر بغور ملاحظہ ہو (حجۃ اللہ البالغہ ج ۱ ص ۱۳۵ مطبوعہ منیریہ دمشق طبع اوّل ۱۳۵۲ھ۔ عجالہ نافعہ ص ۶ مطبوعہ مجتبائی دہلی۔ و ص ۵ در اول فوائد جامعہ مطبوعہ نور محمد۔)

مسلمانو جن کتابوں کے نام لیکر عیار مؤوّل و محرف و خائن شان سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث شریف کو رد کرنا چاہتا تھا۔ انہیں کتابوں نے اس کے جھوٹ کو ظاہر کر دیا۔

ع چہ دلاور است دزدے کہ بکف چراغ دارد

پڑا فلک کو کبھی دل جلوں سے کام نہیں ❊ جلا کے خاک نہ کر دوں تو داغ نام نہیں

پانچسو روپیہ نقد انعام اس شخص کو دیا جائے گا جو یہ ثابت کر دے کہ الفتح الکبیر (ج ۱ ص ۳۴۰ مطبوعہ مصر)

---

[1] کاش کہ فریق مخالف کا عیار محرف و مؤوّل و خائن مواہب اور زرقانی سے حدیث مذکور نقل کرتے وقت اخرج الطبرانی کے الفاظ کو دیکھ لیتا۔ ۱۲ ف

کنز العمال (ج ۶ ص ۱۰۵ طبع قدیم دکن) مواہب لدنیہ (ج ۲ ص ۱۹۲) زرقانی (ج ۷ ص ۲۰۴) میں یہ حدیث (ان اللہ تعالیٰ قد رفع لی الدنیا) طبرانی کے حوالہ سے منقول نہیں اور شاہ ولی اللہ نے (حجۃ اللہ البالغہ ج ۱ ص ۱۳۵ مطبوعہ منیر یہ دمشق میں) اور شاہ عبد العزیز صاحب نے (عجالہ نافعہ ص ۷ مطبوعہ مجتبائی دہلی میں) تصانیف طبرانی کو طبقہ ثالثہ سے نہیں گنا بلکہ طبقہ رابعہ سے گنا ہے۔ ھل من مبارز۔ ہمیں میداں ہمیں گو۔

؎ نہ خنجر اٹھیگا نہ تلوار ان سے ؛ یہ بازو میرے آزمائے ہوئے ہیں

اور اگر کوئی یہ کہے کہ چونکہ اس حدیث کو ابو نعیم نے بھی روایت کیا ہے اور تصانیف ابو نعیم بقول شاہ عبد العزیز صاحب و شاہ ولی اللہ طبقہ رابعہ میں شمار ہیں[1]۔ لہذا یہ حدیث طبقہ رابعہ کی ہوئی تو میں کہوں گا کہ یہ حماقت اس شخص کی حماقت سے کم نہ ہوگی۔ جو صحیحین کی ان احادیث کو کہ جن کو ترمذی نے جامع میں یا ابو داؤد نے سنن میں یا نسائی نے سنن میں روایت کیا۔ طبقہ ثانیہ میں شمار کرے اور صحیحین کی ان احادیث کو جو کتب بیہقی و طحاوی و طبرانی و سنن ابن ماجہ میں پائی جائیں۔ طبقہ ثالثہ میں شمار کرے۔ اور صحیحین کی ان روایات کو تصانیف ابی نعیم میں مروی ہونے کی وجہ سے طبقہ رابعہ میں شمار کرے۔ افلا تعقلون

ع ہر بیشہ گماں مبر کہ خالی ست

---

[1] اگرچہ بتشریح خصم شاہ صاحبان کے اس قول میں نظر ہے (یعنی ابو نعیم کی جمیع تصانیف کو طبقہ رابعہ سے شمار کرنا پھر طبقہ رابعہ کی ہر حدیث کو ناقابل اعتبار بتانا اور یہ کہنا کہ (حاشیہ باقی ص ۶۰۴ پر)

قولہ جس کے متعلق تمام محدثین کا اتفاق ہے کہ اس طبقہ کی حدیثیں قابل اعتبار نہیں۔ اقول "تمام محدثین کا اتفاق ہے" اتنا بڑا دعویٰ اور بلا دلیل۔ ایسے بے سند اور بلا دلیل دعوے کرکے فاسق[1]۔ غیر طیب کوا خوروں اور چوہڑے چمار کی روٹی کھانے والوں (ان کے گنگوہی صاحب نے فتاوی رشیدیہ ج ۲ ص ۱۳۰ پر لکھا ہے۔ کہ زاغ معروفہ (دیسی کوا) کھانا ثواب ہے۔ اور اسی صفحہ پر لکھا، چوہڑے چمار کے گھر کی روٹی میں حرج نہیں۔) اور ہندو تہوار ہولی دیوالی کے کھانا تناول فرمانے والوں (فتاوی رشیدیہ ج ۲ ص ۱۲۳) اور سودی روپیہ سے ہندؤں کی سبیل سے پانی پینے والوں (فتاوی رشیدیہ ج ۲ ص ۱۱۴) کو تو خوش کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اہل سنت کے سامنے ایسے

(حاشیہ ص ۶۰۶ سے آگے) کہ ان کتب کی سب حدیثیں یا موضوع ہیں یا ضعیف لا غیر۔) کیونکہ حلیہ لابی نعیم کو خاتم الحفاظ حاضر بارگاہ رسول اللہ۔ شیخ الحدیث بزبان نبی اللہ (مقدمہ الفتح الکبیر ترجمہ سیوطی) امام جلال الملت والدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ان کتب سے گنا ہے کہ جن میں صحیح حدیثیں بھی ہیں۔ اور حسن بھی اور ضعیف بھی (نہ موضوع کما عن الشیخ المحقق الدہلوی من تصنیفیہ اشعۃ اللمعات ج ۱ ص ۸ والمقدمہ فی اصول الحدیث ص ۷) ملاحظہ ہو مقدمہ جمع الجوامع ص للسیوطی۔ وکنز العمال ج ۱ ص ۳ طبع جدید دکن والفتح الکبیر ج ۱ ص ۵ مطبوعہ مصر۔ ۱۲ فیضی ٥

[1] عن ابن عمر قال من یاکل الغراب وقد سماہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاسقا واللہ ماھو من الطیبات۔ سنن ابن ماجہ ص ۲۴۰ باب الغراب ۱۲ الفیضی

بے سند دعوے ناقابل قبول ہیں بلکہ وہ رد کرنے کے لائق ہیں۔ کیا والد صاحب کی "حجۃ اللہ البالغہ" میں طبقات کتب حدیث کی بدعتی تقسیم فرمانے اور اس کی سب کتب کو موضوع یا ضعیف کہنے اور لائق و فاضل بیٹے مرحوم کے اس کو "عجالہ نافعہ" میں نقل کر دینے سے تمام محدثین کا اتفاق ثابت ہوگیا۔ گویا کہ صاحب حجۃ اللہ البالغہ کا فرمان تمام محدثین کا اتفاق ہے۔

ع   ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند

ع   دل کے بہلانے کیلئے غالب یہ خیال اچھا ہے۔

(قولہ) چنانچہ شاہ ولی اللہ صاحب رح[1] (حجۃ اللہ البالغہ ج ۱ ص ۱۳۶ میں) اور شاہ عبدالعزیز صاحب رح[1] لکھتے ہیں۔ ایں احادیث قابل اعتماد نیستند۔ کہ در اثبات عقیدہ یا عملے بآنہا تمسک کردہ شود (عجالہ نافعہ ص ۷)

(اقول) شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ اس تقسیم طبقات اور دعویٰ عدم اعتماد میں اپنے والد مرحوم کے متبع ہیں اور ان کے والد اس

---

[1] صلی اللہ علیہ وسلم کو مخفف کر کے صلعم وغیرہ لکھنا اور رضی اللہ عنہ کو مخفف کر کے رض لکھنا رحمۃ اللہ علیہ یا رحمۃ اللہ تعالیٰ کو مخفف کر کے رح لکھنا نادرست ہے۔ " فبدل الذین ظلموا قولا غیر الذی قیل لھم " مقدمہ نووی شرح مسلم ص ۲ - فتاوی حدیثیہ ص ۱۹۶ - کوثر النبی ص ۶۵ فتاویٰ تاتارخانیہ - طحطاوی علی الدر - فتاویٰ افریقیہ ص ۴۵ - حیات اعلیحضرت ص ۲۸۳ - بہار شریعت ج ۳ ص ۸۷ اس پہ وعیدیں اور ترہیبی واقعات "سعادت الدارین للنبھانی ص ۱۳۱ مطبوعہ مصر - ۱۲ فیضی

بدعتی تقسیم و دعوے کے موجد ہوئے اور بڑے شاہ صاحب کی کتب (خصوصاً وہ جو ابن عبدالوہاب نجدی کے تاثرات لیکر حرمین شریفین سے واپس آ کے لکھیں) کا کیا وزن ہے یہ فقیر کی مطبوعہ کتاب "تعارف" میں شاہ ولی اللہ صاحب کے ترجمہ میں مسطور ہے۔ من شاء فلینظر ثمہ۔

۲ے شاہ صاحبان کی عبارات کا جواب ہمارے فریق مخالف کے عیارہ مولوی کی زبانی سنئے جو ہم اہلسنت کو بزرگان دین و آئمہ محدثین کی عبارات کے جواب میں جگہ جگہ پیش کرتا رہتا ہے "بزرگان کی عبارات میں اگر مناسب تاویل کی گنجائش ہوئی تو تاویل کردی جائے گی۔ ورنہ اقبال کی اصطلاح میں ے اٹھا کر پھینک دو باہر گلی میں۔ پر عمل کیا جائے گا" اھ بلفظہ تبرید النواظر صفحہ ۱۸۶) اور اسی کتاب کے صفحہ ۲۴ پر اس نے لکھا ہے "بزرگان دین اور صوفیائے کرام کی باتیں حجت نہیں کتاب وسنت سے استدلال ہو" محصلہ۔ تو لہٰذا اب ہم فریق مخالف سے پوچھتے ہیں۔ کہ کتب حدیث کے یہ چار طبقات اور تصانیف حاکم و تصانیف خطیب (تصانیف ابی نعیم) وغیرہ کو چوتھے طبقہ میں شمار کرکے ان کتب کی احادیث کو ناقابل اعتماد بتانا (جیسا کہ شاہ ولی اللہ شاہ عبدالعزیز صاحب نے کیا ہے علی قولکم) کونسی آیت یا صحیح حدیث سے ثابت ہے۔ فاتوا برھانکم ان کنتم صادقین کیا ہم شاہ صاحب کے قول کو تمہارے تفسیر کے مطابق تسلیم کر کے۔ نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ان صحیح و حسن حدیثوں کو پس پشت ڈال دیں جو طبقہ رابعہ کی کتب حدیث میں موجود ہیں۔ اور ان کتب کی ضعیف حدیثوں

کو باب فضائل اور مناقب میں رد کر کے جمہور محدثین کی مخالفت کریں
ایسا ہر گز نہ ہوگا۔ بغض سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم میں ایسی اندھی تقلید تمہیں
مبارک ہو کہ سینکڑوں صحیح و حسن حدیثیں رد ہوتی ہیں تو ہونے دو
پر اپنے بڑے مولوی کی بات کو پیٹھ نہ ہو۔

۳۔ شیخ الاسلام والمسلمین امام اہلسنت مجدد دین وملت اعلیحضرت
مولانا احمد رضا خان علیہ الرحمۃ والغفران کی زبان، اور، طبقہ رابعہ کا بیان
"کسی حدیث کا کتب طبقہ رابعہ سے ہونا موضوعیت بالائے طاق ضعف
شدید درکنار مطلق ضعف کو بھی مستلزم نہیں۔ ان میں حسن صحیح صالح ضعیف
باطل ہر قسم کی حدیثیں ہیں۔ ہاں بوجہ اختلاط و عدم بیان کہ عادت جمہور
محدثین ہے۔ ہر حدیث میں احتمال ضعف قائم۔ لہذا غیر ناقد کو بے مطالعہ
کلمات ناقدین ان سے عقائد و احکام میں احتجاج نہیں پہنچتا۔ قول شاہ
عبد العزیز صاحب ایں احادیث قابل اعتماد نیستند کہ در اثبات عقیدہ یا عملے
بآنہا تمسک کردہ شود، کے یہی معنے ہیں۔ نہ یہ کہ ان کتابوں میں جتنی حدیثیں
ہیں۔ سب واہی ساقط ہیں۔ یا موضوع و باطل اور اصلاً دربارہ فضائل
بھی ایراد و استناد کے ناقابل کوئی ادنی ذی فہم و تمیز بھی ایسا ادعا نہ کریگا
نہ کہ شاہ صاحب سا فاضل۔ ہاں متکلمان طائفہ وہابیہ اپنی جہالتیں جس
کے سر چاہیں دھریں۔

اوّلاً:۔ خود شاہ صاحب اثبات عقیدہ و عمل کا انکار فرما رہے ہیں
اور وہ فضائل اعمال میں تمسک کے منافی نہیں۔ ہم افادہ بائیس (۲۲) میں

روشن کر آئے کہ در بارہ فضائل کسی حدیث سے استناد کسی عقیدہ یا عمل کا اثبات نہیں۔ تو اس بات کو ہمارے مسئلہ سے کیا تعلق[1]۔

ثانیاً :- تصانیف خطیب وابونعیم بھی طبقۂ رابعہ میں ہیں۔ اور شاہ صاحب بستان المحدثین میں امام ابونعیم کی نسبت فرماتے ہیں۔ "از نوادر کتب او کتاب حلیۃ الاولیاء است کہ نظیر آں در اسلام تصنیف نشدہ" (ان کی نادر وعجیب کتابوں میں سے کتاب حلیۃ الاولیاء ایسی نادر کتاب ہے۔ جس کی نظیر اسلام میں نصیب یا "تصنیف" نہیں ہوئی یقول الفیضی وایضافیہ۔ کتاب حلیۃ الاولیا نے ان کی زندگی میں ہی اس قدر شہرت اور رواج حاصل کیا تھا کہ نیشاپور میں اس کا ایک نسخہ چار سو دینار میں خریدا گیا تھا۔ (بستان المحدثین اردو ص۲۴ مطبوعہ نور محمد) اسی[2] میں ہے۔ کتاب اقتضاء العلم والعمل از تصانیف خطیب است۔ بسیار خوب کتابے است در باب خود۔ اسی[3] میں تصانیف امام خطیب کو لکھا۔ التصانیف المفیدۃ التی ھی بضاعۃ المحدثین وعروتھم فی فنھم۔ (فائدہ بخش تصنیفیں کہ فن حدیث میں محدثین کے بضاعت ومحل تمسک ہیں)

---

[1] اسی طرح حدیث ان اللّٰہ قد رفع لی الدنیا سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی یہ فضیلت ثابت کی جاتی ہے کہ حضور نے دنیا ومافیہا دیکھ لیا ہے۔ بالفرض حدیث ضعیف ہی ہو تو ہمارے استناد واستدلال پر کوئی زد نہیں پڑتی ۱۲ فیضی غفرلہ یہ بھی ذہن نشین رہے کہ حدیث ان اللّٰہ قد رفع لی الدنیا کو ابونعیم نے حلیۃ الاولیاء میں روایت کیا جس کی مدح میں شاہ صاحب رطب اللسان ہیں۔ ۱۲ فیضی [2] ص۱۰۵ ۱۲

[3] بستان اردو ص۱۱۵ ۱۲

پھر امام حافظ ابوطاہر سلفی سے ان تصانیف کی مدح جلیل نقل کی۔ سبحان اللہ کہاں شاہ صاحب کا یہ حسن اعتقاد۔ اور کہاں ان کے کلام وہ بیہودہ مراد کہ کتب سراسر مہمل و ناقابل استناد۔

ثالثاً:۔ جناب شاہ صاحب مرحوم کے والد شاہ ولی اللہ صاحب کہ حجۃ البالغہ میں اس تقریر طبقات کے موجد اسی حجت بالغہ میں اسی طبقہ رابعہ کی نسبت لکھتے ہیں۔ اصلح ھذہ الطبقۃ ماکان ضعیفا محتملا[1] یعنی اس طبقہ کی احادیث میں صالح تر وہ حدیثیں ہیں جن میں ضعیف قلیل قابل تحمل ہے۔) ظاہر ہے کہ ضعیف محتمل ادنیٰ انجبار سے خود احکام میں حجت ہو جاتی ہے۔ اور فضائل میں تو بالاجماع تنہا ہی مقبول وکافی ہے۔ پھر یہ حکم بھی بلحاظ انفراد ہوگا۔ ورنہ ان میں بہت احادیث منجبرہ حسان ملیں گی۔ اور عند التحقیق یہ بھی باعتبار غالب ہو ورنہ فی الواقع ان میں صحاح حسان سب کچھ ہیں۔ کما ستسمع بعونہ تعالیٰ۔

رابعاً:۔ یہی شاہ صاحب قرۃ العینین[2] فی تفضیل الشیخین میں لکھتے ہیں۔ چوں نوبت علم حدیث بطبقۂ دیلمی و خطیب و ابن عساکر رسید۔ ایں عزیزاں دیدند کہ احادیث صحاح و حسان را متقدمین مضبوط کردہ اند۔ پس مائل شدند بجمع احادیث ضعیفہ و مقلوبہ کہ سلف آنرا دیدہ و دانستہ

---

[1] حجۃ اللہ ج ۱ ص ۱۳۵ مطبوعہ منیریہ دمشق ۱۲ فیضی [2] قسم دوم از فصل دوم در شبہات وراقان (کاتباں) ص ۲۸۲/۲۸۳ مطبوعہ مجتبائی دہلی ۱۲ الفیضی۔

گذاشتہ بودند وغرض ایشاں ازیں جمع آں بود کہ بعد جمع حفاظ محدثین
دراں احادیث تامل کنند وموضوعات را از حسان لغیرہا[1] ممتاز نمایند
چنانچہ اصحاب مسانید طرق احادیث جمع کردند کہ حفاظ صحاح وحسان
وضعیف از یکدیگر ممتاز سازند۔ ظن ہر دو فریق را خدا تعالیٰ محقق ساخت
بخاری ومسلم وترمذی وحاکم تمیز احادیث وحکم بصحت وحسن ومتاخراں
دراحادیث خطیب وطبقۂ او تصرف نمودند ابن جوزی موضوعات را مجرد
ساخت۔ ومنہا وی در مقاصد حسنہ حسان لغیرہا از ضعاف ومناکیر
ممیز نمود خطیب وطبقۂ او در مقدمات کتب خود باین مقاصد تصریح نمودہ اند
جزاہم اللہ تعالیٰ عن امۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خیرا
اھ ملتقطاً۔ دیکھو کیسی صریح تصریح ہے۔ کہ کتب طبقۂ رابعہ میں نہ
صرف ضعیف محتمل بلکہ حسان بھی موجود ہیں۔ اگرچہ لغیرہا کر وہ بھی بلاشبہ

---

[1] حافظ ابن حجر ایک روایت ابن عساکر (جو طبقۂ رابعہ سے ہے) کے متعلق فرماتے ہیں۔
"سندہ حسن" مرقات ج ۲ ص ۷۔ قال القاری تحت حدیث صلوۃ قال السخاوی ورواہ ابن
زنجویہ فی ترغیبہ باسناد حسن۔ مرقات ج ۲ ص ۔ ونحوہ فی المرقات ج ۲ ص ۱۱
وبہامش جلاء الافہام ص ۵۲ لابن القیم الجوزیۃ۔ مفسر ابن کثیر۔ ابن جریر (جو بقول شاہ صاحب
طبقۂ رابعہ سے ہے۔) کی ایک روایت کے متعلق کہا "حسن" تفسیر ابن کثیر ج ۴ ص ۵۱۱ نیز اسی
صفحہ پر ابن عساکر کی روایت بھی منقول ہے۔ وغیر ذلک لا تعد ولا تحصی العاقل
تکفیہ الاشارۃ ۱۲ فیضی عفی عنہ

خود احکام میں حجت۔ نہ کہ فضائل۔

خامساً:۔ انہیں شاہ صاحب نے اسی حجت میں سنن ابی داؤد وترمذی ونسائی کو طبقہ ثانیہ اور مصنف عبدالرزاق والوبکر بن ابی شیبہ وتصانیف ابی داؤد طیالسی وبیہقی وطبرانی کو طبقہ ثالثہ اور کتب ابونعیم[۱] کو طبقہ رابعہ میں گنا۔ امام جلیل جلال سیوطی خطبہ جمع الجوامع میں فرماتے ہیں رمزت للبخاری (خ) والمسلم (م) ولابن حبان (حب) وللحاکم فی المستدرک (ک[۲]) وللضیا فی المختارہ (ض) وجمیع ما فی ہذہ الکتب الخمسۃ صحیح.... سوی ما فی المستدرک من المتعقب فانبہ علیہ (وکذا ما فی موطا مالک وصحیح ابن خزیمۃ وابی عوانۃ وابن السکن والمنتقی لابن الجارود والمستخرجات فالعزو الیہا معلم بالصحۃ ایضاً) ورمزت لابی داؤد (د).... وللترمذی (ت).... وللنسائی (ن) ولابن ماجہ (ہ) ولابی داؤد الطیالسی (ط)

---

[۱] اور شاہ عبدالعزیز صاحب نے تو تصانیف حاکم کو بھی طبقہ رابعہ میں گنا ہے۔ (عجالہ صہ) ۱۲ ف

[۲] اور شاہ عبدالعزیز صاحب نے تو صحیح ابن حبان اور مستدرک حاکم کو بھی طبقہ ثالثہ سے شمار کیا حالانکہ ان کی سب حدیثیں صحیح ہیں عندہما وعند بعض المحدثین۔ اور ابن تیمیہ مشدد کے شاگرد ذہبی نے مستدرک کی بعض حدیثوں کا تعاقب کیا۔ اور کئی ان کے ہمنوا ہوئے

وقال بعض العلماء کل ما فی المستدرک اما صحیح واما حسن ولا ینزل عن درجۃ الحسن

"کوثر النبی صہ" ۱۲ ف

ولاحمد (حم) ولزیادات ابنہ .... (عم) ولعبدالرزاق (عب) ولسعید بن منصور (ص) ولابن ابی شیبہ (ش) ولابی یعلی (ع) وللطبرانی فی الکبیر (طب) وفی الاوسط (طس) وفی الصغیر (طص) (وللدارقطنی (قط) .... ولابی نعیم فی الحلیۃ (حل) وللبیہقی (ق) ولہ فی شعب الایمان (ہب) وہذہ فیہا الصحیح والحسن والضعیف فابینہ غالباً اھ مختصراً۔

دیکھو امام خاتم الحفاظ نے طبقات ثانیہ وثالثہ ورابعہ سب کو ایک ہی نسق میں گنا اور سب پر یہی حکم فرمایا کہ ان میں صحیح حسن ضعیف سب کچھ ہے

سادساً:۔ خود جناب شاہ صاحب کی تصانیف تفسیر عزیزی وتحفہ اثنا عشریہ وغیرہما میں جابجا طبقہ رابعہ سے بلکہ ان سے بھی اتر کر استناد موجود۔ اب یا تو شاہ صاحب معاذ اللہ خود کلام اپنا نہ سمجھتے۔ یا یہ

لہ کنز العمال ج ۱ ص ۲ والفتح الکبیر ج ۱ ص ۵ ۱۲ ف

ع شاہ عبدالعزیز صاحب کی کتاب عزیز الاقتباس اور طبقہ رابعہ سے استناد۔ رواہ الفردوس الدیلمی ص ۳ کتاب مذکور۔ رواہ ابونعیم ص ۲۔ رواہ ابونعیم ص ۳۔ رواہ الحکیم الترمذی ص ۴ رواہ ابن عساکر ص ۹۔ رواہ الحاکم ص ۱۰۔ رواہ ابن عساکر ص ۱۰۔ رواہ ابن عساکر ص ۱۴۔ رواہ ابن عساکر ص ۱۵۔ رواہ ابن عساکر ص ۱۵۔ رواہ ابن عساکر ص ۱۸ اس روایت کے ماتحت فرماتے ہیں۔ ازیں حدیث مستفاد گشت کہ دوستی چہار یار از ایمان است وترک محبت ایشاں علامت صریح نفاق ص ۱۸۔ ابن عساکر ص ۲۱۔ ابن عدی۔ فردوس ص ۲۹

فللّٰہ الحمد کتبہ الفیضی عفی عنہ ۱۲

سفہاناحق تحریف معنوی کرکے احادیث طبقۂ رابعہ کو مہمل و معطل ٹھہرانا ان کے سر کئے دیتے ہیں (فقیر فیضی کہتا ہے کہ پھر آگے اعلیحضرت مجدد بریلوی نے شاہ عبدالعزیز صاحب کی تفسیر عزیزی اور تحفہ سے تمثیلاً چند نقلیں پیش کی ہیں۔ کہ جن سے واضح کہ شاہ صاحب نے ابن عساکر، ابوالشیخ، ابن مردویہ، دیلمی، ثعلبی، ابن النجار، ابن حمید خطیب بغدادی، مدارج نبوت کتاب الوفا بیہقی، شروح مشکوٰۃ، شرح مشکوٰۃ للشیخ المحقق ریاض النضرۃ بیہقی، ابن السمان سے روایتیں نقل کرکے ان سے استناد کیا جو اس کی تفصیل دیکھنا چاہے وہاں دیکھ لے)... اس[1] طبقہ والوں کی احادیث متروکہ سلف کو جمع کرنے کے معنی اسی قدر ہیں کہ جن احادیث کے ایراد سے انہوں نے احتراز کیا۔ انہوں نے درج کیں نہ یہ کہ انہوں نے جو کچھ لکھا۔

---

[1] اعلیحضرت کا یہ کلام شاہ عبدالعزیز صاحب کے اس کلام کو حل کر رہا ہے۔ شاہ صاحب طبقہ رابعہ کے متعلق رقمطراز ہیں "طبقہ رابعہ" احادیثے کہ نام ونشان آنہا در قرون سابقہ معلوم نبود و متاخراں آنرا روایت کردہ اند پس حال آنہا از دو شق خالی نیست (فیہ ما فیہ) یا سلف تفحص کردند و آنہا را اصلے نیافتہ اند تا مشغول بروایت آنہا مے شدند یا یافتند و دراں قدحے و علتے دیدند کہ باعث شد ہمہ آنہا را بر ترک روایت آنہا اھ (عجالہ صک) پھر آگے شاہ صاحب عدم اعتماد والا دعوی اسی بنیاد پر متفرع کرتے ہیں۔ محققین ناظرین شاہ صاحب کے اس کلام کے ساتھ اگلے حوالے بغور ملاحظہ فرماویں اور خود انصاف فرماویں۔ قال الشیخ عبدالقادر الشاذلی تلمیذ المصنف (یعنی السیوطی) فی دیباجۃ کتابہ خلاوۃ المجامع انہ سمع المصنف (یعنی السیوطی) (حاشیہ باقی ص۶۱۴ پر)

سب متروک سلف ہے مجرد عدم ذکر کو اس معنی پر حمل کرنا کہ ناقص سمجھ کر بالقصد ترک کیا ہے ۔ محض جہالت ہے ۔ ورنہ افراد بخاری متروکات مسلم ہوں

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) یقول اکثر ما یوجد علی وجہ الارض من الاحادیث النبویۃ القولیۃ والفعلیۃ مائتا الف حدیث ونیف فجمع المصنف منہا مائۃ الف حدیث فی ھذا الکتاب یعنی الجامع الکبیر واخترمتہ المنیۃ ولم یکملہ اھ (الفتح الکبیر ج ۱ ص ۶ مطبوعہ مصر) وقال النبہانی " واخبر (السیوطی) عن نفسہ انہ یحفظ مائتی الف حدیث قال ولو وجدت اکثر لحفظتہ قال ولعلہ لا یوجد علی وجہ الارض الآن اکثر من ذلک اھ" (الفتح الکبیر ج ۱ ص ک مطبوعہ مصر) وقال الامام عبد الرؤف المناوی (المتوفی سنہ ۱۰۳۱ھ) تحت قول السیوطی " لانہ (ای ان الجامع الصغیر) مقتضب من الکتاب الکبیر الذی سمیتہ بجمع الجوامع وقصدت فیہ جمع الاحادیث النبویۃ باسرھا (انتہی قول السیوطی) وھذا بحسب ما اطلع علیہ المؤلف (السیوطی) لا باعتبار نفس الامر لتعذر الاحاطۃ بہا وانافتہا علی ما جمعہ الجامع المذکور لو تم وقد اخترمتہ المنیۃ قبل اتمامہ ۔ وفی تاریخ ابن عساکر عن احمد صح من الحدیث سبعمائۃ الف (سات لاکھ) وکسر (الکسر ھو عدد الذی یکون اقل من واحد کالثلث والربع ویقابلہ الصحیح) وقال ابوزرعۃ کان احمد یحفظ الف الف (دس لاکھ) حدیث (مرقات ج ۱ ص ۲ ۔ مقدمۃ الترغیب للمنذری ج ۱ ص ۱ک ۔ زرقانی علی المواہب ج ۱ ص ۲ ۔ الرسالۃ المستطرفۃ ص ۱ک) یہ بھی ملحوظ خاطر رہے کہ ایسے حافظہ والے امام نے اپنی مسند میں درج کتنا کیں ۔ سنو ۔ قال المناوی " قال ابن المدینی ۔ مسند لہ وھو (باقی بر صفحہ آئندہ)

اور افراد مسلم متروکات بخاری اور ہر کتاب متاخر کی وہ حدیث کہ تصانیف سابقہ میں نہ پائی گئی۔ تمام سلف کی متروک مانی جائے۔ مصنفین میں کسی کو دعویٰ استیعاب نہ تھا۔ امام بخاری کو ایک لاکھ احادیث

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ)

نحو اربعین الفا اصل من اصول الاسلام اھ فیض القدیر ج ۱ ص ۲۹ مطبوعہ مصر۔ قال القاری (المتوفی ۱۰۱۴ھ) فانہ (ای ان مسند احمد) اکبر المسانید واحسنها فانہ لم یدخل فیہ الا ما یحتج بہ مع کونہ اختصرہ من اکثر من سبعمائۃ الف حدیث وخمسین الفاً اھ مرقاۃ شرح مشکوۃ ج ۱ ص ۱۱ مطبوعہ مصر۔ شیخ عبد الحق محدث دہلوی میفرمایند "دراں مسند زیادہ از سی ہزار حدیث جمع کردہ گفتہ ایں مسند را انتخاب کردہ ام زیادہ از ہفت صد و پنجاہ ہزار حدیث اھ اشعۃ اللمعات ج ۱ ص ۱۶/۱۷۔ وفی مقدمۃ الترغیب والترھیب للمنذری ج ۱ ص ۱۱۔ تحت عنوان ترجمۃ الامام احمد رضی اللہ عنہ" حفظ الف الف حدیث تنخل منہا اربعین الفا ونیفا۔ فدونہا فی کتابہ المسند" اھ وقال الکتانی فی الرسالۃ المستطرفۃ ص ۱۸۔ وقد اشتہر عند کثیر من الناس انہ اربعون الف حدیث .... وکذا صرح بذلک الحافظ شمس الدین محمد بن علی الحسینی فی التذکرۃ فقال عدۃ احادیثہ اربعون الفا بالمکرر، وقال ابن المنادی انہ ثلاثون الفاً والاعتماد علی قولہ دون غیرہ۔ وقد انتقاہ (ای المسند) من اکثر من سبعمائۃ الف وخمسین الف حدیث، ولم یدخل فیہ الا ما یحتج بہ عندہ۔ اھ۔ خود شاہ عبد العزیز کی زبانی سنئے "مشہور ہے کہ مسند میں اصل سے تیس ہزار حدیثیں ہیں اور جب ان کے بیٹے عبد اللہ کی زیادات (باقی برصفحہ آئندہ)

صحیح حفظ تھیں۔ صحیح بخاری میں کل چار ہزار بلکہ اس سے بھی کم ہیں۔
(فتح الباری) ۔

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ ۱۔ کو ملا لیا جائے تو چالیس ہزار حدیثیں ہوتی ہیں لیکن بعض محدثین نے اپنے شیوخ اور بعض ثقات سے یہ نقل کیا ہے کل تیس ہزار حدیثیں ہیں واللہ اعلم۔۔۔ امام احمد جب اس مسند کے مسودہ سے فارغ ہوگئے۔ تو انہوں نے اپنی تمام اولاد کو جمع کیا اور ان کو یہ مسند سنا کر فرمایا کہ "یہ وہ کتاب ہے جس کو میں نے جمع کیا ہے۔ اور سات لاکھ پچاس ہزار روایتوں سے انتخاب کیا ہے۔ اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیثوں میں سے کسی حدیث میں مسلمانوں کا اختلاف ہو تو وہ اپنا مرجع اور معیار اس کتاب کو بنائیں اگر اس کتاب میں اس کی اصل پائیں تو فبہا ورنہ اس کو غیر معتبر خیال کریں۔ راقم الحروف (شاہ صاحب) کہتا ہے کہ اس سے مراد وہی احادیث ہیں جو درجہ شہرت یا تواتر معنی کو نہیں پہنچیں ورنہ ایسی احادیث مشہور بہت ہیں۔ جو مسند میں نہیں ہیں۔ اھ بستان المحدثین ص $\frac{۵۲}{۵۴}$۔ الآن نشرع فی نقل کلام المناوی فاقم التسلسل) وقال البخاری احفظ مائۃ الف حدیث صحیح و مائتی الف حدیث غیر صحیح وقال مسلم صنفت الصحیح من ثلاث مائۃ الف حدیث الی غیر ذلک۔ انتہی کلام المناوی۔ فیض القدیر ج ۱ ص ۲۳۔ شاہ عبد العزیز صاحب دہلوی (متوفی ۱۲۳۹ھ) کی بات تو سنی اب شاہ عبدالعزیز صاحب پرہاروی متوفی ۱۲۳۹ھ صاحب نبراس کی بات بھی سنیں۔ رحمہما اللہ تعالیٰ۔ قال ابن الجوزی حصر الاحادیث بعید عن الامکان۔۔۔ وقال الامام احمد صح من الاحادیث سبع مائۃ الف وکسر وقال جمعت المسند من اکثر من سبع مائۃ الف وخمسین الف (باقی بر صفحہ آئندہ)

ثامناً:۔ شاہ صاحب (بستان المحدثین میں) فرماتے ہیں۔ لہذا علمائے حدیث قرار دادہ اند کہ بر مستدرک حاکم اعتماد نباید کرد مگر بعد از دیدن تلخیص ذہبی۔ (اس عبارت) سے ظاہر ہوا۔ کہ وجہ بے اعتمادی یہی اختلاط صحیح وضعیف ہے

(حاشیہ بقیہ صفحہ گزشتہ) وقال البخاری احفظ من الصحاح مائۃ الف ومن غیرھا مائتے الف ولعلہ اراد ما صح علی شرطہ وقال اخرجت الصحیح من نحو ست مائۃ الف حدیث .... لکنہا لم تکتب فضاعت بموت العلماء وقال ابو المکارم المتون الموجودۃ الیوم تبلغ مائۃ الف" اھ ملتقطا، کوثر النبی ص۱۳۔ شیخ عبدالحق محقق محدث دہلوی (متوفی ۱۰۵۲ھ) رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ الاحادیث الصحیحۃ لم تنحصر فی صحیحی البخاری ومسلم ولم یستوعبا الصحاح کلہا بل ھما منحصران فی الصحاح والصحاح التی عندھما وعلی شرطہما ایضا لم یوردھا فی کتابیہما فضلا عما عند غیرھما قال البخاری ما اوردت فی کتابی ھذا الا ما صح ولقد ترکت کثیرا من الصحاح وقال مسلم الذی اوردت فی ھذا الکتاب من الاحادیث صحیح ولا اقول ان ما ترکت ضعیف" مقدمہ للشیخ المحقق فی اصول الحدیث ص"، واشعۃ اللمعات ج ا ص۔ ونحوہ فی مقدمۃ صحیح البخاری لمولانا احمد علی سہارنفوری ج ا ص۔ سات لاکھ سے بھی زیادہ صحیح حدیث امام احمد کی نظر میں تھی۔ اور ایک لاکھ صحیح حدیث امام بخاری اور بخری کی نظر میں تھی۔ اور طبقہ اولیٰ وثانیہ وثالثہ کی سب حدیثوں کو جمع کرو جنہیں صحیح وحسن ضعیف کو بھی بے شک ان سے جمع کرتے آؤ پھر بھی ایک لاکھ حدیث مشکل ہوں گی۔ تو اب یہ کہنا کس حد تک درست ہوگا کہ طبقہ ثالثہ تک حدیثوں کا ذکر نہ ہونا ان محدثین سابقین کے عدم علم یا وجود قدح پہ مبنی ہے۔ فتدبر۔ ۱۲ الفیضی غفرلہ؛

اگرچہ اکثر صحیح ہی ہوں جیسے مستدرک جس میں تین ربع کتاب کی قدر احادیث
صحیحہ ہیں۔ نہ کہ سب کا ضعیف ہونا چہ جائے ضعف شدید یا بطلان محض
کے کوئی جاہل بھی اس کا ادعا نہ کرے گا اور اس بے اعتمادی کے یہی معنی
اگر خود لیاقت نقد رکھتا ہو آپ پرکھے ورنہ کلام ناقدین کی طرف رجوع کرے
...... اب انصافاً یہ حکم نہ صرف کتب طبقہ رابعہ بلکہ ثانیہ ثالثہ سب پر
ہے۔ کہ جب منشا اختلاط صحیح وضعیف ہے۔ اور وہ سب میں قائم تو
یہی حکم سب پر لازم ...... بالجملہ حق یہ کہ مدار اسناد نظر و انتقاد یا تحقیق
نقاد پر ہے نہ فلاں کتاب میں ہونے۔ فلاں میں نہ ہونے پر۔ انتہی کلام
الامام المجدد البریلوی ملخصاً منیر العین فی حکم تقبیل الابہامین۔
متضمن رسالہ۔ الہاد الکاف فی حکم الضعاف افادہ ۲۴ از ص ۲۸ تا ص ۹۴

کلک رضا ہے خنجر خونخوار برق بار
اعدا سے کہہ دو خیر منائیں نہ شر کریں

ما سعیی فی ھذہ الاجوبۃ الا لحفظ عرض و منقبۃ سیدنا و شفیعنا
محمد صلی اللہ علیہ وسلم لانال شفاعتہ علیہ الصلوٰۃ والسلام
ولنعم ما قال حسان علیہ الرضوان من الرحمٰن۔

ھجوتَ محمّداً فاجبتُ فیہ ✿ وعند اللہ فی ذاک الجزاء
فان ابی و والدتی و عرضی ✿ لعرض محمد منکم وقاء

اب آخر میں اصح الکتب بعد کتاب اللہ یعنی صحیح بخاری (کما یقولون)
کی ایک حدیث دیکھیں جس سے مسئلہ قدرت و تصرف، اور مسئلہ

روئیت اور مسئلہ سمع پر خاص روشنی پڑتی ہے۔

ع شاید کہ اتر جائے تیرے دل میں میری بات

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ

ان اللہ تعالیٰ قال من عادی ولیا فقد آذنتہ بالحرب وما تقرب الی عبدی بشئ احب الی مما افترضت علیہ ولا یزال عبدی یتقرب الی بالنوافل حتی احبتہ فاذا احببتہ فکنت سمعہ الذی یسمع بہ وبصرہ الذی یبصر بہ ویدہ التی یبطش بہا ورجلہ التی یمشی بہا وان سألنی

بیشک اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جس نے میرے ولی سے دشمنی کی میں نے اس کو اعلان جنگ فرمادیا اور جن چیزوں کے ذریعہ بندہ مجھ سے نزدیک ہوتا ہے ان میں سب سے زیادہ محبوب چیز میرے نزدیک فرائض ہیں اور میرا بندہ نوافل کے ذریعہ میری طرف ہمیشہ نزدیکی حاصل کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں اسے اپنا محبوب بنالیتا ہوں تو جب میں اسے اپنا محبوب بنالیتا ہوں تو میں اس کے وہ کان ہو جاتا ہوں جن سے وہ سنتا ہے اور اس کی وہ آنکھیں ہو جاتا ہوں جن سے وہ دیکھتا ہے اور اس کے وہ ہاتھ

م ن

لاعطینه ولئن
استاذنی لاعیذنه
وما ترددت
عن شیٔ
انا فاعله
ترددی عن
نفس المومن
یکره الموت
وانا اکره
مسائته
ولابد له
منه

ہوجاتا ہوں جن سے وہ پکڑتا ہے
اور اسکے وہ پاؤں ہوجاتا ہوں جن سے وہ
چلتا ہے اور اگر وہ مجھ سے (جو) کچھ مانگتا ہے
تو میں اسے ضرور ضرور دیتا ہوں اور اگر وہ
مجھ سے پناہ طلب کرتا ہے تو میں اسے ضرور
ضرور ضرور پناہ دیتا ہوں۔ جس چیز کو
میں کرنیوالا ہوتا ہوں اس میں توقف
اور تردد نہیں کرتا جیسا کہ نفس مومن
کے قبض کرنے میں تردد کرتا ہوں۔ وہ
مومن بحکم طبیعت موت کو مکروہ سمجھتا ہے
اور میں اسکی غمگینی کو ناخوش سمجھتا ہوں
حالانکہ موت سے اس کو چارہ نہیں۔

رواہ البخاری (فی صحیحہ ج۲ ص۹۶۳)
مشکوٰۃ شریف باب ذکر اللہ عزوجل والتقرب الیہ فصل اول ص۱۹۷
الجامع الصغیر للسیوطی ج۱ ص۷۱ مطبوعہ مطبعۃ مصطفی البابی الحلبی
بمصر ۱۳۵۸ھ۔ وقال السیوطی فی التوشیح رقع فی روایۃ "بی یسمع
وبی یبصر وبی یبطش وبی یمشی" زاد احمد من حدیث عائشۃ"
وفوادہ الذی یعقل بہ ولسانہ الذی یتکلم بہ" انتہی۔ حاشیہ
صحیح بخاری ج۲ ص۹۶۳ -

امام فخر الدین رازی (متوفی سنہ ۶۰۶ھ) اسی حدیث شریف کی یوں تشریح فرماتے ہیں۔

العبد اذا واظب علی الطاعات بلغ الی المقام الذی یقول اللہ کنت لہ سمعا وبصراً فاذا صار نور جلال اللہ سمعا لہ سمع القریب والبعید واذا صار ذلک النور بصرا لہ رای القریب والبعید واذا صار ذلک النور یدا لہ قدر علی التصرف فی الصعب والسہل والبعید والقریب اھ

جب کوئی بندہ نیکیوں پر ہمیشگی کرتا ہے تو اس مقام تک پہنچ جاتا ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے کنت لہ سمعا وبصرا فرمایا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کے جلال کا نور اس (ولی) کے کان بن جاتا ہے تو وہ دور ونزدیک کی آوازوں کو سنتا ہے اور جب یہی نور اس (ولی) کی آنکھیں ہو گیا تو وہ دور ونزدیک کی چیزوں کو دیکھتا ہے اور جب یہی نور جلال اس (ولی) کا ہاتھ ہو جاتا ہے تو یہ ولی مشکل اور آسان دور اور قریب چیزوں میں تصرف کرنے پر قادر ہوتا ہے۔

تفسیر کبیر ج ۵ ص ۶۸۸، ۶۸۹ مطبوعہ مصر تحت آیت "ام حسبت ان اصحاب الکھف والرقیم"

جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خدام، اولیاء کرام، کی یہ شان ہے،

تو حضور سید الانام امام الانبیاء سید المرسلین محبوب رب العالمین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تصرف و قدرت اور آپ کے کان مبارک کی قوت سمع اور آپ کی مبارک آنکھوں کی طاقت کا کیا کہنا کونسی آواز ان کے کانوں سے پوشیدہ ہے اور کونسی چیز ان کی نظر مبارک سے مخفی ہے۔

ہے

دور و نزدیک کے سننے والے وہ کان
کان لعل کرامت پہ لاکھوں سلام
ناظر خلق و خالق پہ لاکھوں درود!
ایسی بصر و بصارت پہ لاکھوں سلام

(صلی اللہ علیہ وسلم)

(اقوال آئمہ کرام وعبارات علماء عظام دربارہ حاضر و ناظر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم)

(۱) شیخ المحدثین سند المحققین حضرت شاہ عبد الحق محدث محقق دہلوی حنفی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

وباچندیں اختلافات وکثرت مذاہب کہ در علمائے امت ست یک کس رادریں مسئلہ خلافے[1] نیست کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بحقیقت حیات بے شائبہ مجاز وتوہم وتاویل دائم وباقی ست

علمائے امت میں اتنا اختلافات اور کثرت مذاہب کے باوجود کسی ایک کو اس مسئلہ میں خلاف نہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بغیر شائبہ مجاز اور توہم وتاویل کے حقیقی حیات سے دائم اور باقی ہیں۔

[1] الفرق بین الخلاف والاختلاف الاختلاف یکون من الجانبین والخلاف یکون من الجانب الواحد وقد یکون الخلاف بمعنی الاختلاف وقیل الاختلاف تباین الطریق والمقاصد کلیھما والخلاف تباین الطریق مع اتحاد المقاصد، واللہ اعلم، فائدہ جلیلۃ ص۱۲۳ء وقال السید الشریف الجرجانی فی التعریفات ص۹۰ الخلاف منازعۃ تجری بین المتعارضین لتحقیق حق اولابطال باطل" ۱۲ الفیضی غفرلہ

وبر اعمال امت حاضر وناظر ومر طالبان حقیقت را ومتوجہان آنحضرت را مفیض ومربی ست مکاتیب ورسائل شیخ محقق علی ہامش اخبار الاخیار ص ۱۵۵ مطبوعہ مجتبائی دہلی	اور امت کے اعمال پر حاضر وناظر ہیں اور طالبان حقیقت کیلئے اور ان کے لیے جو حضور کی طرف متوجہ ہونے والے ہیں فیض دینے والے اور تربیت فرمانے والے ہیں۔

(۲) نیز شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں۔ اور علامہ نبہانی شیخ عمر نوتی سے ناقل اور وہ قطب محمد بن عبدالکریم السمان سے ناقل۔

فقی حال ذکرک له صلے اللہ علیه وسلم تصور کانک بین یدیه متادبا بالاجلال والتعظیم والهیبة والحیاء فانه یراک ویسمعک کلما ذکرته لانه متصف	ذکر کن او را و درود بفرست بروے صلی اللہ علیہ وسلم وباش درحال ذکر گویا حاضر ست درحالت حیات و مے بینی تو اور امتادب باجلال وتعظیم وہیبت وحیا بدانکہ وے صلی اللہ علیہ وسلم مے بیند و مے شنود کلام ترا زیرا کہ وے متصف ست	یعنی اے مخاطب حضور کا ذکر کر اور آپ پر درود شریف بھیج اور آپکے ذکر کے وقت یہ تصور باندھ کہ حضور حالت حیات سے تیرے سامنے حاضر ہیں اور تو انہیں دیکھ رہا ہے اور آپ کے ذکر کے وقت اجلال تعظیم اور ہیبت وحیا سے متادب بیٹھنا اور جاننا

لہ ونیز ایں شیخ در جمع البرکات گفتہ است "وے علیہ السلام براحوال واعمال امت مطلع است برمقربان وخاصان درگاہ خود مفیض وحاضر وناظر است" ۱۲

بصفات اللہ	بصفات اللہ تعالیٰ	چاہیئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تجھے
وھو سبحانہ	و یکے از صفات	دیکھتے ہیں اور تیرا کلام سنتے ہیں
جلیس	الٰہی آن ست کہ	اسلئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی صفات سے
من ذکرہ	انا جلیس	متصف ہیں اور صفات الٰہیہ میں سے
سعادت	من ذکرنی	ایک صفت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ
دارین ص ۵۴	مدارج النبوت	حدیث قدسی میں فرماتا ہے کہ جو
مطبوعہ مصر	ج ۲ ص ۶۲۱	مجھے یاد کرے میں اسکا ہمنشین ہوں

(۳) نیز شیخ محقق پیاری نصیحت فرماتے ہیں۔ رحمۃ اللہ علیہ۔
وصیت مے کنم ترا اے برادر بدوام ملاحظہ صورت و معنی او صلی اللہ علیہ وسلم اگرچہ باشی متکلف و مستحضر پس نزدیک است کہ الفت گیرد روح تو بوے پس حاضر آید ترا وے صلی اللہ علیہ وسلم عیانا و یابی اورا و حدیث کنی باوے وجواب دہد ترا وے و چوں حدیث گوید با تو خطاب کند ترا فائز شوی بدرجہ صحابۂ عظام و لاحق شوی بایشاں انشاء اللہ تعالےٰ۔ (مدارج النبوت ج ۲ ص ۶۲۳)

(۴) شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

پس باید کہ بندہ ہمچناں کہ حق سبحانہ	پس چاہیئے کہ بندہ جس طرح حق
وتعالیٰ را پیوستہ بر جمیع احوال خود ظاہراً	تعالیٰ کو ہر حال میں ظاہر و باطن طور
و باطناً واقف و مطلع بیند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	پر واقف جانتا ہے۔ اسی طرح حضور
را نیز (بر) ظاہر و باطن خود مطلع	علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بھی اپنے ظاہر

عہ دلنم ماتیں سرفراز حقیقت میں سرفساد ہے۔ کہ اس کے سر میں تکبر اساد ہے

وحاضر داند ۔	وظاہر پر مطلع اور حاضر جانے

(مصباح الہدایت ترجمہ عوارف ص ۱۶۵)

(۵) شفا شریف قسم ثانی باب رابع فصل ۲ ج ۲ ص ۵۷ مطبوعہ مصر پر ہے

ان لم یکن فی البیت احد فقل السلام علی النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ	جب گھر میں کوئی نہ ہو تو تم کہو نبی پر سلام ہوں اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں ۔

اس کے ماتحت علامہ علی قاری حنفی شرح شفا میں فرماتے ہیں ۔

لانّ [ف] روحہ علیہ الصلوٰۃ والسلام حاضرۃ فی بیوت اھل الاسلام	کیونکہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی روح مبارک مسلمانوں کے گھروں میں حاضر ہوتی ہے

[ف] بعض یہودی صفت محرفین زمانہ کا یہ کہنا کہ یہاں لا چھوٹ گیا یہ بالکل باطل اور غلط ہے ۔

(۱) یہ دعویٰ بلا دلیل ہے صفحہ۔ اور مطبع کا حوالہ نہیں بخلاف اس کے ہم نے طبع اولیٰ کا حوالہ پیش کیا ہے ؂

(۲) بالفرض کہیں ایسا محرف نسخہ ہو بھی تو وہ یقیناً محرف ہے کیونکہ دشمنان محبوب خدا کا ہمیشہ یہی دستور رہا ہے کہ وہ عبارات میں تحریف کرتے رہے ہیں ۔ اور تحریف کر رہے ہیں ۔ یحرفون الکلم عن مواضعہ ۔ تھانوی صاحب نے لفظ حدیث صوتہ کو بلا سند صرف بزعم خویش صلوٰتہ کہا ۔ شرح عقائد اخبار الاخیار ۔ تفسیر مظہری ۔ تفسیر روح المعانی وغیرہا کتب کثیرہ کی طباعت میں ان لوگوں نے تحریفیں کی ہیں ۔ مزید معلومات کے لئے دیکھو "سیف المصطفےٰ" ترجمۂ قرآن کنز الایمان وتفسیر خزائن العرفان مطبوعہ تاج کمپنی اس زمانہ میں تحریف کی زندہ مثال ہے ۔ ذوق سلیم والا اعرابی دان جانتا ہے کہ اس لا سے قبل یا بعد میں بل سے علت وجہ سلام نہ بتانا اس لا کے غلط ہونے پر روشن دلیل ہے ۔ فافہم ۔ وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون ۱۲ فیضی عفی عنہ

ج باقی رہا یحییٰ و گنگوہی کا دعویٰ تو وہ بھی بلا دلیل ہے اور بے بنیاد ہے ۔ اٹھا کر پھینک دو باہر گلی میں ۔ ملا چور موذن گواہ واہ رے واہ ۱۲ ف

شرح شفا للقاری علی ہامش نسیم الریاض الباب الرابع من القسم الثانی۔ فصل فی المواطن التی یستحب الصلاۃ والسلام علی رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام ج ۳ ص ۴۶۴ ۔ الطبعۃ الاولیٰ بالمطبعۃ الازہریۃ المصریۃ ۱۳۲۶ھ

(۶) امام محمد ابن الحاج مکی اور امام قسطلانی متناً اور علامہ زرقانی شرحاً فرماتے ہیں ۔

لا فرق بین موتہ وحیاتہ صلی اللہ علیہ وسلم فی مشاهدتہ لامتہ[1] ومعرفتہ باحوالهم ونیاتهم وعزائمهم وخواطرهم وذلك عندہ جلی لاخفاء بہ

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زندگی اور وفات میں کوئی فرق نہیں اس بارہ میں کہ آپ امت کو دیکھتے ہیں اور انکے حالات و نیات اور ارادے اور دل کی باتوں کو جانتے ہیں۔ یہ سب چیزیں آپ پہ ظاہر ہیں ان میں پوشیدگی نہیں

فان قلت هذہ الصفات مختصۃ باللہ تعالیٰ فالجواب ان من انتقل الی عالم البرزخ من المومنین الکاملین یعلم احوال الاحیاء غالباً اھ۔ مدخل ص ۳۵ ۔ مواهب اللدنیہ ج ۲ ص ۳۸۷ زرقانی ج ۸

حدیثوں میں آیا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جب مسجد میں داخل ہوتے اپنے آپ پر صلوٰۃ وسلام بھیجتے ۔ نیز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جب تم مسجدوں میں داخل ہوا کرو یا مسجدوں سے گذرا کرو تو

[1] وقال علیہ الصلوٰۃ والسلام " ارسلت الی الخلق کافۃ ۔ رواہ مسلم ۱۲ منہ

مجھ پر صلوٰۃ وسلام بھیجا کرو۔ نیز صحابہ وتابعین جب مساجد میں داخل ہوتے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر صلوٰۃ وسلام بھیجتے ان حدیثوں کے رواۃ یہ ہیں۔ سیدہ فاطمہ۔ مولیٰ علی۔ ابو حمید۔ ابو سعید۔ ابن عمر انس۔ ابوہریرہ وغیرہ۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ اور اس حکم پر عامل اور اس کے قائل یہ ہیں۔ عبد اللہ بن سلام۔ ابو درداء۔ کعب احبار۔ علقمہ بن قیس۔ محمد بن سیرین قال کان الناس یقولون۔ ابراہیم وغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

ان احادیث کے مخرجین یہ ہیں۔ اسماعیل القاضی۔ احمد۔ الترمذی۔ ابن بشکوال۔ الطبرانی۔ البیہقی فی الدعا۔ ابو عوانہ فی صحیحہ۔ ابو داؤد۔ النسائی۔ ابن ماجہ۔ ابن السنی۔ ابن خزیمہ۔ وابن حبان فی صحیحہما الحاکم فی مستدرکہ وقال صحیح علی شرط الشیخین۔ الحارث بن ابی اسامۃ العدنی فی مسندہ۔ النمیری۔ ابن ابی عاصم۔ ابن المبارک فی الاستیذان (وغیرہ) سنن ابی داؤد ج ۱ ص ۶۷۔ وسنن ابن ماجہ ص ۵۶۔ مشکوٰۃ مرقاۃ ج ۱ ص ۴۵۳/۴۶۴۔ شفا شریف ج ۲ ص۔ القول البدیع للسخاوی ص ۱۸۳/۱۸۴ ص ۱۸۵۔ مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں ہے۔

(۷) وقال الغزالی سلم علیہ اذا دخلت فی المسجد فانہ علیہ السلام یحضر فی المسجد۔	امام غزالی نے فرمایا کہ جب تم مسجدوں میں جاؤ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سلام عرض کرو کیوں کہ آپ مسجدوں میں موجود ہوتے ہیں۔

(باقی)

۸/۹ خاتم الحفاظ امام سیوطی اور علامہ سید محمود آلوسی حنفی بغدادی فرماتے ہیں

سئل بعضهم كيف يراه الراؤن المتعدد ون في اقطار متباعدة (في زمان واحد كذا في الروح) فانشدهم۔

كالشمس في كبد السماء وضوؤها

يغشى البلاد مشارقا ومغاربا

بعض علما کرام سے سوال کیا گیا کہ متعدد لوگ ایک ہی وقت میں دور دراز مقامات پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کیسے دیکھتے ہیں۔ تو انہوں نے یہ شعر پڑھا۔

یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس سورج کی طرح ہیں جو آسمان کے وسط میں ہو اور اس کی روشنی مشرقوں اور مغربوں کے تمام شہروں کو ڈھانک لے

الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۲۵۳/۲۵۴ واللفظ لہ (و تفسیر روح المعانی پ ۲۲ ص ۳۵

(۱۰) مجمع البحرین امام الطریقین سیدی وسندی وشیخی ومرشدی حضرت قبلہ مولانا خواجہ فیض محمد صاحب شاہ جمالی (متوفی ۱۳۶۴ھ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

نورت محيط عالم كالشمس في الضحى

من وجهك المنير لقد زين السماء

یعنی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کے سورج کی طرح آپ کا نور سارے جہان کو گھیرے ہوتے ہے۔ اور آپ کے روشن چہرے سے آسمان مزین ہے۔

ایک ہی آن میں ایک جسم کا متعدد مقامات پر ہونا۔

(۱۱) امام وعارف ربانی سیدی عبدالوہاب شعرانی فوائد حدیث معراج کی تفصیل فرماتے ہوئے رقمطراز ہیں

ومنها شهود الجسم الواحد فی مکانین فی آن واحد کما رای محمد صلے اللہ علیہ وسلم نفسه فی اشخاص بنی آدم السعداء حین اجتمع به فی السماء الاولیٰ کما مر وکذلک آدم وموسیٰ وغیرهما فانهم فی قبورهم فی الارض حال کونهم ساکنین فی السماء فانه

اور فوائد معراج میں سے ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ ایک جسم ان واحد میں دو مکانوں میں حاضر ہوگیا۔ جیساکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نیک بخت اولاد آدم کے افراد میں خود اپنی ذاتِ کریمہ کو بھی ملاحظہ فرمایا۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ پہلے آسمان پر جمع ہوئے تھے جیساکہ گذرا۔ اور اسی طرح آدم اور موسیٰ علیہما السلام اور ان کے علاوہ دیگر انبیا علیہم السلام کے ساتھ پس بیشک وہ انبیا علیہم السلام زمین میں اپنی قبروں کے اندر ہیں۔ دراں حالیکہ وہ آسمانوں میں بھی سکونت رکھتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مطلقاً اسی طرح فرمایا کہ میں نے آدم علیہ السلام کو

قال رایت
آدم رایت موسیٰ
رایت ابراھیم
واطلق وما
قال رایت
روح آدم ولا
روح موسیٰ
فراجع صلی اللّٰہ
علیہ وسلم
موسیٰ فی السماء
وھو بعینہٖ
فی قبرہٖ
فی الارض
قائما یصلی
کما ورد
فیامن
یقول ان
الجسم
الواحد لایکون

دیکھا۔ موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا۔
ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا۔ روح کی
قید کے ساتھ مقید فرما کر اس طرح
نہیں فرمایا کہ میں نے آدم علیہ السلام کی
روح کو دیکھا اور نہ یوں فرمایا کہ موسیٰ
علیہ السلام کی روح کو دیکھا (جس سے
ثابت ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم
نے بعینہٖ ان انبیا علیہم السلام ہی کو
دیکھا نہ کہ ان کی ارواح یا امثال کو)
پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چھٹے
آسمان پر موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ
گفتگو اور مراجعت فرمائی حالانکہ
موسیٰ علیہ السلام بعینہٖ زمین میں اپنی
قبر شریف کے اندر کھڑے ہوتے نماز
پڑھ رہے تھے۔ جیسا کہ (مسلم شریف)
کی حدیث میں وارد ہوا ہے۔ پس
انتہائی افسوس ہے اور تعجب اس
کہنے والے پر، جو یہ کہتا ہے کہ ایک
جسم بیک وقت دو مکانوں میں نہیں

فی مکانین
کیف یکون
ایمانك
بهذا الحدیث
فان کنت
مومنا فقلد
وان کنت
عالماً
فلا تعترض
فان العلم
یمنعک ولیس لك
الاختبار فانه
لا یختبر الا الله
ولیس لك ان
تتاول ان الذی
فی الارض غیر الذی
فی السماء لقوله
علیه الصلوٰۃ والسلام
رایت موسیٰ واطلق

ہو سکتا (اے قائل) ذرا یہ تو بتا دے
کہ اس قول کے ہوتے ہوتے تیرا ایمان
اس حدیث مذکور پر کیونکہ
ہو سکتا ہے اگر تو مومن ہے تو تجھے مان
لینا چاہیئے ۔ اگر تو عالم ہے ، تو اعتراض
نہ کر ۔ اس لیئے کہ علم تجھے روکتا ہے
اور تجھے حقیقت حال کا علم ہے نہیں
اس لیئے کہ یہ علم حقیقتاً اللہ تعالیٰ
ہی کو ہے اور تیرے لیئے یہ بات
بھی جائز نہیں کہ تو اس حدیث میں یہ
تاویل کرے کہ جو انبیاء زمین میں ہیں
وہ ان کے غیر ہیں جنہیں حضور علیہ السلام
نے آسمان میں دیکھا اس لیئے کہ حضور
علیہ الصلوٰۃ والسلام نے رأیت موسیٰ
مطلقاً فرمایا ۔ اور اسی طرح باقی
انبیاء علیہم کے متعلق جنہیں حضور
علیہ السلام نے آسمانوں میں دیکھا
(یہ نہیں فرمایا کہ میں نے آسمان میں
ان کے غیر کو دیکھا جو زمین میں ہیں)

وكذ الك مسائر من رآه من الانبياء هنالك فلسمي موسى فلم يكن عينه فالاخبار عنه كذب انه موسى هذا :-	تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جن کو موسیٰ فرمایا اگر وہ بعینہ موسیٰ علیہ السلام نہ ہوں تو ان کے متعلق یہ خبر دینا کہ وہ موسیٰ ہیں کذب ہوگا۔ العیاذ باللہ

الیواقیت والجواہر ج۲ ص۳۶ مطبوعہ مصر۔

(۱۲) کچھ آگے یہی امام شعرانی شیخ اکبر سے ناقل۔

ثم ان المعترض ينكر على الاولياء مثل هذا في تطوراتهم وقد كان قضيب البان يتطور فيما شاء من الصور في اماكن متعددة وكل صورة تخوطب فيها اجاب ان الله على كل شئ قدير	فرماتے ہیں پھر معترض اولیاء اللہ کے متعدد صورتوں میں ظاہر ہونے کا منکر ہے۔ حالانکہ حضرت قضیب البان رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن صورتوں میں چاہتے تھے۔ مختلف مقامات میں متصور ہوکر ظاہر ہو جاتے تھے اور جس صورت میں بھی آپ کو پکارا جاتا تھا۔ آپ ضرور جواب دیتے تھے بیشک اللہ تعالیٰ ہر بات پر قادر ہے

(الیواقیت والجواہر ج۲ ص۳۶)

(۱۳) والانفس الناطقة الانسانية اذا كانت قدسية قد تنسلخ من الابدان وتذهب متمثلة ظاهرة بصور ابدانها او بصور اخرى..... حيث شاء الله تعالى مع بقاء نوع تعلق لها بالابدان

الاصلیۃ یتأتی معہ صدور الافعال فیھا کما یحکی عن بعض الاولیأ قدست اسرارھم انھم یرون فی وقت واحد فی عدۃ مواضع ..... وھذا امر مقرر عند السادۃ الصوفیۃ مشھور فیما بینھم وھو غیر طی المسافۃ وانکار من ینکر کلا منھما علیھم مکابرۃ لاتصدر الاعن جاھل او معاند ....
وقد اثبت غیر واحد تمثل النفس وتطورھا لنبینا صلی اللہ علیہ وسلم بعد الوفاۃ وادعی انہ علیہ الصلوٰۃ والسلام قد یری فی عدۃ مواضع فی وقت واحد مع کونہ فی قبرہ الشریف یصلی اھ ملتقطا (تفسیر روح المعانی ۲۳ ص ۱۳) وفتح الملھم لہم ج ۱ ص ۳۰۵

(۱۴/۱۵) امام ابن حجر مکی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو جاگتے ہوئے دیکھنا ثابت کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔

ولاینکر ذلک الامعاند ومحروم	اس کا منکر نہ ہوگا مگر معاند یا محروم

فتاویٰ حدیثیہ ص ۲۵۶۔ سعادت الدارین مطبوعہ مصر ص ۴۲۲

(۱۶) فریق مخالف کے پیشوا کشمیری صاحب رویۃ یقظۃً ثابت کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

فالرؤیۃ یقظۃ متحققۃ وانکارھا جھل	جاگتے ہوئے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دیکھنا ثابت ہے اور اس کا انکار جہولت ہے۔

فیض الباری ج ۱ ص ۲۰۴

(۱۷) نیز امام حجر مکی رقمطراز ہیں۔

ثم رایت ابن العربی صرح بما ذکرناه من انه لا یمتنع رؤیة ذات النبی صلی اللہ علیہ وسلم بروحه وجسدہ لانه وسائر الانبیاء احیاء ردت الیهم ارواحهم بعد ما قبضوا واذن لهم فی الخروج من قبورهم والتصرف فی الملکوت العلوی والسفلی[1] ولا مانع من ان یراہ کثیرون فی وقت واحد لانه کالشمس و اذا کان القطب

یعنی پھر میں نے ابن العربی کے کلام میں قول مذکور کی تصریح دیکھی کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی ذات روح مع جسد کا دیکھنا ممتنع نہیں۔ کیونکہ حضور اور باقی سب انبیا علیہم الصلوۃ والسلام زندہ ہیں۔ ان کی ارواح کو قبض کرنے کے بعد ان کے اجسام میں واپس لوٹایا گیا اور مزاروں سے ان کو باہر تشریف لے جانے کی اجازت ہے اور علوی و سفلی ملکوت میں انکو تصرف کرنے کی اجازت ہے اور اس بات سے کوئی چیز مانع نہیں کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو بہت سے لوگ ایک ہی وقت میں دیکھیں۔ اس لئے حضور سورج کی طرح ہیں۔ جو ایک ہے سب پر روشنی ڈالتا ہے۔ اور ہر جگہ ہے۔ بہت دور و دراز والے اسکو ایک ہی وقت

---

[1] زرقانی ج ۵ ص ۸ عن تنویر الحلک ص ۲۵۰ والحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۲۶۳، سعادت دارین ص ۴۲۲ ۱۲ فیضی

يملأ الكون كما قال التاج
ابن عطاء الله فما لك بالنبي
صلى الله عليه وسلم

میں دیکھتے ہیں اجب ایک قطب
ہر جگہ کو پر کر لیتا ہے جب کہ امام تاج نے
فرمایا تو حضور تو بطریق اولی ہر جگہ موجود ہوتے

فتاوی حدیثیہ صـ ۲۵۶ ـ سعادت دارین صـ ۴۲۲ ـ للنبہانی ـ مطبوعہ مصر

.. شیخ تاج الدین کا واقعہ امام سیوطی نے یوں نقل فرمایا ہے ـ

وفی مناقب الشیخ تاج الدین
بن عطاء الله عن بعض
تلامذته، قال حججت
فلما کنت فی الطواف رأیت
الشیخ تاج الدین فی الطواف[۱]
فنویت ان اسلم علیه
اذا فرغ من طوافه، فلما
فرغ من الطواف جئت
فلم اره ثم رأیته فی عرفة
کذلك، وفی سائر المشاهد
کذلك، فلما رجعت
الی القاهرة سألت
عن الشیخ، فقیل لی
طیب فقلت هل سافر

یعنی شیخ تاج الدین کے مناقب میں
ان کے کسی شاگرد سے منقول ہے اس
نے کہا کہ میں نے حج کیا جب میں طواف
میں تھا میں نے اپنے مرشد و شیخ
تاج الدین کو طواف کرتے دیکھا تو
میں نے یہ نیت کی کہ جب شیخ طواف
سے فارغ ہو جائیں گے تو میں ان کو
سلام کروں گا۔ جب آپ طواف
سے فارغ ہوئے میں وہاں گیا تو آپکو
نہ دیکھا پھر میں نے ان کو عرفہ میں
بھی اسی طرح دیکھا۔ اور ہر مشہد
میں میں ان کو دیکھتا رہا۔ پھر جب
میں قاہرہ گیا تو میں نے لوگوں سے
حضرت شیخ کے متعلق دریافت کیا

[۱] کما رؤی القطب الشاہ جمالی فی امطار بعیدۃ یقظۃ فی حیاتہ وبعد مماتہ
واستفید منہ ومن الناظرین لمرشدی المذکور مولانا محمد قاسم الخیر فوری ...
وسیدی والدی راہ یقظۃ فی بیتہ وفی بلدۃ دیرہ ورحیم بخش النجار فی مضافات ادج راہ مرارا فی الیقظۃ والیضا
راہ قادر بخش الجبلی یقظۃ وقد صنع سیدی لمرشدی عنہ تا تلیہ وغیر ذلک من الواقعات الکثیرۃ ۱۱ ... عنہ ۱۲ الفیض غفرلہ

قالوا لا فجئت الی الشیخ وسلمت علیہ فقال لی من رائیت فقلت یا سیدی رایتك ، فقال یا فلاں الرجل الکبیر یملاٗ الکون لودعی القطب من حجر لاجاب فاذا کان القطب یملأ الکون فسید المرسلین صلی اللّٰہ علیہ وسلم من باب اولیٰ اھ الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۲۵۴

تو لوگوں نے جواب دیا کہ حضرت اچھے ہیں تو میں نے ان سے کہا کہ حضرت سفر پر گئے تھے ۔ انہوں نے کہا نہیں تو میں حضرت کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور سلام عرض کیا تو حضرت نے فرمایا تو نے کس کو دیکھا تھا میں نے عرض کیا یا سیدی میں نے آپ کو دیکھا تھا ۔ فرمایا اے فلاں ایک قطب سارے جہان دنیا کو بھر دیتا ہے ۔ اگر اس قطب کو سوراخ سے پکارا جائے تو وہاں سے بھی جواب دے گا ۔ جب ایک قطب ساری دنیا کو پر کر لیتا ہے (ہر جگہ وہی ہوتا ہے) تو حضور سید المرسلین تو بطریق اولیٰ ہر جگہ موجود ہوتے صلی اللّٰہ علیہ وسلم

فقیر منظور احمد فیضی مؤلف کتاب ہذا عرض کرتا ہے ۔ کہ میرے والد مکرم استاذ العلماء العارف الکامل حضرت قبلہ مولانا محمد ظریف صاحب فیضی مدظلہ العالی نے اپنے پیر و مرشد قطب العارفین سید الفقہاء والمحدثین حضرت قبلہ خواجہ فیض محمد صاحب شاہ جمالی رحمۃ اللّٰہ علیہ کو دو مرتبہ دور

و دراز مقامات پر جاگتے ہوئے دیکھا۔ ایک دفعہ شہر ڈیرہ غازیخاں میں
جب کہ حضرت صاحب اسی وقت بستی سندیلہ شریف میں زندہ موجود تھے
اور دوسری دفعہ اپنے گھر فیض آباد نزد اوچ شریف ضلع بہاولپور
میں حالانکہ اس وقت حضرت قبلہ شاہ جمالی قدس سرہ العالی کے بہت
سے واقعات ہیں۔ اس دنیا سے پردہ پوش ہو چکے تھے۔ اسی طرح
عارف نبہانی فرماتے ہیں (رحمۃ اللہ علیہ)

وبہذا اعلم جواز رویۃ جماعۃ لہ صلی اللہ علیہ وسلم فی
آن واحد من اقطار متباعدۃ واوصاف مختلفۃ۔ واجاب عن
ھذا ایضا البدر الزرکشی بانہ صلی اللہ علیہ وسلم سراج ونور
والشمس فی ھذا العالم مثال نورہ فی العوالم کلہا فکما ان الشمس
یراھا کل من فی المشرق والمغرب فی ساعۃ واحدۃ بصفات
مختلفۃ کذالک ھو صلی اللہ علیہ وسلم۔ سعادت دارین مطبوعہ مصر ص۲۱۵

خلاصہ کلام۔ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی امت کے اولیاء حاضر
وناظر ہیں۔
حضور تو بطریق اولیٰ حاضر وناظر ہیں۔
علامہ مولانا علی قاری حنفی فرماتے ہیں۔

قال القاضی وذلک ان النفوس الزکیۃ القدسیۃ اذا تجردت عن العلائق

قاضی صاحب نے فرمایا کہ جب نفوس زکیہ قدسیہ علائق بدنیہ سے مجرد ہو جاتے ہیں۔ تو عروج

البدنية عرجت	حاصل کر کے ملأ اعلیٰ سے متصل ہو
واتصلت بالملأ	جاتے ہیں۔ تو ان پاک نفسوں
الاعلیٰ ولم یبق	کے آگے کوئی حجاب و پردہ نہیں
لها حجاب فتری	رہتا۔ اسی لئے وہ ہر چیز کو مشاہدہ
الکل کالمشاهد	کرنے والے کی طرح دیکھتے ہیں

مرقات باب الصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فصل ۲۔ ص ۶/۷ ج ۲

وشرح جامع صغیر للمناوی ج ص ۔

شیخ الاسلام خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی حنفی (متوفی ۷۵۸ھ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

مرید صادق آنرا گویند کہ آنچہ	سچا مرید اسے کہتے ہیں کہ جو پیر
پیر فرماید آں کند و آنچہ نماید	فرمائے وہی کرے اور جو پیر دکھلائے
آں بیند و ہمہ اوقات پیر را بر احوال	وہی دیکھے۔ اور ہر وقت پیر کو
خود حاضر و ناظر بیند و داند	اپنے تمام حالات پر حاضر و ناظر دیکھے
	اور جانے۔

مفتاح العاشقین ص ۳ مطبوعہ مجتبائی دہلی ۱۳۰۹ھ

(نوٹ) یہ وہی خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی ہیں۔ جن کی طرف گکھڑوی صاحب نے "راہ سنت" میں بوجہ نادانی یا برائے تخدیع تحفہ نصائح منسوب کر کے اس کے ایک شعر سے استدلال کیا ہے۔

حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول مبارک ہے۔

بعزت پروردگار کہ نیک بختاں وبدبختاں ہمہ عرض کردہ میشوند برمن ونظر من درلوح محفوظ است	یعنی خدا کی قسم نیک بخت اور بد بخت سب مجھ پر پیش کئے جاتے ہیں اور میری نظر لوح محفوظ میں ہے۔

(اخبار الاخیار صـ ۱۵)

عارف صمدانی عالم ربانی امام شعرانی قدس سرہ النورانی کی زبانی قول لاثانی

ان آئمۃ الفقہاء والصوفیۃ کلھم یشفعون فی مقلدیھم ویلاحظون احدھم عند طلوع روحہ وعند سوال منکر ونکیرلہ وعند النشر والحشر والحساب والمیزان والصراط ولا یغفلون عنھم فی موقف من المواقف ولمامات شیخنا شیخ الاسلام الشیخ ناصر الدین اللقانی راہ بعض الصالحین	بے شک آئمہ فقہاء اور صوفیہ سب کے سب اپنے اپنے تابعداروں کے حق میں سفارش کرتے ہیں اور کرینگے بوقت نزع اور بوقت سوال منکر ونکیر اور بوقت نشر وحشر اور بوقت حساب ومیزان اور پل سے گذرتے وقت فقہا اور اولیا اپنے مقلدین کو ملاحظہ فرماتے ہیں کیسی حالت میں بھی وہ اپنے غلاموں سے غافل نہیں ہوتے جب شیخ ناصر الدین لقانی فوت ہوئے تو ان کو کسی بزرگ نے خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا کیا ہے۔ انہوں نے جواب دیا کہ جب قبر میں دو فرشتوں نے مجھ سے سوال

فی المنام فقال له
ما فعل اللہ
بک فقال لما
اجلسنی الملکان فی
القبر لیسألانی
اتاھم الامام مالک
فقال مثل ھذا یحتاج
الی سوال فی ایمانہ
باللہ ورسولہ تنحیا
عنہ فتنحیا عنی انتہی
واذا کان مشائخ
الصوفیۃ یلاحظون
اتباعھم ومریدیھم
فی جمیع الاحوال والشدائد
فی الدنیا والآخرۃ فکیف
بائمۃ المذاھب الذین
ھم اوتاد الارض وارکان
الدین وامناء الشارع علی
امتہ رضی اللہ عنھم اجمعین

کرنے کی غرض سے مجھے اٹھایا بس
اٹھا کے بٹھا ہی تھا کہ میرے امام
امام مالک وہاں پہنچے اور ان سے کہا
کہ ایسے شخص سے بھی ایمان باللہ
والرسول کے سوال کی ضرورت ہے
اس سے علیحدہ ہو جاؤ چنانچہ وہ
مجھ سے دور ہو گئے تو جب مشائخ
صوفیہ بزرگان دین اپنے تابعداروں
اور مریدوں کو دنیا وآخرت کی ہر
سختی میں اور ہر حالت میں ملاحظہ
فرماتے ہیں۔ تو آئمہ مذاہب (امام
ابو حنیفہ، امام مالک، امام شافعی
امام احمد حنبل) کا کیا کہنا جو زمین کے
اوتاد ہیں اور دین کے رکن ہیں اور
شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام کے انکی
امت پر امین ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم
فقیر فیضی کہتا ہے جب آئمہ کی یہ شان
ہوئی تو امام الانبیاء والمرسلین کے حاضر
و ناصر اور تعاون و نصرت اور ملاحظہ کا
کیا کہنا۔ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

کتاب المیزان للشعرانی ج۱ ص۵۰ مطبوعہ حجازی قاہرہ و ج۱ ص۵۲ مطابق مطبع مصطفے البابی الحلبی بمصر۔

یہی امام شعرانی اپنے شیخ حضرت علی خواص سے ناقل انہوں نے فرمایا۔

لا یکمل الرجل عندنا حتی یعلم حرکات مریدہ فی انتقالہ فی الاصلاب وھو نطفۃ من یوم الست بربکم الی استقرارہ فی الجنۃ او النار۔ واللہ اعلم

یعنی ہمارے نزدیک اس وقت تک مرد کمال تک نہیں پہنچتا جب تک وہ الست والے دن سے لیکر دخول جنت یا دوزخ تک اپنے مرید کی ہر ہر حرکت اور ہر ہر حالت کو نہ جانے۔

کبریت احمر ص۱۶۵ علی ہامش الیواقیت والجواہر ج۱۔ طبعہ ثالثہ مطبعہ ازہریہ مصر ۱۳۲۱ھ۔

ایک شبہ کا ازالہ

بعض کج فہم اس قسم کے حوالے دیکھ کر یہ کہتے ہیں کہ اہل سنت کتنا خوش گپیاں اڑاتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں۔ کہ نبی، ولی ہمبستری کے وقت حاضر وناظر ہوتے ہیں۔ اور سب واقعہ بچشم خود دیکھتے ہیں۔ مادہ کی شرمگاہ میں نطفہ جاتے دیکھتے ہیں۔ حالانکہ یہ قابل شرم بات ہے۔ اور وہاں دیکھنا ناجائز ہے۔ (تبرید از ص۴۳ تا ص۴۴)

جواب ۱ اس قسم کی عبارات آئمہ میں مقام ولایت کی وسعت

نظری اور وسعت علمی کا بیان ہے۔ فریق مخالف جو رنگ ان کو دیتا پھرے دیتا پھرے ہر یہ خیال رہے کہ یہ صرف بریلوی علماء کا نظریہ نہیں۔ بلکہ فریقین کے مسلم پیشواؤں اور اماموں کی عبارتیں ہیں۔ کیونکہ اعلیحضرت کی جو عبارت الملفوظ ج ۲ ص ۴۹ یا ص ۶۲ سے منقول ہوئی وہ درحقیقت غوث دباغ رحمۃ اللہ علیہ (ممدوح و مستند تمام علمائے دیوبند۔ خصوصاً تھانوی صاحب و کشمیری صاحب" دیکھو الکلام الحسن و فیض الباری) کی بات ہے۔ اعلیحضرت صرف ناقل ہیں۔ اگر ناقل مجرم ہے تو اصل قائل بطریق اولیٰ مجرم ہے۔ باقی رہا اعلیحضرت کا نتیجہ تو اس سے کوئی کج فہم لاکھ مرتبہ اختلاف کرتا رہے۔ علمائے عرفا و آئمہ کی عبارات سے تو اس نتیجہ کی تائید ہوتی ہے۔ جیسا کہ کچھ عبارتیں مذکور ہوئیں۔ اسی طرح میرے مرشد کریم امام المعقول والمنقول قطب عالم حضرت خواجہ فیض محمد صاحب شاہ جمالی رحمۃ اللہ علیہ کے فاضل شاگرد مولانا غلام محمود صاحب پپلانوی نے جو "نجم الرحمٰن کے ص ۱۲۳ پہ لکھا ہے۔ وہ بھی امام شعرانی سے ناقل ہیں۔ اور ہیں بھی امام شعرانی سے ناقل ہوں اگر ناقلین مجرم ہیں۔ تو اصل قائلین بطریق اولیٰ مجرم ہیں۔ حالانکہ وہ ان کے بھی مسلم پیشوا ہیں۔ یہ وہی امام شعرانی ہیں جو بقول کشمیری دیوبندی صاحب عالم بیداری میں حضور سے بخاری پڑھنے والے ہیں۔ (فیض الباری) نجم الرحمٰن میں تو علامہ پپلانوی نے اس نقل شعرانی کے بعد اس لچر اعتراض کی دھجیاں اڑائی ہیں۔ کاش کہ معترض اس کو دیکھ لیتا

عہ ۲: احکام شرع ظاہری دیکھنے پہ ملتی ہیں نہ کہ باطنی رویت پر۔

۳ ء- کیا معترض کے نزدیک اللہ تعالیٰ ہر چیز کے دیکھنے والا ہے۔ تو اس میں کوئی یہی معترض والی تفصیل بیان کرے کیا اس میں الوہیت کی توہین تو نہ ہوگی۔ کیا جس چیز کا دیکھنا اس کے شریف بندوں کو زیب نہیں دیتا۔ اور اس کے معصوم فرشتے دور بھاگتے ہیں۔ وہ سبحان دیکھتا رہے۔ ماجوابکم فهوجوابنا۔

۴ ء- اگر مذکورہ بالا عبارات آئمہ میں اولیا کی توہین ہے۔ اور شرمگاہ اور نطفہ اور رحم کی رویت اور علم ثابت کرکے ان کو مجرم قرار دیا جاتا ہے۔ کیا یہی الزام ملئکہ معصومین پر بھی عائد کروگے۔ اور اللہ تعالیٰ پر بھی کروگے۔ بطور نمونہ درج ذیل احادیث وآیات بغور ملاحظہ ہوں۔

عن ابن مسعود مرفوعًا " ان خلق احدکم یجمع فی بطن امه اربعین یوما نطفة ثم یکون علقة مثل ذلك ثم یکون مضغة مثل ذلك ثم یبعث اللہ الیه ملکا (والمراد بالارسال امره بها والتصرف فیها لانه ثبت فی الصحیحین انه موکل بالرحم حین کان نطفة ... انه اذا مر بالنطفة ثنتان واربعون لیلة بعث اللہ ملکا فصورها وخلق سمعها وبصرها وجلدها وعظامها ۔ مرقاۃ للقاری ۔ اب مخالف صاحب نبریہ یہ جملہ اپنا یہاں بھی لاگو کرے کہ ماں نہ ماں میں تیرا مہمان) باربع کلمات فیکتب عمله واجله ورزقه وشقی او سعید ثم ینفخ فیه الروح ۔ الحدیث (صحیح بخاری وصحیح مسلم ۔) مشکوۃ شریف حصہ ۲ ج ۱ ۔

ویعلم مافی الارحام (قرآن شریف پ۲۱ لقمٰن ع ۴ ۳۴) یصورکم فی الارحام (قرآن پاک) العاقل تکفیہ الاشارہ ہم سنّیوں کے آقا ومولیٰ نقشبندیوں کے بڑے پیشوا حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی (متوفی ۴۲۵ھ) فرماتے ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

زینہار تا آسان نگوئی کہ من مردے ام تا ہفتاد سال معاملۂ خود چناں نہ بینی کہ تکبیر اول بخراسان بپیوندی وسلام بکعبہ بازدہی واز بالا تاعرش بہ بینی واز زیر تاثرا ے بہ بینی آنوقت بدانی کہ ہیچیاں بے نمازی ومرد نیستی تذکرۃ الاولیاء لشیخ فریدالدین عطار (متوفی ۶۲۷ھ) ص ۳۵۴ مطبوعہ پشاور۔

خبردار آسان سمجھ کر یہ نہ کہہ دینا کہ میں مرد کامل ہوں۔ جب تک ستر برس تک اپنا معاملہ ایسا نہ دیکھے کہ تکبیر اولیٰ خراسان میں کہے۔ سلام کعبۃ اللہ میں ادا کرے، اوپر سے عرش تک دیکھے نیچے سے تحت الثریٰ تک دیکھے اور اس وقت بھی یہ سمجھے۔ کہ بے نماز ہوں تو میں ہی ہوں۔ نامرد ہوں تو میں ہی ہوں۔

اس ارشاد سے بھی ثابت ہوا کہ کامل مرد کی نظر عرش سے تحت الثریٰ تک دیکھتی ہے۔ تو سیدالانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نظر کی وسعت کا کیا کہنا۔ بہت ہی اختصار سے مسئلہ حاضر وناظر پر قلم چلا پھر بھی اتنا لمبا ہوگیا۔ ابھی سینکڑوں دلائل وشواہد اس مسئلہ کے ثبوت کے لئے

سامنے ہیں ۔ بوجہ خوف طوالت ترک کرتا ہوں ۔

امام شیخ علامہ علی حلبی صاحب السیرۃ (متوفی ۱۰۴۴ھ) کا اس موضوع پر ایک مستقل رسالہ مسمی بہا "تعریف اھل الاسلام والایمان بان سیدنا محمد لا یخلو منہ مکان ولا زمان"

جو جواہر البحار جلد دوم میں مکمل سامنے موجود ہے ۔ ابھی اس سے ایک حرف بھی نقل نہ ہوا ۔ اسی طرح استاذ العلماء رازی دوراں شیخ الحدیث قبلہ سیدی واستاذی حضرت علامہ کاظمی صاحب مدظلہ العالی کا مستقل رسالہ اس موضوع پر موجود ہے ۔ جس کا نام ہے تسکین الخواطر فی مسئلۃ الحاضر والناظر ۔ جو چاہے اس کا مطالعہ کرے ۔

آخر میں فریق مخالف کے گھر کے دو حوالے پیش کر کے اس بحث کو ختم کرتا ہوں ۔ دیوبندیوں کے پیشوا مولوی رشید احمد گنگوہی کے مرشد حاجی امداد اللہ صاحب علیہ الرحمت لکھتے ہیں ۔"

"وقت قیام کے اعتقاد تولد کا نہ کرنا چاہیے اگر احتمال تشریف آوری کا کیا جاوے ۔ مضائقہ نہیں کیونکہ عالم خلق مقید بزمان ومکان ہے لیکن عالم امر دونوں سے پاک ہے پس قدم رنجہ فرمانا ذات بابرکات کا بعید نہیں (شمائم امدادیہ ص۹۳ مصدقہ تھانوی صاحب)

ان کے مولوی رشید احمد گنگوہی نے لکھا ہے ۔

ہم مرید باید یقین داند کہ روح شیخ مقید بیک مکان نیست	مرید اس بات کا یقین رکھے کہ شیخ کی روح ایک جگہ پر مقید نہیں بلکہ

جس جگہ مرید ہوگا قریب یا بعید اگرچہ شیخ کی ذات بعید ہو لیکن اس کی روحانیت سے دور نہیں ہے (امداد السلوک اردو صفحہ ۲۴ مولوی رشید احمد گنگوہی)	پس ہر جا کہ مرید باشد قریب یا بعید اگرچہ از شیخ دور است اما روحانیت او در دور نیست (امداد السلوک گنگوہی صفحہ ۱۰)

سچ فرمایا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے۔ ان اللہ لیوید ھذا الدین ..... کیا صرف ہم ہی روحانیت مرشد کو قریب جاننے کی وجہ سے مشرک ہیں یا آپ کے گنگوہی صاحب بھی یا حاضر و ناظر کے متعلق وہ فتویٰ کفر و شرک غلط ہے

من نہ گویم کہ ایں بکن آں کن
مصلحت بین و کار آسان کن

نیز بوقت قیام حضور کی تشریف آوری کا بیان کس نے کیا مجدد بریلوی نے یا تمام علماء دیوبند کے مرشد نے۔

یوں نظر دوڑا نہ برچھی تان کر ؛ اپنے بیگانے ذرا پہچان کر

(اَللّٰھُمَّ اَرْزُقْنَا زِیَارَۃَ حَبِیْبِکَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ۔

وَنَوِّرْ قُلُوْبَنَا بِقُرْبِ اَوْلِیَائِکَ

سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّتِ عَمَّا یَصِفُوْنَ

وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

خصوصیت ۱۷۰ نمازی پر ضروری ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم اسے بلائیں جواب دے اور حاضر ہو نماز فاسد نہ ہوگی۔

مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۳۵۔ مواہب۔ وزرقانی ج ۵ ص ۳۰۵۔ اشعۃ اللمعات ج ۲ ص ۱۲۶۔ عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری ج ۲ ص ۲۸۲ والتوضیح ذکر قولہ فیہ۔ وعلی ہامش بخاری ۳ ہ ج ۱ ص ۱۶۱۔ تفسیر صاوی ج ۱ ص ۱۰۰۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۵۰۔ فلم یذکر الاقول الآخر۔ جواہر البحار شریف ج ۱ ص ۲۷۷۔ از جواہر امام شریف الدین بن مقری وشیخ الاسلام زکریا انصاری۔ جواہر البحار ج ۱ ص ۲۰۴۔ عن الامام النووی خصائص کبری ج ۲ ص ۲۵۳۔ جواہر البحار ج ۱ ص ۳۴۹ از سیوطی۔ جواہر البحار ج ۲ ص ۱۸ از قسطلانی۔ امام مالک وامام شافعی کا بھی یہی مذہب ہے۔ زرقانی علی المواہب ج ۶ ص ۲۵۰۔ ہامش مشکوۃ از مرقاۃ وبیضاوی۔ ۵ ص ۱۸۴۔ مرقاۃ شرح مشکوۃ ج ۲ ص ۵۲۹ از طیبی وبیضاوی۔ تفسیر بیضاوی ص ۱۸۰ مطبوعہ مصر و ص ۱۸۶ مطبوعہ مجتبائی۔ ہامش بخاری ۱۲ ہ ج ۱ ص ۶۶۹ از قسطلانی۔ فتح الباری ج ۸ ص ۱۲۸/۱۲۹۔ فیض الباری ج ۴ ص ۱۵۲/۱۵۳ الھم۔ حاشیہ ابوداؤد ج ۱ ص ۲۰۶ ۱ ھ مجیدی کانپور۔ وحید الزمان غیر مقلد ابو داود مترجم سعیدی ج ۱ ص ۵۴۴۔ تفسیر ابی سعود علی ہامش الکبیر ج ۴ ص ۵۳۲۔ تفسیر مظہری ج ۴ ص ۴۶

خصوصیت ۱۷۲ حضور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اور باقی سب انبیاء کرام علیہم السلام ہر گناہ (چھوٹا ہو یا بڑا) سے نبوت سے پہلے اور نبوت کے بعد معصوم ہیں۔ (شفا شریف مستقل باب ج۲ ص۸۷)

امام قسطلانی صاحب ارشاد الساری، شارح صحیح بخاری اور علامہ زرقانی رحمہما اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

انه علیه الصلوة والسلام معصوم من الذنوب بعد النبوت و قبلها کبیرها و صغیرها عمدها وسهوها فی ظاهره و باطنه و سره و جهره و جده و مزحه رضاه و غضبه و کذلک الانبیاء

بے شک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام گناہوں سے معصوم ہیں بعد از نبوت اور قبل از نبوت بھی بھی بڑے گناہوں سے بھی اور چھوٹے گناہوں سے بھی۔ قصداً بھی اور سہواً بھی ظاہر میں بھی اور باطن میں۔ چھپ میں بھی اور علی الاعلان بھی درستی (سچ مچ) میں بھی اور ہنسی مذاق میں بھی ہمیشہ ہر گناہ سے معصوم ہیں۔

(مواہب لدنیہ ج ص وشرحہ للزرقانی ج۵ ص۳۱۴)

امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ (متولد ۹۰۹ھ متوفی ۹۷۴ھ) فرماتے ہیں۔

الانبیاء صلوات اللہ وسلامه علیهم معصومون عن الذنوب کبیرها و صغیرها عمدها و سهوها قبل النبوة و بعدها علی الصحیح المختار

یعنی عقائد میں صحیح اور مختار مذہب یہ ہے کہ تمام انبیا کرام علیہم السلام ہر کبیرہ اور ہر صغیرہ گناہ سے عمداً اور سہواً قبل از نبوت اور بعد از نبوت

فی الاصول	معصوم ہیں ۔

(الزواجر عن اقتراف الکبائر ج ۱ ص ۱۱ مطبوعہ مصر)

(بطور اجمال عصمت انبیاء کے دلائل قرآن شریف اور حدیث شریف سے)

(۱) قال لا ینال عھدی الظلمین (پ ۱ بقرہ ۱۲۴ ع ۱۵)	اللہ تعالیٰ نے فرمایا میرا عہد (نبوت خازن و مدارک ج ۱ ص ۸۰) ظالموں فاسقوں، کو نہیں پہنچتا ۔

(ف) اس سے معلوم ہوا کہ فاسق (گنہ گار) نبی نہیں ہو سکتا اور نبی فاسق نہیں ہو سکتا ۔

اللہ عزوجل کے ناموں کا شمار نہیں کہ اس کی شانیں غیر محدود ہیں۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے پاک بھی بکثرت ہیں۔ کہ کثرت اسمأ شرف مسمی سے ناشئی ہے۔
آٹھ سو سے زیادہ مواہب وشرح مواہب میں ہیں۔ اور فقیر نے تقریباً چودہ۱۴۰۰ سو پائے۔ اور حصر ناممکن" احکام شریعت لاعلیحضرت ج۲ ص۱۶۲ ونحوہ فی" الملفوظ اعلیحضرت ج۱ ص۴۴ وص۴۵

ع۹۵ :- تقریباً ستر نام حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اللہ تعالیٰ کے ناموں سے ہیں (کشف الغمہ ج۲ ص۴۳)

امام عبدالکریم جیلی متوفی سـ۸۰۵ـہ نے اپنی کتاب " الکمالات الالھیہ فی الصفات المحمدیہ" کا باب ثالث بہ منعقد کیا ہے"۔ اتصاف محمد صلی اللہ علیہ وسلم بالاسماء والصفات الالھیۃ" جس میں اللہ تعالیٰ کا ہر اسم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے بالدلیل ثابت کیا ہے۔ علامہ نبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس سے صرف ۹۹ نام اللہ تعالیٰ کے حضور علیہ الصلوٰۃ

والسلام کے لئے بالدلیل نقل کئے ہیں۔ ملاحظہ ہو: جواہر البحار ج۱ ص۲۵۸ تا ص۲۷۰ از جواہر امام محقق جیلی رحمۃ اللہ تعالیٰ۔

ع۹۶:۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے پہلے کسی کا نام احمد و (محمد) نہیں تھا۔ کشف الغمہ ج۲ ص۴۳۔ مدارج النبوت ج۱ ص۱۱۷

ع۹۷:۔ ملائکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پہ بحالت سفر سایہ کرتے تھے (کشف الغمہ ج۲ ص۴۳۔)

ع۹۸:۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تمام لوگوں سے زیادہ عقیل ہیں (کشف الغمہ ج۲ ص۴۳۔

باب اوّل میں شیخ محقق سے اس کے متعلق بہترین حوالہ گذرا۔

ع۹۹:۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کل حسن دیا گیا۔ اور حضرت یوسف علیہ السلام کو تو بعض حسن ملا تھا۔ (کشف الغمہ ج۲ ص۴۳) بلکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا حسن غیر منقسم ہے۔ حضور کے حسن کا کروڑواں حصہ بھی کسی کو نہ ملا۔ امام بوصیری فرماتے ہیں۔

منزہ عن شریک فی محاسنہ فجوھر الحسن فیہ غیر منقسم قصیدہ بردہ شریف	حضور اپنے محاسن میں شریک سے منزہ ہیں۔ حضور میں جو حسن کا جوہر ہے۔ وہ غیر منقسم ہے صلی اللہ علیہ وسلم بقدر حسنہ وجمالہ وجودہ ونوالہ واصحابہ وآلہ۔

ع۱۰۰:۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت جبریل کو اصلی صورت

پر دیکھا۔ کشف الغمہ ج ۲ صـ ۴۳۔

۱۰۱ :۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اعلان نبوت کے وقت سے کہانت ختم ہوگئی۔ کشف الغمہ ج ۲ صـ ۴۳۔ مدارج النبوت ج ۱ صـ ۱۱۸

۱۰۲ :۔ تو (جن وشیاطین) کے چوری سننے سے آسمان کی حفاظت ہوگئی۔ (جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پیدا ہوئے) اور شعلوں سے رجم کئے جانے لگے۔ کشف الغمہ ج ۲ صـ ۴۳۔ مدارج النبوت ج ۱ صـ ۱۱۸۔

۱۰۳ :۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے والدین کو زندہ کیا۔ یہاں تک کہ وہ حضرت پر ایمان لائے۔ کشف الغمہ ج ۲ صـ ۴۳ خصائص کبریٰ ج ۲ صـ ۱۸۵۔ وجواہر البحار ج ۱ صـ ۲۸۱ عنہ۔ وجواہر البحار ج ۲ صـ ۷ از ابن حجر مکی۔ وصـ ۳۶۹ از جمل، وتسعہ رسائل سیوطی۔ تذکرہ امام قرطبی۔ ومختصر تذکرہ قرطبی للشعرانی صـ اخبار الاخیار صـ ۱۳۵۔ شمول الاسلام لاعلیحضرت صـ ورسالہ قاضی ثناءاللہ پانی پتی۔ تفسیر روح البیان ج ۲ صـ ۶۰۰ تحت آیت ان اللہ لہ ملک السموات والارض یحی ویمیت و ج ۴ صـ ۳۷۳

۱۰۴ :۔ اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا کہ حضور کو لوگوں کے حملہ سے محفوظ رکھے گا۔ (قرآن) کشف الغمہ ج ۲ صـ ۴۳۔

۱۰۵ :۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پہ جو کتاب نازل ہوئی یعنی قرآن شریف ہر شئی کا جامع ہے۔ تغیر وتبدل سے محفوظ ہے۔ اللہ تعالےٰ

نے اس کی حفاظت اپنے ذمہ لے لی ہے۔ قرآن ہر شئی کا جامع (اور ہر شئی کی تفصیل ہے) اپنے غیر سے بے پرواہ کرنے والا ہے۔ اور یاد کرنے کے لئے آسان ہے۔ کشف الغمہ ج۲ ص۴۳ ۔ مدارج النبوت ج۱ ص۱۱۹

ع۱۰۶ :۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے اللہ تعالیٰ نے حضور کے دشمنوں کو خود جواب دیا۔ کشف الغمہ ج۲ ص۴۴

ع۱۰۸ :۔ مولیٰ کریم نے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی تابعداری کو عالم پہ لازم قرار دیا۔ کشف الغمہ ج۲ ص۴۴ ۔

ع۱۰۹ :۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام امام القبلتین و صاحب ہجرتین ہیں۔ کشف الغمہ ج۲ ص۴۴ ۔

ع۱۱۰ :۔ آپ ظاہر و باطن پر حکم کرنے کے جامع ہیں۔ کشف الغمہ ج۲ ص۴۴ ۔

ع۱۱۱ :۔ اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے وحی کی تمام قسموں سے کلام فرمایا۔ کشف الغمہ ج۲ ص۴۴ ۔ سیرت رسول عربی ص۴۶۱

ع۱۱۲ :۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نبوت اور سلطانی کے جامع ہیں۔ کشف الغمہ ج۲ ص۴۴

قال علیہ الصلوٰۃ والسلام واٰتانی السلطان والملک ۔ اخرجہ ابونعیم عن عبادۃ ابن الصامت .... ۔ قال الغزالی فی الاحیاء لاجل اجتماع النبوۃ والملک والسلطنۃ لنبینا صلی اللہ علیہ وسلم ۔ کان افضل من سائر الانبیاء فانہ اکمل بہ صلاح الدین والدنیا " خصائص کبریٰ ج۲ ص۱۹۴

ونحوہ فی غیرہا ۔

ع ۱۱۳ ۔ حضور حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو
ہر شی کا علم دیا گیا۔ حتیٰ کہ روح اور ان پانچ چیزوں کا علم بھی عطا ہوا
جن کا ذکر اس آیت میں ہے، ان اللہ عندہ علم الساعۃ
[۱] کشف الغمہ للشعرانی عن السیوطی ج ۲ ص ۴۴ ۔ [۲] وعنہ فی جواہر البحار ج ۲ ص ۵۶
[۳] سیرت رسول عربی لنقشبندی ص ۶۵۰ ۔ [۴] تفسیر صاوی ج ۲ ص ۹۷/۹
و ج ۳ ص ۲۱۵/۲۲۴ و ج ۴ ص ۲۴ ۔ [۵] ابریز شریف مطبوعہ مصر ص ۱۵۶/۱۵۷
و ص ۲۹۶/۲۵۴ و ص ۴۶ ۔ [۶] باجوری علی البردۃ ص ۹۲ مطبوعہ مصر۔ [۷] خصائص
کبریٰ للسیوطی مطبوعہ دکن ج ۲ ص ۱۹۵/۱۹۳ ۔ [۸] جواہر البحار شریف ج ۱ ص ۲۹۱/۲۸۹
[۹] حاشیہ شیخ الاسلام محمد بن سالم الحفنی علی الجامع الصغیر للسیوطی
ج ۲ ص ۷۹ ۔ علی ہامش السراج المنیر ۔ [۱۰] مدارج النبوت شریف ج ۲ ص ۴۰
للشیخ المحقق عبدالحق محدث دہلوی ۔ [۱۱] زرقانی علی المواہب ج ۱ ص ۸/۲۶۵
[۱۲] جواہر البحار عن الابریز ج ۲ ص ۲۷۰/۲۷۱ وایضاً عنہ ص ۳۰۱ ۔ [۱۳] جواہر البحار
ج ۲ ص ۳۴۷/۳۴۸ عن العیدروس ۔ [۱۴] جواہر البحار ج ۲ ص ۴۱۰ از میر غنی ۔
[۱۵] خواص کو علوم خمسہ پہ اطلاع۔ معتزلہ کا انکار مکابرہ ہے ۔ فیض القدیر
للمناوی ج ۳ ص ۴۵۸ ۔ [۱۶] تفسیر روح البیان للامام اسماعیل حقی حنفی ج ۳
ص ۵۴۳ تحت آیت قل الروح من امر ربی و ج ۲ ص ۳۸۹ تحت
آیت ولو کنت اعلم الغیب و ج ۶ ص ۲۲۴ تحت آیت الحاقۃ ما الحاقۃ
[۱۷] الاربعین اربعین ص ۱۳۶ مطبوعہ مصر للنبہانی ۔ [۱۸] فتح المبین للامام ابن حجر مکی

شرح لعلامہ ملا البغی صـ - (الامن صـ۱۴۲) فتوحات وہبیہ شرح[19]
اربعین نوویہ صـ۶۴ - شرح مقاصد ج۲ صـ۱۵۱/۲۵۰[20] - تفسیر کبیر تحت[21]
عالم الغیب فلا یظہر ج۸ صـ۳۳ - ہامش تفسیر جلالین[22] صـ۲۳
صـ۲۷۴ - تفسیر احمدی صـ تحت آیت ان اللّٰہ عندہٗ علم الساعۃ[23]
اشعۃ اللمعات[24] ج۱ صـ۴۲ - لمعات للشیخ تحت حدیث جبریل -[25]
امام قرطبی - امام عسقلانی[26] - امام عینی[27] - امام قسطلانی[28] - ملا علی قاری[29] -[30]
پانچوں حدیث جبریل کی شرح میں[ل] - ارشاد الساری شرح بخاری کتاب[31]
التفسیر سورہ رعد ج۷ صـ۱۷۸ وعنہ ہامش بخاری جلد۲ صـ۶۸۱
روض النظیر شرح جامع صغیر صـ - جمع النہایہ لعلامہ شنوانی[32][33]
تاویلات اہل سنت لامام ابی منصور صـ - تفسیر مظہری ج۳ صـ۲۷۴[34][35]
زیر آیت عندہ مفاتیح الغیب - تفسیر خازن ج۴ صـ۳۱۹ زیر آیت[36]
عالم الغیب - تفسیر روح المعانی پ۲۱ صـ۱۰۱ - المواہب اللدنیہ ج[37][38]
زرقانی ج۱ صـ۲۶۵[39] - یہ حوالے علوم خمسہ اور علم روح کے ثبوت کے متعلق

ل ولفظہم "فمن ادعی علم شئی منہا (ای من الخمسۃ) الخ، فتح الباری
شرح صحیح بخاری للعسقلانی ج۱ صـ۱۰۱ مطبوعہ بہیہ مصریہ ۱۳۴۸ھ کتاب الایمان باب
سوال جبریل الخ عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری للعینی ج۱ صـ۲۹ مطبوعہ منیریہ مصر - مرقات شرح مشکوٰۃ
للقاری ج۱ صـ۵۷ مطبوعہ مصر - مدعی کاذب اس وقت ہوگا جبکہ ان کا استناد حضور کی طرف نہ کرے اور
اگر حضور کی طرف اسناد کرکے کہے (جیسے غوث دباغ ابریز شریف میں) تو وہ اس دعوی میں سچا ہے فللّٰہ الحمد منہ

ہیں۔ باقی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم کلی کے متعلق بھی سنیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہر شی کا علم ہے، ہر شی حضور پر روشن ہے۔ جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے۔ وہ سب جانتے ہیں۔ آپ ہر غیب پہ مامون ہیں۔ ماکان (جو ہو چکا) مایکون (جو ہو رہا ہے اور جو ہوتا رہے گا) یہ سب کچھ باطلاع الٰہی باعلام ربانی و بفیض سبحانی و بتوفیق رحمانی جانتے ہیں۔ لوح و قلم کے جمیع علوم کے جامع ہیں۔ بلکہ لوح و قلم کے علوم آپ کے علوم والے سمندر سے چند قطرے ہیں۔ حضور کا علم اللہ تعالیٰ کے علم سے بعض ہے۔ کما علیہ جمہور اہل السنۃ خلافا لبعض العرفا کما قال الشیخ" بعضے از عرفا کتابے نوشتہ و اثبات کردہ کہ آنحضرت را تمامہ علوم الٰہی معلوم ساختہ بودند" مدارج النبوت ج ۱ ص ۱۴۴ ۔ علم اور مخلوق کی بنسبت کل ہے۔ یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا کلی بھی ہے اور جزی بھی ہے۔ من جہتہ الخالق جزی ہے اور من جہتہ المخلوق کلی ہے۔ نیز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مخلوق ہیں۔ اور حضور کا علم بھی مخلوق ہے علم الٰہی ذاتی ہے اور علم خلق عطائی۔ وہ واجب یہ ممکن۔ وہ قدیم یہ حادث۔ وہ نامخلوق یہ مخلوق۔ وہ نامقدور یہ مقدور۔ وہ ضروری البقا یہ جائز الفنا۔ وہ ممتنع التغیر یہ ممکن التبدل۔ ان عظیم تفرقوں کے بعد احتمال شرک نہ ہوگا۔ مگر کسی مجنون کو۔

(بطور اجمال آپ کے علم کلی کے بعض دلائل صرف قرآن شریف اور احادیث سے)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہر شے جانتے ہیں۔

(۱) وھو بکل شیءٍ علیم (قرآن پ ۲۷ حدید ۳)	اور وہی (یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام [۱]) سب کچھ جانتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی چاہت کے مطابق (اللہ تعالیٰ کے خاص) بندے اللہ تعالیٰ کے بعض علم کا احاطہ کرتے ہیں۔

(۲) ولا یحیطون بشیءٍ من علمہ الا بما شاء (قرآن پ ۳ البقرۃ ۲۵۵)	وہ نہیں احاطہ کرتے (گھیرتے) اس کے علم میں سے مگر جتنا وہ چاہے

اللہ تعالیٰ اپنے پسندیدہ رسولوں کو اپنے مخصوص علم غیب پر مطلع کرتا ہے)

(۳) عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہٖ احدا الا من [۲] ارتضی من رسول (قرآن پ ۲۹ الجن ۲۶/۲۷)	(اللہ تعالیٰ) غیب کے جاننے والا (ہے) تو اپنے (خاص) غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔
(۴) ماکان اللہ لیطلعکم علی الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ [۳] من یشاء (قرآن پ ۴ آل عمران ۱۷۹)	اللہ کی یہ شان نہیں ہے کہ اے عام لوگو تمہیں غیب کا علم دے ہاں اللہ چن لیتا ہے اپنے رسولوں سے جسے چاہے۔

[۱] مدارج النبوت للشیخ ج ۱ ص ۳۔ [۲] الفتوحات المکیۃ للشیخ الاکبر باب ۱۰ ص ۱۲۴۔ جواہر البحار ج ۱ ص ۱۱۳۔ درر الغواص علی فتاوی سیدی علی الخواص للشعرانی علی ہامش کتاب الابریز ص ۹۴/۹۵ ۱۲ الفیضی غفرلہٗ۔ [۲] یہ استثناء متصل ہے۔ جمل ج ۴ ص ۴۲۵ ونحوہ فی ابی سعود وخازن ج ۴ ص ۳۱۶ ۱۲ منہ۔ [۳] بعض لوگ لفظ "نبی" کو تو مانتے ہیں اور لفظ نبی کے معنی کے

حاشیہ ۳ باقی اگلے صفحہ پر

لوح محفوظ میں ہر شے کا بیان ہے۔

(۵) ولا اصغر من ذٰلک ولا اکبر الا فی کتاب مبین (قرآن پ ۱۱ یونس ۶۱)

اور نہ اس (ذرہ سے) چھوٹی اور نہ اس (ذرہ) سے بڑی کوئی چیز نہیں جو ایک روشن (بیان کرتے والی) کتاب (لوح[1] محفوظ) میں نہ ہو۔

(۶) کل[2] فی کتاب مبین (قرآن پ ۱۲ ہود ۶)

سب کچھ ایک صاف بیان کرنے والی کتاب (لوح[3] محفوظ) میں ہے۔

امام بوصیری (متوفی ۶۹۴ / ۶۹۵ ھ) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عرض کرتے ہیں۔

فان من جودك الدنیا وضرتها
ومن علومك علم اللوح والقلم

تو بے شک (یا رسول اللہ) دنیا اور آخرت (کی ہر نعمت) آپ کے (خوان) سخاوت سے کچھ حصہ ہے اور لوح و قلم کا علم آپ کے علوم سے بعض ہے۔

(حاشیہ بقیہ صفحہ گذشتہ) منکر ہیں۔ لفظ نبی کے معنی ہیں "غیب کی خبریں بتانے والا" امام قاضی عیاض فرماتے ہیں "فالنبوة فی لغة من همز ماخوذة من النبأ.... والمعنی ان الله تعالٰی اطلعه علٰی غیبه.... النبوة التی هی الاطلاع علی الغیب۔ شفا شریف ج ۱ ص ۲۰۹ / ۲۱۰ باب ۳ فصل ۱۔ وشرحه للقاری والخفاجی ج ۲ ص ۳۵۱ / ۳۵۳ ومثله فی المواهب اللدنیه للقسطلانی ج ۱ ص وشرحه للزرقانی ج ۳ ص ۱۷۹ / ۱۸۰" سچ کہا گیا کہ لفظوں سے تو خوش ہیں لیکن معنی سے خفا ہیں۔ ۱۲ منہ

[1] خزائن العرفان ص ۳۱۲ [1] ۱۴۵ تفسیر خازن ومدارک ج ۲ ص ۲۶۹ ۱۲ منہ [2] خزائن ص ۳۲۱ [3] خازن وجمل ج ۲ ص ۳۱۷ ۱۲ منہ

(قرآن شریف لوح محفوظ کی تفصیل ہے)

(۷) وتفصیل الکتٰب[1] لاریب فیہ (قرآن - پ۱۱ یونس ۳۷)	اور لوح میں جو کچھ لکھا ہے (قرآن شریف میں اس) سب کی تفصیل ہے

قرآن شریف میں کل چیزوں کا بیان اور ہر چیز کی تفصیل ہے

(۸) ما فرطنا فی الکتٰب من شیءٍ (قرآن پ۷ انعام ۳۸)	ہم نے اس کتاب[2] (قرآن شریف) میں کوئی چیز نہیں چھوڑی (سب کو لکھ دیا ہے)
(۹) ولا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین (قرآن - پ۷ - انعام ۵۹)	اور نہ کوئی تر (ہے) اور نہ خشک جو ایک روشن کتاب[3] (قرآن شریف) میں لکھا نہ ہو۔
(۱۰) وتفصیل کل شیءٍ	(قرآن) ہر چیز کا مفصل بیان ہے)

(قرآن پ۱۳ یوسف ۱۱۱)

(۱۱) ونزلنا علیک الکتٰب تبیانا لکل شیءٍ۔	اور ہم نے تم پر یہ قرآن اتارا کہ ہر چیز کا روشن بیان ہے۔

(قرآن پ۱۴ - نحل ۸۹)

---

[1] کتٰب سے مراد لوح محفوظ - جمل ج ۲ ص ۳۴۹ - صاوی ج ۲ ص ۱۶۱ ۱۲ منہ

[2] خازن ومدارک ج ۲ ص ۱۴ - جمل ج ۲ ص ۱۳ - تفسیر روح البیان ج ۲ ص ۱۴۵ تفسیر اتقان ج ۲ ص ۲۱۲ نوع ۶۵ للسیوطی ۱۲ منہ [3] تفسیر روح البیان ج ۳ ص ۱۶۱

عن الدادیلات النجمیہ ۱۲ منہ

تنبیہات

(۱) قرآن شریف کے متعلق جو قرآن شریف میں کل شئی کے بیان و تفصیل کا اللہ تعالیٰ نے اعلان فرمایا ہے۔ وہ اپنے عموم پر ہے جو دین و دنیا کی ہر چیز پہ بلکہ جمیع موجودات پر مشتمل ہے۔ اس میں امور دینیہ کی تخصیص والا دعویٰ بلا دلیل ہے جو قابل رد ہے۔" عمومات نصوص قطعیہ کسی ملا کے قول اور ظنی دلیل سے تخصیص نہیں پاتے۔ اور مخصص نص قطعی میں موجود نہیں۔ اگر کسی میں ہے ہمت تو ان آیات کی تخصیص بامور دینیہ پر قطعی الثبوت قطعی الدلالۃ نص پیش کرے۔ ھل من مبارز ہمیں میداں ہمیں گو۔ ؎

نہ خنجر اٹھے گا نہ تلوار ان سے ؎ یہ بازو میرے آزمائے ہوئے ہیں

ہاں ان آیات کے عموم کو تقویت دینے کے لئے ہمارے پاس دلائل کثیرہ ہیں۔ بعض پیش ہوتے ہیں۔

(۲) صحابی رسول حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ان اللہ انزل فی ھذا الکتاب تبیانا لکل شئی ولقد علمنا بعضا مما بین لنا فی القرآن ثم تلا

بے شک اللہ تعالیٰ نے اس قرآن شریف میں ہر چیز کا روشن بیان نازل فرمایا۔ اور ہم نے اس قرآن سے بعض چیزوں کو جانا جو ہمارے لئے بیان کی گئیں۔ پھر دلیل کے طور

ونزلنا علیک الکتاب تبیانا لکل شیٔ	پر انہوں نے یہی آیت نزلنا علیک الکتاب پڑھی۔

اخرجہ ابن جریر وابن ابی حاتم ۔ تفسیر در منثور ج ۴ ص ۱۲۷

وہی حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں۔

فان فیہ علم الاولین والآخرین	بے شک اس قرآن شریف میں تمام اولین اور تمام آخرین کا علم ہے

اخرجہ سعید بن منصور وابن ابی شیبہ وابن احمد فی زوائد الزہد وابن الضریس فی فضائل القرآن ومحمد بن نصر فی کتاب اللہ والطبرانی والبیہقی فی شعب الایمان ۔ (در منثور ج ۴ ص ۱۲۷)

حضرت ابو بکر بن مجاہد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک دن فرمایا۔

ما من شیٔ فی العالم الا وھو فی کتاب اللہ فقیل لہ این ذکر الخانیات فیہ فقال فی قولہ لیس علیکم جناح ان تدخلوا بیوتا غیر مسکونۃ فیہا متاع لکم فہی الخانیات (تفسیر اتقان ج ۲ ص ۱۲۴)	عالم کی کوئی چیز ایسی نہیں جو قرآن شریف میں نہ ہو (یعنی جہان کے ہر ہر ذرہ اور ہر ہر قطرہ کا ذکر قرآن شریف میں موجود ہے ۔) تو ان سے کہا گیا سراؤں کا ذکر کہاں ہے ۔ فرمایا اللہ تعالیٰ کے اس قول لیس علیکم جناح ان تدخلوا بیوتا غیر مسکونۃ فیہا متاع لکم میں سراؤں کا بیان ہے ۔

امور دینیہ سے تخصیص کرنے والے کیا سرائے بھی امور دینیہ سے ہے۔

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ٥

صحابی رسول حضرت عبداللہ بن عباس نے فرمایا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہما

لو ضاع لی عقال بعیر
لوجدتہ فی کتاب اللہ تعالیٰ
(تفسیر اتقان ج ۲ صفحہ ۱۲۶)

اگر میری اونٹ کی زانو باندھنے والی رسی گم ہو جائے تو میں اسے قرآن شریف میں پالوں گا کہ کہاں ہے

کیا رسی بھی امور دینیہ سے ہے۔ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ۔

(۳) دیوبندیوں وہابیوں کے پیر کی گواہی۔ مولوی حسین علی واں بھچروی کے پیر و مرشد خواجہ مولانا محمد عثمان نقشبندی مجددی نے فرمایا کہ

برائے خاندن مشکوٰۃ شریف و بخاری و مثنوی مولانا روم صاحب و دیگر کتب احادیث استعداد وافرہ و متکاثرہ مے باید و اکثر علماء و فضلاء قرآن شریف میخوانند و تفسیر ہا میخوانند لکن کما حقہ نمی فہمند پس ایں شعر خواندند: ؎

جمیع العلم فی القرآن لکن
تقاصر عنہ افہام الرجال

یعنی مشکوٰۃ شریف اور بخاری اور مثنوی مولانا روم اور باقی کتب احادیث کے پڑھنے کیلئے بہت بہت استعداد کی ضرورت ہے بہت سے عالم و فاضل قرآن کریم اور تفسیریں پڑھتے ہیں۔ لیکن کما حقہ نہیں سمجھتے۔ پھر حضرت نے یہ شعر پڑھا

"تمام علوم قرآن میں موجود ہیں لیکن لوگوں کے فہم ان سے قاصر ہیں۔

مجموعہ فوائد عثمانیہ صفحہ ۲۰/۲۱

نیز وسعت علوم قرآنی کے متعلق " احیاء العلوم للغزالی ج ۱۲ صفحہ ۲۶ باب رابع ملاحظہ ہو۔

(۴) اشد ضروری تنبیہہ :- تبیانا لکل شئی کا قرآنی دعوی مکمل قرآن کے متعلق ہے نہ جز اور بعض قرآن شریف کے متعلق جب مکمل قرآن شریف کے نازل ہونے سے ایک اور صرف ایک حرف باقی تھا تو اس وقت تک بھی تبیانا لکل شئی نہ ہوا تھا۔ تبیانا لکل شئی اس وقت ہوا جب کہ مکمل قرآن مجید نازل ہو چکا۔ ایک حرف بھی نازل ہونے سے نہ رہا۔ کیونکہ تبیانا لکل شئی مکمل الکتاب سے متعلق ہے۔ مکمل الکتاب سے حال ہے۔ کل قرآن کی صفت ہے جب یہ آیت اتر رہی تھی۔ اس وقت بعض قرآن اترا تھا۔ اور باقی بعض زمانہ مستقبل میں اترنے والا تھا[1]۔ لہذا اس آیت کے نزول کے بعد فریق مخالف کا نفی علم سید عالم والے دلائل (اگرچہ وہ عدم اطلاع میں قطعی الثبوت و قطعی الدلالہ نہیں بخلاف ان آیات قرآنیہ کے جو اپنے مفہوم میں قطعی الدلالہ ہیں) پیش کرنا بے سود ہیں۔

---

[1] باقی رہا یہ شبہ کہ نزلنا صیغہ ماضی سے بیان کیوں کیا۔ تو جوابا عرض ہے کہ قرآن پاک کا جو حصہ زمانہ آئندہ میں نازل ہونے والا تھا۔ اس کا نزول چونکہ یقینی تھا۔ لہذا صیغہ ماضی سے بیان کیا گیا۔ زمانہ مستقبل میں یقینی واقع ہونے والی چیز کو صیغہ ماضی سے تعبیر کرنا کتاب و سنت میں بکثرت واقع ہے۔ ۱۲ منہ۔

کیونکہ پہلے کی نفی بعد کے ثبوت کے منافی نہیں۔ کیونکہ اس وقت کے تبیانا لکل شئ کا قرآن مدعی نہیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے قرآن شریف کا تبیانا لکل شئ ہونا اس وقت ہوا۔ جب مکمل قرآن شریف اتر چکا ایک حرف بھی باقی نہ رہا۔ اگر فریق مخالف میں ہمت ہے تو مکمل قرآن شریف کے نزول کے بعد کوئی قطعی الثبوت قطعی الدلالۃ ایسی نص پیش کرے جس میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے ماکان اور مایکون۔ مافی السمٰوٰت والارض سے کسی چیز کی صراحۃً اطلاع کی نفی ہو اس کا جواب آج تک کسی منکر علم سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نہ ہو سکا۔ اور نہ قیامت تک ہو سکتا ہے۔ ھل من مبارز۔ ہمیں میدان ہمیں گو۔ منکرین علم سید عالم چھوٹے بڑے، صغیر و کبیر۔ رطب و یابس مل کے اس کا جواب ہرگز نہیں دے سکتے۔ یہ خیال رہے کہ اس صورت میں فریق مخالف۔ قرآن شریف کی کوئی آیت نفی بھی نہیں پیش کر سکتا۔ کیونکہ جو آیت پیش ہو گی۔ وہ مکمل قرآن کے نزول سے پہلے کی ہو گی۔ اس کے بعد بھی کچھ آیتیں کچھ الفاظ کچھ حروف اترے ہوں گے۔ اور اس وقت تک تو تبیانا لکل شئ کا دعویٰ نہیں۔ دعویٰ تو مکمل قرآن کے نزول کے بعد کا ہے۔ نیز کل قرآن شریف کے نزول کے بعد والی خبر واحد اگرچہ صحیح ہو۔ اگرچہ صحیحین کی ہو نفی علم عطائی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں بھی نہیں پیش ہو سکتی۔ کیونکہ وہ ظنی دلیل ہو گی اور کل شئ کا بیان و علم نص قطعی۔ آیت قرآنی سے ثابت ہے

ظنی دلیل قطعی دلیل کی ناسخ ہو سکتی ہے نہ مخصص۔ کل کی عمومیت یہاں قطعی ہے۔ تخصیص عقلی کے بعد بھی عام افادہ میں قطعی ہوا کرتا ہے سُنیو اس تنبیہ کو خوب اچھی طرح سمجھو اور ذہن نشین کر لو۔

جزی اللہ المجید دالذی افادلنا ھذا

(۵) قرآن شریف میں اغیرہ وغیرہ نتھو خیرہ ملا۔ مولوی کو ہر ہر چیز کا روشن بیان نظر نہ آئے تو نہ آئے۔ لیکن نزلنا علیک الکتاب تبیانا لکل شی کے کاف خطاب کے مخاطب یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جن پر قرآن شریف اترا جن کو رب تعالیٰ نے قرآن کی تعلیم دی ان کے لئے تو یقیناً تبیانا لکل شئی ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ تعالیٰ نے مکمل قرآن کی تعلیم دی۔ اور قرآن شریف کے سب اسرار و رموز اور معانی و مطالب سے آگاہ فرمایا۔

(۱۲) الرحمٰن علم القرآن خلق الانسان علمہ البیان قرآن ۲۷ الرحمٰن ۱/۴	رحمٰن نے (حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو) مکمل قرآن کی تعلیم دی[۱]۔ (حضرت) انسان (حضور) کو پیدا کیا اور ان کو (ماکان ومایکون کا)[۲] بیان سکھایا

[۱] تفسیر روح البیان ج ۶ ص ۸۰۔ و تفسیر جمل ج ۴ ص ۲۵۳ ۱۲ منہ

[۲] خازن ج ۴ ص ۲۰۸ جمل ج ۴ ص ۲۵۳ تفسیر مظہری ج ۹ ص ۱۴۵ ۱۲ فیضی

توجب ہم اسے (قرآن کو) پڑھ چکیں اس وقت اس پڑھے ہوئے کی اتباع کریں۔ پھر بیشک اس کی باریکیوں کا (بیان) تم پر ظاہر فرمانا ہمارے ذمہ ہے۔	(۱۳) فاذا قرأنٰہ فاتبع قرانہ ثم ان علینا بیانہ قرآن ۲۹ القیمۃ ع ۱ ۱۸/۱۹

نمبر ۵ تا نمبر ۱۳ تک کی آیات کے مجموعہ سے صاف صاف یہ بات ثابت ہوئی کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مکمل قرآن کے جمیع مطالب کے عالم ہیں۔ وہ قرآن جس میں جمیع مندرج مافی اللوح المحفوظ کی تفصیل ہے۔ وہ لوح جس میں جمیع ماکان و مایکون درج ہے۔ اور وہ قرآن جس میں ہر شئے کی تفصیل اور کل چیزوں کا بیان ہے۔ تو ثابت ہوا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ہر ہر چیز کا علم ہے۔ فللّٰہ الحمد

جو کچھ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نہ جانتے تھے وہ سب کچھ اللہ تعالیٰ نے حضور کو سکھا دیا۔

اور تمہیں سکھا دیا جو کچھ تم نہ جانتے تھے۔ اور اللہ کا تم پر بڑا فضل ہے	(۱۴) وعلمک مالم تکن تعلم وکان فضل اللہ علیک عظیما

(قرآن ۵ نساء ع ۱۷ ۱۱۳)

(احادیث نبویہ)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جمیع احوال مخلوقات سے باخبر ہیں۔ اسی لئے حضور نے ابتداء مخلوق سے لیکر انتہاء مخلوق تک ہر ہر چیز کی خبر دی۔

(۱) حضرت عمر بن خطاب فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہم میں ایک جگہ قیام فرمایا۔

فاخبرنا عن بدء الخلق حتی دخل اھل الجنۃ منازلھم واھل النار منازلھم

پس ہم کو ابتداءِ خلق سے خبر دی یہاں تک کہ جنتی لوگ اپنی منزلوں میں پہنچ گئے اور جہنمی اپنی منزلوں میں یعنی روز اول سے دخول جنت و دوزخ تک کے تمام تفصیلی حالات بیان فرما دیئے۔

(صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۵۳ کتاب بدء الخلق پ ۱۳)
مشکوٰۃ شریف باب بدأ الخلق فصل ۱ ص ۵۰۶ ج ۲)

امام[۱] بدر الملت والدین محمود عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ، اور، امام[۲] حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ۔ اور امام[۳] کرمانی، اور علامہ[۴] یعقوب البمبانی شارحین بخاری۔ اور ملا علی قاری حنفی متوفی ۱۰۱۴ھ شارح مشکوٰۃ سب بیک زبان اسی حدیث کی شرح میں رقمطراز ہیں۔

فیہ دلالۃ علی انہ اخبر فی المجلس الواحد بجمیع احوال المخلوقات من ابتدائھا

اس حدیث شریف میں اس بات پر دلالت ہے کہ بے شک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک ہی مجلس میں ابتداءِ مخلوقات سے لیکر انتہاءِ مخلوقات تک تمام

الیٰ انتہائہا مخلوقات کے سب حالات سے

خبر دے دی۔

عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری ج ۴ ۶ ص ۲۲۳۔ الکوکب الدراری شرح صحیح بخاری للکرمانی ج ص۔ الخیر الجاری شرح صحیح بخاری للیمانی ج ص ہامش بخاری ج ۱ ص ۴۵۳۔ مرقات شرح مشکوٰہ ج ۵ ص ۳۲۷۔ ۴ ج ۱۵ ص ۱۱۰ واللفظلہ۔ فتح الباری شرح بخاری

(۱) مخبر اور سامع حافظ کے علم میں نہ کماً مساوات ہے نہ کیفاً۔ کیفاً اس لئے کہ مخبر استاذ ہے اور سامع شاگرد وہ معطی نعمت ہے اور یہ آخذ نعمت باقی رہا کماً "تو سامع حافظ کا یہ مطلب نہیں کہ اس نے سب کچھ یاد کر لیا ورنہ سامع ناسی کے متعلق بھی یہ کہنا ہوگا کہ اس کو مخبر صادق کا بیان کردہ ایک لفظ بھی یاد نہ رہا ولا یقول بہ عاقل۔ مطلب یہ ہے کہ کسی کو کچھ یاد رہا اور کسی کو کچھ اور اگر بالفرض بعض سامع حافظ ایسے ہوں بھی کہ جمیع احوال مخلوقات کو انہوں نے یاد کر لیا ہو تو پھر بھی مخبر اور سامع حافظ کے علم میں کماً مساوات نہیں۔ کیونکہ مخبر صادق کا علم ماکان و مایکون۔ اور جمیع احوال مخلوقات میں بند نہیں ہے۔ بلکہ اس سے بہت افزوں ہے اور پھر بھی علم الٰہی سے دون[1] ہے۔ بعض جہلا شان الوہیت سے ناآشنا

---

[1] دون بمعنی تھوڑا۔ نیچے (فیروز اللغات۔ یقال للقاصر عن الشئی دون" مفردات راغب ص ۱۷۵ ۱۲ منہ

عقل وعلم کے پست، نام کے توحید پرست۔ اللہ تعالیٰ کے علم غیر متناہی وغیر محدود کو ماکان ومایکون کے تین زمانوں کی حدود میں محدود مانتے ہیں۔ تعالی اللہ عما یصفون۔ علامہ ملا علی قاری حنفی حل العقدہ شرح قصیدہ بردہ میں امام بوصیری کے اس قول "ومن علومک علم اللوح والقلم" کی شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

وکون علومھما من علومہ علیہ السلام ان علومہ تتنوع الی الکلیات والجزئیات وحقائق ومعارف وعوارف تتعلق بالذات و الصفات وعلمھما یکون نھرا من بحور علمہ وحرفا من سطور علمہ ۔ اھ

اور لوح (وہ لوح کہ جس میں جمیع ماکان[1] ومایکون درج ہے) وقلم کے علوم حضور علیہ السلام کے علوم کے بعض اس لئے ہیں کہ حضور کے علوم منقسم ہیں۔ جزئیات اور کلیات اور حقائق اور معرفت اور ان معرفتوں کی طرف کہ جن کا تعلق ذات اور صفات سے ہے لہذا لوح وقلم کا علم حضور علیہ السلام کے علوم کے دریاؤں کی ایک نہر ہے۔ اور حضور کے علم کی سطروں کا ایک حرف ہے

[1] خازن ج ۲ ص ۲۱ ۱۲ منہ

(۲) باقی رہا یہ کہ جمیع احوال مخلوقات کو ایک مجلس میں بیان کر دینا یہی تو حضور کا کمال ہے۔ کیا قدرت نبوی اور طاقت رسالت سے یہ بعید ہے نہیں اور ہرگز نہیں۔ داؤد علیہ السلام گھوڑوں پر زین رکھنے کا حکم دیتے اور ادھر آپ زبور جیسی ضخیم کتاب کی تلاوت شروع کرتے ابھی وہ گھوڑوں پر زین رکھنے سے فارغ نہ ہوتے تھے۔ کہ داؤد علیہ السلام مکمل زبور پڑھ لیتے تھے (بخاری۔ مشکوٰۃ باب ذکر الانبیاء عن ابی ہریرۃ صفحہ ۵۱۰) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک رکاب سے دوسرے رکاب تک قرآن شریف ختم کر لیتے تھے۔ (شمائم امدادیہ صفحہ ۱۳۱ حاجی امداد اللہ مصدقہ تھانوی) شیخ ابومدین مغربی حجر اسود سے قرآن شریف پڑھنا شروع کرتے اور باب کعبہ تک ختم کر لیتے۔ (یہ ۱۰ قدم کا فاصلہ ہے) جس کے الفاظ بھی مسموع ہوتے تھے۔ اور معانی بھی مفہوم ہوتے تھے (نفحات الانس للعارف الجامی) بعض اولیاء نے نماز مغرب سے سرخی کے غائب ہونے تک پانچ دفعہ قرآن کریم ختم کر لیا۔ اور حضرت علی المرتضیٰ نے ایک درجہ پر ہزار ختم کر لئے۔ (لطائف المنن للشعرانی۔ ماخوذ از نجم الرحمٰن) جن کے غلاموں کی یہ شان ہو ان کے سردار کا ایک مجلس میں جمیع احوال مخلوقات سے خبر دے دینا نہیں ہو سکتا

ع بدیں عقل و دانش بباید گریست

جو کچھ قیامت تک ہونے والا تھا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے وہ

سب کچھ بتا دیا۔

(۲) حضرت عمرو بن اخطب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ

صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یومًا الفجر وصعد المنبر فخطبنا حتی حضرت الظہر فنزل فصلی ثم صعد المنبر[ه] حتی غربت الشمس فاخبرنا بما ھو کائن الی یوم القیمة قال فاعلمنا احفظنا۔ رواہ مسلم فی صحیحہ ج ۲ ص ۳۹۰ مشکوٰۃ باب فی المعجزات فصل ۳ ص ۵۴۳

یعنی ایک دن حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام نے ہمیں فجر کی نماز پڑھا کے منبر شریف پر چڑھ گئے۔ پس ہمیں خطاب کرتے رہے یہاں تک کہ ظہر کا وقت آگیا۔ پس اترے اور ظہر کی نماز پڑھی پھر منبر پر تشریف لے گئے اور ہمیں خطاب کرتے رہے یہاں تک کہ عصر کا وقت آگیا پھر اترے اور نماز پڑھی پھر منبر پر چڑھ گئے یہاں تک کہ سورج غروب ہوگیا۔ تو جو کچھ قیامت تک ہونے والا تھا۔ ہمیں وہ سب کچھ بتا دیا تو ہم میں زیادہ علم والا وہ تھا جو حضور کی ان بیان کردہ باتوں کو زیادہ یاد کرنے والا تھا۔

ه: فخطبنا حتی حضرت العصر: فنزل فصلی ثم صعد: المنبر

ل تعیین غایت سے تعیین قیامت ہوگئی۔ فافہم ۱۲ منہ۔

(۳) حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ

قام فینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقاما ما ترک شیئاً یکون فی مقامہ ذالک الی قیام الساعۃ الا حدث بہ

ہم میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قیام فرمایا اس مقام میں قیامت تک ہونے والی کسی چیز کو نہ چھوڑا مگر سب کو بیان فرما دیا۔

الحدیث ا۔ (بخاری۔ مسلم ج ۲ ص ۳۹۰) مشکوٰۃ کتاب الفتن حدیث علے ص ۴۶۱

(۴) عن ابی سعید الخدری قال صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوما صلاۃ العصر بنہار ثم قام خطیبا فلم یدع شیئاً یکون الی قیام الساعۃ الا اخبرنا بہ۔۔۔۔۔

ھذا حدیث حسن وفی الباب عن المغیرۃ بن شعبۃ وابی زید بن اخطب وحذیفۃ وابی مریم ذکروا ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم حدثہم بما ھو کائن الی ان تقوم الساعۃ"۔

(ترمذی شریف ج ۲ ص ۴۲۔) **ساری زمین حضور کی نظر میں**

(۵) حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

ان اللہ زوی لی الارض فرایت مشارقہا ومغاربہا

بے شک اللہ نے میرے لئے زمین سمیٹ دی پس میں نے زمین کے مشرقوں اور مغربوں کو دیکھ لیا۔

صحیح مسلم ج ۲ ص ۳۹۰۔ قال الترمذی ہذا حدیث حسن صحیح" ج ۲ ص ۴۰۔

منہ حتی روایت

مشکوٰۃ باب فضائل سید المرسلین فصل ۱ ج ۲ ص ۵۱۳

سید الرسل عالم کل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا جو مرضی آئے مجھ سے پوچھو میں سب کچھ بتاؤں گا۔

(۶) حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

سلونی عما شئتم[1] فقال رجل من ابی قال ابوك حذافة فقام آخر فقال من ابی یارسول اللہ قال ابوک سالم مولیٰ شیبۃ۔ (صحیح بخاری ج ۱ ص ۱۹/۲۰)	جو چاہو مجھ سے پوچھو تو ایک مرد نے عرض کی میرا باپ کون ہے۔ حضور نے فرمایا تیرا باپ حذافہ ہے۔ دوسرا کھڑا ہوا اس نے کہا یارسول اللہ میرا باپ کون ہے۔ فرمایا تیرا باپ شیبۃ کا مولیٰ سالم ہے۔

(۷) حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من احب ان یسأل عن شیٔ فلیسأل فلا تسئلونی عن شیٔ الا اخبرتکم[2]	جو شخص جو شے پوچھنا چاہتا ہے پوچھے۔ تم مجھ سے جو کچھ پوچھو گے میں تمہیں بتاؤں گا۔ صلی اللہ تعالیٰ

[1] قال سلونی۔ بخاری ج ۲ ص ۱۰۸۳ ۱۲ منہ [2] لا تسئلونی الیوم عن شیٔ بقیہ حاشیہ ص ۲ اگلے صفحہ پر

علیہ وآلہ وصحبہ وسلم بقدر سعۃ علمہ دائماً ابداً ۔ (صحیح بخاری ج۱ ص۷۷)

(۸) حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک مرد سے فرمایا۔

سل عما بدا لک — جو تیرے لئے ظاہر ہو (یعنی جو جی میں آئے مجھ سے) پوچھ (میں بتاؤں گا۔)

صحیح بخاری ج۱ ص۱۵

(۹) حضور نے بار بار فرمایا۔

سلونی ۔ بخاری عن انس ج۱ ص۲۰ — (جو چاہو) مجھ سے پوچھو

ہر چیز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نظر میں ۔

(۱۰) حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ۔

ما من شیٔ لم اکن اریتہ الا رایتہ فی مقامی ھذا — جو جو چیزیں مجھے نہیں دکھائی گئی تھیں وہ سب چیزیں میں نے یہاں دیکھ لیں یہاں

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) الا بینتہ لکم ۔ عن انس مرفوعاً بخاری ج۲ ص۱۰۸۱ ۹۲۱ "لا تسئلونی عن شیٔ الا بینت لہ لکم" بخاری ج۲ ص۱۰۵ ۔ فواللہ لا تسالونی عن شیٔ الا اخبرتکم بہ" بخاری ج۲ ص۱۰۸۳ ۔ ورواہ عبد بن حمید وابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم وابن مردویہ من طریق قتادۃ عن انس" تفسیر درمنثور ج۲ ص۳۳۲ ورواہ ابن جریر وابن حاتم عن السدی" تفسیر درمنثور ج۲ ص۳۳۵ و رواہ ابن ابی شیبۃ وعبد بن حمید وابن جریر وابن المنذر عن مجاہد" درمنثور ج۲ ص۳۳۶ ۱۲ ف

حتی الجنۃ والنار — تک کہ جنت اور دوزخ کو دیکھ لیا

صحیح بخاری ج ۱ ص ۱۸ ۔

(زمین و آسمان کی ہر ہر چیز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم میں ہے)

(۱۱) حضرت عبدالرحمن بن عائش سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

فوضع کفہ بین کتفی فوجدت بردھا بین ثدییَّ فعلمت مافی السموات والارض[1] الحدیث

اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت والی ہتھیلی میرے دو کندھوں کے درمیان رکھی جس کی ٹھنڈک میں نے اپنے سینہ میں پائی۔ تو جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے میں نے جان لیا

رواہ الدارمی مرسلا (والمرسل حجۃ عند الحنفیۃ وجمہور المحدثین) والترمذی نحوہ عنہ ۔

وعن ابن عباس ومعاذ ابن جبل۔ مشکوٰۃ ج ۱ ص ۷۲ باب المساجد۔

کل شیٔ حضور کے لئے روشن ہے اور ہر چیز کو حضور علیہ السلام پہچانتے ہیں

(۱۲) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

---

[1] قال السیوطی واخرجہ عبدالرزاق واحمد وعبد بن حمید والترمذی وحسنہ ومحمد بن نصر فی کتاب الصلاۃ ولفظہم "فعلمت مافی السموات ومافی الارض" درمنثور ج ۵ ص ۳۱۹ ۱۲ منہ

وضع كفه بين كتفي حتى وجدت بردانامله بين ثديي فتجلى لى كل شئ وعرفت الحديث رواه احمد والترمذي[1]	اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت والی ہتھیلی میرے دو کندھوں کے درمیان رکھی یہاں تک کہ میں نے اس کے قدرت کے پوروں کی ٹھنڈک اپنے سینہ میں پائی تو میرے لئے ہر چیز روشن ہو گئی اور میں نے (ہر چیز کو) پہچان لیا

امام ترمذی اور امام بخاری نے فرمایا یہ حدیث صحیح ہے۔ مشکوٰۃ ج ۱ ص ۷۲ باب المساجد۔

(حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ہر شے کا علم ہے۔)

(۱۳) حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

فوضع يده بين ثديي وبين كتفي فوجدت	یعنی اللہ تعالیٰ نے قدرت والا ہاتھ میرے سینہ اور میرے دو کندھوں کے درمیان میں رکھا میں نے اس کی ٹھنڈک سینہ میں

[1] واخرجه محمد بن نصر والطبرانی والحاکم وابن مردویہ" لفظه" فتجلى لى كل شئ وعرفته" درمنثور ج ۵ ص ۳۱۹

پائی تو اللہ تعالیٰ نے مجھے ہر چیز کا علم دے دیا۔	بردھا بین ثدیی فعلمنی کل شئ ۔ الحدیث

اخرجہ الطبرانی فی السنتہ والشیرازی فی الالقاب وابن مردویہ ۔

در منثور ج ۵ ص۳۲۰ ۔

زمین و آسمان کی ہر چیز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے روشن ہو چکی

(۱۴) یہی مضمون حضرت ثوبان سے مرفوعاً مروی ہے۔ جس میں یہ لفظ ہیں

جو کچھ آسمان و زمین میں ہے میرے لئے روشن ہو گیا۔	فتجلی لی بین السماء والارض

اخرجہ ابن نصر والطبرانی فی السنتہ۔ در منثور ج ۵ ص۳۲۱

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ماکان اور مایکون کا علم ہے

(۱۵) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

شب معراج میرے حلق میں ایک قطرہ ڈالا گیا تو میں نے جان لیا جو کچھ ہو چکا اور جو ہو رہا ہے۔ اور جو ہو گا۔	لیلۃ المعراج قطرت فی حلقی قطرت علمت ماکان وماسیکون

تفسیر روح البیان ج ص زیر آیت

نیز حضور نے فرمایا۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

علمت ماکان وماسیکون ۔ تفسیر روح البیان ج ۵ ص ۹۲۵/۹۲۶

زیر آیت وتعزروہ وتوقروہ بعض ضدی لوگ حضور کو عالم

ماکان وما یکون نہیں مانتے حالانکہ بھیڑیے تک اس کے قائل ہیں، منکر بھیڑیے سے بھی بدتر ہوئے۔ سنو۔

(۱۶) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بھیڑیا بکریوں کے چرواہے کے پاس آیا اور ان بکریوں سے ایک بکری لے گیا۔ چرواہا اس بھیڑیے کے پیچھے گیا۔ یہاں تک بکری بھیڑیے سے چھوڑا لایا۔ حضرت ابوہریرہ نے فرمایا پھر بھیڑیا ایک ٹیلے پر چڑھ گیا۔ اور دم دبا کر بیٹھ گیا اور کہنے لگا میں نے روزی کا قصد کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے وہ روزی دی تھی میں نے اسے لیا پھر (اے چرواہے) تو وہ میرا رزق مجھ سے چھین کے لے گیا۔ تو اس چرواہے نے کہا اللہ کی قسم میں نے آج جیسا دن نہ دیکھا۔ بھیڑیا باتیں کرتا ہے۔ بھیڑیے نے کہا اس سے عجیب تر یہ ہے کہ دو سنگستان کی کھجوروں میں (یعنی مدینہ میں) ایک مرد ہیں (یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کہ

یخبرکم بما مضی وما ھو کائن بعدکم	جو کچھ گذر چکا اس کی بھی تمہیں خبر دیتے ہیں۔ اور جو کچھ تمہارے بعد ہوگا۔ اس کی بھی تمہیں خبر دیتے ہیں۔

حضرت ابوہریرہ فرماتے ہیں۔ وہ (چرواہا) مرد یہودی تھا۔ تو وہ حضور کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس نے حضور کو مذکورہ واقعہ سنایا اور مسلمان ہوگیا۔ حضور نے اس چرواہے کی (اس واقعہ میں)

تصدیق کی پھر حضور نے فرمایا یہ باتیں علامات قیامت سے ہیں۔
قریب ہے کہ مرد اپنے گھر سے نکلے گا تو وہ نہ لوٹے مگر اس کی جوتیاں
اور اس کا کوڑا اس کو اس کے جانے کے بعد والے گھریلو واقعات
بیان کریں گے۔ (رواہ البغوی فی شرح السنتہ) مشکوٰۃ باب
المعجزات فصل ۲ ص ۵۴۱۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اولین وآخرین کا علم ہے)
(۱۷) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے۔

فاورثنی علم الاولین والاٰخرین وعلمنی علوما شتی فعلم اخذ علی کتمانہ اذ علم انہ لا یقدر علی حملہ غیری وعلم خیرنی فیہ وعلم امرنی بتبلیغہ الی العام والخاص

یعنی مجھے علم اولین وآخرین کا وارث بنایا۔ اور مختلف علوم کی مجھے تعلیم دی۔ ایک علم وہ ہے کہ جس کا چھپانا مجھ پر لازم قرار دیا۔ کیونکہ وہ ایسا علم ہے کہ جس کو میرے بغیر کوئی نہیں اٹھا سکتا دوسرا علم وہ ہے کہ جس کے بتانے اور چھپانے میں مجھے اختیار دیا۔ تیسرا علم وہ ہے کہ جس کے متعلق یہ حکم ہوا کہ خاص وعام کو تبلیغ کردو

تفسیر روح البیان ج ۳ ص ۴۷۲ زیر آیت سبحان الذی اسری بعبدہ
فعلمت علم الاولین والآخرین۔ تفسیر روح البیان ج ۳ ص ۷۵۳ زیر آیت

قل رب زدنی علما ۔ قال علیہ السلام ۔ اوتیت علم الاولین و الآخرین ۔ صحائف السلوک صحیفہ ۵۶ صـ ۱۱۸ لخواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۔

قال علیہ الصلوٰۃ والسلام "علمت علم الاولین والآخرین" تحذیر الناس ملا نوتوی وہو منہم صـ ۳۴ ۔

(۱۸) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابی حضرت سواد بن قارب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عرض کیا تھا ۔ (اور حضور نے انکار فرمایا ۔

؎ فاشهد ان الله لارب غيره وانك مامون على كل غائب	میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی رب نہیں ۔ اور بے شک (یا رسول اللہ) آپ ہر غیب پہ امین ہیں ۔

عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری ج ۷ ا صـ ۸ امام سیوطی نے فرمایا اس حدیث کے بہت سے طرق ہیں ۔ بیہقی براء سے ، ابن شاہین انس سے ابن سفیان ابن عبد الرحمان سے ۔ بخاری تاریخ میں اور بغوی وطبرانی سعید بن جبیر سے ۔ ابن سفیان اور ابو یعلی اور حاکم اور بیہقی اور طبرانی محمد بن کعب قرظی سے ۔ ابن ابی خیثمہ اور رویانی اور خرائطی ابو جعفر باقی سے اس حدیث کے مخرج ہیں ۔ اھ ملخصاً ۔ خصائص کبری ج ۱ صـ ۱۰۲

یہ بطور اجمال قرآن شریف کی بعض آیتیں اور بعض حدیثیں وسعت علم

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق پیش خدمت ہیں ۔ علاوہ ازیں اور بہت سی آیتیں حضور کی فراخی علم کے متعلق موجود ہیں ۔ (ان کو اگر دیکھنا ہے تو فقیر کی کتاب انوار القرآن ملاحظہ ہو ۔ جس میں اہلسنت کے عقائد و مسائل کا ثبوت صرف آیات قرآنی سے پیش کیا گیا ہے ۔) اور حدیثیں تو اس بارہ میں اتنا ہیں کہ جن کا شمار نہیں ۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی فراخی علم کے متعلق جو آیات و احادیث مذکور ہوئیں ان کے صرف ترجمہ ہی سے یہ صاف ثابت ہوا کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم ہر شے جانتے ہیں ۔ اللہ تعالےٰ کے خاص الخاص علم غیب پہ مطلع ہیں ۔ اس کتاب (قرآن) کے مکمل عالم ہیں ۔ جس میں لوح محفوظ اور ہر چیز کی تفصیل ہے ۔ سب کچھ جانتے ہیں ۔ ابتدا سے لکھا تھا تک جمیع احوال مخلوقات سے باخبر اور مخبر ہیں ۔ قیامت تک کے تمام ہونے والے واقعات و حالات کے عالم اور مخبر ہیں ۔ ساری زمین کو دیکھنے والے ہیں ۔ سب کچھ جان کر سب کچھ بتانے والے ہیں ۔ ہر چیز کو دیکھنے والے ہیں[۲] ۔ کل شے کے عالم ہیں ۔ ماکان و مایکون کے جاننے والے ہیں ۔ علم اولین و آخرین کے جامع ہیں ۔ ہر غیب پر مامون ہیں ۔ یہ سب کچھ جانتے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ کے عطا کرنے سے ہی جانتے ہیں ۔ ایک ذرہ کا بھی آپ کو ذاتی علم نہیں ۔ مسلمانو یہ ہے علم سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق ہمارا قرآنی و احادیثی اسلامی عقیدہ و مسئلہ جس پر بعض لوگ ہیں کافر

۲ زمین و آسمان کی ہر چیز کو جاننے والے ہیں ۔ ہر چیز آپ پر روشن ہے ۔ اور ہر چیز کے پہچاننے والے ہیں

ومشرک گردانتے ہیں۔ (تقویۃ۔ بہشتی زیور۔ بلغۃ کا تتمہ۔ فتاوی رشیدیہ
ازآلہ) وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون اب دو حوالے
ان کے گھر کے پیش کر کے مزید اتمام حجت کرتا ہوں کہ اگر قرآن وحدیث
سے انکار ہے تو اپنے بڑوں کی بات کو تسلیم کر لو (چنانچہ عموماً یہ دیکھا
گیا ہے کہ یہ لوگ اپنے مولویوں کی غلط سے غلط بات کو صاف قرآن
وحدیث کے مخالف کلمات کو یہاں تک کہ ان کی کفریہ عبارات کو (جیسے
کہ تھانوی نے حفظ الایمان صہ ۸ پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم
کو بچوں، پاگلوں، جانوروں کے علم کی طرح کہا۔ گنگوہی اور انبیٹھوی نے
"براہین قاطعہ صہ ۵۱ پر شیطان کے علم کو حضور علیہ السلام کے علم سے
بڑھایا۔ نانوتوی نے" تحذیر الناس صہ ۳ پر خاتم النبین کے معنی "آخری
نبی" کو عوام کا خیال بتایا اور بھچروی نے "بلغۃ صہ ۱۵۷/۱۵۸ پر قبل از وقوع
اشیاء ان چیزوں سے اللہ تعالی کے جاہل ہونے کی تصدیق و توثیق کی"
مانتا فرض اور دین سمجھتے ہیں۔
جب اپنے مولویوں کی بات کو ماننے پر آئیں تو بلا دلیل بلکہ خلاف دلیل
کفریات تک کا پیچھا نہ چھوڑیں۔ کیونکہ الوہیت اور رسالت سے ان کو
دشمنی جو ہوئی۔ اور اگر نہ ماننے پر آئیں تو اپنے پیر اور استاذ سے
انا خیر منہ کا دعوی کر کے اپنے آپ کو ان سے اعلم بتائیں۔ کیونکہ
پیر اور استاذ نے عظمت و شان مصطفٰے کی بات جو کہدی ہے۔
(ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند) اور اگر تسلیم نہیں کرتے
تو ان کو بھی کافر و مشرک کہو جیسا کہ اہلسنت کو کہتے ہو کیونکہ وہ بھی وہی

بات کر رہے ہیں۔ جو ہم کہتے ہیں۔ ورنہ کیا یہ بھی وحی باطنی اسماعیلی ہیں اترا ہے۔ کہ یجوز لآبائکم مالا یجوز لاھل السنۃ ویکون لآبائکم توحید مایکون لاھل السنۃ شرک

(۱) علمائے دیوبند (نانوتوی، گنگوہی، انبیٹھوی، تھانوی صاحبان)

کے مرکزی پیر روشن ضمیر مولانا حاجی امداد اللہ صاحب کی گواہی

"فرمایا لوگ کہتے ہیں کہ علم غیب انبیاء و اولیا کو نہیں ہوتا ہیں کہتا ہوں کہ اہل حق جس طرف نظر کرتے ہیں۔ دریافت و ادراک غیبیات کا انکو ہوتا ہے۔ اصل میں یہ علم حق ہے۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حدیبیہ و حضرت عائشہ (کے معاملات) سے خبر نہ تھی۔ اس کو دلیل اپنے دعوے کی سمجھتے ہیں۔ یہ غلط ہے۔ کیونکہ علم کیواسطے توجہ ضروری ہے۔"

(شمائم امدادیہ ص ۱۱۵ مصدقہ تھانوی صاحب)

(۲) پنجابی علمائے دیوبند کے صوبائی پیر روشن ضمیر مولانا خواجہ

محمد عثمان صاحب نقشبندی کی گواہی

"مولوی حسین علی واں بھچروی کے دل میں خیال آیا کہ اولیاء کو بعض چیزوں کا علم ہوتا ہے یا اکثر کا۔ مولوی صاحب بھی خیال لیکر اپنے پیر و مرشد

خواجہ محمد عثمان صاحب کی مجلس میں آئے ۔ اس وقت خواجہ محمد عثمان صاحب پٹھانوں سے پشتو میں باتیں کر رہے تھے ۔ مولوی بھچر وی صاحب ان پٹھانوں کی بیٹھک کے پیچھے بیٹھ گئے ۔ وہ بیٹھے ہی تھے کہ خواجہ محمد عثمان صاحب نے مولوی بھچر وی صاحب کی طرف متوجہ ہو کر فارسی زبان میں یہ فرمایا۔ کہ

مولوی صاحب اولیاء ہمہ میدانند ولکن مامور باظہار نیستند	مولوی جی اولیاء سب کچھ جانتے ہیں۔ لیکن ظاہر کرنے کے مامور نہیں

بس یہی لفظ کہکر خواجہ صاحب پٹھانوں سے باتوں میں مشغول ہو گئے ۔

(مجموعہ فوائد عثمانیہ ص ۹۸)

امام الانبیاء والمرسلین علیہ الصلوٰۃ والسلام تو کجا رسل کجا انبیا کجا آپ کے خواجہ صاحب تو اولیاء کے لئے علم کلی کے قائل ہیں۔ الحمد للہ تقریب تام ہوئی ۔ (تنبیہات ۔ برائے دفعہ شبہات)

شبہ ۱ ۔ جب حضور کو غیب پر مطلع کر دیا گیا تو وہ چیز غیب نہ رہی پھر یہ کیوں کہتے ہو کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام غیب جانتے ہیں۔ لہٰذا حضور غیب نہیں جانتے بلکہ صرف اللہ ہی غیب جانتا ہے۔

جواب ۱ ۔ اللہ تعالیٰ کے متعلق جو یہ کہا جاتا ہے کہ " وہ غیب جانتا ہے " کیا اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز غیب ہے ۔ نہیں ہرگز نہیں کوئی چیز اللہ تعالیٰ سے غیب نہیں ۔ تو وہاں بھی غیب کا اطلاق اس وجہ سے ہوتا ہے کہ جو چیزیں ہماری بنسبت غیب ہیں اللہ تعالیٰ ان کو

جانتا ہے[1]۔ لہذا وہ عالم الغیب ہے۔ ورنہ اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز غیب نہیں۔ تو یہاں بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق یہ کہنا کہ حضور غیب جانتے ہیں۔ یعنی جو چیزیں ہماری بنسبت غیب ہیں ان کو جانتے ہیں۔

جواب ۲ :- اطلاعی غیب کو غیب نہ کہنا یہ غیب کی تعریف سے ناواقفیت کی دلیل ہے[2]۔

جواب ۳ :- نقل سے بھی اطلاعی غیب پر غیب کا اطلاق ملتا ہے۔

(۱) اللہ تعالیٰ نے متقیوں کی صفات سے ایک صفت یہ بھی بیان کی ہے

یومنون بالغیب	کہ (متقی) غیب پر ایمان رکھتے ہیں

---

[1] عالم الغیب والشھادۃ (انعام ۹) یعنی انہ تعالیٰ یعلم ما غاب عن عبادہٖ وما یشاھدونہ فلا یغیب عن علمہ شیٔ (تفسیر خازن ج ۲ ص ۲۶ ونحوہٗ فی المفردات للراغب ص ۳۷۳ یعنی اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو بندوں سے غائب ہے اور جس کا بندے مشاہدہ کرتے ہیں۔ ورنہ اللہ تعالیٰ کے علم سے تو کوئی شی غیب نہیں۔ یہ بھی خیال رہے کہ جس طرح عالم الغیب اللہ تعالیٰ کی صفت ہے عالم الشھادۃ بھی اللہ تعالیٰ کی صفت ہے لہذا بعض الناس کو چاہیئے کہ وہ علم غیب کی طرح علم شہادت بھی مخلوق میں سے کسی کیلئے نہ مانیں ۱۲ منہ۔

[2] (الغیب) الخفی الذی لا یدرکہ الحس ولا تقتضیہ بدیھۃ العقل (تفسیر بیضاوی ص ۱۸) انبیاء و اولیاء جو غیب جانتے ہیں وہ باطلاع و فضل خداوندی نور نبوت اور نور فراست سے جانتے ہیں ۱۲ منہ

(پ۱ بقرع ۱) ایمان بغیر تصدیق کے ہو نہیں سکتا۔ لہٰذا یومنون بالغیب یصدقون بالغیب کو مستلزم ہوا۔ اور جب چیز بالکل نا معلوم ہو تو تصدیق کیسے ہوگی اور کس کی ہوگی۔ لہٰذا یصدقون بالغیب ہو نہیں سکتا۔ جب تک یعلمون الغیب نہ ہو۔ نسیم الریاض میں ہے۔ لم یکلفنا اللہ الایمان بالغیب الا وقد فتح لنا باب غیبہٖ ہمیں اللہ تعالیٰ نے ایمان بالغیب کا جبھی حکم دیا ہے کہ اپنے غیب کا دروازہ ہمارے لئے کھول دیا ہے۔ تفسیر کبیر (جلد ۱ صفحہ ۲۵۱) میں ہے۔ لا یمتنع ان نقول نعلم من الغیب مالنا علیہ دلیل یہ کہنا کچھ منع نہیں کہ ہم کو اس غیب کا علم ہے۔ جس پر ہمارے لئے دلیل ہے۔ فقیر نے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے کہا تھا۔ یہ آئمہ و علما جو اپنے لئے مان رہے ہیں۔ معلوم نہیں کہ مخالفین ان پر کونسا حکم جڑیں (ماخوذ از خالص الاعتقاد صفحہ ۲۶ لاعلیحضرت) والغیب فی قولہ یومنون بالغیب مالا یقع تحت الحواس ولا تقتضیہ بدایۃ العقول وانما یُعلم (الغیب) بخبر الانبیاء علیہم السلام اھ (مفردات امام راغب صفحہ ۳۷۳)

(۲) صحابی رسول حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت خضر علیہ السلام کے متعلق فرماتے ہیں۔

کان رجلاً یعلم علم الغیب	خضر علیہ السلام ایسے مرد تھے کہ علم غیب جانتے تھے۔

تفسیر در منثور للسیوطی ج ۴ ص ۲۳۱ ۔ تفسیر ابن جریر پ ۱۵ ص ۱۶۷ ۔

کیا خضر علیہ السلام کو ذاتی علم تھا ۔ کہ ان کے علم پر غیب کا اطلاق کیا جا رہا ہے ۔ ذاتی نہیں تھا ۔ بلکہ ان کو عطائی علم تھا ۔ جس پر صحابی نے غیب کا لفظ بولا معلوم ہوا کہ عطائی غیب پر بھی غیب کا لفظ بغیر صراحت عطا کے استعمال کرنا جائز ہے ۔ کیونکہ اس کا مومن ہونا ہی اس بات پر روشن دلیل ہے کہ وہ مخلوق میں سے جس کے لئے جو علم مانے گا ۔ وہ اللہ تعالیٰ ہی کی عطا سے مانے گا ۔ فافہم ۔

(۳) مولانا علی قاری کتاب العقائد تالیف حضرت شیخ ابو عبد اللہ شیرازی سے نقل کرتے ہیں ۔

نعتقد ان العبد ینقل فی الاحوال حتی یصیر الی نعت الروحانیۃ فیعلم الغیب	ہمارا عقیدہ ہے کہ بندہ ترقی مقامات پا کر صفت روحانی تک پہنچتا ہے اس وقت وہ غیب جانتا ہے ۔

مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ج ۱ ص ۵۲ ۔

یہاں بھی علم غیب عطائی پر لفظ غیب کا اطلاق ہے ۔

شبہ ۲ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے نفی علم غیب کی آیات و احادیث موجود ہیں ۔

جواب ۱ :۔ ان سے ذاتی علم غیب کی نفی ہے نہ عطائی کی کما قال جمع من المفسرین والمحدثین ، ، تفسیر خازن و جمل نسیم الریاض

فتاوی نووی۔ فتاوی حدیثیہ لابن حجر مکی وغیرہ)

جواب ۲ :۔ ان آیات واحادیث سے قبل از اطلاع کی نفی ہے۔ پھر بعد میں اطلاع دے دی گئی۔ جیساکہ ثبوت کی آیتیں اور حدیثیں گذریں۔

جواب ۳ :۔ ان سے عدم توجہ مراد ہے۔ توجہ کا نہ ہونا علم کی نفی نہیں کرتا۔ بسا اوقات علم ہوتا ہے اور توجہ نہیں ہوتی۔

جواب ۴ :۔ آیاتِ نفی سے بعض آیات منسوخ ہیں۔

شبہ ۳ :۔ بعض احادیث وآثار واقوال علماء میں تو بعض چیزوں کی صراحۃً اطلاع کی بھی نفی ہے۔

جواب ۱ :۔ ہم نے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم کلی کے ثبوت کے متعلق آیات قرآنیہ پیش کی ہیں۔ وہ عام ہیں۔ جن سے کسی چیز کو خاص ومستثنیٰ نہ کیا گیا۔ اور عام افادہ استغراق میں قطعی ہوا کرتا ہے۔ اور نصوص ہمیشہ ظاہر پر محمول رہیں گی۔[۱] بے دلیل شرعی تخصیص وتاویل کی اجازت نہیں۔ اور قطعیات کی تخصیص ظنیات (قول تابعی۔ یا صحابی۔ یہاں تک کہ خبر واحد کتنا اعلیٰ درجہ کی صحیح کیوں نہ ہو) سے نہیں ہو سکتی۔ بلکہ تخصیص متراخی نسخ ہے۔ اور اخبار کا منسوخ ہونا نہیں ہو سکتا۔

۱؎ النصوص علی ظواھرھا والعدول عنہا الی معان باطن الحاد۔ مجمع البحار ج۳ ص۵۳ ۱۲ منہ

لہٰذا ان بعض احادیث و آثار (ظنیات) کو دیکھتے ہوئے نصوص قرآنیہ مثبتہ علم کلی سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیٹھ نہیں دی جاسکتی۔

جواب ۲:- وہ احادیث و آثار جن میں صراحتہً بعض اشیاء کی اطلاع کی نفی ہے۔ وہ قبل از اطلاع پہ محمول ہوں گی (کما قال بعض المحدثین) اور از روئے آیت ونزلنا علیک الکتاب تبیانا لکل شیٔ۔ حضور علیہ السلام کے لئے ہر چیز کے علم کا ثبوت بعد از نزول کمل قرآن ہو رہا ہے۔ اور کمل قرآن شریف کے نازل ہوتے کے بعد کوئی قطعی دلیل ایسی نہیں کہ جس میں ماکان ومایکون سے بعض چیزوں کی اطلاع کی نفی مذکور ہو۔ باقی رہیں ظنیات وہ بھی بعد ثبوت بعدیت قطعی آیت کی تخصیص نہیں کر سکتیں اور نہ اخبار کا نسخ ہوا کرتا ہے (کما فی الاصول)

جواب ۳:- باقی رہے بعض علماء کے اقوال (فریق مخالف کے نزدیک تو کسی پیر اور عالم ومفسر ومحدث کی بات حجت نہیں تو پھر وہ ان سے دلیل کیسے پکڑتا ہے) نہ ان سے یہ لازم کہ حضور کے لئے علم کلی کا مثبت مشرک ہے (جیسے فریق مخالف کہتا ہے) اور نہ ان سے یہ ثابت کہ ساری امت محمدیہ ان بعض چیزوں کی عدم اطلاع کی قائل۔ بلکہ اکثر اہل باطن عرفاء کرام اور بعض علماء ظاہر کا خاص انہیں چیزوں کے متعلق صاف ثبوت کہ ان پہ بھی حضور مطلع ہیں۔ جن کے صرف حوالے اسی خصوصیت کے اول میں مذکور ہوئے۔

شبہ ۴: تم نے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق علم کلی استغراقی ثابت کیا ہے۔ وہ لفظ ما اور لفظ کل اور نکرہ تحت نفی وغیرہ کے عموم کی وجہ سے ثابت کیا ہے۔ حالانکہ ہر جگہ ان سے استغراق حقیقی مراد نہیں ہوتا۔ چنانچہ آیات قرآنیہ اور اہل لغت واصول کے کلمات شاہد ہیں۔ تم بھی ان آیات میں استغراق حقیقی نہیں مانتے تو تم ان آیات میں عموم واستغراق کیوں مانتے ہو کہ جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم سے متعلق ہیں۔

جواب ۱:۔ کیا بعض جگہ لفظ ما اور لفظ کل وغیرہ میں استغراق کا نہ ہونا اس بات کو مستلزم ہے کہ کسی جگہ بھی ان میں استغراق نہیں ہوتا۔ سلب جزی سے سلب کلی نہیں ہوا کرتا۔ ورنہ تمہیں کہنا ہوگا۔ کہ لہ ما فی السموات وما فی الارض اور وھو بکل شیٔ علیم وغیرہ آیات عمومیہ متعلقہ بالوہیت میں بھی عموم واستغراق نہیں۔

جواب ۲:۔ الفاظ عمومیہ متعلقہ بشان نبوت کو ان الفاظ عمومیہ پر قیاس کر کے جو غیر نبی کے حق میں وارد ہیں۔ عموم واستغراق کو توڑنا۔ یہ حماقت اس شخص کی حماقت سے کم نہیں جو الفاظ عمومیہ متعلقہ بشان الوہیت کو ان الفاظ عمومیہ (جو عوام الناس کے حق میں وارد ہیں) پر قیاس کر کے ان کا عموم واستغراق توڑے۔

جواب ۳:۔ بات دراصل یہ ہے کہ ان (ما۔ کل۔ وغیرہ) الفاظ عمومیہ میں بعض جگہ بوجہ دلیل تخصیص تخصیص موجود ہے۔ وہاں

استغراق حقیقی مراد نہیں ۔ بلکہ وہاں یہ عام عام مخصوص عنہ البعض کہلایا۔ اور بعض جگہ یہی الفاظ عمومیہ اپنے اصلی اور حقیقی معنیٰ کی رو سے مفید عموم و استغراق ہیں ۔ چونکہ وہاں اس نوعیت کی دلیلِ تخصیص موجود نہیں ۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وسعت علمی کے بارہ میں جو کتاب وسنت میں لفظ ما و کل وغیرہ الفاظ و کلمات عمومیہ موجود ہیں ۔ یہ اپنے اصلی و حقیقی معنیٰ عموم اور استغراق پر ہیں ۔ اور جب تک معنیٰ حقیقی متعذر نہ ہو مجاز کی طرف آنا مشکل اور جب تک اسی نوعیت کا مخصص متصل نہ ہو تخصیص نا قابل قبول ہے ۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حق میں ان کلمات عمومیہ کا معنیٰ نہ مشکل نہ محال بلکہ ممکن لہذا تخصیص والا معنیٰ مجازی قابل رد ہے ۔ اور یہاں اسی نوعیت کا مخصص متصل جس میں عدم اطلاع کی تصریح ہو کیونکہ علم ذاتی کا دعویٰ نہیں بلکہ عطائی کا ہے ۔) مفقود تو اس وجہ سے بھی تخصیص کا قول باطل و مردود ۔ قطعی آیت کی تخصیص حدیث ، خبر واحد ظنی دلیل سے نہیں ہو سکتی کیونکہ یہ اسی نوعیت کا مخصص نہیں ۔ اور مخصص متراخی ناسخ ہوگا ۔ اور اخبار کا نسخ ناممکن تو آیت قرآنیہ مخصصہ متراخیہ سے بھی تخصیص نہ ہو سکے گی ۔ نیز ان آیات سے بھی تخصیص نہیں ہو سکتی جن میں مطلقاً علم کی نفی ہے ۔ کیونکہ ان میں نفی ذاتی علم کی ہے نہ عطائی کی ۔ اور آیات عمومیہ مثبتہ میں علم کلی عطائی کا ثبوت ہے ۔ ان چند صفحات کو خوب ذہن نشین کرنے سے منہم کے سیکڑوں صفحات پر مشتمل کتب ھباءً منثوراً ہو جاتی ہیں ۔

ولله الحمد وعلی حبیبہ الصلوٰۃ والسلام

اللھم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعہ وارنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابہ

ع۱۱۴ :۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق میں سے کسی کو بے خوف نہ کیا[۱] سوائے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴)

ع۱۱۵ :۔ اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکر بلند کیا ہے جب بھی آذان، خطبہ، التحیات، میں ذکر خدا ہوتا ہے تو ذکر مصطفےٰ بھی ساتھ ہوتا ہے۔ عزوجل۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴

؎ اذاں کیا جہاں دیکھو ایمان والو
پس ذکر حق ذکر ہے مصطفےٰ کا
کہ پہلے زباں حمد سے پاک ہولے
تو پھر نام لے وہ حبیب خدا کا

اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ اے حبیب جس نے میرا ذکر کیا اور تیرا ذکر نہ کیا۔ اس کا جنت میں کوئی حصہ نہیں۔ (در منثور ج ۶ ص ۱۰۲)

ع۱۱۶ :۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پہ تمام امت پیش کی گئی۔ حضور نے اس کو دیکھا۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴)

ع۱۱۷ :۔ قیامت تک جو بھی حضور کی امت میں ہونے والا تھا سب

---

[۱] اس خوف سے خاص خوف مراد ہے۔ ورنہ عام خوف کی نفی تو اولیاء سے بھی ہے" "الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ھم یحزنون ۱۲ منہ۔

کچھ حضور پہ پیش کیا گیا۔ بلکہ تمام امتیں حضور پر پیش ہوئیں جیسے حضرت آدم کو تمام ناموں کا علم سکھایا گیا تھا۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴۔ زرقانی ج ۵ ص ۱۹۰۔ سیرت رسول عربی ص ۶۵۷

ع ۱۱۸:۔ چار وزیروں سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تائید کی گئی۔ جبریل۔ میکائیل علیہما السلام۔ ابوبکر۔ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴۔

ع ۱۱۹:۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا قرین (مصاحب شیطان) مسلمان ہے (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴۔ مشکوۃ ج ۱ ص ۱۸ و ج ۲ ص ۲۶۹

ع ۱۲۰:۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ازواج آپ کی معاون تھیں۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴۔

ع ۱۲۱:۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پاک بیویاں اور بیٹیاں تمام جہان کی عورتوں سے افضل ہیں۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴

ع ۱۲۲:۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ تمام جہان والوں سے افضل ہیں۔ سوائے انبیاء و رسل کے۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴

ع ۱۲۳:۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ کے تعداد انبیاء کی تعداد کے قریب ہے۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴۔

صحابہ کرام بوقت وفات سید کائنات مطابق تعداد انبیا ایک لاکھ چوبیس ہزار موجود تھے۔ نسیم الریاض ج ۲ ص ۵۵۴ و شرح شفا للقاری ج ۲ ص ۴۵۵

ع ۱۲۴ :- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سارے صحابہ مجتہد مصیب ہیں۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴ ۔

ع ۱۲۵ :- مدینہ منورہ کی مٹی عذاب سے مامون ہے۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴ ۔

ع ۱۲۶ :- مدینہ منورہ کی غبار مرض جذام کے لئے شفا ہے ۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴ ۔

ع ۱۲۷ :- ملک الموت نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اجازت طلب کی۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴ ۔)

ع ۱۲۸ :- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جس بقعہ شریف میں دفن ہیں۔ وہ کعبہ اور عرش سے افضل ہے۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴)

ع ۱۲۹ :- ستر ہزار فرشتہ کے جھرمٹ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مزار سے تشریف لائیں گے۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴ تفسیر عزیزی پ ۳۰ ص ۲۱۹ ۔)

ع ۱۳۰ :- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام میدان حشر میں براق پر تشریف لے جائیں گے ۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴)

ع ۱۳۱ :- موقف میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اسم پاک کا اعلان ہوگا۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴)

ع ۱۳۲ :- موقف میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو جنت کی پوشاکوں میں سے اعلیٰ پوشاک پہنائی جائے گی ۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۴

عـ۱۳۳:۔ (قیامت میں) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام عرش کی دائیں طرف قیام فرمائیں گے۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص۴۷ تفسیر عزیزی پ ۳۰ ص۲۱۹

عـ۱۳۴:۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام قیامت میں نبیوں کے امام قائد اور خطیب ہوں گے۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص۴۷ تفسیر عزیزی پ ۳۰ ص۲۱۹)

عـ۱۳۵:۔ قیامت کے دن پہلے پہلے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سجدہ کرنے کی اجازت ملے گی۔ اور پہلے پہلے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سر سجدہ سے اٹھائیں گے۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص۴۷)

عـ۱۳۶:۔ اس دن پہلے پہلے اللہ تعالیٰ کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام دیکھیں گے۔ کشف الغمہ ج ۲ ص۴۷۔ تفسیر عزیزی پ ۳۰ ص۲۱۹۔

عـ۱۳۷:۔ اس دن ہر شخص اللہ تعالیٰ سے اپنے متعلق سوال کرے گا۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام غیر (امت) کے متعلق سوال کریں گے۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص۴۷۔

عـ۱۳۸:۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعت سے بہت سی قوم بغیر حساب کے بہشت میں داخل ہو گی۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص۴۷ مدارج ج ۱ ص۱۴۳)

عـ۱۳۹:۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعت سے بہت سے دوزخ کے مستحق دوزخ میں نہ جائیں گے۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص۴۷

عـ۱۴۰، ۱۴۱:۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعت سے جنتیوں کے مرتبے بلند ہوں گے۔ اور کوئی امتی دوزخ میں نہ رہے گا (کشف الغمہ ج ۲ ص۴۷

۱۴۲ :- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعت کی وجہ سے صالحین سے قصور طاعات میں در گذر کیا جائے گا۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۷)

۱۴۳ :- موقف میں آپ کی شفاعت کی وجہ سے حساب میں تخفیف ہوگی۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۷)

۱۴۴ (بعض) کفار خالدین فی النار کو آپ کی شفاعت کی وجہ سے عذاب میں تخفیف ہوگی۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۷ حاشیۃ لباجوری علی البردۃ ص ۲۸۔

۱۴۵ :- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اہل بیت اور آل اطہار سے کوئی دوزخ میں نہیں جائے گا۔ (فتوحات مکیہ ب ۲۹ ص ۲۵۵۔ جواہر البحار ج ا ص ۱۱۵/۱۱۶۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۷۔)

۱۴۶ :- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے چہرہ انور اور سر اقدس کے ہر بال میں نور (کا ظہور) ہو گا۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۷)

۱۴۷ :- تمام اہل محشر کو حکم ہوگا کہ اپنی آنکھیں بند کر لیں تاکہ آپ کی بیٹی ملکۂ جنت حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پل سے گذریں۔ چنانچہ آپ گذریں گی اور آپ کے کندھے پر حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خون آلودہ کپڑا ہو گا۔ یہاں تک کہ رب کے سامنے حاضر ہوں گی۔ پھر رب فیصلہ فرمائے گا جو چاہے گا۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۷/۴۸۔ تفسیر عزیزی پ ۳۰ ص ۲۱۹ الا الاخیر۔ خصائص کبریٰ للسیوطی ج ۲ ص ۲۲۵ و عنہ جواہر البحار ج ا ص ۳۲۱۔

۱۴۸ : - حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد سب سے پہلے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جنت میں داخل ہوں گی ۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۸ جواہر البحار ج ۱ ص ۳۲۲ . خصائص کبریٰ ج ۲ ص ۲۲۵ ۔)

۱۴۹ : - جنت میں سب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زبان بولیں گے ۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۵ ۔ خصائص کبریٰ ج ۲ ص ۲۴۳ جواہر البحار ج ۱ ص ۳۳۹): ۱۵۰ : - آپکو اجازت تھی کہ بحالت جنب مسجد میں رہیں (کشف ج ۲ ص ۴۹)

۱۵۱ : - حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے جائز تھا کہ وتر سواری پر پڑھیں اور بیٹھ کے پڑھیں اور اس میں قرات بلند آواز سے کریں ۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۹ ۔ مدارج النبوت ج ۱ ص ۱۱۴

۱۵۲ : - اور یہ بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خصوصیت ہے ۔ کہ ایک رکعت کے بعض حصہ کو کھڑے ہو کے پڑھیں اور ایک حصہ کو بیٹھ کے ۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۹

۱۵۳ : - صوم وصال (مسلسل روزہ نہ سحری نہ افطار) بھی آپکا خاصہ تھا ۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۹ ۔ مدارج النبوت ج ۱ ص ۱۱۴

۱۵۴ : - اور بیک وقت چار عورتوں سے زائد کا نکاح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے حلال تھا ۔ اور اسی طرح باقی انبیاء کو بھی (کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۹ ۔ مدارج ج ۱ ص ۱۱۴ ۔

۱۵۵ : - آپ کو یہ بھی اختیار تھا کہ بلا مہر و بلا ولی اور بغیر گواہ و بغیر عورت کی رضا کے نکاح کر لینا ۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۴۹

عـ ۱۵۶ :- جب آپ کو کسی شادی شدہ عورت سے رغبت ہو جائے تو اس کے خاوند پہ لازم تھا کہ اس کو طلاق دے۔ تاکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس عورت سے نکاح کر سکیں۔ (کشف الغمہ ج۲ ص۴۹)۔

عـ ۱۵۷ :- آپ کو یہ اختیار تھا کہ جس عورت کا جس مرد سے چاہیں بغیر اس کی اجازت و رضا اور بغیر اس کے وارث کی اجازت کے نکاح کر دیں۔ (کشف الغمہ ج۲ ص۴۹۔ مدارج النبوۃ ج۱ ص۱۱۴۔ خصائص کبریٰ ج۲ ص۲۴۸۔ جواہر البحار ج۱ ص۳۴۴ عنہ۔

عـ ۱۵۸ :- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تمام دنیا کی زمین اور تمام جنت کی زمین کے مالک ہیں۔ جس زمین سے جتنا چاہیں جس کے لئے چاہیں عطا فرماتے ہیں۔ کشف الغمہ ج۲ ص۵۰۔ جواہر البحار ج۲ ص۶۴ عنہ۔ مدارج النبوۃ ج۱ ص۱۱۵۔ زرقانی ج۱ ص۱۱۴/۲۸ و ج۳ ص خصائص کبریٰ ج۲ ص۲۴۲/۱۹۴۔ جواہر البحار ج۱ ص۳۳۸ عنہ۔ بالدلائل اس مسئلہ کا ثبوت گذر چکا ہے وہاں دیکھو۔

عـ ۱۵۹ :- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ازواج پاک اور بنات طاہرات کو چادروں اور برقعوں میں بھی دیکھنا حرام ہے۔ (کشف الغمہ ج۲ ص۵۰۔ مدارج النبوت ج۱ ص۱۲۶)۔

عـ ۱۶۰ :- آپ کی بیویاں مسلمانوں کی مائیں ہیں۔ (قرآن احزاب ۱، کشف الغمہ ج۲ ص۵۰)

۱۶۱ :۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی پاک بیویوں اور اپنی آل واطہار کے لئے یہ جائز قرار دیا کہ وہ بحالت حیض وجنابت مسجد میں بیٹھیں ۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۵) کہ بحالت جنابت مسجد میں رہیں ۔
حضور و حضرت علی کے لئے بھی مباح ۔ جواہر البحار نقلہ عن النووی ج ۱ ص ۲۰۲ ۔ جواہر البحار ج ۱ ص ۳۲۹ عن الخصائص ج ۲ ص ۲۴۳/۲۴۴

۱۶۲ :۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا بغیر عذر کے بیٹھ کے نفل پڑھنا کھڑے ہو کر نفل پڑھنے کے برابر ہے ۔ (ثواب میں کمی نہیں) (کشف الغمہ ج ۲ ص ۵ ۔ مدارج النبوت ج ۱ ص ۱۴۴ ۔ خصائص کبریٰ ج ۲ ص ۲۵۳ ۔ جواہر البحار ج ۱ ص ۳۴۸ ۔)

۱۶۳ :۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا خون مبارک پیشاب مبارک، پاک تمام فضلات شریفہ (طیب ہیں) طاہر ہیں، پاک ہیں ۔ بلکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا پیشاب مبارک پینا شفا ہے ۔ خصائص کبریٰ ج ۲ ص ۲۵۲ مکمل باب :۔
:۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۵ ۔ جواہر البحار ج ۲ ص ۱۹۴ عنہ
یہی امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مذہب ہے ۔ مدارج النبوت ج ۱ ص ۲۴/۲۵ ص ۲۶ ۔ عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری ج ص
المواہب اللدنیہ ج ص وشرحہ للزرقانی ج ۴ ص ۲۳۳ و ج ۱ ص ۱۴۰ جواہر البحار ج ۱ ص ۱۲۸ ۔ صححہ بعض ائمۃ الشافعیۃ طہارۃ بولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وسائر فضلاتہ وبہ قال ابو حنیفۃ

ردالمحتار ج ۱ ص ۲۳۳ ۔ شرح الاشباہ للبیری ص ۔ جمع الوسائل
شرح شمائل ج ۲ ص ۲/۳ ۔ مرقات شرح مشکوۃ ج ۱ ص ۳۴ ۔
اشعۃ اللمعات ج ۱ ص ۲۴۴ ۔ سیرت رسول عربی ص ۶۴۸ ۔ حضور
علیہ الصلوۃ والسلام کے براز شریف کو زمین نگل جایا کرتی تھی ۔ اور
وہاں سے مشک کی سی خوشبو آیا کرتی تھی۔
شفا شریف ج ۱ ص ۵۳/۵۴ فصل فاما نظافۃ جسمہ ۔ خصائص کبری ج
تفسیر عزیزی پ ۳۰ ص ۲۱۹ ۔ زرقانی ج ۴ ص ۲۲۷/۲۲۸ وص ۲۲۹/۲۳۳ ۔
بعض نے سب انبیاء کے فضلات شریفہ کو پاک بتایا ۔ بول ودم سے
تبرک وطہارت فضلات شریفہ ۔ تہذیب الاسماء واللغات للنووی
جواہر البحار ج ۱ ص ۲۰۴ عنہ ۔ جواہر البحار ج ۱ ص ۲۵۵ ۔ عن البجیلی ۔
جواہر البحار ج ۱ ص ۲۷۸ ۔ عن ابن المقری وشیخ الاسلام زکریا انصاری
جواہر البحار ج ۱ ص ۳۴۷ ۔ عن الخصائص ۔ ضرور ۔ جواہر البحار ج ۲
ص ۸۵/۹۴ عن ابن حجر المکی ۔ وج ۲ ص ۳۶۲ ۔ عن الجمل ۔ جواہر البحار ج ۳ ص ۴۱/۴۲
عن الصاوی ۔ کبیری معروف غنیۃ المستملی یعنی حلبی کبیر ص ۱۸۰ ۔
تکملہ خواجہ گل محمد صاحب احمد پوری ص ۸ ۔ فتح الباری شرح
صحیح بخاری ج ۱ ص ۲۱۸ ۔ شرح شفا للقاری والخفاجی ج ۱ ص ۳۵۳/۳۵۴
وج ۲ ص ۴۰ ۔ دلائل النبوۃ لابی نعیم ص ۳۸۰/۳۸۱ ۔ فیض الباری للکشمیری
وھو منھم ج ۱ ص ۲۸۹ وج ۱ ص ۲۵۰/۲۵۱ وص ۲۷۲ ۔
امام قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالی فرماتے ہیں ۔
ومنہ شرب مالک بن ... یعنی حضور کے خون اور بول وبراز

سنان دمہ یوم احد
ومصّہ ایاہ تسویغہ
صلی اللہ علیہ وسلم
ذلك لہ وقولہ لن
تصیبہ النار ومثلہ
شرب عبد اللہ بن
زبیر دم حجامتہ
فقال علیہ السلام ویل[1] لک
من الناس وویل لہم
منک ولم ینکر علیہ۔ وقد
روی نحو من ھذا عنہ فی امرأۃ
شربت بولہ فقال لن تشتکی
وجع بطنک ابداً ولم یامر

کے پاک ہونے کے دلائل سے
بعض دلائل یہ ہیں۔ مالک بن
سنان کا حضور کے خون کو احد کے
دن پینا اور چوسنا اور حضور کا
اس کو جائز رکھنا اور یہ فرمانا کہ
اس کو دوزخ کی آگ نہ پہنچے گی
(طبرانی، بیہقی) اور اس کی مثل ہے
عبداللہ بن زبیر کا حضور کے پچھنے
والا خون پینا تو حضور نے ان کے
لئے فرمایا۔ حسرت ہے تیرے لئے
لوگوں سے اور ان کے لئے تجھ
سے اور ان پہ انکار نہ فرمایا۔
اور اس کی مثل ان سے ایک عورت

[1] وویل للتحسر والتالم من الامر.... وھواشارۃ الی قتلہ وتحذیبہ وتحقیرہ لقتل الحجاج لہ ... وویل للناس منہ لما اصاب الناس من خروجہ لطلب الخلافۃ .... وانما جعلہ ناشیاً عن شرب دمہ فانہ بضعۃ من النبویۃ نورانیۃ قوت قلبہ حتی زادت شجاعتہ وعلت ھمتہ ان ینقاد لغیرہ ممن لا یستحق الامارۃ فضلاعن الخلافۃ اھ ملخصاً۔ نسیم الریاض ج ا ص ۳۵۹ ۱۲ منہ

واحد منهم بغسل
فم ولا نهاه عن
عوده وحديث
هذه المرأة التي
شربت بوله صحيح
الزم الدار قطني
مسلما والبخاري
اخراجه في الصحيح
واسم هذه المرأة
بركة واختلف
في نسبها وقيل
هي ام ايمن وكانت
تخدم النبي
صلى الله تعالى
عليه وسلم
قالت وكان لرسول الله
صلى الله عليه وسلم
قدح من عيدان يوضع
تحت سريره يبول فيه

کے بارہ میں منقول ہے جس نے
آپ کا پیشاب پیا تھا۔ تو حضور نے
اس کے لئے فرمایا تجھے ہمیشہ
پیٹ کا درد نہ ہوگا۔ ان میں
سے کسی کو بھی حضور نے منہ دھونے
کا حکم نہ دیا اور نہ دوبارہ اس طرح
کرنے سے منع فرمایا اور اس عورت
کے پیشاب پینے والی حدیث صحیح
ہے۔ امام دار قطنی نے امام مسلم
و بخاری پہ الزام دیا کہ یہ حدیث
ان کے شرائط کے مطابق تھی انہوں
نے اس کی تخریج کیوں نہ کی۔
اس عورت کا نام برکتہ ہے اور
اس کے نسب میں اختلاف ہے
بعض نے کہا یہ ام ایمن ہے۔ جو
حضور کی خدمت کرتی تھی۔ اس
(عورت) نے کہا کہ حضور کا لکڑی
کا ایک پیالہ تھا جو حضور کی
چارپائی کے نیچے رکھا رہتا تھا۔

من الليل فبال فيه ليلة ثم افتقده فلم يجد فيه شيئًا فسئل بركة عنه فقالت قمت وانا عطشانة فشربته

اس میں آپ رات کو پیشاب کرتے تھے۔ ایک رات آپ نے اس میں پیشاب کیا پھر اس کو طلب کیا اس میں کچھ نہ پایا تو برکہ سے اس کے متعلق پوچھا اس نے جواب دیا میں اٹھی مجھے سخت پیاس لگی ہوئی تھی تو میں اسے پی گئی

شفا شریف ج ۱ ص ۵۴۔ شرحہ للقاری والخفاجی ج ۱ ص ۳۵۶، ۳۵۷۔ مواہب و زرقانی ج ص۔ مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۲۵۔ جمع الوسائل للقاری ج ۲ ص ۳۔

شیخ محقق ام ایمن کا واقعہ ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں۔

دیارے دیگر زنے بود کہ نام وے برکہ بود و نیز خدمت مے کرد آنحضرت را پس بخورد بول را و فرمود صحت یا ام یوسف بیمار نشوی ہرگز پس بیمار نمی شد۔ آں زن ہرگز مگر بماں

یعنی ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ ایک عورت تھی۔ جس کا نام برکہ تھا وہ بھی حضور کی خدمت کرتی تھی تو اس نے بھی حضور کا پیشاب پیا حضور نے اس سے فرمایا (خدا کرے) تو ہرگز بیمار نہ ہو چنانچہ وہ عورت ہرگز بیمار نہ ہوئی۔ مگر وہی بیماری کہ جس دن اس

بیماری کہ دراں روز
از عالم رفت[1] و در
بعضی روایات
آمدہ است کہ مردے
بول آنحضرت
را خوردہ بود پس
بوی خوش میدمید
از وے واز اولادِ وے
تاچند پشت[2] و در
مواہب و شفا این
دو روایت مذکور
نیست و روایت است
کہ مردم تبرک مے کردند
ببول آنحضرت و دم
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اما بول
مذکور نشد احادیث آن واما
شرب دم نیز مکرر واقع شدہ است

عالم سے چل بسی۔
اور بعض روایات میں آیا ہے
کہ وہ مرد کہ جس نے حضور کا پیشاب
پیا ہوا تھا۔ اس سے اور چند پشتوں
تک اس کی اولاد سے خوشبو محسوس
ہوتی تھی۔ مواہب اور شفا میں
یہ مذکورہ بالا دو روایتیں مذکور
نہیں۔ اور یہ روایت ہے کہ
لوگ حضور کے پیشاب اور خون
مبارک سے تبرک حاصل کیا کرتے
تھے۔ پیشاب کی حدیثیں تو مذکور
ہوتیں۔ باقی رہا آپ کا خون پینا
تو وہ بھی صحابہ سے بارہا واقع ہوا
ایک یہ کہ ایک پچھنے لگانے والے
نے حضور کو پچھنے لگائے۔ خون
مبارک جسم پاک سے چوسا اور
اس کو پیتا رہا۔ حضور نے فرمایا خون

[1] جمع الوسائل شرح شمائل للامام علی القاری الحنفی جز ۲ صہ ۳۰ ۱۲ منہ [2] اشعۃ اللمعات ج اول صہ ۲۰ ۱۲ منہ

از صحابہ خوردن آں یکی آنکہ
حجامی حجامت کرد آنحضرت
را پس بیروں برد خون را
و فرو برد او را در شکم خود
پرسید آنحضرت چکار
کردی خون را گفت بیروں
بردم تا پنہاں کنم آں را
نخواستم کہ خون ترا
بر زمین ریزم پس پنہاں
بردم آں را در شکم خود فرمود
بتحقیق عذر کردی و نگاہداشتی
نفس خود را یعنی از امراض و بلا
آمدہ است کہ چوں مجروح
شد آں حضرت روز احد بمکید
جراحت او را مالک بن سنان پدر
ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ
تا آنکہ مفید ساخت آں را گفتند
بینداز خون آنحضرت را بر خاک
پس فرو برد آں را پس فرمود

کہاں ہے۔ عرض کی میں پی گیا
میرے دل نے یہ گوارہ نہ کیا کہ
آپ کے خون کو زمین پر ڈالوں
اسی لئے میں نے اس کو پیٹ
میں ڈالا حضور نے فرمایا بلا شک
تو نے اپنے نفس کو مرضوں اور
مصیبتوں سے محفوظ کر لیا۔
ایک اور روایت میں آیا ہے کہ
جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام
احد کے دن زخمی ہوئے تو حضرت
ابو سعید خدری کے والد حضرت
مالک بن سنان رضی اللہ تعالیٰ عنہما
نے حضرت کے زخم کو چوسا یہاں
تک کہ زخم کو ٹھیک کر دیا۔ لوگوں
نے ان سے کہا کہ منہ سے خون نکالو
مالک بن سنان نے کہا اللہ کی قسم
میں آپ کے خون کو ہرگز زمین پر
نہ ڈالوں گا۔ پھر اس کو پی گئے۔
اس پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام

آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
ہر کہ خواہد کہ بنگرد بمردے
از اہل بہشت بنگرد بسوئے
ایں مرد از عبداللہ بن زبیر
آمدہ کہ حجامت کرد آں
حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
روزے پس داد مرا خون او گفت
غائب کن این را در جائیکہ کس
نہ بیند و در نیابد پس نوشیدم
آں را کہ پوشیدہ تر از اں
مکانی نیافتم پس گفت آنحضرت
وای تر از مردم ووای مردم را
از تو کفایت کرد از
قوت مردانگی وشجاعت
وشہامت کہ اورا
ازاں حاصل شد۔ الخ

نے فرمایا جو جنتی مرد کو دیکھنا چاہے
وہ اس (مالک بن سنان) کو دیکھ لے
حضرت عبداللہ بن زبیر سے روایت
ہے کہ ایک دن حضور نے خون نکلوایا
اور مجھے فرمایا کہ اس خون کو ایسی جگہ
غائب کرو کہ جہاں کوئی نہ دیکھے
اور کوئی نہ پائے۔ حضرت عبداللہ نے
کہا کہ میں اس خون مبارک کو پی گیا
کیونکہ پیٹ سے بڑھ کر پوشیدہ مکان
میں نے نہ پایا۔ اس پر حضور علیہ الصلوٰۃ
والسلام نے فرمایا حسرت ہے تیرے
لئے لوگوں سے اور حسرت ہے لوگوں
کے لئے تجھ سے۔ اس کلام میں ان کی
قوت مردانگی اور شجاعت اور شہامت
کی طرف اشارہ فرمایا۔ جوان کو اس
خون کی وجہ سے حاصل ہوئی۔

مدارج النبوت ج ۱ ص $\frac{۲۵}{۲۶}$

۱۶۴۲ء۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور آپ کے اہل بیت وصحابہ
کی محبت فرض ہے۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۵)

ع ۱۶۵ :- کسی نبی کی عورت باغی یعنی (بد چلن) بدکار نہیں ہوئی۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۵

ع ۱۶۶ :- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیٹیوں پہ سوکن ڈالنا ناجائز۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۵۰ - مدارج النبوت ج ۱ ص ۱۲۸)

ع ۱۶۷ :- بعض علماء نے آپ کی بیٹیوں کی قیامت تک ہونے والی اولاد پر دوسرے نکاح کو ناجائز قرار دیا۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۵۰

ع ۱۶۸ :- آپ غضب و رضا میں حق ہی فرمایا کرتے تھے۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۵۰ - حدیث بحث عصمت میں گذری۔

ع ۱۶۹ :- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا خواب وحی ہے۔ ایسے ہی دیگر انبیاء کے خواب - (کشف الغمہ ج ۲ ص ۵۰ رواہ ابن عباس مرفوعا و موقوفا در نحو ج ۵ ص ۲۸ عمدۃ القاری ج ۱ ص [illegible] و در داود و تفسیر (شفا شریف ج ۱ ص ۱۵۰ و شرحہ للخفاجی والقاری ج ۲ ص [illegible])

ع ۱۷۰ :- یہ ضروری ہے کہ ہر نبی ہر نقص و عیب و قابل نفرت چیز سے بری ہو۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۵۰۔

ع ۱۷۱ :- حضور نے اپنے اہل بیت کے دودھ پینے والے بچوں سے روزہ رکھایا۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۵۰)

ع ۱۷۲ :- جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کسی جانور پر سوار رہتے تو وہ جانور نہ پیشاب کرتا نہ لید کرتا۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۵۱۔ تفسیر عزیزی پ ۳ ص ۲۱۹)

ع ۱۷۳ :- جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف رکھتے تو آپ کا کندھا کر

تمام بیٹھنے والوں سے بلند ہوتا ۔ (کشف الغمہ ج۲ ص۵۱)

ع۱۷۴:۔ جب آپ چلتے تو زمین آپ کے لئے لپیٹ دی جاتی ۔ (کشف الغمہ ج۲ ص۵۱)

ع۱۷۵:۔ جو کچھ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے پائخانہ مبارک خارج ہوتا تو زمین نگل جاتی اور اس جگہ، مشک (کستوری) کی خوشبو آتی ۔ اور اسی طرح سب انبیاء کرام (کشف الغمہ ج۲ ص۵۱ شفا شریف ج۱ ص۵۳/۵۴ و شرحہ للخفاجی والقاری ج۱ ص۳۵۳/۳۵۴

ع۱۷۶:۔ آپ کی پردہ پوشی کے وقت لوگوں نے ملک الموت کے رونے کی آواز سنی اور یہ کہتا سنا وامحمداہ (کشف الغمہ ج۲ ص۵۱

ع۱۷۷:۔ جیسے قرآن شریف کا پڑھنا عبادت ہے ایسے ہی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حدیثیں پڑھنا عبادت اور باعث ثواب ہے (کشف الغمہ ج۲ ص۵۱)

ع۱۷۸:۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حدیثیں پڑھنے کے لئے غسل کرنا اور خوشبو لگانا مستحب ہے (کشف الغمہ ج۲ ص۵۱)

ع۱۷۹:۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حیض سے پاک تھیں (کشف الغمہ ج۲ ص۵۱ ۔)

ع۱۸۰:۔ جب سیدہ طیبہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وضع حمل ہوتا تو فوراً نفاس کا خون بند ہو جاتا یہاں تک کہ کوئی نماز بی بی پاک سے فوت نہ ہوتی ۔ اسی لئے آپ کا نام زہرہ[عہ] ہے ۔ (کشف الغمہ ج۲ ص۵۱

عہ زہرا کا معنی صاف رنگ والی روشن چہرہ والی ۱۲ منہ

ع ۱۸۱ :- ایک دفعہ خاتون جنت کو بھوک لگی حضور نے اپنا دست کرم بی بی کے سینہ پر رکھا پھر اس کے بعد بی بی کبھی بھوکی نہ ہوئی۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۵۱)

ع ۱۸۲ :- جب حضرت زہرا کے پردہ پوشی کا وقت قریب ہوا تو بی بی نے خود غسل کیا۔ اور وصیت کی کہ مجھے کوئی نہ کھولے (اور نہ غسل دے) تو حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے اسی غسل سے دفن کیا۔

(کشف الغمہ ج ۲ ص ۵۱)

ع ۱۸۳ :- جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام گنجے پر ہاتھ پھیرتے فوراً بال اگ آتے۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۵۱) شفا شریف ج ۱ ص سیرت رسول عربی ص ۶۴۸)

ع ۱۸۴ :- جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کھجور (یا جو درخت) لگاتے تو وہ اسی سال ثمر دار ہوتی۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۵۱۔ شفا شریف ج ۱ ص ۔ سیرت رسول عربی ص ۴۴۸۔

ع ۱۸۵ :- جب حضور پر نور تبسم فرماتے تو اندھیرا گھر روشن ہو جاتا۔

(کشف الغمہ ج ۲ ص ۵۱)

ع ۱۸۶ :- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام حضرت جبریل امین کے پروں کی سرسراہٹ سنتے حالانکہ وہ سدرۃ المنتہیٰ پہ ہوتے۔ (کشف الغمہ ج ۲ ص ۵۱)

؎ دور و نزدیک کے سننے والے وہ کان

کان لعل کرامت پہ لاکھوں سلام

دور سے سننا - پھر درود کا سننا

(۱) اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں فرمایا۔

حتی اذا اتوا علی واد النمل قالت نملۃ یایہا النمل ادخلوا مسٰکنکم ج لا یحطمنکم سلیمن وجنودہ وہم لایشعرون ۰ فتبسم ضاحکا من قولہا۔

یہاں تک کہ جب (حضرت سلیمان مع لشکر چیونٹیوں کی وادی پر آئے ایک چیونٹی بولی اے چیونٹیو اپنے گھروں میں چلی جاؤ۔ تمہیں کچل نہ ڈالیں سلیمان اور ان کے لشکر بے خبری میں۔ تو سلیمن علیہ السلام اس کی بات سے مسکرا کر ہنسے

(پ ۱۹ النمل ۱۸/۱۹)

(۱) ایک مسئلہ یہ معلوم ہوا کہ پیغمبر کے صحابہ ظلم نہیں کرتے۔ دیدہ دانستہ کسی کو نہیں کچلتے چیونٹیوں تک کا بھی یہی عقیدہ ہے۔ (تفسیر کبیر ج تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۳۰۲، تفسیر روح البیان ج ۴ صفحہ ۳۰۰)

(۲) چیونٹی نے بھی لایشعرون کہکر عصمت انبیاء کا قول کیا۔
(کبیر ج ۶ صفحہ ۵۵۸ - ابو سعود ج ۶ صفحہ ۵۸۴/۵۸۳، روح البیان ج ۴ صفحہ ۳۰۰)

(۳) نبی دور سے سنتے ہیں۔ چنانچہ سلیمان علیہ السلام نے چیونٹی کی یہ خفیف آواز تین میل کے فاصلہ سے سنکر ہنسنے لگے۔ (جلالین صفحہ ۳۱۸ جمل ج ۳ صفحہ ۳۰۶۔ نحوہ فی الکبیر ج ۶ صفحہ ۵۵۹ - مدارک ج ۳ صفحہ ۲۸۰ تفسیر مظہری ج ۷ صفحہ ۱۰۴ - روح البیان ج ۴ صفحہ ۳۰۰)

(۴) نبی جانوروں کی زبان بھی جانتے ہیں۔ (کبیر، خازن، جمل، صادی)

(۲) حضرت وہب ابن منبہ سے منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہواؑ کو یہ حکم دیا ہوا تھا۔ کہ مخلوق خدا جہاں کہیں باتیں کرے وہ ان کی آواز کو سلیمان علیہ السلام کے کانوں تک پہنچا دے۔ (اخرجہ ابن المنذر۔ درمنثور جز ۵ صفحہ ۱۰۲) جب سلیمان علیہ السلام کے لئے عالم کے ذرہ ذرہ کی آواز کا سننا ثابت ہوا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے تو بوجہ اصالتؐ بطریق اولیٰ ثابت ہوا۔

(۳) ایک راجز نے مکہ شریف سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مشکل کے وقت امداد کے لئے پکارا۔ حضور نے مدینہ طیبہ میں بیٹھے ہوئے اس کی آواز سن کے (لبیک لبیک لبیک نصرت نصرت نصرت فرما کر اور اپنی اس مدنی آواز کو وہاں مکہ میں پہنچا کر) اس کی امداد فرمائی۔ (طبرانی صغیر صفحہ ۲۰۲۔ طبرانی کبیر صفحہ ۔ مواہب لدنیہ للقسطلانی جز ۱ صفحہ ۲۸۲۔ زرقانی شرح مواہب جز ۲ صفحہ ۲۹۔ مدارج النبوۃ للشیخ المحقق جز ۲)

ع ہم جب آپس میں بحالت قرب ایک دوسرے کی آواز سنتے تو وہ بھی ہوا کے ذریعے سنتے فافہم ۱۲ منہ

لہ قال العارف الشعرانی الامام الربانی "ان جمیع الکرامات والخصائص الواقعۃ فی ھذا العالم من منذ خلق اللہ تعالیٰ الدنیا ثابتۃ لنبینا محمد صلی اللہ علیہ وسلم بحکم الاصالۃ وان وقع شیٔ منھا لخواص الخلق فذلک بحکم التبعیۃ فی الارث لہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ اھ۔ کشف الغمہ للشعرانی جز ۲ صفحہ ۴۲ ۱۲ منہ

تواریخ حبیب الٰہ[1] صفحہ ۱۰۱)

ہ فریاد جو امتی کرے حال زار میں
ممکن نہیں کہ خیر البشر کو خبر نہ ہو

ہ بندہ ہٹ جائے نہ آقا پہ وہ بندہ کیا ہے
بے خبر ہو جو غلاموں سے وہ آقا کیا ہے

(۴) امام اہل الظاہر والباطن حضرت سیدی شیخ احمد زروق[2] فاسی متوفی ۸۹۹ھ رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

ہ انا لمریدی جامع لشتاتہ ؛	میں اپنے مرید کی پریشان حالی کو تسلی دینے والا ہوں۔
اذا ما سطا جور الزمان بنکبتہ ؛	جب زمانہ نکبت وادبار سے اس پر حملہ آور ہو
وان کنت فی ضیق وکرب وحشۃ ؛	اگر تو کسی تنگی بے چینی اور وحشت میں ہو تو
فناد بیا زروق آت بسرعتہ ؛	یا زروق کہکر پکاریں فوراً آموجود ہوں گا۔

(بستان المحدثین شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلوی صفحہ ۲۰۶)

---

[1] مؤیدہ تھانوی صاحب بہشتی زیور حصہ ۷ صفحہ ۴۰ ۱۲ منہ [2] شاہ عبد العزیز محدث دہلوی ان کا تعارف یوں کراتے ہیں۔ الغرض وہ جلیل القدر شخص تھے۔ ان کے مرتبۂ کمال کو لکھنا تحریر و بیان سے باہر ہے۔ وہ متاخرین صوفیائے کرام سے ان محققین میں سے ہیں۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

جن کے غلام دور دراز سے بعد از پردہ پوشی پریشان حال کی استمداد نہ پکار کو سنکر اس کی امداد کر سکیں۔ ان کے آقا و مولیٰ امام الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کا کیا کہنا۔ کیا فرماتے ہیں فریق آخر کے مفتیان کہ سیدی شیخ امام زروق اتنا دعویٰ کرنے والے اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی جو ان کے ان بیتوں کو نقل کرنے والے اور ساتھ ہیں ان کی مدح بلیغ کرنے والے مشرک ہیں یا مومن موحد۔

(۵) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مہد (گہوارہ) میں چاند کی باتیں سنتے تھے[۱] اور فرمایا اسمع وجبتہ حین یسجد تحت العرش۔ میں اس کے دھماکے کی آواز سنتا ہوں جبکہ وہ چاند عرش کے نیچے سجدہ کرتا ہے۔

اور آپ سیدہ والدہ آمنہ کے پیٹ مبارک میں رہ کر عرش کے اٹھانے والے فرشتوں کی تسبیح کی آواز سنتے تھے۔ نیز آپ اپنی والدہ مطہرہ کے پیٹ مبارک میں رہ کر قلم کی آواز سنتے تھے جبکہ وہ لوح محفوظ پہ چلتی تھی۔ (حوالے اسی باب کے اول میں مذکور ہوئے) جو محبوب بچپن میں اور والدہ کے بطن مقدس میں رہ کر اتنی دور و دراز کی باتیں سنتے رہے

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) جنہوں نے حقیقت و شریعت کو جمع کیا ہے۔ شیخ شہاب الدین قسطلانی (صاحب مواہب لدنیہ شارح بخاری)..... اور ان جیسے بڑے بڑے علماء نے ان کی شاگردگی پر فخر و ناز کیا ہے۔ (بستان المحدثین بشاہ عبدالعزیز ص ۱۹)

[۱] خصائص کبریٰ ج ۱ ص ۵۳۔ زرقانی ج ۵ ص ۲۴۴-۲۴۵۔ ۱۲ منہ

وہ اب زمین والوں کا درود خود نہیں سن سکتے۔ فیاللعجب۔

(۷) حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

انی ارٰی ما لا ترون
واسمع ما لا تسمعون
اطت السماءُ وحق
لہا ان تئط لیس
فیہا موضع اربع
اصابع الا وملک
واضع جبہتہ
ساجد للہ

بے شک میں وہ دیکھتا ہوں جو
تم نہیں دیکھتے اور میں وہ سنتا ہوں
جو تم نہیں سنتے۔ آواز نکلتا ہے
اور چرچڑ کرتا ہے آسمان اور
لائق ہے اسے کہ آواز کرے کیونکہ
اس میں چار انگل کی ایسی جگہ نہیں
جہاں فرشتہ پیشانی رکھ کر اللہ تعالیٰ
کو سجدہ نہ کر رہا ہو۔

لہ قال القسطلانی والزرقانی۔ وکان علیہ الصلوٰۃ والسلام یبلغ صوتہ وسمعہ مالا یبلغہ صوت غیرہ ولا سمعہ من الاصوات والاسماع المعتادین فقد کان یخطب فتسمعہ العواتق فی البیوت ویسمع اطیط السماء کما مر بسط ذلک فی شمائلہ اھ شرح المواہب للزرقانی جہ ص۲۴۸۔ نیز اسی میں ہے۔ واما سمعہ الشریف فحسبک انہ قد قال صلی اللہ علیہ وسلم (انی اریٰ ما لا ترون واسمع ما لا تسمعون) فھو صریح فی قوۃ سمعہ وقوی ذلک بقولہ (اطت السماء.....) انی لا سمع اطیط السماء فالظاہر حملہ علی الحقیقۃ فانہ امر ممکن ولا یتم الدلیل الا بہ والفاظہ صلی اللہ علیہ وسلم یجب بقاءھا علی ظاہرھا الا لمانع ولا مانع ھنا فکیف اذ کان الصرف علی الظاہر یفوت المقصود اھ ملخصاً۔ زرقانی ج۴ ص۸۹۔ ونحوہ فی المرقات ج۵ ص۱۱۲ ورواہ محمد بن حمید الرازی ۵ شرح شفا للقاری ج ۲ ص۱۳۸ ۱۲ منہ

اخرجہ الترمذی[عہ] وابن ماجہ[عہ] وابونعیم[عہ] ۔ خصائص کبریٰ للسیوطی ج ۱ ص ۶۵/۶۶
ورواہ احمد فی مسندہ والحاکم فی مستدرکہ ۔ الفتح الکبیر ج ۱ ص ۴۵۰
مطبوعہ مصر ۔ مشکوٰۃ ص ۴۵۷ ۔ باب البکاء الخ ۔ زرقانی علی المواہب
ج ۴ ص ۸۹ پر ہے ۔ رواہ الترمذی واحمد وابن ماجہ والحاکم وصححہ کلہم
ورواہ البغوی فی شرح السنۃ مرقات ج ۵ ص ۱۱۲ ۔ مدارج النبوۃ
ج ۱ ص ۷ ۔ شفا شریف ص ۱۱۱/۱۱۲ فصل واما خوفہ ۔ شرحہ للقاری
والخفاجی ج ۲ ص ۱۳۸ ۔

(۲) حکیم بن حزام سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے اصحاب میں بیٹھے ہوئے تھے کہ فرمایا

تسمعون ما اسمع قالوا ما نسمع من شئ قال انی لاسمع اطیط السماء[ع] الحدیث ۔ اخرجہ ابونعیم خصائص کبریٰ ج ۱ ص ۶۶

کیا تم وہ سنتے ہو جو میں سنتا ہوں صحابہ نے عرض کیا ہم تو کچھ نہیں سن رہے ۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا بیشک میں آسمان کے چرچرانے کی آواز سنتا ہوں

عہ جامع ترمذی ج ۲ ص ۵۵ ابواب الزہد باب ما جاء فی قول النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام لو تعلمون ما اعلم لضحکتم قلیلا ۱۲ منہ ۔ عہ سنن ابن ماجہ ص ۳۱۹ ابواب الزہد باب الحزن والبکاء ۱۲ منہ

عہ قال الزرقانی فی شرح قولہ السماء ای جنسہا فالمراد السبع فان قیل کیف یکون صوت مسموعا لسامع فی محل لا یسمعہ آخر معہ وھو مثلہ سلیم الحاسۃ عن آفۃ تمنع الادراک اجیب بان الادراک معنی یخلقہ اللہ تعالیٰ لمن یشاء ویمنعہ من یشاء ولیس بطبیعۃ ولا قوۃ واحدۃ ۔ اھ زرقانی ج ۴ ص ۹۰ ۱۲ منہ

ومواہب صـــ وزرقانی ج ۴ صـ ۹۰ ۔

جو محبوب آسمانوں کے رونے کی آواز سنتے رہے وہ زمین والوں کا درود خود نہیں سکتے وہ فاصلہ بھی ذہن نشین رہے ۔ اور یہ فاصلہ بھی ۔

(۸) صحیح بخاری کی حدیث قدسی کہ اللہ تعالیٰ ولی کے کان بن جاتا ہے اور امام رازی کی یہ تشریح حاضر وناظر کی بحث میں گذر چکی کہ جب اللہ تعالیٰ کے جلال کا نور ولی کے کانوں میں آجاتا ہے ۔ تو وہ ولی دور و نزدیک کی آوازوں کو سنتا ہے ۔ جن کے غلام اولیاء کرام دور و نزدیک سے سنتے ہیں ۔ ان کے آقا ومولیٰ دور سے نہیں سنتے ۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ ۔ بلکہ وہ بطریق اولیٰ سادات اولیاء صحابہ کرام سے بھی بڑھکر سنتے ہیں ۔ اور عالم کے ہر گوشے کی آواز سنتے ہیں ۔

(۹) حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں ۔

(الکوثر) هو نهر في الجنة ليس احد يدخل اصبعيه في اذنيه الا سمع خرير ذلك النهر ۔

تفسیر درمنثور للسیوطی ج ۶ صـ ۴۰۲

کہ کوثر بہشت میں ایک نہر ہے کوئی نہیں کہ اپنے دونوں کانوں میں دو انگلیاں دے مگر وہ شخص اس نہر کوثر کے پانی کے اوپر سے گرتے اور چلنے کی آواز سن لے گا

بعض لوگ تو کہتے ہیں کہ خداداد قوت سے بھی حبیب خدا دور سے نہیں سن سکتے جو ایسا مانے وہ مشرک ہے ۔ لیکن کیا اب ام المومنین پہ فتویٰ لگائیں گے ۔ گیا ان سے یہی کہیں گے کہ والدہ صاحبہ آپ نے تو

کمال ہی کر دیا۔ ہم تو خود حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے زمین والوں کا درود سننا نہیں مان رہے تھے۔ آپ نے تو ہر ایک کے لئے اتنا دور کا سننا فرما دیا اور پھر وہ بھی کان بند کر کے۔ کوئی بڑی بات نہیں کہ یہ لوگ ام المومنین پہ فتویٰ لگا دیں۔ کفر و شرک کی مشین جو ہر وقت چلتی ہے۔ اور ان کے نزدیک شرک امور عامہ سے جو ہوا۔ کہ سنی ان کے فتوئے شرک کی زد میں، اولیاء ان کے فتوئے شرک کی زد میں، نبی ان کے فتوئے شرک کی زد میں بلکہ خود خدا ان کے فتوئے شرک کی زد میں بلکہ وہ خود بھی اپنے فتوئے شرک و کفر کی زد میں۔ چنانچہ ان کے اسمٰعیل دہلوی صاحب نے کہا کہ وہ ہوا جس کا ذکر حدیث میں آیا کہ جس کے چلنے کے بعد تمام روئے زمین پر کوئی مومن نہ رہے گا۔ وہ ہوا چل چکی ہے۔ (تقویۃ الایمان ص ۲۲)

(۱۰) اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم دیا کہ

وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ — اور لوگوں میں حج کی عام ندا کر دے

(پ ۱۷ الحج ۲۷ ع ۴)

چنانچہ اس حکم کے مطابق حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ابوقبیس پہاڑ پر کھڑے ہو کر چاروں طرف ایک ایک آواز دی کہ اللہ تعالیٰ کے بندو اللہ کے گھر کی طرف آؤ۔ قیامت تک پیدا ہونے والوں نے یہ آواز سنی جس نے جتنی بار لبیک کہا وہ اتنے ہی حج کرے گا۔ اور جو روح خاموش رہی وہ حج نہ کر سکے گی۔ (تفسیر روح البیان ج ۴ ص ۲۲ و خزائن العرفان ص۔ رواہ ابن ابی شیبۃ فی المصنف و ابن

منیع وابن جریر وابن ابی حاتم والحاکم وصححہ والبیہقی فی سننہ عن ابن عباس
علاوہ ازیں اور بہت سی تخریجیں ہیں۔ من شاء فلینظر ثم۔ تفسیر درمنثور
ج ۴ ص ۳۵۴ ۔ تفسیر ابن کثیر ج ۳ ص ۲۱۶ ۔ تفسیر بیضاوی ص ۲۳۶
مطبوعہ مصر علی القرآن۔ تفسیر مدارک وخازن ج ۳ ص ۲۸۷ ۔
تفسیر کبیر ج ۶ ص ۲۲۷ ۔ تفسیر ابو سعود ج ۶ ص ۲۳۵ ۔ تفسیر مظہری
ج ۶ ص ۲۷۵ ۔ جلالین ص ۲۸۱ ۔ صاوی ص ۸۳ ج ۳ ۔ جمل ج ۳ ص ۱۶۳)

اس سے دو مسئلے ثابت ہوئے۔ ایک یہ کہ دور سے غیر اللہ کو پکارنا
اور دوسرا یہ کہ غیر اللہ کا دور سے سننا۔ اور وہ بھی عالم ارواح میں
کوئی ماں کے پیٹ میں تھا۔ اور کوئی باپ کی پیٹھ میں۔ یہ دونوں چیزیں
شرک نہیں۔ اگر کوئی صاحب کہے کہ روحوں کو تو اللہ تعالیٰ نے حضرت
ابراہیم کی پکار سنا دی۔ تو میں کہوں گا کہ حضور کو بھی ہماری آوازیں
اللہ تعالیٰ ہی سناتا ہے ہم جو آپس میں ایک دوسرے کی آواز سنتے ہیں
یہ بھی اللہ تعالیٰ سناتا ہے۔ کوئی غیر اللہ ذاتی قوت سے نہیں سنتا بلکہ جو بھی
سنتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی قوت سے سنتا ہے۔ روحیں دور
سے سنیں۔ اور محبوب خدا دور سے نہ سنیں وہ جائز یہ شرک۔ توبہ
أَسْتَغْفِرُ اللهَ تعالیٰ۔ یہ بھی کوئی شرک ہے کہ ایک جگہ ایمان دوسری
جگہ بعینہ وہ شرک ہو واہ۔ شرک مقید با فراد وازمان وامکنہ نہیں
ہوا کرتا شرک ہر وقت ہر ایک کے لئے ہر جگہ شرک ہی ہوتا ہے۔

(۱۱) اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں فرمایا ہے۔

کل نفس بما کسبت رھینة الا اصحب الیمین فی جنت ط یتسآلون عن المجرمین ما سلککم فی سقر قالوا لم نک من المصلین	ہر جان اپنی کرنی میں گروی ہے مگر داہنی طرف والے (یعنی صالحین باغوں میں پوچھتے ہیں مجرموں سے تمہیں کیا بات دوزخ میں لے گئی۔ وہ بولے ہم نماز نہ پڑھتے تھے

(پ ۲۹ مدثر ۳۸ تا ۴۳)

ان آیات سے معلوم ہوا کہ جنتی جنت میں رہ کر اتنا دور و دراز تک دیکھیں گے ۔ کہ دوزخ میں دوزخ والوں تک ان کی نظریں پہنچ جائیں گی ۔ اور ان کا حال معلوم کر کے ان سے سوال کریں گے ۔ کہ تم دوزخ میں کیوں گئے ۔ دوزخی دوزخ میں رہ کر اتنا انتہائی فاصلہ سے جنتیوں کی بات سن لیں گے ۔ اور جواب دیں گے ۔ تو ان کا جواب اتنا دور سے جنتی سن لیں گے ۔

فریق مخالف کے قول کے مطابق یوں سمجھئے کہ جو چیز (یعنی دور سے سننا) آج دنیا میں توحید (واجب لذاتہ) کی ضد و نقیض ہے ۔ یعنی شرک (جو ممتنع لذاتہ و محال لذاتہ ہے) وہ کل آخرت میں ممتنع تو ممتنع بلکہ ممکن ہو کے وقوع پذیر ہو جائے گا ۔ شاباش شرک اسے کہتے ہیں ۔ محال لذاتہ اسے کہتے ہیں ۔ بدیں عقل و دانش بباید گریست ۔

حقیقت یہ ہے کہ دور سے سننا نہ آج شرک ہے ۔ نہ کل ۔ اگر یہ شرک ہوتا تو ہر وقت شرک ہوتا ۔

(۱۲) حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

من سال اللہ الجنۃ ثلث مرات قالت الجنۃ اللھم ادخلہ الجنۃ ومن استجار من النار ثلث مرات قالت النار اللھم اجرہ من النار

جو اللہ تعالیٰ سے تین دفعہ جنت مانگے تو جنت (اس سائل کی آواز سنکر) کہتی ہے اے اللہ اسے بہشت میں داخل کر اور جو شخص تین مرتبہ دوزخ سے پناہ مانگے تو دوزخ (اس کی آواز سنکر) کہتی ہے اے اللہ اس کو دوزخ سے پناہ دے۔

رواہ الترمذی ج ص والنسائی ج ۲ ص ۲۷۷۔ کتاب الاستعاذۃ باب الاستعاذۃ من حر النار۔ مشکوٰۃ شریف ج ۱ ص ۲۱۸ باب الاستعاذۃ وزواہ ابن ماجہ وابن حبان[1] والحاکم۔ مرقات ج ۳ ص ۱۴۶۔ الفتح الکبیر ج ۳ ص ۱۹۵ مطبوعہ مصر۔ حدیث صحیح۔ الجامع الصغیر للسیوطی ج ۲ ص ۱۷۲۔

اس صحیح حدیث سے معلوم ہوا کہ جنت بھی دور سے سنتی ہے اور دوزخ بھی دور سے سنتی ہے۔ کیوں صاحب شرک کہاں گیا۔

(۱۳) حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ

---

[1] فی صحیحہ باب ص ۶۰۳ موارد الظمآن مطبوعہ مکہ شریف ۱۲ فیضی

والسلام نے فرمایا کہ کوئی عورت اپنے خاوند کو دنیا میں ایذا نہیں دیتی مگر اس مرد کی بیوی حور (جنت سے) کہتی ہے (او دنیا والی سوکن) تو اسے تکلیف نہ پہنچا اللہ تجھے ہلاک کرے۔ وہ تیرے ہاں مہمان و مسافر ہے قریب ہے کہ تجھے چھوڑ کر ہماری طرف آئیگا۔ (ترمذی[1] - ابن ماجہ[2]) مشکوٰۃ جلد ۲ ص ۲۸۱ باب عشرۃ النساء۔ وایضا رواہ احمد فی مسندہ۔ الفتح الکبیر ج ۳ ص ۳۱۲

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حور اتنا فاصلہ" (جنت) سے دنیا والے مرد کی فعلی تکلیف سے باخبر ہے اور اس کو دیکھتی ہے اور قولی ایذا کو سنتی ہے۔ افسوس صد افسوس اس نظریہ پر کہ جنت، دوزخ، حور تو دور سے سنیں مگر حضور محبوب خدا امام الانبیاء دور سے نہیں سنتے

(۳۴) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اے عمار (ابن یاسر)

ان للّٰہ تعالٰے ملکاً اعطاہ اسماع الخلائق کلھا وھو قائم علی قبری اذا مت الی یوم القیامۃ فلیس احد من امتی یصلی علیّ

یعنی بے شک اللہ تعالیٰ کا ایک فرشتہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوق کے کان دئے ہیں (یعنی تمام مخلوق کی آوازوں کے سننے کی طاقت عطا فرمائی ہے) جب میں پردہ پوش ہوں گا تو وہ فرشتہ قیامت تک میری مزار پر کھڑا رہے گا۔ میری امت

---

[1] جامع ترمذی ج ۱ ص ۱۴۰ ۱۲ منہ [2] سنن ابن ماجہ ص ۱۴۶ ۱۲ منہ

صلوٰۃ الا سماہ باسمہ واسم ابیہ قال یا محمد صلی علیک فلان کذا وکذا فیصلی الرب عزوجل علی ذلک الرجل بکل واحدۃ عشرا۔

سے کوئی نہیں جو مجھ پر درود پڑھے مگر وہ فرشتہ اس درود پڑھنے والے کا اور اس کے باپ کا نام لیتا ہے اور عرض کرتا ہے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم فلاں نے آپ پر اتنا درود شریف پڑھا ہے۔ پس اللہ تعالیٰ اس درود بھیجنے والے پر ایک ایک درود شریف کے عوض دس دس رحمتیں بھیجتا ہے

رواہ الطبرانی فی الکبیر واللفظ لہ۔ اس حدیث کے سب رواۃ ثقہ ہیں۔ ورواہ ابوالشیخ (ابن حبان) الاصبہانی۔ واحمد بن داؤد المکی والوالقاسم التیمی فی ترغیبہ والحارث فی مسندہ، وابن ابی عاصم۔ وابن الجراح فی امالیہ۔ وابوعلی الحسن بن نصر الطوسی فی احکامہ۔ والبزار فی مسندہ۔ ورواہ الرویانی۔ (جلاء الافہام صفحہ ۱۵ دہامشہ۔ القول البدیع للسخاوی صفحہ ۱۱۲) الفتح الکبیر ج ۱ صفحہ ۱۱۱۔ جامع صغیر ج ۱ صفحہ ۹۷ قال الشیخ (ھذا) حدیث حسن" السراج المنیر ج ۱ صفحہ ۵۲ مطبوعہ مصر۔ سعادت دارین صفحہ ۹۲ مطبوعہ مصر۔ الترغیب والترہیب للمنذری ج ۲ صفحہ ۴۹۹ مطبوعہ مصر۔

(۱۵) ورواہ الدیلمی عن ابی بکر الصدیق نحو القول البدیع للسخاوی صفحہ ۱۵۵ الجوہر المنظم لابن حجر صفحہ ۲۰۔ سعادت دارین صفحہ ۵۸ مطبوعہ مصر۔

الفتح الکبیر ج ۱ ص ۲۲۳ مطبوعہ مصر۔

(۱۶) و رواہ عبدالرحمٰن بن واقد العطار عن یزید الرقاشی نحوہ۔ جلاء الافہام ص ۸۲

ان حدیثوں میں اس فرشتہ کے لئے بیک وقت ہزاروں لاکھوں کے درود سننا اور پھر مدینہ منورہ میں کھڑے ہو کر دنیا کے کونے کونے سے درودوں کی آوازیں سننا ثابت ہو رہا ہے۔ جن کے غلاموں کی یہ شان ہو اس مرکز نعم سید العرب والعجم صلی اللہ علیہ وسلم کی قوت سمع کا کیا کہنا وہ تو بطریق اولیٰ سب کی سنتے ہیں۔ اور ہر ایک کے درود کو بنفس نفیس سننے کی طاقت ان میں موجود ہے۔ اگر کوئی کہے کہ اگر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام خود دور و نزدیک والوں کا درود سنتے ہیں۔ تو یہ فرشتہ کیوں مقرر کیا گیا تو جواب یہ ہے کہ خدمت، نوکری، ملازمت کے لئے۔ جیسے اس فرشتہ کی تقرری سیاحین ملائکہ سامعین درود کے منافی نہیں[1]۔ یہ خود بھی سنتا ہے اور فرشتے بھی زمین میں چکر لگا کر حضور پہ لوگوں کے درود پیش کرتے ہیں۔ جیسے سیاحین ملائکہ کی تقرری اس ملک کے سننے کے منافی نہیں۔ اسی طرح سیاحین ملائکہ اور اس ملک کی تقرری خود حضور کے سننے کے منافی نہیں۔ نیز

---

[1] علامہ حفنی اسی حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں۔ (قولہ ملکا) ای واقفاً علی قبری یبلغنی صلاۃ کل احد باسمہ واسم ابیہ وہذا لاینافی ان غیرہ یبلغہ ذلک کالملائکۃ السائحین اھ ہامش السراج المنیر ج ۱ ص ۲۰۵ ۱۲ منہ۔

جس طرح ان ملائکہ کی تقرری جو بندوں کے اعمال بارگاہ خداوندی میں پیش کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے علیم و سمیع بکل شئ ہونے کے منافی نہیں بلکہ وہ ملائکہ کی ملازمت ہے۔ تو یہاں بھی ملائکہ کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود شریف پیش کرنا خود ان کے سننے کے منافی نہیں۔

سوال حدیث ۱۴۲ کی سند اور اس کے تین راویوں "اسماعیل بن ابراہیم ابو یحییٰ تمیمی۔ نعیم بن ضمضم۔ ابن حمیری پہ بعض لوگوں نے جرح و قدح کی ہے (تبرید ص ۱۸۳ گکھڑوی)

جواب ۱:- یہ سند اور رواۃ دیکھتے رہیں۔ "الشیخ المحدث علامہ عزیزی متوفی ۱۰۷۰ھ کا اسی حدیث کی شرح میں اسی حدیث کے متعلق (جو بروایت طبرانی ہے) (یہ کلام نقل ہو چکا ہے قال الشیخ حدیث) حسن" السراج المنیر ج ۱ ص ۲۰۵ الشیخ نے فرمایا یہ حدیث حسن ہے۔ جو فضائل درکنار اعمال میں بھی باتفاق جمہور محدثین حجت ہوا کرتی ہے۔ (نیل الاوطار) اب اس فتوئے حسن کے سامنے ان کی کون سنے۔

جواب ۲:- اس (المعترض کالاعمی) کا یہ کہنا کہ اس حدیث کا ایک راوی اسماعیل بن ابراہیم ابو یحییٰ تمیمی ہے یہ مصنوعی و جعلی راوی اس حدیث کا بیان کر کے پھر باتفاق محدثین اس کی تضعیف نقل کرنا معترض کی ناواقفیت اور بے علمی کی دلیل ہے۔

ع این کار از تو آید مرداں چنیں کنند

ع گر ہمیں مفتی و ہمیں ملا ٭ کار طفلاں تمام خواہد شد

فقیر نے اس معترض کی اکثر و بیشتر کتابوں کو خوب بنظر انصاف دیکھا اور اس نتیجہ پر پہنچا کہ یہ شخص حوالوں میں خیانت کرتا ہے۔ کذب بیانی سے کام لیتا ہے۔ اور عیار مؤول ہے۔ ابھی اس وقت اس کی مستقل تردید کے درپے نہیں۔ جو اس کے تمام اکاذیب کی نشان دہی کر دوں اور اس کی قلعی کھول کر اس کے دلائل کا وزن بتاؤں اور اس کے اعتراضوں کا بے وزن ہونا ظاہر کر دوں۔ اگر اللہ تعالیٰ نے توفیق بخشی تو ایسا ہوگا۔ یہ تو ضمنی طور پر اس کتاب میں کہیں دو دو چار چار باتیں ہو گئیں ہیں۔ تاکہ لوگوں کو پتہ چل جائے کہ یہ ہے اس محرر مذہب کی علمی لیاقت) پتہ نہیں معترض کو اس حدیث کی کون سی سند ہاتھ لگی جس میں اسے اسماعیل ابو یحیٰ تمیمی نظر آیا اور باقی وہ سندیں نظر نہ آئیں جن میں اس راوی کا نام و نشان بھی نہیں۔ بہت سے محدثین نے اس حدیث کی تخریج کی ہے۔ کچھ نمونہ مذکور ہوا۔ اور اس وقت تین روایتیں بمع سند تو اس فقیر کے سامنے ہیں۔ ان میں تو کہیں بھی اس راوی کا نام و نشان نہیں۔ وہ تین روایتیں یہ ہیں۔ ابو الشیخ اصبہانی کی روایت معجم کبیر للطبرانی کی روایت احمد بن داؤد مکی کی روایت۔ اگر بالفرض وہ راوی اس حدیث کی کسی سند میں ہو بھی تب بھی منصف معترض کو اس راوی کا نام لیکر اس پر جرح نقل کر کے اصل حدیث کی تضعیف کرنا زیب نہیں دیتا کیوں کہ بہت سی سندوں میں اس تمیمی کا نام و نشان نہیں۔ لیکن کیا کریں تمیمیوں کو تمیمیوں سے انس جو ہوا بار بار ان کا نام نہ چھیڑیں تو اور کیا کریں ذوالخویصرہ (معترض سید عالم جبل نے حضور سے کہا اعدل یا محمد

اور حضور نے اس کے متعلق فرمایا کہ اس کی نسل سے قوم نکلے گی۔ جو قرآن پڑھیں گے۔ لیکن گلے سے نیچے نہ اترے گا۔ تمہارا نمازیں اور روزے ان کی نمازوں اور روزوں کے مقابلہ میں حقیر نظر آئیں گے۔ وہ مسلمانوں کو قتل کریں گے اور اہل اوثان کو ترک کریں گے۔ وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے۔ جیسا کہ تیر نشانہ سے نکل جاتا ہے۔ بخاری یا مشکوۃ وہ ذوالخویصرہ بھی تمیمی اور ابن تیمیہ بھی تمیمی اور ابن عبدالوہاب نجدی بھی تمیمی ہے)) امام محدث مناوی اور امام ابن حجر کو تو اس حدیث کی سند میں بد تمیمی راوی نظر نہ آیا چنانچہ انہوں نے فرمایا کہ نعیم اور ابن الحمیری کے علاوہ باقی سب رجال اس حدیث کے صحیح کے رجال ہیں "وبقیۃ رجالہ رجال الصحیح" فیض القدیر ج۲ ص۴۸۳)

باقی رہا ابن حمیری اس کے متعلق اس نے کہا کہ "یہ مجہول ہے" میں کہتا ہوں کہ علامہ سخاوی نے کہا "۔ ھو معروف یعنی یہ معروف و معلوم ہے۔ نیز لکھا" ذکرہ ابن حبان فی ثقات التابعین" القول البدیع ص۱۱۲/۱۱۳ للسخاوی مطبوعہ مکہ وحاشیہ جلا ۶ الافہام ص۶۱ یعنی محدث امام ابن حبان نے ابن حمیری راوی کو ثقات تابعین میں ذکر کیا ہے۔ باقی رہا نعیم بن ضمضم تو گذارش یہ ہے کہ نعیم بن ضمضم اس حدیث کا کوئی راوی نہیں ہاں نعیم بن ضمضم ہے۔ اس کو اگر بعض نے ضعیف کہا ہے تو بعض محدثین نے اس کی توثیق بھی کی ہے۔ دلیل وہی عبارت کہ ذہبی شاگرد ابن تیمیہ نے کہا" ضعفہ بعضھم۔ میزان ج۳ ص۲۴۱

القول البدیع صـ۱۱۳ ۔ ہامش جلد ۱۶ الافہام صـ۶۱ ۔ اور جب تضعیف توثیق سے اور جرح تعدیل سے ٹکرائے تو امام نسائی کے مذہب کے مطابق ترجیح توثیق و تعدیل کی ہوا کرتی ہے ۔ کیونکہ وہ اصل ہے ۔ (کوثر النبی صـ۱۰۳) اسی لئے تو علامہ عزیزی نے اس حدیث کا حسن ہونا نقل کیا ہے ۔

جواب ۳ :۔ اسی مضمون کی تین حدیثیں مذکور ہوئیں دیکھئے ۱۴ عمار بن یاسر والی ۔ ۱۵ حضرت ابوبکر صدیق والی رضی اللہ عنہما ۱۶ یزید رقاشی والی رحمہ اللہ تعالیٰ ۔ اور تینوں حدیثوں کو انفرادی طور پر ضعیف مان لیا جائے ۔ پھر بھی یہ ملکر قوت پاکے حسن ہوکے قابل احتجاج ہوں گی ۔ (جیساکہ اس کی تفصیل اصول حدیث میں مذکور ہے اور اس کا کچھ بیان اسی کتاب کے گذشتہ اوراق میں مذکور ہوا ۔

جواب ۴ :۔ بالفرض یہ حدیث ضعیف ہی رہے قوت نہ پائے ۔ حسن نہ کہلائے تو پھر بھی یہ حدیث ضعیف جو غیر موضوع ہے حجت ہے کیونکہ باب فضائل (درود) میں وارد ہے ۔ محدثین نے انہیں حدیثوں کو نقل کرنے کے بعد یہی تنبیہ فرمائی ملاحظہ ہو ۔ سعادت دارین صـ۸۵ مطبوعہ مطبعۃ بیروت ۔ القول البدیع للسخاوی مطبوعہ مکہ صـ۲۵۸ ۔

سوال حدیث ۱۳ کے رواۃ اور رجال میں سے دو راویوں عبدالوہاب بن ضحاک ، اور اسماعیل بن عیاش پر بعض لوگوں نے

(گگھڑوی صاحب نے تبرید النواظر صـ۱۸۳) جرح و قدح نقل کی ہے)

جواب ۱: - معترض کی نظر صرف ابن ماجہ پر رہی اسلئے اس کو اعتراض کی سوجھی۔ فقیر کی معلومات کے مطابق اس حدیث کا تین محدثین مخرجین نے اپنے اپنے طور پر اخراج کیا۔" امام احمد نے اپنی مسند میں۔ امام ترمذی نے جامع ترمذی میں۔ امام ابن ماجہ نے سنن میں۔ حوالے پیچھے گذرے۔ جب یہ حدیث مسند امام احمد حنبل کی ہوئی۔ تو اب مسند احمد کی حدیثوں کا وزن ملاحظہ ہو۔ امام جلال الدین سیوطی جمع الجوامع کے خطبہ میں فرماتے ہیں۔" مسند احمد کی ہر حدیث مقبول ہے[1]" نیز محدثین نے فرمایا کہ مسند احمد کی ہر حدیث قابل احتجاج ہے۔ اور بعض محدثین نے اس کی ہر حدیث کو صحیح کہا۔ بقول عسقلانی مسند احمد کی کوئی حدیث موضوع نہیں (مرقات شرح مشکوٰۃ للقاری صـ۲۱۔ نیل الاوطار للشوکانی وہو غیر مقلد ج ۱ صـ۱۹)

لہٰذا حدیث ۱۳ موضوع نہیں بلکہ مقبول اور قابل احتجاج ہے۔

جواب ۲: عبدالوہاب بن ضحاک راوی سنن ابن ماجہ کی روایت میں ہے۔ جامع ترمذی کی روایت میں نہیں لہٰذا اس پر جرح و قدح نقل کرنا۔ حدیث ۱۳ کے وزن گرانے کے لئے فضول ہے۔

---

[1] کل ما کان فی مسند احمد فھو مقبول" کنز العمال ج ۱ صـ۳ طبع جدید۔ الفتح الکبیر ج ۱ صـ۳ مطبوعہ مصر۔ کوثر النبی صـ۱۴۳ ۱۲ منہ

اس میں نہ معترض کو فائدہ ہے۔ اور نہ سنی کو نقصان ہے۔ باقی رہا اسماعیل بن عیاش تو اس کی روایت شامیوں سے اور اپنے شہر والوں سے مقبول ہوا کرتی ہے۔ چنانچہ امام ترمذی فرماتے ہیں۔ وروایۃ اسماعیل بن عیاش عن الشامیین اصلح جامع ترمذی ج ۱ ص ۱۴۰۔ حافظ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں۔ صدوق فی روایتہ عن اھل بلدہٖ تقریب ج ۱ ص ۷۳۔ تو یہاں اسماعیل بن عیاش (جو "الحمصی" ہے تقریب ج ۱ ص ۷۳) اس حدیث کو "بحیر بن سعد (جو الحمصی ہے تقریب ج ۱ ص ۹۳) سے روایت کر رہا ہے لہٰذا یہ حدیث قابل احتجاج ہے

جواب ع ۳۔ یہ حدیث نہ موضوع ہے نہ ضعیف بلکہ حسن ہے چنانچہ امام حافظ زکی الدین عبد العظیم بن عبد القوی المنذری (المتوفی ۶۵۶ھ) رحمہ اللہ تعالیٰ اس حدیث کو نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں رواہ ابن ماجہ۔ والترمذی وقال حدیث حسن۔ اھ۔ الترغیب والترہیب للمنذری ج ۳ ص ۴۵۸ ھکذا ینبغی التحقیق واللہ ولی التوفیق۔

اللھم انصر الاسلام والمسلمین واعز الاسلام والمسلمین۔ اللھم انصر من نصر دین سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واجعلنا منھم واخذل من خذل دین سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ولا تجعلنا منھم۔

(۷۱) حضرت ابوذر (۲) رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم نے فرمایا۔

"اکثروا الصلوۃ علیّ یوم الجمعۃ فانہ یوم مشھود تشھدہ الملائکۃ لیس من عبد یصلی علیّ الا بلغنی صوتہ حیث کان قلنا وبعد وفاتک قال وبعد وفاتی ان اللہ حرم علی الارض ان تاکل اجساد الانبیاء	یعنی جمعہ کے دن مجھ پہ درود شریف کثرت سے پڑھا کرو بے شک جمعہ کا دن حاضری کا دن ہے۔ اس میں (اللہ تعالیٰ کی رحمت کے) فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔ کوئی بندہ نہیں جو مجھ پہ درود شریف پڑھے مگر اس کے درود شریف کی آواز مجھ تک پہنچتی ہے (یعنی اس کے درود کی آواز میں خود سنتا ہوں) درود بھیجنے والا جہاں بھی ہو۔ صحابہ نے عرض کی آپ کی پردہ پوشی کے بعد بھی یہی حال ہوگا فرمایا ہاں پردہ پوشی کے بعد بھی یہی حال ہوگا۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کر دیا کہ انبیاء کے اجساد کو کھائے۔

رواہ الطبرانی (فی المعجم الکبیر ص) جلاء الافہام ص ۲۳/۴ لابن القیم وہو منہم۔ الجوہر المنظم لابن حجر ص ۲ مطبوعہ مصر۔ حجۃ اللہ علی العلمین ص ۷۱۳ مطبوعہ مصر۔ اربعین نبویہ ص ۳۹۔ انوار احمدی ص ۲۶۔

اس حدیث پاک سے ثابت ہوا کہ جہاں سے بھی کوئی درود شریف پڑھے

چاہے مدینہ میں ہو یا مدینہ منورہ سے کتنا دور ہو۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس کے درود کی آواز خود سنتے ہیں۔

سوال:۔ اس حدیث سے استدلال باطل ہے اولاً اس لئے کہ یہ روایت منقطع ہے۔ ثانیاً اسی روایت میں فرشتوں کی حاضری کا ذکر ہے تو بواسطۂ ملائکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو درود پڑھنے والے کی آواز پہنچتی ہے۔ (تبرید ص ۱۸۲ گکھڑوی صاحب)

جواب:۔ بر تقدیر ثبوت انقطاع حنفی کہلا کے[1] حنفیوں کے سامنے حدیث منقطع سے استدلال کے بطلان کا قول کرنا باطل ہے کیونکہ ایسا معترض اصول حنفیہ سے جاہل ہے۔ حدیث مرسل و منقطع حنفیوں کے نزدیک استدلال کے قابل ہے۔ منار اور پھر اس کی شرح نور الانوار ص ۱۸۴/۱۸۵ پر ہے۔

فالمرسل من الاخبار وھو ان کان من الصحابی فمقبول بالاجماع ومن القرن الثانی والثالث کذالک عندنا ای مقبول عند الحنفیۃ بل ھو فوق المسند اھ ملخصاً۔ حضرت شاہ الشیخ عبدالحق محدث دہلوی مقدمہ " اصول حدیث" ص ۵ میں فرماتے ہیں۔ قد یجیئ

---

[1] یعنی وہ قولاً حنفی ہیں اور عملاً اعتقاداً در پردہ غیر مقلد ہیں یہ صاف چھپے بھی نہیں سامنے آتے بھی نہیں ۱۲

[2] مولانا علی قاری مرقات میں فرماتے ہیں۔ قال ابوداؤد وھذا مرسل ای نوع مرسل وھو المنقطع لکن المرسل حجۃ عندنا وعند الجمہور ۱۲ منہ

عند المحدثین المرسل والمنقطع بمعنی .... وحکم المرسل .... عند ابی حنیفة ومالک المرسل مقبول مطلقا .... وعند الشافعی ان اعتضد .... وعن احمد قولان اھ ملخصاً۔ کوثر النبی لمولانا پھرواری صـ۷۴ پر ہے۔ المقبول مطلقا وھو قول ابی حنیفة و مالک رحمہما اللہ تعالیٰ۔

فرشتوں کی حاضری کا ذکر ہے۔ بجا ہے کہ جمعہ کے دن میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔ اس سے یہ کب لازم آتا ہے کہ فرشتے درود کی آواز پہنچانے کے لئے حاضر ہوتے ہیں۔ کیا فرشتے ٹیپ ریکارڈ ٹیکر درود پڑھنے والوں کی آوازیں بند کرتے رہتے ہیں۔ پھر وہ جا کے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو سنا دیتے ہیں۔ حدیث شریف کے الفاظ پر غور ہو۔ بلغنی صوتہ مجھ تک اس کی آواز پہنچتی ہے۔ یہ نہ فرمایا کہ مجھ تک اس کی آواز پہنچائی جاتی ہے۔ فرشتوں کے توسط سے آواز کا سننا ہے۔ اور نور نبوت سے آواز کا سننا توبہ توبہ شرک شرک۔ یہ ہیں عداوت رسول کے کرشمے۔ ایک اور شوریدہ سر اٹھا اور اس نے کہا (بے سند و بلا دلیل) کہ میرا دل کہتا ہے کہ صوتہ سے شاید لام چھوٹ گئی ہے۔ دراصل صلوتہ ہوگا۔ (کیونکہ دور سے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے سننے کا انکار جو کرنا ہوا۔ آخر اپنی خواہش اور جعلی اعتقاد کی حفاظت جو کرنی ہے۔ لہٰذا حدیث کو بدل دو۔)

ـــہ خود بدلتے نہیں قرآں کو بدل دیتے ہیں ؛ ہوئے کس درجہ فقیہان حرم بے توفیق

ضرب کلیم اقبال صـ۱۴

ایسے لوگوں کو ان آیات و احادیث میں غور کرنا چاہیئے ۔ یحرفون الکلم عن مواضعہ (قرآن) وان الشیاطین لیوحون الی اولیاءھم لیجادلوکم (قرآن ۸ انعام ع۱۴) وکذلک جعلنا لکل نبی عدوا شیاطین الانس والجن یوحی بعضھم الی بعض زخرف القول غرورا (پ۸ انعام ع۱۴)

حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا لا یؤمن احدکم حتی یکون ھواہ تبعا لما جئت بہ ۔ مشکوٰۃ ص۳۰

(۱۸) حضور علیہ الصلوۃ والسلام سے مروی ہے کہ فرمایا ۔

اصحابی واخوانی صلوا علی فی کل یوم اثنین والجمعۃ بعد وفاتی اسمع منکم بلا واسطۃ (انیس الجلیس للسیوطی ص۳۲۲)

میرے اصحاب اور (تواضعاً فرمایا) میرے بھائیو مجھ پر ہر پیر اور جمعہ کے روز درود پڑھا کرو میری وفات کے بعد میں بلا واسطہ (تم سے تمہارا درود) سنتا ہوں ۔

(۱۹) وقیل لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارایت صلوۃ المصلین علیک ممن غاب عنک ومن یاتی بعدک ما حالھما عندک فقال اسمع صلوۃ

حضور علیہ الصلوۃ والسلام سے عرض کی گئی کہ خبر دیجئے ان لوگوں کے درود سے جو آپ سے غائب ہیں اور جو آپ کے بعد آئیں گے ۔ آپ کے نزدیک ان دونوں کا کیا حال ہے فرمایا اہل محبت کا درود میں خود

اھل محبتی واعرفھم	سنتا ہوں۔ اور ان کو پہچانتا ہوں
وتعرض علیّ صلوٰۃ	اور غیر محبت والوں کے درود مجھ
غیرھم عرضًا۔	پر پیش کیے جاتے ہیں۔

دلائل الخیرات شریف صہ ۳۲ ۔لا

لاامام ہمام عالم ولی کامل عارف واصل محقق فاضل فرید عصر وحید دھر ابو عبداللہ محمد بن سلیمان الجزولی جو بیس واسطوں سے امام حسین رضی اللہ عنہ کے لخت جگر ہیں۔ آپ کے شاگرد بیس ہزار سے زیادہ تھے۔ جنہوں نے آپ سے حدیث کی نقل و روایت کی۔ اور علم فقہ و تفسیر کی تحصیل کی۔ بارہ ہزار چھ سو پینسٹھ آدمیوں نے آپ کے ہاتھ پر گناہوں سے توبہ کی … جو خالص عابد بنے۔ اور آپ سے بڑی کرامات اور خوارق عجیبہ ظاہر ہوئے۔ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کے بڑے پابند اور عامل تھے۔ آپ کی وفات یکم ربیع الاول ۸۷۰ھ میں … نماز صبح کی پہلی رکعت کے دوسرے سجدے میں ہوئی۔ ستتر سال کے بعد جب آپ کی نعش کو ایک مقام سے دوسرے مقام (قبرستان ریاض الفردوس واقع مراکش) میں تبدیل کیا گیا۔ تو نعش بالکل تازہ معلوم ہوتی تھی۔ بعض حاضرین نے انگلی سے چہرہ مبارک کو دبایا تو خون اپنے مقام سے سرک گیا۔ اور جب انگلی کو ہٹایا تو اپنے مقام پر آگیا۔ آپ کی قبر مبارک پر انوار عظیمہ کا ظہور ہوتا ہے۔ ہر وقت زائرین کا ازدحام رہتا ہے۔ کثرت سے وہاں قرآن شریف اور دلائل الخیرات پڑھتے

ہیں ۔ ورد و وظائف تمام عالم اسلام کے درمیان اور خصوصاً حرمین شریفین
اور مصر میں اس کتاب کو خدا نے مقبول خاص و عام بنایا ہے ۔ ماخوذ
از مطالع المسرات و شرح زروق مغربی ۔ و مقدمہ دلائل مطبوعہ نور محمد)
تمام عالی مقام بزرگان دین اس کتاب کا ورد کرتے تھے ۔ شاہ ولی اللہ
محدث دہلوی اس کے عامل تھے ۔ (مقدمہ صفحہ ۳) بلکہ حاجی امداد اللہ
صاحب مرحوم پیر و مرشد علماء دیوبند اور خواجہ محمد عثمان صاحب مرحوم
پیر و مرشد مولوی حسین علی واں بھچرانی و دیوبندیان پنجاب اور بعض
علمائے دیوبند اس دلائل الخیرات کے عامل رہے ۔ بھچروی صاحب کو بھی
مرشد نے اس کی اجازت عطا کی ۔ (مجموعہ فوائد عثمانیہ صفحہ ۱۲۰)
اس بیان سے دلائل الخیرات کے درودوں اور حدیثوں کی مقبولیت
اور تلقی امت کا اندازہ لگائیں ۔ حدیث ۱۸ اور ۱۹ سے بھی
ثابت ہوا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بلا واسطہ خود بھی درود شریف
سنتے ہیں ۔ اگرچہ پڑھنے والا کتنا دور ہو ۔

سوال :- یہ بالکل بے سند اور بے اصل اور بے سروپا اور
بے حقیقت اور جعلی و من گھڑت روایات ہیں ۔ سند اور پھر روات
کی توثیق اور سند کا اتصال ثابت کرو ۔ (تیر ید صفحہ ۱۸۴/۱۸۵ گکھڑوی جھلمی)

جواب :- اقول و باللہ التوفیق ۔ (۱) معترض کا ان روایتوں
کے متعلق جعلی ہونے کا فتویٰ یہ ایجاب بندہ ہے ۔ یا کسی ثقہ محدث
یا عارف کامل کا قول ہے ۔ اگر یہ کسی محدث اور عارف نے کہا ہے ۔

تو فاتو برھانکم ان کنتم صادقین ورنہ یہ فتویٰ اٹھا کر پھینک دو باہر گلی میں۔ اور اگر یہ فتویٰ ثقہ روات کی اتصالی سند منقول نہ ہونے کی وجہ سے ہے۔ تو گوش ہوش سے سن لو کہ عدم نقل عدم وجود کو مستلزم نہیں۔ نیز عدم وجود سند بلکہ وجود سند مجروحہ بھی اس بات کو مستلزم نہیں۔ کہ حدیث فی الواقع جعلی ہے۔ کیونکہ اہل باطن حضرات خارجیوں رافضیوں قدریوں جبریوں کے واسطوں سے قطع نظر براہ راست بلا واسطہ خود حضور سے حدیثوں کی تصدیق و تصحیح کرا لیتے ہیں۔ اور جاگتے ہوئے حضور سے پوچھ کر حدیث کا ہونا نہ ہونا معلوم کر لیتے ہیں۔ جیسا کہ فریق مخالف کے مولوی کشمیری صاحب نے امام سیوطی کے متعلق لکھا ہے انہ راٰہ صلی اللہ علیہ وسلم اثنین وعشرین مرۃ وسالہ عن احادیث ثم صححہا بعد تصحیحہ صلی اللہ علیہ وسلم" فیض الباری جز اص ۲۰۴ ۔ یہ بھی خیال رہے کہ حدیث ۱۸ انہیں امام سیوطی سے منقول ہوئی ہے۔

(۲) کسی ثقہ محدث اور عارف کا بغیر ذکر سند کے یہ فرمانا کہ یہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حدیث ہے۔ یا حضور نے یہ فرمایا وہ حدیث قابل قبول ہے۔ منار اور پھر نور الانوار ص ۱۸۵ پر ہے "وارسال من دون ھولاء بان یقول من بعد القرن الثانی والثالث قال النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کذا مقبول کذالک عند الکرخی اھ اس پر مولوی عبدالحی لکھنوی کے والد مولانا عبدالحلیم صاحب

یوں حاشیہ آرائی کرتے ہیں۔

قولہ، مقبول لان العلة التی توجب قبول مراسیل القرون الثلثة وھی العدالة والضبط تشمل سائر القرون۔ اھ

نیز لکھا وقیل ان ارسال من بعد القرون الثلثة لوکان من علماء الحدیث الممیزین بین الصحیح والضعیف فیقبل والا فلا۔ قمر الاقمار ۱۶۱ھ معلوم ہونا چاہیے کہ حدیث ع۱۸ کے ناقل خاتم الحفاظ امام سیوطی ہیں۔ جو ظاہر و باطن کے جامع ہیں۔ اور حدیث ع۱۹ کے ناقل امام جزولی ہیں جو فن حدیث کے بھی امام ہیں۔ اور اہل باطن کے بھی پیشوا ہیں۔ کما مر لہٰذا ان ثقہ محدثین عارفین کاملین کی بلا ذکر سند والی حدیثیں مقبول ہیں۔

(۳) ایسے محدثین کاملین اور عاملین واصلین کا مذکورہ روایات کو ذکر کر کے ان کی موضوعیت نہ بتانا۔ ان روایتوں کے موضوع نہ ہونے کی دلیل ہے۔ کیونکہ محدثین نے اصول حدیث میں اس بات کی تصریح کی ہے۔ کہ جعلی حدیث کا بغیر ذکر موضوعیت روایت کرنا اور نقل کرنا ناجائز ہے۔ (عامہ کتب اصول حدیث۔ القول البدیع للسخاوی ص ۲۵۹) اگر یہ روایتیں درحقیقت من گھڑت ہیں تو اولاً اس کی تصریح کس نے کی ثانیاً ایسے محدثین عاملین کا ان کو بلا ذکر وضع نقل کرنا ان کے علم کو مجروح کرے گا یا عمل کو حالانکہ ان دونو باتوں میں وہ دونوں سیوطی و جزولی اکمل ہیں۔ ابناء زمانہ ان کی گرد راہ کو بھی

نہیں پا سکتے۔

(۴) محدثین محققین کا حدیث کو بلا سند ذکر کرنا اس کے مقبول ہونے کی دلیل ہے۔ کیونکہ اس محدث کامل عامل کا علم و عمل اس حدیث کو موضوع نہیں کہنے دے گا۔ اور اگرچہ اس کی سند متصل ضبط کتابت میں نہیں آئی۔ لیکن سینہ بسینہ کڑی ملی ہوئی ہوگی۔ عقل و نقل و قیاس کا تقاضا یہی ہے۔ کیونکہ صرف امام احمد حنبل کے علم میں سات لاکھ صحیح حدیثیں تھیں۔ (فیض القدیر للمناوی ج ۱) حسن اس کے علاوہ ہوئیں اور ضعیف اس کے علاوہ ہوئیں۔ اور آج تمام روئے زمین پر ضبط کتابت بمع ضبط سند کی کل حدیثیں صحیح و حسن و ضعیف تقریباً ایک لاکھ ہیں۔ (الفتح الکبیر ج ا ول و کوثر النبی۔) اور باقی چھ لاکھ بلکہ اس سے بھی زائد صحیح امام احمد والی جو ضبط تحریر میں نہ آئیں۔ اور ان کے علاوہ حفاظ محدثین کو جو صحیح حدیثیں انہیں یاد تھیں۔ اور ضبط تحریر میں نہ آئیں۔ کیا ان کو وہ محدثین زبانی نہ بیان کیا کرتے تھے۔ ضرور بالضرور ان کو زبانی بیان کیا کرتے تھے۔ اور اسی طرح یہ سلسلہ زبانی اور سینہ بسینہ چلتا آیا۔ یہاں تک کسی معتمد محدث نے بعض صدری حدیثوں کو کہیں تحریر کر دیا۔ یہ احتمال تو محققین علماء ظاہر کی حدیثوں میں تھا۔ باقی رہے اہل باطن عرفا کاملین و اولیاء واصلین تو ان کی بے سند حدیثوں کا حضور علیہ الصلوۃ والسلام سے ثبوت دو طرح ہو سکتا ہے۔ ایک یہی طریقہ جو مذکور ہوا کہ سینہ بسینہ زبانی غیر تحریری کڑی کا ملنا۔ اور دوسرا طریقہ

یہ ہے کہ ان کا خود حضور علیہ السلام سے سننا اور پوچھ لینا۔ لہذا عرفاء کی حدیثوں کا بڑا وزن ہے۔ درج ذیل عبارات پر غور کرنے سے یہ بات بخوبی واضح و روشن ہو جاتی ہے۔ خاتم الحفاظ، مشاہد رسول اللہ یقظۃ مرارا" "و شیخ المحدیث" بزبان نبی اللہ مصحح احادیث نبویہ بعد تصحیح حبیب اللہ (کتاب المیزان۔ فتح الکبیر۔ فیض الباری) امام جلال الملت والدین سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ۔

حدیث" اختلاف امتی رحمۃ" کو نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں۔ "نصر المقدسی فی الحجۃ والبیہقی فی الرسالۃ الاشعریۃ بغیر سند واوردہ الحلیمی والقاضی حسین وامام الحرمین وغیرھم ولعلہ خرج فی بعض الکتب الحفاظ التی لم تصل الینا" الجامع الصغیر للسیوطی ج ۱ ص ۱۳ مطبوعہ مصر (خیال رہے کہ یہ وہی جامع صغیر ہے جس کے متعلق امام سیوطی خود اسی کے خطبہ میں فرماتے ہیں۔ وصنتہ عما تفرد بہ وضاع اوکذاب" ص ۳ ثابت ہوا کہ بعض حدیثیں بے سند ہونے کے باوجود بھی جعلی نہیں ہوا کرتیں۔ تو عدم ذکر سند موضوعیت کو مستلزم نہ ہوا) الفتح الکبیر ج ۱ ص ۵۶ مطبوعہ مصر۔ جمع الجوامع للسیوطی (یہ وہی جمع الجوامع ہے جس کے متعلق شیخ محقق مقدمہ میں فرماتے ہیں۔ اس کی کوئی حدیث جعلی و موضوع نہیں۔ سبحان اللہ ادھر بے سند اور پھر غیر موضوع) کنز العمال ج ۱ ص ۸۰ طبع جدید دکن۔ یہی امام سیوطی رحمہ الباری "تعقبات کے ص ۱۴ پر رقمطراز ہیں۔ قد صرح غیر واحد بان

من دلیل صحۃ الحدیث قول اھل العلم بہ وان لم یکن لہ اسناد یعتمد علی مثلہ - اھ باب الصلوٰۃ "

تقریباً نوسو سال حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پردہ پوشی کے بعد خود حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے جاگتے ہوئے صحیح بخاری شریف پڑھنے والے (فیض الباری) اور مصر میں بیٹھ کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مزار پُر انوار پر ہاتھ پہنچا کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے باتیں کر لینے والے (لطائف المنن) سیدی عارف ربانی، واصل صمدانی، امام عبدالوہاب شعرانی قدس سرہٗ النورانی درود شریف کے متعلق دو حدیثیں نقل کرنے کے بعد اپنے شیخ سے نقل فرماتے ہیں۔

ھذا الحدیث والذی قبلہ رویناھما عن بعض العارفین عن الخضر علیہ السلام عن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وھما عندنا صحیحان فی اعلی درجات الصحۃ وان لم یثبتھا المحدثون علی مقتضی اصطلاحھم - کشف الغمہ للشعرانی ج ۱ ص ۲۷۱ مطبوعہ مصر

ثابت ہوا کہ عرفا کی حدیثیں اعلیٰ درجہ کی صحیح ہوا کرتی ہیں۔ اگرچہ محدثین علماء ظاہر نے ان کا اخراج نہ کیا۔ اگر اس قسم کی مزید تحقیق دیکھنی ہو تو شیخ الاسلام الامام مولانا احمد رضا خاں کی کتاب الہاد الکاف ملاحظہ ہو۔

(۵) دلائل الخیرات شریف والی حدیث تلقی امت اور تداول صالحین اور عمل علماء سے[1] بھی تقویت حاصل کر چکی ہے۔ امام سیوطی تعقبات

[1] اس کا ثبوت ان کے ترجمہ میں گذرا ۱۲ منہ

میں امام بیہقی سے ناقل۔ تداولها الصالحون بعضهم عن بعض وفی ذالك تقوية للحديث المرفوع

(۶) کسی محقق محدث نقاد کا کسی حدیث کو موضوع۔ وضعیف یا صحیح کہنا بنظر ظاہر ہے۔ اور درحقیقت یہ ممکن کہ موضوع وضعیف صحیح ہو اور صحیح موضوع وضعیف ہو۔ فتح القدیر (ج ۱ ص ۳۱۸) میں ہے۔ ان وصف الحسن والصحيح والضعيف انما هو باعتبار السند ظنا اما فی الواقع فيجوز غلط الصحيح وصحة الضعف موضوعات کبیر للقاری میں ہے۔ المحققون على ان الصحة والحسن والضعف انما هی من حيث الظاهر فقط مع احتمال كون الصحيح موضوعا وعكسه : مقدمہ شیخ محقق میں ہے۔ فالمراد بالحديث الموضوع فی اصطلاح المحدثين هذا الانه ثبت كذبه وعلم ذلك فی هذا الحديث بخصوصه والمسئلة ظنية والحكم بالوضع والافتراء بحكم الظن الغالب وليس الى القطع واليقين بذلك سبيل فان الكذوب قد يصدق اه اب اگر کسی میں ہمت ہے تو حدیث ۱۸ و ۱۹ کا قطعی اور یقینی طور پر جعلی و من گھڑت ہونا ثابت کر کے دکھائے وادعوا شهداكم من دون الله ان كنتم صادقين ۔

(۷) متجمدین علی الظاہر (جو عرفاء اور اہل باطن کے منکر ہیں۔ اور ان کی احادیث سے روگردانی کرتے ہوئے ان پہ بے دھڑک موضوعیت

کا فتویٰ لگاتے ہیں۔) سے دو چار باتیں۔ عمران بن حطان (رئیس الخوارج مداح ابن ملجم جو قاتل مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم ہے۔ الکامل المبرد ص ۲۹/۳۰۔ حیواۃ الحیوان ج ۱ ص ۴۲۔ عمدۃ القاری شرح بخاری ج ۲۲ ص ۱۳ ہامش بخاری ج ۲ ص ۸۶۷ ف ۱۲) راوی صحیح بخاری (ملاحظہ ہو بخاری ج ۲ ص ۸۶۷/۸۸۰) جس کو اصح الکتب بعد کتاب اللہ کہا جاتا ہے۔ کی بیان کردہ حدیث تو مقبول ہو۔ اور مروان بن الحکم (جس کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے وزغ اور ملعون فرمایا۔ رواہ الحاکم فی المستدرک وقال صحیح الاسناد۔ حیوۃ الحیوان للدمیری ص ۷۸ ج ۱۔ و ج ۲ ص ۳۸۰۔ وہامش صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۰۴۶ ف ۳۔) تاریخ الخلفاء للسیوطی ص ۱۳۸) راوی صحیح بخاری (دیکھو صحیح بخاری ج ۲ ص ۹۰۸ ف ۳) کی نقل کردہ حدیث علی الراس والعین مقبول ومنظور ہو۔ اور ابی بن عباس بن سہل (جس کے متعلق دولابی اور نسائی نے کہا لیس بالقوی ذہبی نے کہا ضعفہ ابن معین۔ امام احمد نے کہا منکر الحدیث۔ تہذیب اور میزان میں اس کے متعلق کسی سے توثیق نقل نہ ہوئی۔ آخر کار حافظ صحت بخاری ابن حجر عسقلانی کو تقریب میں کہنا پڑا فیہ ضعف تقریب ج ۱ ص ۴۸) راوی صحیح بخاری (بخاری ج ۱ ص ۴۰۰) کی نقل کردہ روایت بر سر وچشم مقبول ومنظور ہو لیکن اس کے برعکس خاتم الحفاظ امام سیوطی مشاہد رسول اللہ اور امام جزولی عارف کامل اور ہاتفی عرفا اور اصحاف

وامام اعظم کی روایتیں باطل و قابل رد ہیں۔ ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند۔ شاباش۔

اسی لئے امام ابن ہمام نے فرمایا۔ وما نقل عن الناس من ترجیح مافی الصحیحین علی مافی غیرھما فلیس بموجه نیز فرمایا هذا الترتیب (کہ سب سے اصح متفق علیہ پھر صرف صحیح بخاری کی پھر صحیح مسلم کی الخ) تحکم لا یجوز التقلید فیه اذا الاصحیة لیست الا بوجود الشرائط وان وجدت فی غیر الکتابین فالحکم بترجیحھما تحکم وفی الصحیحین رواۃ تکلم فیھم کوثر النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

فریق مخالف کا بچہ بچہ بگوش ہوش سن لے کہ وہ صرف خارجیوں بدعتیوں۔ لعنتیوں کی روایات سے اپنے قلوب کو تسکین بخشتے رہیں۔ مگر اہل سنت ان سے افضل و اعلیٰ برتر و بالا صالح فی العقیدہ والعمل عرفا کاملین حاضرین بارگاہ رسول اللہ کی احادیث کو ہرگز ہرگز پیٹھ نہیں دے سکتے۔ ؎

پڑا فلک کو کبھی دل جلوں سے کام نہیں
جلا کے خاک نہ کردوں تو داغ نام نہیں
کلک رضا ہے خنجر خونخوار برق بار
اعدا سے کہہ دو خیر منائیں نہ شر کریں

اہل باطن کی حدیثوں پہ حملہ کرنے والوں کے مقابلہ میں ہمیں بھی صرف اہل ظاہر کے جمودی چہرہ کو بے نقاب کرنا پڑا۔

نہ تم صدمے ہمیں دیتے نہ ہم فریادیوں کرتے
نہ کھلتے رازِ سربستہ نہ یہ رسوائیاں ہوتیں

آمنت بکل ماجاء عن اللہ تعالیٰ علی مرادہٖ وبکل ماجاء عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی مرادہٖ وبکل ماجاء عن العارفین الکاملین علی مرادھم۔

۱۸۷ :۔ جب جبریل امین وحی لیکر حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی طرف متوجہ ہوتے تو حضور اس کی خوشبو سونگھ لیتے۔ (کشف الغمہ ج۲ ص۵۱)

حضرت یعقوب علیہ السلام نے کنعان میں بیٹھے ہوئے مصر سے یوسف علیہ السلام کی خوشبو سونگھ لی۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں فرمایا ہے۔

ولما فصلت العیر قال ابوھم انی لاجد ریح یوسف لولا ان تفندون (پ۱۳ یوسف ۹۴)	جب قافلہ مصر سے جدا ہوا یہاں ان کے باپ (یعقوب علیہ السلام) نے کہا ہے شک میں یوسف کی خوشبو پاتا ہوں۔ اگر مجھے یہ نہ کہو کہ سٹھ گیا ہے۔

(۱) حسن یوسف دم عیسٰی ید بیضا داری
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

(۲) وکلھم من رسول اللہ ملتمس
غرفا من البحر او رشفا من الدیم

(۲) فاق النبین فی خَلق و فی خُلق
ولم یدانوہ فی علم ولا کرم

۱۸۸ء حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جس راستہ سے گذرجاتے تو خوشبو رہتی۔ (اور اسی خوشبو کے ذریعہ سے آپ کی تلاش ہوتی) کشف الغمہ ج ۲ صہ ۵۱ ۔ سیرت رسول عربی صہ ۴۳۸ ۔

۱۸۹ء آپ کی نیند سے وضو نہ ٹوٹتا۔ مدارج النبوۃ ج ۱ صہ ۱۱۴۔ تہذیب الاسماء واللغات نووی صہ ۔ جواہر البحار ج ۱ صہ ۲۰۲ عنہ

۱۹۰ء نیند میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سنتے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ صہ ۱۱۰۔ للشیخ المحقق المجدد للمائۃ الحادی عشر سیدنا وقائدنا و شیخنا وشیخ مشائخنا برکت رسول اللہ فی الہند سید المحققین وسند المحدثین مولانا الشاہ عبدالحق المحدث الدہلوی الحنفی رحمہ اللہ تعالیٰ۔

نوٹ :۔ حضرت شیخ محقق رحمۃ اللہ علیہ جیسے مشہور و معروف ومستند قائد اہلسنت وسند المحدثین سید المحققین کا تعارف کرانا آفتاب کے سامنے چراغ رکھنے کے مانند ہے۔ کون ہے جو یہ نا جانتا ہو کہ حضرت شیخ کا ہندوستان کے چپہ چپہ پہ احسان ہے ان کی تحقیق کے مقابلہ میں سب کی تحقیقیں ہیچ ہیں۔ آج تک اہل علم وتحقیق و انصاف کے نزدیک جن کا ایک قول رد نہ ہوا۔ پہلے پہلے آپ ہی نے اہل ہند کو احادیث نبویہ کی دولت بے بہا سے نوازا و سیراب کیا۔ (حدائق حنفیہ صہ ۴۰۹) لیکن آج کل کے جہال کے جہل متعصبین

کے تعصب اور حاسدین کے حسد اور بد مذہبوں و گمراہوں کی کور باطنی کو دیکھتے ہوئے چند حوالے اطمینان قلبی کے لئے سپرد قلم کرتا ہوں تاکہ حجاب جہل و حسد و بغض دور ہو۔

(۱) "شیخ محقق" نے روایت حدیث کی اجازت خود حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے لی۔ (در الثمین لشاہ ولی اللہ ص ۱۳ محصلہ)

(۲) "شیخ محقق" جلیل القدر فن حدیث کے امام (فتاوی عزیزی جلد ۱ ص ۵ محصلہ) (۳) اور "شیخ اجل تھے" فتاوی عزیزی ج ۲ ص ۱۰۷ لشاہ عبدالعزیز محدث دہلوی۔

(۴) بہت سے مقامات پر شاہ عبدالعزیز دہلوی نے مدارج النبوت اور شرح مشکوٰۃ للشیخ و مرج البحرین للشیخ وغیرہ کے حوالے دیئے ہیں (تفسیر عزیزی۔ عجالہ نافعہ ص ۱۰۔ تحفہ اثنا عشریہ ص ۳۹۹۔ فتاوی عزیزی ج ۲ ص ۱۰۲)

(۵) "بعد ازاں در مائۃ عاشرہ بعضے علماء مثل ملا علی قاری و شیخ عبدالحق محدث دہلوی وغیرہ قدم بقدم محدثین شدند مگر بمرتبہ اوشاں نمے رسیدند و بعد ازاں تا الی الآن کسے یافتہ نہ شد کہ تمیز حدیث صحیح از ضعیف کما حقہ نماید فضلا عن المہارۃ فیہ الا ماشاء اللہ تعالیٰ۔"
(فتاوی عبدالحی ج ۲ ص ۲۶۰ کتاب التقلید۔ طبع سراج لاہور)

(۶) حضرت "شیخ" اپنے زمانہ کے فقیہ۔ محقق۔ محدث۔ مدقق۔ بقیۃ السلف حجۃ الخلف مورخ اضبط فخر ہندوستان جامع علوم

ظاہری و باطنی مستند موافق و مخالف تھے۔ الخ
ولنعم ما حرر۔ (حدائق حنفیہ ص ۴۰۹)

(۷) "دارا شکوہ نے بجا طور پر ان کو امام محدثان وقت کہا ہے۔
خافی خاں لکھتا ہے۔ در کمالات صوری و معنوی و تحصیل علوم عقلی و
نقلی خصوص تفسیر و حدیث در تمام ہندوستان ثانی نداشت
(منتخب اللباب ص ۵۵۱)..... نواب صدیق حسن خاں کا
خیال ہے۔ در ترجمہ عربی بفارسی یکے از افراد ایں امت است مثل او
دریں کار و بار خصوصاً دریں روزگار احدے معلوم نیست"۔
(حیات شیخ للندوی ص ۲۸۳/۲۸۴)

(۸) "شیخ عبد الحق محدث دہلوی حضوری کو روز مرہ دربار نبوی میں حاضری
کی دولت نصیب ہوئی تھی"۔ (الافاضات الیومیہ للتھانوی،
اشرف المطابع تھانہ بھون ۱۹۴۱ء ج ۶ ص ۹، فوائد جامعہ ص ۲۲
بعد از منہ ۲۲)

(۹) فتویٰ دیوبند قلمی :- جو شخص شیخ عبد الحق مرحوم کو گمراہ کرتے
والا خیال کرے وہ خود بھی گمراہ ہے۔ اور گمراہ کن ہے۔
والعیاذ باللہ فقط واللہ اعلم
مسعود احمد عفا اللہ عنہ دار العلوم دیوبند ۱۳/۱۱/۶۴ھ
الجواب صحیح محمد اعزاز علی غفرلہ
۱۳ ذیقعدہ ۶۴ھ

فقیر کی کتاب تعارف جس میں ابن تیمیہ اور اس کے ہمنواؤں کا تعارف کرایا گیا ہے۔ اس میں شیخ کی مدح و ثنا مرقوم ہے۔ جو چاہے وہاں دیکھ لے اور مزید مستقل ترجمہ شیخ لکھا جائے گا۔ انشاء المولیٰ۔

ع ۱۹۱ :۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پہ خطا جائز نہیں۔
مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۲۵ شفا شریف ج ۲ ص ــــ ۔

ع ۱۹۲ :۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بھولنے سے پاک ہیں۔
(عند البعض) مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۲۵ شفا شریف ج ۲ ص ــــ وشرحہ للقاری والخفاجی ج ص ــــ ۔ مواہب وزرقانی ج ص ــــ

ع ۱۹۳ :۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام شک سے بری ہیں۔
(مدارج النبوت ج ۱ ص ۱۲۵)

ع ۱۹۴ :۔ جو کچھ دنیا میں ہے حضرت آدم کے زمانہ سے لیکر نفخہ اولیٰ تک وہ سب کچھ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پہ منکشف ہے حتیٰ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اول سے آخر تک تمام حالات معلوم کر لئے۔ اور اپنے یاروں کو (غلاموں کو) بھی ان احوال سے بعض حالات سے مطلع کیا۔ (مدارج النبوت ج ۱ ص ۱۴۴)

ع ۱۹۵ :۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بروز قیامت رب سے بمنزلہ وزیر کے ہوں گے۔ تفسیر عزیزی پ ۳۰ ص ۲۱۹۔ شفاء السقام للسبکی ص ۲۲۰۔

ع ۱۹۶ :۔ آپ جس سر پہ اپنا ہاتھ مبارک رکھتے آپ کے ہاتھ

مبارک کی جگہ کے بال سیاہ ہی رہتے کبھی سفید نہ ہوتے ۔
(شفا شریف ج ۱ ص ۔ سیرت رسول عربی ص ۴۴۸ ۔)

۱۹۷ :۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور دیگر انبیاء کرام اور اولیاء عظام کو خوارق (معجزات وکرامات) پر ایسے قدرت حاصل ہے جیسے ہمیں امور عادیہ پر ۔ واکتسابی

(۱) حجۃ الاسلام امام محمد غزالی قدس سرہ العالی فرماتے ہیں ۔

ان النبوت عبارۃ عما یختص بہ النبی ویفارق بہ غیرہ وھو یختص بانواع من الخواص احدھا انہ یعرف حقائق الامور المتعلقۃ باللہ وصفاتہ والملائکۃ والدار الآخرۃ لاکما یعلمہ غیرہ بل مخالفا لہ بکثرت المعلومات وبزیادۃ الیقین و التحقیق والکشف والثانی ان لہ

یعنی بیشک نبوت وہ چیز ہے جو نبی کے ساتھ خاص ہے اور نبی اس کے سبب اوروں سے ممتاز ہے اور وہ کئی قسم کے خاصے ہیں جن سے نبی مختص ہوتا ہے ۔ ایک یہ کہ جو امور اللہ عزوجل کی ذات وصفات اور ملائکہ وآخرت سے متعلق ہیں نبی ان کے حقائق کا ایسا علم رکھتا ہے ۔ کہ اوروں کے علم زیادت معلومات وفزونی تحقیق وانکشاف میں ان سے نسبت نہیں رکھتے دوئم یہ کہ نبی کے لئے اس کی ذات میں ایک وصف ہوتا ہے ۔

فی نفسہ صفۃ بہا
تتم لہ الا فعال
الخارقۃ للعادات
کما ان لنا صفۃ
بہا تتم الحرکات
المقرونۃ بارادتنا
وباختیارنا وھی القدرۃ
وان کانت القدرۃ
والمقدور جمیعا من
فعل اللہ تعالیٰ ۔
والثالث ان لہ صفۃ
یبصر الملائکۃ
ویشاھدھم کما ان
للبصیر صفۃ بہا
یفارق الاعمیٰ حتی
یدرک بہا المبصرات
والرابع ان لہ صفۃ
بہا یدرک ما سیکون
فی الغیب اما فی الیقظۃ

جس سے افعال خلاف عادت
(جنہیں معجزہ کہتے ہیں) تمام ہوتے
ہیں۔ جس طرح ہمارے لئے ایک
صفت ہے کہ اس سے ہماری حرکات
ارادیہ اختیاریہ پوری ہوتی ہیں
جسے قدرت کہتے ہیں۔ اور اگرچہ
قدرت اور مقدور سب اللہ تعالیٰ
کے فعل سے ہے۔
سوم یہ کہ نبی کے لئے ایک صفت
ہوتی ہے۔ جس سے ملائکہ کو دیکھتا
ہے، جسطرح آنکھوں والے کے
پاس ایک صفت ہے۔ جس کے
باعث وہ اندھے سے ممتاز ہے
اور اس صفت سے مبصرات کا
ادراک کرتا ہے۔
چہارم یہ کہ نبی کے لئے ایک صفت
ہوتی ہے۔ جس سے آئندہ غیب
کی باتیں جان لیتا ہے۔ بیداری
میں یا نیند میں۔ اس لئے کہ نبی اس

اوفی المنام اذ بھا یطالع اللوح المحفوظ فیری ما فیہ من الغیب فھذہ کمالات وصفات یعلم ثبوتھا للانبیاء اھ	صفت کے باعث لوح محفوظ کا مطالعہ کرتا ہے تو جو کچھ اس میں غیب کی باتیں ہوتی ہیں ان کو دیکھتا ہے۔ تو یہ کمالات اور صفات ہیں۔ جن کا ثبوت انبیاء کے لئے معلوم ہونا چاہیے۔

احیاء العلوم ج ۴ ص ۱۶۸ کتاب الفقر والزہد۔ زرقانی شرح مواہب ج ۱ ص ۱۹/۲ مطبوعہ مصر۔ کتاب الابریز ص ۷۹ مطبوعہ مصر۔

(۲) حضرت مالک بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام سے مخاطب ہو کر عرض کیا۔

؎ ما ان رأیت ولا سمعت بمثلہ فی الناس کلھم کمثل محمد۔ ؎ اوفی واعطی للجزیل لمجتد ومتی تشاء یخبرک عما فی غد	میں نے تمام جہان کے لوگوں میں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مثل نہ کوئی دیکھا نہ سنا۔ سب سے زیادہ وفا فرمانے والے اور سب سے فزوں تر سائل نفع کو کثیر عطا بخشنے والے اور جب چاہے تجھے آئندہ کل کی خبریں بتا دیں۔ صلی اللہ علیہ وسلم

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں ان کی قوم ہوازن اور قبائل ثمالہ وسلمہ وفہم پر سردار فرما دیا۔ (ذکرہ الحافظ فی الاصابہ)

معلوم ہوا کہ خوارق ہر وقت قبضہ میں ہیں۔ کیونکہ فرمایا جب تو چاہے تجھے کل کی خبر بتا دیں۔

(۳) شیخ الاسلام والمسلمین المجدد للمائۃ الرابع عشر الامام احمد رضا خاں قدس سرہ المنان رقمطراز ہیں۔

انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام اظہار خوارق وادراک غیب میں انسان مختار بعطائے قادر جلیل الاقتدار ہیں۔ کہ جس طرح عام آدمیوں کو ظاہری حرکات وظاہری ادراک کے اختیارات حضرت واہب العطیات نے بخشتے ہیں۔ کہ جب چاہیں دست و پا کو جنبش دیں چاہیں نہ دیں جب چاہیں آنکھ کھول کر کوئی چیز دیکھ لیں۔ چاہیں نہ دیکھیں۔ اگرچہ بے خدا کے چاہے وہ کچھ نہیں چاہ سکتے۔ اور وہ چاہیں اور خدا نہ چاہے تو ان کا چاہا کچھ نہیں ہو سکتا اور وہ عطائی اختیارات اس کے حقیقی ذاتی اختیار کے حضور کچھ نہیں چل سکتے۔ بعینہٖ یہی حالت حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی دربارہ معجزات وادراک مغیبات ہے کہ رب عزوجل نے انہیں ظاہری جوارح وسمع وبصر کی طرح باطنی صفات وہ عطا فرمائی ہیں۔ کہ جب چاہیں خرق عادات فرما دیں۔ مغیبات کو معلوم فرمالیں چاہیں نہ فرمائیں اگرچہ بے خدا کے چاہے نہ وہ چاہ سکتے ہیں نہ بے ارادۃ الٰہیہ ان کا ارادہ کام دے سکتا ہے۔ (الامن والعلیٰ ص ۱۴۲)

(۴) اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں فرمایا۔

فسخرنا له الريح   تو ہم نے ہوا اس (سلیمان علیہ السلام)

تجری بامرہ رخاء حیث اصاب والشیٰطین کل بناء وغواص وآخرین مقرنین فی الاصفاد ھذا عطاؤنا فامنن اوامسک بغیر حساب.	کے تابع کردی کہ اس (سلیمن علیہ السلام) کے حکم سے نرم نرم چلتی جہاں وہ (سلیمان علیہ السلام) چاہتے۔ اور شیاطین (بھی تابع کردیئے) ہر معمار اور غوطہ خور اور دوسرے اور بیڑیوں میں جکڑے ہوئے یہ ہماری عطا ہے اب تو چاہے تو احسان کر یا روک رکھ تجھ پر کچھ حساب نہیں۔

(پ ۲۳ ص ۳۶ تا ۳۹)

ان آیات مبارکہ سے کئی مسئلے ثابت ہوئے۔

(۱) امور خلاف عادت (یعنی معجزات) نبوت کے تابع ہوتے ہیں اور نبوت کے حکم سے تکمیل پاتے ہیں۔ اور معجزات میں نبوت کی چاہت کو دخل ہے۔ یعنی نبوت کو معجزات پر قدرت حاصل ہے۔ اور معجزات میں نبی کے ارادہ کو دخل ہے۔ اور نبوت اظہار معجزات میں مختار ہے اس سے لوگوں کا سالبہ کلیہ تو ٹوٹ گیا کہ کسی نبی کو کسی معجزہ پر قدرت واختیار حاصل نہیں۔

(۲) ذاتی اور عطائی کی تقسیم جعلی نہیں بلکہ قرآن شریف سے ثابت ہے

ھذا عطاؤنا

(۴) نبوت کو اتنا وسیع اختیار ہے کہ امور خرق للعادت والے کمالات وتصرفات و قدرت آگئے جس کو چاہے بے حساب و کتاب دے چاہے نہ دے۔

(۵) غوث پاک اور شیخ محقق فرماتے ہیں۔

فحینئذٍ یضاف الیک التکوین وخرق العادات پس چوں فانی شدی از خودی ونماند جز فعل وارادت در تو نسبت کردہ میشود بسوئے تو پیدا کردن کائنات وپارہ کردن عادات یعنی متصرف میگرداند ترا در علم بخوارق وکرامات

یعنی جب تو فنا فی اللہ کے مقام پر پہنچ گیا۔ اور خودی سے فانی ہوگیا۔ فعل اور ارادہ کے سوا تجھ میں کچھ نہ رہا تو کائنات کے پیدا کرنے اور خرق عادات کی تیری طرف نسبت کی جائے گی یعنی اللہ تعالیٰ تجھے خوارق کے علم اور کرامات میں متصرف کر دے گا

(شرح فتوح الغیب صفحہ ۳)

(۶) مولانا روم فرماتے ہیں۔

اولیاء راہست قدرت از الٰہ
تیر جستہ باز آرندش براہ

(مثنوی دفتر اول صفحہ ۴۵)

اس میں ولی کے لئے کرامت پر قدرت کا ثبوت ہے۔

(۷) ان کے گھر کی گواہی نانوتوی صاحب نے لکھا ہے "یہی وجہ ہوئی

کہ معجزہ خاص جو ہر نبی کو مثل پروانہ تقرری بطور سند نبوت ملتا ہے
اور بنظر ضرورت ہر وقت قبضہ میں رہتا ہے۔ مثل عنایات خاصہ
گہ و بیگاہ کا قبضہ نہیں ہوتا۔" (تحذیر الناس ص۷)

اس مسئلہ پر مؤلف فیضی نے ایک مستقل کتاب کی بنیاد ڈالی
ہوئی ہے۔ جس کا نام ہے۔ الحق الجلی فی بیان ان الخوارق مقدورۃ
للنبی والولی۔ المعروف نشان ہدایت۔ اس میں آپ کو اس مسئلہ
کا ثبوت آیات قرآنیہ کثیرہ اور احادیث نبویہ وفیرہ اور اقوال آئمہ کرام
کے سمندر دل سے روز روشن کی طرح ملے گا اور معترضین کے دندان
شکن جوابات اس میں ملیں گے۔ وما توفیقی الا باللہ تعالیٰ۔

۱۹۸ :۔ آذان میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اسم پاک کو سنکر
انگوٹھے اور شہادت کی انگلیوں کو بوسہ دیکر آنکھوں پہ ملنا موجب شفاعت
سید عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام ہے۔ اور سبب دخول جنت ہے۔ اور
باعث کفارہ گناہاں ہے۔ اور نور بصر کی حفاظت کا علاج ہے۔
(عن الصدیق والحسن والخضر علیہم السلام۔ مقاصد حسنہ للسخاوی
جامع الرموز۔ شرح نقایہ۔ مختصر الوقایہ۔ فتاوی صوفیہ۔ کنز العباد
قوت القلوب۔ مضمرات۔ ہامش جلالین شریف ص۳۵۷ ۱۳
تفسیر روح البیان ج۴ ص۶۴۸۔
طبع قدیم زیر آیت ان اللہ وملئکتہ یصلون علی النبی۔ کتاب مسند الفردوس
للدیلمی۔ حواشی البحر للرملی۔ رد المحتار ج۱ ص۲۹۳۔ حاشیۃ الطحطاوی

علی مراقی الفلاح ص۱۲۲ مطبوعہ مصر۔ تکملہ مجمع بحار الانوار۔ فتاوی شیخ جمال بن عبداللہ مکی حنفی۔ موضوعات علی قاری ص۷۳۔ تذکرۃ الموضوعات للفتنی ص۳۴۔ منہیہ علی الرد للتھانوی۔ اعلیحضرت مولانا احمد رضا خاں صاحب کی اس مسئلہ پر دو بے نظیر کتابیں ہیں "منیر العین فی حکم تقبیل الابہامین" "نہج السلامۃ فی حکم تقبیل الابہامین فی الاقامۃ" تفصیل ان میں دیکھو جن میں آسمان تحقیق کا سورج چمکتا نظر آتا ہے۔ مطلقاً حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نام پاک چومنا۔ خصائص کبریٰ ج۱ ص۱۶ انیس الجلیس ص۲۲۱ کلاہما للسیوطی۔

شعر
تو گھٹائے سے کسی کے نہ گھٹا ہے نہ گھٹے
جب بڑھائے تجھے اللہ تعالیٰ تیرا

مصرع
نہ حسنش غایتے دارد نہ سعدی را سخن پایاں

شعر
ندانم کدامے سخن گویمت
تو بالا تری زانچہ من گویمت

صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ
فِیْ کُلِّ حِیْنٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِ اللہِ

باب دوم

تتمہ

باب سوم

نبی کی ادنیٰ توہین کفر ہے ۔ بے ادب کافر ہے ۔ مستحق قتل ہے
اس میں تین فصل ہیں ۔ فصل اول آیات قرآنیہ ۔ فصل دوم احادیث نبویہ
فصل سوم اقوال آئمہ ۔

فصل اوّل

آیات قرآنیہ سے اس بات کا ثبوت کہ گستاخ و بے ادب و شاتم رسول علیہ الصلوۃ والسلام کافر ہے ۔ اسے قتل کرو ۔
اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں فرمایا ہے ۔

ع۱ پ۱۰ وَمِنْهُمُ الَّذِينَ يُؤْذُونَ النَّبِيَّ وَيَقُولُونَ هُوَ أُذُنٌ ؕ قُلْ أُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِينَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ ؕ

اور ان میں کوئی وہ ہیں کہ ان غیب کی خبریں دینے والے (نبی) کو ستاتے ہیں ۔ اور کہتے ہیں وہ تو کان ہیں (یعنی کان کے کچے ہیں ان سے جو کہدیا جائے سن کر مان لیتے ہیں) تم فرماؤ تمہارے بھلے کے لئے

وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ
رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦١﴾
يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ
لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ ج
وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَحَقُّ
اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ
كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٢﴾
اَلَمْ يَعْلَمُوْۤا اَنَّهٗ مَنْ
يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ
خَالِدًا فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ
الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٣﴾
(پ ۱۰ التوبۃ ع ۸ ۶۱/۶۲ ۶۳)

کان ہیں۔ اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور مسلمانوں کی باتوں پر یقین کرتے ہیں۔ اور جو تم میں مسلمان ہیں انکے واسطے رحمت ہیں۔ اور جو رسول اللہ کو ایذا دیتے ہیں۔ ان کے لئے درد ناک عذاب ہے۔ تمہارے سامنے اللہ کی قسم کھاتے ہیں کہ تمہیں راضی کرلیں اور اللہ و رسول کا حق زائد تھا کہ اسے راضی کرتے اگر ایمان رکھتے تھے۔ کیا انہیں خبر نہیں کہ جو خلاف کرے اللہ اور اس کے رسول کا تو اس کے لئے جہنم کی آگ ہے کہ ہمیشہ اس میں رہے گا۔ یہی بڑی رسوائی ہے۔

ع۱ (عذاب الیم) فی الدارین (احق ان یرضوہ) انما وحد الضمیر لانہ لا تتفاوت بین رضاء اللہ و رضاء رسول اللہ فکان فی حکم شئی واحد مدارک ج ۲ ص ۲۳۸ تفسیر مظہری ج ۴ ص ۲۵۵ ۱۲ منہ۔ ع۲ (یحادد اللہ و رسولہ) ای یحارب اللہ و رسولہ و یعاند اللہ و رسولہ۔ تفسیر خازن ج ۲ ص ۲۳۸ ۱۲ منہ

ان آیات کے خط کشیدہ الفاظ سے درج ذیل مسائل ثابت ہوئے ۔
(۱) نبی کا موذی منہم میں داخل یعنی پکا منافق و کافر ہے۔ (۲) جب کان کے کچے کہنے میں توہین و ایذاءِ نبی ہے ۔ تو حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے علم سے شیطان کا علم بڑھانا اور حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے علم پاک کو بچوں ، پاگلوں ، جانوروں ، کے علم کی طرح بتانا کتنا سخت ایذا و بے ادبی ہے ۔ (جیسا کہ گنگوہی ، انبیٹھوی - تھانوی نے اسکا ارتکاب کیا)
(۳) رسول اللہ کے موذی اور بے ادب کے لئے دردناک عذاب ہے ۔
(۴) ایمان کا تقاضا یہ ہے ۔ کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو راضی کرے اور جو حضور کو راضی نہ کرے بلکہ سب و شتم اور بے ادبی کر کے ناراض کرے وہ دائرہ ایمان سے خارج ہے ۔ پکا کافر ہے ۔
(۵) اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے مخالفت و دشمنی کرنا ہمیشہ ہمیشہ کے لئے دوزخ کی آگ میں جلنا ہے ۔
مفسر قرآن علامہ ابو سعود حنفی فرماتے ہیں ۔

(رسول اللہ) وایرادہ علیہ الصلوٰۃ والسلام بعنوان الرسالۃ مضافا الی الاسم الجلیل لغایۃ التعظیم والتنبیہ علی ان اذیتہ

یعنی حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو عنوان رسالت سے اللہ تعالیٰ کے نام کی طرف مضاف کر کے وارد کرنا انتہائی تعظیم کے لئے ہے ۔ اور اس بات پر تنبیہ کرنے کیلئے ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام

راجعة الی جنابه عزوجل موجبة لكمال السخط والغضب	کی اذیت اللہ کی طرف راجع ہے۔ جو سخت ناراضگی اور غضب خداوندی کا موجب ہے۔

(تفسیر ابی سعود ج ۴ ص ۶۷۲)

نیز ان آیات قرآنیہ سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایذا دینا (توہین کرنا۔ گستاخی کرنا۔ بے ادبی کرنا۔ سب وشتم کرنا) اللہ اور اس کے رسول سے محادۃ (مخالفت۔ دشمنی۔ جنگ عناد) ہے۔ کیونکہ ذکر ایذائے محادۃ کے ذکر کا تقاضا کیا تو واجب ہوا کہ ایذائے رسول۔ اللہ ورسول کی محادۃ میں داخل ہو ورنہ کلام میں ربط نہ ہوگا۔ کیونکہ یہ کہنا ممکن ہوگا کہ رسول اللہ کا موذی۔ اللہ ورسول کا دشمن نہیں۔ اور ہمارے مولیٰ کریم کے اس کلام پاک سے ثابت ہوا کہ حضور کو ایذا دینا اور حضور سے دشمنی کفر ہے۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ خبر دی ہے کہ موذی رسول اور دشمن رسول ہمیشہ ہمیشہ جہنم کی آگ میں رہے گا۔ اور اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ (ھی جزاؤہ) کہ جہنم اس کی جزا ہے۔ حالانکہ دونوں کلاموں میں فرق ہے بلکہ محادۃ۔ یہ دشمنی اور یکطرفی ہے۔ تو محادۃ میں کفر بھی ہے۔ اور جنگ بھی ہے۔ تو محادۃ کفر محض سے زیادہ غلیظ وبری چیز ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ رسول اللہ کا موذی کافر ہے۔ اللہ ورسول کا دشمن ہے۔ اور اللہ ورسول سے جنگ کرنے والا ہے۔

حدیث پاک میں ہے : کہ ایک شخص حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سب کرتا تھا تو آپ نے فرمایا۔

من یکفینی عدوی (الصارم لابن تیمیہ ص ۲۷)	میرے دشمن کو کون میری طرف سے کفایت کرتا ہے۔

اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا بے ادب اور حضور کو سب و شتم کرنے والا حضور کا دشمن ہے۔ اور اس کو قتل کرنا حلال ہے۔

۲۴ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُحَادُّوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ اُولٰٓئِکَ فِی الْاَذَلِّیْنَ (۲۰) پ ۲۸ المجادلۃ ع ۳)	بیشک وہ جو اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت (اور ان سے دشمنی) کرتے ہیں۔ وہ سب سے زیادہ ذلیلوں میں ہیں۔

اگر محاد رسول، مخالف رسول، دشمن رسول، مومن محفوظ و معصوم الدم ہوتا تو سب سے زیادہ ذلیلوں میں نہ ہوتا۔ کیونکہ اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے۔

وَلِلّٰہِ الْعِزَّۃُ وَلِرَسُوْلِہٖ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ۔	اور عزت تو اللہ اور اس کے رسول اور مسلمانوں ہی کیلئے ہے

پ ۲۸ المنٰفقون ع ۸

تو ثابت ہوا کہ دشمن (وساب) رسول کافر ہے۔

ع۵ نیز اللہ عزوجل نے فرمایا ہے۔

ان الذین یحادون اللہ ورسولہ کبتوا کما کبت الذین من قبلھم وقد انزلنا ایٰت م بینٰت ط وللکٰفرین عذاب مھین ۔
(پ۲۸ المجادلۃ ع۱)

بیشک وہ جو مخالفت (دشمنی) کرتے ہیں۔ اللہ اور اس کے رسول کی ذلیل کئے گئے جیسے ان سے اگلوں کو ذلت دی گئی اور بے شک ہم نے روشن آیتیں اتاریں اور کافروں کے لئے خواری کا عذاب ہے۔

اور مومن ہرگز ایسا ذلیل نہیں کیا جاتا جیسا کہ رسولوں کے جھٹلانے والے ذلیل کئے گئے۔ تو ثابت ہوا کہ محادّ (دشمن وموذی رسول) مومن ہی نہیں۔ نیز اسی آیت کا اخیری جملہ "وللکٰفرین عذاب مھین" بھی اسی طرف مشیر ہے کہ محادِّ رسول کافر ہے۔

ع۶ نیز اللہ تعالیٰ کا ارشاد مقدس ہے۔

لا تجد قوما یومنون باللہ والیوم الاٰخر یوادون من حاد اللہ ورسولہ ولو کانوا اٰباءھم او ابناءھم او اخوانھم او عشیرتھم ۔
(پ۲۸ المجادلۃ ع۳ ۲۲)

تم نہ پاؤ گے ان لوگوں کو جو ایمان رکھتے ہیں اللہ اور روز قیامت پر کہ دوستی کریں ان سے جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول سے مخالفت (دشمنی) کی اگرچہ ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا کنبے والے ہوں۔

جب دشمن و موذی رسول سے دوستی کرنے والا مومن نہیں تو خود دشمن و موذی رسول کیسے مومن ہو گا - اس آیت کا شان نزول یہ بیان کیا گیا ہے - کہ ابو قحافہ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو گالی دی تو حضرتِ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے قتل کرنے کا ارادہ کیا - یا یہ کہ ابن ابی نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تنقیص و بے ادبی کی تو اس کے بیٹے نے والد کو قتل کرنے کے لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اجازت مانگی - تو ثابت ہوا کہ موذیِ رسول، دشمنِ رسول، کافر ہے - اس کا خون بہانا - اسے قتل کرنا حلال ہے -

ع۔ اللہ تعالیٰ کا مقدس فرمان ہے -

ولولا ان کتب اللہ علیہم الجلاء لعذبہم فی الدنیا ط ولہم فی الاخرۃ عذاب النار ہ ذلک بانہم شاقوا اللہ ورسولہ ومن یشاق اللہ فان اللہ شدید العقاب (پ۲۸ الحشر ع ۳/۴)

اور اگر نہ ہوتا کہ اللہ نے ان پر گھر سے اجڑنا لکھ دیا تھا - تو دنیا ہی میں ان پر عذاب فرماتا اور ان کے لئے آخرت میں آگ کا عذاب ہے یہ اس لئے کہ وہ اللہ سے اور اس کے رسول سے مخالف رہے اور جو اللہ اور اس کے رسول سے مخالف رہے تو بیشک اللہ کا عذاب سخت ہے -

---

لہ (... ومن یشاق اللہ) ورسولہ " تفسیر مدارک علی ہامش لباب التاویل ج۴ ص۲۴۷ ۱۲ الفیضی عنہ -

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس آیت کریمہ میں مخالفت اللہ ومخالفت رسول کو دنیا میں ان کے مستحقِ عذاب ہونے اور آخرت میں عذاب دوزخ کا سبب بنایا۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ایذا دینے والا اللہ ورسول کا مخالف ہے۔ اللہ ورسول کا دشمن ہے۔ جیسا کہ گذرا

۸ ہمارے مولیٰ عزوجل کا ارشاد مبارک ہے۔

واذ یوحی ربک الی الملٰئکۃ انی معکم فثبتوا الذین آمنوا ط سالقی فی قلوب الذین کفروا الرعب فاضربوا فوق الاعناق واضربوا منھم کل بنان ۵ ذٰلک بانھم شاقوا اللہ ورسولہٗ ومن یشاقق اللہ ورسولہ فان اللہ شدید العقاب ۵

جب اے محبوب تمہارا رب فرشتوں کو وحی بھیجتا تھا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں تم مسلمانوں کو ثابت رکھو عنقریب میں کافروں کے دلوں میں ہیبت ڈالوں گا تو کافروں کی گردنوں سے اوپر مارو اور ان کی ایک ایک پور پر ضرب لگاؤ یہ اس لئے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی اور جو اللہ اور اس کے رسول سے مخالفت کرے تو بیشک اللہ کا عذاب سخت ہے

(پ ۹ انفال ع ۱۲/۱۳)

ان آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے کفار کے دلوں میں رعب ڈالنے

اوران کو قتل کرنے کے حکم کا سبب یہ بتایا کہ وہ چونکہ اللہ و رسول سے مخالفت اور دشمنی کرتے ہیں۔ تو ثابت ہوا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا موذی، و مخالف، و دشمن ہے۔ وہ اس سزاءِ قتل کا مستحق ہے۔

ع۹ اللہ تعالیٰ کا مقدس فرمان ہے۔

ولئن سالتھم لیقولن انما کنا نخوض ونلعب قل اباللہِ وآیاتہٖ ورسولہ کنتم تستھزءون لاتعتذروا قد کفرتم[1] بعد ایمانکم

اور اے محبوب اگر تم ان سے پوچھو تو کہیں گے کہ ہم تو یونہی ہنسی کھیل میں تھے۔ تم فرماؤ کیا اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ہنستے ہو۔ بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے مسلمان ہو کر

(پ۱۰ التوبہ ع ۶۵/۶۶)

اس آیت سے ثابت ہوا کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کفر ہے۔ جس طرح بھی ہو اس میں عذر قبول نہیں۔ (تفسیر خزائن العرفان) یہ آیات اس بات کے نص ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے استہزاء (ہنسی، کھیل ٹھٹھا کرنا) کفر ہے۔ تو ارادے سے سبّ و شتم کرنا بطریق اولیٰ کفر ہے۔

---

[1] قد کفرتم ای اظھرتم الکفر بایذاء الرسول والطعن فیہ
تفسیر مظہری ج ۴ ص ۲۶۱۔ تفسیر روح البیان ج ۲ ص ۵۴۲ ۱۲ ف

نیز اس آیت سے یہ ثابت ہوا کہ ہر وہ شخص جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تنقیص کرے چاہے تحقیقی طور پر یا یوں ہی ٹھٹھا مسخری کرتے ہوئے بہر صورت وہ کافر ہے۔ اس آیت کا ایک شان نزول یہ بھی ہے کہ امام ابوبکر بن ابی شیبہ (استاذ امام بخاری و مسلم وغیرہ آئمہ محدثین) اپنے مصنف وابن المنذر وابن ابی حاتم وابو الشیخ وابن جریر اپنی اپنی تفاسیر میں امام مجاہد شاگرد خاص حضرت سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم) سے روایت کرتے ہیں۔ کہ انہوں نے فرمایا۔

فی قولہ "ولئن سالتھم لیقولون انما کنا نخوض ونلعب" قال قال رجل من المنافقین یحدثنا محمد ان ناقۃ فلان بوادی کذا وکذا فی یوم کذا وکذا وما یدریہ بالغیب

یعنی کسی شخص کی اونٹنی گم ہوگئی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اونٹنی فلاں جنگل میں فلاں جگہ ہے۔ اس پر ایک منافق بولا کہ محمد[1] غیب کیا جانیں۔ اس پر اللہ عزوجل نے یہ آیت کریمہ اتاری کہ ان سے فرما دیجیے کہ اللہ اور اس کے رسول اور اس کی آیتوں سے ٹھٹھا کرتے ہو بہانے نہ بناؤ تم مسلمان کہلا کر اس لفظ کے بولنے سے کافر ہوگئے۔

[1] صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم ۱۲ ش

تفسیر[1] درمنثور للامام السیوطی ج ۳ ص ۲۵۴۔ تفسیر[2] امام ابن جریر طبری ج ۱۰ ص ۱۰۵۔ الصارم[3] المسلول لابن تیمیہ وہو منہم ص ۳۲۔ تفسیر حسینی ص ۳۹۹۔ خالص[4] الاعتقاد لسیدنا اعلیحضرت ص ۲۸۔ وقعات السنان الی حلق المسماۃ بسط البنان لمولانا مصطفےٰ رضا خاں ص ۲۹۔

اس مستند شان نزول کو ذہن میں رکھتے ہوئے آیت سے درج ذیل مسائل ثابت ہوئے۔ (۱) اس مرد کا طعن تو صرف حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صفت علمی پہ تھا لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کو یوں بیان فرمایا کہ اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ٹھٹھا ہے۔ معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اتنا پیار ہے۔ کہ اپنے حبیب کے طعن و ٹھٹھے و تنقیص و مسخری و کھیل ہنسی کو اپنی اور اپنی آیات سے منسوب فرماتا ہے تو حضور کا موذی رب کا موذی حضور سے استہزا کرنے والا رب سے استہزا کرنے والا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا بے ادب اللہ تعالیٰ کا بے ادب۔ حضور کا مخالف و دشمن رب عزوجل کا مخالف و دشمن ہوا۔ جب اللہ تعالیٰ کو سب کرنے والا کافر ہے۔ تو حضور کا بے ادب اور حضور کو سب کرنے والا بھی کافر ہے (۲) دوسرا مسئلہ یہ ثابت ہوا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم غیب کا منکر کافر ہے۔ جب حضور کے علم شریف کا منکر کافر ہوا۔ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم پاک کو شیطان کے علم سے کم بتانے والا" یا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم کے متعلق یہ کہنے والا کہ ایسا علم تو زید، عمر، پاگل، بچے

اور جانوروں کو بھی حاصل ہے"۔ کتنا بڑا گستاخ و بے ادب اور کتنا بڑی سخت گالی دینے والا ہو کر کتنا بڑا کافر ہوا۔

۱۰ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

ومنھم من یلمزک فی الصدقات (پ۱۰ توبہ ع ۵۸)

اور ان (کفار و منافقین) میں کوئی وہ ہے کہ صدقے تقسیم کرنے میں تم پر طعن کرتا ہے۔ (عیب لگاتا ہے)

یہ آیت رئیس الخوارج۔ اصل الوہابیہ ذوالخویصرہ تمیمی کے حق میں نازل ہوئی۔ جس نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تقسیم پہ طعن کیا تھا۔ حضور نے فرمایا اس کی نسل سے ایک قوم ہو گی۔ کہ تم ان کی نمازوں کے سامنے اپنی نمازوں کو اور ان کے روزوں کے سامنے اپنے روزوں کو حقیر دیکھو گے۔ وہ قرآن پڑھیں گے۔ اور ان کے گلوں سے نہ اترے گا۔ وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے۔ جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ان خارجیوں (وہابیوں)[1] کو تمام مخلوق خدا سے شریر جانتے تھے۔ اور فرماتے یہ (خارجی) ان آیتوں کو جو کافروں کے حق میں نازل ہوئی ہیں۔ مسلمانوں پہ چسپاں کرتے ہیں[2]۔

---

[1] وہابی و خارجی متحد ہیں دیکھو فقیر کی کتاب "ابن تیمیہ اور اس کے ہمنواؤں کا تعارف" ص ۱۲ ۱۲ اویسی غفرلہ

[2] وکان ابن عمر یراھم شرار خلق اللہ وقال انھم انطلقوا الی آیات نزلت فی الکفار فجعلوھا علی المومنین۔ صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۰۲۴ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) باب قتال الخوارج الخ کتاب استتابۃ المعاندین الخ۔

خارجی و وہابی احادیث و آثار کے آئینہ میں۔ عن ابی سعید بعث علی الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بذھیبۃ فقسمہا بین اربعۃ (الاربعۃ) الاقرع بن حابس الحنظلی ثم المجاشعی وعینیۃ بن بدر الفزاری وزید الطائی ثم احد بنی نبہان وعلقمۃ بن علاثۃ العامری ثم احد بنی کلاب فغضبت قریش والانصار فقالوا یعطی (ای النبی صلی اللہ علیہ وسلم) صنادید اھل نجد (رؤساءھم) ویدعنا قال (صلی اللہ علیہ وسلم) انما اتالفھم فاقبل رجل غائر العینین (ای داخلتین فی الراس) مشرف الوجنتین (ای غلیظھما) ناتی الجبین (ای مرتفعہ) کث اللحیۃ محلوق (ای محلوق شعر الراس) فقال اتق اللہ یا محمد فقال من یطیع اللہ اذا عصیت ایامننی اللہ علی اھل الارض فلا تامنونی نسالہ رجل قتلہ احسبہ خالد بن الولید فمنعہ فلما ولی قال ان من ضئضئ ھذا (ای من نسلہ) او فی عقب ھذا قوما یقرؤن القرآن لا یجاوز حناجرھم یمرقون من الدین مروق السھم من الرمیۃ یقتلون اھل الاسلام ویدعون اھل الاوثان لئن انا ادرکتھم لاقتلنھم قتل عاد لہ صحیح بخاری شریف ج ا ص ۴۷۲ باب قول اللہ والی عاد اخاھم ھودا الخ کتاب الانبیاء وفی روایۃ عنہ " اتاہ ذوالخویصرۃ وھو رجل من بنی تمیم فقال یا رسول اللہ اعدل فقال ویلک ومن یعدل اذا لم اعدل قد خبت وخسرت ان لم اکن اعدل فقال عمر یا رسول اللہ ائذن لی فیہ اضرب عنقہ فقال لہ دعہ فان لہ اصحابا یحقر احدکم صلاتہ مع صلاتھم (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) وصیامہ مع صیامھم یقرؤن القرآن لایجاوز تراقیھم یمرقون من الدین کما یمرق السھم من الرمیۃ ۔ الحدیث (صحیح بخاری ج ۱ ص ۵۰۹) وفی روایۃ عنہ " فقال رجل غائر العینین مشرف الوجنتین ناشز الجبھۃ کث اللحیۃ محلوق الراس مشمر الازار فقال یارسول اللہ اتق اللہ قال ویلک اولست احق اھل الارض ان یتقی اللہ قال ثم ولی الرجل قال خالد بن الولید یا رسول اللہ الا اضرب عنقہ قال لا لعلہ ان یکون یصلی فقال خالد وکم من مصل یقول بلسانہ مالیس فی قلبہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی لم اومر ان انقب عن قلوب الناس ولا اشق بطونھم قال ثم نظر الیہ وھو مقف (ای مول قفاہ) فقال انہ یخرج من ضئضئی ھذا قوم یتلون کتاب اللہ رطبا لایجاوز حناجرھم یمرقون من الدین کما یمرق السھم من الرمیۃ واظنہ قال لئن ادرکتھم لاقتلنھم قتل ثمود اھ (صحیح بخاری ج ۲ ص ۶۲۴ باب بعث علی ابن ابی طالب الخ کتاب المغازی) وفی روایۃ عنہ " انہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول یخرج فیکم قوم تحقرون صلاتکم مع صلاتھم وصیامکم مع صیامھم وعملکم مع عملھم ویقرؤن القرآن لایجاوز حناجرھم یمرقون من الدین کما یمرق السھم من الرمیۃ الحدیث ۔ صحیح بخاری ج ۲ ص ۷۵۶ باب من رایا بالقرآن الخ کتاب فضائل القرآن ۔ وفی روایۃ عنہ وفیہ " فنزلت فیہ (ای فی ذی الخویصرۃ التمیمی الحروری) ومنھم من یلمزک فی الصدقات " صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۰۲۴ ۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ)

((واخرجہ النسائی وابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم وابو الشیخ وابن مردویہ عنہ" تفسیر درمنثور للسیوطی ج ۳ صـ ۲۵۰ و فی التفسیر المظھری روی ابن اسحق عن ابن عمر والشیخان واحمد عن جابر والبیھقی عن ابی سعید نحوہ وفیہ نزلت الآیۃ فی ذی الخویصرۃ التمیمی ... واسمہ حرقوص بن زھیر اصل الخوارج، ج ۴ صـ $\frac{229}{230}$ و فی تفسیر ابن کثیر ج ۲ صـ ۳۶۳ قال قتادۃ فی قولہ " ومنھم من یلمزک فی الصدقات" ..... ثم قال نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احذروا ھذا (ای ذا الخویصرۃ) واشباھہ فان فی امتی اشباہ ھذا یقرؤن القرآن لا یجاوز تراقیھم فاذا خرجوا فاقتلوھم ثم اذا خرجوا فاقتلوھم" وذکر لنا ان نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول" والذی نفسی بیدہ ما اعطیکم شیئًا ولا امنعکموہ انما انا خازن الخ)) وایضًا رواہ البخاری فی صحیحہ نحوہ عنہ ج ۲ صـ ۱۱۰۵ - وعن ابی سعید الخدری نحوہٗ رواہ الشیخان، مشکوۃ شریف ج ۲ صـ $\frac{533}{535}$ باب فی المعجزات فصل اول۔ وعن ابی سعید الخدری وانس بن مالک عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال سیکون فی امتی اختلاف وفرقۃ قوم یحسنون القیل ویسیئون الفعل یقرؤن القرآن لا یجاوز تراقیھم یمرقون من الدین مروق السھم من الرمیۃ لا یرجعون (ای الی الدین) لاصرارھم علی بطلانھم۔ مرقات ج ۷ صـ ۵۲ -

قال المجدد البریلوی ؎

یعبادی کہہ کے ہم کو شاہ نے ∴ اپنا بندہ کر لیا پھر تجھ کو کیا

دیو کے بندوں سے کب ہے یہ خطاب ∴ تو نہ ان کا ہے نہ تھا پھر تجھ کو کیا

لایعودون[1] آگے ہوگا بھی نہیں - تو الگ ہے دائما پھر تجھ کو کیا) حتی یرتد السھم علی فوقہ (الفوق موضع الوتر من السھم (تیر کا وہ سوراخ جو تیر میں اجس طرف سے کمان میں رکھتے ہیں) اس جانب سے ہوتا ہے) وھو من التعلیق بالمحال۔ مرقات ج ۴ ص ۵۲) ھم شر الخلق (الناس) والخلیقۃ (البھائم وقیل یرید بھما جمیع الخلائق) طوبی لمن قتلھم وقتلوہ یدعون الی کتاب اللہ (ای الی ظاہرہ وزاد علی القاری فیہ ہذہ الالفاظ" ویترکون سنۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم" وقال وقد قال علی کرم اللہ وجھہ عنہ[2] لابن عباس جادلھم بالحدیث، مرقات ج ۴ ص ۵۲ - واخرج ابن سعد من طریق عکرمۃ عن ابن عباس ان علی بن ابی طالب ارسلہ الی الخوارج فقال اذھب الیھم فخاصمھم ولاتحاجھم بالقرآن فانہ ذووجوہ ولکن خاصمھم بالسنۃ۔ واخرج من وجہ آخران ابن عباس قال لہ یا امیرالمومنین فانا اعلم بکتاب اللہ منھم فی بیوتنا نزل قال صدقت ولکن القرآن حمال ذووجوہ تقول ویقولون ولکن خاصمھم بالسنن (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ)

---

[1] وقولہ صلی اللہ علیہ وسلم یخرج ناس من قبل المشرق ویقرؤن القرآن لایجاوز تراقیھم یمرقون من الدین کما یمرق السھم من الرمیۃ لایعودون فیہ) حتی یعود السھم الی فوقہ سیماھم التحلیق اھ الدرر السنیۃ فی الرد علی الوھابیۃ لمفتی الخاص والعام بالمسجد الحرام السید احمد بن زینی دحلان ص ۵۵ - [2] ھکذا فی الاصل ۱۲ ف

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) فانہم لم یجدوا عنہا محیصا فخرج الیہم فخاصمہم بالسنن فلم تبق بایدیہم حجۃ اھ الاتقان فی علوم القرآن لخاتم الحفاظ الامام السیوطی ج ۱ ص ۲۴۱ نوع ۳۹۔ اخرج احمد وغیرہ عن ابی امامۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی قولہ تعالی فاما الذین فی قلوبہم زیغ فیتبعون ما تشابہ منہ قال ہم الخوارج وفی قولہ تعالی یوم تبیض وجوہ وتسود وجوہ قال ہم الخوارج۔ الاتقان ج ۲ ص ۳۲۸ نوع ۸۰۔ اخرجہ عبد الرزاق واحمد وعبد بن حمید وابن المنذر وابن ابی حاتم والطبرانی وابن مردویہ والبیہقی فی سننہ'' تفسیر در منثور للسیوطی ج ۲ ص ۵ وتفسیر ابن کثیر ج ۱ ص ۳۴۶۔ تفسیر مظہری ج ۲ ص ۹۔ واخرج الدارمی عن عمر بن الخطاب قال انہ سیاتیکم ناس یجادلونکم بشبہات القرآن فخذوہم بالسنن (۱۲ منہ) فان اصحاب السنن اعلم بکتاب اللہ۔ در منثور للسیوطی ج ۲ ص ۸ ... رواہ الدارمی ونصر المقدسی فی الحجۃ واللالکائی فی السنۃ وابن عبد البر فی العلم وابن ابی زمنین فی اصول السنۃ والدارقطنی والاصبہانی فی الحجۃ وابن النجار کنز العمال ج ۱ ص ۳۳۶ حدیث ۱۶۳۵۔ حامش تفسیر مظہری ج ۲ ص ۱۰۔

ولیسوا منا فی شی من قاتلہم کان اولی باللہ منہم (اے من باقی امتی)

قالوا یا رسول اللہ ما سیماہم (اے علامتہم) قال التحلیق رواہ ابوداؤد مشکوٰۃ شریف ص ۳۰۷-۳۰۸ باب قتل اہل الردۃ فصل ثانی۔ قال الامام الامام مفتی الخاص والعام وشیخ الاسلام (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) بالمسجد الحرام السید احمد بن زینی دحلان جعل اللہ مقرہ الجنان" وفی قولہ صلی اللہ علیہ وسلم سیماھم التحلیق تنصیص علی ھؤلاء القوم الخارجین من المشرق التابعین لابن عبد الوھاب فیما ابتدعہ لانھم کانوا یامرون من یتبعھم ان یحلق راسہ ولا یترکونہ یفارق مجلسھم اذا تبعھم حتی یحلقوا راسہ ولم یقع مثل ذلک قط من احد من الفرق الضالۃ التی مضت قبلھم فالحدیث صریح فیھم وکان السید عبد الرحمان الاھدل مفتی زبید یقول لا یحتاج ان یؤلف احد تالیفا للرد علی ابن عبد الوھاب بل یکفی فی الرد علیہ قولہ صلی اللہ علیہ وسلم سیماھم التحلیق فانہ لم یفعلہ احد من المبتدعۃ غیرھم۔ وکان ابن عبد الوھاب یامر ایضا بحلق رؤس النساء التی یتبعنہ اھ الدرر السنیۃ فی الرد علی الوھابیۃ للامام احمد بن زینی دحلان ص ۵۶ وعن علی کرم اللہ تعالی وجھہ قال "سمعت النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم یقول یاتی فی اٰخر الزمان قوم حدثاء الاسنان (کنایۃ عن الشباب واول العمر) سفھاء الاحلام (اے ضعفاء العقول) یقولون من خیر قول البریۃ اے یقولون قولا ھو خیر من قول الخلق اے ھو بعض من کلام اللہ او من کلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کذا فی خیر البخاری قال ابن حجر یقولون من قول خیر البریۃ وھو من المقلوب والمراد من قول خیر البریۃ اے من قول اللہ اھ ھامش صحیح البخاری) یمرقون من الاسلام (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ کما یمرق السہم من الرمیۃ لایجاوز ایمانہم حناجرہم فاینما لقیتموہم فاقتلوہم فان قتلہم اجر لمن قتلہم یوم القیمۃ صحیح بخاری ج ۲ ص ۷۵۶ باب من رایا بقراۃ القرآن الخ کتاب فضائل القرآن - وصحیح بخاری ج ۲ ص ۱۰۲۴ باب قتال الخوارج. رواہ الشیخان عن علی، مشکوۃ شریف ص ۳۰۷ باب قتل اہل الردۃ فصل اول - وعنہ عبداللہ بن عمر وذکر الحروریۃ (ہم الخوارج ومنہم الوہابیۃ بتصریح الائمۃ کالامام ابن زینی دحلان فی الدرر السنیۃ والعارف الصاوی فی تفسیرہ والشامی فی الرد والعارف الکامل سیدنا ومولانا عبید اللہ الملتانی فی کتبہ) فقال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم یمرقون من الاسلام مروق السہم من الرمیۃ اھ صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۰۲۴ باب قتال الخوارج - وعنہ ابی برزۃ الاسلمی نحو روایۃ ابی سعید التی فیہ ذکر طعن ذی الخویصرۃ علی تقسیمہ علیہ الصلوۃ والسلام وفیہ "ثم قال علیہ الصلوۃ والسلام یخرج فی آخر الزمان قوم کان ھذا منہم یقرؤن القرآن لایجاوز تراقیہم یمرقون من الاسلام کما یمرق السہم من الرمیۃ سیماہم التحلیق لایزالون یخرجون حتی یخرج آخرہم مع المسیح الدجال فاذا لقیتموہم ہم شر الخلق والخلیقۃ رواہ النسائی - مشکوۃ شریف ص ۳۰۸-۳۰۹ باب قتل اہل الردۃ فصل ۳ -

وعن ابی غالب رای ابوامامۃ رؤسا منصوبۃ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) علی درج دمشق روی عن ابی امامۃ ان المراد بہم الخوارج) فقال ابو امامۃ کلاب النار شر قتلی تحت ادیم السماء خیر قتلی من قتلوہ ثم قرء یوم تبیض وجوہ وتسود وجوہ الآیۃ قیل لابی امامۃ انت سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لو لم اسمعہ الا مرۃ او مرتین او ثلاثا حتی عد سبعا ما حدثتکموہ رواہ الترمذی وابن ماجۃ و قال الترمذی ہذا حدیث حسن۔ مشکوۃ ص ۳۰۹۔ عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اللہم بارک لنا فی شامنا وفی یمننا قال قالوا وفی نجدنا قال قال اللہم بارک لنا فی شامنا وفی یمننا قالوا وفی نجدنا قال ہنالک الزلازل والفتن وبہا یطلع قرن الشیطان اھ صحیح بخاری ج ا ص ۱۴۱ باب ما قیل فی الزلازل قبل ابواب الکسوف۔ وصحیح بخاری ج ۲ ص ۱۰۵۱ باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم الفتنۃ من قبل المشرق۔ مشکوۃ شریف ج ۲ ص ۵۸۲ باب ذکر الیمن والشام ونحوہ فی صحیح مسلم ج ۲ ص $\frac{۳۹۳}{۳۹۴}$ والمراد بقرن الشیطان ابن عبد الوہاب النجدی التمیمی کما فی الدرر السنیۃ وغیرہ۔ وفی روایۃ سیظہر من نجد شیطان تتزلزل جزیرۃ العرب من فتنتہ" الدرر السنیۃ ص ۵۲ والتفصیل فیہ وفی غیرہ ہذا ہذا قصیر من کثیر حفظنا وذریتنا من الخوارج والوہابیۃ الطغاۃ القوی القدیر بحرمۃ السراج المنیر علیہ صلوۃ السمیع وسلام البصیر ۲ الکتبہ محمد شریف الشہیر بمنظور احمد الفیضی عفی عنہ

مختارہ

عـ۱۱ :- ارشاد باری تعالیٰ ہے ومنہم الذین یوذون النبی (پ۱۰ توبہ ع ۱۶)	. اور(ان منافقین وکفار) میں سے وہ ہیں کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ایذا دیتے ہیں .

آیت عـ۱۰ وعـ۱۱ سے ثابت ہوا کہ جس نے بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پہ عیب لگایا اور طعن کیا . یا حضور کو ایذا دی (کان منہم الصارم لابن تیمیہ) تو وہ ان سے ہوگا . یعنی منافقین اور کفار سے ہوگا . کیونکہ الذین اور مَن دونوں اسم موصول ہیں . اور یہ دونوں عموم کے صیغوں سے ہیں . اگرچہ شان نزول خاص ہے حکم عام رہے گا . نیز ایسے شخص کا منہم سے ہونا حکم ہے . جس کا تعلق لفظ مشتق "لمز" اور "اذی" سے ہے . تو مادہ اشتقاق (یعنی طعن وایذا ء نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام) اس حکم (کہ وہ منافق وکافر ہے) کے لئے علت ہوگا . تو جہاں علت (طعن وایذاء) موجود حکم منہم فوراً موجود ہوگا . یعنی طاعن وموذی رسول منافق ہے . اور قرآن شریف کفر منافقین کا شاہد ہے . اور قرآن کریم نے منافقین کا حال کفار سے بھی برا بتایا . وانہم فی الدرک الاسفل من النار (یعنی منافقین جہنم کے نچلے طبقہ میں ہوں گے . وغیرہ ذلک

عـ۱۲ فرمان خداوندی . فلا وربک لایومنون	تو اے محبوب تمہارے رب کی قسم

حتی یحکموک فیما شجر بینہم ثم لا یجدوا فی انفسہم حرجا مما قضیت ویسلموا تسلیما ﴿۶۵﴾ (پ۵ النسآء ع۹)

وہ مسلمان نہ ہوں گے جب تک اپنے آپس کے جھگڑے میں تمہیں حاکم نہ بنائیں پھر جو کچھ تم حکم فرما دو اپنے دلوں میں اس سے رکاوٹ نہ پائیں اور جی سے مان لیں۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پیارے تعلق سے اپنی ذات کی قسم اٹھا کر یہ اعلان فرمایا کہ اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتے جب تک اپنے خصومات میں حضور کو حاکم نہ مانیں یعنی دولت ایمان اس وقت ہاتھ آئے گی۔ جبکہ حضور کو حاکم مانیں پھر ظاہراً باطناً دل و جان سے حضور کے فیصلہ کو تسلیم کر لیں۔ اور حضور کے فیصلہ کی وجہ سے دل میں تنگی نہ ہو۔ ورنہ ایمان نہ ہو گا۔ معلوم ہوا کہ گستاخ نبی بطریق اولیٰ واعلیٰ دولت ایمان سے فارغ ہے۔ اس آیت کے شان نزول میں درج ذیل واقعہ کئی وجوہ سے منقول ہے۔

''ضمرۃ سے روایت ہے۔ کہ دو شخصوں نے اپنا جھگڑا حضور کی بارگاہ میں پیش کیا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مبطل کے خلاف حق والے کے حق میں فیصلہ فرمایا۔ مبطل نے کہا میں اس فیصلہ سے راضی نہیں تو اس کے ساتھی نے کہا کیا ارادہ ہے کہنے لگا کہ ابوبکر صدیق کے پاس چلتے ہیں تو وہ دونوں حضرت ابوبکر صدیق کے پاس چلے گئے حق والے نے جا کے کہا کہ ہم دونوں اپنا جھگڑا حضور کے پاس لے گئے۔ حضور نے میرے حق

ہیں فیصلہ فرمایا۔ حضرت ابو بکر صدیق نے فرمایا تمہارا فیصلہ وہی ہے
جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کیا۔ باطل والا کہنے لگا میں اس سے
بھی راضی نہیں اور کہنے لگا عمر بن خطاب کے پاس چلتے ہیں۔ تو ان
کے پاس آئے تو حق والے نے کہا کہ ہمارا جھگڑا حضور کے سامنے پیش
ہوا۔ حضور نے میرے حق میں فیصلہ فرمایا یہ اس فیصلہ سے منکر ہے
اس پر راضی نہیں ہوتا۔ تو حضرت عمر نے اس سے پوچھا تو اس نے بھی
اسی طرح بتایا یہ سنکر حضرت عمر گھر چلے گئے باہر نکلے تو تلوار ان
کے ہاتھ میں تھی۔ تلوار کو میان سے نکالا اور منکر فیصلہ نبوی کی گردن
اڑا دی۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ اتاری۔ رواہ ابو اسحق وغیرہ
الصارم ص $\frac{۳۹}{۴۰}$ ۔ لابن تیمیہ۔ اخرجہ ابن ابی حاتم وابن مردویہ من
طریق ابن لہیعۃ عن ابی الاسود واخرجہ الحافظ دحیم فی تفسیرہ عن
عتبۃ بن ضمرۃ عن ابیہ واخرجہ الحکیم الترمذی فی نوادر الاصول عن مکحول
تفسیر در منثور ج ۲ ص $\frac{۱۸۰}{۱۸۱}$

۱۳ء ۔ اس آیت سے پہلے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔

الم تر الی الذین یزعمون انھم آمنوا بما انزل الیک وما انزل من قبلک یریدون ان یتحاکموا	کیا تم نے انہیں نہ دیکھا جن کا دعویٰ ہے۔ کہ وہ ایمان لائے اس پر جو تمہاری طرف اترا اور اس پر جو تم سے پہلے اترا پھر چاہتے ہیں کہ شیطان کو اپنا پنچ بنائیں اور ان

الی الطاغوت وقد امروا ان یکفروا بہ ط ویرید الشیطان ان یضلکم ضلالاً بعیدا (۶۰) واذا قیل لہم تعالوا الی ما انزل اللہ والی الرسول رایت المنفقین یصدون عنک صدودا (۶۱)

کو تو حکم یہ تھا کہ اسے اصلاً نہ مانیں اور ابلیس یہ چاہتا ہے کہ انہیں دور بہکا دے۔ اور جب ان سے کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ کی اتاری ہوئی کتاب اور رسول کی طرف آؤ تو تم دیکھو گے۔ کہ منافق تم سے منہ موڑ کر پھر جاتے ہیں۔

(پ ۵ النساء ع ۹)

اس میں اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا کہ جس شخص کو فیصلہ کیلئے قرآن کریم اور رسول کریم کی طرف بلایا جائے تو وہ رسول کریم کے فیصلہ سے روگردانی کرے وہ منافق ہے۔ جب فیصلہ نبوی سے روگردانی کرنے والا منافق ہے۔ تو گستاخ نبی کا کیا حشر ہو گا۔ بے ادبی تو روگردانی سے بدرجہا بدتر ہے۔

۱۳:۔ نیز اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

وَيَقُولُونَ آمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُولِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ

اور کہتے ہیں ہم ایمان لائے اللہ اور رسول پر اور حکم مانا پھر کچھ ان

لہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام کو حاکم ماننا مدار ایمان اور طاغوت کو حاکم ماننا خروج عن الایمان پھر کتنی لغو بات ہے یہ کہ انبیا و اولیاء کو طاغوت بولنا جائز ہے کما فی بلغۃ الحیران نعوذ باللہ ۱۲ ق

يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ﴿۴۹﴾ اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ط بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ط وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵۱﴾

میں کے اس کے بعد پھر جاتے ہیں اور وہ مسلمان نہیں اور جب بلائے جائیں۔ اللہ اور اس کے رسول کی طرف کہ رسول ان میں فیصلہ فرمائے تو جبھی ان کا ایک فریق منہ پھیر جاتا ہے۔ اور اگر ان کی ڈگری ہو تو اس کی طرف آئیں مانتے ہوئے کیا ان کے دلوں میں بیماری ہے یا شک رکھتے ہیں یا یہ ڈرتے ہیں کہ اللہ و رسول ان پر ظلم کریں گے بلکہ وہ خود ہی ظالم ہیں۔ مسلمانوں کی بات یہی ہے۔ جب اللہ و رسول کی طرف بلائے جائیں۔ کہ رسول ان میں فیصلہ فرمائے کہ عرض کریں ہم نے سنا اور حکم مانا اور یہی لوگ مراد کو پہنچے

(پ ۱۸ النور ع ۶)

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا کہ جو شخص حضور کی طاعت سے منہ پھیرے اور حضور کے حکم سے اعراض کرے تو وہ منافقوں سے

ہے۔ وہ مومن نہیں۔ اور مومن وہی ہے۔ جو کہے سمعنا واطعنا کہ ہم نے سنا اور فرمانبرداری کی۔ جب محض حکم رسول سے اعراض اور غیر کی طرف تحاکم کرنے کا ارادہ کرنے سے ایمان زائل اور نفاق ثابت ہو جاتا ہے۔ حالانکہ یہ ترک محض ہے۔ اور کبھی اس کا سبب قوت شہوت ہوتی ہے۔ تو تنقیص رسول وسب نبی یا اس جیسی دوسری چیز کی وجہ سے کیسے ایمان رہے گا۔ اور وہ کیسے منافق نہ ہوگا۔ بلکہ موذی رسول بطریق اولی منافق و دائرۂ ایمان سے خارج ہوگا۔

(ہذا عن ابن تیمیۃ اتماما للحجۃ)

۱۵ :۔ نیز حاکم حقیقی مولی کریم نے ارشاد فرمایا ہے۔

وَمَا كَانَ لَكُمْ أَنْ تُؤْذُوا رَسُولَ اللّٰهِ	اور تمہیں نہیں پہنچتا کہ رسول اللہ کو ایذا دو

(پ ۲۲ الاحزاب ع ۵۳)

امام سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ اس آیت کے تحت رقمطراز ہیں۔

فیھا تحریم اذاہ صلی اللہ علیہ وسلم بسائر وجوہ الاذی (الاکلیل ص۱۷۰ مطبوعہ مصر)	یعنی اس آیت سے یہ مسئلہ ثابت ہوا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ایذا دینا حرام ہے۔ جس قسم کا ایذا ہو سب حرام ہے۔
۱۶ :۔ ان الذین یؤذون اللہ ورسولہ لعنھم اللہ	بیشک جو ایذا دیتے اللہ اور اس کے رسول کو ان پر اللہ کی لعنت

فی الدنیا والآخرۃ واعدلھم عذابًا مھینا والذین یؤذون المؤمنین والمومنات بغیر ما اکتسبوا فقد احتملو بہتانا واثما مبینا

ہے دنیا اور آخرت میں اور اللہ نے ان کے لئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے اور جو ایمان والے مردوں اور عورتوں کو بے کئے ستاتے ہیں۔ انہوں نے بہتان اور کھلا گناہ اپنے سر لیا۔

(پ۲۲ الاحزاب ع ۵۷/۵۸)

مفسرین کرام فرماتے ہیں۔ کہ یہاں اللہ تعالیٰ کا ذکر حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی تعظیم کے لئے ذکر کیا گیا ہے۔ اور آپ کے مرتبہ کے بتانے کے لیے کہ حضور کو ایذا دینا اللہ کو ایذا دینا ہے۔ نیز اللہ تعالیٰ نے موذی رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دارین کا لعنتی بیان فرما کر یہ بیان فرمایا کہ وہ (گستاخ رسول) دنیا و آخرت میں اللہ تعالیٰ کی ہر رحمت سے مطرود و محروم ہے۔ دنیا میں تو رحمت ایمان سے محروم رہ کر اور آخرت میں ہمیشہ عذاب دوزخ میں رہ کر معذب فی النار اللہ تعالیٰ کی خیر کا امیدوار ہو سکتا ہے۔ لیکن دارین کا لعنتی ایسا رحمت سے دور ہے کہ امید بھی نہیں رکھ سکتا۔

وذکر اللہ للتعظیم لہ۔ تفسیر بیضاوی ص۲۷ مطبوعہ مصر۔
وذکر اسم اللہ للتشریف (لعنھم اللہ الخ) طردھم عن رحمتہ فی الدارین۔ مدارک ج ۳ ص ۲۷۸

وذکر اللہ عزوجل لتعظیمہ والایذان بجلالۃ مقدارہ عندہ تعالیٰ وان ایذاءہ علیہ الصلوۃ والسلام ایذاء لہ سبحانہ (لعنہم اللہ الخ) طردھم وابعدھم من رحمتہ.... بحیث لایکادون ینالون فیھما شیئا منہا - تفسیر ابوسعود ج ۶ ص ۸۰۱ علی ھامش الکبیر - اللعن اشد المحذورات لان البعد من اللہ لایرجی معہ خیر بخلاف التعذیب بالنار وغیرہ.... وقولہ فی الدنیا والآخرۃ اشارۃ الی بعد لارجاء للقرب معہ لان المبعد فی الدنیا یرجوا القربۃ فی الآخرۃ فقد خاب وخسر لان اللہ اذا ابعدہ وطردہ فمن الذی یقربہ یوم القیمۃ ثم انہ لم یحصر جزاءہ فی الابعاد بل اوعدہ بالعذاب بقولہ واعد لہم عذابا مھینا - تفسیر کبیر ج ۶ ص ۷۹۲ - وایذاء رسولہ بعیب ونقص .... والظاہر ان الآیۃ عامۃ فی کل من آذاہ بشئ ومن آذاہ فقد آذی اللہ - تفسیر ابن کثیر ج ۳ ص ۵۱۷ - (لعنہم اللہ فی الدنیا) ای حجبہم عن الطاعۃ والتوحید وقولہ والآخرۃ ای بتخلیدھم فی العذاب الدائم - تفسیر صاوی ج ۳ ص ۲۳۹)

قاضی ثناء اللہ پانی پتی حنفی نقشبندی اسی آیت کی تفسیر میں رقمطراز ہیں -

وعند الجمهور معناه
ان الذین یرتکبون
مایکرهه الله ورسوله
وجاز ان یکون معنی
الآیة الذین یؤذون
رسول الله وذکر الله
لتعظیم الرسول
کان من
اذی الرسول
فقد اذی الله ......
عن انس و
ابی هریرة عن
النبی صلی الله
علیه وسلم انه قال
قال الله تعالیٰ
من اهان وبروی
من عادی ولیا
فقد بارزنی بالمحاربة
...... رواه البخاری

یعنی جمہور کے نزدیک اس آیت
کا معنیٰ یہ ہے "کہ بے شک وہ
لوگ جو اس چیز کا ارتکاب کرتے
ہیں۔ کہ جسے اللہ اور اس کا رسول
مکروہ جانتے ہیں"۔ اور جائز ہے
کہ اس آیت کا معنی یہ ہو کہ" وہ
لوگ جو رسول اللہ کو ایذا دیتے ہیں
" اور ذکر اللہ کا تعظیم رسول کیلئے
ہو گویا کہ جس نے رسول کو ایذا دی
پس تحقیق اس نے اللہ کو ایذا دی
حضرت انس وابو ہریرۃ رضی اللہ
تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ
نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا
ہے کہ" جس نے کسی ولی اللہ کی
توہین (بے ادبی) کی اور ایک روایت
بھی ہے کہ" جس نے کسی ولی اللہ
سے دشمنی کی تو اس نے میرے
ساتھ جنگ کی (بخاری) اور

عن ابی هریرۃ
قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم
ان اللہ تعالیٰ یقول
یا ابن آدم مرضت
فلم تعدنی قال یارب
کیف اعودك وانت
رب العالمین قال اما
علمت ان عبدی
فلان مرض فلم تعدہ
اما علمت انک لوعدتہ
لوجدتنی عندہ
یا ابن آدم
استطعمتک فلم تطعمنی
الحدیث نحوہ رواہ مسلم
قلت ولا شک ان معاداۃ
الاولیاء لما کان معاداۃ
ومحاربۃ مع اللہ تعالیٰ
واسند اللہ سبحانہ

اور حضرت ابو ہریرہ سے روایت
ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم نے فرمایا بیشک اللہ تعالےٰ
فرمائے گا اے ابن آدم میں بیمار ہوا
تو نے میری طبع پرسی نہ کی انسان
عرض کرے گا اے رب میں تیری
کیسے طبع پرسی کرتا حالانکہ تو تو
رب العالمین ہے۔ اللہ تعالےٰ
فرمائے گا کیا تجھے علم نہ ہوا کہ بیشک
میرا فلاں بندہ بیمار ہوا تھا۔ اور
تو نے اس کی عیادت نہ کی کیا تجھے
خبر نہیں بیشک تو اگر اس کی طبع پرسی
کرتا تو تو مجھے اس کے پاس پاتا۔
اے ابن آدم میں نے تجھ سے طعام
مانگا تو نے مجھے طعام نہ دیا (الحدیث
اسی طرح مسلم نے روایت کی)
قاضی صاحب کہتے ہیں کہ میں کہتا
ہوں جب اولیاء اللہ کی دشمنی
خود اللہ تعالیٰ کی دشمنی ہے اور اس

مرض اولیائه
الی نفسه تعالیٰ
عن ذلک علوا
کبیرا لاجل وصل
غیر متکیف فاسناد
ایذاء الرسول
صلی اللہ علیہ وسلم
الی اللہ تعالیٰ اولیٰ....
مسئلة من اذی
رسول اللہ صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم
بطعن فی شخصہ
او دینہ او نسبہ
او صفۃ من
صفاتہ او بوجہ
من وجوہ الشین
فیہ صراحۃ او
کنایۃ او تعریضا
او اشارۃ

سے جنگ ہے اور اللہ تعالیٰ نے
اپنے اولیاء کی مرض کو اپنی ذات
کی طرف منسوب کیا (حالانکہ وہ
مرض سے مبرّا و منزہ ہے) بوجہ
وصل غیر متکیف کے تو رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے ایذا کو اللہ
تعالیٰ کی طرف منسوب کرنا بطریق
اولیٰ ثابت
"مسئلہ" جس نے رسول اللہ
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی
ذات میں طعنہ کرکے یا آپ کے
دین میں طعنہ کرکے یا آپ کے
نسب پاک میں طعنہ کرکے یا
آپ کی صفتوں میں سے کسی صفت
میں طعنہ کرکے یا آپ کو عیوب کی
قسموں سے کسی قسم کا عیب لگا کر
صراحتہً (کھلم کھلا کہنا) یا کنایۃً
(غیر صریح طور پر کہنا) یا تعریضاً
(ڈھال کے طور پر) یا اشارۃً"

کفر ولعنہ اللہ
فی الدنیا والآخرۃ
واعد لہ عذاب
جہنم وھل
یقبل توبتہ
قال ابن ھمام عہ
کل من ابغض
رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم
بقلبہ کان مرتدًا
فالسباب بالطریق
الاولی ویقتل
عندنا حدًّا
فلا تقبل توبتہ
فی اسقاط القتل
قالوا ھذا مذھب

ایذا دی وہ کافر ہوگیا دنیا اور
آخرت میں اس پر اللہ تعالیٰ نے
لعنت کی اور اس کے لئے عذاب
جہنم تیار کیا۔ کیا اس موذی
رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام
کی توبہ قبول کی جائے گی۔ امام
ابن ہمام نے فرمایا کہ جس نے
رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کو دل سے مبغوض جانا وہ مرتد ہے
تو آپ کو سب وشتم اور گالی دینے
والا بطریق اولیٰ مرتد ہوا اس
کا حکم یہ ہے کہ) وہ ہمارے
(آئمہ احناف کے) نزدیک بطور
حد قتل کیا جائے گا۔ (اس کا قتل
کرنا حاکم و والی اسلام کے ذمہ
ہے۔ الفیضی) تو قتل کے ساقط

عہ فی فتح القدیر قبیل اختتام باب احکام المرتد بن جہم صـ۲۰۷
الی قولہ" فی اسقاط قتلہ ۱۲ منہ

اهل الكوفة
ومالك ونقل
عن ابی
بكر الصديق
رضی الله
تعالیٰ عنه
ولا فرق بين
ان يجئ
تائبا بنفسه
اوشهدوا
عليه بذلك
بخلاف غيره
من موجبات
الكفر فان
الانكار فيها
توبة ولا تعمل
الشهادة معه
حتى قالوا
بقتل ان سب

کرتے ہیں اس کی توبہ نامقبول
ہوگی۔ علماء کرام نے فرمایا یہ اہل
کوفہ اور امام مالک کا مذہب ہے
اور یہی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ
تعالیٰ عنہ سے منقول ہے۔ اس میں
اس بات کا کوئی فرق نہیں کہ وہ
گستاخ رسول خود بخود توبہ
کرتا ہوا پیش ہو یا اس کی توبہ پہ
گواہی دیں بہر صورت وہ قتل
کیا جائے گا۔ اس کی توبہ اسے قتل
ہونے سے نہ بچائے گی۔ بخلاف
اور موجبات کفر کے کہ اس میں اس
کا انکار خود توبہ قرار پائیگا۔ اس
کے ساتھ شہادت مفید نہ ہوگی
یہاں آئمہ کرام نے فرمایا کہ اسے بھی
قتل کیا جائے گا۔ جس نے سکر
(مستی، بے ہوشی، نشہ) میں آپکو
سب بکا اور اسے معاف نہ کیا جائیگا
قاضی صاحب نے کہا اس کو مقید کرنا

سکران ولا یعفی عنہ ولا بد من تقییدہ بما اذا کان سکرہ بسبب محظور باشرہ باختیارہ بلا اکراہ والا فھو کالمجنون وقال الخطابی[1] لا اعلم احدا خالف فی وجوب قتلہ واما قتلہ فی حق من حقوق اللّٰہ تعالٰی فتعمل توبتہ فی اسقاط قتلہ، ولا یحکم بارتداد من اتی بکلمۃ الکفر سکران فی غیر سباب النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم الخ ملخصا بلفظہ ۔ از تفسیر مظہری ج ۴ ص ۱۴۵ تا ۱۴۶ وص ۱۴۷)

چاہیئے اس صورت سے جبکہ اس کا نشہ کسی ممنوعہ چیز کے اختیاری طور پر ارتکاب کی وجہ سے ہو اور بلا اجبار وہ ارتکاب ہوا ہو ورنہ وہ مجنون (پاگل) کی طرح ہوگا۔ امام خطابی فرماتے ہیں۔ میں نہیں جانتا کہ کسی نے اس گستاخ نبی کے وجوب قتل میں خلاف کیا ہو! بلکہ سب کے سب اس کے وجوب قتل پر متفق ہیں۔ اور کسی کا حقوق اللّٰہ میں سے کسی حق میں قتل کیا جاتا تو اس کی توبہ اسقاط قتل میں مفید ہوگی۔ اور جس نے مستی کی حالت میں کلمہ کفر کہا اسکے مرتد ہونے کا حکم نہ دیا جائے گا۔ سوائے شاتم نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے۔

[1] قال الامام النووی فیہ " الامام ابو سلیمان احمد بن محمد بن ابراہیم الخطابی البستی الفقیہ الادیب الشافعی المحقق" نووی شرح مسلم ج ۱ ص ۲۵ ۔ ۱۲ الفیضی عفی عنہ

علامہ عارف اسمٰعیل حقی حنفی رحمۃ اللہ تعالٰی اسی آیت کی تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں ۔

یجوز ان یکون المراد بایذاء اللہ ورسولہ ایذاء رسول اللہ خاصۃ بطریق الحقیقۃ وذکر اللہ لتعظیمہ والایذان بجلالۃ مقدارہ عندہ وان ایذاءہ علیہ الصلوٰۃ والسلام ایذاء لہ تعالٰے لانہ لما قال من یطع الرسول فقد اطاع اللہ فمن آذی رسولہ فقد اذی اللہ ....

....

ولا یجوز القول فی الانبیاء علیہم السلام بشیٔ یؤدی

یعنی یہ جائز ہے کہ ایذاء اللہ اور ایذاء رسول سے مراد صرف ایذاء رسول ہو اور ذکر اللہ آپ کی تعظیم کے لئے اور اللہ کے ہاں آپ کی جلالت مقدار کے اعلام کیلئے ہو اور بیشک حضور کو ایذا دینا اللہ تعالٰی کو ایذا دینا ہے ۔ اس لئے کہ جب اللہ تعالٰی نے فرمایا "جس نے رسول کی اطاعت کی تحقیق اس نے اللہ تعالٰی کی اطاعت کی" تو جس نے اس کے رسول کو ایذا دی بے شک اس نے اللہ کو ایذا دی ۔

انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے حق میں اور ان کے حق میں کہ جن کا تعلق انبیاء سے ہو ۔ ایسا قول جائز نہیں جو عیب اور نقصان کی طرف مؤدی ہو ۔

الی العیب والنقصان ولا فیما یتعلق بہم ..... ومن الاذیۃ[1] الا یذکر اسمہ الشریف بالتعظیم والصلوٰۃ والتسلیم...

(لعنہم اللّٰہ فی الدنیا والآخرۃ) ..... فلعنۃ الدنیا ھی الطرد عن الحضرۃ والحرمان من الایمان ولعنۃ الآخرۃ الخلود فی النیران والحرمان من الجنان...

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اسم شریف کو تعظیم اور درود و سلام سے ذکر نہ کرنا بھی ایذا سے ہے۔

(موذیان رسول پر دنیا اور آخرت میں اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے) حاضری سے دور بھگانا اور ایمان سے محروم رکھنا یہ دنیا کی لعنت ہے۔ اور جہنم کی آگ میں ہمیشگی اور جنت سے محرومی یہ آخرت کی لعنت ہے

---

[1] اقول وباللہ التوفیق حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام یا کسی رسول، نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اسم شریف کے بعد مکمل درود و سلام کے بجائے صلعم، صللم، ص، عم وغیرہ الفاظ مخفف مہملہ کو لکھنا علماء کرام نے ناجائز بتایا۔ مکروہ لکھا موجب حرمان فرمایا اگر قصد تخفیف شان ہو تو کفر کا فتویٰ دیا۔ بقول امام سیوطی پہلا وہ شخص کہ جس نے درود شریف کا ایسا اختصار کیا اس کا ہاتھ کاٹا گیا۔ طحطاوی علی الدر میں فتاویٰ تاتارخانیہ سے منقول ہے، من کتب علیہ السلام بالھمزۃ والمیم یکفر لانہ تخفیف وتخفیف الانبیاء کفر" اسی طرح رضؓ اور رحؒ لکھنا بھی مکروہ اور باعث محرومی ہے، قال الطحطاوی یکرہ الرمز بالترضی بالکتابۃ بل یکتب ذلک کلہ بکمالہ قال النووی فی مقدمۃ صحیح مسلم "ومن اغفل ہذا حرم خیراً عظیماً وفوت فضلاً جسیماً" ج ۱ صفحہ ۳۰ فتاویٰ افریقیہ صفحہ ۵۶ بہار شریعت ج ۳ صفحہ ۸۲ سعادت دارین نبہانی صفحہ ۱۳۱ صلاۃ الصفا النور المصطفیٰ صفحہ ۹ کوثر النبی صفحہ ۷ وغیرہ ۱۲ منہ

یحرم اذی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالقول والفعل بالاتفاق ..... من سبه والعیاذ باللہ من المسلمین فقال ابوحنیفة والشافعی ھو کفر... وقال مالک واحمد یقتل ولا تقبل توبته اھ	بالاتفاق قول وفعل سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ایذا دینا حرام ہے۔ مسلمانوں سے جس نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سب بکا (اللہ کی پناہ) تو امام اعظم ابوحنیفہ اور امام شافعی نے فرمایا یہ کفر ہے اور امام مالک و امام احمد نے فرمایا اسے قتل کیا جائے گا۔ اور اس کی توبہ مقبول نہیں

(ملخصاً بلفظہ تفسیر روح البیان ج ۴ ص $\frac{656}{657}$)

نیز مفسر قرآن صاحب روح البیان علامہ اسمٰعیل حقی حنفی رحمہ اللہ تعالیٰ زیر آیت "فقاتلوا آئمة الکفر انھم لا ایمان لھم" رقمطراز ہیں۔

فالمختار ان من صدر منه ما یدل علی تخفیفه علیه الصلوٰة والسلام بعمد وقصد من عامة المسلمین یجب قتله ولا تقبل توبته بمعنی الخلاص من القتل	یعنی مختار یہ ہے کہ بے شک مسلمانوں سے وہ شخص جس سے ارادۃً و قصداً ایسی چیز ظاہر ہوئی جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تخفیف پر دلالت کرے ایسے شخص کا قتل کرنا واجب ہے اور باین معنیٰ اس کی توبہ قبول نہ ہوگی کہ وہ قتل سے بچ جائے اگرچہ وہ کلمہ شہادت

وان اتى بكلمتى الشهادة
والرجوع والتوبة.....
وعلم انه قد اجتمعت
الامة على ان
الاستخفاف بنبينا
وباى نبى كان من
الانبياء كفر سواء فعله
فاعل ذلك استحلالاً
ام فعله معتقداً
بحرمته ليس بين
العلماء خلاف فى
ذلك والقصد للسب
وعدم القصد سواء
اذ لا يعذر احد
فى الكفر بالجهالة
ولا بدعوى زلل
اللسان اذا كان عقله
فى فطرته سليما فمن
قال ان النبى صلى الله عليه وسلم...

پڑھے اور رجوع وتوبہ کرے
(بہر حال اسے ضرور قتل کیا جائیگا)
اور یقین کر کہ بیشک اجماع امت
ہے۔ اس بات پر کہ ہمارے نبی
علیہ الصلوٰۃ والسلام اور انبیاء کرام
میں سے جس نبی کی بھی تخفیف
(بے ادبی) ہو کفر ہے۔ عام ازیں
کہ تخفیف کا فاعل تخفیف نبی کو
حلال سمجھ کر کرے یا نبی کی عزت
کا معتقد ہو کر کرے بہر حال کفر ہے
اس مسئلہ میں علماء کرام کا خلاف
نہیں۔ سب کا ارادہ ہو یا نہ ہو
اس لئے کہ کوئی بھی کفر میں بوجہ
جہالت اور بوجہ دعوی لغزش
زبانی کے معذور نہ رکھا جائے گا
جبکہ اس کی عقل فطرت میں صحیح
سالم ہے۔ تو جس نے کہا کہ حضور
علیہ الصلوٰۃ والسلام ابو طالب کے
یتیم ہیں۔ یا یہ گمان کیا کہ حضور کا

يتيم ابى طالب
اوزعم ان زهده
لم يكن قصداً
بل لكمال فقره لوقدر
على الطيبات اكلها
ونحوذلك يكفر
وكذامن عيره
برعاية الغنم اوالسهو
اوالنسيان ......
اوبالميل الى
نسائه ......
وحكى عن ابى يوسف
انه كان جالسا مع
هرون الرشيد
على المائدة فروى
عن النبى صلى الله
عليه وسلم انه كان
يحب القرع فقال
حاجب من حجابه

زہد ارادۃً نہ تھا بلکہ آپ کے کمال
فقر کی وجہ سے تھا۔ اور اگر
طیبات پر قادر ہوتے تو اسے
کھاتے۔ اور اس قسم کی باتیں کیں
تو وہ کافر ہوگیا۔ اسی طرح وہ
بھی کافر ہے کہ جس نے حضور کو
بکریوں کے چرانے پر عیب لگایا
یا سہو یا نسیان کا عیب لگایا یا
ازواج مطہرات کی طرف میلان
پر عیب لگایا۔ امام ابو یوسف
سے حکایت بیان کی جاتی ہے
کہ وہ خلیفہ ہارون رشید کے ساتھ
کھانوں سے پر دسترخوان پر بیٹھے
ہوئے تھے۔ تو یہ روایت بیان
کی کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام
کدو کو پسند فرماتے تھے۔ تو
ہارون رشید کے دربانوں سے
ایک دربان بولا میں اسے پسند
نہیں کرتا۔ امام قاضی ابو یوسف

انالا احبه فقال لفرون انه کفرفان تاب وسلم فبها والا فاضرب عنقه فتاب واستغفر حتی امن من القتل ذکره فی الظهیریة ....و والحاصل انه اذا استخف سنة اوحدیثا من احادیثه علیه الصلوٰة والسلام یکفر اھ ملخصاً بلفظہ

نے ہارون رشید سے فرمایا بے شک یہ کافر ہو چکا اگر وہ توبہ کرلے اور اسلام لائے فبہا ورنہ میں اس کی گردن اڑادونگا تو اس نے توبہ کی، استغفار کی اور قتل سے بچ گیا۔ یہ حکایت ظہیریہ میں مذکور ہے۔ خلاصہ یہ کہ جو جب آپ کی سنت اور آپ کی حدیثوں سے کسی حدیث شریف کی تخفیف کرے گا۔ وہ کافر ہو جائے گا

(تفسیر روح البیان ج ۲ ص ۴۸۰ / ۴۸۱)

(۱) اللہ تعالیٰ نے اس آیت ”ان الذین یؤذون اللہ ورسولہ“ میں حضور کی ایذا کو اپنی ایذا سے ملایا جیسا کہ حضور کی طاعت کو اپنی طاعت سے ملایا تو جس نے حضور کو ایذا دی اس نے اللہ تعالیٰ کو ایذا دی ”جیسا کہ صاف حضور سے ثابت ہے“ اور جس نے اللہ کو ایذا دی پس وہ کافر ہے۔ حلال الدم ہے۔ نیز اس چیز کی وضاحت اس سے بھی ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی محبت اور اپنے رسول کی محبت، اور اپنی رضا اور اپنے رسول کی رضا، اور اپنی طاعت اور

اپنے رسول کی طاعت کو ایک شئ بتایا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔
قل ان کان آباؤکم وابناؤکم واخوانکم وازواجکم وعشیرتکم واموال ن اقترفتموھا وتجارۃ تخشون کسادھا ومساکن ترضونھا احب الیکم من اللہ ورسولہ۔ الآیۃ (۲۴ توبہ)
نیز (بہت جگہ) فرمایا " واطیعوا اللہ والرسول" (۱۳۲ آل عمران)
نیز فرمایا واللہ ورسولہ احق ان یرضوہ" (آیت ۶۲ توبہ
یہاں ضمیر واحد کی لائے۔ نیز فرمایا "ان الذین یبایعونك انما یبایعون اللہ" (آیت ۱۰ فتح) نیز فرمایا "قل الانفال للہ والرسول" (۱ انفال) نیز فرمایا "من یحادد اللہ ورسولہ"۔ (۶۳ توبہ) نیز فرمایا "ومن یعص اللہ ورسولہ" ۱۴ النسا)
ان آیتوں کو نقل کرکے فریق مخالف کے سردار ابن تیمیہ نے لکھا۔

وفی ھذا وغیرہ بیان لتلازم الحقین وان جھۃ حرمۃ اللہ تعالیٰ ورسولہ جھۃ واحدۃ فمن اذی الرسول	یعنی ان آیتوں اور ان کے علاوہ اور ان آیتوں میں کہ جن میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اسم گرامی کو اللہ تعالیٰ نے اپنے نام پاک سے ملایا۔ احق خدا وحق

لہ کما بین شیخ الاسلام والمسلمین المجدد الامام احمد رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فی اول کتابہ المسمی "الکوکبۃ الشھابیۃ فی کفریات ابی الوھابیہ" ووضعت فی ہذا الموضوع بابا مستقلا فی کتابنا انوار القرآن ۱۲ منہ

فقد اذی اللہ
ومن اطاعہ
فقد اطاع اللہ
لان الامۃ لا
یصلون ما بینہم
وبین ربہم الا
بواسطۃ الرسول
لیس لاحد منہم
طریق غیرہ و
لا سبب سواہ
وقد اقامہ
اللہ مقام نفسہ
فی امرہ ونہیہ
واخبارہ
وبیانہ
فلا یجوز
ان یفرق
بین اللہ
ورسولہ

رسول کے تلازم کا بیان ہے اور
اس چیز کا بیان ہے کہ حرمت
(عزت) خدا و حرمت مصطفیٰ کی
جہت ایک ہی ہے۔ تو جس نے
رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ایذا
دی بیشک اس نے اللہ تعالیٰ کو
ایذا دی اور جس نے آپ کی اطاعت
کی اس نے اللہ کی فرمانبرداری
کی اس لئے کہ امت کو جو کچھ بھی
اللہ تعالیٰ سے ملتا ہے وہ رسول
علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہی واسطہ
سے ملتا ہے۔ ان میں سے کسی کیلئے
حضور کے بغیر نہ کوئی راستہ ہے اور
نہ کوئی اور سبب اور بیشک اللہ
تعالیٰ نے امر، نہی، اخبار، بیان
میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو
اپنی ذات کے قائم مقام مقرر فرمایا
ہے۔ اور اپنا جانشین کیا۔ لہذا
یہ جائز نہیں کہ ان امور میں سے

فی شئ من ھذہ الامور (الصارم المسلول ص۴۱)	کسی چیز میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے درمیان فرق کیا جائے

(۲) اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں ایذاء خدا و رسول کی سزا علیحدہ بیان کی اور مسلمان مردوں اور عورتوں کی ایذا کی سزا علیحدہ بیان کی۔ جب مسلمان مردوں و عورتوں کے ایذا کی آخری سزا فسق و جلد ہے (کوڑے لگانا) تو اللہ و رسول کے ایذا کی سزا اس کے اوپر قتل و کفر ہوئی۔

(۳) اس آیت میں موذیان خدا و رسول کی سزا یہ بیان کی گئی ہے۔ "لعنھم اللہ فی الدنیا والاخرۃ الخ کہ دنیا و آخرت میں ان پر لعنت ہے۔ لعنت کے معنی رحمت سے دور کرنا جس شخص کو اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں اپنی رحمت سے دور رکھے وہ کافر ہی ہوگا۔ مومن نہیں ہوسکتا اس لئے کہ مومن بعض اوقات رحمت کے قریب کیا جاتا ہے۔ لہذا وہ مباح الدم نہیں ہوگا اس لئے کہ حفاظت دم بھی اللہ کیطرف سے رحمت عظیمہ ہے۔ تو وہ موذی رسول کے حق میں ثابت نہ ہوگی۔ بلکہ موذی رسول کو قتل کرنا ہوگا۔ نیز اس کی تائید اس آیت سے ہوتی ہے۔

ومن یلعن اللہ فلن تجد لہ نصیراً (ر۵۲ نساء)	اور جسے خدا لعنت کرے تو ہرگز اس کا کوئی یار و مددگار نہ پائے گا

اور اللہ و رسول کا موذی معصوم الدم ہوتا تو مسلمانوں پہ اس کی نصرت واجب ہوتی اور اس کا نصیر ہوتا۔

(۴) موذیان خدا اور رسول کی سزا میں یہ الفاظ قرآنیہ بھی ہیں "فاعد لهم عذابا مهینا" اور عذاب مہین کی دھمکی قرآن کریم میں صرف کفار کے حق میں آئی ہے۔ تو معلوم ہوا حضور کا موذی کافر ہے۔

"ہاں عذاب عظیم" کی دھمکی کفار سے خاص نہیں

(۵) نیز اس ذکر سزا میں اعد کا لفظ ہے۔ جہنم کا تیار ہونا کفار ہی کے لئے ہے۔ رب نے فرمایا اعدت للکافرین کیونکہ وہ اس میں ضرور داخل ہوں گے۔ پھر ہرگز نہ نکلیں گے۔ مومن گنہگار بعض تو بوجہ مغفرت خداوندی کے داخل ہی نہ ہوں گے۔ بعض اگر داخل ہوں گے تو اس سے نکالے جائیں گے۔

۱۷ یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ (۲ حجرات پ ۲۶)

اے ایمان والو اپنی آوازیں اونچی نہ کرو اس غیب بتانے والے (نبی) کی آواز سے اور ان کے حضور بات چلا کر نہ کہو جیسے آپس میں ایک دوسرے کے سامنے چلاتے ہو کہ کہیں تمہارے عمل برباد نہ ہو جائیں اور تمہیں خبر نہ ہو

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو دو چیزوں سے منع فرمایا۔ ایک محبوب خدا کی آواز پہ آواز بلند کرنا۔ دوسری یہ کہ محبوب خدا سے چلا کے بات کرنا جس طرح تم آپس میں ایک دوسرے سے چلاتے ہو

اور اس ممانعت کی علت بتائی کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارے سب اعمال ضائع و برباد ہو جائیں۔ اور سب عملوں کا ضائع و برباد ہونا کفر ہی سے ہوتا ہے۔ تو جب نبی کی آواز پہ آواز بلند کرنے اور ان سے چلانے سے اس بات کا خوف ہو کہ وہ بندہ بے خبری میں کافر ہو جائے اور اس کے سب عمل ضائع ہو جائیں۔ کیونکہ ایسی حرکتوں سے کفر و تضییع عمل کا ظن ہے۔ اور ایسی حرکتیں کفر و تضییع عمل کا سبب ہیں۔ تو یہ کیوں ہوتا ہے۔ اس لئے کہ نبی پاک کی تعظیم، توقیر تشریف، اکرام، اجلال، لازم ہے۔ اور اس لئے ہوا کہ بعض اوقات آواز بلند کرنا اور چلانا ایذا و استخفاف نبی پہ مشتمل ہوگا۔ اگرچہ آواز بلند کرنے اور چلانے والا اس (ایذا نبی) کا ارادہ بھی نہ رکھتا ہو۔ جب ایذا و استخفاف نبی بے ادبی کے ضمن میں بغیر قصد و ارادہ کے بھی کفر ہے تو پھر وہ ایذا یا استخفاف نبی جو قصدا ہو۔ جان بوجھ کر ہو وہ بطریق اولیٰ کفر ہوگا۔

۱۸ یا ایھا الذین آمنوا لا تقولوا راعنا وقولوا انظرنا واسمعوا وللکفرین عذاب الیم۔

پ۱ بقرۃ ۱۰۴ ع۱۳

اے ایمان والو راعنا نہ کہو اور یوں عرض کرو کہ حضور ہم پر نظر رکھیں اور پہلے ہی سے بغور سنو (تاکہ یہ عرض کرنے کی ضرورت نہ ہو کہ حضور توجہ فرماویں) اور کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے۔

"شان نزول" جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کو کچھ تعلیم و تلقین فرماتے تو وہ کبھی کبھی درمیان میں عرض کیا کرتے "راعنا یارسول اللہ" اس کے یہ معنی تھے کہ یارسول اللہ ہمارے حال کی رعایت فرمائیے۔ یعنی کلام اقدس کو اچھی طرح سمجھ لینے کا موقعہ دیجئے۔ یہود کی لغت میں یہ کلمہ بے ادبی کے معنیٰ رکھتا تھا۔ انہوں نے اُس نیت سے کہنا شروع کیا۔ حضرت سعد بن معاذ یہود کی اصطلاح سے واقف تھے۔ آپ نے ایک روز یہ کلمہ ان کی زبان سے سُن کر فرمایا اے دشمنان خدا تم پر اللہ کی لعنت اگر میں نے اب کسی کی زبان سے یہ کلمہ سنا تو اس کی گردن ماردوں گا۔ یہود نے کہا ہم پر تو آپ برہم ہوتے ہیں مسلمان بھی تو یہی کہتے ہیں۔ اس پر آپ رنجیدہ ہوکر خدمت اقدس میں حاضر ہوتے تھے۔ کہ یہ آیت نازل ہوئی جس میں "راعنا" کہنے کی رکاوٹ فرمادی گئی۔ اور اس معنی کا دوسرا لفظ "انظرنا" کہنے کا حکم ہوا۔ اس سے کئی مسئلے معلوم ہوئے۔

(۱) انبیاء کی تعظیم و توقیر اور ان کی جناب میں کلمات ادب عرض کرنا فرض ہے۔ اور جس کلمہ میں ترک ادب کا شائبہ ہو وہ بھی زبان پر لانا ممنوع و حرام ہے۔ اگرچہ توہین کی نیت نہ ہو۔

(۲) "واسمعوا" سے معلوم ہوا کہ دربار نبی میں آدمی کو ادب کے اعلیٰ مراتب کا لحاظ لازم ہے۔

(۳) "للکٰفرین" میں اشارہ ہے کہ انبیاء کرام کی جناب میں بے ادبی

بلکا لفظ، مشترک کلمہ کہ جس میں بے ادبی کا ذرہ برابر شائبہ ہو۔ بولنا کفر ہے

ع۱۹ من کان عدوا للہ وملائکتہ ورسلہ وجبریل ومیکل فان اللہ عدو للکفرین (پ۱ بقرہ ۹۸ ع۱۲)

جو کوئی دشمن ہو اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں اور جبریل اور میکائیل کا تو اللہ دشمن ہے کافروں کا۔

سیدنا صدر الا فاضل رحمہ اللہ تعالیٰ تفسیر خزائن العرفان میں اس آیت کے تحت رقمطراز ہیں۔ "اس سے معلوم ہوا کہ انبیاء و ملائکہ کی عداوت کفر اور غضب الٰہی کا سبب ہے۔ اور محبوبان حق سے دشمنی خدا سے دشمنی کرنا ہے۔"

امام ابو شکور سالمی حنفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ "تمہید شریف کے ص۱۱۲ پر فرماتے ہیں۔

من ذکر نبیا او ملکا بالحقارۃ فانہ یصیر کافرا الدلیل علیہ قولہ تعالیٰ من کان عدوا للہ (الآیۃ)

جو کسی نبی یا کسی فرشتہ کو حقارت سے ذکر کرے بے شک وہ کافر ہو جائے گا۔ اس پہ دلیل یہ فرمان خداوندی ہے۔ من کان عدوا للہ الخ

ع۲۰ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

ان شانئک ھو الابتر پ۳۰ کوثر

بے شک جو تمہارا دشمن ہے وہی ہر خیر سے محروم ہے (کنز الایمان)

اس کے علاوہ اور بہت سی آیتوں سے یہ ثابت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی توہین و بے ادبی کرنے والا کافر ہے۔ مستحق قتل ہے۔ ہاں ان کے بڑے کی گواہی پیش کر دوں۔ ابن تیمیہ نے لکھا ہے

واما الآیات الدالات علی کفر الشاتم وقتلہ او علی احدھما اذا لم یکن معاھدا وان کان مظھرا للاسلام فکثیرۃ مع ان ھذا مجمع علیہ کما تقدم حکایۃ الاجماع عن غیر واحد۔

بہر حال وہ آیتیں بہت ہیں جو شاتم رسول کے کفر اور اس کے قتل یا ان میں سے کسی ایک پر دلالت کرتی ہیں۔ جبکہ وہ گستاخ ذمی نہ ہو اگرچہ بظاہر مسلمان کہلاتا ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ مسئلہ بالکل اتفاقی و اجماعی ہے۔ جیساکہ اجماع کی نقول بہت سے افراد و ائمہ سے گذریں۔

الصارم المسلول ص ۲۶

فصل دوم

احادیث شریفہ سے اس کا ثبوت کہ نبی کا بے ادب کافر ہے مستحق قتل ہے

(۱) حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ حضور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من سبّ الانبیاء قتل ومن سب اصحابی جلد۔ رواہ الطبرانی فی الکبیر۔ الجامع الصغیر للسیوطی ج ۲ ص ۱۷۳

جس نے انبیا کو سب بکا وہ قتل کیا جائے گا۔ اور جس نے میرے صحابہ کو سب بکا اسے کوڑے لگائے جائیں گے۔

فتح الکبیر ج ۳ ص ۱۹۶ - رواہ الطبرانی فی الکبیر والاوسط والاصغر۔ (فیض القدیر ج ۶ ص ۱۴۷)

---

[۱] لے سب نبیا من الانبیاء (قتل) لانه صار مرتدا .... واذا اسلم .... قال ابوبکر الفارسی یصح اسلامه ویقتل حداً .... وادعی فیه الاجماع ووافقه القفال وصوبه الدمیری اھ ملخصاً - السراج المنیر ج ۳ ص ۳۶۳ - قال القیصری ایذاء الانبیاء بسب او غیرہ کعیب شیء منهم کفر حتی من قال فی النبی ثوبه وسخ یرید بذالک عیبه قتل کفلا لاحد ولا تقبل توبته عند جمع من العلماء .... (ومن سب اصحابی جلد) تعزیرا ولا یقتل خلافا لبعض منا فی ساب الشیخین ولبعض فیهما والحسنین - فیض القدیر ج ۶ ص ۱۴۷ - ولبعض المالکیة

قال الامام ابن همام الحنفی منا" وفی الروافض ان من فضل علیاً (بقیہ حاشیہ بر ص ۸۵۱)

ایک اور روایت میں یوں ہے۔

"من سب نبیا قتل ومن سب اصحابہ جلد"

جس نے نبی کو سب بکا وہ قتل کیا جائے گا۔ اور جس نے اصحابِ حضور کو سب بکا اسے کوڑے لگائے جائیں گے۔

(رواہ ابو محمد الخلال۔ وابو القاسم الازجی)

الصارم المسلول لابن تیمیہ ص۹۲

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ)

علی الثلاثۃ فمبتدع وان انکر خلافۃ الصدیق او عمر رضی اللہ عنہما فھو کافر۔ فتح القدیر ج ۱ ص ۲۴۸ باب الامامۃ۔ وقال الشیخ العلامہ حسن بن عمار الشرنبلالی الحنفی" شروط صحۃ الامامۃ ... ستۃ اشیاء الاسلام ..... فلا تصح امامۃ منکر البعث او خلافۃ الصدیق او صحبتہ او یسب الشیخین او ینکر الشفاعۃ (کالوہابی المنکر للشفاعۃ قمر الاقمار لمولانا عبد الحلیم اللکھنوی والد عبد الحی علی ہامش نور الانوار ص۲۴۷ حاشیہ ۱۳۔ ان کے امام اسمٰعیل نے تقویۃ الایمان کے ص۷ ص۵۹ پر شفارش وحمایت کا انکار کیا ہے۔ الفیضی) او نحو ذلک فمن یظہر الاسلام مع ظہور صفۃ المکفرۃ لہ اھ ملخصاً مراقی الفلاح علی ہامش الطحطاوی ص۱۷۲ طبع مصر۔ وقال العلامہ المحقق الطحطاوی الحنفی" فلا تجوز الصلاۃ خلف من ینکر شفاعۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ..... لانہ کافر ... وان انکر خلافۃ الصدیق کفر ... والحق فی الفتح عمر بالصدیق فی ھذا الحکم والحق فی البرہان عثمان بہما ایضاً (بقیہ حاشیہ بر ص۸۵۲)

ایک اور روایت میں یوں ہے "من سب نبیا فاقتلوہ ومن سب اصحابی فاجلدوہ" رواہ ابوذر الہروی ۔ الصارم المسلول ص ۹۲/۹۳	جس نے نبی کو سب و شتم کیا تو اسے قتل کرو اور جس نے میرے صحابہ کو سب کیا اسے کوڑے لگاؤ ۔

ولا تجوز الصلاۃ خلف منکر صحبۃ الصدیق او من یسب الشیخین اھ ملخصاً ۔ طحطاوی علی مراقی الفلاح ص۱۸۱ وسب اصحاب الرسول (ای لیس بکفر) وتقیدھم المحشی بغیر الشیخین لما سیأتی فی باب المرتد ان سابھما او احدھما کافر، ونقلہ الشامی علی الملاقۃ، رد المحتار ج ۱ ص ۱۵۴، وفی الفتح عن الخلاصۃ من انکر خلافۃ الصدیق او عمر فھو کافر اھ ولعل المراد انکار استحقاقھما الخلافۃ فھو مخالف لاجماع الصحابۃ لا انکار وجودھا لما بحر وینبغی تقیید الکفر بانکار الخلافۃ بما اذا لم یکن عن شبھۃ کما مر عن شرح المنیۃ بخلاف انکار صحبۃ الصدیق تامل اھ رد المحتار ج ۱ ص ۱۵۴ ۔

قطب عالم حضرت قبلہ مخدوم جہانیاں جہاں گشت اوچی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا" وہ (روافض عرب) حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت ابوبکر و عمر و عثمان واصحاب دیگر رضی اللہ عنہم اجمعین پر تفضیل دیتے ہیں ۔ ان کے منکر نہیں ہیں ۔ اور اگر منکر ہوں تو لا تو قتل کے ہو جائیں گو شریف (سید) ہی کیوں نہ ہوں" جامع العلوم فی ملفوظ المخدوم ج ا ص ۲۶۵/۲۶۶ ۔ قال الحسن بن الفضل من قال ان ابابکر لم یکن صاحب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فھو کافر لانکارہ نص القرآن وفی سائر الصحابۃ اذا انکر یکون مبتدعا لا کافراً (لا تحزن ان اللہ معنا) معیۃ غیر متکیفۃ قال الشیخ الاجل الشہید مظہر فیوض الرحمن مرزا جان جاناں رحمہ اللہ تعالیٰ رحمۃ واسعۃ کفی لابی بکر (بقیہ حاشیہ بر ص ۸۵۳)

ایک اور روایت میں یوں ہے۔

من سب نبیا فاقتلوہ ومن سب اصحابی فاضربوہ رواہ القاضی عیاض، شفا شریف ج ۲ ص ۲۱۲	جس نے کسی نبی کو سب بکا تو اسے قتل کرو اور جس نے میرے صحابہ کو سب کیا اسے مارو۔

ایک اور روایت میں یوں ہے۔

من شتم نبیا قتل ومن شتم اصحاب النبی حدّ تمہید ابی شکور سالمی ص ۱۱۲	جس نے کسی نبی کو گالی دی قتل کیا جائے گا اور جس نے اصحاب نبی کو گالی دی حد لگائی جائے گی

(۲) حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

من سب علیا فقد سبنی ومن سبنی	جس نے (حضرت) علی (کرم اللہ تعالیٰ وجہہ) کو سب بکا بیشک اس نے مجھے سب بکا اور جس نے

(بقیہ حاشیہ گذشتہ ص ۸۵۲) فضلاً ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اثبت لابی بکر معیۃ اللہ سبحانہ التی اثبتہا لنفسہ بلا تفاوت فمن انکر فضل ابی بکر انکر ہذہ الآیۃ الکریمۃ وکفر اھ تفسیر مظہری ج ۴ ص ۲۰۰ اس کی زیادہ تحقیق اعلیحضرت مجدد بریلوی کے رسالہ "ردالرفضہ" میں ملاحظہ ہو۔ اب دیوبندیوں کی شیعوں کے ساتھ نرمی درج ذیل عبارت سے ملاحظہ ہو "اور جو شخص صحابہ کرام میں سے کسی کی تکفیر کرے وہ ملعون ہے۔ ایسے شخص کو امام مسجد بنانا حرام ہے اور وہ اپنے اس کبیرہ کے سبب سنت جماعت سے خارج نہ ہوگا۔ ھ

ھ فتاویٰ رشیدیہ ج ۲ ص ۱۴۱ ۱۲ منہ

فقد سب اللہ	مجھے سب بکا بیشک اس نے اللہ تعالیٰ کو سب بکا
رواہ الامام احمد فی مسندہ	

والحاکم فی مستدرکہ۔ حدیث صحیح، الجامع الصغیر ج ۲ ص ۱۴۳۔ فتح الکبیر ج ۳ ص ۱۹۶

(۳) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من آذی شعرۃ منی فقد آذانی ومن آذانی فقد آذی اللہ	جس نے میرے بال کو ایذا دی اس نے مجھے ایذا دی اور جس نے مجھے ایذا دی اس نے اللہ تعالیٰ کو ایذا دی۔ تو اس پر آسمان و زمین کی مقدار کے برابر اللہ کی لعنت ہو۔
رواہ ابن عساکر الجامع الصغیر ج ۲ ص ۱۵۸۔ فتح الکبیر ج ۳ ص ۱۴۴	

وزاد ابونعیم والدیلمی" فعلیہ لعنۃ اللہ ملأ السماء وملأ الارض"

فیض القدیر ج ۶ ص ۱۹ قالہ وھو آخذ بشعرہ کما افادہ المناوی

(۴) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

من لکعب بن الاشرف فانہ قد آذی اللہ ورسولہ[1]	کعب بن اشرف کو قتل کرنے کیلئے کون تیار ہوتا ہے کیونکہ اس نے اللہ اور اسکے رسول کو ایذا دی ہے

---

[1] قال النووی لانہ نقض عہد النبی صلی اللہ علیہ وسلم وہجاہ وسبہ" نووی شرح صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۱۰۔ قولہ ورسولہ بہجائہ لہ کذا فی القسطلانی ۱۲ منہ حاشیہ بخاری ج ۲ ص ۵۷۶

حضرت محمد بن مسلمہ کھڑے ہوگئے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اتحب ان اقتلہ	کیا آپ کو یہ پسند ہے کہ میں اسے قتل کروں۔ حضور نے فرمایا ہاں

اس پر محمد بن مسلمہ نے عرض کی کہ مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس سے ہیرا پھیری کی بات کروں۔ (یعنی ڈھال کی بات کروں) حضور نے فرمایا ہاں اجازت ہے۔ تو محمد بن مسلمہ کعب کے پاس آئے اور اس سے کہنے لگے کہ اس مرد (مراد اس سے حضور تھے۔) نے ہم سے صدقہ مانگا ہے۔ اور ہمیں مشقت میں ڈالدیا ہے۔ اور میں تیرے پاس قرضہ مانگنے آیا ہوں۔ کعب نے کہا اللہ کی قسم تم اس (مراد حضور) سے اور بھی زیادہ ملال میں پڑ دگے۔ محمد نے کہا ہم چونکہ اس کی اتباع کر چکے ہیں۔ لہذا ہم یہ نہیں چاہتے کہ اس کو چھوڑ دیں حتی کہ دیکھیں کہ اس کا کیا انجام ہو گا۔ محمد نے کہا میں نے یہ ارادہ کیا ہے۔ کہ تو مجھے قرض دیدے کعب نے کہا کہ رہن (گروی) کیا رکھے گا۔ انہوں نے کہا تیرا کیا ارادہ ہے۔ کعب نے کہا تم اپنی عورتیں میرے ہاں گروی رکھو۔ انہوں نے جواب دیا کہ تو سب عرب والوں سے زیادہ حسین ہے۔ کیا تیرے ہاں اپنی عورتیں گروی رکھیں۔ کعب نے ان سے کہا تو اپنی اولاد میرے ہاں گروی رکھو محمد نے جواب دیا کہ ہمارے بیٹوں کو یہ طعنہ دیا جائے گا۔ کہ فلاں دو وسق (عرب کا ایک پیمانہ ہے) کھجور میں گروی رکھا گیا تھا۔ تو یہ ہم پہ عار ہے۔ ہاں ہم تیرے

ہاں ہتھیار گروی رکھیں گے ۔ کعب نے کہا اچھا ٹھیک ہے ۔ پھر اس سے عہد باندھا کہ وہ اس کے پاس ۔ حارث اور ابوعبس اور عباد بن بشیر کو بھی لیکے آئے گا ۔ راوی نے کہا کہ یہ سب رات کو کعب کے پاس پہنچے اور اس کو بلایا وہ ان کی طرف اترا کعب کی بیوی نے اس سے کہا کہ میں ایسی آواز سنتی ہوں گویا کہ وہ خون بہانے والے کی آواز ہے ۔ کعب نے جواب دیا کہ یہ تو محمد اور اس کا دودھ شریک بھائی ابونائلہ ہے ۔ بے شک کریم کو رات کے وقت اگر نیزے کی ضرب کے لئے بھی بلایا جائے تب بھی جواب دے گا ۔ محمد نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ جب وہ آئے گا میں اپنا ہاتھ اس کے سر کی طرف بڑھاؤں گا پھر میں جب اس سے قابو پا جاؤں تو تم ہوشیاری سے اپنی تلواریں لیکر اس کو مار دینا ۔ راوی نے کہا کہ جب وہ اترا اس حال میں کہ بغل سے نیچے کپڑا نکال کر کندھے پہ ڈالے ہوئے تھا ۔ تو انہوں نے کہا کہ ہم تیرے سے خوشبو محسوس کرتے ہیں ۔ کہنے لگا ہاں مستورات عرب سے زیادہ خوشبو والی میرے نیچے ہے ۔ محمد نے کہا کیا مجھے اجازت ہے ۔ کہ میں تیرے سر کو سونگھ لوں اس نے کہا ہاں تو محمد نے سونگھا اور اپنے ساتھیوں کو بھی سونگھایا پھر کہا کہ (دوبارہ) مجھے اجازت ہے کہنے لگا ہاں پھر آپ نے سونگھا اور قابو پا گئے ۔ ساتھیوں سے کہا اسے قتل کر دو تو انہوں نے قتل کر دیا ۔ پھر حضور کے پاس آکر اس واقعہ کی خبر دی (صحیح بخاری ج ۲ صفحہ ۵۷۶ و صحیح مسلم ج ۲ صفحہ ۱۱۰)

اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ حضور کو سبّ کرنا (نعوذ باللہ) صرف حضور کو ایذا پہنچانا نہیں بلکہ اللہ کو بھی ایذا پہنچانا ہے۔ کعب نے حضور کو سب کیا لیکن حضور نے فرمایا۔ فانہ اذی اللہ تعالیٰ ورسولہ اس نے اللہ و رسول کو ایذا دی ہے۔ اور یہ بھی ثابت ہوا کہ حضور کا گستاخ مستحق قتل ہے۔

ع۵ حضرت براء سے روایت ہے کہ حضور نے ابورافع کے ہاں چند انصاری نوجوانوں کو بھیج کر اسے قتل کرایا۔

کیوں اس لئے کہ

کان ابورافع یوذی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔۔ ابورافع حضور کو ایذا دیتا تھا۔

صحیح بخاری ج ۲ ص ۵۷۷

ع۶ حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ ایک نابینا کی لونڈی ام ولد تھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سب و شتم کرتی اندھے نے اسے روکا وہ باز نہ آئی اندھے نے اسے جھڑکا وہ نہ رکی۔ ایک رات وہ لونڈی حضور کی گستاخی و بے ادبی کرنے لگی تو اندھے نے مغول (ہلاک کرنے کا ایک ہتھیار، لمبا بیکار۔ گپتی۔ ایک قسم کی تلوار) لایا اور اس عورت کے پیٹ میں رکھا اور خود اس کے اوپر چڑھ گیا۔ اس عورت کو قتل کر دیا۔ پس جب صبح ہوئی حضور کی خدمت میں یہ واقعہ ذکر کیا گیا۔ حضور نے لوگوں کو جمع کیا پھر فرمایا میں اس مرد کو قسم ڈالتا ہوں کہ کھڑا ہو جائے جس نے کیا جو کچھ کیا میرا اس پہ حق ہے

دکہ میری اطاعت کرے، تو وہ اندھا کھڑا ہو گیا۔ لوگوں کو پھاندتا ہوا اس حال میں آیا کہ خوف سے کانپتا تھا۔ حتی کہ حضور کے آگے بیٹھ گیا۔ عرض کرنے لگا یا رسول اللہ اس لونڈی کا مالک میں ہوں اور میں نے اس کا کام تمام کیا ہے۔ وہ آپ کو گالیاں دیتی تھی میں نے اسے روکا نہ رکی میں نے اسے جھڑکا وہ باز نہ آئی اس سے میرے دو بیٹے ہیں۔ موتیوں کی طرح۔ اور وہ میری رفیقہ تھی۔ گذشتہ رات آپ کی گستاخی میں شروع ہوئی میں نے معول (تلوار) اٹھائی اور اس کو اس کے پیٹ میں رکھا اور خود اوپر چڑھ گیا۔ حتی کہ میں نے اسے قتل کر دیا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا (اے حاضرین مجلس) خبردار تم گواہ ہو جاؤ اس عورت کا خون رائیگاں ہے۔ (یعنی نابینا نے ٹھیک کیا موذی رسول قتل کرنے ہی کے قابل ہے۔ اس کے خون کا بدلہ نہیں لیا جائے گا۔ اس لعین کا خون ضائع جائے گا۔ سنن ابی داؤد طبع مجیدی کانپور ج ۲ ص ۲۴۳۔ کتاب الحدود باب الحکم فیمن سب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ سنن نسائی مجتبیٰ ج ۲ ص ۱۵۱ طبع نور محمد کتاب المحاربۃ باب الحکم فیمن سب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

۷۔ حضرت علی سے روایت ہے کہ ایک یہودیہ حضور کی گستاخی (بے ادبی کرتی تھی تو ایک مرد نے اس کا گلا گھونٹا یہاں تک کہ وہ مر گئی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کا خون باطل کیا کہ وہ رائیگاں گیا۔ بدلہ نہ لیا جائے گا۔ سنن ابی داؤد ج ۲ ص ۲۴۲۔ مشکوٰۃ شریف ص ۳۰۸

باب قتل اہل الردۃ فصل ثانی۔ اس کے علاوہ بہت سی حدیثیں اس موضوع پر پیش کی جاسکتی ہیں۔ میں انہیں پہ اس فصل کو ختم کرتا ہوں۔

(فصل سوم)

اجماع امت واقوال آئمہ دین وملت سے اس کا ثبوت کہ حضور گستاخ کافر ہے مرتد ہے۔ واجب القتل ہے۔ اس کی توبہ منظور نہیں بایں معنی کہ وہ قتل سے بچ جائے۔

ع۱ امام قاضی عیاض مالکی متوفی ۵۴۴ھ ارقام فرماتے ہیں۔

اجمعت الامۃ علی قتل متنقصہ من المسلمین وسابّہ	مسلمانوں سے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی تنقیص کرنے والے اور گالی دینے والے کے قتل کرنے پر ساری امت کا اجماع واتفاق ہے۔

شفا شریف ج ۲ ص ۲۰۴ قسم رابع نسیم الریاض ج ص
شرح شفا لعلی القاری ج ص الصارم المسلول ص ۳

ع۲ نیز امام قاضی عیاض ادامہ اللہ تعالیٰ فی الریاض نے ارشاد فرمایا ہے

ان جمیع من سب[1] النبی صلی اللہ علیہ وسلم او عابہ او الحق[2] بہ نقصا فی نفسہ[3] او نسبہ[4] او دینہ[5] او خصلۃ[6] من خصالہ او عرض[7] بہ او شبہہ

یعنی بے شک ہر وہ شخص کہ جس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سب بکا یا آپ کو عیب لگایا (عیب لگانا سب سے عام ہے۔ بیشک وہ کہ جس نے کہا کہ فلاں حضور علیہ السلام سے زیادہ علم والا ہے تحقیق اس نے حضور کو عیب لگایا اور آپ کی تنقیص کی حالانکہ یہ سب نہیں) یا آپ کی ذات میں یا آپ کی صفات میں یا آپ کے نسب میں یا آپ کے دین اور سیرت اور حکومت میں یا آپ کی خصلتوں میں سے کسی خصلت میں نقص لاحق کیا۔

[1] اے شتمہ ۱۲ ق [2] ھو اعم من السب فان من قال فلان اعلم منہ صلی اللہ علیہ وسلم فقد عابہ و نقصہ ولم یسبہ۔ نسیم۔
[3] اے ذاتہ او صفاتہ ۱۲ ق واذا مما یتعلق بخلقہ وخلقتہ۔ نسیم۔
[4] کان یفضل احدا علی قومہ واصولہ۔ نسیم۔
[5] اے شریعتہ وسیرتہ وحکوماتہ ق۔ [6] اے حالۃ من حالاتہ او کلمۃ من مقالاتہ۔ ق وصفۃ من صفاتہ کشجاعتہ وکرمہ۔ نسیم۔ سواء صرح بہ۔ ق
[7] اے قال فی حقہ علیہ الصلوۃ والسلام مالا یلیق تعریضا لا تصریحا۔ نسیم۔

بشیء[۸] علیٰ طریق السب له او الازراء علیه[۹] او التصغیر لشانه[۱۰] او الغض منه[۱۱] والعیب له فهو ساب له[۱۲] والحکم فیه حکم الساب یقتل[۱۳] .... تصریحاً کان[۱۴] او تلویحاً

ان چیزوں کی تصریح کی یا اشارہ سے کہا یا بطریق سب آپ کو کسی غیر حسن چیز سے تشبیہ دی یا آپ کے حق میں تحقیر اور استخفاف کیا یا آپ کی قدر و منزلت و شان میں تحقیر و تصغیر و کمی کی یا آپ کی اقل تنقیص کی نقص قلیل لاحق کیا اور آپ کی طرف عیب منسوب کیا تو وہ بھی ساب (گالی دینے والا) ہے۔ اور اس پہ بھی ساب کا حکم جاری ہوگا وہ یہ کہ اس کو قتل کیا جائے گا آپ کی شان میں

---

۸ غیر حسن۔ نسیم۔ ۹ ای احتقارا به واستخفافا بحقه۔ ق ای التنقیص له والم یکن قصد السب۔ نسیم۔ ۱۰ ای الاحتقار لعظیم قدره ق۔ ای تحقیره کتصغیر اسمه او صفة من صفاته۔ نسیم۔ ۱۱ بمعنی اقل تنقیص.... فارید به مطلق النقص القلیل۔ نسیم۔ ۱۲ بکل واحد مما ذکر ق ۱۲ ق سے مراد ملا علی قاری شرح شفا کی تفسیر ہے۔ اور نسیم سے مراد نسیم الریاض شرح شفا عیاض ہے۔ الفیضی بقلمہ۔ ۱۳ ای اجماعا۔ ق ۱۲ ۱۴ السب۔ نسیم ۱۲ ۔

وكذلك من
لعنه او دعا
عليه او
تمنى مضرة
له او نسب
اليه ما لا
يليق بمنصبه[1]
على طريق
الذم او عبث
في جهته العزيزة[2]
بسخف[3] من الكلام
وهجر[4] ومنكر من
القول وزور او
عيره[5] بشيء
مما جرى

سب بکنا صراحۃً ہو یا اشارۃً
(بہر صورت قائل کو قتل کیا جائے
گا۔) اور یہی حکم اس کا ہے جو
آپ پر لعنت کرے (اللہ اللہ
اللہ کی پناہ معاذ اللہ العیاذ باللہ
نعوذ باللہ) یا آپ پر بد دعا
کرے (معاذ اللہ، العیاذ باللہ)
یا آپ کے نقصان کی تمنا کرے
یا بطریق ذم اس چیز کو آپ کی
طرف منسوب کرے جو آپ کے
منصب کے لائق نہ ہو، یا رذیل
کلام اور قبیح ومنکر وجھوٹے قول
سے آپ کی متعلقہ چیز سے عبث
(کھیل کود، مذاق) کرے۔
یا ان چیزوں میں سے کسی چیز سے

[1] اے بمقامه الشریف ومکانه المنیف۔ ق ۱۲۔ [2] اے بشیٔ له تعلق بجانبه الشریف۔ نسیم ۱۲۔ [3] اے رذل نسیم ۱۲۔
[4] فحش وقبیح ۱۲۔ [5] عابه۔ ق ۱۲

من البلاء والمحنة علیه[1] او غمصه[2] ببعض العوارض البشریة الجائزة[3] علیه المعهودة[4] لدیه وهذا کله اجماع من العلماء[5] وائمة الفتوی[6] من لدن الصحابة رضوان اللہ علیهم الی هلم جرا[7]

آپ پر عیب لگائے جو آزمائشوں اور محنتوں سے آپ پر جاری ہوئیں جیسے فقر اختیاری ہوا اور دانتوں کے کناروں کا شہید ہونا وغیرہما) یا بعض عوارض بشریہ جائزہ کی وجہ سے آپ کی تحقیر و تنقیص کرے۔ اس سب کے سب پر (یعنی مذکورہ چیزوں میں سے کسی چیز کے مرتکب پر کفر و قتل کے فتوی پر تمام علماء مفسرین و محدثین اور ائمہ فتوی اصحابہ کرام سے لیکر اس وقت تک سب کا اجماع و اتفاق ہے

شفا شریف ج ۲ ص ۲۰۶/۲۰۷ طبع قدیم ، الصارم المسلول ص ۵۲۵

---

[1] کالفقر والکسر وغیرهما ق ۱۲ - [2] ای حقره - ق ای نقص من قدره، صلی اللہ تعالی علیه وآله وسلم - نسیم ۱۲ [3] کالامراض - نسیم ۱۲ -
[4] الذی ذکرنا - ق - غیر جائز موجب للعقاب فی الدارین - نسیم ۱۲
[5] من المفسرین والمحدثین - ق ۱۲ - [6] من فقهاء المذاهب معروف متواتر بلینهم - نسیم ۱۲
[7] ای استمر الاجماع واتصل من عصرهم الی الآن - ق : وزاد الخفاجی بعده ای الی آخر الزمان وانقضاء الدول وان عصرا بعد عصر وقرنا بعد قرن بلا خلاف فیه .... ثم قال بعد .... ان هذه العبارة منقولة عن الائمة کلهم کما فی "السیف المسلول علی من سب الرسول" للسبکی نسیم الریاض ج ۴ ص ۳۳۷ طبع مصر ۱۲ منه

۳ء امام ابوبکر بن المنذر محمد بن ابراہیم النیسابوری نے فرمایا۔

اجمع عوام اھل العلم (ای کلھم۔ق) علی من سب النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقتل (مطلقا نسیم) وممن قال ذلک مالک بن انس واللیث واحمد واسحق وھو مذھب الشافعی ۔۔۔۔ (وھو مقتضی قول ابی بکر ۔ ھذا کلام القاضی) ۔۔۔۔ ولا تقبل توبتہ عند ھؤلاء وبمثلہ (ای بمثل قول ھؤلاء بوجوب القتل نسیم) قال ابوحنیفۃ (ای نصا منہ ۔ ق) واصحابہ (محمد وابویوسف وزفر واھل مذھبہ نسیم) والثوری واھل الکوفۃ (ای جمیعھم ۔ ق) والاوزاعی فی المسلمین

یعنی سب اہل علم کا اس بات پر اجماع واتفاق ہے کہ جس نے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سب بکا وہ قتل کیا جائے گا۔ جنہوں نے یہ فتویٰ دیا۔ ان میں سے امام مالک اور لیث اور امام احمد اور اسحاق ہیں۔ اور یہی ہے مذہب امام شافعی کا اور یہی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قول کا مقتضی ہے۔ اور ان ائمہ کے نزدیک اس (گستاخ نبی) کی توبہ مقبول نہیں۔ اور اسی طرح فرمایا ہے۔ امام ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب (امام محمد و ابو یوسف و زفر اور ان کے اہل مذہب) اور ثوری اور سب اہل کوفہ اور امام اوزاعی نے (جبکہ مسلمانوں سے کوئی مسلمان اس جرم کا مرتکب ہو)

لکنہم قالوا هی ردة	لیکن یہ حضرات فرماتے ہیں یہ (سب نبی) ارتداد ہے، مرتد بنتا ہے

شفا شریف للامام القاضی عیاض ج ۲ ص ۲۰۷ واللفظ لہ۔ الصارم المسلول ص ۳ ۔ رد المحتار ج ۳ ص ۳۱۸ للشامی الحنفی ۔

۴ نیز امام قاضی عیاض رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ۔

لا نعلم خلافا فی استباحة دمه بین علماء الامصار وسلف الامة وقد ذکر غیر واحد الاجماع علی قتله وتکفیره	یعنی گستاخ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مباح الدم (یعنی اس کا قتل کرنا جائز ہے۔) ہونے میں علماء زمانہ اور سلف امت میں سے کسی کا خلاف نہیں اور بہت سے اماموں نے اس موذی نبی کے قتل وتکفیر پر اجماع ذکر کیا ہے۔

شفا شریف ج ۲ ص ۲۰۷

۵ امام محمد بن امام سحنون مالکی المحدث متوفی ۲۶۵ھ نے فرمایا

اجمع العلماء (ای علماء الاعصار فی جمیع الامصار - ق) علی ان شاتم النبی صلی اللہ علیہ وسلم	یعنی سب علماء کا اس پر اتفاق واجماع ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو گالی دینے والا، آپ کی تنقیص (بے ادبی کرنے والا) کافر ہے

والمتنقص له کافر	اور عذاب اللہ کی وعید (دھمکی)
والوعید جار	اس پر جاری ہے اور ساری امت
علیہ بعذاب اللہ	کے نزدیک اس کا حکم قتل ہے۔
له وحکمه عند الامة	(یعنی اسے قتل کردو) اور جو اس
القتل ومن شك فی کفرہ	(گستاخ نبی) کے کفر میں شک
وعذابه کفر (لان الرضی بالکفر کفر)	کرے گا وہ خود کافر ہو جائے گا

جائز

نسیم الریاض۔) شفا شریف ج ۲ ص ۲۰۸۔ نسیم الریاض و شرح شفا للقاری ج ۴ ص ۳۳۸۔ اکفار الملحدین للکشمیری ونہم ص ۵۱۔ الصارم المسلول ص ۴۔

ع ۶ امام ابو سلیمان خطابی[له] ممدوح امام نووی متوفی سنہ فرماتے ہیں

لا اعلم احداً	یعنی گستاخ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام
من المسلمین	جبکہ مسلمان ہو تو اس کے وجوب
اختلف فی وجوب	قتل میں مسلمانوں سے کوئی مسلمان
قتله اذا کان مسلماً	بھی مختلف نہیں۔

شفا شریف ج ۲ ص ۲۰۸۔ نقله فی الصارم المسلول الی قتله ص ۴ فتح القدیر ج ۴ ص ۴۰۷۔

ع ۷ امام ابن قاسم نے "العتبیة" میں امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل فرمایا

له وھو امام جلیل۔ نسیم الریاض ج ۴ ص ۳۴۰ ۱۲ منہ

من سبه او شتمه او عابه او تنقصه (اے نسب الیه نقصا وان لم یکن شتما کقوله غیرہ اعلم منه او اعقل کما مر نسیم) فانه یقتل وحکمه عند الامة (اے فی اعتقاد جمیع المسلمین نسیم) القتل (وجوبا بلا تردد نسیم) کالزندیق۔	یعنی جس نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سب بکا یا گالی دی یا آپ کو عیب لگایا یا آپ کی تنقیص کی (جیسا کہ یہ کہنا کہ حضور سے تو فلاں زیادہ علم والا ہے یا زیادہ عقل والا ہے) بے شک وہ قتل کیا جائے گا۔ تمام امت کے نزدیک سب مسلمانوں کے اعتقاد میں زندیق کی طرح اس کا بلا تردد قتل کرنا واجب ہے

شفا شریف ج ۲ ص ۲۰۸ ۔ الصارم المسلول ص ۵۲۶)

۸۔ امام قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

قال بعض علمائنا اجمع العلماء علی ان من دعا علی نبی من الانبیاء بالویل اوبشیئ من المکروہ انه یقتل بلا استتابة	یعنی ہمارے بعض علماء نے فرمایا کہ تمام علماء کا اس بات پر اجماع و اتفاق ہے۔ کہ جس نے انبیاء کرام میں سے کسی نبی پر ہلاکت یا کسی مکروہ چیز کی دعا کی وہ بلا طلب توبہ قتل کیا جائے گا۔
شفا شریف ج ۲ ص ۲۰۹	۔ الصارم المسلول ص ۵۲۶

ع۹ امام ابن عتاب مالکی نے فرمایا۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ

الکتاب والسنۃ موجبان ان من قصد النبی صلی اللہ علیہ وسلم باذیٰ اونقص معرضا ومصرحا وان قل فقتلہ واجب فھذا الباب کلہ مما عدہ العلماء سبا اوتنقصا یجب قتل قائلہ لم یختلف فی ذلک متقدمھم ولا متاخرھم الخ

قرآن وحدیث اس بات کو واجب کرتے ہیں کہ جو نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ایذا کا ارادہ کرے اور آپ کی تنقیص کرے اشارۃً یا صراحۃً اگرچہ وہ توہین تھوڑی سی کیوں نہ ہو تو اس کا قتل کرنا واجب ہے۔ اس باب میں جن جن چیزوں کو علماء کرام نے سب اور تنقیص میں شمار کیا۔ بالاتفاق اس کے قائل کا قتل واجب ہے۔

شفا شریف ج ۲ ص ۲۱۱۔ الصارم المسلول ص ۵۲۷ آخری جملے

ع۱۰ وقد حکی ابوبکر الفارسی من اصحاب الشافعی اجماع المسلمین علی ان حد من سب النبی صلی اللہ علیہ وسلم القتل کما ان حد من سب

یعنی بے شک اصحاب شافعی سے امام ابوبکر فارسی نے اس بات پر اجماع مسلمین کی حکایت کی ہے کہ ساب نبی کی حد قتل ہے۔ جیساکہ غیر نبی کے ساب کی حد کوڑے لگانا ہے۔ یہ جس

غیرہ الجلد - وھذا الاجماع الذی حکاہ ھذا محمول علی اجماع الصدر الاول من الصحابۃ والتابعین او انہ اراد اجماعھم علی ان ساب النبی صلی اللہ علیہ وسلم یجب قتلہ اذا کان مسلماً.... وکذالک حکی عن غیر واحد الاجماع علی قتلہ وتکفیرہ

۱۱ وقال الامام اسحق بن راھویہ احد الائمۃ الاعلام اجمع المسلمون علی ان من سب اللہ اوسب رسولہ صلی اللہ علیہ وسلم اودفع شیئاً مما انزل اللہ عزوجل اوقتل نبیاً من انبیاء اللہ عزوجل انہ کافر بذالک وان کان مقراً بکل ما انزل اللہ اھ (الصارم المسلول ص ۳)

اجماع کی حکایت نقل کرتے ہیں یہ اجماع صدر اول یعنی صحابہ وتابعین کے اجماع پر محمول ہے یا انہوں نے یہ ارادہ کیا کہ ساب نبی اگر مسلمان ہو تو اس کے قتل کے وجوب پر اجماع ہے۔ اور اسی طرح بہت سے آئمہ وعلماء نے گستاخ نبی کے قتل وتکفیر پر اجماع نقل کیا ہے۔

الصارم المسلول لابن تیمیہ ص ۳

یعنی امام اسحق بن راہویہ (جو آئمہ اعلام سے ہیں) نے فرمایا کہ اس پر مسلمانوں کا اجماع ہے کہ جس نے اللہ کو یا اس کے رسول کو سب کہا، یا اللہ تعالیٰ کے نازل کئے ہوئے سے کسی چیز کو دفع کیا یا انبیاء سے کسی نبی کو قتل کیا وہ کافر ہے۔ اگرچہ وہ تمام اللہ کے نازل کئے ہوئے کا اقراری ہو

۱۲ ابن تیمیہ نے لکھا ہے۔
ان الساب ان کان مسلما فانہ یکفر ویقتل بغیر خلاف وھو مذھب الائمۃ الاربعۃ وغیرھم
الصارم المسلول ص۴

یعنی بے شک اگر نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سب بکنے والا مسلمان کہلاتا ہو وہ اس سب کی وجہ سے کافر ہو جائے گا۔ اور بلا خلاف اس کو قتل کیا جائے گا۔ یہی آئمہ اربعہ (امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی، امام احمد) وغیرہم کا مذہب ہے۔

۱۳ واما اجماع الصحابۃ فلان ذلک نقل عنہم فی قضایا متعددۃ ینتشر مثلھا ویستفیض ولم ینکرھا احد منھم فصارت اجماعا
الصارم المسلول ص۲۰۰

یعنی اس مسئلہ پر اجماع صحابہ کا ثبوت یہ ہے کہ ان سے یہ بہت سے فیصلوں میں منقول ہے۔ اور ایسی بات منتشر اور مشہور ہو جاتی ہے۔ لہذا ان صحابہ میں سے کسی نے بھی اس پہ انکار نہ کیا لہذا یہ اجماع ہو گیا۔

یہاں تک تو اس مسئلہ پر اجماع کی عبارات تھیں۔ اگر چہ ان کے ضمن میں، حنفی، مالکی، شافعی، حنبلی، سب آگئے پھر وضاحت سے

آئمہ اربعہ" امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی، امام احمد رضی اللہ تعالیٰ
عنہم کا مذہب بھی نقل ہوچکا۔ لیکن مزید وضاحت کے لئے صرف
آئمہ وعلماء احناف کی نقول سے اس مسئلہ پر اور روشنی ڈالتا ہوں۔

ع ۱۴ قاضی الشرق والغرب صاحب ابی حنیفۃ الامام الحافظ الحجۃ
قاضی ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم متولد ۱۱۳ھ
متوفی ۱۸۲ھ ارشاد فرماتے ہیں۔

ایما رجل مسلم سب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم او کذبہ او عابہ او تنقصہ فقد کفر باللہ وبانت منہ زوجتہ

جس مسلمان نے رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سب بکا یا آپ کی تکذیب کی یا آپ کو عیب لگایا یا آپ کی تنقیص (بے ادبی) کی تو بے شک اس نے اللہ تعالیٰ سے کفر کیا اور اس کی بیوی اس کے نکاح سے نکل گئی۔

کتاب الخراج (ص ۱۸۲) للقاضی ابی یوسف فصل فی الحکم فی المرتد عن الاسلام - ردالمحتار ج ۳ ص ۳۱۹ - تمہید الایمان لسیدنا اعلیحضرت
حسام الحرمین ص ۲۷

ع ۱۵/۲ محرر مذہب صاحب ابی حنیفۃ الامام الحافظ محمد بن الحسن
الشیبانی متولد ۱۳۲ھ (۱۳۵) متوفی ۱۸۹ھ صاحب "مبسوط"

وذکر فی الاصل (المبسوط) ان شتم النبی کفر ۔ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو گالی دینا کفر ہے

شرح شفاللقاری ج ۴ ص ۳۲۸ ۔

۱۶/۳ امام کبیر، مجتہد بے نظیر۔ فخر الدین ابوالمفاخر والو المحاسن حسن بن منصور المعروف قاضی خاں حنفی متوفی ۵۵۲ھ نے فرمایا۔

(اذا) عاب الرجل النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی شیٔ کان کافرا وکذا قال بعض العلماء لو قال لشعر النبی شعیر فقد کفر وعن ابی حفص الکبیر من عاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم بشعرۃ من شعراتہ الکریمۃ فقد کفر وذکر فی الاصل ان شتم النبی کفر ولو قال جُنّ النبی ذکر فی نوادر الصلوٰۃ انہ کفر

اگر کسی مرد نے کسی چیز میں نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو عیب لگایا وہ کافر ہو جائے گا۔ اور اسیطرح بعض علماء نے فرمایا کہ اگر حضور کے بال کو بطریق تصغیر شُعیر کہا تو کافر ہو گیا۔ امام ابو حفص کبیر سے منقول ہے کہ جس نے حضور کے مبارک بالوں سے کسی بال کو عیب لگایا۔ وہ بے شک کافر ہو گیا مبسوط میں مذکور ہے۔ کہ حضور کو گالی دینا کفر ہے۔ نوادر الصلوٰۃ میں مذکور ہے کہ جس نے کہا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام پہ جنون طاری ہوا بے شک وہ کافر ہو گیا

فتاوٰی قاضی خاں ج ۴ ص ۸۸۲ طبع نولکشور۔ شرح شفاللقاری ج ۴ ص ۳۲۸ نقلت عنہ ۔

۱۷ چھٹی صدی کے امام مجتہد برہان الدین محمود بن صدر السعید حنفی صاحب "محیط"

وفی المحیط من شتم النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم او اھانہ اوعابہ فی امور دینہ او فی شخصہ اوفی وصف من اوصاف ذاتہ سواء کان الشاتم من امتہ اوغیرھا وسواء کان من اھل الکتاب اوغیرہ ذمیا کان او حربیا سواء کان الشتم او الاھانۃ اوالعیب صادرا عنہ عمدا اوسہوا اوغفلۃ

یعنی محیط میں ہے۔ کہ جس نے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو گالی دی یا آپ کی توہین (بے ادبی) کی یا آپ کو امور دینیہ میں عیب لگایا یا حضور کی ذات میں عیب لگایا یا اوصاف ذاتیہ سے کسی وصف میں عیب نکالا عام ازیں کہ گالی دینے والا آپ کی امت (اجابت) سے ہو یا نہ ہو اور عام اس سے کہ وہ اہل کتاب (یہود، نصاریٰ) سے ہو یا ذمی (اسلامی حکومت میں پناہ گیر کافر) ہو یا حربی (حکومت کفار میں ساکن کافر) ہو برابر ہے۔ کہ گالی یا توہین یا عیب اس سے جان بوجھ کر ظاہر ہو یا بطور سہو یا بطور غفلت یا کھری

اوجدا او هن لا فقد کفر خلودا بحیث ان تاب لم یقبل توبتہ ابداً لا عند اللہ ولا عند الناس وحکمہ فی الشریعۃ المطھرۃ عند المتاخرین المجتھدین اجماعا وعند اکثر المتقدمین القتل قطعا ولایداھن السلطان ونائبہ فی حکم قتلہ۔

کلام میں یا مذاقیہ انداز میں (بہر صورت تحقیق وہ ابدی، دائمی کافر ہو گیا اس طرح کہ اگر وہ توبہ کرے تو ہمیشہ ہمیشہ اس کی توبہ نہ عند اللہ مقبول ہو گی۔ اور نہ عند الناس مقبول ہو گی۔ شریعت مطہرہ میں متاخرین مجتہدین کے نزدیک اجماعاً اور اکثر متقدمین کے نزدیک اس کا حکم یقیناً اس کو قتل کرنا ہے بادشاہ اور اس کا نائب اس کے اس کے حکم قتل میں دخل اندازی نہ کرے۔

خلاصۃ الفتاوی ج ۲ ص ۵۴۸۔ سیف النبی علی ساب النبی مطبوعہ لاہور ص ۳۰

۱۵۔ قال فی الدرر الاحکام اذ سبہ او واحدا من الانبیاء صلوۃ اللہ وسلامہ علیہم اجمعین مسلم فانہ یقتل حدا ولا توبۃ لہ اصلا

یعنی درر الاحکام میں فرمایا جب (کوئی) مسلمان آنحضرت کو سب بکے یا انبیاء میں سے کسی ایک کو تو اسے بطور حد قتل کیا جائے گا اور بالکل اس کی توبہ نا مقبول ہو گی عام اس سے کہ اس کی توبہ اس حق

سواء بعد القدرة
عليه والشهادة او
جاء تائبا من قبل
نفسه كالزنديق لانه
حد واجب فلا يسقط
بالتوبة ولا يتصور
فيه خلاف لاحد
لانه حد تعلق به
حق العبد فلا
يسقط بالتوبة
كسائر حقوق
الآدميين وكحد
القذف لا يزول
بالتوبة بخلاف
ارتداد فانه معنى
ينفرد به المرتد وهذا
مذهب ابی بکر الصدیق
والامام الاعظم والثوری
واهل الكوفة (سيف النبي على ساب النبي)

گواہی مل جانے اور اس پہ قدرت
پا جانے کے بعد ہو یا وہ خود بخود
توبہ کرتا ہوا حاضر ہو۔ وہ زندیق
کی طرح ہے۔ قتل سے معافی اس
لئے نہیں ملے گی۔ کہ وہ قتل حد
ہے واجب تو وہ حد توبہ سے
ساقط نہ ہو گی اور اس میں کسی
کا خلاف متصور ہی نہیں۔ اس
لئے کہ یہ قتل حد ہے۔ اس سے
حق العبد متعلق ہے۔ تو دیگر حقوق
عباد کی طرح یہ بھی توبہ سے ساقط
نہ ہو گا۔ جس طرح حد قذف
توبہ سے زائل نہیں ہوتی۔ بخلاف
ارتداد (مرتد ہونے) کے کیونکہ
وہ ایک ایسا معنی و مفہوم ہے
جس سے مرتد منفرد ہوتا ہے
یہی حضرت ابوبکر اور امام اعظم اور
ثوری اور اہل کوفہ کا مذہب ہے
رضی اللہ تعالی عنہم۔

ع ۱۹/۶ اجمع المسلمون ان شاتمہ صلی اللہ علیہ وسلم کافر ومن شک فی عذابہ وکفرہ کفر

تمام مسلمانوں کا اس پہ اجماع ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو گالی دینے والا کافر ہے اور جو اس کے عذاب اور کفر میں شک کرے وہ خود کافر ہے۔

شفا شریف ص ۔ بزازیہ ص ۔ درر وغرر ص ۔ فتاویٰ خیریہ ص ۔ وغیرہا۔ تمہید الایمان شریف (ص ۲۸) مع حسام الحرمین شریف لشیخ الاسلام مجدد الانام الامام احمد رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ع ۲۰/۷ والکافر بسب نبی[1] من الانبیاء فانہ یقتل حدا لا تقبل توبتہ مطلقا ولو سب اللہ تعالیٰ قبلت لانہ حق اللہ تعالیٰ والاول حق عبد

یعنی انبیاء کرام میں سے کسی نبی کے سب کی وجہ سے جو کافر ہوا اسے بطور حد قتل کیا جائے گا اور ہرگز ہرگز اس کی توبہ مقبول نہیں اور اگر اللہ کو سب کرے تو اس کی توبہ مقبول ہے۔ اس لئے کہ وہ اللہ کا حق ہے اور پہلا عبد مقدس

---

[1] "تنویر الابصار" میں ہے "وکل مسلم ارتد فتوبتہ مقبولۃ الا الکافر بسب نبی" ھامش رد المحتار ج ۳ ص ۳۱ ۱۲ منہ -

لا یزال بالتوبة)
ومن شک فی عذابه
وکفره کفر

کا حق ہے وہ توبہ سے زائل نہ ہوگا)
اور جو اس کے عذاب و کفر میں
شک کرے وہ بھی کافر ہے۔

مجمع الانہر ص ، در مختار ج ص علی ہامش رد المحتار ج ۳ ص ۳۱۷
واللفظ له - درر ص - بزازیہ ص - تمہید الایمان ص ۲۸ -

ع ۲۱/۸ فی الدرر..... نقلا
عن البزازیة وقال
ابن سحنون المالکی
اجمع المسلمون ان شاتمه
کافر وحکمه القتل ومن
شک فی عذابه وکفره کفر
(رد المحتار ملخصاً ج ۳ ص ۳۱۷) وہذا ایضاً مر

درر میں بزازیہ سے منقول ہے
کہ ابن سحنون مالکی نے فرمایا کہ مسلمانوں
کا اس پہ اجماع ہے کہ حضور کو
گالی دینے والا کافر ہے اور اس
کا حکم قتل ہے اور جو اس کے عذاب
اور کفر میں شک کرے وہ خود
کافر ہے۔

ع ۲۲/۹ وکذا لو ابغضه
بالقلب

اسی طرح وہ بھی کافر و مرتد ہے
جو آنحضرت سے قلبی بغض رکھے

فتح القدیر ج ۴ ص ۴۰۷، اشباہ ص) در مختار علی ہامش رد المحتار ج ۳ ص ۳۱۷
واللفظ منه

ع لفظہ - کل من ابغض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بقلبه کان مرتدا فالسباب بطریق اولیٰ ثم یقتل حدا عندنا فلا تعمل توبته فی اسقاط القتل قالوا هذا مذهب اهل الکوفة ومالک ونقل عن ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنه الخ ومن عن نقل المظہری ۱۲ منه

(عـ ۲۳/۱۰) وفی فتاوی المصنف (اے صاحب تنویر الابصار۔ (الفیضی)

ویجب الحاق الاستھزاء والاستخفاف بہ لتعلق حقہ ایضاً

(درمختار علی ہامش ردالمحتار ج ۳ ص ۳۱۷)

یعنی اور واجب ہے ٹھٹھے اور استخفاف آنحضرت کو اس (سابقہ حکم) سے لاحق کرنا کیونکہ اس میں بھی حضور کا حق متعلق ہے

(عـ ۲۴/۱۱) واذا کفر بسبہ لا توبۃ لہ علی ما ذکرہ البزازی

جب نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سب کی وجہ سے کافر ہوا تو اس کی توبہ نامنظور ہے۔ جیسا کہ بزازی نے ذکر کیا ہے۔

(فتاوی مصنف تنویر الابصار ص)

(درمختار علی ہامش ردالمحتار ج ۳ ص ۳۱۸)

(عـ ۲۵/۱۲) من نقص مقام الرسالۃ بقولہ بان سبہ او بفعلہ بان بغضہ بقلبہ قتل حدا

جس نے مقام رسالت کی تنقیص کی اپنے قول سے بایں طور کہ آنحضرت کو سب بکا یا اپنے فعل سے اس طرح کہ ان کو دل سے مبغوض جانا تو وہ بطور حد قتل کیا جائے گا۔

فتاوی مصنف تنویر الابصار ص ۔ درمختار علی ہامش ردالمحتار ج ۳ ص ۳۱۸ ۔

۲۶/۱۳ وقد صرح فی النتف ومعین الحکام وشرح الطحاوی وحاوی الزاھدی وغیرھا بان حکمه کالمرتد ولفظ النتف من سب الرسول صلی اللہ علیه وسلم فانه مرتد وحکمه حکم المرتد ویفعل به مایفعل بالمرتد	یعنی نتف اور معین الحکام اور شرح الطحاوی وحاوی الزاہدی وغیرہا میں اس کی تصریح ہے کہ ساب نبی کا حکم مرتد کی طرح ہے۔ نتف میں ہے کہ جس نے رسول کو سب بکا بےشک وہ مرتد ہے اور اس کا حکم مرتد کے حکم کیطرح ہے۔ اور اس کے ساتھ وہ کیا جائے گا جو مرتد کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

در مختار علی ہامش رد المحتار ج ۳ ص ۳۱۹ وھکذا نقل الخیر الرملی رد ج ۳ ص ۳۱۹ ؎ -

---

خنفیوں کی کتابوں سے ذمی (اسلامی مملکت میں پناہ گزین کافر) شاتم نبی علیه الصلوٰہ والسلام کا حکم۔

؎ قال ابن الھمام وبالجملة فقد ضم الی تحقق الایمان اثبات امور الاخلال بھا اخلال بالایمان اتفاقا کترک السجود لصنم وقتل نبی اوالاستخفاف به اوبالمصحف اوالکعبة وکذا المخالفة ما اجمع علیه -

شرح فقه اکبر ص ۱۸۶ ۱۲ منه

ع ۲۷/۱۴ ویؤدب الذمی ویعاقب علی سبہ دین الاسلام او القرآن او النبی صلی اللہ علیہ وسلم ..... قال العینی۔ واختیاری فی السب ان یقتل اھ وتبعہ ابن الھمام قلت وبہ افتی شیخنا الخیر الرملی ۔ درمختار۔ ونقل المقدسی ما قالہ العینی ثم قال وھو مما یمیل الیہ کل مسلم۔ ردالمحتار.... وبہ افتی المفتی ابوسعود مفتی الروم بل افتی بہ اکثر الحنفیۃ .... والحق انہ یقتل عندنا اذا اعلن بشتمہ علیہ الصلوٰۃ والسلام

یعنی ذمی اگر دین اسلام یا قرآن یا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سب کرے تو اسے عقاب دیا جائے گا۔ زدو کوب کیا جائے گا ۔ امام عینی نے فرمایا بصورت سب میرے نزدیک مختار یہ ہے کہ اس ذمی کو قتل کیا جائے ۔ امام ابن ہمام نے بھی ان کا اتباع کیا ۔

صاحب درمختار فرماتے ہیں کہ ہمارے شیخ خیر رملی نے بھی یہی فتویٰ دیا (کہ وہ قتل ہو) مقدسی نے امام عینی کا قول نقل کر کے فرمایا کہ یہ (حکم قتل) ایسی بات ہے کہ ہر مسلمان اسی کی طرف میلان کرے گا۔ مفتی ابوسعود مفتی روم بلکہ اکثر حنفیوں نے اسی پر فتویٰ دیا اور ہمارے نزدیک حق یہی ہے کہ اس (ذمی) کو قتل کیا جائے جبکہ وہ علی الاعلان آنحضرت کو سب

صرح بہ فی سیر الذخیرۃ حیث قال واستدل محمد لبیان قتل المراۃ اذا اعلنت بشتم الرسول بما روی ان عمر بن عدی لما سمع عصماء بنت مروان توذی الرسول فقتلہا لیلا مدحہ صلی اللہ علیہ وسلم علی ذلک انتہی فلیحفظ درر ذکرہ (الامام محمد) فی السیر الکبیر فیدل علی جواز قتل الذمی المنہی عن قتلہ بعقد الذمۃ اذا اعلن بالشتم ایضاً واستدل لذلک فی شرح السیر الکبیر باحادیث منہا الخ

درمختار ورد المحتار ملخصاً ج ۳ ص ۳۰۵

وشتم کرتا ہو۔ سیر الذخیرہ میں بھی اس کی تصریح کی ہے اس طرح کہ فرمایا۔ امام محمد نے اس عورت کے قتل کے بیان میں جو علی الاعلان حضور کو گالی دے اس روایت سے استدلال کیا کہ عمر بن عدی نے جب عصماء سے حضور کی ایذا کو سنا تو اسے رات کو قتل کر دیا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس پر اس کی تعریف کی۔ اس کو امام محمد نے سیر کبیر میں ذکر فرمایا اس میں اس بات پر دلالت ہے کہ ذمی (جسکو بوجہ عہد ذمہ کے قتل سے امان مل چکی) جب علی الاعلان بانی اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سب وشتم کرے اس کا قتل کرنا جائز ہے اور شرح سیر کبیر میں اس کے قتل کے جواز پر بہت سی حدیثوں سے استدلال کیا۔

(عـــ۲۸/۱۵) فلو اعلن (الذمی) بشتمه علیه الصلوٰة والسلام او اعتاده قتل ولو امرأة به یفتی الیوم۔ درمنتقی رد المحتار ج ۳ صفحہ ۳۰۰

یعنی پس اگر ذمی علی الاعلان حضور کو گالی دے یا اس گالی دینے کو عادت بنائے تو اسے قتل کیا جائے گا اگرچہ عورت ہی کیوں نہ ہوں آج کل اسی پہ فتویٰ ہے۔

(عـــ۲۹/۱۶) امام محقق ابن الہمام نے ارشاد فرمایا۔

والذی عندی ان سبه صلی اللہ علیه وسلم او نسب مالا ینبغی الی اللہ تعالیٰ ان کان مما لا یعتقدونه کنسبة الولد الی اللہ تعالیٰ وتقدس عن ذلك اذا اظهره یقتل به وینتقض عهده۔ فتح القدیر ج ۴ ص ۳۸۱۔ تفسیر مظهری ج ۴ ص ۱۹۱

یعنی میرے نزدیک مختار یہ ہے کہ ذمی نے اگر حضور کو سب بکا یا غیر مناسب چیز کو اللہ کیطرف منسوب کیا۔ اگر وہ ان کے معتقدات سے خارج ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ کیطرف ولد کی نسبت۔ جب ایسی چیزوں کو ظاہر کرے گا تو وہ اس وجہ سے قتل کیا جائے گا اور اس کا عہد ٹوٹ جائے گا۔

(عـــ۳۰/۱۷) وفی الفتاوی من مذهب ابی حنیفة ان من سب النبی صلی اللہ علیه وسلم یقتل ولا یقبل توبته سواء کان

یعنی مذہب ابی حنیفہ کے فتاویٰ میں ہے کہ جس نے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سب بکا وہ قتل کیا جائے گا۔ اور اس کی توبہ مقبول

مؤمنا او کافرا وبھذا یظھر انہ ینتقض عھدہ ویؤیدہ ماروی ابو یوسف عن حفص بن عبد اللہ بن عمر ان رجلا قال لہ سمعت راھبا سب النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال لہ لو سمعتہ لقتلتہ انا لم نعطھم العھود علی ھذا ''

تفسیر مظہری ج ۴ ص ۱۹۱، فتح القدیر ج ۴ ص ۳۸۱

نہیں۔ برابر ہے کہ وہ مومن ہو یا کافر ہو۔ اس سے یہ بات ظاہر ہو گئی کہ بوجہ سب نبی ذمی کا عہد ٹوٹ جاتا ہے۔ اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ امام ابو یوسف حضرت حفص سے راوی کہ ایک مرد نے ان سے کہا میں نے ایک راہب سے سنا کہ وہ حضور کو گالی دیتا تھا۔ تو آپ نے اس سے فرمایا اگر میں اس سے آقا کے حق میں گالی سنتا تو میں اسے قتل کر دیتا ہم نے ان ذمیوں کو اس بات پر عہد و امان نہ عطا کی وہ سب بکتے رہیں۔

گستاخ نبی پہ یہ فتویٰ کفر عام ہے۔ کیسے باشد زید، عمر، خالد بکر، محمود، عالم، جاہل، مولوی، پیر، مدرس، بانی دارالعلوم، کثرت طلبا والا، کثرت مریدین والا، جس سے بھی نبی کی بے ادبی گستاخی وتنقیص تقریراً تحریراً صادر ہو وہ کافر ہے۔ مرتد ہے دائرہ ایمان سے خارج ہے۔ واجب القتل ہے۔ بعض لوگ اس شرعی فتویٰ کو اپنے

گستاخ و بے ادب مولویوں سے ٹالتے ہیں۔ یا توہینی عبارات کو سینہ زوری سے توہینی نہیں سمجھتے۔ یا صریح توہینی عبارتوں میں تاویلیں کرتے ہیں۔ لہذا آئمہ عظام کی بطور نمونہ چند عبارتیں پیش کرتا ہوں۔ جن سے پتہ چلے گا کہ گذشتہ مسلمان اس فتوی میں تفریق نہ کرتے تھے۔ بلکہ جن عالموں، فقیہوں، سے ایسے کلمات ایسی بکواس ظاہر ہوتی فوراً شرعی حکم نافذ کرتے اور یہ بھی معلوم ہو جائے گا۔ کہ کن کن باتوں تک یہ فتوی تکفیر نافذ ہوا۔ آج کل ہر منہ پھٹ بکواسی شان نبوت میں دن رات کلمات کفریہ بک دیتا ہے۔ ؎

ذکر روکے فضل کاٹے نقص کا جویاں رہے
پھر کہے مردک کہ ہوں امت رسول اللہ کی

اور آئمہ کی عبارات۔ توہینی و تنقیصی کلمات کا نمونہ۔

ع ۳۱/۱۸ قال الامام احمد کل من شتم النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام اوتنقصہ مسلما کان اوکافرا فعلیہ القتل[1] واری ان یقتل ولا یستتاب۔ الصارم المسلول ص ۵۲۵

امام احمد نے فرمایا ہر وہ شخص کے جس نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو گالی دی یا آپ کی تنقیص کی مسلمان ہو یا کافر اس کا قتل کرنا لازم ہے اور میں یہ دیکھتا ہوں کہ وہ قتل کیا جائے اور اس کی توبہ مقبول نہ ہو۔

---

[1] اجراء ھذا الحکم علی الولاۃ لا علی العوام نعم من سمع باذنیہ من نم المتنقص تنقیصا فی حقہ علیہ الصلوٰۃ والسلام ثم لم یصبر وقتلہ یکون ماجورا عند اللہ ورسولہ ۱۲ فیضی عفی عنہ

ع ۳۲/۱۹ وقال ابن القاسم عن مالك، من سب النبي صلے الله عليه وسلم قتل ولم يستتب

قال ابن القاسم او شتمه او عابه او تنقصه فانه يقتل كالزنديق وقد فرض الله توقيره

الصارم المسلول ص۵۲۶ شفا شریف ج۲ ص۲۰۸

ابن القاسم امام مالک سے راوی کہ آپ نے فرمایا جس نے حضور کو سب بکا وہ قتل کیا جائے گا اور اس کی توبہ نامقبول ہوگی۔

ابن قاسم نے فرمایا حضور کو گالی دی یا عیب لگایا، یا تنقیص کی بے شک وہ قتل کیا جائے گا۔ زندیق کی طرح۔ تحقیق اللہ تعالیٰ نے حضور کی توقیر تعظیم (ہم پر) فرض کی ہے۔

ع ۳۳/۲۰ وكذلك قال مالك في رواية المدنيين عنه من سب رسول الله صلى الله عليه وسلم او شتمه او عابه او تنقصه قتل مسلما كان او كافرا ولا يستتاب

یعنی اسی طرح فرمایا امام مالک نے بروایت مدنیین۔ کہ جس نے حضور کو سب کیا یا آپ کو گالی دی یا عیب لگایا یا آپ کی تنقیص کی وہ قتل کیا جائے گا۔ مسلمان ہو یا کافر اور اس کی توبہ نامنظور ہے

الصارم المسلول ص۵۲۶ شفا شریف ج۲ ص۲۰۸

ع ۳۴/۲۱ وروى ابن وهب عن مالك من قال

ابن وہب نے امام مالک سے روایت کی کہ فرمایا جس نے کہا

ان رداء النبی صلی اللہ علیہ وسلم وروی ۔ بردہ" وسخ واراد بہ عیبہ قتل[2]

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی چادر (یہی حکم ہے حضور کے ہر کپڑے اور ہر عضو کا۔) میلی ہے ۔ اور اس سے حضور کے عیب کا ارادہ کیا وہ قتل کیا جائے گا ۔

الصارم المسلول صہ ۵۲۶ شفا شریف ج۲ صہ ۲۰۹

علامہ خفاجی حنفی نے فرمایا کہ اگر عیب کا ارادہ نہ ہو تب بھی

لاینبغی ذکر مثلہ وروایتہ عند العوام ولهذا افتی بعض علماء العصر فیمن قال انہ کان ید ھن حتی

اس جیسی چیزوں کا ذکر کرنا اور عوام کے سامنے ان کا روایت کرنا درست نہیں اس لئے بعض علمائے زمانہ نے اس شخص کے حق میں فتویٰ (کفر، قتل) دیا کہ جس نے کہا کہ حضور اتنا تیل لگاتے تھے کہ ان کے

[1] ویروی " ذر النبی صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲ منہ

[2] وکذا حکم ازارہ وسائر دثارہ وشعارہ واعضائہ والبشارۃ شرح الشفا للقاری ۱۲ منہ

کان ثیابہ ثیاب زیات، مع انہ مروی فی الشمائل
نسیم الریاض ج ۴ ص ۳۴۱

۳۵/۲۲ وکذلک قال ابوحنیفۃ واصحابہ فیمن تنقصہ (ای نسب لہ صلی اللہ علیہ وسلم نقصا دون السب - ن - بشی ینقصہ - ق) او برئ منہ (ای تبرأ منہ بان قطع مودتہ ومحبتہ علیہ الصلوۃ والسلام ق) اوکذبہ انہ مرتد وکذلک قال اصحاب الشافعی کل من تعرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بما فیہ استھانۃ فھو کالسب الصریح فان الاستھانۃ بالنبی کفر

کپڑے تیلی کے کپڑوں کی طرح ہوتے باوجود اس کے کہ یہ حضور کے شمائل میں مروی ہے۔

اور اسی طرح فرمایا امام ابوحنیفہ اور آپ کے اصحاب نے اس شخص کے بارہ میں جس نے حضور کی تنقیص کی کسی قسم کا نقص آپ کی طرف منسوب کیا یا (آپ کی مودت اور محبت سے) بری ہوا یا آپ کے کسی قول کی تکذیب کی کہ بے شک وہ مرتد ہے۔ اور اسیطرح اصحاب شافعی نے فرمایا کہ ہر وہ کہ جس نے تعریضاً (اشارۃً) ایسی بات کی کہ جس میں حضور کی توہین ہے تو وہ سب صریح کی طرح ہے کیونکہ نبی کی توہین کفر ہے۔

الصارم المسلول ص ۵۲۷، وفی الشفا وشرحیہ حکی الطبرانی الخ۔
شفا شریف ج ۲ ص ۲۰۷۔ نسیم الریاض ج ۴ ص ۳۳۷۔ وروی الطبرانی مثلہ عن ابی حنیفہ واصحابہ الخ ردالمحتار ج ۳ ص ۳۱۸

ع ٣٦/٢٢ وفی المبسوط عن عثمان بن کنانۃ من شتم النبی صلی اللہ علیہ وسلم من المسلمین قتل او صلب حیا ولم یستتب والامام مخیر فی صلبہ حیا او قتلہ

مبسوط میں عثمان بن کنانہ سے مروی ہے۔ کہ جس نے مسلمانوں سے حضور کو گالی دی وہ قتل کیا جائے گا یا زندہ سولی دیا جائے گا اور اس کی توبہ نا مسموع ہوگی اور امام کو اس کی سولی دینے اور قتل کرنے میں اختیار ہے جو چاہے کرے

شفا شریف ج ۲ ص ۲۰۸

ع ٣٧/٢٤ وفی کتاب محمد اخبرنا اصحاب مالک انہ قال من سب النبی صلی اللہ علیہ وسلم او غیرہ من النبیین من مسلم او کافر قتل ولم یستتب۔

امام محمد کی کتاب میں ہے کہ ہمیں اصحاب امام مالک نے خبر دی کہ انہوں نے فرمایا کہ جس نے حضور کو یا کسی نبی کو گالی دی مسلمان ہو یا کافر ہو وہ بغیر طلب توبہ کے قتل کیا جائے گا

شفا شریف ج ۲ ص ۲۰۸

ع ٣٨/٢٥ وقال اصبغ (المالکی الامام المعروف۔ نسیم۔) یقتل علی کل حال اسر ذلک او اظہرہ ولا یستتاب لان توبتہ لا تعرف

یعنی امام اصبغ مالکی نے فرمایا (وہ گستاخ نبی) بہر حال قتل کیا جائیگا چاہے اس گستاخی کو چھپائے یا ظاہر کرے۔ اس سے توبہ نہ طلب کیجائے کیونکہ اس کی توبہ غیر معتبر ہے۔

شفا شریف ج ۲ ص ۲۰۹

۳۹/۲۶ وقال عبد اللہ بن عبد الحکم (الفقیہ المصری ثقۃ نسیم) من سب النبی صلی اللہ علیہ وسلم من مسلم او کافر قتل ولم یستتب ۔

حضرت عبداللہ فقیہ مصری نے فرمایا کہ جس نے حضور کو گالی دی مسلمان ہو یا کافر وہ بغیر طلب توبہ کے قتل کیا جائے گا ۔

شفا شریف ج ۲ ص ۲۰۹

۴۰/۲۷ مذہب مالک واصحابہ ان من قال فیہ مافیہ نقص قتل دون استتابۃ ۔

شفا شریف ج ۲ ص ۲۱۱

امام مالک اور ان کے اصحاب کا مذہب اس شخص کے بارہ میں کہ جس نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حق میں وہ بات کی کہ جس میں نقص ہے بغیر طلب توبہ کے قتل کرنا ہے ۔

مخالف

اتمام حجت کیلئے فریق کے معتمد ترین ابن تیمیہ کی گواہی

۴۱/۲۸ وقد اتفقت نصوص العلماء من جمیع الطوائف علی ان التنقص لہ کفر مبیح للدم ۔

ہر گروہ کے علماء کی نصوص اس پہ متفق ہیں کہ حضور کی تنقیص کفر ہے ۔ اور اس کے خون بہانے کو حلال کرنے والی ہے ۔

الصارم المسلول ص ۵۲۷

۴۲ ان من سب النبی صلی اللہ علیہ وسلم من مسلم او کافر فانہ یجب قتلہ

مسلمان یا کافر جس نے بھی حضور کو سب بکا تو اس کو قتل کرنا واجب ہے

(الصارم المسلول ص ۳ ۔)

عہ ۴۳/۳۰ ان جرم الطاعن علی الرسول صلی اللہ علیہ وسلم الساب لہ اعظم من جرم المرتد

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پہ طعنہ کرنے والے اور آپ کو سب کرنے والے کا جرم مرتد کے جرم سے بہت بڑا ہے ۔

الصارم المسلول ص ۱۱۷

عہ ۴۴/۳۱ قال الزرکشی کالسبکی انہ لایجوز ان یقال لہ علیہ الصلوٰۃ والسلام فقیر او مسکین وھو اغنی الناس باللہ

امام زرکشی نے امام سبکی کی طرح فرمایا کہ یہ جائز نہیں کہ حضور کو فقیر یا مسکین کہا جائے ۔ حالانکہ آپ بہت بڑے غنی ہیں ۔

نسیم الریاض ج ۴ ص ۳۳۶

عہ ۴۵/۳۲ روی ان ابا یوسف ذکر انہ علیہ الصلوٰۃ والسلام

امام ابو یوسف سے مروی ہے کہ انہوں نے ذکر کیا کہ حضور کدو کو

لہ قال العارف الفاضل العلام عبد العزیز الفراروی "مسئلۃ من الاحادیث ما یخفی عن بعض الناس .... ومنھا ما کان علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من الفقر الاختیاری والعیش الخشن وما اصابہ من اذی الکفار سیما یوم احد اھ ۔

کوثر النبی ص ۵۸ ۱۲ منہ

کان یحب الدباء
فقال رجل انا
ما احبہا فحکم بارتدادہ
شرح فقہ اکبر ص ۱۸۶ دمر ہذا

پسند فرماتے تھے۔ تو ایک مرد نے
کہا میں اسے پسند نہیں کرتا اس پر
امام ابو یوسف نے یہ حکم دیا کہ وہ
مرتد ہو گیا۔

۴۲۶/۳۳ واحتج ابراھیم بن حسین
بن خالد الفقیہ فی مثل
ھذا رایے تنقصہ
علیہ الصلوۃ والسلام۔ (ق)
بقتل خالد بن الولید رضی اللہ عنہ
مالک بن نویرۃ لقولہ عن النبی
صلی اللہ علیہ وسلم صاحبکم
شفا شریف

حضرت ابراہیم فقیہ نے (گستاخ
نبی کے کفر و قتل پر) اس بات سے
استدلال کیا کہ حضرت خالد بن
ولید نے مالک بن نویرہ کو محض
اس لئے قتل کر دیا کہ اس نے نبی
علیہ الصلوۃ والسلام کو تمہارے
صاحب کہا۔
ج ۲ ص ۲۰۸ نسیم الریاض ج ۴ ص ۳۳۸

۴۲۷/۳۳ وافتی ابو الحسن قابسی
شیخ المحدیث... الزاھد العابد
صاحب التصانیف الجلیلۃ فی الفقہ
والاصول عدیم النظیر توفی
۴۰۳ھ نسیم ج ۴ ص ۳۴۲) فیمن قال
فی النبی صلی اللہ علیہ وسلم الحمال یتیم
الجمل
ابی طالب بالقتل (لما فیہ من الاستخفاف والتحقیر۔ نسیم ج ۴ ص ۳۴۲۔ شفا شریف ج ۲ ص ۲۰۹)

شیخ المحدیث امام زاہد عابد عدیم
النظیر امام ابو الحسن قابسی نے
اس شخص کے قتل کرنے کا فتویٰ
دیا کہ جس نے حضور کو حمال (بوجھ
اٹھانے والا) کیونکہ اس میں
استخفاف اور تحقیر ہے۔)

(حاشیہ:) ابو طالب کا یتیم ... اس لئے ... (اونٹ کا حمال / یتیم ابی طالب)

(ع ۸۹ / ۳۵) وافتی ابو محمد بن ابی زید بقتل رجل سمع قوما یتذاکرون صفة النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذ مر بہم رجل قبیح الوجہ واللحیة فقال لہم تریدون تعرفون صفتہ ھی فی صفة ھذا المار فی خلقتہ ولحیتہ قال ولا تقبل توبتہ وقد کذب لعنہ اللہ ولیس یخرج من قلب سلیم الایمان
شفا شریف ج ۲ ص ۲۰۹

امام ابو محمد بن ابی زید نے اس مرد کے قتل کرنے کا فتوٰی دیا کہ جو اس قوم کی باتیں سننے لگا جو حضور کی صفت بیان کرتے تھے۔ اچانک ایک قبیح چہرے اور داڑھی والا ان پہ گذرا تو وہ مرد ان سے کہنے لگا کیا تم حضور کی صفت کی معرفت کا ارادہ رکھتے ہو۔ (انہوں نے کہا ہاں تو اس مرد نے کہا) کہ حضور کی صفت (صورت خلقت اور داڑھی ہیں اس گذرنے والے کی صفت میں ہے۔ نیز اسی امام نے فرمایا اس کی توبہ مقبول نہیں اس لعنتی نے حضور کی صورت کو گذرنے والے کی صورت کی طرح بتا کر جھوٹ بکا۔ اور ایسی بات سلیم الایمان کے دل سے نہیں نکل سکتی۔

(ع ۹۰ / ۳۶) من قال ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اسود یقتل

• جس نے کہا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سیاہ تھے وہ قتل کیا جائے گا۔

شفا شریف ج ۲ ص ۲۰۹

(ع ۵۰/۲۷) ایک ظالم عشر وصول کرنے والے نے ایک مرد کو ستایا کہ ٹیکس دے اور کہا بے شک میرے ظلم کی شکایت حضور سے کر دینا اور یہ بھی کہا کہ میں نے اگر سوال کیا ہے یا جاہل رہا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی (بعض امور سے بے خبر) جاہل رہے اور انہوں نے بھی سوال کیا۔ اس پر امام ابو عبداللہ بن عتاب نے اس کے قتل کا فتویٰ دیا۔ شفا شریف ج ۲ صنہ ۲۱

(ع ۵۱/۲۸) فقہاء اندلس نے ابن حاتم فقیہہ مولوی طلیلی کے قتل کرنے اور اسے سولی دینے کا حکم دیا اس لئے کہ اس نے مناظرہ کے دوران حضور کو یتیم کہا اور حیدر کا سسر کہا اور یہ گمان کیا کہ"

ان زھدہ لم یکن قصدا ولو قدر علی الطیبات اکلھا	حضور کا زہد اختیاری نہیں تھا بلکہ اضطراری تھا اور اگر طیبات پر قدرت رکھتے کھاتے۔

شفا شریف ج ۲ صنہ ۲۱

(اس سے اس ملعون کا ارادہ زہد حضور میں طعنہ کرنا تھا۔ ورنہ حضور کی قدرت وطاقت تو یہ تھی کہ اگر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ارادہ کرتے اور چاہتے کہ مکہ کے پہاڑ سونا بن جائیں تو ہو جاتے۔ ھکذا قال القاری والخفاجی الحنفیین۔ نسیم ج ۴ صنہ ۳۴۵)

ع ۵۲/۲۹ ابراہیم فزاری ماہر علوم کثیرہ کو بھی گستاخی وبے ادبی کی وجہ سے فقہاء قیروان نے شرعی حکم کی وجہ سے سولی پہ لٹکوایا اس کے پیٹ کو چھری سے چاک کرایا پھر اس کی نعش کو جلا دیا۔

مورخوں نے بیان کیا کہ لکڑی گھومی اور اس کا رخ قبلہ سے پھیر دیا یہ سب کے لئے نشانی تھی۔ تو سب نے اللہ اکبر کہا پھر فوراً کتا اس کے خون کو چاٹنے لگا یحییٰ بن عمر نے کہا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سچ فرمایا ہے کہ کتا مسلمان کا خون نہیں چاٹے گا۔ (شفا شریف ج ۲ ص ۲۱۰)

(ع ۵۳) جس نے کہا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام شکست دیئے گئے اسے توبہ کرائی جائے اگر توبہ کرے تو خیر ورنہ وہ قتل کیا جائے گا۔

(شفا شریف ج ۲ ص ۲۱۰)

(ع ۵۴) وکذلک اقول حکم من غمصہ او عیرہ برعایۃ الغنم او السھو او النسیان او السحر اوما اصابہ من جرح او ھزیمۃ لبعض جیوشہ او اذی من عدوہ او شدۃ من زمنہ او بالمیل الی نسائہ فحکم ھذا کلہ لمن قصد بہ نقصہ القتل

اور اس طرح اس کا حکم بھی قتل کرنا ہے کہ جس نے حضور کو بکریوں کے چرانے یا سہو یا نسیان یا جادو یا آپ کو جو زخم پہنچے یا آپ کے بعض لشکر کو جو شکست پہنچی۔ یا آپ کے دشمن کی طرف سے ایذا یا شدت زمن کی وجہ سے یا ازواج مطہرات کی طرف میلان کی وجہ سے، آپ پر عیب لگایا اور ان چیزوں سے حضور کے نقص کا ارادہ کیا۔

شفا شریف ج ۲ ص ۲۱۱

(ع ۵۵) من شتم ملکا او

جس نے کسی فرشتہ کو گالی دی یا

ابغضه فانه یصیر کافرا کمافی الانبیاء ومن ذکر الانبیاء او ملکا بالحقارة فانه یصیر کافراً (تمہید ابی شکور سالمی صـ ۱۱۲)

اس سے بغض رکھا بے شک وہ کافر ہو جائے گا جیسا کہ انبیاء کرام کے حق میں اس طرح کرنے سے کافر ہو جاتا ہے۔ جس نے انبیاء یا فرشتہ کا ذکر حقارت سے کیا وہ بھی کافر ہو جائے گا۔

صاف وصریح گستاخانہ کلمات میں تاویل ہیرا پھیری نامقبول ہے۔

ع ۵۶/۴۳ ادعاء التاویل فی لفظ صراح لایقبل

صاف وصریح لفظ میں تاویل کا دعویٰ قبول نہ کیا جائے گا۔

شفا شریف ج ۲ صـ ۲۰۹/۲۱۰۔ الصارم المسلول صـ ۵۲۷۔ اکفار الملحدین للکشمیری صـ ۲۷۔ بحوالہ الحق المبین لسیدی وشیخی شیخ الحدیث رازی وقت حضرت قبلہ علامہ سید احمد سعید شاہ صاحب کاظمی دام فیضہ صـ ۱۶۵

ع ۵۷/۴۴ هو مردود عند قواعد الشریعة شرح شفا للقاری ج ۴ صـ ۳۴۳

یعنی قواعد شرعیہ کی روشنی میں صاف وصریح لفظ (توہین) میں تاویل کرنا مردود ہے۔

(ع ۵۸/۴۵) لایلتفت لمثله ویعد هذیانا نسیم الریاض للخفاجی الحنفی ج ۴ صـ ۳۴۳

یعنی صاف توہینی) لفظ میں تاویل وغیرہ کی طرف توجہ نہیں کیجاتی اور اس تاویل کو بکواس شمار کیا جاتا ہے۔

ع ۵۹/۴۴ والتاویل فی ضروریات الدین لایدفع الکفر	ضروریات دین میں تاویل کفر کو دفع نہ کرے گی ۔

خیالی ص ۱۴۸ مع حاشیۃ ۔ لشمس الدین احمد خیالی متوفی ۸۷۰ھ وعبد الحکیم سیالکوٹی متوفی ۱۰۶۷ھ

(ع ۶۰/۴۷) وہکذا قال شیخ الصوفیۃ الشیخ الاکبر محی الدین ابن العربی المتوفی ۶۳۸ھ" الفتوحات الملکیۃ ج ۲ ص ۸۵۷ ۔

(ع ۶۱/۴۸) ان التاویل فی القطعیات لایمنع الکفر	قطعیات میں تاویل کفر کو منع نہیں کرتی ۔

اتحاف ج ۲ ص ۱۳ لوزیر یمانی

ع ۶۲/۴۹ التاویل فی ضروریات الدین لایقبل ویکفر المتاول فیہا ۔	ضروریات دین میں تاویل قبول نہیں اور ان میں تاویل کرنے والا کافر ہو جائے گا ۔

اکفار الملحدین ص ۵۷ للکشمیری وہو منہم

(ع ۶۳/۵۰) التاویل الفاسد کالکفر	فاسد تاویل کفر کی طرح ہے ۔

اکفار الملحدین ص ۶۱

(ع ۶۴/۵۱) المدار فی الحکم بالکفر علی الظواہر ولا نظر للمقصود والنیات ولا نظر لقرائن حالہ	یعنی حکم کفر کا دار و مدار ظواہر پر ہوتا ہے ۔ یہاں نہ نیت و ارادہ درکار ہے اور نہ قرائن حال کا اعتبار

اکفار الملحدین ص ۷۳

(ع ۶۵/۵۲) وقد ذکر العلماء ان التہور فی عرض الانبیاء وان لم یقصد السب کفر

علماء نے فرمایا ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام کی شان میں جرأت و دلیری کفر ہے۔ اگرچہ توہین کا ارادہ نہ ہو

(اکفار الملحدین صہ ۱۷)

(ع ۶۶/۵۲) قال انا رسول اللہ او قال بالفارسیۃ من پیغمبرم یرید بہ من پیغام مے برم یکفر۔ فصول عمادیہ

جس نے کہا میں رسول اللہ ہوں یا فارسی میں کہاں میں پیغمبر ہوں اور اس سے ارادہ یہ کرے کہ میں پیغام لے جاتا ہوں۔ وہ کافر ہو گیا۔

فتاوی خلاصہ۔ جامع الفصولین۔ فتاوی ہندیہ۔ واللفظ للاول تمہید الایمان شریف لسیدنا اعلیحضرت صہ ۳۷۔

(ع ۶۷/۵۲) امام احمد بن ابی سلیمان سے کسی نے سوال کیا کہ ایک شخص نے کہا ہے" فعل اللہ برسول اللہ کذا اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ سے ایسے ایسے کیا۔ برا کلام ذکر کیا۔ تو اس کو ڈانٹا گیا کہ کیا کہتا ہے۔ پھر اس نے پہلے سے بھی سخت کلام کیا۔ اور کہا میں نے رسول اللہ سے مراد بچھو لیا تھا۔ کیونکہ وہ لغوی معنی سے اللہ کا بھیجا ہوا ہے" ایسے شخص کا کیا حکم ہے علامہ امام احمد نے فرمایا تو اس گواہی پہ قائم رہ میں اس کو قتل کرنے اور اس کے ثواب میں تیرا شریک ہوں۔ حبیب بن ربیع نے فرمایا یہ اس لئے کہ صریح لفظ میں ہیرا پھیرا نہیں سنی جاتی بلکہ ظاہر پہ حکم لگے گا (شفا شریف ج ۲ صہ ۲۰۹ وشرحہ للقاری والخفاجی ج ۴ صہ ۳۴۳)

اہل قبلہ کو کافر نہ کہنے کا مطلب۔

اصطلاح آئمہ میں اہل قبلہ وہ ہے۔ کہ تمام ضروریات دین پر ایمان رکھتا ہو ان میں سے ایک بات کا بھی منکر ہو تو قطعاً یقیناً اجماعاً کافر و مرتد ہے۔ ایسا کہ جو اسے کافر نہ کہے۔ خود کافر ہے۔

فی المواقف لایکفر اهل القبلة الا فیما فیه انکار ما علم مجیئه بالضرورة او المجمع علیه کاستحلال المحرمات اھ۔ ولا یخفی ان المراد بقول علمائنا لایجوز تکفیر اهل القبلة بذنب لیس مجرد التوجه الی القبلة فان الغلاة من الروافض الذین یدعون ان جبریل علیه الصلوٰة والسلام غلط فی الوحی فان الله تعالیٰ ارسله الی علی رضی الله تعالیٰ عنه وبعضهم قالوا انه الٰه وان

یعنی مواقف میں ہے کہ اہل قبلہ کو کافر نہ کہا جاوے مگر جب ضروریات دین یا اجماعی باتوں سے کسی بات کا انکار کریں جیسے حرام کو حلال جاننا اور مخفی نہیں کہ ہمارے علماء جو فرماتے ہیں کہ کسی گناہ کے باعث اہل قبلہ کی تکفیر روا نہیں اس سے نرا قبلہ کو منہ کرنا مراد نہیں کہ غالی رافضی جو بکتے ہیں کہ جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کو وحی میں دھوکا ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ کی طرف بھیجا تھا اور بعض تو مولیٰ علی کو خدا کہتے ہیں یہ لوگ اگرچہ قبلہ کی طرف نماز پڑھیں مسلمان نہیں اور اس حدیث کی بھی

صلوا الی القبلۃ لیس بمؤمنین وھذا ھو المراد بقولہ صلی اللہ علیہ وسلم من صلّی صلوا تنا واستقبل قبلتنا واکل ذبیحتنا فذلک مسلم اھ مختصر

یہی مراد ہے جس میں فرمایا کہ جو ہماری سی نماز پڑھے اور ہمارے قبلہ کو منہ کرے اور ہمارا ذبیحہ کھائے وہ مسلمان ہے۔ یعنی جب تمام ضروریات دین پر ایمان رکھتا ہو اور کوئی بات منافی ایمان نہ کرے

شرح فقہ اکبر لعلی القاری ص ۱۹۹ والتفصیل فی التمہید للمجدد البریلوی ص ۲۸/۲۹ ص ۳۷/۳۸ ص ۳۹

نبی کی توہین وگستاخی کا کفر ہونا ایسا اجماعی مسئلہ ہے کہ جس کی تقریباً ۳۰ عبارات اس فصل کے اول میں مذکور ہو چکی ہیں۔ لہذا گستاخ نبی قبلہ کی طرف رخ کرنے سے کفر و قتل سے نہ بچ سکے گا۔ کیونکہ وہ اصطلاح آئمہ میں اہل قبلہ ہی نہیں۔ ۹۹ وجہ کفر کی اور ایک اسلام کی اس کے مطلب کی وضاحت۔

فقہاء کرام کے اس ارشاد کا یہ مطلب ہر گز نہیں کہ جس میں ۹۹ باتیں کفر کی ہوں اور ایک اسلام کی تو وہ مسلمان ہوگا۔ ورنہ یہود و نصاری تو بڑے بھاری مسلمان ٹھہریں کیونکہ ایک بات (بلکہ کئی باتیں) ان کی تو ضرور اسلامی ہے۔ وجود خدا کے قائل ہیں۔ بہت سے کلاموں اور ہزاروں نبیوں اور قیامت حشر حساب وثواب وعذاب وغیرہ بکثرت اسلامی باتوں کے قائل ہیں۔ فقہاء کے اس ارشاد کا مطلب یہ ہے

کہ کسی مسلمان کے کلام میں ننانوے وجوہ کفر کا صرف احتمال ہو کفر صریح نہ ہو۔ اسے کافر نہ کہیں گے۔[1] لیکن جو کلام مفہوم توہین میں صریح ہو۔ اس میں تو تاویل غیر مقبول ہے۔ کما مر۔ نیز توہین کا تعلق عرف عام اور محاورات اہل زبان سے ہوتا ہے۔ نیت کا عذر قابل قبول نہیں ہوتا۔ جیسا ۶۴ وغیرہ کی عبارات میں گذرا۔

خلاصۂ کلام۔ اس باب کی آیات واحادیث واقوال وفتاوی آئمہ، امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی، امام احمد وغیرہم فقہا سے یہ بات روشن ہو چکی کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ادنی سے ادنی قلیل سے قلیل توہین تنقیص گستاخی بے ادبی کفر ہے۔ ارتداد ہے۔ توہین کرنے والے کو قتل کرنا واجب ہے۔ اس کے لئے دارین کی لعنت وعذاب ہے۔ وہ ہمیشہ ہمیشہ جہنم میں رہے گا۔ اس شرعی فتوی میں عالم اور غیر عالم کا فرق نہیں۔ سب کو شامل ہے۔ اگرچہ کوئی کتنا بڑا عالم کہلاتا ہو۔ توہین نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے اس کی سب عبادتیں نماز روزہ حج۔ زکوٰۃ۔ پڑھنا پڑھانا سب برباد ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ صریح صاف توہینی اور بے ادبی کی عبارتوں میں ہیرا پھیری نہیں ہو سکتی، تاویل نہیں ہو سکتی اور نہ وہ تاویل سنی جائے گی۔ جو گستاخ بارگاہ نبوت والوہیت جہنم رسید ہو چکے ہیں۔ وہ تو جہنم میں پہنچ چکے۔ جو اس زمانہ کے برائے

[1] شرح فقہ اکبر صت ۱۹۹ ۱۲ منہ

نام مسلمان منہ پھٹ بے باک نڈر گستاخ و بے ادب ہیں ۔ وہ اس بے ادبی کا انجام سوچیں اور نبی کی گستاخی سے باز آئیں ۔ میں دعا کرتا ہوں کہ مولیٰ کریم بطفیل نبی رحیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم مجھے اور میرے متعلقین کو بلکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ واصحابہ واہل بیتہ وسلم کی ساری امت کو اپنی اور اپنے حبیب پاک کی بے ادبی سے بچائے ادب، تعظیم و تعریف کی توفیق عطا فرماوے ۔ اور ہمارے قلوب کو اپنی اور اپنے پیارے حبیب کی محبت سے مالا مال فرماوے ۔ اور ہمارا خاتمہ ایمان پر[1] ہو ۔

استغفر اللہ من کل ذنب واتوب الیک

---

[1] وینبغی التعوذ بھذا الدعاء صباحا ومساء (قال الشامی لم ار فی الحدیث ذکر صباحا ومساء بل فیہ ذکر ثلاثا) فانہ سبب العصمۃ من الکفر بوعد الصادق الامین صلی اللہ علیہ وسلم "اللھم انی اعوذ بک من ان اشرک بک شیئا وانا اعلم واستغفرک لما لا اعلم انک انت علام الغیوب" (در مختار) وقال الشامی رواہ الحکیم الترمذی فی النوادر ورواہ نحوہ احمد والطبرانی ۔

رد المحتار ج ۳ ص ۳۱۶ ۱۲ منہ

باب چہارم

رحمۃ للعالمین ۔ نذیر للعالمین ۔ شفیع المذنبین سید المرسلین محبوب خدا حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلم کی محبت کے لزوم اور فوائد کا بیان ۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی محبت ہر مسلمان پر ضروری ہے ۔ لازمی ہے فرض ہے بلکہ حضور کی محبت اصل ایمان ہے ۔ روح وجان ایمان واسلام ہے یہ ہے تو ایمان ہے ورنہ ایمان ہی نہیں ۔

علامہ امام قسطلانی قدس سرہ النورانی نے فرمایا ۔

اعلم ان المحبۃ (اللام عوض عن المضاف الیہ اے محبۃ المصطفےٰ علیہ التحیۃ والصلوٰۃ والسلام والثنا ۔ زرقانی) کما قال صاحب المدارج (اے مدارج السالکین اسم لشرح ابن قیم علی کتاب

یعنی یقین کر کہ بے شک مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی محبت (جیسا کہ ابن قیم نے مدارج السالکین میں کہا ہے ۔) ایسا بلند مرتبہ ہے کہ اس کو حاصل کرنے میں سبقت سے حاصل کرتے ہیں ۔ سبقت سے حاصل کرنے والے اور اس کے

منازل السائرین لشیخ الاسلام
عبد اللہ بن محمد بن
علی الانصاری المتوفی سنہ ۴۸۱ھ
زرقانی) ھی المنزلة (الرتبة
العلیة) التی یتنافس فیھا
المتنافسون والیھا یشخص
العاملون والی علمھا شمر
السابقون وعلیھا تفانی
المحبون وبروح نسیمھا
تروح العابدون فھی
قوت القلوب وغذاء
الارواح وقرة العیون
وھی الحیاة التی من حرمھا
فھو جملة الاموات
والنور الذی من فقده
فنی بحار الظلمات والشفا
الذی من عدمه حلت
بقلبه جمیع الاسقام
واللذة التی من لم یظفر

حاصل کرنے میں عاملین مجتہدین
اپنی نظریں اٹھاتے ہیں اور اس
کی معرفت کے لئے سابقین
کوشش کرتے ہیں۔ اور اسی
حب مصطفےٰ کے عالی رتبہ کے
حاصل کرتے ہیں عشاقان سید
عالم ایک دوسرے سے غلبہ
چاہتے ہیں۔ اور اسی حب نبوی
کی نسیم کی راحت سے عابد لوگ
راحت پاتے ہیں۔ تو یہ حب
سید عالم دلوں کی خوراک وطعام
ہے۔ اور روحوں کی غذا ہے۔
اور آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔
اور یہ حب محبوب خدا وہ حیات
ہے۔ جو اس سے محروم ہے۔ وہ
مُردوں میں شمار ہے اور یہ
وہ نور ہے کہ جس کے پاس یہ
مفقود ہے۔ تو وہ تاریکیوں
(ظلمات) کے سمندروں میں غرق ہے

بہا فعیشہ کلہ
ھموم و آلام وھی
روح الایمان.
والاعمال والمقامات
والاحوال التی
متی خلت (تلک
الاربعۃ - زرقانی)
منہا فہی کالجسد
الذی لا روح
فیہ تحمل اثقال
السائرین
الی بلد لم
یکونوا الا
بشق الانفس
بالغیہ وتوصلھم
الی منازل
لم یکونوا
بدونہا ابدا
واصلیہا وتبوؤھم

اور یہ وہ شفا ہے جس کے پاس
یہ معدوم ہے۔ تو اس کے دل
میں تمام امراض طویلہ داخل ہو
گئیں اور یہ وہ لذت ہے جو
اس سے محروم رہا تو اس کا سب عیش
غموں اور دردوں والا ہوا
اور یہ حب حبیب خدا ایمان
اعمال (صالحہ) مقامات (علیہ)
حالات (رفیعہ) کی وہ روح
ہے۔ جب یہ چاروں اس حب
نبی سے خالی ہوں تو یہ چاروں
چیزیں اس جثہ کی طرح ہیں کہ
جس میں روح نہ ہو۔ یہ حب
سرکار مدینہ بلد محبوب حقیقی کی
طرف سیر کرنے والوں کے بوجھ
اٹھاتی ہے۔ جس تک وہ بغیر
مشقت نفسوں کے نہ پہنچ
سکتے۔ اور یہ حب نبی ان کو ایسے
منازل عالیہ و مقامات رفیعہ تک

من مقاعد الصدق
الی مقامات
لم یکونوا لولا
ھی داخلیھا
(وفیہ تلمیح لمعنی
ان المتقین
فی جنات ونہر
فی مقعد صدق
والتقوی بالایمان
لاتکون الا
مع محبۃ الرسول
زرقانی) وھی مطایا القوم
التی سراھم فی
ظھورھا دائما الی الحبیب
وطریقھم الاقوم الذی
یبلغھم الی منازلھم
الاولی (التی کانوا
بھا فی صلب آدم
وھی الجنۃ) من

پہنچا دیتی ہے کہ اس حب رسول
کے بغیر وہ کبھی ان منازل تک نہ
پہنچ سکتے اور یہ حب محبوب خدا
ان کو ملیک مقتدر کے حریم قدس
میں مجالس صدق کے ایسے مقامات
میں بٹھاتی ہے۔ کہ وہ واصلین
حضرت الوہیت اس حب
حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے
بغیر کبھی اس میں داخل نہ ہو سکتے
اور یہ حب مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ
والسلام قوم واصلین الی اللہ
کی وہ سواری ہے۔ کہ ان کو اپنے
ظہور اور نورانیت میں رات کے
اول اور درمیانے اور آخری
حصہ میں ہمیشہ محبوب حقیقی کے
میدان قرب میں سیر کراتی ہے
اور یہ وہ مضبوط راستہ ہے کہ
ان کو پہلی منزل یعنی بہشت میں
عنقریب بغیر دخول عذاب کے

قریب رب دون عذاب قبل دخولها للمحبة) تاللہ لقد ذھب اھلھا (المحبة) بشرف الدنیا والاٰخرة اذلھم من معیة محبوبھم (المشار لھا بقولہ انت مع من احببت۔) اوفر نصیب۔ الخ

پہنچا دے گا۔ اللہ کی قسم محبین وعشاقان سید عالم دارین کا شرف لے گئے اس لئے ان کو حب حبیب خدا کی وجہ سے معیت محبوب سے وافر حصہ ملا اگرچہ بظاہر دور ہیں بباطن ہر وقت پیش حضور ہیں)

اللھم ارزقنی حب حبیبک بحرمة حبیبك صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم

المواھب اللدنیہ ج ص مقصد سابع فصل اول

زرقانی علی المواھب ج ۶ صفحہ ۲۸ صفحہ ۲۸

جان لو ایمان کی ہے جان حب مصطفےٰ
اور بجز ذکر نبی مردود ہے ذکر خدا

لم یخلق الرحمن اٰدم والذی
من نسلہ الا لحب محمد

نبی کی محبت بڑی چیز ہے
خدا دے یہ دولت بڑی چیز ہے

شراب عشق احمد کی عجب پر کیف مستی ہے ؛ کہ جاں دیکر اگر اک بوند ملجائے تو سستی ہے

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔

قل ان کان آباؤکم وابناؤکم واخوانکم وازواجکم وعشیرتکم واموال ن اقترفتموھا وتجارۃ تخشون کسادھا ومسٰکن ترضونھا احب الیکم من اللہ ورسولہ وجہاد فی سبیلہ فتربصوا حتی یأتی اللہ بامرہٖ ط واللہ لایھدی القوم الفٰسقین (۲۴) پ ۱۰ توبہ ع ۳

اے نبی تم فرما دو کہ اے لوگو اگر تمہارے باپ تمہارے بیٹے تمہارے بھائی تمہاری بیویاں تمہارا کنبہ تمہاری کمائی کے مال اور وہ سوداگری جس کے نقصان کا تمہیں اندیشہ ہے۔ اور تمہاری پسند کے مکان ان میں کوئی چیز بھی اگر تم کو اللہ اور اللہ کے رسول اور اس کی راہ میں کوشش کرنے سے زیادہ محبوب ہے تو انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا عذاب اتارے اور اللہ تعالیٰ بے حکموں کو راہ نہیں دیتا۔

لہ قال القاضی عیاض بعد نقل ھذہ الآیۃ "فکفی بھذا حضا وتنبیھا ودلالۃ وحجۃ علی الزام محبتہ ووجوب فرضھا وعظم خطرھا (ای قدرھا وفائدتھا نسیم) واستحقاقہ لھا صلی اللہ علیہ وسلم اذ قرع تعالیٰ من کان مالہ واھلہ وولدہ احب الیہ من اللہ ورسولہ واوعدھم بقولہ تعالیٰ فتربصوا حتی یاتی اللہ بامرہٖ ثم فسقھم بتمام الآیۃ واعلمھم انھم ممن ضل ولم یھدہ اللہ" (شفا شریف ج ۲ ص ۱۵ باب ۲ قسم ۲) ۱۲ منہ

اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ جسے دنیا جہان میں کوئی معزز کوئی عزیز کوئی مال کوئی چیز اللہ و رسول سے زیادہ محبوب ہو وہ بارگاہ الہٰی سے مردود ہے۔ اللہ اسے اپنی طرف راہ نہ دے گا۔ اسے عذاب الہٰی کے انتظار میں رہنا چاہئے۔ (والعیاذ باللہ تعالیٰ)

(۱) حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور حبیب خدا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

والذی نفسی بیدہ لا یؤمن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ

قسم ہے اس ذات کی کہ میری جان جس کے ید قدرت میں ہے تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ میں اسے اس کے باپ اور اس کی اولاد سے زیادہ پیارا نہ ہوں

صحیح بخاری ج ۱ ص ۷ وایضا رواہ احمد فی مسندہ والنسائی الفتح الکبیر ج ۳ ص ۲۹۹ عن الزیادات وابو یعلی فی مسندہ وابو داؤد وایضا، کنز العمال طبع جدید ج ۱ ص ۳۱ ص ۳۲ حدیث ع ۷۰۔

(۲) حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ محبوب خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

لا یؤمن احدکم حتی اکون احب

تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہ ہوگا جب تک میں اسے اس کے

الیہ من والدہٖ وولدہ والناس اجمعین	والد اور اس کی اولاد اور سب آدمیوں سے زیادہ محبوب (پیارا) نہ ہوں ۔

صحیح بخاری ج۱ ص۷، متفق علیہ، مشکوٰۃ شریف ج۱ ص۱۲ ۔
وفی روایۃ مسلم بتقدیم "ولدہٖ" علی "والدہٖ" صحیح مسلم ج۱ ص۴۹
ورواہ احمد فی مسندہٖ والشیخان والنسائی وابن ماجۃ الجامع الصغیر للسیوطی ج۲ ص۲۰۴، کنز العمال طبع جدید دکن ص۳۱ حدیث ع۷۰ ج۱ الفتح الکبیر ج۳ ص۳۵۱ ۔ شفا شریف ج۲ ص۱۵ ۔ وفی روایۃ مسلم عن انس ۔

لایؤمن عبد وفی حدیث عبدالوارث الرجل حتی اکون احب الیہ من اھلہ ومالہ والناس اجمعین (صحیح مسلم ج۱ ص۴۹)	(حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا) کوئی عبد، کوئی مرد مسلمان نہ ہوگا، جب تک میں اسے اس کے اہل (گھر والوں) سے اور اس کے مال اور تمام لوگوں سے زیادہ پیارا نہ ہوں ۔

اس حدیث نے بات صاف فرما دی کہ جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ عزیز کسی کو رکھے ہرگز مسلمان نہیں ۔ ثابت ہوا کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہی تمام جہان سے زیادہ محبوب رکھنا مدار ایمان و مدار نجات ہے ۔

(۳) حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ثلث من کن فیہ وجد حلاوۃ الایمان ان یکون اللہ ورسولہ احب الیہ مما سواھما وان یحب المرء لایحبہ الا للہ وان یکرہ ان یعود فی الکفر کما یکرہ ان یقذف فی النار

تین چیزیں جس میں ہوں اس نے ایمان کی چاشنی کو پایا یہ کہ اللہ اور اس کا رسول ان کے ماسوا سے اسے زیادہ محبوب ہوں۔ اور یہ کہ کسی مرد سے محض اللہ ہی کیلئے محبت رکھے۔

اور یہ کہ کفر میں لوٹنے کو اسی طرح ناپسند جانے جس طرح آگ میں ڈالے جانے کو ناپسند جانتا ہے۔

صحیح بخاری ج۱ ص۸ و ج۲ ص۸۹۲۔ متفق علیہ صحیح مسلم ج۱ ص۴۹۔ مشکوۃ ص۱۲۔ شفا شریف ج۲ ص۱۵۔ وایضا رواہ احمد فی مسندہ والترمذی والنسائی وابن ماجۃ۔ الجامع الصغیر للسیوطی ج۱ ص۱۳۵۔ وسمویہ والطبرانی فی الکبیر۔
کنز العمال ج۱ ص۳۲ حدیث ع۲۔

(۴) ابورزین العقیلی۔ (اسمہ لقیط، صحابی مشہور، تقریب ج۲ ص۱۳۸) رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ

ایمان کیا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

ان تشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له وان محمدا عبده ورسوله وان يكون الله ورسوله احب اليك مما سواهما وان تحترق بالنار احب اليك من ان تشرك بالله وان تحب ذا النسب لا تحبه الا لله فاذا كنت كذلك فقد دخل حب الايمان في قلبك كما دخل حب الماء للظمآن في اليوم القائظ

یہ کہ گواہی دے تو اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک ہے اس کے سواء کوئی معبود نہیں۔ اور بیشک محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اس کے عبد (مقدس) اور اس کے رسول ہیں اور یہ کہ اللہ اور اس کا رسول تجھے ان کے ماسوا سے زیادہ محبوب ہوں اور یہ کہ تجھے آگ میں جلنا اللہ تعالیٰ کے ساتھ (کفر و) شرک کرنے سے زیادہ پسند ہو۔ اور یہ کہ تو کسی نسب والے سے محبت نہ کرے مگر اللہ تعالےٰ کے لئے جب تو اس طرح ہوا تو تیرے دل میں ایمان کی محبت اسی طرح داخل ہو گی۔ جیسے سخت گرمی کے دن میں پیاسے کے لئے (دل میں) پانی کی محبت داخل ہوتی ہے۔

رواہ الامام احمد فی مسندہ ۔ کنزالعمال ج ۱ ص ۲۸/۲۹ حدیث ۹۴ طبع جدید

(۵) فاطمہ بنت عتبہ سے روایت ہے رضی اللہ عنہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

واللہ لا یکون احد کم مومنا حتی اکون احب الیہ من ولدہ ووالدہٖ	اللہ کی قسم تم میں سے کوئی مسلمان نہ ہوگا۔ جب تک کہ میں اسے اس کی اولاد اور اس کے ماں باپ سے زیادہ پیارا نہ ہوں

رواہ الحاکم فی مستدرکہ ۔ کنزالعمال ج ۱ ص ۳۴ طبع جدید حدیث ۹۱

(۶) عبداللہ بن ہشام سے روایت ہے کہ حضور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لا یؤمن احد کم حتی اکون احب الیہ من نفسہٖ ۔	تم میں سے کوئی مسلمان نہ ہوگا۔ جب تک میں اسے خود اس کی ذات سے زیادہ پیارا نہ ہوں۔

رواہ الامام احمد فی مسندہ ۔ کنزالعمال طبع جدید ج ۱ ص ۳۴ حدیث ۹۲

(۷) عبدالرحمن بن ابی لیلی اپنے باپ سے راوی کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا۔

لا یؤمن احد کم حتی اکون احب الیہ من نفسہٖ واھلی احب الیہ	تم میں سے کوئی مؤمن نہ ہوگا جب تک کہ میں اسے خود اس کی ذات سے زیادہ پیارا نہ ہوں اور جب

من اهله وعترتی احب الیہ من عترتہ وذریتی احب الیہ من ذریتہ	تک میرا کنبہ اسے اپنے کنبہ سے زیادہ پیارا نہ ہو۔ اور جب تک میری اولاد اسے اپنی اولاد سے زیادہ پیاری نہ ہو اور جب تک میری نسل اسے اپنی نسل سے زیادہ پیاری نہ ہو۔

رواہ الطبرانی فی الکبیر والبیہقی فی شعب الایمان ۔ کنز العمال ج ۱ ص ۴۴ حدیث ۹۳ ۔

(۸) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ۔ کہ حضور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم نے فرمایا ۔

لن یومن احدکم حتی اکون احب الیہ من نفسہ	تم میں سے ہرگز کوئی مسلمان نہ ہوگا ۔ جب تک میں اسے اس کی ذات سے زیادہ محبوب (پیارا) نہ ہوں ۔

(شفا شریف ج ۲ ص ۱۵) رواہ البخاری

شرح الشفا للقاری والخفاجی ج ۳ ص ۳۴۶ ۔

(۹) حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ۔

زر غبا تزدد حبا	چند دن کے بعد زیارت کر محبت بڑھے گی

رواه الامام ابوحنیفۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جامع مسانید امام اعظم طبع دکن ج ۱ ص ۹۷ وج ۲ ص ۳۲۹ ۔ و رواہ البزار والطبرانی فی الاوسط والبیہقی فی شعب الایمان عنہ ۔ الجامع الصغیر ج ۲ ص ۲۷ ۔ الفتح الکبیر ج ۲ ص ۱۴۳

(۱۰) و رواہ البزار والبیہقی فی شعب الایمان عن ابی ذر رضی اللہ عنہ الجامع الصغیر ج ۲ ص ۲۷ ۔ الفتح الکبیر ج ۲ ص ۱۴۳ ۔

(۱۱) و رواہ الطبرانی فی الکبیر والحاکم فی مستدرکہ عن حبیب بن مسلمہ الفہری الجامع الصغیر ج ۲ ص ۲۷ ۔ الفتح الکبیر ج ۲ ص ۱۴۳ ۔

(۱۲) والطبرانی فی الکبیر عن ابن عمرو الجامع الصغیر ج ۲ ص ۲۷ ۔ الفتح الکبیر ج ۲ ص ۱۴۳ ۔

(۱۳) والطبرانی فی الاوسط عن ابن عمر الجامع الصغیر ج ۲ ص ۲۷ ۔ الفتح الکبیر ج ۲ ص ۱۴۳ ۔

(۱۴) و رواہ الخطیب فی التاریخ عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا الجامع الصغیر ج ۲ ص ۲۷ ۔ الفتح الکبیر ج ۲ ص ۱۴۳ ۔

اس میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے ساتھ ازدیاد محبت کا حکم فرمایا ہے ۔ اور اس کی ترکیب بھی خود بیان فرمائی ہے ۔

(۱۵) ایک شخص حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس آیا عرض کی یارسول اللہ قیامت کب آئے گی ۔ حضور نے فرمایا تو نے اس کے لئے کیا تیار کیا ہے ۔ عرض کی میں نے تو اس کے لئے نہ زیادہ نمازیں تیار کی ہیں ۔ اور نہ زیادہ روزے اور نہ زیادہ صدقہ ۔

ولکنی احب اللہ ورسولہ قال انت مع من احببت	ہاں اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں حضور نے فرمایا تو اپنے محبوب کے ساتھ ہوگا

صحیح بخاری ج ۲ ص ۹۱۱/۱۰۵۹ - شفا شریف ج ۲ ص ۱۶ - صحیح مسلم ج ۲ ص

(۱۶) حضرت صفوان ہجرت کر کے حضور کے پاس پہنچے عرض کی یا رسول اللہ اپنا ہاتھ دیں میں آپ سے بیعت ہوتا ہوں - صفوان نے کہا کہ حضور نے اپنا ہاتھ مبارک مجھے دیا میں نے عرض کی یا رسول اللہ

انی احبک (قال) المرء مع من احب	میں آپ سے محبت رکھتا ہوں فرمایا محب محبوب کے ساتھ ہوگا

شفا شریف ج ۲ ص ۱۶ - رواہ الترمذی والنسائی شرح الشفا للقاری والخفاجی ج ۳ ص ۳۴۸ ۔

ان حدیثوں سے معلوم ہوا کہ

محبان نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام محبوب خدا کے ساتھ ہوں گے ۔

(۱۷) حضرت انس سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ۔

من احبنی کان معی فی الجنۃ	جسے میرے ساتھ محبت ہے وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگا

رواہ الترمذی - مشکوٰۃ شریف ج ۱ ص ۳۰ - باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ - شفا شریف ج ۲ ص ۱۷ - رواہ الاصفہانی فی ترغیبہ

واخرجہ القاضی عیاض ۔ شرح شفا للقاری والخفاجی ج ٣ ص ٢٥٠ ۔

(١٨) حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ۔

ادبوا اولادکم علی ثلاث خصال حب نبیکم وحب اهل بیتہ وقراءۃ القرآن	اپنی اولاد کو تین خصلتوں کی تعلیم دو (١) اپنے نبی کی محبت ۔ (٢) نبی کے اہل بیت کی محبت (٣) تلاوت قرآن ۔

رواہ ابو نصر الشیرازی فی فوائدہ والدیلمی فی مسند الفردوس وابن النجار جامع صغیر ج ١ ص ١٤ ۔

(١٩) حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ۔

المرء مع من احب	محب محبوب کے ساتھ ہوگا

رواہ البخاری فی صحیحہ کتاب الادب باب علامۃ الحب فی اللہ ج ٢ ص ٩١١ ۔

نیز حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ ایک مرد حضور کی بارگاہ میں آیا ۔ پس عرض کی یا رسول اللہ آپ اس شخص کے حق میں کس طرح فرماتے ہیں کہ جس نے کسی قوم کو محبوب جانا لیکن (عمل و فضیلت میں) ان سے نہ مل سکا ۔ حضور نے فرمایا ۔

المرء مع من احب	محب محبوب کے ساتھ ہوگا ۔

صحیح بخاری ج ۲ ص ۹۱۱

احب الصالحین ولست منہم

لعل اللہ یرزقنی صلاحا

ع گرچہ من ناپاک ہستم دل بپاکاں بستہ ام

(۲۰) حضرت ابوموسٰی سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے پوچھا گیا اس شخص کے بارہ میں جو ایک قوم کو محبوب رکھتا ہے۔ اور (اعمال میں) ان سے ملا ہوا نہیں۔ آپ نے فرمایا۔

المرء مع من احب — ہر مرد اپنے محبوب کے ساتھ ہوگا

(صحیح بخاری ج ۲ ص ۹۱۱)

وفی الجامع الصغیر (ج ۲ ص ۱۸۵) المرء مع من احب رواہ احمد والشیخان وابوداؤد والترمذی۔ والنسائی عن انس وفی الصحیحین عن ابن مسعود، شرح شفا للقاری ج ۳ ص ۳۴۸۔ وروی ہذا اللفظ (یعنی قولہ صلی اللہ علیہ وسلم المرء مع من احب۔ نسیم)

عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

(۲۱/۲۲) عبداللہ بن مسعود وابوموسٰی وانس رضی اللہ تعالٰی عنہم۔ وعن ابی ذر بمعناہ (شفا شریف ج ۳ ص ۱۶۔ وشرحہ للخفاجی والقاری ج ۳ ص ۳۴۸)

(۲۳) حضرت علی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ

ان النبی صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم	حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام

اخذ بید حسن وحسین فقال من احبنی واحب ھذین واباھما وامھما کان معی فی درجتی یوم القیمۃ	نے (حضرت) حسن اور (حضرت) حسین کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا جس کو مجھ سے محبت ہے اور ان دو اور ان کے باپ اور ان کی ماں سے محبت ہے وہ قیامت کے دن میرے درجہ میں میرے ساتھ ہوگا

شفا شریف ج ۲ صــ ۱۶ــ ھ طبع قدیم مصر ۔ رواہ الترمذی (
شرح شفا للقاری والخفاجی ج ۳ صــ ۳۴۹ــ ۔ رواہ احمد والترمذی عن علی ۔ کنز العمال والطبرانی عنہ

٢٤/٢٥ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ

ان رجلا اتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال یارسول اللہ لانت احب الی من اھلی ومالی وانی لاذکرك فما اصبر حتی اجیئ فانظر الیك وانی ذکرت	یعنی بے شک ایک مرد[1] نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا عرض کی یارسول اللہ آپ مجھے میرے اہل اور مال سے زیادہ پیارے ہیں ۔ بے شک میں آپ کو یاد کرتا ہوں ۔ تو مجھ سے نہیں رہا جاتا تو آکے آپ کی زیارت کرتا ہوں ۔ اور میں جب

[1] امام بغوی نے اپنی تفسیر میں فرمایا وہ حضور کا غلام "ثوبان" تھا اور بعض نے کہا وہ عبد اللہ بن زید تھا ۔ شرح الشفا للخفاجی والقاری ج ۳ صــ ۳۴۹ــ ۱۲ منہ

موتی وموتک	اپنی موت اور آپ کی پردہ پوشی
فعرفت انک	کو یاد کرتا ہوں پس یہ سوچتا ہوں
اذا دخلت الجنۃ	کہ آپ جب بہشت میں نبیوں کے
رفعت مع النبیین	ساتھ اعلیٰ مقام میں ہوں گے اگر
وان دخلتہا لا اراک	میں بہشت میں داخل ہوا بھی تو
فانزل اللہ تعالیٰ	میں آپ کو نہ دیکھوں گا۔ تو اس
"ومن یطع اللہ	پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی
والرسول فاولٰئک	کہ "جو اللہ ورسول کی اطاعت
مع الذین انعم اللہ	کرے پس وہ ان لوگوں کے ساتھ
علیہم من النبیین	ہوگا۔ جن پر اللہ کا انعام ہے وہ
والصدیقین والشہداء	انعام والے انبیا، صدیقین،
والصالحین وحسن	شہدا اور صالحین ہیں۔ ان کی
اولٰئک رفیقا"	رفاقت کتنا ہی اچھی ہے" حضور
فدعا بہ	نے اس کو بلایا اور یہ آیت تسلی
فقرأھا علیہ	کے لئے، پڑھ کر سنائی۔

شفا شریف ج ۲ ص ۱۶/۱ ۔ رواہ الطبرانی وابن مردویہ۔ شرح الشفا للقاری والخفاجی ج ۳ ص ۳۴۹۔

علامہ خفاجی فرماتے ہیں کہ تفسیر قرطبی میں ہے۔ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کو یہ آیت پڑھ کر سنائی اس عاشق نے اللہ تعالیٰ سے

دعا مانگی کہ اے اللہ اسے اندھا کر دے تاکہ وہ دنیا میں حضور کے سوا اور تو کسی کو نہ دیکھے تو وہ فوراً اسی وقت نابینا ہو گیا۔ (نسیم الریاض جز ۳ صفحہ ۵۴۰)

بسر یست کہ جز سر زلف تو بسودم سرے دگرے نہ شد
بدیست کہ جز در کوئے تو بدرِ دگر گذرے نہ شد
بشکند دستے کہ خم در گردن یارے نہ شد
کور بہ چشمے کہ لذت گیر دیدارے نہ شد
با یار بہ گلزار شدم رہ گذری
بر گل نظرے فگندم از بیخبری
دلدار بطعنہ گفت شرمت بادا
رخسار من اینجاست تو در گل نگری

(۲۶) وفی حدیث

آخر کان رجل عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم ینظر الیہ لایطرف فقال ما بالک قال بابی انت وامی اتمتع من النظر لیلک فاذا کان یوم القیامۃ

یعنی ایک اور حدیث میں ہے کہ کوئی مرد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہاں آپ کو ٹکٹکی باندھ کے دیکھ رہا تھا پل جھپکنے کے برابر بھی ادھر ادھر نہ دیکھتا تو حضور نے فرمایا تیرا کیا حال ہے کہا میرے ماں باپ حضور پر قربان ہوں آپ کے دیدار سے نفع اٹھا رہا ہوں جب قیامت کا دن ہو گا اللہ تعالیٰ آپ کو فضیلت

رفعك اللّٰه بتفضیلہ فانزل اللّٰہ الآیۃ
شفا شریف ج ۲ ص ۱۷

دیتے ہوئے اعلیٰ درجہ میں رکھے گا۔ (تو اس وقت دیدار سے محروم ہوں گا۔) تو اس پر اللہ تعالیٰ نے مع الذین انعم اللّٰہ علیہم والی آیت اتاری۔

(۲۷) حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہ وسلم نے فرمایا۔

من اشد امتی لی حبا ناس یکونون بعدی یود احدھم لو رآنی باھلہ ومالہ

میری پردہ پوشی کے بعد میری امت سے ایسے لوگ ہوں گے جو میرے ساتھ سخت محبت رکھنے والے ہونگے ان میں کا ہر ایک یہ آرزو کرے گا کہ کاش وہ اپنے اہل وعیال فدا وقربان کرکے مجھے دیکھ لیتا۔

ومثلہ عن ابی ذر۔ اخرجہ القاضی عیاض فی الشفا ج ۲ ص ۱۷)

(۲۸) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عرض کی کہ آپ مجھے میری جان سے بھی زیادہ محبوب ہیں۔ شفا ج ۲ ص ۱۷

(۲۹) حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ مجھے خدا کی تمام مخلوق سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے زیادہ پیارا کوئی نہیں۔ (شفا ج ۲ ص ۱۷)

(۳۰) خالد بن معدان کی لڑکی حضرت عبدۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ

ماکان خالد یأوی

یعنی میرے والد حضرت خالد بچھونے

الی فراش الا وھو یذکر من شوقہ الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والی اصحابہ من المہاجرین والانصار یسمیھم ویقول ھم اصلی وفصلی والیھم یحن قلبی طال شوقی الیھم فعجل رب قبضی الیک حتی یغلبہ النوم

شفا شریف ج ۲ ص ۱۸

پر نہ لیٹتے مگر وہ شوق ومحبت سے حضور علیہ الصلوۃ والسلام اور آپ کے اصحاب مہاجرین وانصار میں سے ایک ایک کا نام لیکر ذکر کرتے رہتے اور فرماتے وہ اصول دین میں میری اصل ہیں اور فرع مجتہدین میں میری فرع ہیں یا وہ میرا حسب ونسب ہیں میرا دل انہیں کا مشتاق ہے۔ ان کی ملاقات و دیدار کا شوق لمبا ہو چکا اے اللہ اب مجھے جلد دنیا سے اٹھا لے۔ بس یہی کہتے کہتے ان کو نیند آجاتی

[illegible]

گیا ر دل را دل وچ رہی را وے

نہ یار ملدا نہ موت آوے

نیز سلطان العاشقین غواص بحر توحید غبیط اہل تجرید حضرت خواجہ غلام فرید ادامہ المجید فی لقاء الحمید فرماتے ہیں۔

گئے وقت ویلے یار وچھڑے ÷ ڈکھڑے ڈکھی تے کیتے دہیر

شالہ ڈاڈے بھیوم تھلیرے ÷ پاڑے گذاروں سجنیں دے گھر دے

(۳۱) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ جب

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد مکرم حضرت ابو قحافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام لائے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ معلی میں عرض کی

والذی بعثك بالحق لاسلام ابی طالب[1] کان اقر لعینی من اسلامه ......

وذلك ان اسلام ابی طالب کان اقر لعینك (شفا شریف ج ۲ ص ۱۸) رواه ابن عساکر فی تاریخه ـ واحمد وابن اسحٰق وابو حاتم ـ شرح الشفا للقاری والخفاجی ج ۳ ص ۳۵۲ ـ

قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا البتہ ابوطالب کے اسلام لانے میں میری آنکھ کی ٹھنڈک زیادہ تھی بنسبت میرے باپ کے اسلام لانے کے یہ اس لئے کہ ابوطالب کے اسلام لانے میں آپ کی آنکھ کی ٹھنڈک زیادہ ہے۔

[1] ابوطالب کے متعلق علماء و ائمہ اہلسنت کے تین قول ہیں بعض ان کے کفر کے قائل ہیں۔ اور بعض ان کے ایمان و اسلام کے قائل ہیں۔ یا قبل از وفات آخر وقت میں وہ مسلمان ہو گئے یا فوت گی تو کفر پر ہوئی بعدہٗ حضور نے ان کو زندہ کر کے دولت ایمان و اسلام سے مشرف فرمایا جیسا کہ امام قرطبی نے تذکرہ میں اور امام شعرانی نے مختصر تذکرہ قرطبی میں اس کی تصریح کی ہے اور اخبار الاخیار للشیخ المحقق میں ہے اور طمش نبراس میں ہے اور امام سید احمد بن زینی دحلان مفتی مکہ نے تو اس موضوع پہ ایک کتاب لکھی ہے۔ جس کا نام ہے " اسنی المطالب فی نجات ابی طالب " وغیرہ یہ حضرات احادیث کفر کو قبل از اسلام پہ محمول کرتے ہیں (بقیہ بر ص ۹۲۴)

علامہ خفاجی رحمۃ الباری نے فرمایا "کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فتح مکہ کے دن مسجد میں داخل ہوتے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد کو پکڑ کر (کیونکہ وہ نابینا ہو چکے تھے) حضور کی بارگاہ میں پیش کیا۔ حضرت ابوبکر سے حضور نے فرمایا اس شیخ کو اپنے گھر رہنے دیتے

(بقیہ حاشیہ از ص ۸۲۳) اور یہاں حضرت صدیق کا قول بھی قبل از اسلام پہ محمول ہوگا۔ باقی رہی آیت انک لا تھدی من احببت ولکن اللہ یھدی من یشاء تو یہ نہ ابوطالب کے کفر پہ دلالت کرتی ہے (کما قال الرازی فی تفسیرہ مفاتیح الغیب) اور نہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اختیار و ہدایت دے سکنے کی نفی پہ لقولہ تعالیٰ وانک لتھدی الی صراط مستقیم (پ ۲۵ شوریٰ ۵۲) ولقولہ تعالیٰ لکل قوم ھاد وجعلنا منھم آئمۃ یھدون بامرنا وغیرہ ذالک من الآیات انک لا تھدی کا یہ ترجمہ نہایت ہی غلط ہے۔ کہ تم ہدایت نہیں دے سکتے " ورنہ " واللہ لا یھدی القوم الظلمین (پ ۳ البقرہ ۲۵۸) وغیرہ ذلک مثلہ کا ترجمہ بھی یہی ہوگا کہ " اللہ قوم ظلمین کو ہدایت نہیں دے سکتا" کیونکہ حضور کے حق میں لا تھدی ہے تو اللہ تعالیٰ کے حق میں بھی لا یھدی ہے۔ دراصل بات یہ ہے کہ رضا، حب اور مشیت میں فرق ہے۔ یعنی پسندیدگی اور ارادہ میں فرق ہے۔ ہدایت دینا مشیت پہ موقوف ہے نہ حب و رضا پہ جس طرح حضور کو ابوطالب کا ایمان و اسلام پسند تھا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کو بھی اپنے بندوں کا اسلام پسند ہے نہ کفر کما قال تعالیٰ ان اللہ لا یرضیٰ عن عبادہ الکفر ( ) یہی وجہ ہے کہ یوں فرمایا انک لا تھدی من احببت ولکن اللہ یھدی من یشاء یعنی اللہ تعالیٰ (بقیہ ص ۹۲۵)

ہیں خود وہاں آجاتا حضرت ابوبکر نے عرض کی یا رسول اللہ یہ (والد صاحب) اس بات کے زیادہ حقدار ہیں کہ وہ چل کر آپ کے پاس آئیں۔ تو حضور نے ان کے والد کو اپنے سامنے بٹھایا۔ پھر ان کے سینہ پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا مسلمان ہوجا تو وہ مسلمان ہوگئے ..... جب حضور نے ابوبکر کے

(بقیہ حاشیہ از صفحہ ۹۲۴) نے اپنی ہدایت کا ثبوت تو مشیت سے بیان فرمایا اور لا تھدی کو احببت سے۔ اس طرح نہ فرمایا کہ انک لا تھدی من تشاء ولکن اللہ یھدی من یشا اور یوں بھی نہ فرمایا انک لا تھدی من احببت ولکن اللہ یھدی من یحب۔ حضور کی مشیت چونکہ مشیت ایزدی کے تابع ہے۔ لہٰذا جہاں وہ ہدایت نہیں چاہتا وہاں حضور بھی ہدایت نہیں چاہتے یہ اور بات ہے کہ اللہ تعالیٰ کو بھی اپنے بندوں سے اسلام پسند ہے۔ اور حضور کو بھی ان کا اسلام پسند ہے۔ لیکن ہدایت کا ملنا پسندیدگی پہ نہیں بلکہ وہ مشیت پہ ہوتا ہے۔ اور یہ ہو نہیں سکتا کہ حضور کسی کی ہدایت چاہیں۔ اور حضور کا چاہا پورا نہ ہو اور وہ ہدایت یافتہ نہ ہو القولہ تعالیٰ والذی جاء بالصدق (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) وصدق بہ اولئک ھم المتقون لھم مایشاؤن عند ربھم۔ ولقول ام المومنین عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا "ما اری ربک الا یسارع فی ھواک" رواہ البخاری، مشکوٰۃ۔ وقال الامام السبکی فی شفاء السقام ص۱۷۸ تحت آیت انک لا تھدی" ولیس علیک خلق ھدایتہ اھ آیت کی یہ توضیح علماء کرام کے ارشادات عالیہ کے مطابق ہے اور عرفاء عظام کچھ اور ہی ارشاد فرماتے ہیں وہ یہ کہ میں نے آقائے نعمت مصدر رافت سلطان المدینہ امام الواصلین (بقیہ برصفحہ ۹۲۶)

والد کے اسلام لانے پر خوشی کا اظہار فرمایا۔ اس پر حضرت ابوبکر نے عرض کی کہ اگر ابوطالب اسلام لاتے تو مجھے اپنے والد کے اسلام لانے سے زیادہ خوشی تھی۔ (نسیم الریاض ج ۳ ص ۳۵۲)

(بقیہ حاشیہ از ص ۹۲۵) غرق بحر مشاہدہ حضرت سیدی خواجہ غلام یٰسین دام رضاہ علی لاسعۃ سجادہ نشین بارگاہ عالیہ فیضیہ شاہجمالیہ سے سنا انہوں نے فرمایا کہ میرے والد مکرم مجمع البحرین جامع الطریقین قطب وقت غوث زمانہ محقق یگانہ عاشق رسول عارف مقبول حضرت قبلہ خواجہ سیدنا و مولانا فیض محمد شاہجمالی قدس سرہ العالی مجھے فلاں (جس کا نام فقیر فیضی کو بھول گیا۔) منتہی کتاب پڑھا رہے تھے اس میں ہدایت کا مسئلہ چلا آپ نے فرمایا انک لاتھدی من احببت ولکن اللہ یھدی من یشاء کا مطلب عرفا کے قول کے مطابق یہ ہے۔ کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کی ہدایت کو اپنی ہدایت بتا رہا ہے یعنی اے محبوب جس کو آپ ہدایت دیتے ہیں آپ نہیں دیتے بلکہ اللہ تعالیٰ ہدایت دیتا ہے۔ آپ کا ہدایت دینا اللہ تعالیٰ کا ہدایت دینا ہے۔ فرمایا یہ آیت ومارمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی کی طرح ہے وہاں رمی سید عالم کو اپنی رمی کہا گیا۔ یہاں ان کی ہدایت کو اپنی ہدایت خلاصہ یہ کہ حضور ایسے فنا فی اللہ کے مقام میں تھے کہ دونوں کی رمی و ہدایت میں یک جہتی و اتحاد ہے وہاں مارمیت یہاں لاتھدی وہاں اذ رمیت یہاں من احببت وہاں ولکن اللہ رمی اور یہاں ولکن اللہ یھدی من یشاء۔ ثم رایت نحوہ فی جواہر البحار للنبہانی قدس سرہ النورانی فاحفظہ فانہ جید لیکن یہ خیال رہے کہ علماء باطن کے دونوں جوابوں کا علماء ظاہر کو خلط ملط نہ ہو۔ خصوصاً لفظ احببت پہ کیونکہ یہ قانون ہے لامناقشۃ فی الاصطلاح اور بعض علماء اہلسنت ابوطالب کے معاملہ کو معمہ سمجھتے ہوئے توقف کرتے ہیں کما قال الشیخ المحقق فی مدارج النبوت ۱۲ کتبہ محمد منظور احمد الفیضی بقلمہ

اس سے حضرت ابوبکر کے دل میں محبوب خدا کی کمال محبت ثابت ہوتی ہے۔ اعلیحضرت مولانا الامام احمد رضا خاں علیہ رحمۃ الرحمٰن نے فرمایا۔ یہی تعظیم و محبت و جاں نثاری و پروانہ داری شمع رسالت علیہ افضل الصلوٰۃ والتحیۃ ہیں بعد انبیاء و مرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین تمام جہان پر تفوق ہے۔ جس نے صدیق اکبر کو ان کے بعد تمام عالم تمام خلق اللہ تمام اولیاء تمام عرفا سے افضل و اکرم و اکمل و اعظم کر دیا یہی وہ سر ہے جس کی نسبت حدیث آیا کہ ابوبکر کو کثرت صوم و صلاۃ کی وجہ تم پر فضیلت نہ ہوئی ولکن بشئی وقر فی صدرہٖ بلکہ اس سر کے سبب جو اس کے دل میں راسخ و متمکن ہے۔ یہی وہ راز ہے۔ جس کے باعث ارشاد ہوا

لووزن ایمان ابی بکر مایمان امتی لرجح ایمان ابی بکر	اگر ابوبکر کا ایمان میری تمام امت کے ایمان کے ساتھ وزن کیا جاتے تو ابوبکر کا ایمان غالب آئے (گا)

(حیات اعلیحضرت ص ۱۲۰)

۱؎ قال الغزالی قدس سرہ العالی فی احیاء علوم الدین (ج ۱ ص ۱۳ ۹) ایمان ابی بکر رضی اللہ عنہ الذی لو وزن بایمان العالمین لرجح" کما شہد لہ بہ سید البشر صلی اللہ علیہ وسلم (وفی حاشیۃ الاحیاء "حدیث لو وزنت ایمان ابی بکر بایمان العالمین لرجح" ابن عدی من حدیث ابن عمر باسناد ضعیف (یقول الفیضی والضعیف مقبول فی المناقب والفضائل عند المحدثین) ورواہ البیہقی فی الشعب موقوفا علی عمر باسناد صحیح) .... حتی کان یفضلہم ابوبکر بالسر الذی وقر فی صدرہٖ اھ الفیضی غفرلہٗ

(۳۳) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عباس سے کہا (جبکہ وہ اسلام میں داخل نہ ہوئے تھے) آپ کا اسلام میں داخل ہونا مجھے اس سے زیادہ محبوب ہے کہ میرے والد خطاب اسلام میں داخل ہوں کیونکہ آپ کا اسلام لانا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو میرے والد خطاب کے اسلام لانے سے زیادہ محبوب ہے۔ (شفا شریف ج ۲ ص ۱۸)
رواہ البیہقی والبزار عن ابن عمر رضی اللہ عنہما (شرح شفا للخفاجی والقاری ج ۳ ص ۳۵۲)

(۳۴) انصار کی ایک عورت کا باپ اور بھائی اور خاوند جنگ احد میں شہید ہو گئے۔ اس (خبر کے سننے) پہ اس نے کہا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کیا کیا ہے۔ (اس جملہ سے مراد اس کی یہ تھی کہ حضور صحت عافیت اور سلامتی سے ہیں یا نہیں لیکن بطور ادب اس نے یہ نہ پوچھا کہ حضور کا کیا حال ہے۔ بلکہ کہا حضور نے کیا کیا جب کسی کام کا کرنا ثابت ہو جائے گا۔ تو زندگی دنیاوی اور صحت خود بخود معلوم ہو جائیگی کیونکہ فعل کو حیات لازم ہے۔ نسیم) یا حضور کے ساتھ کیا ہوا (فُعِلَ۔ قاری) صحابہ نے جواب دیا حضور بحمد اللہ خیریت سے ہیں۔ جیسا کہ تو پسند کرتی ہے۔ عورت نے کہا مجھے دکھاؤ تا کہ میں آپ کی زیارت کروں۔ جب اس نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت کی عرض کرنے لگی۔

کل مصیبۃ بعدک جلل	جب آپ صحیح و سالم ہیں تو (باپ بھائی شوہر وغیرہ کے قتل

شفا شریف ج ۲ ص ۱۸ | کی) ہر مصیبت نرم ہے شاق نہیں
رواہ ابن اسحٰق امام المغازی والبیہقی ۔ شرح شفا ج ۳ ص ۳۵۳ ۔

؎ گھول گھتاں میں یار دے ناں توں
بال بچے اس کس وے میاں جی

(۳۵) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سوال کیا گیا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے تمہاری محبت کس طرح تھی ۔ فرمایا اللہ کی قسم حضور ہمیں ہمارے مالوں اور ہماری اولاد اور ہمارے باپوں اور ہماری ماؤں اور سخت پیاسے کی بنسبت ٹھنڈے پانی[1] سے بھی زیادہ محبوب و پیارے تھے
(شفا شریف ج ۲ ص ۱۸)

(۳۶) حضرت زید بن اسلم سے روایت ہے کہ حضرت عمر رات کو (ایام خلافت میں) لوگوں کی دیکھ بھال وحفاظت کے لئے گشت کر رہے تھے ۔ تو ایک گھر میں چراغ روشن دیکھا کہ ایک بڑھیا اون دھن رہی ہے اور یہ کہہ رہی ہے ۔

---

[1] ملا علی قاری نے فرمایا ہے ۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ٹھنڈے پانی سے بھی زیادہ نفع دینے والے ہیں ۔ کیونکہ حضور روح الروح ہیں ۔ (پانی میں تو جسم کی حیات کا بقا ہے اور حب نبی میں روح کی حیات ہے ۔ اور یہ معلوم ہوا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام صحابہ کو ارواح سے بھی زیادہ محبوب تھے ۔
شرح شفا ج ۳ ص ۳۵۳ ۱۲ منہ

علی محمد	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پہ نیکوں
صلوٰۃ الابرار	کا درود ہو متقی برگزیدہ ان پہ
صلّی علیہ الطیبون	درود بھیجیں۔ آپ رات کو قیام
الاخیار قد	فرمانے والے اور سحر کو بہت رونے
کنت قواما بکا	والے تھے۔ کاش مجھے علم ہوتا۔
بالاسحار	جبکہ مقصودوں میں مختلف واقعات
یالیت شعری	حائل ہو جاتے ہیں۔ کیا مجھے اور
والمنایا اطوار	میرے محبوب کو کوئی دار جمع کرے
ھل تجمعنی	گی۔ یعنی کون سے گھر وصل وصال
وحبیبی الدار	ہو گا۔

حبیب سے اس کی مراد حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تھے
حضرت عمرؓ نے جب یہ سنا تو وہاں بیٹھ گئے اور رونے لگے۔
رواہ ابن المبارک فی الزہد۔ شفا ج ۲ ص ۱۹ نسیم ج ۳ ص ۳۵۴

لگی تانگ پیل دی سانگ جداں
بھناچوڑا حرڈی مانگھ تداں
اللہ تھیسم وصل دا سانگ کڈاں
سہرے ساڑ سٹے گہنے لاتھے میں
(خواجہ فرید رحمۃ اللہ تعالیٰ)

(۳۷) جب حضرت بلال کے وصال کا وقت آیا ان کی بیوی نے یہ ندا کی

"واحزناہ" ہائے غم حضرت بلال نے اسی جانکنی کے عالم میں فرمایا۔

واطرباہ غدا القی الاحبۃ محمدا وصحبہ (فی الشفا بدل صحبہ وحزبہ)

واہ خوشی کل محبوبوں سے ملوں گا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور ان کے صحابہ کا دیدار کروں گا۔

شفا شریف ج ۲ ص ۱۹

زرقانی علی المواہب ج ۶ ص ۳۱۸

الموت جسر یوصل الحبیب الی الحبیب

(۳۸) ایک عورت نے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے عرض کی کہ مجھے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مزار شریف کی زیارت کرا تو حضرت عائشہ نے اس کے لئے مزار شریف کھولی تو وہ عورت دیکھ کے روئی یہاں تک کہ روتے روتے وہاں فوت ہو گئی۔

(شفا شریف ج ۲ ص ۱۹)

سر در قدم یار فدا شد چہ بجا شد ؞ ایں بار گراں بود ادا شد چہ بجا شد

یک جاں چہ کند سعدی مسکیں کہ دو صد جاں

سازیم فدائے سگ دربان محمد

صلی اللہ علیہ وسلم

کروں تیرے نام پہ جاں فدا نہ بس ایک جاں دو جہاں فدا

دو جہاں سے بھی نہیں جی بھرا کروں کیا کروڑوں جہاں نہیں

(۳۹) جب اہل مکہ نے زید بن دثنہ کو قتل کرنے کے لئے حرم سے نکالا تو ابو سفیان نے ان سے کہا اے زید تجھے خدا کی قسم یہ بتا کہ کیا تجھے یہ بات

پسند تھی کہ (حضرت) محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) ہمارے ہاں تیری جگہ (یعنی قتل کے لئے) ہوتے اور ان کی گردن ماردی جاتی اور تو اپنے گھر میں (صحیح وسالم) رہ جاتا حضرت زید نے جواب دیا اللہ کی قسم میں تو اس کو بھی پسند نہیں کرتا کہ حضور اس وقت جہاں ہیں وہاں ہوں اور انہیں کانٹا لگے اور میں اپنے گھر بیٹھا رہوں۔

اس پر ابوسفیان نے کہا

مارایت من الناس احد ایحب احداً کحب اصحاب محمد محمداً

شفا شریف ج ۲ ص ۱۹

میں نے لوگوں میں سے کسی کو کسی کے ساتھ اتنا محبت والا نہ دیکھا جتنا کہ اصحاب محمد کو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے محبت ہے۔

(۴۰) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پاؤں سُن گیا تو ان سے کہا گیا۔

اذکر احب الناس الیک یزل عنک فصاح[عہ] یا محمد[۱] فانتشرت[۲]

یعنی جو تجھے سب سے زیادہ محبوب ہیں انکو یاد کر (انکا ذکر کر) یہ تکلیف دور ہو جائیگی تو وہ خوب چیخے یعنی اونچی آواز سے بندا کی "یا محمداہ" تو ان کا پاؤں اچھا ہو گیا

عہ اے فنادی باعلی صوتہ۔ شرح شفا للقاری ج ۳ ص ۳۵۵ ۱۲ منہ

۱ قال القاری "کانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قصد بہ اظہار المحبۃ فی ضمن الاستغاثۃ"

شرح الشفا للقاری ج ۳ ص ۳۵۵ ۱۲ منہ

۲ وھذا لتقتضی صحۃ ماجریوہ، نسیم ج ۳ ص ۳۵۵ ۱۲ منہ

شفا شریف ج۲ ص۱۹۔ رواہ ابن السنی فی عمل الیوم واللیلۃ۔
شرح شفا للخفاجی والقاری ج ۳ ص ۳۵۵۔ مناہل الصفا للسیوطی ص۶۳
بحوالہ اطیب البیان رد تقویت الایمان ص۳۲ (ابن سنی ص ۵۹۔
... کتاب الاذکار للنووی ص ۱۳۵ حصن حصین مطبوعہ مصر ص۳۰
حصن حصین مطبوعہ نور محمد مع ترجمہ اردو ص ۳۷۵۔ تحفۃ الذاکرین
للشوکانی وہو منہم ص۲۳۹۔ نیز شوکانی نے کہا ہے۔ قال فی النہایہ
ومنہ حدیث ابن عمر انہا خدرت رجلہ فقیل لہ مالرجلک
فقال اجتمع عصبہا قیل اذکر احب الناس الیک فقال یا محمد
فبسطہا انتہی قال النووی فی الاذکار باب مایقول اذا خدرت
رجلہ رویناہ فی کتاب ابن السنی عن الہیثم ابن الحنش قال" کنا
عند عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فخدرت رجلہ فقال رجل
اذکر احب الناس الیک فقال یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم فکانما
نشط من عقال" اھ تحفۃ الذاکرین للشوکانی ص۲۳۹۔

امام بخاری علیہ رحمۃ الباری اس حدیث کو یوں روایت کرتے ہیں۔
"حدثنا ابو نعیم قال حدثنا سفیان عن ابی اسحٰق عن
عبد الرحمن بن سعد قال خدرت رجل ابن عمر فقال
لہ رجل اذکر احب الناس الیک فقال یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)
الادب المفرد للامام البخاری ص۱۴۲ مطبوعہ مصر۔
(۱۳۸) نیز اسی طرح حضرت عبد اللہ بن عباس سے بھی مروی ہے رضی اللہ عنہما۔

وقد روی انه وقع مثله لابن عباس رضی اللہ تعالیٰ
عنہما ذکرہ النووی فی اذکارہ وروی ایضا عن غیرھما
(اے ابن عمر وابن عباس) نسیم الریاض للخفاجی الحنفی ج ۳ ص ۳۵۵
حصن حصین ص مطبوعہ نور محمد ۔ شوکانی غیر مقلد اس اثر کے
تحت لکھتا ہے ۔ ھذا الاثر اخرجہ ابن السنی موقوفا علی ابن
عباس وعلی ابن عمر رضی اللہ عنہم کما قال المصنف رحمہ اللہ"
تحفۃ الذاکرین ص ۲۳۹ مطبوعہ مصر ۔

ان دو حدیثوں ، اثروں سے معلوم ہوا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام
صحابہ کو سب سے زیادہ محبوب تھے ۔ اور دکھ درد الم ، مشکل کے وقت
حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یا کے ساتھ ندا کرنا پکارنا اور آپ سے
استغاثہ ۔ استعانت ، مدد طلب کرنا نہ شرک ہے نہ کفر نہ گمراہی
بلکہ جائز ہے مستحسن ہے ۔ خیر القرون کے مقدس افراد کا طریقہ ہے ۔
صحابی کی سنت ہے ۔ حدیث[1] سے ثابت ہے ۔

---

[1] ان حدیثوں پہ گکھڑوی کا حملہ اور فیضی کا دفاع)
فریق مخالف کے محرر محرف عیار مؤول مولوی سرفراز گکھڑوی نے حدیث ۲
حضرت ابن عمر والی پہ دو حملے کئے ہیں یعنی دو جواب دئے ہیں ۔ قولہ ۔
"جواب اول یہ حدیث موقوف ہے مرفوع نہیں اور پھر ہے بھی ضعیف اور
اس کی کوئی سند بھی جرح سے خالی نہیں ۔" پھر کہا کہ اس کی ایک سند میں

ابوشعبہ ہے وہ متروک ہے۔ دوسری سند میں محمد بن احمد ہے وہ ضعیف ہے۔ تیسری سند میں زبیر بن معاویہ عن ابی اسحٰق ہے۔ زبیر کی وہ حدیث جو ابو اسحق کے طریق سے ہو گی وہ ضعیف ہے۔ اور خود ابو اسحٰق بھی مختلط تھے۔ انتہی قولہ گلدستۂ توحید ص ۱۴۹ / ۱۵۰"

اقول وباللہ التوفیق عمل صحابی کے وزن گرانے کے لئے یہ حیرت انگیز عیاری و چالاکی ملاحظہ ہو کہ یہ حدیث موقوف ہے مرفوع نہیں۔ یہ حدیث حکماً مرفوع نہ سہی تو کیا حدیث موقوف کو رد کر دیں۔ عمل صحابی مشرکانہ عمل ہے۔ (نعوذ باللہ تعالیٰ) نہ نہ بلکہ عمل صحابی کی تقلید ہدایت ہے۔ حدیث قدسی و وحی ربانی ہے "کہ فمن اخذ بشئ مما ھم علیہ من اختلافھم فھو عندی علی ھدی" ... وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم رواہ رزین عن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ مشکوٰۃ باب مناقب صحابہ فصل ۳ ص ۵۵۴ منار پھر نور الانوار میں ہے تقلید الصحابی واجب "نور الانوار ص ۲۱۶"

خود گکھڑوی صاحب کی زبانی قول و فعل و عمل صحابی کی شان، ملاحظہ ہو۔ "جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے فیض یافتہ حضرات ہر ایک اپنے مقام پر آفتاب ہدایت کا درخشاں ستارہ اور سماء علم کا روشن قمر ہے (راہ سنت ص ۲۳) نیز گکھڑوی صاحب نے لکھا ہے۔ "غرضیکہ صحابہ کرام امت کے لئے حق و باطل، خیر و شر، سنت و بدعت، اور ثواب و عقاب وغیرہ امور

کے پرکھنے کی کسوٹی اور معیار حق ہیں۔ جو کام انہوں نے کیا وہ حق اور سنت اور باعث نجات ہے۔ اور ان کا ہر قول و فعل ہمارے لئے ذریعہ فلاح اور وہی ہمارے لئے ترقی اور سعادت کی راہ ہے اور اس کی خلاف ورزی تباہی اور بربادی پر منتج ہوگی اور لیس۔ مشہور غیر مقلد عالم مولانا حافظ محمد عبداللہ صاحب روپڑی تحریر فرماتے ہیں۔ "اقوال صحابہ کے ساتھ استدلال کرنا ٹھیٹھ اسلام میں داخل ہے۔" (ضمیمہ رسالت اہل حدیث ص۳) نیز وہ لکھتے ہیں کہ:۔" اور یہ بات بھی ظاہر ہے کہ صحابہ کے اقوال میں اول تو رفع یعنی رسول کی حدیث ہونے کا احتمال قوی ہے۔ اور اگر کہیں فہم کا دخل ہو تو بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روش کی طرف زیادہ نزدیک ہیں۔ الخ (ایضاً ص۱) اھ راہ سنت ص۳۷، لہذا حضرت عبداللہ بن عمر صحابی کے اس عمل (کہ مشکل کے وقت محبوب خدا کو یا سے استغاثہ اور استعانہ کے لئے پکارنا تاکہ وہ مشکل حل ہو اور درد والم دور ہو۔) کی اقتدا واتباع میں ہدایت ہے۔ اور اس طرح کرنا ذریعہ فلاح ہے۔ اور ہمارے لئے ترقی اور سعادت کی راہ ہے۔ اور اس سے استدلال کرنا ٹھیٹھ اسلام میں داخل ہے۔ اور حضرت ابن عمر کا یہ عمل حق ہے اور سنت ہے اور باعث نجات ہے۔ اس طرح ہوا دیکھ جرح ثابت کرنا اور جواز و استحسان پہ استدلال کو باطل کرنا اور مزید برآں ماثبت منہ پر شرک وگمراہی کا فتویٰ دینا خلاف تحقیق وخلاف انصاف ہے کہ فلاں حدیث موقوف ہے

مرفوع نہیں یا فلاں حدیث مرفوع حسن لغیرہ ہے۔ حسن لذاتہ نہیں یا صحیح لغیرہ ہے صحیح لذاتہ نہیں یا شرط مسلم پر صحیح نہیں بلکہ اور اماموں نے اس کی تصحیح کی ہے۔ یا شرط مسلم پہ صحیح ہے شرط بخاری پر نہیں یا شرط بخاری پر صحیح ہے۔ شرط شیخین پر صحیح نہیں یا شرط شیخین پر صحیح ہے۔ صحیح مسلم کی نہیں یا صحیح مسلم کی ہے۔ صحیح بخاری کی نہیں یا صحیح بخاری کی ہے۔ متفق علیہ نہیں یا متفق علیہ خبر واحد ہے۔ حدیث مشہور نہیں یا حدیث مشہور ہے حدیث متواتر نہیں پھر یہ کہنا کہ "پھر ہے بھی ضعیف" یہ بھی فن حدیث اور کتب حدیث اور فن اسماء الرجال سے نادانی کی دلیل ہے۔ (۱) امام شمس الدین محمد بن محمد بن محمد جزری نے اس عمل کو ابن السنی کے حوالہ سے اپنی حصن حصین میں درج کیا ہے کمامر۔ اور خود حصن حصین کے خطبہ میں فرماتے ہیں۔

واخرجته من الاحادیث الصحیحة — اور اس کتاب کو صحیح حدیثوں سے تیار کیا ہے۔

(حصن حصین مع ترجمہ اردو مطبوعہ نور محمد ص ۲)

اس سے معلوم ہوا کہ حدیث ابن عمر صحیح ہے۔ (۲) باقی رہا یہ کہ اس حدیث کے فلاں فلاں راوی ضعیف ہیں۔ تو گزارش یہ ہے کہ اس حدیث کی ایک سند ادب المفرد امام بخاری سے ذکر ہو چکی دیکھو تامل کرو شاید اس میں ابو شعبہ یا محمد بن مصعب یا زہیر بن معاویہ عن ابی اسحق نکل آئے باقی رہا ابو اسحق پر فتوی (یہ راوی بروایت بخاری

ادب المفرد میں ہے۔ ا) تو اولاً ابو اسحٰق کی تعیین ہو صرف تقریب ج ۲ صـ ۳۹۰) میں گیارہ ابو اسحٰق مذکور ہیں پھر بصورت تعیین وثبوت جرح جرح مصرح ہو تو کار آمد ورنہ جرح مبہم ہم حنفیوں کے نزدیک غیر معتبر ہے۔ امام علامہ ابو البرکات النسفی حنفی صاحب تفسیر مدارک وکنز الدقائق منار میں رقمطراز ہیں۔ والطعن المبهم من ائمة الحديث لا يجرح الراوی عندنا نور الانوار صـ ۱۹۲۔ باقی رہی ابن سنی کی سند تو وہ یہ ہے "محمد بن خالد البرذعی حدثنا حاجب بن سليم حدثنا محمد بن مصعب حدثنا اسرائیل عن ابی اسحق عن الهيثم بن حنش النخ (تحفۃ الذاکرین صـ ۲۳۹) اس سند میں بھی ابو شعبہ اور زہیر بن معاویہ کو تلاش کرتے رہو شاید مل جائے۔ باقی رہا محمد بن مصعب تو اولاً تعیین ہو۔ ثانیاً بر تقدیر ثبوت جرح۔ جرح مصرح ہو جو گھکڑوی صاحب نے ذکر کی ہے وہ جرح مبہم ہے۔ نہ مصرح لہذا وہ حنفیوں کے نزدیک غیر معتبر ہے۔ جیسا کہ گذرا (۲) پھر بر ثبوت جرح معتبر ومفسر ومصرح، تصحیح امام جزری سے ٹکر ہو گی۔ اور بوقت تعارض جرح وتعدیل مذہب امام نسائی یہ ہے کہ تعدیل کو ترجیح ہے۔" مذهب النسائي ان لا يترك حديث الرجل حتى يجتمع الجميع على تركه ولعله كان يقدم التعديل على الجرح اولان الاصل فی المسلم العدالة وجرح البعض يسقط بتعديل البعض للتعارض (کوثر النبی صـ ۱۰۳) (۴) بر تقدیر ثبوت ضعف حدیث ابن عمر چونکہ اس کے کئی طرق ہیں۔ دو سندیں تو ابھی

مذکور ہوئیں اور فریق مخالف کے محرر محرف گکھڑوی صاحب بھی اس حدیث کی تین سندوں کے خود معترف ہیں۔ (گلدستۂ توحید صفحہ ۱۷۹) لہذا یہ حدیث ضعیف نہیں بلکہ حسن ہو گی۔ تعدد الطرق یبلغ الحدیث الضعیف الی حد الحسن (مرقات آخر فصل الثانی باب مالا یجوز من العمل فی الصلوٰۃ از افادات اعلیحضرت والتفصیل فی الھاد الکاف لہ) حصول قوت کے لئے کچھ بہت سے ہی طرق کی حاجت نہیں۔ صرف دو بھی ملکر قوت پا جاتے ہیں۔ تیسیر میں فرمایا۔ ضعیف لضعف عمرو بن واقد لکنہ یتقوی بورودہ من طریقین (الھاد الکاف صفحہ ۳۷) اس کی تو دو چھوڑ تین سندیں ہیں۔

(۵) حدیث ابن عمر پہ تعامل اہل علم ہے۔ چنانچہ علامہ خفاجی فرماتے ہیں۔ کہ جب حضرت ابن عمر نے یا محمداہ پکارا تو فوراً ان کا پاؤں اچھا ہو گیا

وھذا یقتضی صحۃ ماجربوہ...	اور یہ ان کی تجربہ شدہ بات کی صحت کا مقتضی ہے۔ اور اس
... وھذا مما تعاھدہ اھل المدینۃ	(بوقت دفع درد حضور کو ندا کرنا اور آپ سے استغاثہ) پہ اہل مدینہ کا عمل ہے۔

(نسیم الریاض ج ۳ صفحہ ۳۵۵)

شوکانی صاحب نے بھی اس حدیث کے تحت یہی لکھا کہ اس پہ عمل کرو۔ فینبغی ذکرہ عند ذلک (تحفۃ الذاکرین صفحہ ۲۳۹)

اوراہل علم کے عمل کر لینے سے حدیث ضعیف قوی ہوجاتی ہے۔
قد صرح غیر واحد بان من دلیل صحت الحدیث قول اھل العلم بہ وان لم یکن لہ اسناد یعتمد علی مثلہ (مرقات لعلی القاری باب الصلوٰۃ حدیث من جمع بین الصلوٰتین من غیر عذر الخ) لہذا یہ حدیث بالفرض والمحال اگر ضعیف بھی تو تعامل اہل مدینہ سے قوت پا گئی اور تعامل اہل مدینہ اس کی صحت کی دلیل ہے۔
(۶) اور اگر بالفرض والمحال اس حدیث کا ضعیف ہونا معتبر تھا اور معتبر ہے تو کیا ہوا باب فضائل میں پھر بھی معتبر ہے اور اس میں یا محمداہ کی ندا کے عمل کی یہ فضیلت ہے کہ درد والم دور ہو جاتا ہے۔ امام ابوذکریا نووی اربعین پھر امام ابن حجر مکی شرح مشکوٰۃ پھر مولانا علی قاری مرقات (تحت حدیث من حفظ علی امتی اربعین حدیثا الخ) اور حرز ثمین شرح حصن حصین میں فرماتے ہیں۔ قد اتفق الحفاظ ولفظ الاربعین قد اتفق العلماء علی جواز العمل بالحدیث الضعیف فی فضائل الاعمال ولفظ الحرز جواز العمل بہ فی فضائل الاعمال بالاتفاق (الھا والکاف صفحہ ۱۴۶)
قولہ لہذا باب عقائد میں ان کی روایت کیسے حجت ہو سکتی ہے۔ (گلدستہ صفحہ ۱۵۰) اقول لہذا حدیث ابن عمر بر تقدیر ثبوت واعتبار ضعف باب فضائل ندائے سید عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام میں ضرور معتبر و حجت ہے۔ ہاں ان روایتوں کے ہوتے ہوئے ندائے

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل پر شرک کا فتویٰ کیسے لگ سکتا ہے۔
قولہ "جواب دوم" یہ حدیث موقوف اور ضعیف ہونے کے ساتھ
فریق مخالف کو چنداں مفید بھی نہیں۔ کیونکہ اس میں اذکر کا لفظ ہے
"ادع" کا نہیں اور حرف ندا قریب و بعید دونوں کے لئے مستعمل
ہے (شرح مائۃ عامل ص۳۴ وغیرہ۔ اور اشتیاقاً یا سے کسی کا ذکر
کرنا جبکہ اس کو حاضر و ناظر اور عالم الغیب اور متصرف فی الامور نہ
سمجھے صحیح ہے۔ اور اکثر صوفیاء اور بزرگان دین سے اس معنی میں
یارسول اللہ مروی ہے ... لیکن اگر کوئی شخص خان صاحب کی طرح
یہ شق ہی متعین کر دے کہ میں تو مدد کے لئے پکارتا ہوں تو البتہ ناجائز
ہوگا۔ خان صاحب فرماتے ہیں۔

بیٹھتے اٹھتے مدد کے واسطے
یارسول اللہ کہا پھر تجھ کو کیا

(حدائق بخشش ج ۲ ص۵) اقول ہمارا استدلال لفظ اذکر
سے نہیں یہ تو کہنے والے نے حضرت ابن عمر کو کہا۔ بلکہ ہمارا استدلال
تو اس سے ہے کہ "فصاح (اے فنادی باعلی صوتہ۔ علی قاری) یا محمداہ
حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اونچی آواز سے یہ ندا کی
یا محمداہ یعنی یا محمداہ پکارا نہ کہ صرف ذکر کیا اس میں صاح۔ نادی یا محمداہ
کے الفاظ پر غور ہو کیا یہ صرف ذکر ہے یا ندا و پکار رہے۔ ملا علی قاری نے
فرمایا کہ صحابی ابن عمر نے استغاثہ کے ضمن میں اظہار محبت کا قصد کیا ہے

شرح شفا للقاری ج ۳ ص ۳۵۵ کما مر عبارتہ) استغاثہ اور استعانہ تو متعین ہی ہے۔ لہٰذا یہ صرف ذکر نہیں بلکہ مدد طلب کی جا رہی ہے۔

قولہ حرف ندا اقول یعنی یا حرف ندا قریب و بعید دونوں کے لئے ہے۔ یہ بعض نجاۃ کا مذہب ہے اور بعض کہتے ہیں۔ کہ یا حرف ندا بعید کے لئے ہے۔ ؎

پس یدانی ہمزہ را مستعمل از بہر قریب

از برائے دور یا ہمچوں ایا دیگر ہیا

شرح مأتہ عامل عبد الرسول، مجموعہ نحو میر ص ۸۔

اور بعض نحوی کہتے ہیں کہ یا اوسط کی ندا کے لئے ہے نہ اقرب کے لئے ہے اور نہ ابعد کے لئے۔ ؎

بہر اقرب اَیْ و ہمزہ بہر اوسط ہست یا

بعد ازاں از بہر ابعد دال ہیا را با اَیا

شرح مأتہ عامل مولانا جامی۔ مجموعہ نحو میر ص ۹

خیر یہ تو گھکڑوی صاحب کی یکطرفہ ڈگری کے مقابل ہم نے نحویوں کے دوسرے اقوال ذکر کر دئے۔ یا کو بقول گھکڑوی صاحب قریب و بعید دونوں کیلئے ہی مانو تو پھر ہمیں کیا ضرر ہے۔ اگر ندائے سیدنا وابن سیدنا عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما والے یا کو منادیٰ قریب پہ حمل کرو تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا منادیٔ ابن عمر کے قریب ہونا بجسم عنصری ہوگا۔ تو اس میں یہ فائدہ کہ یہ عمل ابن عمر حضور کے انکار نہ فرمانے سے

سنت تقریری میں شامل ہوگا۔ اور اگر جسم عنصری وہاں نہ ہو (صاح وغیرہ الفاظ سے بھی اشارۃً یہی مستفاد کہ جسم عنصری سے آپ وہاں نہ تھے) تو علم و روحانیت و حقیقت محمدیہ کے اعتبار سے قرب ثابت ہو جائے گا۔ فہو المقصود فانہ علیہ الصلوٰۃ والسلام حاضر و قریب للمنادی اور اگر اس حدیث والے یا کو منادی بعید کے لئے مانو تو پھر یہ مسئلہ ثابت کہ صحابی نے بوقت مشکل دور سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو امداد کے لئے پکارا۔ قولہ اشتیاقاً یا سے کسی کا ذکر کرنا (اقول) خود تو لکھا (یا) حرف ندا اب یہاں یہ نہ لکھا کہ یا سے کسی کو ندا کرنا بلکہ عیاری و چالاکی کرتے ہوئے یہ لکھا یا سے کسی کا ذکر کرنا اب وہ حرف ندائیہ نہ رہا بلکہ حرف ذکر ہے۔ سبحان اللہ حضرت ابن عمر نے تو صرف شوق و محبت کے طور پر ذکر نہ کیا بلکہ استغاثہ کے طور پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پکارا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ بعض اوقات صرف اشتیاقاً یا سے ندا کی جاتی ہے۔ لیکن ہر ندا محبوبان خدا کو اشتیاق پر محمول کرنا اور استغاثہ و استعانت کے طور سے ندا کرنے پر شرک و گمراہی و عدم جواز کا فتویٰ دینا پکارنے والے حضرات کی عبارۃ النص میں تحریف ہے۔

بطور نمونہ چند عبارات ملاحظہ ہوں۔

شیخ سیدی زروق[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔

---

[1] جن کے متعلق شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی یوں رطب اللسان ہیں۔ وہ جلیل القدر شخص تھے ان کے مرتبۂ کمال کو لکھنا تحریر و بیان سے باہر ہے۔ الخ بستان المحدثین مترجم اردو صفحہ ۲۰۶ منہ

انا لمریدی جامع لشتاتہ
اذا ما سطا جور الزمان بنکبتہ
وان کنت فی ضیق وکرب وحشۃ
فناد بیا زروق آت بسرعتہ

میں اپنے مرید کی پریشان حالی کو تسلی دینے والا ہوں۔ جب زمانہ نکبت و ادبار سے اس پر حملہ آور ہو اگر تو کسی تنگی بے چینی اور وحشت میں ہو تو۔ یا زروق کہہ کر پکار میں فوراً آموجود ہوں گا۔

(بستان المحدثین صـ ۲۰۶ شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی)

جن کے غلاموں کے پکارنے سے "تنگی بے چینی وحشت دور ہو ان کے آقا کو پکارتے ہیں کیوں نہ مشکلات حل ہوں۔ کیا سیدی امام زروق نے مشرکانہ فعل کی تعلیم دی ہے۔ کیا وہ گکھڑوی صاحب جتنا بھی علم نہ رکھتے تھے کہ نصوص قرآنیہ تو مافوق الاسباب وصال یافتہ دور والے بزرگ حتیٰ کہ خود سرکار مدینہ کی پکار کی نفی کر رہی ہیں اور یہ اس کی تعلیم دے رہے ہیں۔ پھر تعجب ہے شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی پر کہ ان کے شرکیہ اشعار بلا تردید نقل کرتے ہیں۔ اور اس کے ساتھ الٹا ان کی ایسی مدح کرتے ہیں کہ ان کے رتبہ کمال کو لکھنا تحریر و بیان سے باہر ہے۔ کاش یہ بزرگان گکھڑوی صاحب کا گلدستہ پڑھ لیتے تو اتنا شرک میں مبتلا نہ ہوتے۔ یہ سب نظام درہم برہم اس لئے ہوا "تدعون، یدعون وغیرہ الفاظ قرآنیہ کو مفسرین کے بیان کردہ معانی تعبدون، یعبدون سے اعراض کر کے مطلق پکار

پر رکھا۔ پھر جب مطلق پکار شرک ہونے لگی۔ تو آپ کو بچانے کے لئے کبھی زندہ کی پکار کو اس حکم سے علیحدہ کیا۔ اور کبھی قریب والے کی پکار کو اس حکم سے علیحدہ کیا پھر استعانت والی پکار کو علیحدہ کیا تو اپنے خانہ زاد قوانین واستثناؤں کو برقرار رکھنے کے لئے یہ بدعتی تقسیم نکلی کہ ایک ہے مافوق الاسباب اور ایک ہے ماتحت الاسباب جناب والا یہ تقسیم کونسی آیت وحدیث صحیح متواتر میں وارد ہے کیونکہ یہ تقسیم باب عقائد میں وارد ہے۔ کیا اس تقسیم پہ قطعی الثبوت وقطعی الدلالۃ دلیل پیش ہو سکتی ہے۔ هل من مبارز۔ پھر انبیاء واولیا من دون اللہ میں شامل ہونے لگے۔ دعویٰ خاص ہو گیا دلیل عام رہی۔ گر تو قرآن بدیں نمط خوانی۔ ببری رونق مسلمانی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ شرک اکبر ممتنع لذاتہ جو توحید واجب لذاتہ کی نقیض ہے۔ اور بہر صورت و بہر حال شرک دمحال لذاتہ ہوتا ہے۔ اس کے بعض افراد امکان بلکہ وقوع میں آنے لگے۔ شرک تو مقید بزمان ومقید بمکان ومقید بافراد نہ تھا۔ اب یہ ندائے محبوبان خدا ایسا شرک نکلا۔ جو بعض صور توں وبعض حالتوں میں شرک نہ رہا۔ مردہ کو پکارو تو شرک ہے۔ زندہ کو پکارو تو شرک نہیں دور والے کو پکارو تو شرک نزدیک والے کو پکارو تو شرک نہیں۔ پھر بھی انبیاء واولیا کا پکارنا شرک ہے اور یہ تقسیم بھی برقرار۔ گر ہمیں مکتب وہمیں ملا۔ کار طفلاں تمام خواہد شد پھر یوں بھی کہدو کہ غیر اللہ قریبی کو عبادت کا سجدہ کرنا جائز دور والے

کو شرک۔ زندہ کو جائز مردے کو شرک۔ فیا للعجب

(۲) کلیات امدادیہ مطبوعہ دیو بند جہاد اکبر مع نالہ امداد غریب کے بعد والی مناجات میں صـ۲۲ پر ہے۔

اے رسول کبریا فریاد ہے ۔۔ یا محمد مصطفیٰ فریاد ہے۔

سخت مشکل میں پھنسا ہوں آجکل ۔۔ اے مرے مشکلکشا فریاد ہے

انصاف سے کہنا (بشرطیکہ ہو بھی تو سہی) یہ بھی محض اشتیاقانہ ذکر ہے یا یا سے پکار ہے اور طلب امداد ہے۔

(۳) مدد کر اے کرم احمدی کہ تیرے سوا
نہیں ہے قاسم بیکس کا کوئی حامی کار
جو تو ہی ہم کو نہ پوچھے تو کون پوچھے گا
بنے گا کون ہمارا تیرے سوا غمخوار

(قصائد قاسمی صـ۸)

کیوں صاحب "مدد کر اے کرم احمدی" یہ بھی شوقیہ ذکر ہی ہے۔ امداد تو نہیں مانگی جا رہی۔

حدیث ابن عباس کے متعلق گکھڑوی صاحب نے کہا قولہ "اس کی سند میں غیاث بن ابراہیم ... متروک ہے"۔ (محصلہ ملخصاً)

(اقول) حصن حصین والے نے اس سے استنباط و استناد کیا ہے۔ اور اس نے خود ہی اس کے مقدمہ میں کہا کہ میں نے اس حصن حصین کو صحیح احادیث سے تیار کیا ہے۔ کما مر لہذا یہ حدیث صحیح ہے۔ نیز اس کے

بقیہ جوابات وہی ہو سکتے ہیں جو پہلے مذکور ہو چکے ہیں۔ یہ بطور اختصار ہے۔ یہ بحث ضمنی طور پر آگئی ورنہ میں اس کے درپے نہ تھا نہ اس موضوع پہ قلم چل رہا ہے۔ انشاء المولیٰ اس موضوع پر اور اسلامی شرعی دلیلیں لکھنے کا ارادہ ہے۔ تفصیل اس میں دیکھنا ۱۲ منہ (حاشیہ ختم)

مسلمانو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے محبت رکھنا بہت ہی اہم ہے کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اللہ تعالیٰ کے حبیب و محبوب ہیں۔ تو محبوب خدا سے ضرور محبت ہو۔

(۴۲) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ صحابہ انبیاء سابقین کے ذکر میں رطب اللسان تھے۔ تو حضور تشریف لائے اور فرمایا۔

الا وانا حبیب اللّٰہ ولا فخر	خبردار (رہو) میں اللہ (تعالیٰ) کا محبوب ہوں۔ اور یہ فخراً نہیں فرماتا (بلکہ تحدیث نعمت ہے)

الحدیث طویل انتہی بقدر المطلوب رواہ الترمذی والدارمی مشکوٰۃ باب فضائل سید المرسلین علیہ الصلوٰۃ والسلام فصل ۲ ص ۵۱۳

علامہ ملا علی قاری حنفی اس حدیث کے تحت رقمطراز ہیں۔

(وانا حبیب اللّٰہ) ای محبہ ومحبوبہ	یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جو فرمایا "میں اللہ کا حبیب ہوں"

قوله ولا فخر قال الطیبی
قرر اولاً ما ذکر
من فضائلہم بقولہ
وھو کذلک ثم نبہ علی انہ
افضلہم واکملہم وجامع لما
کان متفرقا فیہم فالحبیب
خلیل ومکلم ومشرف اھ
واعلم ان الفرق بین
الخلیل والحبیب ان الخلیل
من الخلۃ ای الحاجۃ
فابراھیم علیہ السلام
کان افتقارہ الی اللہ
تعالیٰ فمن ھذا الوجہ
اتخذہ خلیلاً والحبیب
فعیل بمعنی الفاعل
والمفعول فھو صلی اللہ علیہ وسلم
محب ومحبوب والخلیل
محب لحاجتہ الی
من یحبہ والحبیب

اس کا مطلب یہ ہے میں اللہ کا
محب اور اس کا محبوب ہوں۔۔۔
امام طیبی نے فرمایا ہے کہ پہلے
حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے
"وھو کذلک" وہ ایسے ہی ہیں!
فرما کر انبیاء سابقین کے مذکورہ
فضائل کی تصدیق فرمائی۔ پھر
(الا وانا حبیب اللہ، فرما کر)
اس بات پر تنبیہہ فرمائی کہ میں ان
سے افضل واکمل ہوں اور ان
کے متفرق کمالات کا جامع ہوں
(حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری۔
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری)
کیونکہ جو حبیب ہوتا ہے وہ خلیل
اور کلیم اور شرف ومجد والا بھی
ہوتا ہے۔ اور یقین کر کہ بیشک
خلیل اور حبیب کے درمیان
یہ فرق ہے کہ خلیل خلۃ (بمعنی
حاجت) سے بنا تو ابراہیم علیہ السلام

محب لا لغرض
وحاصله ان الخليل
فی منزلة المريد
السالك الطالب
والحبيب فی منزلة
المراد المجذوب
المطلوب اَللّٰهُ يَجْتَبِیْ
اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ
وَيَهْدِیْ اِلَيْهِ
مَنْ يُّنِيْبُ ۝
"ولذا قيل الخليل
يكون فعله برضاء
الله تعالٰی والحبيب
يكون فعل الله
برضاه قال
تعالٰی" فَلَنُوَلِّيَنَّكَ
قِبْلَةً تَرْضٰهَا
وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ
رَبُّكَ فَتَرْضٰی"

کو اللہ تعالیٰ کی طرف احتیاج
تھی ۔ اسی وجہ سے اللہ نے
ان کو خلیل بنایا اور حبیب
فعیل کے وزن پر اسم فاعل و
اسم مفعول کے معنی میں ہے تو
حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام محب
بھی ہیں ۔ اور محبوب (خدا) بھی
اور خلیل اپنی حاجت (ضرورت)
کی وجہ سے اپنے محبوب کا محب
ہوتا ہے ۔ اور حبیب بلا غرض
و بلا طمع محب کو کہتے ہیں ۔
خلاصہ یہ کہ خلیل بمنزلہ مرید
سالک اور طالب کے ہے ۔
اور حبیب بمنزلہ مراد مجذوب
اور مطلوب کے ہے ۔ اللہ
اپنے قریب کے لئے چن لیتا ہے
جسے چاہے اور اپنی طرف راہ
دیتا ہے ۔ اسے جو رجوع لائے
(شوریٰ ۱۳) اور اسی لئے کہا گیا ہے

وقيل الخليل
مغفرته في
حد الطمع كما
قال ابراهيم
وَالَّذِيْ اَطْمَعُ
اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ
والحبيب مغفرته
في مرتبة اليقين
كما قال تعالى
لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ
مَا تَقَدَّمَ مِنْ
ذَنْبِكَ وَمَا
تَاَخَّرَ" وَالْخَلِيْلُ
قال وَلَا
تُخْزِنِيْ يَوْمَ
يُبْعَثُوْنَ
والحبيب
قال تعالى
في حقه

کہ خلیل وہ ہے کہ جس کا کام رضا
خداوندی کے مطابق ہوتا ہے
اور حبیب وہ ہے کہ اللہ کا کام
اس کی رضا کے مطابق ہوتا ہے
چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے
"تو ضرور ہم تمہیں پھیر دیں گے
اس قبلہ کی طرف جس میں تمہاری
خوشی ہے۔" (بقرۃ ۱۴۴)
اور فرمایا ہے " اور بے شک
قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں
اتنا دے گا کہ تم راضی ہو جاؤ گے
(ضحیٰ ۵) اور یہ بھی کہا گیا ہے
کہ خلیل کی مغفرت (انبیاء کرام
کی مغفرت سے یہ مراد نہیں کہ
ان کے گناہ ہوتے ہیں۔ تو ان
کی بخشش ہوتی ہے۔ کیونکہ وہ
معصوم ہیں۔ اس مسئلہ کا ثبوت
گذر چکا ہے۔ یہاں غفران و مغفرت
سے مراد (۱) فنا فی اللہ (۲) یا ترک

یوم لا یخزی
اللہ النبی
والذین آمنو
معہ والخلیل
قال "واجعل
لی لسان
صدق
فی الآخرین"
وقال
للحبیب
"ورفعنا
لک ذکرک"
والخلیل
قال "واجعلنی
من ورثۃ
جنۃ نعیم"
والحبیب
قال لہ
انا اعطیناک

اولی کی مغفرت (۳) یا امت کی
مغفرت وغیرہ ہے) حد طمع میں ہے
جسطرح حضرت ابراہیم نے کہا
"اور وہ جس کی مجھے آس لگی ہے
کہ میری خطائیں (ترک اولی ، یا
متشابہات سے ہے کما قال
الامام النابلسی فی مثلہ) قیامت
کے دن بخشے گا۔ (شعراء ۸۲)
اور حبیب کی مغفرت مرتبۂ یقین
میں ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے
تاکہ اللہ تعالیٰ تمہارے سبب سے
گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے اور
تمہارے پچھلوں کے" (فتح ۲)
اور خلیل نے کہا "اور مجھے رسوا نہ
کرنا جس دن سب اٹھائے جائینگے
(شعراء ۸۷) اور حبیب کے حق میں
اللہ تعالیٰ نے فرمایا جس دن اللہ
رسوا نہ کرے گا۔ نبی اور انکے ساتھ
ایمان والوں کو (تحریم ۸) اور خلیل

الکوثر"
والاظهر
فی الاستدلال
علی ان
مرتبة
محبوبیته
فی درجة
الکمال
قول ذی
الجلال والجمال
قل
ان کنتم
تحبون اللّٰه
فاتبعونی
یحببکم اللّٰه اھ

نے عرض کی" اور میری سچی ناموری رکھ
پچھلوں میں" (شعراء ۸۴) اور حبیب کیلئے
فرمایا ہے:" اور ہم نے تمہارے لئے تمہارا
ذکر بلند کر دیا" (انشراح ۴) خلیل
نے عرض کی" اور مجھے ان میں کر جو
چین کے باغوں کے وارث ہیں"
(شعراء ۸۵) اور حبیب کے متعلق
یوں فرمایا ہے۔ اے محبوب بیشک
ہم نے تمہیں کوثر عطا فرمایا ہے"
حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی محبوبیت
کا رتبہ کمال درجہ میں ہے اس پر
اللہ تعالیٰ کا یہ قول روشن دلیل ہے
اے محبوب تم فرما دو کہ لوگو اگر تم
اللہ کو دوست رکھتے ہو تو
میرے فرمانبردار ہو جاؤ اللہ
تمہیں دوست رکھے گا۔ (آل عمران ۳۱)

حاشیہ ۱۱

مرقات شرح مشکوٰۃ شریف ج ۵ ص ۳۶۹ ۔ وہامش مشکوٰۃ ج ۲ ص ۵۱۳
برکۃ رسول اللہ فی الہند حضرت شیخ عبدالحق محقق محدث دہلوی حنفی رضی اللہ
تعالیٰ عنہ اسی حدیث کا ترجمہ اور تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔

الا وانا حبیب اللّٰہ
.... دانا وآگاہ باشید
کہ من دوست
داشتۂ خدا ام وگفتہ
اند کہ حبیب
محب کہ بمقام محبوبیت
رسیدہ باشد و
خلیل محب مطلق
واگرچہ انبیا و رسل
بلکہ مومنان نیز ہمہ
محب محبوب درگاہ
الٰہی اند ولیکن سخن
دریںجا در اعلیٰ مرتبۂ
کمال ست واخص
درجات آں و بعضی از عرفا
و علماء در فرق میان
حبیب و خلیل کلامی ست غریب
کہ در شرح ذکر کردہ شدہ ست

اھ - اشعۃ اللمعات ج ۴ ص ۴۷۶

یعنی حضور نے فرمایا خبردار ہو جاؤ
کہ میں اللّٰہ کا محبوب ہوں علماء کرام
نے فرمایا ہے کہ حبیب وہ محب
ہوتا ہے جو مقام محبوبیت میں
پہنچا ہوا ہو اور خلیل، محب مطلق
کو کہتے ہیں اگرچہ تمام انبیاء و
رسل بلکہ مومن بھی درگاہ خداوندی
کے محب و محبوب ہیں لیکن یہاں
اعلیٰ مرتبۂ کمال اور اس کے اخص
درجات میں گفتگو ہے اور بعض
عرفاء و علماء کا حبیب و خلیل
کے درمیان فرق کے بارہ میں
عجیب و غریب کلام ہے۔ جو
مشکوٰۃ شریف کی (عربی) شرح
"لمعات" میں مذکور ہوا۔ وہ
کلام فقیر فیضی الٰہی ملا علی قاری
سے اور اولاً خود شیخ محقق کی
مدارج سے نقل کر چکا ہے۔
فانظر ثم

شیخ الاسلام اعلیحضرت مجدد ملت امام احمد رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا خوب فرمایا ہے۔ ؎

بسی عطر محبوبِ کبریا سے
عبائے محمد قبائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم
(حدائق بخشش)

بطور اتمام حجت یہ بھی ملاحظہ ہو۔ علماء دیوبند کے پیر و مرشد حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے خطاب فرما کرتے ہوئے عرض کرتے ہیں ؎

خدا عاشق تمہارا اور ہو محبوب تم اس کے
ہے ایسا مرتبہ کس کا سناؤ یا رسول اللہ
(گلزار معرفت لحاجی صاحب مطبوعہ دیوبند ص۴)

نیز بانی دیوبند مولوی محمد قاسم نانوتوی نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے خطاب کرتے ہوئے لکھا ہے۔ ؎

خدا تیرا تو خدا کا حبیب اور محبوب
خدا ہے آپ کا عاشق تم اسکے عاشق زار
(قصائد قاسمی ص۵)

خلاصہ کلام یہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام محبوب خدا ہیں جس کے دل میں محبوب خدا کی محبت نہیں وہ مومن نہیں ؎

عشق محبوب خدا اے دل جسے حاصل نہیں
لاکھ کلمہ گو بھی ہو وہ پڑھے ایماں اسے حاصل نہیں

خدا[1] کے ماننے والا مسلماں ہو نہیں سکتا

بجز حب نبی اہل ایماں ہو نہیں سکتا

مدعیان محبت محبوب خدا بہت ملیں گے لیکن محبت تو ایک قلبی کیفیت ہے جس کا مشاہدہ ہر کس وناکس تو نہیں کر سکتا کہ اس کے دل میں محبت ہے۔ لہذا یہ مومن ہے اور اس کے دل میں محبت نہیں صرف زبانی دعویٰ ہے۔ لہذا یہ ایمان سے فارغ ہے۔ لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ آخر میں علامات حب لکھدوں تاکہ ان کے ذریعہ سچے اور جھوٹے محب کی تمیز ہو سکے۔

علامات حُب

(۱) اتباع محبوب۔ قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ (آل عمران ۳۱)
اے محبوب تم فرما دو کہ لوگو اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میرے فرمانبردار

---

[1] یعنی صرف خدا کو ماننے والا جیسا کہ اسمٰعیل نے تقویۃ الایمان میں کہا ہے "اللہ کو مانے اور اس کے سوا کسی کو نہ مانے" بلکہ کاتب الحروف ارشاد سید عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی روشنی میں کہتا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ماننا بھی ایمان باللہ وحدہٗ ہے۔ قال علیہ الصلوٰۃ والسلام لوفد عبد القیس اتدرون ما الایمان باللہ وحدہ قالوا اللہ ورسولہ اعلم قال شھادۃ ان لا الٰہ الا اللہ وان محمدا رسول اللہ الحدیث
صحیح بخاری ج ۱ ص ۱۳ و ج ۲ ص ۶۲۲ متفق علیہ المشکوٰۃ شریف ج ۱ ص ۳ ۱۲ منہ

ہو جاؤ اللہ تمہیں دوست رکھے گا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

من احیا سنتی فقد احبنی
ومن احبنی کان معی فی الجنۃ
اخرجہ القاضی عیاض عن انس۔
شفا ج ۲ ص ۲۔

جس نے میری سنت کو زندہ کیا اس نے میرے سے محبت کی اور جو میرا محب ہوا وہ میرے ساتھ جنت میں ہو گا۔

ع لو کان حبک صادقا لاطعتہ
ان المحب لمن یحب یطیع

ع ہے محبت کی نشانی تابعداری یار کی

مپندار سعدی کہ راہ صفا
تواں یافت جز در پے مصطفےٰ

اللھم وفقنی لطاعتہ بحرمتہ حبک لہ وحبہ لک

لیکن یہ بات خوب یاد رہے کہ مجرد اتباع دلیل حب نہیں (کیونکہ بسا اوقات اتباع بوجہ دھمکی کے یا بوجہ لالچ کے یا بوجہ حکمت دیگر کے منافقانہ طور پر بھی ہوتی ہے۔ اس کا کوئی عاقل انکار نہ کرے گا۔ جس طرح کہ زمانہ نبوی میں منافقین حضور کا اتباع کرتے تھے۔ لیکن وہ حب مصطفےٰ سے فارغ تھے۔) وہی اتباع دلیل حب ہے۔ جو حب سے ہو۔

خلاصہ کلام یہ کہ محب اور متبع میں عموم خصوص مطلق کی

نسبت ہے۔ ہر محب کامل ضرور متبع ہوگا[1]۔ اور یہ نہیں کہ ہر متبع محب ہو بعض متبع محب ہوں گے بعض نہ ہوں گے۔ اس علامت ونشانی سے صادق وکاذب محب میں تمیز نہیں ہو سکتی۔

(۲) محبوب کے دوستوں اور تعلقداروں سے الفت ومحبت[2]۔ اور محبوب کے دشمنوں سے دشمنی۔ لہذا صحابہ، ازواج مطہرات، اہل بیت آل رسول، اولیاء کرام سے محبت ہو بلکہ محبوب کے مکان وزمان بلکہ سگ آستان سے بھی محبت ہو۔ اور کافروں مشرکوں، منافقوں، وہابیوں رافضیوں، بد مذہبوں سے نفرت ہو۔ چنانچہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔ حب ابی بکر وعمر ایمان وبغضہما نفاق (وفی روایۃ ابن عساکر "وبغضہما کفر") ابوبکر وعمر کی محبت ایمان ہے اوران کا بغض نفاق (وکفر) ہے۔ (عد۔ ک عن انس جامع صغیر ج ۱ ص ۱۴۶۔

لہ بعض دفعہ محب سے بھی عملی کوتاہی ہو جاتی ہے۔ اس کی دلیل حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا وہ ارشاد گرامی ہے۔ جو محدود فی الخمر کے حق میں فرمایا۔ جس پر بعض لوگ (حضرت عمر۔ رواہ البیہقی) لعن وطعن کر رہے تھے۔ تو آپ نے فرمایا "لا تلعنہ فانہ یحب اللّٰہ ورسولہ" اس پر لعنت نہ کر بیشک وہ اللہ اور اس کے رسول کا محب ہے، شفا شریف ج ۲ ص ۲۱ (رواہ البخاری فی صحیحہ ج ۲ ص ۱۰۰۲) والبیہقی شرح شفا القاری والخفاجی ج ۳ ص ۳۶۰، والزرقانی علی المواہب ج ۶ ص ہاں ترک متابعت احیانا میں حب کلی ضرور ہے ۱۲ منہ۔ سلہ قال الامام الغزالی قدس سرہ العالی "حب الرسول صلی اللّٰہ علیہ وسلم محمود لانہ عین حب اللّٰہ تعالیٰ وکذا لک حب العلماء والاتقیاء لان محبوب المحبوب محبوب ورسول المحبوب محبوب ومحب المحبوب محبوب الخ احیاء علوم الدین ج ۴ ص ۲۵۸ ۱۲ الفیضی بقلمہ

نیز حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے حق میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

اللھم انی احبہما فاحبہما	اے اللہ میں ان سے محبت رکھتا ہوں تو بھی ان سے محبت رکھ (ان کو ہر خیر دارین عطا فرما)

شفا شریف ج ۲ ص ۲۱۔

(رواہ البخاری فی صحیحہ ج ۱ ص ۵۳۰۔ وشرحہ للخفاجی والقاری ج ۳ ص ۳۶۴)

نیز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت حسن کے حق میں فرمایا ہے

اللھم انی احبہ فاحب من یحبہ	اے اللہ مجھے اس سے محبت ہے تو اسے دوست رکھ جس کو حسن سے محبت ہو۔

شفا شریف ج ۲ ص ۲۱۔ وفی روایۃ الترمذی اللھم انی احبہما فاحبہما واحب من یحبہما اھ وقال ھذا حدیث حسن غریب، ترمذی شریف ج ۲ ص ۲۱۸

نیز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

من احبہما فقد احبنی ومن احبنی فقد احب اللہ ومن ابغضہما فقد ابغضنی ومن	جس کو حسنین سے محبت ہے اسے مجھ سے محبت ہے اور جس نے مجھ سے محبت کی اس نے اللہ کو دوست رکھا اور جس کو حسنین سے بغض ہے اس نے میرے سے بغض رکھا اور جس نے میرے سے بغض

ابغضنی فقد ابغض اللہ۔ رکھا تو اس نے اللہ تعالیٰ سے بغض رکھا

(شفا شریف ج ۲ ص ۲۱/۲۲)

ایک حدیث طویل میں ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

اللّٰھم وال من والاہ وعاد من عاداہ۔ اے اللہ اسے دوست رکھ جس نے علی کو دوست رکھا اور اس سے دشمنی کر جس نے علی سے دشمنی کی۔

رواہ احمد عن البراء (مشکوٰۃ ص ۵۶۵)

حضرت عبداللہ بن مغفل سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اللہ اللہ فی اصحابی لاتتخذوھم غرضا من بعدی فمن احبھم فبحبی احبھم ومن ابغضھم فببغضی ابغضھم ومن اذاھم فقد آذانی ومن آذانی فقد آذی اللہ ومن آذی اللہ

یعنی میرے صحابہ کے حق میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنا، اللہ سے ڈرنا تمہیں اللہ کی قسم (ان کو خیر ہی سے ذکر کرنا، لمعات) میرے بعد ان کو اپنی قبیح کلام کا نشانہ نہ بنانا تو جس نے ان سے محبت کی اس نے میری حب کی وجہ سے ان سے محبت کی۔ اور جس نے ان سے بغض رکھا تو اس نے میرے ساتھ بغض کی وجہ سے ان سے بغض رکھا جس نے انکو ایذا دی اس نے مجھے ایذا دی اور جس نے مجھے ایذا دی اس نے اللہ کو ایذا دی اور جس نے اللہ کو

لہ حقیقۃ فقد ابغض اللہ لے ومن ابغض اللہ فقد کفر باللہ" شرح شفا ج ۳ ص ۳۶۲ ۱۲ منہ

فیوشك ان یاخذہ ۔ | اللہ کو ایذا دی قریب ہے کہ اللہ اسے
رواہ الترمذی مشکوٰۃ شریف ص۵۵۴ شفا شریف ج۲ ص۲۲ | عذاب میں گرفتار فرمادے ۔

حضرت انس فرماتے ہیں کہ جب میں نے محبوب خدا علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پیالہ سے کدو تلاش کرتے دیکھا اب اسی وقت سے ہمیشہ

احب الدباء | کدو کو محبوب رکھتا ہوں ۔

(شفا شریف ج۲ ص۲۲)

؎ آکھاں میں کیا ہیں جگ دیوچ کیہڑا کیہڑا لگدے مٹھا
دلبر دے سارے ملک دا ہک ہک ذرا لگدا مٹھا

؏ سگت را کاش جامی نام بودے

نسبت بسگت کردم بس منفعلم ⁂ زانکہ نسبت بسگ کوئے تو شد بے ادبی است
یک جاں چہ کند سعدی مسکیں کہ دو صد جاں ⁂ سازیم غدائے سگ دربان محمد
تجھ سے در، در سے سگ، سگ سے ہے نسبت مجھکو ⁂ میری گردن میں بھی ہے دور کا ڈورا تیرا
توڑیں دھکڑے دھوڑے کھانو دیاں ⁂ تیڈے نام توں مفت وکانو دیاں
تیڈے باندیاں دی میں باندیاں ⁂ تیڈے دردے کتیاں نال دب
پائے سگ بوسید مجنوں خلق گفتہ اینچہ سود ⁂ گفت گاہے گاہے ایں سگ در کوئے لیلیٰ رفتہ بود

(۳) وصل، وصال، ملاقات، لقاء کا بہت شوق ہوتا (شفا ج۲ ص۲۱)

یہ نہ کہ دور دراز سے روضہ شریف کی زیارت کا قصد کرکے جانا شرک ہے جسطرح اسمٰعیل نے تقویت الایمان ص۔۔۔ میں لکھا ہے ۔

(۴) ومن علاماتہ | اور علامات حب سے ہے کہ کثرت ذکر

مع کثرت ذکرہ تعظیمہ لہ وتوقیرہ عند ذکرہ واظہار الخشوع والانکسار مع سماع اسمہٖ	کے ساتھ، ذکر کے وقت تعظیم وتوقیر کرنا آپکے نام پاک کے وقت خشوع وانکساری کا ظاہر کرنا۔

حضرت اسحٰق نے فرمایا کہ صحابہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذکر کے وقت خشوع وخضوع کرتے اور ان کے بال کھڑے ہوجاتے اور وہ روتے رہتے (شفاج ۲ ص ۲۱)

(۵) اکثر اوقات محبوب کا ذکر کرنا۔ ان کے ذکر میں رطب اللسان رہنا۔ اگر بعض اوقات زبان ادھر ادھر مصروف ہو۔ دل تو ہمیشہ دربانِ آستان ہو۔

فوادی عند محبوبی مقیم ∴ یناجیہ وعند کم لسانی

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔ من احب شیئاً اکثر من ذکرہ (فر عن عائشۃ) کنز العمال ج ا ص ۳۸۱۔ جامع صغیر ج ۲ ص ۱۹۰۔ جس کو کسی کی محبت ہو وہ محب اکثر اس محبوب کا ہی ذکر کرے گا۔ ؎

میں سو جاؤں یا مصطفیٰ کہتے کہتے ∴ کھلے آنکھ صلّ علیٰ کہتے کہتے

دم نزع جاری ہو میری زباں پر ∴ محمّد محمّد خدا تے محمّد

گفت معشوق نام لیلیٰ مے کنم ∴ خاطر خود را تسلی میدہم

(۶) محب کی آنکھوں کا محبوب کے حسن وجمال میں مستغرق ہونا اور اوروں سے اندھا ہوجانا۔ اور محب کے کانوں کا محبوب کے ذکر اور مدح اور اس کے کلمات کے علاوہ ہر کلام سے بہرا ہوجانا۔

فاذا سمعت فعنک قولا طیباً ∴ واذا نظرت فما اری الاک (قصیدہ نعمانیہ)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تو ہر طرح ہر وجہ سے حقیقۃً بے عیب ہیں محبت

کے اصول سے ایک یہ بات ہے کہ جہاں محبت ہو جاتی ہے۔ عیب دار محبوب کے عیب دیکھنے سے محب کی آنکھ اندھی ہو جاتی ہے اور اسکے عیب سننے سے محب کے کان بہرے ہو جاتے ہیں۔

حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا۔

حبک للشئ یعمی ویصم	یعنی تجھے کسی چیز کی محبت ہو جائے تو وہ حب تجھے اندھا اور بہرا کر دے گی۔

جامع مسانید امام اعظم ج ا ص ۳۶ طبع دکن۔ ورواہ احمد فی مسندہ۔ والبخاری فی التاریخ وابو داؤد عن ابی الدرداء الخرائطی فی اعتلال القلوب عن ابی برزۃ ابن عساکر عن عبداللہ بن انیس (حدیث حسن) جامع صغیر ج ا ص ۱۴۶ مشکوۃ شریف باب المفاخرۃ ص ۴۱۸۔

لہذا جن لوگوں کی آنکھیں بے عیب محبوب خدا کے فرضی موہومی عیب تلاش کرتی ہیں یا جن کی زبان اس پیارے کے موہومی عیب بیان کرتی ہے یا جن کے کان محبوب خدا کا گلہ سنتے ہیں۔ وہ حب نبی سے فارغ ہیں لہذا وہ ایمان سے بھی فارغ ہیں (نعوذ باللہ) اللھم آتنا حبك محب حبيبك۔ اللھم ارزقنا حبك وحب حبيبك۔ اللھم نور قلوبنا بحبك وبحب حبيبك۔

صلے اللہ تعالے علیہ وسلم

اولاً ارادہ تو یہ تھا کہ ایک دو آیات اور پانچ چھ عبارات تعظیم وتعریف سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی لکھ کر رسالہ "مقام رسول" ختم کر دوں گا۔

لیکن ذوق وشوق نے کشاں کشاں یہ کیا کہ اب یہاں تک پہنچے اور اس کے چار باب ہو گئے ۔ اب اس کتاب مستطاب کو یہاں ختم کرتا ہوں ۔ کیونکہ

قصہ ہائے یار داد ربس مقام
صد قیامت گذرد ویں ناتمام

نہ حسنش غایتے دارد نہ سعدی را سخن پایاں
بمیرد تشنہ مستسقی و دریا ہمچناں باقی

دفتر تمام گشت بپایاں رسید عمر
ما ہمچناں در اول وصف تو ماندہ ایم

آخر میں اپنی اس تالیف کو دست بستہ و زانو شکستہ ہو کے اپنے حبیب کریم رؤف رحیم علیہ الصلوۃ والتسلیم کی بارگاہ میں پیش کرتا ہوں ۔

ع گر قبول افتد زہے عزوشرف
ع شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدارا

اور عرض کرتا ہوں اے میرے آقا و مولیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیك وعلی آلك واصحابك وسلم فی کل حین وآن بعدد معلوماتہ ۔ خدا را قیامت کے دن اس فقیر حقیر پر تقصیر کو اپنی شفاعت خاصہ اور قرب خاص سے نوازنا ۔ آپ سے نہ عرض کروں تو اور کس سے عرض کروں ۔ واللہ آپ کے سوا میرا کون ہے ۔

میری تقدیر بری ہے تو بھلی کر دے ۔ دفتر محو و اثبات پہ ہے قبضہ تیرا

سبحان ربک رب العزت عما یصفون
وسلام علی المرسلین والحمد للہ رب العلمین
وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ وعلی آلہ
واصحابہ اجمعین

سگان بارگاہ نبوت کا پابوس فقیر ابوالحسن منظور احمد فیضی
سنی حنفی غفر اللہ لہ
ولوالدیہ واحسن الیہما والیہ
خادم مدرسہ اسلامیہ عربیہ مدینۃ العلوم فیض آباد
اوچ شریف - ضلع بہاولپور
۹ شوال ۱۳۸۵ھ

کہہ لیگی ان کے ثناخواں کی خامشی
چپ ہو رہا ہے کہہ کے میں کیا کیا کہوں تجھے
(اعلیحضرت)

کتاب "مقام رسول"

تمت بالخیر

٤٨٦
٩٢

مؤلف کتاب ھذا (مولانا محمد منظور احمد فیضی کی دیگر تصانیف

مطبوعہ

(۱) (علامہ ابن تیمیہ اور اس کے ہمنواؤں اور بعض دیگر کتابوں کا) تعارف ۲۵/۱ (۲) علم المناھج فی بیان انہ علیہ الصلوٰۃ والسلام مالک المفاتیح (بر مسئلہ مختارِ کل) ۵۰/- (۳) فیضی نامہ "اردو میں فارسی قوانین کا بہترین مجموعہ" ۵۰/- (۴) چہل حدیث جامع عقائد و اعمال ۲۵/- (۵) حاشیہ کریما مع کریما ۱۹/- (۶) شجرہ پیران مع بیان مدفن و تاریخ وصال ۵۰/-

زیرِ طبع

(۷) اسلام اور داڑھی (۸) اخمام الاغبیاء بحیاۃ الانبیاء والاولیاء (۹) الحق الجلی فی بیان ان الخوارق مقدورۃ للنبی والولی (۱۰) انوار القرآن، عقائد و مسائل اہل سنت صرف قرآن شریف سے (۱۱) فتاویٰ فیضی (۱۲) اعلام اہل العصر بحکم سنت الفجر (۱۳) بستان المحبوبین (۱۴) الکلام المفید فی حکم التقلید (۱۵) تطہیر الجنان واللسان بمدح الامام ابی حنیفہ نعمان (۱۶) کتاب العلم عربی

زیرِ تسوید

(۱۷) القول السدید فی حکم ضبط التولید (۱۸) العشق فی العشق (الملقب بہ) المجاز فی المجاز (۱۹) تثبیت السماع بثبوت قوالی (۲۰) دلائل شرعیہ جن سے اسلامی مسائل و عقائد ثابت ہوتے ہیں

نوٹ:- (۱) جواب طلب امور کے لیے جوابی کارڈ یا لفافہ بھیجنا ضروری ہے۔

(۲) خرچہ ڈاک بذمہ خریدار ہوگا۔

المعلن

ناظم مکتبہ محمدیہ فیض آباد اوچ شریف ضلع بہاولپور

(دین محمدی پریس لاہور)